اور تھا آپ کا اسراء (اور معراج) رجب المرجب میں ہجرت سے ایک سال قبل۔ اے اللہ درود و سلام بھیج ہمارے

سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ نِ الَّذِي اصْطَفَاهُ اللّٰهُ مِنْ وُّلْدِ

آقا محمد اور آپ کی آل پر کہ جس محبوب کو اللہ تعالیٰ نے چن لیا اولاد

اِسْمٰعِيْلَ وَاسْمُهٗ مَكْتُوْبٌ عَلٰى جَبْهَةِ جِبْرَآئِيْلَ وَعَلَّمَهُ اللّٰهُ الْاَسْمَآءَ

اسماعیل علیہ السلام سے۔ اور ان کا نام مقدس لکھا ہوا ہے جبرئیل علیہ السلام کی پیشانی پر اور آپ کو اللہ تعالیٰ نے اسماء کا علم عطا فرمایا

وَاسْمُهٗ مَكْتُوْبٌ عَلٰى بَابِ كُلِّ سَمَآءٍ وَّجَعَلَ اللّٰهُ ذِكْرَهٗ قُوْتًا وَّدَوَآءً

اور آپ کا اسم گرامی لکھا ہوا ہے ہر آسمان کے دروازہ پر۔ اور اللہ تعالیٰ نے آپ کے ذکر کو (روحوں کی) روزی اور دوا و علاج بنا دیا ہے

وَاسْمُهٗ مَكْتُوْبٌ عَلٰى بَابِ جَنَّةِ الْمَاْوٰى اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا

اور آپ کا اسم گرامی جنت الماویٰ کے دروازے پر مرقوم ہے۔ اے اللہ درود و سلام بھیج ہمارے سردار

مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدِنِ الْمَعْنِیِّ بِقَوْلِهٖ عَزَّ وَجَلَّ فِیْ مُحْكَمِ التَّنْزِيْلِ

محمد اور آپ کی آل پر جس محبوب کا ہی قصد اور ارادہ کیا گیا اللہ تعالیٰ کے اس قول سے جو اس کے ناقابل نسخ و تغیر کلام منزل میں موجود ہے

اَلَّذِيْنَ يَتَّبِعُوْنَ الرَّسُوْلَ النَّبِيَّ الْاُمِّيَّ الَّذِيْ يَجِدُوْنَهٗ مَكْتُوْبًا عِنْدَهُمْ

جو لوگ اتباع کرتے ہیں اس رسول نبی امی کی جس (کے اوصاف اور کمالات کو) لکھا ہوا پاتے ہیں۔

فِی التَّوْرٰىةِ وَالْاِنْجِيْلِ ۚ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّ

اپنے ہاں تورات و انجیل میں۔ اے اللہ صلوٰۃ وسلام نازل فرما ہمارے آقا محمد اور

عَلٰی اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدِنِ الَّذِيْ لَمَّا اَرَادَ اللّٰهُ اَنْ يَّخْلُقَهٗ مِنْ اَرْضٰی

آپ کی آل پر جس محبوب کے متعلق اللہ تعالیٰ نے جب ارادہ فرمایا کہ پیدا کرے اس (کے لباس بشری) کو

الْاَرْضِ اَرْضٰی اَهْلِ الْاَرْضِ وَالسَّمَآءِ اَمَرَ جِبْرَآئِيْلَ اَنْ يَّاْتِيَ

زمین کے انتہائی پسندیدہ حصہ سے اس شان کے ساتھ کہ وہ سب اہل ارض اور اہل سماء سے پسندیدہ تر ہوں تو حکم دیا جبرئیل کو کہ لے آئے

بِالْقِطْعَةِ الْبَيْضَآءِ وَالطِّيْنَةِ الْبَيْضَآءِ وَخَلَقَ اللّٰهُ جَبِيْنَهٗ مِنَ الطِّيْنَةِ

زمین سے سفید ٹکڑا اور چمکیلی مٹی اور اللہ تعالیٰ نے آپ کی جبین اقدس کو اس ارضی خمیر سے پیدا فرمایا

الَّتِيْ هِيَ قَلْبُ الْاَرْضِ وَبَهَآؤُهَا وَنُوْرُهَا وَمَنَآءُهَا اَللّٰهُمَّ صَلِّ

جو کہ زمین کا دل ہے اور اس کی بہار اور اس کا نور اور زینت ہے۔ اے اللہ درود بھیج

وَسَلِّمْ عَلٰی سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدِنِ الَّذِيْ رَفَعَ جِبْرَآئِيْلُ

اور سلامتی نازل فرما ہمارے مخدوم محمد اور آپ کی آل پر کہ جس (مخدوم کائنات) کے خمیر کو اٹھایا جبرئیل علیہ السلام

طِيْنَتَهٗ مِنْ اَكْرَمِ بُقْعَةٍ بِاَشْرَفِ رُتْبَةٍ وَّرِفْعَةٍ ثُمَّ وَضَعَ جِبْرَآئِيْلُ

نے انتہائی عزت وکرامت والے قطعہ سے بلند ترین رتبہ اور رفعت سے ہمکنار کر کے اور ودیعت کیا جبرئیل علیہ السلام نے

طِيْنَتَهٗ بِمَوْضِعِ الْقَبْرِ الشَّرِيْفِ وَالْمِنْبَرِ الْعَالِی الْمُنِيْفِ وَوَضَعَ جِبْرَآئِيْلُ

اس مقدس خمیر کو قبر شریف والی جگہ میں اور بلند مرتبت منبر کے مقام پر اور رکھا جبرئیل علیہ السلام نے

طِيْنَتَهٗ بِاَشْرَفِ بِقَاعِ الْاَرْضِ وَالسَّمٰوٰتِ بَعْدَ اَنْ طَافَ بِهَا عَلٰی جَمِيْعِ

آپ کی طینت خمیر کو آسمانوں اور زمین کے قطعات میں سے افضل ترین قطعہ میں بعد اس کے کہ اسے طواف کرایا تمام

الْمَخْلُوْقَاتِ وَقَبَضَ جِبْرَآئِيْلُ تِلْكَ الطِّيْنَةَ الشَّهِيْرَةَ وَهِيَ بَيْضَآءُ مُنِيْرَةٌ

مخلوقات پر اور جبرئیل علیہ السلام نے اپنی مٹھی میں لیا اس معروف و مشہور طینت کو جبکہ وہ سفید نورانی تھی

اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدِنِ الَّذِيْ طَافَتِ

اے اللہ درود و سلام بھیج ہمارے سردار محمد اور آپ کی آل پر کہ جن کے خمیر

الْمَلٰٓئِكَةُ بِطِيْنَتِهٖ حَوْلَ الْعَرْشِ الْعَظِيْمِ وَالْكُرْسِيِّ الْكَرِيْمِ وَطَافَتِ الْمَلٰٓئِكَةُ

کو سیر کرائی ملائکہ نے عرش اعظم اور کرسی اکرم کے گرد۔ اور سیر کرائی ملائکہ نے

بِطِيْنَتِهٖ فِیْ كُلِّ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرَضِيْنَ وَفِیْ مَعَاقِدِ الْعِزِّ وَالتَّمْكِيْنِ وَعُجِنَتْ

آپ کے (لباس بشری کے) جوہر کو تمام آسمانوں اور زمینوں میں اور عزت و تمکنت کے مقامات قرار اور خزائن میں اور گوندھی گئی

طِيْنَتُهٗ بِمَآءِ التَّسْنِيْمِ وَغُمِسَتْ فِیْ مَعِيْنِ جَنَّاتِ النَّعِيْمِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ

آپ کی طینت بشری تسنیم کے پانیوں کے ساتھ۔ اور اسے غوطے دیئے گئے جنات نعیم کے صاف ستھرے پانیوں میں۔ اے اللہ درود

وَسَلِّمْ عَلٰی سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدِنِ الَّذِيْ بَدَاَ اللّٰهُ بِخَلْقِ

و سلام بھیج ہمارے آقا محمد اور آپ کی آل پر کہ جس (آقا) کے نور کی تخلیق سے اللہ تعالیٰ نے آغاز و افتتاح فرمایا

نُوْرِهٖ وَخَتَمَ قَبْلَ خُرُوْجِ الْخَلْقِ مِنَ الْعَدَمِ ط وَلَمَّا اَرَادَ اللّٰهُ خَلْقَ الْاَنَامِ

مخلوق کے عدم سے نکلنے سے قبل اور آپ کے ساتھ ہی ختم فرمایا (سلسلہ نبوت کو) اور جب اللہ تعالیٰ نے مخلوق کے پیدا کرنے کا ارادہ فرمایا

بَدَاَ بِخَلْقِ نُوْرِهٖ عَلَيْهِ الصَّلٰوةُ وَالسَّلَامُ وَلَمَّا خَلَقَ اللّٰهُ نُوْرَهٗ وَسَوَّاهُ اَعْلَنَ

تو ابتداء آپ کے نور کی تخلیق سے (علیہ الصلوٰۃ والسلام) اور جب اللہ تعالیٰ نے آپ کے نور کو پیدا کیا اور اس کی تکمیل صورت فرمائی

بِالسُّجُوْدِ لِمَوْلَاهُ وَاَكْثَرَ تَسْبِيْحَهٗ وَدُعَاهُ وَلَمَّا خَلَقَ اللّٰهُ اٰدَمَ الْمَبْرُوْرَ

تو آپ نے علانیہ سجدہ کیا اپنے مولا کے لیے اور اس کی بہت زیادہ تسبیح کی اور اس سے دعا کی اور جب اللہ تعالیٰ نے مقبول بندے

اَلْبَسَهُ اللّٰهُ ذٰلِكَ النُّوْرَ وَمِنْ اَجْلِ اَنْوَارِهٖ الْمُتَدَارِكَةِ سَجَدَ لِاٰدَمَ

آدم کو پیدا کیا تو اللہ تعالیٰ نے ڈالا ان پر اس نور کے (عکس کو) بطور لباس و خلعت کے اور آپ ہی کے محیط انوار کی وجہ سے سجدہ کیا

الْمَلٰٓئِكَةُ وَكَانَ نُوْرُهٗ يَتَلَاْلَاُ فِیْ ظَهْرِ اٰدَمَ وَعَرَّفَ اللّٰهُ الْمَلٰٓئِكَةَ

ملائکہ نے آدم علیہ السلام کو۔ اور آپ کا نور ان کی پشت انور سے جھلکتا چمکتا تھا اور جتلایا اللہ تعالیٰ نے ملائکہ کو

فضله من قبل ان يعرف ادم و نسله وكان ادم يتعجب من كثرة

آپ کا فضل و شرف قبل اس کے کہ پہچانے جاتے آدم علیہ السلام اور ان کی نسل اور آدم علیہ السلام تعجب کرتے تھے بکثرت

نظر الملئكة اليه بالعيون منذ اودعه الله نوره المكنون اللهم صل

ملائکہ کے ان کی طرف آنکھیں اٹھا کر دیکھنے سے جب سے کہ اللہ تعالیٰ نے ودیعت کیا آپ کے نور مکنون و مستور کو ان میں۔ اے اللہ درود

وسلم على سيدنا محمد و على ال سيدنا محمد صاحب الصورة المقدسة

و سلام بھیج ہمارے آقا محمد اور آپ کی آل پر جو آقا مالک ہیں ایسی صورت مقدسہ کے

المنزلة من سماء قدس غيب الهوية الباطنة الفاتحة بمفتاحها

جو نازل کی گئی ہے ہویت باطنہ کے مخفی آسمان مقدس سے کہ وہ صورت کھولنے والی ہے خدا داد مفتاح نورانی کے

الالهي لابواب الوجود القائم بها من مطلع ظهورها القديم الى استواء

ساتھ اس وجود کے ابواب کو جو اس صورت کی بدولت قائم و برقرار ہے اس کے ظہور قدیم کے آغاز سے لے کر اس کے بکثرت

اظهارها للكلمت التامات اللهم صل وسلم على سيدنا محمد و على

کلمات تامہ کو ظاہر کرنے تک۔ اے اللہ درود و سلام بھیج ہمارے آقا محمد اور

ال سيدنا محمد الذي سأل ادم ربه عن ذلك النور و الضياء

آپ کی آل اطہار پر کہ جس آقا کا شان یہ ہے کہ آدم علیہ السلام نے رب تعالیٰ سے آپ کے اس نور و ضیاء کے متعلق دریافت کیا تو اس

فناداه ربه ذلك نور خاتم الرسل والانبياء وكونه الله من نوره المبين

نے فرمایا کہ وہ خاتم الرسل اور آخری الزمان نبی کا نور ہے اور اللہ تعالیٰ نے آپ کو اپنے نور مبین (کے عکس و پرتو) سے پیدا فرمایا

وادم بين الماء والطين وانتقل نوره الى وجه ادم من قبل ان يخلق

جبکہ آدم علیہ السلام ابھی آب و گل میں تھے۔ اور آپ کا نور آدم علیہ السلام کی پیشانی کی طرف منتقل ہوا قبل اس کے کہ پیدا کرے

الله العوالم وانتقل نوره الباهر من كل صلب طيب الى كل رحم

اللہ تعالیٰ جہانوں کو۔ اور منتقل ہوا آپ کا روشن نور ہر پاکیزہ پشت سے طرف ہر پاک رحم کے۔

طاهر وانتقل نوره واستوى من وجه ادم الى وجه امنا حواء و

اور منتقل ہوا آپ کا نور اقدس اور سیدھا چلا آدم کی پیشانی سے ہماری ماں حوا کی پیشانی کی طرف اور

انتقل نوره الى القنوات الطاهرة والارحام الزكية الفاخرة ولم يزل

منتقل ہوا آپ کا نور انور پاکیزہ اصلاب اور پاکیزہ قابل فخر ارحام کی طرف اور ہمیشہ ظاہر

نوره يظهر في وجوه ابائه الاماجد وينتقل من واحد منهم الى

اور نمایاں رہا آپ کا نور انور بزرگ آباء کے چہروں میں اور ان میں یکے بعد دیگرے منتقل ہوتا رہا

واحد ولم يزل نوره ينتقل بامر الله الى ان استقر بوجه ابيه

اور ہمیشہ آپ کا نور منتقل ہوتا رہا اللہ تعالیٰ کے امر سے یہاں تک کہ اس نے قرار پکڑا آپ کے والد گرامی عبداللہ کے چہرہ میں

عبد الله ولما استقر نوره في وجه ابيه قابلته الملئكة بالتوحيد

اور جب آپ کا نور آپ کے والد گرامی کی پیشانی میں قرار پذیر ہوا تو ملائکہ اس کے سامنے نمودار ہوئے اللہ تعالیٰ کی وحدانیت اور

والتنزيه اللهم صل وسلم على سيدنا محمد و على ال سيدنا محمد

اس کی نزاہت بیان کرتے ہوئے۔ اے اللہ درود و سلام بھیج ہمارے آقا محمد اور آپ کی آل پر

الذي ابرز الله من ظهر ابيه للوجود سيد اهل الكرم والجود وابرز

کہ ظاہر فرمایا اللہ تعالیٰ نے آپ کے باپ کی پشت سے عالم وجود کی طرف اہل جود و کرم کے سردار کو۔ اور ظاہر فرمایا

الله من ظهر ابيه للورى خير العباد طرا وساد به عبد الله وسما

اللہ تعالیٰ آپ کے والد گرامی کی پشت سے سب مخلوق کے لیے تمام بندوں سے بہترین عبد کو۔ اور ان کا باپ ہونے کی بدولت سیادت پائی عبداللہ نے

وافتخر الارض بظهوره على السماء وتناهى لابيه الشرف الاصيل

اور بلند مرتبت ہوئے، اور فخر کیا زمین نے آپ کے ظہور کی وجہ سے آسمان پر۔ اور انتہاء کو پہنچ گیا ان کے والد گرامی کے لیے شرف اصیل اور دائمی

والمجد الاثيل واصبحت قريش في نادي امه امنة لما وضعته وهي

مجد اور بزرگی۔ اور ہو گئے قریش امن پانے والے آپ کی والدہ ماجدہ کی مجلس اور سایہ عاطفت میں اور وہ اسم بامسمّیٰ آمنہ ہے

امنة واستنار به بدر النبوة واكتمل وبلغت به امه غاية القصد والامل

اور چمک و دمک پا گیا آپ کے طفیل ماہتاب نبوت اور کامل ہو گیا۔ اور رسائی پا لی آپ کی بدولت آپ کی والدہ نے منتہائے مقصود اور غایت امل و آرزو تک

اللهم صل وسلم على سيدنا محمد و على ال سيدنا محمد الذي علا

اے اللہ درود و سلام بھیج ہمارے آقا محمد اور آپ کی آل پر کہ جس (آقا) کی سرداری کا

نَجْمُ سِيَادَتِهٖ وَسَمَا فِيْ آفَاقِ الْاَرْضِ وَالسَّمَآءِ وَتَمَّ بِهٖ لِاَبَوَيْهِ كُلُّ

ستارا بلندیوں پر پہنچا۔ اور آسمان و زمین کے اطراف و آفاق میں بلند ہوا اور کامل و مکمل ہو گیا بسبب آپ کے آپ کے والدین کے لیے

فَخْرٍ وَّمَجَادَةٍ بِطُلُوْعِ نَجْمِ السَّعَادَةِ وَاسْتَنَارَتْ بِنُوْرِهِ النَّيِّرَاتُ وَمَا حَوَتْهُ

ہر فخر اور بزرگی بسبب طلوع ہونے اس نجم سعادت کے۔ اور روشن ہو گئے آپ کے نور انور سے اجرام نورانیہ اور ہر وہ شئی جو گھیرے

اَقْطَارُ السَّمٰوٰتِ وَتَزَيَّنَتْ بِظُهُوْرِهِ الدُّنْيَا وَحَلَّ مِنَ الشَّرَفِ اَعْلٰى مَرْتَبَةٍ

آسمانوں کے اطراف و جوانب گھیرے ہیں لیے ہوئے ہیں۔ اور مزین و آراستہ ہوئی آپ کے ظہور سے ساری دنیا اور آپ متمکن ہوئے گھیرے ہیں لیے ہوئے ہیں افضل شرف کے بلند ترین

عُلْيَا اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدِنِ الَّذِيْ

مقام پر اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل فرما ہمارے آقا محمد اور آپ کی آل اطہار پر جو (آقا)

هُوَ زَعِيْمُ الْاَرْكَانِ وَوُلِدَ مِنَ الشَّهْرِ التَّاسِعِ مِنْ سَنَةِ خَمْسٍ وَّسَبْعِيْنَ

قائد ہیں ارکان (ولایت خداوند تعالیٰ) کے۔ اور آپ کی ولادت باسعادت ہوئی نانویں مہینہ میں طوفان

وَسِتِّمِائَةٍ وَّثَلٰثَةِ اٰلَافٍ لِلطُّوْفَانِ وَوُلِدَ قَبْلَ انْصِدَاعِ الْفَجْرِ فِيْ شَهْرِ

نوح علیہ السلام (کے بعد) تین ہزار چھ سو پچھترویں سال میں اور آپ پیدا ہوئے صبح صادق کے پھوٹنے سے قبل

بُرْجِ الْحَمَلِ بِطَالِعِ الْقَمَرِ وَوُلِدَ فِيْ عِشْرِيْنَ مِنْ اِبْرِيْلَ بِنْ عَامِ اثْنَيْنِ

برج حمل والے مہینہ میں طالع قمر کے دوران۔ اور آپ پیدا ہوئے بیس ماہ اپریل کو تاریخ اسکندر سے

وَثَمَانِيْنَ وَثَمَانِ مِائَةٍ مِّنْ تَارِيْخِ الْاِسْكَنْدَرِ وَوُلِدَ وَالشَّمْسُ بِاَوَّلِ

آٹھ سو بیاسی سال پر۔ اور آپ جس وقت پیدا ہوئے سورج برج ثور کے ابتدائی حصہ میں تھا

الثَّوْرِ وَالزُّهْرَةُ فِيْ وَسْطِهٖ بِالْحَمَلِ وَالْقَمَرُ فِي الْاَسَدِ وَوُلِدَ قَبْلَ

اور زہرہ برج ثور کے اندر تھا مگر برج حمل سے قریب تر تھا اور قمر برج اسد میں تھا۔ اور پیدا ہوئے

الْهِجْرَةِ بِثَلَاثٍ وَّخَمْسِيْنَ سَنَةً هِلَالِيَّةَ الْعَدَدِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ

آنحضرت ہجرت سے ترپن سال قبل قمری اعداد و شمار کے اعتبار سے۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل فرما

عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدِنِ الَّذِيْ وُلِدَ فِي السَّاعَةِ

ہمارے آقا محمد اور آپ کی آل پر وہ آقا جو پیدا ہوئے سوموار کی رات دسویں

الْعَاشِرَةِ مِنْ لَيْلَةِ الْاِثْنَيْنِ وَاعْتَدَلَ لِاثْنَيْ عَشَرَ لَيْلَةً خَلَتْ مِنْ

(اور اعتدال پذیر ہوئے) جب کر گزر چکی تھیں بارہ راتیں

شَهْرِ رَبِيْعِ الْاَوَّلِ وَوُلِدَ لِثَلَاثٍ وَّسِتِّيْنَ وَاَرْبَعِ مِائَةٍ وَّاَرْبَعَةِ

ماہ ربیع الاوّل سے اور آپ کی ولادت باسعادت ہوئی چار سو تریسٹھ اور چار

اٰلَافِ سَنَةٍ مِّنْ مَهْبَطِ اٰدَمَ عَلَيْهِ السَّلَامُ مِنَ الْجَنَّةِ وَوُلِدَ بِاَوَّلِ

ہزار سال گزرنے پر آدم علیہ السلام کے جنت سے اترنے کے بعد۔ اور آپ کی ولادت باسعادت ہوئی

الْحُوْتِ فِي السَّاعَةِ الْعَاشِرَةِ مِنْ لَيْلَةِ الْاِثْنَيْنِ وَوُلِدَ بِتِلْكَ الطَّوَالِعِ

اول حوت میں سوموار کی رات کی دسویں ساعت میں۔ اور آپ ان سیارگان کے ان مواقع پر موجود ہونے کے دوران پیدا ہوئے

وَهِيَ طَوَالِعُ النَّبِيِّيْنَ صَلَوَاتُ اللّٰهِ وَسَلَامُهٗ عَلَيْهِ وَعَلَيْهِمْ

اور یہی طوالع اور ستارے ہیں انبیاء کے صلوات اللہ وسلام علیہ و علیہم

اَجْمَعِيْنَ ۝ وَوُلِدَ فِيْ عَامِ الْفِيْلِ وَالشَّمْسُ عَلٰى اَطْرَافِ النَّخِيْلِ

اجمعین۔ اور پیدا ہوئے آپ عام فیل میں (جس سال ابرہہ نے ہاتھیوں کے ساتھ مکہ مکرمہ پر چڑھائی کی تھی) جبکہ سورج (داخل) کھجوروں کے سروں

اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدِنِ الَّذِيْ

پر بقار غروب ہونے کو تھا۔ اے اللہ صلوات و سلام نازل فرما ہمارے آقا محمد پر اور آپ کی آل پر جو آقا

لَمَّا اسْتَقَرَّ فِيْ بَطْنِ اُمِّهٖ وَاسْتَوٰى اَمَرَ اللّٰهُ الرِّضْوَانَ اَنْ يُّزَيِّنَ جَنَّةَ

قرار پذیر ہوئے والدہ ماجدہ کے بطن اقدس میں اور آپ کی جسمانی ساخت مکمل ہو گئی تو اللہ تعالیٰ نے رضوان جنت کو جنت الماویٰ سجانے

الْمَاْوٰى وَقِيْلَ لِاُمِّهٖ فِي الْمَنَامِ حَمَلْتِ بِخَيْرِ الْاَنَامِ وَنُوْدِيَتْ اُمُّهٗ

کا حکم دیا اور آپ کی والدہ ماجدہ کو خواب میں کہا گیا کہ تم خیر الانام کے ساتھ حاملہ ہو چکی ہو اور آپ کی والدہ کو نداء دی گئی

بِصَوْتٍ تَسْمَعُهٗ طُوْبٰى لِثَدْيٍ يُّرْضِعُهٗ وَقَالَ الْاَنْبِيَآءُ فِي الْمَنَامِ لِاُمِّهٖ

ایسی آواز کے ساتھ جسے وہ سن رہی تھیں، مبارک باد دی ہے اس پستان کیلئے جو اس محبوب کو دودھ پلائے گا۔ اور انبیاء علیہم السلام نے کہا خواب میں

حَمَلْتِ بِشَمْسِ الْفَلَاحِ وَنَجْمِهٖ وَلَمَّا وَضَعَتْهُ اُمُّهٗ عَزِيْزًا اَكْرَمَا اَوْفٰى

آپ کی والدہ ماجدہ کو تم حاملہ ہو گئی ہو فلاح و کامیابی کے آفتاب اور نجم کے ساتھ اور جب جنم دیا انہیں ان کی امی جان نے درآنحالیکہ وہ معزز اور

بِاِصْبَعِهٖ اِلَى السَّمَآءِ وَلَمَّا اَشْرَقَ نُوْرُهٗ فِي الْوُجُوْدِ اَعْلَنَ لِلّٰهِ بِالسُّجُوْدِ وَبُلِّغَ

مکرم تھے تو اشارہ فرمایا آپ نے اپنی انگلی کے ساتھ آسمان کی طرف اور جب ضوء فگن ہوا آپ کا نور عالم وجود میں اللہ کیلئے اعلان کیا ساتھ سجدہ کے اور معمور کر

الْحَرَمُ عِنْدَ مَوْلِدِهٖ نُوْرًا وَرَقَصَ الْبَيْتُ الْحَرَامُ عِنْدَ وَضْعِهٖ فَرَحًا

دیا گیا حرم کعبہ آپ کے وقت ولادت میں نور کے ساتھ۔ اور وجد و رقص کیا بیت حرام نے آپ کی پیدائش کے وقت فرحت و سرور

وَّسُرُوْرًا وَّجَعَلَ اللّٰهُ دِيْنَهٗ مُسْتَعْلِيًا لَا مُسْتَعْلًى وَقَالَتْ لَهُ الْكَائِنَاتُ

کی وجہ سے۔ اور اللہ تعالٰے نے آپکے دین کو بلند اور غالب فرمایا اور پست و مغلوب نہ بنایا۔ اور سب کائنات نے آپ کو وقت

عِنْدَ وِلَادَتِهٖ اَهْلًا بِالْحَبِيْبِ وَسَهْلًا وَوُلِدَ سَاجِدًا اِلَى الْاَرْضِ رَافِعًا

ولادت عرض کیا۔ حبیب مکرم کے لیے مرحبا اور خوش آمدید ہو۔ اور آپ پیدا ہو کر زمین پر سجدہ ریز ہوتے ہوئے (پھر)

رَّاْسَهٗ اِلَى السَّمَآءِ وَوُلِدَ فِيْ خَوَارِقِ عَادَاتِهٖ وَاٰيَاتِ بَيِّنَاتِهٖ اَللّٰهُمَّ

آسمان کی طرف سر ناز کو بلند کرنے والے تھے۔ اور پیدا ہوئے طرح طرح کے خرق عادات معجزات اور آیات بینہ کے ساتھ۔ اے اللہ

صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدِنِ الَّذِيْ سَمَّاهُ

صلوٰۃ اور سلام نازل فرما ہمارے آقا محمد پر اور آپ کی آل پر جن کو اللہ تعالٰے نے موسوم فرمایا

اللّٰهُ ذِكْرًا رَّسُوْلًا وَّوُلِدَ مَخْتُوْنًا مَّكْحُوْلًا وَّوُلِدَ نَظِيْفًا مَّقْطُوْعَ السُّرَّةِ

ذکر اور رسول کے ساتھ۔ اور آپ پیدا ہوئے ختنہ شدہ اور سرمہ لگائے ہوئے تھے۔ صاف ستھرے تھے اور ناف بریدہ تھے

وَنَزَلَ عَلَيْهِ جِبْرَآئِيْلُ اَرْبَعَةً وَّعِشْرِيْنَ اَلْفَ مَرَّةٍ وَّتَطَاوَلَتْ

اور آپ پر جبرئیل علیہ السلام چوبیس ہزار مرتبہ نازل ہوئے اور گردنیں اٹھائیں (دیدار کے لیے)

لِمَوْلِدِهِ الْجِبَالُ وَالْاَكْنَانُ وَمَالَ عِنْدَ مَوْلِدِهِ الْبَيْتُ وَالْاَرْكَانُ

آپ کی ولادت کے وقت پہاڑوں نے اور بستیوں میں رہنے والوں نے۔ اور جھک گئے وقت ولادت میں بیت اللہ شریف اور اسکے ارکان

وَبِيُمْنِ طَلْعَتِهِ الْمُبَارَكَةِ وَسَعَادَتِهٖ وَضَعَ الْفَلَكُ بِوِلَادَتِهٖ وَاهْتَزَّ

اور آپکے رخ زیبا کی طلعت مبارک کی برکت و سعادت کے طفیل آسمان زمین کی طرف جھک گیا وقت ولادت میں اور لرز گیا

لِمَوْلِدِهٖ اِيْوَانُ كِسْرٰى وَعَايَنَتْ اُمُّهٗ عِنْدَ وَضْعِهٖ اَعْلَامَ بُصْرٰى وَ

آپکے وقت ولادت میں ایوان کسریٰ اور مشاہدہ کیا آپکے وقت ولادت میں آپ کی والدہ ماجدہ نے بصریٰ کے محلات اور بلند مقامات کا اور

مُسِحَ بَطْنُ اُمِّهٖ بِجَنَاحِ طَائِرٍ اَبْيَضَ فَزَالَ عَنْهَا الرَّوْعُ وَنَهَضَ

مس کیا گیا آپ کی امی جان کا بطن اقدس سفید پرندے کے پر کے ساتھ پس ان سے زائل اور کافور ہو گیا خوف اور اندیشہ

وَرُدَّ لِاُمِّهٖ مِنْ طَبَقَاتِ السَّمٰوٰتِ بَعْدَ اَنْ اَبْدَتْهُ الْمَلٰٓئِكَةُ لِجَمِيْعِ

اور آپ لوٹائے گئے والدہ ماجدہ کی طرف افلاک کے طبقات پر سے بعد اس کے کہ ظاہر کیا آپ کو ملائکہ نے تمام

الْمَخْلُوْقَاتِ وَرَاَتْ اُمُّهٗ عِنْدَ وَضْعِهٖ ثَلَاثَةَ اَعْلَامٍ عَلَمًا بِالْمَشْرِقِ

مخلوقات پر اور دیکھے آپ کی امی جان نے آپ کے وقت ولادت میں تین جھنڈے جن میں ایک علم مشرق میں نصب تھا

وَعَلَمًا بِالْمَغْرِبِ وَعَلَمًا بِالْبَيْتِ الْحَرَامِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا

دوسرا مغرب میں اور تیسرا بیت حرام پر نصب تھا۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل فرما ہمارے آقا

مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدِنِ الَّذِيْ رَاَتْ اُمُّهٗ حِيْنَ وَضَعَتْهُ وَظَهَرَ

محمد پر اور آپ کی آل پر کہ جس آقا کی امی جان نے آپ کو جنم دیتے وقت دیکھا کہ نمودار ہوا ہے

قِطْعَةٌ مِّنَ الطَّيْرِ تُظِلُّهٗ مَنَاقِيْرُهَا مِنَ الزُّمُرُّدِ وَاَجْنِحَتُهَا مِنَ الْيَاقُوْتِ

پرندوں کا ایک جھنڈ ان پر سایہ فگن ہوتے ہوئے جن کی چونچیں زمرد سے تھیں اور ان کے پر یاقوت سرخ

الْاَحْمَرِ وَلَمَّا وَضَعَتْهُ اُمُّهٗ وَبَدَا قَبَضَ عَلٰى مِفْتَاحِ النُّبُوَّةِ وَالنَّصْرِ

سے تھے اور جب جنا آپ کو آپ کی والدہ ماجدہ نے اور آپ (عالم اجسام میں) ظاہر ہوئے تو آپنے قبضے میں لیا نبوت و نصرت

وَالْهُدٰى وَوَضَعَتْهُ اُمُّهٗ كَالْغُصْنِ الرَّطْبِ اَضَاءَ لَهَا بَيْنَ الْمَشْرِقِ

اور ہدایت کی چابیوں کو اور جنم دیا آپ کو والدہ ماجدہ نے مانند شاخ ترکے جبکہ روشن کھو دیا آپ نے ان کے لیے

وَالْمَغْرِبِ وَغُسِّلَ بِطَشْتٍ مِّنَ الْفِرْدَوْسِ وَاَصْبَحَتْ اَصْنَامُ

مشرق سے مغرب تک کو اور آپ کو غسل دیا گیا جنت الفردوس کے طشت میں ہو گئے۔

الدُّنْيَا عِنْدَ وِلَادَتِهٖ مُنَكَّسَةَ الرُّؤُوْسِ وَرَفَعَتْهُ عِنْدَ وَضْعِهٖ

دنیا بھر کے بت آپ کی ولادت باسعادت کے وقت سرنگوں۔ اور اٹھا لیا ولادت کے بعد آپ کو

السَّحَابَةُ وَاَخْفَتْهُ عَنِ الْاَهْلِ وَالْقَرَابَةِ وَلَمَّا ظَهَرَتْ نَسَمَتُهٗ

بادل نے اور آپ کو غائب کر دیا آپ کے اہل اور قرابتداروں سے۔ اور جب نمودار ہوا آپ کا شخص مکرم

الْكَرِيْمَةُ اُلْقِيَتْ عَلَيْهِ تَمِيْمَةٌ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّ
توڑ ڈالے گئے آپ کو تعویذات ۔ اے اللہ صلوٰۃ وسلام نازل ہو ہمارے آقا محمد پر

عَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدِنِ الَّذِىْ لَمَّا وَضَعَتْهُ اُمُّهٗ عَلَى الثَّرٰى لَفَّهٗ
اور آپ کی آل پر کہ جنہیں امی جان نے جب جنم دیا زمین پر لپیٹ لیا انہیں

جِبْرَآئِيْلُ فِىْ حَرِيْرَةٍ خَضْرَآءَ وَطِيْفَ بِطِيْنَتِهٖ جَنَّاتُ النَّعِيْمِ
جبریل علیہ السلام نے سبز ریشم کے لباس میں۔ اور پھرایا گیا آپ کے خمیر بدنی کو جنات النعیم میں

وَغُمِسَتْ طِيْنَتُهٗ فِىْ اَنْهَارِ التَّسْنِيْمِ ؕ وَطِيْفَ بِطِيْنَتِهٖ وَلَهَا عَرَقٌ
اور نہلایا گیا آپکے خمیر مقدس کو تسنیم کی نہروں میں۔ اور آپ کی طینت کو طواف کرایا گیا اس حال میں کہ

يَّسِيْلُ فَخَلَقَ مِنْهَا كُلَّ نَبِيٍّ جَلِيْلٍ ؕ وَحَفَّتْ بِهِ الْمَلٰٓئِكَةُ الْاَبْرَارُ
اس سے پسینہ ٹپک رہا تھا تو اس (کے ہر قطرے) سے عظیم وجلیل نبی کو پیدا کیا گیا اور ڈھانپ لیا انہیں ملائکہ ابرار نے

يَحْجُبُوْنَهٗ عَنِ الْاَغْيَارِ وَرَنَّ اِبْلِيْسُ اللَّعِيْنُ عِنْدَ مَوْلِدِهٖ رَنَّةً سَمِعَهَا
جو انھیں حجاب میں رکھے ہوئے تھے اغیار (کی نگاہوں) سے۔ اور رویا ابلیس لعین آپ کی ولادت کے وقت ایسی آواز کے ساتھ

مِنْهُ الْخَلَآئِقُ كُلُّهُمْ مِّنَ الْاِنْسِ وَالْجِنَّةِ وَبَشَّرَتْ لِاُمِّهِ الْحُوْرُ بِظُهُوْرِ
جسے سنا تمام مخلوقات یعنی انسانوں اور جنات نے۔ اور بشارتیں دیں آپ کی والدہ کو حوروں نے ساتھ ظاہر ہونے

غُرَّةِ الْيُمْنِ وَالنُّوْرِ ، وَوُلِدَ مَدْهُوْنًا مُّعَطَّرًا طَاهِرًا مُّطَهَّرًا وَّوُلِدَ وَ
یمن وبرکت اور نور وضیا کی واضح علامت کے۔ اور پیدا کیے گئے اس شان کے ساتھ کہ تیل اور عطر لگا ہوا تھا اور طاہر ومطہر تھے اور آپ اس انداز

نُوْرُ وَجْهِهٖ يَتَوَقَّدُ وَمَا وُلِدَ قَطُّ مِثْلُهٗ فِى الْوُجُوْدِ وَلَا يُوْلَدُ اَللّٰهُمَّ
میں پیدا ہوئے کہ چہرہ انور کا نور چمک رہا تھا۔ اور نہ کوئی پیدا ہوا کبھی ان کی مانند عالم وجود میں اور نہ ہی پیدا ہوگا۔ اے اللہ

صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدِنِ الَّذِىْ حَمَلَتْ
صلوٰۃ وسلام نازل فرما ہمارے آقا محمد پر اور آپ کی آل پر کہ جس آقا کے ساتھ حاملہ ہوئیں

بِهٖ اُمُّهٗ بِلَا نَصَبٍ وَّلَا تَعَبٍ لَيْلَةَ الْجُمُعَةِ مِنْ شَهْرِ رَجَبٍ وَّخَفَقَتْ
آپ کی والدہ ماجدہ بغیر کسی مشقت اور کلفت کے ماہ رجب کی شب جمعہ میں ۔ اور لہرائے

فِى الْاَكْوَانِ اَعْلَامُ عُلُوْمِهٖ مُبَشِّرَاتٍ بِظُهُوْرِهٖ وَقُدُوْمِهٖ وَنَادٰى الْبَشِيْرُ
تمام جہانوں میں آپکے علوم کے علام درآنحالیکہ وہ بشارت دے رہے تھے آپکے ظہور اور تشریف آوری کی اور ندا دی آپ کی آمد کا مژدہ

بِهٖ فِى الْخَلَآئِقِ اَجْمَعِيْنَ ؕ وَمَآ اَرْسَلْنٰكَ اِلَّا رَحْمَةً لِّلْعٰلَمِيْنَ ، وَنَادٰى
سنانے والے نے سب مخلوقات میں۔ اور نہیں مبعوث فرمایا ہم نے آپ کو مگر سراسر رحمت واسطے عالمین کے۔ اور ندا دی آپ کی والدہ

اُمَّهٗ كُلُّ نَبِيٍّ اِهْتَدٰى اِذَا وَضَعْتِ شَمْسَ الْفَلَاحِ وَالْهُدٰى فَسَمِّيْهِ
کو ہر نبی صاحب ہدایت نے "جب اس آفتاب فلاح و ہدیٰ کو جنم دینا تو اس کا نام

مُحَمَّدًا ، وَجَآءَ لِاُمِّهٖ اٰدَمُ فِى الْمَنَامِ وَهَنَّاَهَا وَسَلَّمَ عَلٰٓى اُمِّهِ الْكَرِيْمِ
محمد رکھنا۔ اور آئے آپ کی والدہ کے پاس آدم علیہ السلام خواب میں اور انھیں مبارکباد دی اور سلام کیا ابراہیم خلیل اللہ نے آپ کی

فِى الْمَنَامِ وَحَيَّاهَا وَقِيْلَ لِاُمِّهٖ حِيْنَ كَمَّلَ اللّٰهُ حَمْلَهَا وَ اَتَمَّهٗ
امی جان کو خواب میں اور ہدیہ تبریک پیش کیا۔ اور کہا گیا آپ کی والدہ سے جب امر خداوند تعالیٰ سے ان کا حمل کامل اور مکمل ہو گیا

حَمَلْتِ بِنَبِيِّ الرَّحْمَةِ وَسَيِّدِ هٰذِهِ الْاُمَّةِ وَهُوَ الْهَادِىْ بِطُرُقِ
ہوا ہے نبی رحمت کے ساتھ اور اس امت کے آقا و مولیٰ کے ساتھ اور وہی رہنمائی فرمانے والے

الْبَيَانِ ؕ وَحَضَرَتْ لِمَوْلِدِهٖ اٰسِيَةُ بِنْتُ مُزَاحِمٍ وَّمَرْيَمُ ابْنَةُ
بیان و اظہار کے طریقوں کی طرف۔ اور حاضر ہوئیں آپ کے وقت ولادت میں آسیہ بنت مزاحم۔ اور مریم بنت

عِمْرَانَ وَطَافَتْ بِهِ الْمَلٰٓئِكَةُ جَمِيْعَ الْاَقْطَارِ وَعَرَّفَتْ بِهِ الْمَلٰٓئِكَةُ
عمران۔ اور طواف کرایا انھیں ملائکہ نے تمام اطراف میں۔ اور پہچان کرائی ان کی ملائکہ نے تمام ساکنین

السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ وَالْبِحَارِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى
و ارض اور ساکنین بحر کو۔ اے اللہ درود اور سلام بھیج ہمارے آقا محمد پر اور آپ

اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدِنِ الَّذِىْ طَافَتْ بِهِ الْمَلٰٓئِكَةُ عَلَى الْكَوْنَيْنِ وَرَدَّتْهُ الْمَلٰٓئِكَةُ
کی آل امجاد پر جس مخدوم کو طواف کرایا ملائکہ نے کونین پر اور لوٹایا انھیں ان کی مادر مشفقہ کی طرف

لِاُمِّهٖ فِىْٓ اَسْرَعَ مِنْ طَرْفَةِ الْعَيْنِ ؕ وَسَادَ فِى الْمَهْدِ عَلَى الْغِلْمَانِ
پلک جھپکنے سے بھی پہلے اور جلدی۔ اور عالم طفولیت میں سیادت حاصل کرلی تمام اطفال و غلمان پر

لِاُمِّهٖ عِنْدَ وَضْعِهٖ جَمَاعَةٌ مِّنَ الْحُوْرِ الْحِسَانِ ط وَكَمُلَ بِهِ السُّعُوْدُ وَتَشَرَّفَ

والدہ کے پاس وقت ولادت میں حسین ترین حوروں کی ایک جماعت اور کمال پذیر ہوئی بسبب آپکے نیک بختی اور ارباب شرافت وفضیلت بن

بِهِ الْاٰبَآءُ وَالْجُدُوْدُ وَنَادَتْهُ الْكَائِنَاتُ شَرْقًا وَّغَرْبًا اَهْلًا بِالْحَبِيْبِ وَمَرْحَبًا وَ

گئے آپ کی بدولت آپ کے آباء واجداد۔ اور کائنات کے ہر فرد نے آپ کو شرق وغرب سے پکارکر اور آواز بلند کہا "حبیب کا تشریف لانا مبارک ہو"

كَانَ طَيِّبَ الْاَرْدَانِ وَيَشِبُّ شَبَابًا لَّا يُشْبِهُ بِهِ الْغِلْمَانُ وَكَانَ يَشِبُّ فِى الْيَوْمِ

اور آپ پاکیزہ آستینوں والے تھے اور آپ ایسے انداز سے نشوونما پارہے تھے کہ جو عام بچوں کے مماثل نہیں تھی۔ اور آپ نمو

شَبَابَ الصَّبِيِّ فِى الشَّهْرِ وَيَشِبُّ فِى الشَّهْرِ شَبَابَ الصَّبِيِّ فِى السَّنَةِ وَكَانَ لَهٗ

پاتے تھے ایک دن میں جتنی نمو پاتے تھے دوسرے بچے ایک ماہ میں اور مہینہ میں اسقدر بڑھتے تھے جس قدر دوسرے بچے سال میں

الشَّانُ الْجَسِيْمُ وَالنَّبَاُ الْعَظِيْمُ وَخُلِعَتْ عَلَيْهِ مَلَابِسُ الْاِجْلَالِ وَالتَّعْظِيْمِ ط

بڑھتے تھے اور آپ کی شان بلند وبالا تھی اور آپ کا عرفان عظیم تھا۔ اور آپ کو نوازا گیا تھا اجلال وتعظیم کی خلعتوں کے ساتھ

اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدِنِ الَّذِىْ كَانَتِ

اے اللہ صلوٰۃ وسلام نازل فرما ہمارے آقا محمد پر اور ان کی آل پر جس (محبوب کریم) کو کواکب سماویہ

الْكَوَاكِبُ تُؤْنِسُهٗ فِى الظَّلَامِ ط وَكَانَ عَيْنُ اللّٰهِ تَحْرُسُهٗ فِى الْيَقْظَةِ وَالْمَنَامِ وَكَانَتِ

انس مہیا کرتے تھے تاریکیوں میں۔ اور اللہ تعالیٰ کی نظرعنایت ان کی حفاظت فرماتی تھی ان کی بیداری اور نیند کی حالت میں اور

الْمَلٰٓئِكَةُ تَقِفُ صُفُوْفًا تَنْظُرُ فِىْ نُوْرِهٖ وَهُوَ فِىْ ظَهْرِ اٰدَمَ مِنْ قَبْلِ اَنْ تُخْلَقَ

ملائکہ صف بستہ کھڑے ہوتے تھے ان کے نور کا نظارہ کرتے ہوئے جبکہ وہ آدم علیہ السلام کی پشت میں تھے قبل اس کے کہ پیدا کئے

الْعَوَالِمُ وَاَنْشَاَهُ اللّٰهُ فِىْ اَشْرَفِ بِلَادِهٖ مِنْ اَكْرَمِ عِبَادِهٖ وَلَمَّا حَمَلَتْ اُمُّهٗ

جائیں سبھی عالم اور اللہ تعالیٰ نے ان کو پیدا فرمایا شرف وفضل میں سب سے اعلیٰ بلد اور شہر میں اور سب سے کرامت وعزت والے بندوں سے اور جب

عَلَيْهِ السَّلَامُ نَطَقَتْ كُلُّ دَآبَّةٍ لِّقُرَيْشٍ بِالْبَيْتِ الْحَرَامِ وَغَرَسَهُ اللّٰهُ

آنحضرت کی والدہ ماجدہ آپ کے ساتھ حاملہ ہوئیں تو گویا اور ناطق ہوا قریش کا ہر جانور بیت حرام (اور مکہ شریف) میں۔ اور اللہ تعالیٰ نے آپکے شجرِ وجود کو اگایا

مِنْ اَطْيَبِ الْمَنَاصِبِ وَانْتَخَبَهُ اللّٰهُ مِنْ ظُهُوْرِ النُّجَبَآءِ وَبُطُوْنِ النَّجَآئِبِ

پاکیزہ تر مقام اور جنت سے۔ اور اللہ تعالیٰ نے آپ کا انتخاب فرمایا عمدہ لوگوں کی اصلاب سے اور عمدہ بیبیوں کے ارحام سے

اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدِنِ الَّذِىْ هُوَ طَلْعَةُ

اے اللہ رحمت اور سلامتی نازل فرما سیدنا محمد اور ان کی آل پر جو کہ جھلک ہیں

قَمَرِ الْوُجُوْدِ دَآئِرَةُ فَلَكِ السُّعُوْدِ وَاَشْرَقَتْ بِظُهُوْرِهِ الْغَيَاهِبُ وَالْحَنَادِسُ وَ

قمر وجود کی اور دائرہ ہیں سعادت مندوں کے فلک کا کہ جگمگا اٹھے ان کے ظہور سے ظلمات اور تاریکیاں اور سرنگوں

تَسَاقَطَتْ بِبِعْثَتِهِ الْاَصْنَامُ مِنْ اَعْلَى الْمَجَالِسِ وَاَشْرَقَتْ بِظُهُوْرِهِ الْاَرْضُ وَ

ہو گئے آپ کی بعثت کی وجہ سے اصنام واوثان اپنے بلند مقامات سے۔ اور چمک اٹھی زمین اور اس کی گہرائی آپکے ظہور سے

ثَرَاهَا وَتَهَدَّمَتْ بِبِعْثَتِهٖ صَوَامِعُ الْكُهَّانِ وَزَالَ بُنْيَانُهَا اللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى

اور منہدم ہو گئیں آپ کی بعثت کی وجہ سے کاہنوں کی عبادت گاہیں اور نابود ہو گئیں ان کی بنائیں۔ اے اللہ صلوٰۃ وسلام نازل فرما

سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّاٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدِنِ الَّذِىْ اَخَذَ اللّٰهُ عَلٰى اٰدَمَ الْمَوَاثِيْقَ وَالْعُهُوْدَ اَنْ

سیدنا محمدؐ اور آپ کی آل پر جن کے لیے اللہ تعالیٰ نے عہد ومیثاق لیے آدم علیہ السلام سے کہ نہ

لَّا يَدَعَ نُوْرَهٗ اِلَّا فِىْ اَهْلِ الْكَرَمِ وَالْجُوْدِ وَلَمْ يَزَلْ نُوْرُهٗ يَنْتَقِلُ مِنْ ظُهُوْرِ

سپرد کریں ان کا نور مگر اہل کرم اور اہل سخا میں اور ہمیشہ ان کا نور منتقل ہوتا رہا بزرگ مردوں کی پشتوں سے

الْاَخْيَارِ اِلٰى بُطُوْنِ الْخَيِّرَاتِ وَالْاَحْرَارِ وَاَوْصَلَ نُوْرَهٗ يَدُ الشَّرَفِ وَالْمَكَارِمِ

بزرگ اور عظمت والی عورتوں کے ارحام کی طرف اور پہنچایا آپکے نور کو اللہ تعالیٰ کے اشرف اور کرامت والے دست قدرت نے

اِلٰى عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَبْدِ الْمُطَّلِبِ بْنِ هَاشِمٍ وَلَبِسَ بِهٖ عَبْدُ اللّٰهِ ثَوْبَ الْبَهَآءِ وَ

طرف عبداللہ بن عبدالمطلب بن ہاشم کے۔ اور پہنا بسبب اس نور کے عبد اللہ نے حسن وملاحت کا لباس

الْمَلَاحَةِ فَنَطَقَ بِالْبَيَانِ وَالْفَصَاحَةِ اللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى

پس وہ ناطق ہوئے واضح بیان اور فصیح کلام کے ساتھ۔ اے اللہ صلوٰۃ وسلام نازل فرما سیدنا محمد اور آپ کی آل پر

اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدِنِ الَّذِىْ نُوْدِىَ عَبْدُ اللّٰهِ فِيْهِ اَدِّ مَا حَمَلْتَ مِنَ الْوَدِيْعَةِ اِلٰى اَحْشَآءِ

جن کے متعلق حضرت عبداللہ کو پکار کر کہا گیا کہ ادا کر وہ امانت جو تو نے اٹھا رکھی ہے اور پہنچا اس (نور) کو بلند

اٰمِنَةَ الْمَنِيْعَةِ مِنْ اٰدَمَ وَحَوَّآءَ اِلْهَامًا لِلّٰهِ بِالْوُدُوْدِ وَدَادِ اللّٰهِ عَزَّوَجَلَّ اَللّٰهُمَّ

مرتبت آمنہ کے بطن اور رحم کی طرف (جو پہنچی تھی) آدم وحوا کی طرف سے اللہ تعالیٰ کی عبادت کے طور پر اللہ و دود کی مودت ومحبت کے ساتھ۔ اے اللہ

عَلِّمْنِیْ عِلْمًا کَامِلًا نَافِعًا بِعُلُوْمِ اللَّدُنِّیَّةِ بِوِرَاثَةِ الْاَحْذَانِ مِنَ الْاَصْلَابِ الطَّیِّبَةِ

مجھے عطا فرما علم کامل اور نافع علوم لدنیہ میں سے بطور وراثت اس ذات کے جو بے مثل ہے اس تمام نسل سے جو پاکیزہ اصلاب

وَالْاَرْحَامِ الطَّاهِرَاتِ لِجُوْدِ الْبُجُوْدِ فِیْ مَنَصَّةِ الْعُلٰی بِالْمَنَصَّةِ الْاَعْلٰی بِسَتْرِ بُرْدِ

اور پاکیزہ ارحام سے پیدا ہونے والی ہے۔ بسبب رحمت فرمانے قیام کے مراتب عالیہ والے بلند مقامات میں پردہ پوشی کرتے ہوئے ساتھ

الْمِلْحَفَةِ الْبِجَادِ الْیَمَانِیَّةِ الْاِیْمَانِیَّةِ لِظُهُوْرِ الْاَنْوَارِ النُّوْرِ وَمَسْتُوْرِ الْمَسْرُوْرِ

ایسی وسیع چادر کے جو منقش یمانی اور ایمانی ہے۔ بسبب ظاہر ہونے انوار نورانیہ کے۔ اور پوشیدہ مسرتوں کے

الْمَوْفُوْرِ کُلَّ مَاسِوَی اللّٰهِ بِحُکْمِ اللّٰهِ اَللّٰهُمَّ اَعْطِنِیْ غَرْقًا فِیْ بَحْرِ عِرْفَانِ

جو محیط ہے تمام ماسوا اللہ کو اللہ تعالے کے حکم سے۔ اے اللہ مجھے عطا فرما توفیق مستغرق ہونے کی عرفان حق کے سمندر میں

الْحَقِّیِّ وَحَقِیْقَةِ الْمُحَمَّدِیِّ بِنُوْرِ ظُهُوْرِهٖ یَوْمَ وِلَادَتِهٖ وَصَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا

اور بحر حقیقت محمدیہ میں بطفیل ظاہر ہونے والے نور کے ان کے یوم ولادت میں اور رحمتیں نازل فرما سیدنا محمد پر

مُحَمَّدِ الَّذِیْ اسْتَنَارَ بِهِ الْکَوْنَیْنِ وَصَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدِ الَّذِیْ بَادَرَتْ اُمُّهٗ

جن کی بدولت دونوں جہان روشن ہو گئے۔ اور صلوٰۃ بھیج ہمارے آقا محمد پر کہ سبقت لے گئیں ان کی والدہ ماجدہ

عِنْدَ وِلَادَتِهٖ بِوَادِ السَّعَادَةِ فِی الدَّارَیْنِ وَصَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدِ الَّذِیْ

ان کی ولادت کے وقت دارین کی سعادتوں کی وادیوں کی طرف۔ اور رحمت نازل فرما ہمارے آقا محمد پر کہ جن کی

حَفَّتْ اُمَّهٗ عِنْدَ وَضْعِهٖ کُلُّ زُمَرِ الْمَلٰٓئِکَةِ وَصَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدِ الَّذِیْ

والدہ کو ڈھانپ لیا انھیں جنم دیتے وقت ملائکہ کی تمام جماعتوں نے اور صلوٰۃ بھیج ہمارے آقا محمد پر کہ جب

لَمَّا اشْتَدَّ بِاُمِّهٖ عِنْدَ وَضْعِهِ الظَّمَأُ سَقَاهَا اللّٰهُ شَرْبَةً وَصَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدِ

آپ کی والدہ کو سخت پیاس لگی وقت ولادت کے تو اللہ تعالیٰ نے ان کو عالم غیب سے شربت پلایا۔ اور درود بھیج ہمارے آقا محمد پر

الَّذِیْ اٰنَسَ اللّٰهُ اُمَّهٗ عِنْدَ وَضْعِهٖ بِنِسَآءِ اَشْرَافٍ یُشْبِهْنَ نِسَآءَ بَنِیْ عَبْدِ مَنَافٍ

کہ انس اور سکون مہیا کیا اللہ تعالیٰ نے آپ کی والدہ ماجدہ کو انھیں جنم دیتے وقت ایسی بلند مرتبت عورتوں کے ساتھ جو بنی عبد مناف کی

وَصَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدِ الَّذِیْ مُدَّ لِاُمِّهٖ دِیْبَاجٌ وَاَنَارَتْ بِهِ الْاٰفَاقُ کَالزُّجَجِ

عورتوں کی مانند تھیں۔ اور درود بھیج ہمارے آقا محمد پر جن کی والدہ ماجدہ کے لیے ریشمی چادر تانی گئی اور اس کے ذریعے آفاق روشن ہو گئے مثل

وَصَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدِ الَّذِیْ کَانَتِ الْمَلٰٓئِکَةُ عِنْدَ وَضْعِهٖ وُقُوْفًا یَنْظُرُوْنَ اِلٰی

چھٹ جانے بادلوں کے از رخ آفتاب ہے۔ اور درود بھیج ہمارے آقا محمد پر کہ ملائکہ ان کی ولادت کے وقت پرے جمائے کھڑے تھے دیکھتے تھے طرف

اُمِّهٖ صُفُوْفًا صُفُوْفًا وَصَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدِ الَّذِیْ ظَهَرَ لِاُمِّهٖ عِنْدَ وَضْعِهٖ

ان کی والدہ ماجدہ کے صف بستہ۔ اور درود بھیج ہمارے آقا محمد پر کہ جن کی والدہ طاہرہ کے لیے ظاہر ہوئے آپ کی ولادت کے وقت

اُمُوْرٌ کَانَتْ قَبْلَ ذٰلِكَ کَامِنَةً فَتَرَوَّعَتْ مِنْهَا وَهِیَ مِنْهُ اٰمِنَةٌ وَصَلِّ عَلٰی

ایسے امور جو قبل ازیں ان سے مخفی تھے پس وہ خوفزدہ ہو گئیں۔ جبکہ وہ آپ کی برکت سے امن پانے والی تھیں۔ اور صلوٰۃ بھیج

سَیِّدِنَا مُحَمَّدِ الَّذِیْ فَتَحَ السَّعْدُ لِاُمِّهٖ مُدْهِشَ بَابِهٖ وَجَلَاهَا الْعِزُّ بِنُوْرِ

ہمارے سردار محمد علیہ السلام پر کہ جن کی والدہ کی سعادت مندی نے ان کے دروازے سے دہشتوں کو دور کر دیا اور انھیں عز و شرف نے جلا بخشی آپ کے

شِهَابِهٖ وَصَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدِ الَّذِیْ اَصْبَحَ قَدْرُ اُمِّهٖ بِوِلَادَتِهٖ مُعَظَّمًا وَدُرُّ

شہاب نور کے صدقے میں۔ اور صلوٰۃ بھیج ہمارے مولیٰ محمد پر کہ جن کی ولادت باسعادت کے باعث ان کی امی جان کی قدر و منزلت عظیم ہو گئی

الشَّرَفِ بِحُلِیِّهَا مُنَظَّمًا وَصَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدِ الَّذِیْ اَدْخَلَهٗ رِضْوَانُ تَحْتَ

اور شرف و فضیلت کا موتی ان کے زیورات کی سلک میں پرو دیا گیا۔ اور رحمتیں نازل فرما ہمارے آقا محمد پر جنھیں رضوان جنت نے داخل کیا اپنے

جَنَاحِهٖ فَاَلْهَمَهٗ بِاَمْرِ اللّٰهِ اِلٰی رُشْدِهٖ وَصَلَاحِهٖ وَصَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدِ الَّذِیْ

پروں کے نیچے اور اللہ تعالیٰ کے امر سے آپ کی رہنمائی کی رشد اور بھلائی کی طرف۔ اور درود بھیج ہمارے سردار محمد پر جو کہ

عَادَ اِلٰی اُمِّهٖ وَالْاَنْوَارُ تَحُفُّهٗ وَالْمَلٰٓئِکَةُ تَلْحَظُهٗ وَتَکْنُفُهٗ وَصَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدِ

لوٹے اپنی والدہ ماجدہ کی طرف اس شان سے کہ انوار انھیں محیط تھے۔ ملائکہ ان کی طرف نظریں لگائے ہوئے تھے اور ان کے گرد حلقہ بنائے ہوئے تھے۔ اور درود بھیج ہمارے

الَّذِیْ عَادَ لِاُمِّهٖ وَالْمِسْكُ یَعْبَقُ وَالْکَرَمُ حَشْوُ اِهَابِهٖ وَرُدَّ اِلٰی اُمِّهٖ وَقَدْ تَعَطَّرَتْ

محمد پر جو کہ لوٹے والدہ کی طرف در آنحالیکہ ان سے بوئے مشک مہک رہی تھی اور آپ سراپا جود و کرم بنے ہوئے تھے۔ اور آپ والدہ ماجدہ کی طرف لوٹائے گئے

اَرْدَانُهٗ وَقَدْ شُدَّتْ اَرْکَانُهٗ وَمُهِّدَ مَهْدُهٗ وَمَکَانُهٗ وَصَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدِ

در آنحالیکہ آپ کی آستینیں عطر بیز تھیں۔ آپ کے اعضائے مبارکہ ریشمی کپڑے سے باندھے تھے۔ اور آپ کا گہوارہ اور مسند استراحت تیار کی جا چکی تھی۔ اور درود بھیج ہمارے آقا

الَّذِیْ رُدَّ اِلٰی اُمِّهٖ وَقَدْ لُفَّ فِیْ حَرِیْرَةٍ خَضْرَآءَ یَنْبَعُ مِنْهَا الْمَآءُ الْعَذْبُ وَرُدَّ

محمد پر جو کہ والدہ ماجدہ کی طرف لوٹائے گئے اس حال میں کہ انھیں سبز ریشم میں لپیٹا گیا تھا جس سے آب شیریں ٹپک رہا تھا اور جو کہ امی جان کی طرف

إِلَى أُمِّهِ وَقَدْ قَبَضَ عَلَى ثَلَاثِ مَفَاتِيحَ مِنَ اللُّؤْلُؤِ الرَّطْبِ وَصَلِّ عَلَى سَيِّدِنَا

اس شان سے لوٹائے گئے کہ آپ لولوئے آبدار کی تین چابیوں کو ہاتھوں میں لیے ہوئے تھے اور درود بھیج سیدنا

مُحَمَّدِنِ الَّذِي وَقَفَ جِبْرَائِيلُ بَيْنَ يَدَيْهِ وَأَعْلَنَ رِضْوَانُ بِالسَّلَامِ عَلَيْهِ وَ

محمد پر کہ کھڑے ہوئے جبرئیل امین ان کے سامنے (تعظیم کے لیے) اور رضوان جنت نے ان کو علانیہ سلام پیش کیا اور

قَبَّلَهُ بَيْنَ عَيْنَيْهِ وَبَادَرَ مِيكَائِيلُ إِلَى خِدْمَتِهِ وَتَشَرَّفَ إِسْرَافِيلُ بِزِيَارَتِهِ

آپ کی پیشانی کو بوسہ دیا اور جلدی سے پہنچے میکائیل ان کی بارگاہ میں، اور شرفیاب ہوئے اسرافیل آپ کی زیارت سے

وَقَدْ أَشْرَقَتِ الْأَرْضُ بِأَنْوَارِهِ وَتَزَيَّنَ الْكَوْنُ بِطَالِعِ أَقْمَارِهِ وَرُدَّ لِأُمِّهِ مَحْفُوفًا

اور جگمگا اٹھی زمین آپ کے انوار سے اور کائنات ان کے ماہتاب رخ کی طلعت سے مزین ہوئی، اور آپکو حضرت آمنہ کی طرف لوٹایا گیا جبکہ

بِالْيُمْنِ وَالْإِقْبَالِ وَتَحْرُسُهُ بِالْغُدُوِّ وَالْآصَالِ وَعَرَجَتِ الْمَلَائِكَةُ بِأَعْلَامِهِ

آپ یمن و برکت اور سعادت مندی سے ڈھکے ہوئے تھے۔ اور (ملائکہ) آپ کی حفاظت و نگہبانی کرتے تھے ہر صبح اور شام اور بلندیوں کی طرف گئے

مُبَشِّرَاتٍ بِإِقْدَامِهِ وَصَلِّ عَلَى سَيِّدِنَا مُحَمَّدِنِ الَّذِي سُمِّيَ عَامُ وِلَادَتِهِ عَامَ

ملائکہ ان کی اطلاعات کے ساتھ درآنحالیکہ بشارت دینے والے تھے ان کی تشریف آوری کے ساتھ۔ اور درود بھیج ہمارے سردار محمد پر کہ جنکی ولادت باسعادت کے سال کو

الْخَيْرِ وَالْبَرَكَةِ وَالزَّيْنِ وَتَزَخْرَفَتْ بِنُورِ ظُهُورِهِ وَتَزَيَّنَتْ بِسَاطِعِ نُورِهِ وَ

خیر و برکت اور رونق و بہار کا سال کہا گیا۔ اور مزین ہوئے ان کے نور ظہور سے اور منور ہوئے ان کے غالب و کامل نور سے اور

أَضَاءَتْ لِمَوْلِدِهِ بِقَاعُ تِهَامَةَ وَنَشَرَ اللهُ عَلَيْهِ فَضْلَهُ وَأَدَامَهُ وَصَلِّ عَلَى

چمک اٹھے ان کی ولادت سے تہامہ کے تمام علاقہ جات۔ اور اللہ تعالیٰ نے پھیلایا آپ پر اپنے فضل و کرم کے سایہ کو اور اسے ہمیشہ برقرار اور قائم رکھا۔

سَيِّدِنَا مُحَمَّدِنِ الَّذِي تَجَلَّى عَلَيْهِ الْمَنَاقِبُ الرَّفِيعَةُ وَالْمَكَارِمُ وَكَمَّلَ اللهُ بِهِ

اور درود بھیج ہمارے سردار محمد پر کہ جن پر مناقب عالیہ روشن ہوئے اور بزرگیاں منکشف ہوئیں۔ اور آپ کی بدولت اللہ تعالیٰ نے

الشَّرَفَ الدَّائِمَ لِعَبْدِ اللهِ وَعَبْدِ الْمُطَّلِبِ وَهَاشِمٍ وَصَلِّ عَلَى سَيِّدِنَا مُحَمَّدِنِ

ابدی شرف و فضیلت کو کامل و مکمل فرمایا حضرت عبد اللہ اور عبد المطلب و ہاشم کے لیے اور درود بھیج ہمارے آقا محمد پر

الَّذِي لَمْ يَزَلْ يَنْتَقِلُ نُورُهُ مِنَ الْأَرْحَامِ الزَّكِيَّةِ الْفَاخِرَةِ وَالْأَرُومَاتِ

کہ جن کا نور مقدس ہمیشہ منتقل ہوتا رہا پاکیزہ اور قابل فخر ارحام سے اور اصول شریفہ سے جن کی شرافت ظاہر تھی اور پاکیزہ

الشَّرِيفَةِ الطَّاهِرَةِ وَالْعَنَاصِرِ الطَّاهِرَةِ حَتَّى اسْتَخْرَجَهُ اللهُ رَحْمَةً وَإِظْهَارًا

عناصر سے حتیٰ کہ اللہ تعالیٰ نے ان کو (ان اصلاب و ارحام سے) نکالا اس شان سے کہ وہ سراپا رحمت تھے اور آپ کی

لِقَدْرِ نَبِيِّهِ وَبَيَّنَ مَجْدَهُ وَمَا كَانَ اللهُ لِيُعَذِّبَهُمْ وَأَنْتَ فِيهِمْ وَصَلِّ عَلَى

قدر و منزلت ظاہر کرنے اور مجد و مرتبت اجاگر کرنے کیلئے (فرمایا) اور نہیں ہے زیبا اللہ تعالیٰ کے لیے کہ عذاب دے انھیں جبکہ آپ ان میں موجود ہوں اور

سَيِّدِنَا مُحَمَّدِنِ الَّذِي لَمْ تَرَ أُمُّهُ فِي حَالِ وَضْعِهِ مَا رَأَتْهُ النُّفَسَاءُ وَلَمْ تَجِدْ أُمُّهُ

درود بھیج ہمارے آقا محمد پر کہ جن کی والدہ ماجدہ نے آپ کو جنم دیتے وقت نہ دیکھی وہ آلائش جو بچوں کو جنم دینے والی عورتوں نے دیکھی، اور نہ محسوس کیا آپکی والدہ

مِنْ ثِقَلِ الْحَمْلِ مَا وَجَدَتْهُ النِّسَاءُ وَلَمَّا وَلَدَتْهُ أُمُّهُ وَضَعَتْهُ فِي الْأَرْضِ قَبَضَ

ماجدہ نے حمل کا ثقل اور گرانی جو عام عورتیں محسوس کرتی ہیں۔ اور جب ان کو جنم دیا ان کی والدہ ماجدہ نے تو آپ کو زمین پر رکھا تو آپنے قبضہ فرمایا

عَلَى ثَلَاثِ مَفَاتِيحَ مِنَ اللُّؤْلُؤِ الْأَبْيَضِ وَأَعْلَمَهُ اللهُ بِعُلُوِّ دَرَجَتِهِ وَرَغِبَتِ

سفید موتی سے بنی تین چابیوں پر اور اللہ تعالیٰ نے آپ کو اطلاع دی آپ کی بلندئ درجات کی اور ملائکہ نے آپ کی تربیت میں

الْمَلَائِكَةُ فِي تَرْبِيَتِهِ وَخَمَدَتْ نِيرَانُ فَارِسَ عِنْدَ وِلَادَتِهِ وَغَاصَ مَاءُ

رغبت ظاہر کی اور آتش کدہائے ایران کی آگ آپ کی ولادت کے وقت بجھ گئی اور ساوہ کا پانی آپ کی

سَاوَةَ عِنْدَ ظُهُورِ عَلَامَتِهِ وَفَاضَ نَهْرُ الْأُرْدُنِّ لِمَوْرِدِهِ وَأَضَاءَتْ لِمَوْلِدِهِ

علامات ظاہر ہونے پر خشک ہو گیا اور دریائے اردن جاری ہو گیا آپکے ورود مسعود کی وجہ سے اور آپ کی ولادت کی وجہ سے

الْآفَاقُ وَاتَّصَلَتْ بِهِ بُشْرَى الْهَوَاتِفِ فِي الْعَشِيِّ وَالْإِشْرَاقِ وَصَلِّ عَلَى

آفاق روشن ہوگئے اور سروش غیبی کی بشارتیں آپ (کی تشریف آوری) کے متعلق صبح و شام ملنے لگیں۔ اور درود بھیج اے اللہ ہمارے

سَيِّدِنَا مُحَمَّدِنِ الَّذِي رَغِبَ الطَّيْرُ وَالسَّحَابُ وَالرِّيحُ فِي إِرْضَاعِهِ وَأَنْ يَكُونُوا

آقا محمد پر کہ رغبت ظاہر کی پرندوں، بادلوں اور ہواؤں نے ان کے راضی کرنے میں اور ان کے گروہ اور تابعین میں شامل

مِنْ أَشْيَاعِهِ وَأَتْبَاعِهِ وَلَمَّا أَرْضَعَتْهُ حَلِيمَةُ دَرَّ لَبَنُهَا وَانْهَمَرَ فَكَانَتْ

ہونے میں اور جب انھیں حلیمہ سعدیہ نے دودھ پلانے کا قصد کیا تو وہ پوری قوت سے اور کثرت سے جاری ہوا چنانچہ

تُرْضِعُ مَعَهُ عَشَرَةً أَوْ أَكْثَرَ وَعَلِمَ أَنَّ لَهُ شَرِيكًا فِي الرِّضَاعِ مَعَهُ فَتَرَكَ لَهُ

وہ آپکے ساتھ دس بچوں یا ان سے بھی زیادہ کو دودھ پلاتی تھی اور آپ کو معلوم ہو گیا کہ میرے ساتھ دودھ پینے میں حصہ دار ہے تو آپنے اس کے لیے دوسرا

الثَّدْیَ الْاٰخَرَ وَلَمْ یَرْضَعْهُ وَقِیْلَ فِیْهِ لِحَلِیْمَةَ فِی النَّوْمِ الْهَاجِعِ اَبْشِرِیْ

پستان چھوڑ دیا اور اس سے دودھ نہ پیا۔ اور آپ کے متعلق حلیمہ کو گہری نیند میں کہا گیا تجھے بشارت ہو دودھ

بِاَرْضَاعِكِ لِلضِّیَاۤءِ وَهِیَ الشَّفِیْقَةُ وَلَمْ یَزِدْ عَلَی الْقُوْتِ دَقِیْقَةً وَّكَانَ ثَدْیُهَا

پلانے کی۔ واسطے ضیاء (رحمت وکائنات) کے جبکہ وہ آپ کے لیے شفیق تھی اور آپ نے مقدار کفایت سے ذرہ بھی زیادہ نہ پیا حالانکہ ان کے پستان

لَهٗ یَفُوْرُ وَبُطُوْنُ النِّسَاۤءِ سِوَاهَا لَاصِقَةٌ بِالظُّهُوْرِ وَتَرَكَتْهُ اُمُّهٗ وَهُوَ ابْنُ

آپ کے لیے اُبلتے چشمہ کی مانند تھے اور اس کے علاوہ دوسری عورتوں کے شکم (بوجہ بھوک) ان کی پشتوں کے ساتھ چپٹے ہوئے تھے اور آپ کی والدہ ماجدہ نے آپ کو

اَرْبَعَةِ اَعْوَامٍ وَخَرَجَ اِلَی الشَّامِ وَهُوَ ابْنُ اِثْنَیْ عَشَرَ عَامٍ وَّشَهْرَیْنِ وَعَشَرَةِ

داغ مفارقت دیا جبکہ آپ چار سال کے تھے۔ اور آپ شام کی طرف (تجارت کے لیے) تشریف لے گئے جبکہ آپ کی عمر شریف بارہ سال دو ماہ اور دس دن تھی

اَیَّامٍ وَتَرَكَهٗ جَدُّهٗ عَبْدُ الْمُطَّلِبِ هُوَ ابْنُ ثَمَانِیَةِ اَعْوَامٍ وَّشَهْرَیْنِ وَعَشَرَةِ

اور آپ کو آپ کے دادا عبد المطلب نے داغ مفارقت دیا جب کہ آپ آٹھ سال دو ماہ اور دس دن کے تھے

اَیَّامٍ وَكَانَ نُوْرُهٗ یَظْهَرُ عَلٰی وَجْهِ اَبِیْهِ وَجَدِّهٖ قَبْلَ حَمْلِ اُمِّهٖ وَمَوْلِدِهٖ اَللّٰهُمَّ

اور آپ کا نور انور ظاہر ہوتا تھا آپ کے والد ماجد اور دادا جان کے چہرہ پر آپ کی والدہ ماجدہ کے حاملہ ہونے اور جنم دینے سے پہلے۔ اے

صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدِنِ الَّذِیْ اُلْقِیَ فِیْ طِیْنَتِهٖ

اللہ صلوٰۃ وسلام نازل فرما سیدنا محمد اور آپ کی آل پر کہ ملایا گیا ان کی طینت اور خمیر میں وہ نور

النُّوْرُ الَّذِیْ سَبَقَ فَخْرُهٗ وَتَقَادَمَ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّ

کہ سبقت لے گیا فخر اس کا اور (سب سے) مقدم ہو گیا۔ اے اللہ صلوٰۃ وسلام نازل فرما ہمارے آقا محمد اور

عَلٰی اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدِنِ الَّذِیْ اُوْدِعَتْ طِیْنَتُهٗ فِیْ ظَهْرِ اَبِیْهِ اٰدَمَ اَللّٰهُمَّ

آپ کی آل پر کہ اس آقا کی طینت نور بیر ودیعت کی گئی ان کے باپ آدم کی پشت میں۔ اے اللہ

صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدِنِ الَّذِیْ زَارَتْهُ

صلوٰۃ وسلام بھیج ہمارے آقا محمد پر اور ان کی آل پر کہ زیارت کی ملائکہ

الْمَلٰۤئِكَةُ عِنْدَ الْوِلَادَةِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِ سَیِّدِنَا

نے ان کی وقت ولادت ہیں۔ اے اللہ صلوٰۃ وسلام نازل فرما ہمارے آقا محمد اور ان کی آل پر

مُحَمَّدِنِ الَّذِیْ جَآءَتِ الْوُحُوْشُ وَالطُّیُوْرُ لِبَابِهٖ مُنْقَادَةً اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ

کہ جنگلی جانور اور پرندے حاضر ہوئے ان کے در پر تابعدار بن کر۔ اے اللہ صلوٰۃ وسلام بھیج

عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدِنِ الَّذِیْ نَزَلَتِ النُّجُوْمُ عِنْدَ وِلَادَتِهٖ

ہمارے آقا محمد اور ان کی آل پر کہ اترے ستارے ان کی ولادت کے وقت

عَلَی السُّقُوْفِ وَرَفَعَتْهُ الْمَلٰۤئِكَةُ تَدُوْرُ بِهٖ عَلَی الْخَلَاۤئِقِ وَتَطُوْفُ

مکانوں کی چھتوں پر اور اٹھا لیا ان کو ملائکہ نے جبکہ وہ ان کو لے کر خلائق پر گردش اور طواف کرتے تھے

اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدِنِ الَّذِیْ كَانَ مَهْدُهٗ یَتَحَرَّكُ

اے اللہ درود وسلام نازل فرما سیدنا محمد اور آل سیدنا محمد پر کہ جن کا پنگھوڑا (ملائکہ کے ہلانے سے) ہلتا تھا۔

اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدِنِ الَّذِیْ كَانَتِ الْمَلٰۤئِكَةُ

اے اللہ درود وسلام بھیج ہمارے آقا محمد اور آپ کی آل پر کہ جس آقا سے ملائکہ

بِهٖ تَتَبَرَّكُ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدِنِ الَّذِیْ كَانَ

برکات حاصل کرتے تھے۔ اے اللہ درود وسلام نازل فرما ہمارے آقا محمد اور آل محمد پر جو کہ

اَوْفَی النَّاسِ وَصَامَ رَمَضَانَ وَهُوَ فِی الْمَهْدِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ

سب سے زیادہ وفادار تھے اور جنھوں نے ماہ رمضان کے روزے عالم مہد میں رکھے۔ اے اللہ درود وسلام نازل فرما سیدنا محمد

وَّعَلٰی اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدِنِ الَّذِیْ كَانَ الْقَمَرُ یُحَدِّثُهٗ فِیْ حَالَةِ الصِّغَرِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ

اور آپ کی آل پر کہ جن کے ساتھ چاند کلام کرتا تھا عالم صغر میں۔ اے اللہ رحمتیں

وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدِنِ الَّذِیْ كَانَ الْقَمَرُ تُلْهِیْهِ عَنِ الْاَشْفَاۤءِ

اور سلامتی نازل فرما ہمارے آقا محمد اور آپ کی آل پر کہ جنھیں چاند بہلاتا تھا بیماری سے

وَالسَّهَرِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدِنِ الَّذِیْ كَانَ یَسْمَعُ

اور بیداری سے۔ اے اللہ صلوٰۃ وسلام نازل فرما ہمارے آقا محمد اور آپ کی آل پر کہ جو سنا کرتے تھے

وَجْبَةَ الْقَمَرِ مِنَ الْفَرْشِ حِیْنَ یَسْجُدُ تَحْتَ الْعَرْشِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا

چاند کی ٹھوکر (کی آواز) کو فرش زمین پر جبکہ وہ سجدہ ریز ہوتا تھا عرش خداوند تعالیٰ کے نیچے۔ اے اللہ درود وسلام نازل فرما سیدنا

مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓی اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ نِ الَّذِیْ قَرَأَ رِضْوَانٌ فِیْٓ اُذُنَيْهِ وَقَبَّلَهٗ بَيْنَ عَيْنَيْهِ
محمد اور آپ کی آل پر کہ جن کے کانوں میں رضوان جنت نے قراءت کی اور ان کی پیشانی پر بوسہ دیا
اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓی اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ نِ الْمَعْنِیِّ بِقَوْلِ الْعَلِيْمِ
اے اللہ صلوٰۃ وسلام نازل فرما ہمارے آقا محمد اور ان کی آل پر جو مراد و مقصود ہیں اللہ علیم و حکیم کے اس قول سے
الْحَكِيْمِ اَنّٰى لَهُمُ الذِّكْرٰى وَقَدْ جَآءَهُمْ رَسُوْلٌ كَرِيْمٌ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَيِّدِنَا
دوسری کس جگہ سے ہے ان کیلئے نصیحت حاصل کرنے کی گنجائش حالانکہ آچکے ہیں ان کے پاس رسول کریم۔ اے اللہ درود و سلام ہو سیدنا محمد اور آپ کی
مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓی اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ نِ الَّذِیْٓ اَشْرَقَ نُوْرُهٗ فِیْ وَجْهِ اٰدَمَ وَجَبْهَتِهٖ وَزَيَّنَ
آل پر کہ جن کا نور چمکا آدم علیہ السلام کے چہرہ اور ان کی جبین میں اور مزین فرمایا
اللّٰهُ اَسَارِيْرَ وَجْهِ اٰدَمَ بِاَشِعَّتِهٖ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓی اٰلِ
اللہ تعالیٰ نے آدم کی جبین کی سلوٹوں کو آپ کے نور کی شعاعوں سے۔ اے اللہ درود و سلام ہو ہمارے سردار محمد اور آپ کی آل پر
سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ نِ الَّذِیْ تَلَألَأَ نُوْرُهٗ فِیْ وَجْهِ اٰدَمَ وَلَاحَ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَيِّدِنَا
کہ جگمگایا نور ان کا آدم علیہ السلام کے چہرہ میں اور نمودار ہوا۔ اے اللہ صلوٰۃ وسلام نازل فرما سیدنا
مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓی اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ نِ الَّذِیْ تَعَطَّرَ عَبِيْرُ الْعَنْبَرِ مِنْ شَمَآئِلِهٖ وَفَاحَ اَللّٰهُمَّ
محمد اور آپ کی آل پر کہ معطر ہو ہیں عنبری خوشبوئیں ان کے شمائل سے اور مہک اٹھیں۔ اے اللہ
صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓی اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ نِ الَّذِیْ كَانَ نُوْرُهٗ فِیْ وَجْهِ
درود و سلام نازل فرما محمد کریم اور آپ کی آل پر کہ جن کا نور آدم علیہ السلام کے چہرہ سے
اٰدَمَ مُشْرِقًا اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓی اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ نِ الَّذِیْ
ضو فشاں تھا۔ اے اللہ درود و سلام بھیج ہمارے آقا محمد اور ان کی آل پر کہ جن کی
كَانَ طَآئِرُ سَعْدِهٖ حَوْلَ كَمَالِهٖ مُحَدِّقًا اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی
سعادت مندی کا نقش ازل ان کے کمالات کے گرد احاطہ کئے ہوئے تھا۔ اے اللہ صلوٰۃ وسلام نازل فرما ہمارے آقا محمد اور آپ کی
اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ نِ الَّذِی افْتَخَرَ بِهٖ اٰدَمُ وَحَوَّآءُ فِی السَّمَآءِ بِظُهُوْرِ نُوْرِهٖ فِيْهِمَا عَلَمًا
آل پر کہ جن سے فخر حاصل ہوا آدم و حواء کو آسمانوں میں بسبب ظاہر ہونے آپ کے نور کے ان دونوں میں واضح طور پر۔

اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓی اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ نِ الَّذِیْٓ اَشْرَقَ نُوْرُهٗ فِیْ
اے اللہ صلوٰۃ وسلام نازل فرما سیدنا محمد اور آپ کی آل پر کہ روشن ہوا ان کا نور
وَجْهِ حَوَّآءَ الطَّاهِرَةِ وَسَمَا قَدْرُهَا بِهٖ فِی الدُّنْيَا وَالْاٰخِرَةِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی
پاک حواء کے چہرہ میں اور بلند ہوئی اس کی قدر و منزلت بسبب اس نور کے دنیا و آخرت میں۔ اے اللہ صلوٰۃ وسلام
سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓی اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ نِ الَّذِیْ كَانَ نُوْرُهٗ فِیْ غُرَّةِ اٰدَمَ الطَّاهِرَةِ وَاُمِّنَا
نازل فرما ہمارے آقا محمد اور آپ کی آل پر کہ جن کا نور آدم کی روشن پیشانی میں تھا اور ہماری قابل فخر ماں
حَوَّآءَ الْفَاخِرَةِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓی اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ نِ الَّذِیْ
حوا کی جبیں میں۔ اے اللہ صلوٰۃ وسلام نازل فرما ہمارے آقا محمد اور آپ کی آل پر کہ
لَمْ يَزَلْ فِیْ وَجْهِ اٰدَمَ سَاطِعًا وَّفِیْ جَبِيْنِهَا لَامِعًا اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَيِّدِنَا
ہمیشہ رہا (ان کا نور) آدم علیہ السلام کے چہرہ میں روشن اور ان کی جبین سے جھلکنے والا۔ اے اللہ درود و سلام نازل فرما ہمارے آقا
مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓی اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ نِ الَّذِیْ كَمُلَ بِهٖ لِاٰدَمَ وَحَوَّآءَ بُلُوْغُ الْمُنٰى وَتَمَّ لَهُمَا بِهِ
محمد اور آپ کی آل پر کہ جن کی بدولت کامل ہوئی آدم و حواء کے لیے رسائی مطالب کی اور مکمل ہوئی ان دونوں کیلئے بسبب
الْقَبُوْلُ وَالْهَنَا اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓی اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ نِ
آپکے قبولیت اور شادی و خوشی۔ اے اللہ صلوٰۃ وسلام نازل ہو سیدنا محمد اور آل سیدنا محمد پر کہ
الَّذِی افْتَخَرَ بِهٖ اٰدَمُ لِحَوَّآءَ لِخُرُوْجِهٖ مِنْ صُلْبِهٖ وَتَوَسَّلَ بِهٖٓ اِلٰی رَبِّهٖ
جن کے ساتھ فخر ظاہر کیا آدم نے حواء پر بسبب ظاہر ہونے آپکے ان کی پشت سے اور توسل کیا انہوں نے ساتھ آپ کے بارگاہ خداوند تعالیٰ میں
اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓی اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ نِ الَّذِی اشْتَاقَ اٰدَمُ لِرُؤْيَتِهٖ
اے اللہ درود و سلام نازل فرما ہمارے آقا محمد اور ان کی آل پر کہ مشتاق ہوئے آدم علیہ السلام آپ کے دیدار کے
وَتَمَنّٰٓی اٰدَمُ وَحَوَّآءُ مُشَاهَدَةَ طَلْعَتِهٖ وَغُرَّتِهٖ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ
اور دل و جان سے آرزو کی آدم و حواء نے آپ کی طلعت زیبا اور جبین اقدس کے مشاہدہ کی۔ اے اللہ صلوٰۃ وسلام نازل ہو ہمارے آقا
وَّعَلٰٓی اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ نِ الَّذِیْ لَمَّا اشْتَاقَ اٰدَمُ اِلٰی جَلَالَتِهٖ جَعَلَ اللّٰهُ نُوْرَهٗ فِیْ
محمد اور آپ کی آل پر کہ جب مشتاق ہوئے آدم آپ کی شان جلالت کے تو ظاہر کیا اللہ تعالیٰ نے آپ کا نور ان کی شہادت

سَبَّابَتِهٖ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ ۣ الَّذِىْ جَعَلَ

کی انگلی میں۔ اے اللہ صلوٰۃ وسلام نازل ہو محمد کریم اور آپ کی آل پر کہ جن کے

اللّٰهُ نُوْرَ اَصْحَابِهِ الْكِرَامِ فِىْ بَقِيَّةِ اٰدَمَ عَلَيْهِ السَّلَامُ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا

اصحاب کے نور کو اللہ تعالیٰ نے آدم علیہ السلام کے بقیہ جسم (جبین اور چہرہ کے علاوہ حصہ) میں پیدا فرمایا۔ اے اللہ درود وسلام نازل فرما ہمارے آقا

مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ ۣ الَّذِىْ تَلَاْلَاَتْ اَصَابِعُ اٰدَمَ بِنُوْرِهٖ نُوْرًا وَّازْدَادَ

محمد پر اور آپ کی آل پر کہ آپ کے نور کی بدولت چمک اٹھیں آدم علیہ السلام کی انگلیاں اور ان کی رونق بڑھ گئی

بِهٖ بَهْجَةً وَّسُرُوْرًا اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ ۣ الَّذِىْ

اور ان کے سرور میں اضافہ ہوا۔ اے اللہ درود وسلام نازل فرما محمد کریم اور آپ کی آل پر کہ

لَمْ تَزَلْ اَنْوَارُ اَصْحَابِهٖ فِىْ اَصَابِعِ اٰدَمَ تَتَلَاْلَاُ وَتَزْدَادُ فِىْ كُلِّ وَقْتٍ حُسْنًا وَّجَمَالًا

ہمیشہ آپ کے اصحاب کے انوار آدم علیہ السلام کی انگلیوں سے جھلکتے رہتے اور ہر لحظہ ان کے حسن وجمال میں اضافہ ہوتا رہا

اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ ۣ الَّذِىْ كَانَ بِهٖ نُوْرُ اَبِىْ بَكْرٍ

اے اللہ درود وسلام نازل فرما ہمارے آقا محمد اور آپ کی آل پر کہ آپ کی بدولت ابوبکر صدیق کا نور

فِى الْوُسْطٰى مِنْ اَصَابِعِ اٰدَمَ يَظْهَرُ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى اٰلِ

آدم علیہ السلام کی درمیانی انگلی میں ظہور پذیر تھا۔ اے اللہ صلوٰۃ وسلام نازل فرما سیدنا محمد اور آل

سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ ۣ الَّذِىْ كَانَ بِهٖ نُوْرُ عُمَرَ فِى الْبِنْصَرِ مِنْ اَصَابِعِ اٰدَمَ يَزْهَرُ اَللّٰهُمَّ صَلِّ

سیدنا محمد پر کہ آپ کے طفیل عمر فاروق کا نور آدم علیہ السلام کی انگشت شہادت کے ساتھ والی چھوٹی انگلی میں ظاہر ہوتا تھا۔ اے اللہ درود

وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ ۣ الَّذِىْ كَانَ بِهٖ نُوْرُ عُثْمَانَ فِى الْخِنْصَرِ

وسلام بھیج ہمارے آقا محمد اور آل محمد پر کہ آپ کی بدولت عثمان ذی النورین کا نور آدم علیہ السلام کی چھنگلی

مِنْ اَصَابِعِ اٰدَمَ يَلُوْحُ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ ۣ

میں سے چمکتا تھا۔ اے اللہ درود وسلام نازل فرما محمد کریم اور ان کی آل پر

الَّذِىْ كَانَ بِهٖ نُوْرُ عَلِىٍّ فِى الْاِبْهَامِ مِنْ اَصَابِعِ اٰدَمَ اَوْضَحَ الْوُضُوْحِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ

کہ جن کی بدولت علی مرتضٰے کا نور آدم علیہ السلام کے انگوٹھے میں کامل نورانیت کے ساتھ نمایاں تھا۔ اے اللہ درود

وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ ۣ الَّذِىْ وَضَعَ اللّٰهُ فِىْ ظَهْرِ اٰدَمَ

وسلام نازل فرما ہمارے آقا محمد اور ان کی آل پر کہ اللہ تعالےٰ نے رکھے آدم علیہ السلام کی پشت مبارک میں

صلوٰۃ و سلام بھیج سیدنا محمد پر اور سیدنا محمد کی آل پر کہ جس آقا نے

قَسَّمَ الْوَقْتَ عَلٰی قَدْرِ فَضْلِهِمْ فِی الدِّیْنِ وَحَوَآئِجِهِمْ
تقسیم فرمایا وقت کو (غلاموں میں) ان کے دینی فضائل اور ان کے ضروریات کے مطابق

فَیَتَشَاغَلُ بِهِمْ وَیُشْغِلُهُمْ فِیْمَا یُصْلِحُهُمْ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ
پس آپ ان کے ساتھ (تبلیغ وتعلیم) میں مشغول رہتے۔ اور انہیں مشغول رکھتے ان کے اصلاحی امور میں۔ اے اللہ صلوٰۃ وسلام بھیج

عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓی اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدِنِ الَّذِیْ یَشْغَلُ بِالْاُمَّةِ
سیدنا محمد پر اور سیدنا محمد کی آل پر کہ جو آقا مشغول رہتے تھے اُمت کے ساتھ

مِنْ مَّسْئَلَتِهِمْ عَنْهُ وَاِخْبَارِهِمْ بِالَّذِیْ یَنْبَغِیْ لَهُمْ وَیَقُوْلُ لِیُبَلِّغِ
ان کے مسائل دریافت کرنے کی وجہ سے اور انہیں ایسے امور کی خبریں دینے کی وجہ سے جو ان کے لیے موزوں تھے اور فرماتے "چاہیے کہ

الشَّاهِدُ مِنْکُمُ الْغَآئِبَ وَاَبْلِغُوْنِیْ حَاجَةَ مَنْ لَّا یَسْتَطِیْعُ اِبْلَاغَهٗ
پہنچائے تم میں سے حاضر مجلس غائب کو اور پہنچاؤ مجھے حاجت اس شخص کی جو براہ راست پیش کرنے کی استطاعت نہیں رکھتا۔

اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓی اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدِنِ
اے اللہ صلوٰۃ و سلام بھیج سیدنا محمد پر اور سیدنا محمد کی آل پر کہ

الَّذِیْ کَانَ مُتَوَاصِلَ الْاَحْزَانِ وَالْفِکْرَةِ لَیْسَتْ لَهٗ رَاحَةٌ اَللّٰهُمَّ
جو محبوب ہمیشہ قلبی طور پر حالت حزن و ملال میں رہتے تھے اور تفکر کی حالت میں اور نہیں تھی (بوجہ غم امت کے) آپکے لیے راحت

صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓی اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدِنِ الَّذِیْ
اے اللہ صلوٰۃ و سلام بھیج سیدنا محمد پر۔ اور سیدنا محمد کی آل پر کہ جو محبوب (ظاہری طور پر مخلوق کے ساتھ)

کَانَ دَآئِمَ الْبِشْرِ وَعَظِیْمَ الْخُلُقِ اِنْ صَمَتَ فَعَلَیْهِ الْوَقَارُ وَاِنْ
ہمیشہ خندہ پیشانی سے ملتے اور آپ کے اخلاق عظیم تھے۔ اگر خاموشی اختیار فرماتے تو بھی پر وقار انداز ہوتا تھا اور اگر

تَکَلَّمَ سَمَا وَعَلَا اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓی اٰلِ
کلام فرماتے تو آپ سب سے بلند وبالا ہوتے۔ اے اللہ صلوٰۃ وسلام نازل فرما سیدنا محمد پر اور

سَیِّدِنَا مُحَمَّدِنِ الَّذِیْ مَنْ رَاٰهُ بَدَاهَةً هَابَهٗ وَمَنْ خَالَطَهٗ مَعْرِفَةً
سیدنا محمد کی آل پر کہ جنہیں کسی نے اچانک دیکھا تو آپ کی خداداد ہیبت سے مرعوب ہو گیا اور جس نے صحیح پہچان اور عرفان کے ساتھ میل جول

اَحَبَّهٗ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓی اٰلِ سَیِّدِنَا
رکھا تو آپ کا محب بن گیا اے اللہ صلوٰۃ و سلام بھیج سیدنا محمد پر اور سیدنا

مُحَمَّدِ الَّذِیْ كَانَ اَجْوَدَ النَّاسِ لَا یَدَّخِرُ شَیْئًا لِغَدٍ وَّاَشْجَعَهُمْ

محمد کی آل پر کہ جو محبوب سب لوگوں سے زیادہ جواد اور سخی تھے نہیں ذخیرہ فرماتے تھے کوئی چیز اگلے دن کیلئے اور سب سے بہادر

صَدْرًا وَّاَحْسَنَهُمْ صَوْتًا اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی

تھے دل کے لحاظ سے اور حسین تھے آواز کے لحاظ سے۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام بھیج سیدنا محمد پر اور

اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدِ الَّذِیْ كَانَ اَصْدَقَ النَّاسِ قَوْلًا وَّوَعْدًا وَّاَحْلَاهُمْ

سیدنا محمد کی آل پر کہ جو محبوب قول اور وعدہ میں سب سے سچے تھے۔ اور تمام سے شیریں تر تھے

وَاَصْوَبَهُمْ كَلَامًا وَّاَوْضَحَهُمْ بَیَانًا وَّاَفْصَحَهُمْ لَهْجَةً وَّلِسَانًا وَّاَوْفٰهُمْ

اور صائب تھے کلام میں۔ اور سب سے واضح بیان والے تھے۔ اور فصیح ترین زبان اور لہجے والے تھے۔ اور سب سے زیادہ وفا کرنے

عَهْدًا وَّاَجْمَلَهُمْ صَبْرًا وَّاَكْثَرَهُمْ شُكْرًا وَّطَاعَةً اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ

والے تھے عہد کی۔ اور سب سے زیادہ صبر جمیل والے تھے۔ اور سب سے زیادہ شکر گزار اور اطاعت گزار تھے۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام بھیج

عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدِ الَّذِیْ كَانَ اَلْیَنَهُمْ عَرِیْكَةً وَّ

سیدنا محمد پر اور سیدنا محمد کی آل پر کہ جو سب سے زیادہ نرم طبع تھے اور

كَانَ فِیْ صَوْتِهٖ سَهْلٌ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِ

آپ کی آواز میں نرمی اور دھیماپن تھا۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام بھیج سیدنا محمد پر اور

سَیِّدِنَا مُحَمَّدِ الَّذِیْ كَانَ طَوِیْلَ السَّكْتِ لَا یَتَكَلَّمُ فِیْ غَیْرِ حَاجَةٍ یَفْتَتِحُ

سیدنا محمد کی آل پر کہ جو محبوب زیادہ تر حالتِ خاموشی میں رہتے تھے نہیں کلام فرماتے تھے بغیر ضرورت کے کلام

الْكَلَامَ وَیَخْتِمُهٗ بِاسْمِ اللّٰهِ وَیَتَكَلَّمُ بِجَوَامِعِ الْكَلِمِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ

کا آغاز فرماتے اور اس کا اختتام فرماتے اللہ تعالیٰ کے نام پر اور آپ کلمات جامعہ کے ساتھ کلام فرماتے تھے۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام بھیج

عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدِ الَّذِیْ لَا یَنَامُ قَلْبُهٗ وَ

سیدنا محمد پر اور سیدنا محمد کی آل پر کہ جس محبوب کا دل انور نہیں سوتا تھا

اِنْ نَّامَتْ عَیْنَاهُ وَكَانَ صَلّٰی حَتّٰی اِنْتَفَخَتْ قَدَمَاهُ اَللّٰهُمَّ صَلِّ

اگرچہ آنکھ سو جاتی تھی اور آپ نماز ادا کرتے ہوئے (اس قدر قیام فرماتے) کہ سوج جاتے قدم مبارک آپ کے۔ اے اللہ صلوٰۃ

وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدِ الَّذِیْ كَانَ یَعُوْدُ

و سلام بھیج سیدنا محمد پر اور سیدنا محمد کی آل پر جو شہ کونین مریضوں کی

الْمَرِیْضَ وَیَشْهَدُ الْجَنَازَةَ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّ

عیادت فرماتے تھے اور غلاموں کے جنازوں میں تشریف فرما ہوتے تھے۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام بھیج سیدنا محمد پر اور

عَلٰی اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدِ الَّذِیْ كَانَ یُجِیْبُ دَعْوَةَ الْعَبْدِ لَیْسَ بِالْجَافِیْ

سیدنا محمد کی آل پر کہ جو مالک دوسرا قبول فرماتے تھے غلاموں کی دعوت کو۔ آپ نہ جفا کار تھے

وَلَا الْمَهِیْنِ مَا ضَرَبَ بِیَدِهٖ شَیْئًا قَطُّ اِلَّا اَنْ یُّجَاهِدَ فِیْ سَبِیْلِ اللّٰهِ وَلَا

اور نہ ضعیف و ناتواں۔ نہیں مارا آپ نے اپنے ہاتھ سے کسی چیز کو کبھی بھی مگر یہ کہ آپ جہاد کریں اللہ تعالیٰ کی راہ میں۔ اور نہ

ضَرَبَ خَادِمًا وَّلَا امْرَاَةً اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی

آپ نے خادم کو اور نہ کسی عورت کو۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل فرما سیدنا محمد پر اور

اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدِ الَّذِیْ یَضْحَكُ مِمَّا یَضْحَكُ الصَّحَابَةُ مِنْهُ وَیَتَعَجَّبُ

سیدنا محمد کی آل پر کہ جو ہنستے تھے اس امر سے جس سے صحابہ کرام ہنستے تھے۔ اور تعجب

مِمَّا یَتَعَجَّبُوْنَ مِنْهُ وَیَصْبِرُ لِلْغَرِیْبِ عَلَی الْجَفْوَةِ فِیْ مَنْطِقِهٖ وَمَسْئَلَتِهٖ

فرماتے اس امر پر جس سے وہ تعجب کرتے تھے اور درگزر فرماتے مسافر و اجنبی کے لیے اس کی جفاکاری پر خواہ کلام میں ہوتی یا سوال میں

وَیُكْثِرُ الصَّوْمَ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِ سَیِّدِنَا

اور آپ بکثرت روزے رکھتے تھے۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام بھیج سیدنا محمد پر اور سیدنا

مُحَمَّدِ الَّذِیْ كَانَ لَا یَقْطَعُ عَلٰی اَحَدٍ حَدِیْثَهٗ حَتّٰی یَجُوْزَ فَیَقْطَعَهٗ

محمد کی آل پر کہ جو آقا نہیں قطع فرماتے تھے کسی پر اس کی بات کو حتیٰ کہ وہ تجاوز کرتا حد سے تو قطع فرماتے اس کی

بِنَهْیٍ اَوْ قِیَامٍ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدِ

بات کو نہی کے ساتھ یا اٹھ کھڑے ہونے کے ساتھ۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام بھیج سیدنا محمد پر اور سیدنا محمد کی آل پر

الَّذِیْ قَدْ تَرَكَ نَفْسَهٗ مِنَ الرِّیَاءِ وَالْاِكْبَارِ وَمَا لَا یَعْنِیْهِ وَمَا سُئِلَ شَیْئًا قَطُّ

کہ جس اکرم خلائق نے دور رکھا اپنے نفس کو ریاکاری سے اور بڑائی ظاہر کرنے سے اور ہر بے مقصد امر سے اور نہ سوال کیا گیا کسی چیز کا آپ سے کبھی بھی

فقال لا واذا غضب اعرض ولا تغضبه الدنيا وما كان لها اللّٰهم

رحس کے جواب میں آپ نے نہیں کا لفظ فرمایا ہو، اور جب آپ غضبناک ہوجاتے کسی پر تو اس سے منہ موڑ لیتے اور نہیں غضب میں لاتی تھی آپ کو دنیا اور نہ ہی

صل وسلم على سيدنا محمد وعلى آل سيدنا محمد الذي كان اذا تعدي

آپ دنیا کیلئے رغبت رکھتے تھے ۔ اے اللہ صلوٰۃ وسلام بھیج سیدنا محمد پر اور سیدنا محمد کی آل پر کہ جو خلیفۂ خدا اس شان والے تھے کہ جب تعدی کی

الحق لم يقم بغضبه شيء حتى ينتصر له ولا يغضب لنفسه ولا ينتصر

جاتی حق سے تو آپ کے غیظ و غضب کا مقابلہ نہیں کرسکتی تھی کوئی شئی یہاں تک کہ اس کا بدلہ نہ لے لیتے اور نہیں ناراض ہوتے تھے اپنی ذات کے لیے اور نہ اپنے لیے

لها اللّٰهم صل وسلم على سيدنا محمد وعلى آل سيدنا محمد الذي

بدلہ لیتے تھے ۔ اے اللہ صلوٰۃ وسلام بھیج سیدنا محمد پر اور سیدنا محمد کی آل پر کہ جو مخدوم خلائق

كان يقبل الهدية ويثيب عليها ويعظم النعمة اللّٰهم صل

قبول فرماتے تھے ہدیہ کو اور اس پر بدلہ دیتے تھے اور نعمت خداوندی کی تعظیم فرماتے تھے (اگرچہ قلیل ہی کیوں نہ ہوتی) اے اللہ صلوٰۃ

وسلم على سيدنا محمد وعلى آل سيدنا محمد الذي كان لم يشبع

وسلام بھیج سیدنا محمد پر اور سیدنا محمد کی آل پر کہ جس زاہد ترین خلق نے نہیں سیر ہو کر کھایا

من خبز ولا لحم ولم يجتمع عنده غداء ولا عشاء منهما الا على

روٹی کو اور نہ گوشت کو ۔ اور نہ ہی جمع ہوا (بیک وقت) آپ کے پاس صبح کا کھانا اور شام کا ان دونوں سے مگر

ضعف يا حي انت الذي تميت الاحياء وتحيي الاموات يا حي يا

قلیل مرتبہ ۔ اے بہ تقاضائے ذات زندہ رہنے والے تو ہی فوت کرتا ہے زندوں کو اور زندہ کرتا ہے مردوں کو اے زندہ ۔ اے

منعم انت الذي تعجز الخلائق من شكر نعمته يا منعم يا غفار

انعام فرمانے والے تو ہی ہے کہ تمام مخلوقات عاجز و قاصر ہے جس کے شکر نعمت سے اے انعام کرنے والے ۔ اے بخشنے والے

انت الذي تغفر ذنوب عباده بفضله وتعفو عنها برحمته يا غفار

تو ہی بخشتا ہے گناہ اپنے بندوں کے اپنے فضل سے اور درگزر کرتا ہے ان سے اپنی رحمت کے ساتھ ۔ اے بخشنے والے

يا مالك انت الذي تؤتي الملك لمن تشاء بلطفه يا مالك يا قادر

اے مالک تو ہی عطا کرتا ہے اپنا ملک جس کو چاہتا ہے ساتھ اپنے لطف و کرم کے ۔ اے مالک ۔ اے قادر

انت الذي اذا اراد شيئا ان يقول له كن فيكون موجودا بالسرعة يا

تو ہی ایسا قادر ہے کہ جب ارادہ کرے کسی شئی کا پس کہے اسے ہو جا تو وہ موجود ہو جاتی ہے فوری طور پر اے

قادر يا قاهر انت الذي تفني ما شئت وتبقي ما شئت بمشيته

قدرت والے اے قہار تو ہی ایسا قادر ہے کہ فنا کرتا ہے جسے چاہے اور باقی رکھتا ہے جسے چاہے اپنی مشیت کیساتھ

يا قاهر يا حافظ انت الذي تحفظ لمن اردت من آفته و

اے قاہر ۔ اے حافظ تو ہی حفاظت فرماتا ہے جس کے لیے چاہے اپنی آفات اور بلیات سے

بليته برحمته يا قدوس انت الذي تقدست الملائكة المقربون

ساتھ اپنی رحمت کے ۔ اے قدوس تو ہی وہ پاک ذات ہے کہ مقدس ہو گئے ملائکہ مقربون

والانبياء المرسلون بقدسه يا قدوس يا وكيل انت الذي ترفع

اور انبیاء مرسلین اس کے تقدس وطہارت سے ۔ اے قدوس اے کارساز تو ہی اٹھاتا ہے (ذمہ داری)

امور المتوكلين عليك بقدرته وقوته يا وكيل يا مؤمن انت

اپنی ذات پر توکل کرنے والوں کے امور کی اپنی قدرت اور قوت کے ساتھ اے کارساز ۔ اے امن و ایمان دینے والے تو ہی

الذي تعطي الايمان والامان للمؤمن بكرمه ومنه يا مؤمن يا حكيم

عطا فرماتا ہے ایمان اور امان اہل ایمان کو اپنے کرم اور احسان سے ۔ اے مومن ۔ اے حکیم تو ہی وہ حکمت والا ہے کہ

انت الذي تحيرت الفقهاء والحكماء من حكمته يا حكيم يا خالق

حیرت زدہ ہو چکے ہیں فقہاء اور حکماء جس کی حکمت سے اے حکیم ۔ اے خالق

انت الذي تخلق اصناف الخلائق بقدرته يا خالق يا كريم انت

تو ہی پیدا فرماتا ہے مخلوقات کے انواع و اقسام کو اپنی قدرت سے اے خالق ۔ اے کریم تو ہی

الذي تكرم الانسان على سائر الحيوانات بعنايته يا كريم يا وهاب

کرامت دیتا ہے انسان کو تمام حیوانات پر اپنی عنایت سے اے کریم ۔ اے ہبہ کرنے والے

انت الذي تهب لمن تشاء الذكور بعونه يا وهاب يا مالك الملك

تو ہی ہبہ فرماتا ہے جس کو چاہے اولاد نرینہ اپنی اعانت سے اے ہبہ کرنے والے ۔ اے مالک ملک

انت الذی لم یزل ملكه ولا یزال عزه وعلوه یا مالك یا غنی انت

تو ہی وہ ذات ہے کہ ہمیشہ سے ہے ملک جس کا۔ اور ہمیشہ رہے گی عزت اور برتری جس کی اے مالک۔ اے غنی تو ہی

الذی تؤتی الملك لمن تشآء من عباده ولم تر الاحتیاج بحكمه

عطا کرتا ہے ملک جسے چاہے اپنے بندوں سے اور نہیں دیکھی تو نے محتاجی اور مجبوری اپنے حکم میں

یا غنی یا صمد انت الذی تثبت ضمآئر عباده علی وحدانیته

اے غنی۔ اے صمد و بے نیاز تو ہی برقرار رکھتا ہے اپنے بندوں کے دلوں کو اپنی وحدانیت پر

بلطفه یا صمد یا رءوف انت الذی لا ترد المحتاجین محروما

ساتھ اپنے لطف کے اے صمد۔ اے رءوف تو ہی ہے جو نہیں لوٹاتا محتاجوں کو محرومی کی حالت میں

من بابه یا رءوف یا رشید انت الذی ترزق لاهل معرفته

اپنے در والا سے اے رءوف۔ اے رشد و ہدایت کے مالک تو ہی بخشتا ہے اپنے اہل معرفت کو اپنا

قربه ووصاله یا رشید یا قدیم انت الذی لم تبلغ الاوهام الی

قرب اور وصل۔ اے مالک رشد۔ اے قدیم تو ہی وہ ذات والا ہے کہ نہیں پہنچے مخلوق کے وہم و گمان

اوله واخره یا قدیم یا هادی انت الذی تهدی الی معرفته لمن

جس کے اول و آخر کو اے قدیم۔ اے ہدایت دینے والے تو ہی رہنمائی فرماتا ہے اپنی معرفت کی طرف جس کو

تشآء من عباده یا هادی یا رحیم انت الذی تجیب المضطر وتعین

چاہتا ہے اپنے بندوں سے اے ہادی۔ اے رحیم تو ہی ہے جو مجبوروں کی دعا قبول فرماتا ہے اور مظلوموں کی اعانت فرماتا ہے

وتحب العباد برافته لا یرحم احد ولده كما رحمت بمغفرته علی خلقه یا رحیم

اور محبت رکھتا ہے اپنے بندوں سے اپنی رأفت سے نہیں رحم کرتا کوئی اپنی اولاد پر جیسے تو نے رحم کیا ہے اپنی مغفرت کیساتھ اپنی مخلوق پر اے رحیم

یا غفور انت الذی تظهر الحسنات وتستر السیات وتعفو عنها بمغفرته وبرافته

اے غفور تو ہی ہے جو ظاہر فرماتا ہے (ہماری) نیکیوں کو اور چھپاتا ہے (ہماری) برائیوں کو اور درگزر کرتا ہے ان سے اپنی مغفرت اور رأفت کے ساتھ

یا غفور یا كبیر انت الذی تعالی وتكبرت عظمته وجلاله یا كبیر یا علی انت

اے غفور۔ اے کبریائی والے تو ہی ہے جو بلند و برتر ہے اور بڑی ہے عظمت اور جلالت کی اے کبریائی والے۔ اے بلند شان والے تو ہی ہے

الذی اعلی شانه واعظم سلطانه یا علی یا مصور انت الذی تصور

کہ جس کی شان بلند ہے اور جس کی سلطنت عظیم ہے اے بلند شان والے۔ اے مصور تو ہی ہے جو بناتا ہے حسین ترین

احسن الصور بكمال صنعته وبلاغته یا مصور یا جلیل انت الذی لا

صورتیں اپنی صنعت کے انتہائی کمال و انجام کے ساتھ اے مصور اے جلیل تو ہی ہے جس کا

یزال جلاله وملكه وبقآئه یا جلیل یا علیم انت الذی ترزق العلم

جلال۔ ملک اور بقاء دائمی ہے اے جلیل۔ اے علیم تو ہی ہے جو عطا کرتا ہے علم

لمن تشآء بكرمه یا علیم یا قریب انت الذی اقرب من كل قریب

جسے چاہے اپنے کرم سے اے علیم۔ اے قریب تو ہی ہے جو قریب تر ہے ہر قریب سے

بعلمه وقدرته یا قریب یا واحد انت الذی عذبت لمن اشرك وانكر

اپنے علم اور قدرت کے ساتھ اے قریب۔ اے واحد تو ہی ہے جس نے عذاب دیا مشرکین کو اور اپنی وحدانیت کے

وحدانیته بعدله یا واحد یا عظیم انت الذی لم تبلغ خطرات الموحدین

منکرین کو اپنے عدل کے ساتھ اے واحد۔ اے عظیم تو ہی ہے کہ نہیں پہنچے خطرات و خیالات موحدین کے

بكنهه وعظمته یا عظیم یا ولی انت الذی ترزق لولیه مقام الولایة

اس کی حقیقت اور عظمت تک اے عظیم۔ اے ولی و کارساز تو ہی ہے کہ بخشتا ہے اپنے ولیوں کیلئے مقام ولایت کا

بین عباده بمشیته یا ولی یا نور انت الذی تنور اهل السموت والارض

اپنے بندوں کے درمیان اپنی مشیت سے اے ولی۔ اے نور تو ہی ہے جو منور کرتا ہے آسمان و زمین والوں کو

بنوره یا نور یا عزیز انت الذی تذل الكفرین بعدله وتعز المؤمنین بفضله

اپنے نور سے اے نور۔ اے عزیز و غالب تو ہی جو ذلیل کرتا ہے کفار کو اپنے عدل سے اور عزت دیتا ہے مومنین کو اپنے فضل سے

یا عزیز اللهم انی اسئلك بعزة هذه الاسمآء وعظمتها وشرفها وكمالها و

اے عزیز۔ اے اللہ میں تجھ سے سوال کرتا ہوں۔ ان اسماء کی عزت و حرمت اور عظمت و شرافت اور کمال و

جلالها وسلطانها وبرهانها وذكرها وانسها ونورها وبحق اسرارها و

جلال اور سطوت و سلطان اور ان کی حجت و برہان۔ اور ان کے ذکر اور انس و نور کے توسل سے۔ اور بطفیل ان کے حق اسرار و

تَعْدَادِهَا وَكَبِيْرِهَا وَصَغِيْرِهَا وَدَرَجَاتِهَا وَدَعْوَاتِهَا وَخَوَاصِّهَا وَتَاثِيْرِهَا
تعداد کے اور ان کے کبیر و صغیر کے اور ان کے درجات و دعوات کے اور خواص و تاثیر کے
وَتَفْسِيْرِهَا وَمَعَانِيْهَا وَظَاهِرِهَا وَبَاطِنِهَا وَرُسُوْمِهَا وَكُسُوْرِهَا وَسَطْوَتِهَا وَ
اور بوسیلہ ان کی تفسیر و معانی کے اور ظاہر و باطن کے اور ان کے رسوم اور نقشوں کے اور ان کے کسور اور عددی تقسیم کے صدقے میں اور
اَبْنَاتِهَا وَخُدَّامِهَا وَاَقْلَامِهَا وَعَظْمَةِ جَمِيْعِ اَسْمَآئِهَا اَنْ تُصَلِّيَ عَلٰى مُحَمَّدٍ
ان کی سطوت اور شدتوں اور ان کے خدام اور ان کے رکھنے والی قلموں کے طفیل اور تمام اسماء کی عظمت کے طفیل (سوال کرتا ہوں) کہ صلوٰۃ بھیجے سیدنا
وَّعَلٰى اٰلِ مُحَمَّدٍ وَّاَنْ تَرْزُقَنِيْ دِيْنًا ثَابِتًا وَّيَقِيْنًا صَادِقًا وَّاِخْلَاصًا
محمد پر اور آل محمد پر اور عطا کرے مجھے پائیدار دین ۔ کامل یقین اور کامل اخلاص اور
كَامِلًا وَّشَوْقًا وَّاشْتِيَاقًا غَالِبًا وَّارْزُقْنِيْ بِجَمِيْعِ اَوْلِيَآئِكَ وَاَصْفِيَآئِكَ
غالب آنے والا شوق و اشتیاق اور رزق عطا فرما مجھے بطفیل اپنے تمام اولیاء و اصفیاء کے
وَاحْفَظْنِيْ مِنْ شَرِّ الشَّيْطَانِ وَالنَّفْسِ الْاَمَّارَةِ وَمِنْ شَرِّ جَمِيْعِ الْعُقُوْبَاتِ
اور محفوظ رکھ مجھے شیطان اور نفس امارہ کے شر سے ۔ اور تمام
الدُّنْيَوِيَّةِ وَالْاُخْرَوِيَّةِ بِفَضْلِكَ وَكَرَمِكَ وَرَحْمِكَ وَعَفْوِكَ يَا عَفُوُّ
دنیوی اور اخروی سزاؤں کے شر سے ساتھ اپنے فضل و کرم کے اور رحم و عفو کے اے درگزر فرمانے والے
اَللّٰهُمَّ اِنِّيْ اَسْئَلُكَ بِكَرَمِكَ التَّوْحِيْدَ وَرَحْمِكَ التَّوْحِيْدَ
اے اللہ بیشک میں سوال کرتا ہوں تجھ سے تیرے کرم کے صدقے میں توحید کا اور رحم کے صدقے میں توحید کا
وَعَفْوِكَ التَّوْحِيْدَ وَبِكَمَالِكَ التَّوْحِيْدَ وَبِوِصَالِكَ
اور عفو کے صدقے میں توحید کا ۔ اور تیرے کمال کے صدقے میں توحید کا اور تیرے وصال کے صدقے میں
التَّوْحِيْدَ قُلْ هُوَ اللّٰهُ اَحَدٌ ۝ اَللّٰهُ الصَّمَدُ ۝ لَمْ يَلِدْ
توحید کے حصول کا ۔ فرما دیجئے وہ اللہ یکتا ہے ۔ اللہ بے نیاز ہے ۔ اس نے کسی کو جنم نہیں دیا
وَلَمْ يُوْلَدْ ۝ وَلَمْ يَكُنْ لَّهٗ كُفُوًا اَحَدٌ ۝
وہ کسی سے نہیں جنا گیا اور نہیں اس کے لیے رشتہ دار کوئی ۔

بسم اللہ الرحمن الرحیم

إِنَّ اللّٰهَ وَمَلٰٓئِكَتَهٗ يُصَلُّوْنَ عَلَى النَّبِيِّ يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا صَلُّوْا عَلَيْهِ وَسَلِّمُوْا تَسْلِيْمًا

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّبَارِكْ وَسَلِّمْ

الحمد للہ و المنۃ

کہ دریں زمان سعادت اقتران بفضل

ایزد منان تحفہ عجائب وہدیہ غرائب الی اللہ

مقبول بارگاہ شاہ کونین حضرت محمد رسول اللہ

مسمّٰی بہ

مجموعۂ صلوات الرسول

الجزء الرابع

فی لباسہ وملبسہ صلی اللہ علیہ وسلم

از تصنیف خادم مخلوق الملک السبحان خلیفہ حضرت شاہ جیلان

حضرت خواجۂ خواجگان خواجہ عبد الرحمن صاحب

ساکن چھوہر شریف ضلع ہری پور

صوبۂ سرحد پاکستان

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ○

اللہ تعالیٰ کے نام سے شروع جو بہت رحم کرنے والا مہربان ہے

اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ اَسْئَلُكَ بِصَدْرِ بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ○ وَبِحِرْزِ بِسْمِ

اے اللہ میں تجھ سے سوال کرتا ہوں بطفیل بسم اللہ الرحمٰن الرحیم کی صدارت اور شروع میں آنے کے اور بطفیل بسم

اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ○ وَبِخَضْرِ بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ○ وَبِسَتْرِ

اللہ الرحمٰن الرحیم کے حرز و پناہ کے اور بطفیل بسم اللہ الرحمٰن الرحیم کی سرسبزی و شادابی کے۔ اور بطفیل

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ○ اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ ○ الرَّحْمٰنِ

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم کے ستر و پردہ کے سب تعریفیں اللہ تعالیٰ کے لیے ہیں جو پالنے والا سب جہانوں کا ہے بہت رحم کرنے والا

الرَّحِيْمِ ○ مٰلِكِ يَوْمِ الدِّيْنِ ○ اِيَّاكَ نَعْبُدُ وَاِيَّاكَ نَسْتَعِيْنُ ○ اِهْدِنَا

مہربان ہے۔ مالک ہے روزِ جزا کا۔ (اے ان صفات کمال سے ممتاز و مختص) تیری ہی عبادت کرتے ہیں اور تجھ سے ہی توفیق طلب کرتے ہیں۔ چلا ہمیں

الصِّرَاطَ الْمُسْتَقِيْمَ ○ صِرَاطَ الَّذِيْنَ اَنْعَمْتَ عَلَيْهِمْ غَيْرِ الْمَغْضُوْبِ

راہ راست پر۔ راہ ان لوگوں کی جن پر تو نے انعام فرمایا ہے نہ ان لوگوں کی جن پر (تیری طرف سے) غضب

عَلَيْهِمْ وَلَا الضَّآلِّيْنَ ○ اٰمِيْنَ ○ قَالَ اللّٰهُ تَعَالٰى : يٰبَنِيْٓ اٰدَمَ قَدْ

کیا گیا ہے اور نہ راہ راست سے بھٹکے ہوئے کی۔ ایسے ہی ہو۔ فرمایا اللہ تعالیٰ نے اے اولاد آدم تحقیق

اَنْزَلْنَا عَلَيْكُمْ لِبَاسًا يُّوَارِيْ سَوْاٰتِكُمْ وَرِيْشًا وَّلِبَاسُ التَّقْوٰى

ہم نے نازل کیا ہے تم پر لباس جو چھپاتا ہے تمہاری شرمگاہوں کو اور تمہارے لیے سامان زینت و آرائش ہے اور تقویٰ کا لباس ہی

ذٰلِكَ خَيْرٌ ط ذٰلِكَ مِنْ اٰيٰتِ اللّٰهِ لَعَلَّهُمْ يَذَّكَّرُوْنَ ○ يٰبَنِيْٓ اٰدَمَ

سب سے بہتر ہے وہ اللہ تعالیٰ کی آیات سے ہے تاکہ وہ نصیحت حاصل کریں۔ اے اولاد آدم

لَا يَفْتِنَنَّكُمُ الشَّيْطٰنُ كَمَآ اَخْرَجَ اَبَوَيْكُمْ مِّنَ الْجَنَّةِ يَنْزِعُ عَنْهُمَا

ہرگز فتنہ میں نہ ڈالے تمہیں شیطان جیسے کہ اس نے نکالا تمہارے ماں باپ کو جنت سے جبکہ کھینچتا تھا (باعتبار سبب لغزش ہونے کے) ان

لِبَاسَهُمَا لِيُرِيَهُمَا سَوْاٰتِهِمَا وَقَالَ اللّٰهُ تَعَالٰى فَلَمَّا ذَاقَا الشَّجَرَةَ

دونوں سے ان کا لباس جنت تاکہ دکھلائے انہیں ان کی شرمگاہیں اور فرمایا اللہ تعالیٰ نے۔ پس جب چکھا ان دونوں نے درخت ممنوعہ کو

بَدَتْ لَهُمَا سَوْاٰتُهُمَا وَطَفِقَا يَخْصِفٰنِ عَلَيْهِمَا مِنْ وَّرَقِ الْجَنَّةِ

تو ظاہر ہو گئیں ان کے لیے ان کی شرمگاہیں اور لپیٹنے لگے اپنے اُوپر جنتی درختوں کے پتوں سے

وَقَالَ اللّٰهُ تَعَالٰى فِيْ حَقِّ الرِّجَالِ وَالنِّسَآءِ وَهُنَّ لِبَاسٌ لَّكُمْ وَاَنْتُمْ

اور فرمایا اللہ تعالیٰ نے مردوں اور عورتوں کے حق میں " اور وہ عورتیں لباس ہیں تمہارے لیے اور تم

لِبَاسٌ لَّهُنَّ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ الَّذِيْ كَسَاهُ اللّٰهُ حُلَّةَ

لباس ہو ان کیلئے (ہر ایک گناہ سے بچاؤ کا سبب ہونے کی وجہ سے) اے اللہ صلوٰۃ بھیج سیدنا محمد پر جنہیں اللہ تعالیٰ نے پہنائی پوشاک اور خلعت

التَّفْضِيْلِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ خَيْرِ مَنْ حَصَلَ لَهٗ

فضیلت و برتری کی۔ اے اللہ صلوٰۃ بھیج سیدنا محمد پر جو بہتر ہیں ان تمام حضرات سے جنہیں حاصل ہوا

جَزِيْلُ الثَّوَابِ مِنْ رَّبِّ الْاَرْبَابِ اَللّٰهُمَّ اَعْطِنِيْ بِفَضْلِهٖ وَكَرَمِهٖ

عظیم ثواب رب الارباب کی طرف سے۔ اے اللہ عطا فرما مجھے اپنے محبوب کے فضل و کرم کے صدقے میں

تَغَطِّيْ لِبَاسِ التَّوْحِيْدِ وَالْمَعْرِفَةِ وَتَلَبُّسَ الْحُبِّ بِتَوْرِيَةِ الْعَارِفِ

پردہ پوشی توحید اور معرفت کے لباس سے۔ اور پوشش حب کی بسبب پہنانے عارف کے

بِكَمَالِ الْمَحَبَّةِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ الَّذِيْ قَالَ مَنْ

ساتھ کمال محبت سے۔ اے اللہ صلوٰۃ بھیج سیدنا محمد پر جنہوں نے فرمایا " جو

لَبِسَ ثَوْبَ الشُّهْرَةِ فِي الدُّنْيَا اَلْبَسَهُ اللّٰهُ تَعَالٰى ثَوْبَ مَذَلَّةٍ يَّوْمَ

پہنے اور اوڑھے لباس شہرت والا دُنیا میں پہنائے گا اللہ تعالیٰ اسے لباس ذلت و رسوائی کا

الْقِيٰمَةِ ثُمَّ اَلْهَبَ فِيْهِ نَارًا اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ الَّذِيْ

قیامت کے دن پھر اس میں بھڑکائے گا (اس پر) جہنم کی آگ۔ اے اللہ صلوٰۃ بھیج سیدنا محمد پر کہ جنہیں

اُدْرِجَ فِيْ بُرْدِ حِبَرَةٍ وَّثَوْبَيْنِ اَبْيَضَيْنِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا

لپیٹا گیا (بوقت تکفین) یمنی چادر میں اور دو سفید کپڑوں میں۔ اے اللہ صلوٰۃ بھیج سیدنا

مُحَمَّدِ الَّذِيْ كُفِّنَ فِيْ ثَلٰثَةِ اَثْوَابٍ بِيْضٍ سُحُوْلِيَّةٍ اَللّٰهُمَّ صَلِّ

محمد پر جنہیں کفن دیا گیا تین سفید سوتی کپڑوں میں۔ اے اللہ صلوٰۃ بھیج

عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ الَّذِيْ كَانَ اَحَبُّ الثِّيَابِ

سیدنا محمد پر اور سیدنا محمد کی آل پر کہ جن کے نزدیک محبوب ترین کپڑا

اِلَيْهِ اَنْ يَّلْبَسَهَا الْحِبَرَةُ وَالنِّسَآءُ وَالْاَلْوَانُ وَصَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ

واسطے پہننے کے یمنی چادریں تھیں اور عورتیں اور کھانے کے مختلف اقسام اور صلوٰۃ بھیج سیدنا محمد پر

الَّذِيْ لَبِسَ جُبَّةً رُّوْمِيَّةً ضَيِّقَةَ الْكُمَّيْنِ وَصَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ

کہ جنہوں نے زیب تن فرمایا رومی جبہ جو تنگ آستینوں والا تھا۔ اور صلوٰۃ بھیج سیدنا محمد پر

الَّذِيْ كَانَ فِرَاشُهُ الَّذِيْ يَنَامُ عَلَيْهِ اَدَمًا وَّحَشْوُهٗ لِيْفٌ وَصَلِّ

کہ جن کا وہ بچھونا جس پر استراحت فرماتے تھے چمڑے سے تھا اور اس کی اندر کھجور کی چھال بھری تھی۔ اور صلوٰۃ بھیج

عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ الَّذِيْ كَانَ وِسَادُهُ الَّذِيْ يَتَّكِئُ عَلَيْهِ مِنْ اَدَمٍ

سیدنا محمد پر جن کا تکیہ کہ جس پر اوٹ لگاتے تھے چمڑے سے تھا

وَّحَشْوُهٗ لِيْفٌ وَصَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ الَّذِيْ قَالَ قَآئِلٌ فِيْهِ

اور اس کی بھرائی کھجور کی چھال سے تھی۔ اور صلوٰۃ بھیج سیدنا محمد پر کہ جن کے متعلق کہا کہنے والے نے

لِاَبِيْ بَكْرٍ هٰذَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مُقْبِلًا مُّتَقَنِّعًا

ابوبکر صدیق کو یہ اللہ تعالیٰ کے رسول ہیں صلی اللہ علیہ وسلم جو ادھر تشریف لا رہے ہیں در آنحالیکہ منہ مبارک کو کپڑے سے ڈھانپے ہوئے ہیں

وَصَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ الَّذِيْ قَالَ لَا يَنْظُرُ اللّٰهُ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ اِلٰى

اور صلوٰۃ بھیج سیدنا محمد پر کہ جنہوں نے فرمایا " نہیں نظر فرمائے گا اللہ تعالیٰ روز قیامت (نظر رحمت) طرف

مَنْ جَرَّ اِزَارَهٗ بَطَرًا وَصَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ الَّذِيْ قَالَ بَيْنَمَا

اس شخص کے جو گھسیٹے اپنی چادر کو فخر و ناز سے۔ اور صلوٰۃ بھیج سیدنا محمد پر کہ جنہوں نے فرمایا " اس دوران کہ ایک آدمی

رَجُلٌ يَّجُرُّ اِزَارَهٗ مِنَ الْخُيَلَآءِ خُسِفَ بِهٖ فَهُوَ يَتَجَلْجَلُ فِي الْاَرْضِ

گھسیٹ رہا تھا اپنی چادر کو تکبر سے تو اسے زیرِ زمین دھنسا دیا گیا پس وہ حرکت کرتا رہے گا نیچے کی طرف زمین میں

اِلٰى يَوْمِ الْقِيٰمَةِ وَصَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ الَّذِيْ قَالَ مَنْ لَبِسَ

قیامت تک۔ اور صلوٰۃ بھیج سیدنا محمد پر کہ جنہوں نے فرمایا " جس شخص نے پہنا

الْحَرِيْرَ فِي الدُّنْيَا لَمْ يَلْبَسْهُ فِي الْاٰخِرَةِ وَصَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ
ریشمی کپڑا دُنیا میں نہیں پہنے گا اسے آخرت میں ۔ اور صلوٰۃ بھیج سیّدنا محمد پر
الَّذِیْ قَالَ اِنَّمَا يَلْبَسُ الْحَرِيْرَ فِي الدُّنْيَا مَنْ لَّا خَلَاقَ لَهٗ فِي الْاٰخِرَةِ وَ
کہ جنھوں نے فرمایا " نہیں اوڑھتا پہنتا ریشمی لباس دُنیا میں مگر وہی کہ نہیں ہے حصّہ اس کے لیے آخرت میں اور
صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ الَّذِیْ قَالَ الْاِسْبَالُ فِي الْاِزَارِ وَالْقَمِيْصِ وَ
صلوٰۃ بھیج سیّدنا محمد پر کہ جنھوں نے فرمایا۔ کہ اسبال اور تجاوز چادر۔ قمیص اور
الْعِمَامَةِ مَنْ جَرَّ مِنْهَا شَيْئًا خُيَلَاءَ لَمْ يَنْظُرِ اللّٰهُ اِلَيْهِ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ وَ
عمامہ تینوں میں ہے۔ جس نے گھسیٹا یا حد معروف سے تجاوز کیا ان میں ازرہ تکبر نہیں نظر فرمائے گا اللہ تعالیٰ طرف انکے قیامت کے دن
صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ الَّذِیْ كَانَ كِمَامُ اَصْحَابِهٖ بُطْحًا وَصَلِّ عَلٰى
اور صلوٰۃ بھیج سیّدنا محمد پر کہ جن کے اصحاب کرام کی آستینیں کشادہ ہوتی تھیں۔ اور صلوٰۃ بھیج
سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ الَّذِیْ كَانَ كُمُّ قَمِيْصِهٖ اِلَى الرُّسْغِ وَصَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا
سیّدنا محمد پر کہ جن کے قمیص کی آستین کلائی اور کف کے جوڑ تک ہوتی تھی۔ اور صلوٰۃ بھیج سیّدنا
مُحَمَّدِ الَّذِیْ كَانَ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِذَا لَبِسَ قَمِيْصًا بَدَاَ
محمد۔ صلی اللہ علیہ وسلم پر کہ جو جب بھی قمیص اوڑھتے تو اوڑھنے کا آغاز فرماتے
بِمَيَامِنِهٖ وَصَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ الَّذِیْ يَقُوْلُ اِزَارُ الْمُؤْمِنِ اِلٰى
دائیں جانب (دائیں آستین) سے۔ اور صلوٰۃ بھیج سیّدنا محمد پر کہ جو فرماتے ہیں" مومن کی چادر اس کی
اَنْصَافِ سَاقَيْهِ لَا جُنَاحَ عَلَيْهِ فِيْمَا بَيْنَهٗ وَبَيْنَ الْكَعْبَيْنِ وَمَآ
آدھی پنڈلیوں تک ہونی چاہیئے (اور) نہیں حرج اس پر وہاں سے ٹخنوں تک اور جو
اَسْفَلَ مِنْ ذٰلِكَ فَفِي النَّارِ قَالَ ذٰلِكَ ثَلٰثَ مَرَّاتٍ وَلَا يَنْظُرُ اللّٰهُ
اس سے نیچے ہے تو وہ آگ میں (جلائے جانے کے لائق) ہے۔ فرمایا اسے تین مرتبہ۔ اور نہیں نظر فرمائے گا اللہ تعالیٰ
يَوْمَ الْقِيٰمَةِ اِلٰى مَنْ جَرَّ اِزَارَهٗ بَطَرًا وَصَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ الَّذِیْ
قیامت کے دن طرف اس کے جو گھسیٹے اپنی چادر کو بطور فخر وناز کے ۔ اور صلوٰۃ بھیج سیّدنا محمد پر کہ جنہیں

قَالَتْ اُمُّ سَلَمَةَ لَهٗ حِيْنَ ذَكَرَ الْاِزَارَ فَالْمَرْاَةُ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ قَالَ
حضرت ام المومنین ام سلمہ رضی اللہ عنہا نے عرض کیا جبکہ آپ نے چادر کا ذکر کیا تو عورت (کے متعلق کیا حکم ہے) یا رسول اللہ تو آپ نے
تُرْخِيْ شِبْرًا فَقَالَتْ اِذًا تَنْكَشِفُ عَنْهَا قَالَ فَذِرَاعًا لَا تَزِيْدُ
فرمایا وہ ایک بالشت تک لٹکائے تو انہوں نے عرض کی تب تو اس سے ہٹ کر اسے برہنہ کر دیگی تو فرمایا ایک ہاتھ تک لٹکائے اس
عَلَيْهِ فَقَالَتْ اِذًا تَنْكَشِفُ اَقْدَامُهُنَّ قَالَ فَيُرْخِيْنَ ذِرَاعًا
پر زیادہ نہ کرے۔ تو انہوں نے عرض کیا تب بھی ان کے قدم ننگے ہو جائیں گے تو آپ نے فرمایا تو لٹکائیں ایک ہاتھ نہ زیادہ
لَا يَزِدْنَ عَلَيْهِ وَصَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ الَّذِیْ اِنَّهٗ لَمُطْلَقُ الْاَزْرَارِ
کریں اس پر۔ اور صلوٰۃ بھیج سیّدنا محمد پر کہ جو قمیص کے بٹن کھولے ہوئے تھے
قَالَ اَبُوْ مُعَاوِيَةَ بْنُ قُرَّةَ فَاَدْخَلْتُ يَدِيْ فِيْ جَيْبِ قَمِيْصِهٖ فَمَسِسْتُ
کہا ابو معاویہ بن قرہ نے پس میں نے داخل کیا اپنا ہاتھ آپ کے قمیص کے گریبان میں پس چھوا میں نے
الْخَاتَمَ وَصَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ الَّذِیْ قَالَ عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ عَوْفٍ
آپ کی خاتم نبوت کو۔ اور صلوٰۃ بھیج سیّدنا محمد پر کہ فرمایا عبد الرحمٰن بن عوف نے (رضی اللہ عنہ)
عَمَّمَنِيْ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَسَدَلَهَا بَيْنَ يَدَيَّ وَ
عمامہ باندھا مجھے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے پس لٹکایا اس کا ایک شملہ میری اگلی کی جانب اور دوسرا
مِنْ خَلْفِيْ وَصَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ اِذَا اعْتَمَّ سَدَلَ عِمَامَتَهٗ بَيْنَ
پچھلی جانب۔ اور صلوٰۃ بھیج سیّدنا محمد پر کہ جو خود دستار باندھتے تھے تو لٹکاتے عمامہ کے دونوں شملے اپنے
كَتِفَيْهِ وَصَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ الَّذِیْ قَالَ فَرْقُ مَا بَيْنَنَا وَبَيْنَ
دونوں کندھوں کے درمیان اور صلوٰۃ بھیج سیّدنا محمد پر کہ جنھوں نے فرمایا" فرق وہ جو ہمارے درمیان اور مشرکین کے درمیان ہے
الْمُشْرِكِيْنَ الْعَمَائِمُ عَلَى الْقَلَانِسِ وَصَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ الَّذِیْ
وہ ہے دستاروں کا ٹوپیوں پر (باندھنا اہل اسلام کے لیے اور بغیر ٹوپیوں کے مشرکین کے لیے) اور صلوٰۃ بھیج سیّدنا محمد پر کہ جو
كَانَ اِذَا اسْتَجَدَّ ثَوْبًا سَمَّاهُ بِاسْمِهٖ عِمَامَةً اَوْ قَمِيْصًا اَوْ رِدَآءً ثُمَّ يَقُوْلُ
جدید کپڑا بناتے تو اس کا نام لیتے (کہ یہ) عمامہ یا چادر ہے۔ پھر فرماتے

اَللّٰهُمَّ لَكَ الْحَمْدُ كَمَا كَسَوْتَنِيْهِ اَسْئَلُكَ خَيْرَهٗ وَخَيْرَ مَا صُنِعَ لَهٗ وَاَعُوْذُ
اے اللہ تیرے لیے حمد ہے جیسے کہ تو نے پہنایا مجھے سوال کرتا ہوں میں تجھ سے اس کی خیر و بھلائی کا اور جس کیلئے بنایا گیا ہے اسکی خیر کا۔ اور پناہ مانگتا ہوں
بِكَ مِنْ شَرِّهٖ وَشَرِّ مَا صُنِعَ لَهٗ حِيْنَ رَزَقَنِيَ اللّٰهُ اَوْ اَعْطَانِيْ اَوْ كَسَانِيْ هٰذِهٖ
تجھ سے اس کے شر سے اور اس کے شر سے جس کے لیے بنایا گیا ہے جبکہ رزق دیا مجھے اللہ نے یا عطا کیا یا پہنایا مجھے یہ
اَلْعِمَامَةَ اَوِ الْقَمِيْصَ اَوِ الرِّدَآءَ وَصَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدِنِ الَّذِىْ قَالَتْ
عمامہ یا قمیص یا چادر اور صلوٰۃ بھیج سیدنا محمد پر کہ جن کے متعلق فرمایا
عَآئِشَةُ قَالَ لِيْ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ يَا عَآئِشَةُ اِنْ
ام المومنین عائشہ نے کہ فرمایا مجھے رسول اللہ صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم اے عائشہ اگر
اَرَدْتِّ اللُّحُوْقَ بِيْ فَلْيَكْفِيْكِ مِنَ الدُّنْيَا كَزَادِ الرَّاكِبِ وَاِيَّاكِ وَ
تو ارادہ رکھتی ہے لاحق ہونے کا ساتھ میرے (دار آخرت میں) پس چاہیے کہ کفایت کرے تجھے دُنیا سے مثل سوار کے سفر خرچ کے۔ اور بچا
مُجَالَسَةَ الْاَغْنِيَآءِ وَلَا تَسْتَخْلِقِيْ ثَوْبًا حَتّٰى تُرَقِّعِيْهِ وَصَلِّ عَلٰى
اپنے آپ کو اغنیاء کی ہمنشینی سے اور نہ بوسیدہ سمجھنا کسی استعمال میں لائے ہوئے کپڑے کو جب تک اسے پیوند نہ لگائے اور صلوٰۃ بھیج
سَيِّدِنَا مُحَمَّدِنِ الَّذِىْ قَالَ مَنْ اَكَلَ طَعَامًا ثُمَّ قَالَ الْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِىْ
سیدنا محمد پر جنھوں نے فرمایا کہ جس نے کھانا کھایا پھر کہا "سب تعریفیں اللہ تعالےٰ کے لیے ہیں جس نے
اَطْعَمَنِيْ هٰذَا الطَّعَامَ وَرَزَقَنِيْهِ مِنْ غَيْرِ حَوْلٍ مِّنِّيْ وَلَا قُوَّةٍ غُفِرَ لَهٗ
مجھے یہ کھانا کھلایا اور رزق دیا بغیر میری محنت اور قوت کے" بخشے جائیں گے اس کے لیے
مَا تَقَدَّمَ مِنْ ذَنْبِهٖ وَمَنْ لَبِسَ ثَوْبًا فَقَالَ الْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِىْ كَسَانِيْ
جو گزر چکے اس کے گناہوں سے۔ اور جس نے پہنا کپڑا پس کہا حمد ہے اللہ کے لیے جس نے مجھے پہنایا
هٰذَا وَرَزَقَنِيْهِ مِنْ غَيْرِ حَوْلٍ مِّنِّيْ وَلَا قُوَّةٍ غُفِرَ لَهٗ مَا تَقَدَّمَ مِنْ
یہ اور نصیب کیا میرے بغیر میری محنت و قوت کے" بخشے جائیں گے جو گزر چکے اس کے گناہوں سے
ذَنْبِهٖ وَمَا تَاَخَّرَ وَصَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدِنِ الَّذِىْ قَالَ اِلْبَسُوا الثِّيَابَ
اور جو آئندہ سرزد ہوں گے۔ اور صلوٰۃ بھیج سیدنا محمد پر جنھوں نے فرمایا کہ سفید کپڑے

الْبِيْضَ فَاِنَّهَا اَطْهَرُ وَاَطْيَبُ وَكَفِّنُوْا فِيْهَا مَوْتَاكُمْ وَصَلِّ عَلٰى
استعمال کرو کیونکہ وہ زیادہ پاکیزہ اور صاف ستھرے ہیں اور کفن دو انہیں میں اپنے فوت شدگان کو۔ اور صلوٰۃ بھیج
سَيِّدِنَا مُحَمَّدِنِ الَّذِىْ قَالَ اَلَا تَسْمَعُوْنَ اَلَا تَسْمَعُوْنَ اِنَّ الْبَذَاذَةَ
سیدنا محمد پر جنھوں نے فرمایا "کیا سنتے نہیں ہو کیا سنتے نہیں ہو بے شک شکستہ حالی
مِنَ الْاِيْمَانِ اِنَّ الْبَذَاذَةَ مِنَ الْاِيْمَانِ وَصَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدِنِ
ایمان کا جزو ہے۔ بے شک شکستہ حالی ایمان کا جزو ہے۔ اور صلوٰۃ بھیج سیدنا محمد
الَّذِىْ قَالَ مَنْ لَبِسَ ثَوْبَ شُهْرَةٍ فِى الدُّنْيَا اَلْبَسَهُ اللّٰهُ ثَوْبَ
پر جنھوں نے فرمایا جس نے شہرت والا لباس پہنا دُنیا میں پہنائے گا اللہ تعالیٰ اس کو لباس
مَذَلَّةٍ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ وَصَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدِنِ الَّذِىْ قَالَ مَنْ
ذلت کا قیامت کے دن۔ اور صلوٰۃ بھیج سیدنا محمد پر جنھوں نے فرمایا کہ جس شخص نے
تَرَكَ لُبْسَ ثَوْبِ جَمَالٍ وَهُوَ يَقْدِرُ عَلَيْهِ وَفِىْ رِوَايَةٍ تَوَاضُعًا
ترک کیا پہننا زیبائش و آرائش والے لباس کا حالانکہ وہ اس کے پہننے پر قادر ہو اور ایک روایت میں یہ اضافہ ہے کہ بطور
كَسَاهُ اللّٰهُ حُلَّةَ الْكَرَامَةِ وَمَنْ تَزَوَّجَ لِلّٰهِ تَوَّجَهُ اللّٰهُ تَاجَ الْمُلْكِ
تواضع کے پہنائے گا اللہ تعالیٰ اسے عزت و کرامت کی پوشاک اور جو شادی کرے اللہ کے لیے اللہ تعالیٰ پہنائے گا اسے ملک و سلطنت کا تاج
وَصَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدِنِ الَّذِىْ قَالَ اِنَّ اللّٰهَ يُحِبُّ اَنْ يُّرٰى اَثَرُ
اور صلوٰۃ بھیج سیدنا محمد پر جنھوں نے فرمایا کہ اللہ تعالیٰ محبوب رکھتا ہے کہ دیکھا جائے اس کی نعمت کا اثر
نِعْمَتِهٖ عَلٰى عَبْدِهٖ وَقَالَ اَبُو الْاَحْوَصِ اَتَيْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى
ونشان اس کے بندے پر۔ اور کہا ابو الاحوص رضی اللہ عنہ نے میں حاضر ہوا بارگاہ رسول اللہ صلی
اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَعَلَىَّ ثَوْبٌ دُوْنٌ فَقَالَ لِيْ اَلَكَ مَالٌ قُلْتُ
اللہ علیہ وآلہ وصحبہ وسلم میں اور مجھ پر گھٹیا لباس تھا۔ تو آپ نے مجھے فرمایا کیا تیرے پاس مال ہے؟ میں
نَعَمْ قَالَ مِنْ اَيِّ الْمَالِ قُلْتُ مِنْ كُلِّ الْمَالِ قَدْ اَعْطَانِيَ اللّٰهُ
نے عرض کیا جی ہاں۔ فرمایا کس قسم کا مال ہے؟ میں نے عرض کیا تمام اقسام کا مال ہے۔ تحقیق اللہ تعالیٰ نے مجھے عطا کر رکھے ہیں

مِنَ الْاِبِلِ وَالْبَقَرِ وَالْغَنَمِ وَالْخَيْلِ وَالرَّقِيْقِ قَالَ فَاِذَا اٰتَاكَ اللّٰهُ

اونٹ اور گائیں۔ بھیڑیں بکریاں۔ گھوڑے اور غلام آپ نے فرمایا تو جب اللہ تعالےٰ تجھے عطا کرے

مَالًا فَلْيُرَ اَثَرُ نِعْمَتِهٖ عَلَيْكَ وَكَرَامَتِهٖ وَصَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ الَّذِیْ

مال تو چاہیے کہ اس کی نعمتوں کے اور کرامت وعنایت کے اثرات تجھ پر دیکھے جائیں۔ اور صلوٰۃ بھیج سیدنا محمد پر کہ جن کے متعلق

قَالَ جَابِرٌ اَتَانَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ زَائِرًا فَرَاٰى رَجُلًا

حضرت جابر نے کہا۔ تشریف لائے ہمارے پاس رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم زیارت کے لیے تو دیکھا ایک آدمی

شَعِثًا قَدْ تَفَرَّقَ شَعْرُهٗ فَقَالَ مَا كَانَ يَجِدُ هٰذَا مَا يُسَكِّنُ بِهٖ

پراگندہ بالوں والا جس کے بال بکھرے ہوئے تھے تو فرمایا کیا نہیں پاتا یہ ایسی چیز جس کے ساتھ بٹھائے

رَاْسَهٗ وَرَاٰى رَجُلًا عَلَيْهِ ثِيَابٌ وَّسِخَةٌ فَقَالَ مَا كَانَ يَجِدُ هٰذَا

اپنے سر کے بالوں کو اور دیکھا دوسرے شخص کو جس پر میلے کچیلے کپڑے تھے تو فرمایا کیا نہیں پاتا یہ ایسی چیز

مَا يَغْسِلُ بِهٖ ثَوْبَهٗ وَصَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ الَّذِیْ قَالَ لَا اَرْكَبُ

جس سے دھوئے اپنے کپڑوں کو۔ اور صلوٰۃ بھیج سیدنا محمد پر جنہوں نے فرمایا میں نہیں سوار ہوتا

الْاُرْجُوَانَ وَلَا يَلْبَسُ الْمُعَصْفَرَ وَلَا يَلْبَسُ الْقَمِيْصَ الْمُكَفَّفَ

سرخ ریشمی گدیلوں (والی زین) پر اور نہیں پہنتے تھے آپ زرد رنگ سے رنگا ہوا کپڑا اور نہ استعمال فرماتے وہ قمیص جس کی

بِالْحَرِيْرِ وَقَالَ اَلَا وَطِيْبُ الرِّجَالِ رِيْحٌ لَا لَوْنَ لَهٗ وَطِيْبُ النِّسَآءِ

کفین ریشم کی ہوتیں اور فرمایا غور سے سنو مردوں کی خوشبو ایسی ہونی چاہیے جس میں رنگ نہ ہو۔ اور عورتوں کی خوشبو ایسی ہو

لَوْنٌ لَا رِيْحَ لَهٗ وَمَرَّ رَجُلٌ وَّعَلَيْهِ ثَوْبَانِ اَحْمَرَانِ فَسَلَّمَ عَلَى

جو رنگ دے لیکن اس میں مہک نہیں ہونی چاہیے۔ اور گزرا ایک آدمی جو دو سرخ کپڑے پہنے ہوئے تھا پس اس نے سلام پیش کیا

النَّبِیِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَلَمْ يَرُدَّ عَلَيْهِ وَصَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا

نبی صلی اللہ علیہ وسلم کو۔ تو آپ نے اس کو جواب نہ دیا۔ اور صلوٰۃ بھیج سیدنا

مُحَمَّدِ الَّذِیْ نَهٰى عَنْ عَشْرٍ عَنِ الْوَشْرِ وَالْوَشْمِ وَالنَّتْفِ وَعَنْ

محمد پر کہ جنہوں نے دس چیزوں سے منع فرمایا دانت باریک کرانے اور جلد میں رنگ بھرانے سے۔ اور سفید بال اکھیڑنے سے

مُكَامَعَةِ الْمَرْاَةِ الْمَرْاَةَ بِغَيْرِ شِعَارٍ وَّاَنْ يَّجْعَلَ الرَّجُلُ فِیْ اَسْفَلِ

اور عورت کے عورت کے ساتھ بغیر حجاب وحائل کے لیٹنے سے اور یہ کہ کرے آدمی اپنے کپڑوں کے نیچے

ثِيَابِهٖ حَرِيْرًا مِّثْلَ الْاَعَاجِمِ اَوْ يَجْعَلَ عَلٰى مَنْكِبَيْهِ حَرِيْرًا مِّثْلَ

ریشم مثل عجمیوں کے یا (رکھے) کندھوں پر ریشم مثل

الْاَعَاجِمِ وَعَنِ النُّهْبٰى وَعَنْ رُكُوْبِ النُّمُوْرِ وَلُبْسِ الْخَاتَمِ اِلَّا لِذِیْ

عجمیوں کے اور لوٹ مار سے۔ اور چیتوں (کی کھالوں) پر سوار ہونے سے۔ اور انگوٹھی پہننے سے مگر ماسوائے

سُلْطَانٍ وَنَهٰى عَنْ خَاتَمِ الذَّهَبِ وَعَنْ لُبْسِ الْقَسِّیِّ وَالْمَيَاثِرِ وَ

صاحب سلطنت کے۔ اور منع فرمایا سونے کی انگوٹھی پہننے سے اور قس کے بنے ہوئے ریشمی کپڑے اوڑھنے سے۔ اور سرخ ریشمی

نَهٰى عَنِ الْمِيْثَرَةِ الْحَمْرَآءِ وَقَالَ لَا تَرْكَبُوا الْخَزَّ وَلَا النِّمَارَ وَصَلِّ

گدوں سے اور منع فرمایا سرخ ریشمی گدوں سے۔ اور فرمایا کہ نہ سواری کرو ریشم پر اور نہ چیتوں کی کھالوں پر۔ اور صلوٰۃ بھیج

عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ الَّذِیْ نَهَانَا اَنْ نَّشْرَبَ مِنْ اٰنِيَةِ الْفِضَّةِ وَ

سیدنا محمد پر جنہوں نے منع فرمایا ہمیں کہ پئیں چاندی اور سونے کے برتنوں سے اور

الذَّهَبِ وَاَنْ نَّاْكُلَ فِيْهَا وَعَنْ لُبْسِ الْحَرِيْرِ وَالدِّيْبَاجِ وَاَنْ

ان میں کھانے سے۔ اور عام ریشم پہننے سے اور باریک نفیس ریشم اوڑھنے سے۔ اور اس پر

نَّجْلِسَ عَلَيْهِ وَنَهٰى اَنْ يَّاْكُلَ الرَّجُلُ بِشِمَالِهٖ اَوْ يَمْشِیَ فِیْ نَعْلٍ

بیٹھنے سے اور منع فرمایا اس سے کہ کھائے کوئی شخص بائیں ہاتھ سے یا چلے صرف ایک پاؤں کے جوتے میں

وَّاحِدَةٍ وَّاَنْ يَّشْتَمِلَ الصَّمَّآءَ اَوْ يَحْتَبِیَ فِیْ ثَوْبٍ وَّاحِدٍ كَاشِفًا

یا اپنے گرد چادر لپیٹے اس انداز میں کہ تکبیر کے لیے ہاتھ کانوں تک نہ پہنچا سکے اور نہ رکوع میں گھٹنوں پر رکھ سکے یا احتباءعہ کرے ایک ہی کپڑے میں دراں حالیکہ

عَنْ فَرْجِهٖ وَصَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ الَّذِیْ نَهَى الرِّجَالَ وَالنِّسَآءَ

منکشف کر رہا ہو اپنی شرمگاہ کو۔ اور صلوٰۃ بھیج سیدنا محمد پر جنہوں نے منع فرمایا مردوں اور عورتوں کو

عَنْ دُخُوْلِ الْحَمَّامَاتِ ثُمَّ رَخَّصَ لِلرِّجَالِ اَنْ يَّدْخُلُوْا بِالْمَيَازِرِ

حماموں میں داخل ہونے سے پھر رخصت دی مردوں کے لیے کہ چادریں باندھ کر ان میں داخل ہوں۔

عہ احتباء یہ ہے کہ سرین کے بل بیٹھ کر اور پنڈلیوں کے گرد کپڑا لپیٹ کر اپنے آپ کو سہارا دے جبکہ پنڈلیوں اور رانوں کو کھڑا کرے جس کو پنجابی میں گوڈھ مارنا کہتے ہیں۔

وَقَالَ سَتُفْتَحُ لَكُمْ أَرْضُ الْعَجَمِ وَسَتَجِدُونَ فِيهَا بُيُوتًا يُقَالُ
اور فرمایا عنقریب فتح کی جائے گی تم پر عجم کی زمین اور تم پاؤ گے اس میں ایسے مکان
لَهَا الْحَمَّامَاتُ فَلَا يَدْخُلَنَّهَا الرِّجَالُ إِلَّا بِالْأُزُرِ وَامْنَعُوهَا النِّسَاءَ
جنہیں حمامات کہا جاتا ہے پس ہرگز نہ داخل ہوں اس میں مرد مگر چادریں باندھ کر اور دور رکھو ان سے عورتوں کو
إِلَّا مَرِيضَةً أَوْ نُفَسَاءَ وَقَالَ مَنْ كَانَ يُؤْمِنُ بِاللهِ وَالْيَوْمِ الْآخِرِ
مگر بیمار اور نفاس والی کو۔ اور فرمایا جو شخص اللہ تعالیٰ اور قیامت پر ایمان رکھتا ہے
فَلَا يَدْخُلِ الْحَمَّامَ بِغَيْرِ إِزَارٍ وَمَنْ كَانَ يُؤْمِنُ بِاللهِ وَالْيَوْمِ
تو وہ نہ داخل ہو حمام میں بغیر تہمد کے۔ اور جو ایمان رکھتا ہے اللہ تعالیٰ اور روزِ
الْآخِرِ فَلَا يُدْخِلْ حَلِيلَتَهُ الْحَمَّامَ وَمَنْ كَانَ يُؤْمِنُ بِاللهِ وَ
قیامت پر پس نہ داخل کرے اپنی بیوی کو حمام میں۔ اور جو ایمان رکھتا ہے اللہ تعالیٰ اور
الْيَوْمِ الْآخِرِ فَلَا يَجْلِسْ عَلَى مَائِدَةٍ تُدَارُ عَلَيْهَا الْخَمْرُ وَصَلِّ
روزِ قیامت پر پس نہ بیٹھے ایسے دسترخوان پر کہ جس پر گردش میں لائے جاتے ہوں (جام) شراب کے۔ اور صلوٰۃ بھیج
عَلَى سَيِّدِنَا مُحَمَّدِنِ الَّذِي كَانَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ
سیدنا محمد پر کہ جو رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم تشریف فرما تھے
فِي الْمَسْجِدِ فَدَخَلَ رَجُلٌ ثَائِرُ الرَّأْسِ وَاللِّحْيَةِ فَأَشَارَ إِلَيْهِ
مسجد میں کہ داخل ہوا ایک شخص جس کے سر اور ڈاڑھی کے بال پراگندہ تھے تو آپ نے اشارہ فرمایا طرف اس کے
بِيَدِهِ كَأَنَّهُ يَأْمُرُهُ بِإِصْلَاحِ شَعْرِهِ وَلِحْيَتِهِ فَفَعَلَ ثُمَّ رَجَعَ
اپنے ہاتھ سے گویا کہ آپ اسے حکم دیتے تھے سر اور ڈاڑھی کے بالوں کی اصلاح کا چنانچہ اس نے اس پر عمل کیا پھر لوٹ کر آیا
فَقَالَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَلَيْسَ هٰذَا خَيْرًا مِّنْ
تو آپ نے فرمایا کہ کیا یہ صورت اس سے بہتر نہیں ہے کہ
أَنْ يَأْتِيَ أَحَدُكُمْ وَهُوَ ثَائِرُ الرَّأْسِ كَأَنَّهُ شَيْطَانٌ وَصَلِّ عَلَى
آئے ایک تم میں سے اس حال میں کہ وہ پراگندہ سر والا ہو گویا کہ وہ جنوں میں سے ہے۔ اور صلوٰۃ بھیج

سَيِّدِنَا مُحَمَّدِنِ الَّذِي قَالَ لَهُ أَبُو قَتَادَةَ إِنَّ لِي جُمَّةً فَأُرَجِّلُهَا
سیدنا محمد پر کہ جنہیں حضرت ابو قتادہ نے عرض کیا کہ میرے سر پر پٹے (اور کانوں تک پہنچے ہوئے بال) ہیں کیا میں انہیں کنگھی کروں
قَالَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَعَمْ وَأَكْرِمْهَا قَالَ فَكَانَ
تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہاں اور ان کی عزت کر (راوی نے) کہا کہ
أَبُو قَتَادَةَ رُبَّمَا دَهَنَهَا فِي الْيَوْمِ مَرَّتَيْنِ مِنْ أَجْلِ قَوْلِهِ نَعَمْ
حضرت ابو قتادہ بسا اوقات انہیں تیل لگاتے تھے دن میں دو مرتبہ آنحضرت کے تعمیل ارشاد میں کہ ہاں
وَأَكْرِمْهَا ح قَالَ مَنْ كَانَ لَهُ شَعْرٌ فَلْيُكْرِمْهُ إِنَّ اللهَ طَيِّبٌ يُحِبُّ
اور ان کی عزت کر الحدیث۔ فرمایا رسول معظم نے جس کے بال ہوں تو وہ ان کی مناسب دیکھ بھال کرے کیونکہ اللہ تعالیٰ پاکیزہ ہے پسند فرماتا ہے
الطَّيِّبَ نَظِيفٌ يُحِبُّ النَّظَافَةَ كَرِيمٌ يُحِبُّ الْكَرَمَ جَوَادٌ يُحِبُّ الْجُودَ
پاکیزگی کو۔ نظیف ہے اور صفائی و نظافت کو پسند فرماتا ہے۔ کریم ہے کرم کو پسند فرماتا ہے اور صاحب جود ہے جود کو پسند فرماتا ہے
فَنَظِّفُوا أُرَاهُ قَالَ أَفْنِيَتَكُمْ وَلَا تَشَبَّهُوا بِالْيَهُودِ قَالَ فَذَكَرْتُ ذٰلِكَ
پس صاف ستھرا رکھو (راوی کہتا ہے میرا گمان غالب ہے کہ آپ نے اس کے بعد فرمایا) اپنے صحنوں کو اور یہودیوں کی مشابہت اختیار نہ کرو۔ راوی نے کہا میں نے اس
لِمُهَاجِرِ بْنِ مِسْمَارٍ فَقَالَ حَدَّثَنِيهِ عَامِرُ بْنُ سَعْدٍ عَنْ أَبِيهِ عَنِ النَّبِيِّ
کا تذکرہ مہاجر بن مسمار سے کیا تو اس نے کہا مجھ سے یہ حدیث بیان کی ہے عامر نے اپنے باپ سعد کے واسطے سے نبی اکرم
صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِلَّا أَنَّهُ قَالَ نَظِّفُوا أَفْنِيَتَكُمْ وَقَالَ الْوَلِيدُ
صلی اللہ علیہ وسلم سے اسی طرح مگر انہوں نے (بغیر کسی تردد کے) کہا صاف ستھرا رکھو اپنے صحنوں کو اور کہا ولید نے
لَمَّا فَتَحَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَكَّةَ جَعَلَ أَهْلُ مَكَّةَ
جب فتح کر لیا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے مکہ مکرمہ کو تو اہل مکہ نے
يَأْتُونَهُ بِصِبْيَانِهِمْ فَيَدْعُو لَهُمْ بِالْبَرَكَةِ وَيَمْسَحُ رُءُوسَهُمْ فَجِيءَ
آپ کے پاس لانا شروع کیا اپنے چھوٹے بچوں کو تو آپ ان کے لیے برکت کی دعا فرماتے تھے اور ہاتھ پھیرتے تھے ان کے سروں پر۔ لایا
بِي إِلَيْهِ وَأَنَا مُخَلَّقٌ فَلَمْ يَمَسَّنِي مِنْ أَجْلِ الْخَلُوقِ ح وَقَالَ عُثْمَانُ
بھی آپ کی بارگاہ میں لایا گیا جبکہ میرے سر پر خلوق (مرکب خوشبو رنگ دار) لگی تھی تو آپ نے اس لیے مجھے ہاتھ نہ لگایا الحدیث۔ اور کہا

بن عبد اللہ بن موہب دخلت علی ام سلمۃ فاخرجت الینا شعرا
بن عبد اللہ بن موہب سے کہ میں حضرت ام سلمہ رضی اللہ عنہا کی خدمت میں حاضر ہوا تو انہوں نے نکالا ہماری طرف بالوں کا گچھا

من شعر النبی صلی اللہ علیہ وسلم مخضوبا وصل علی سیدنا
نبی اکرم صلی اللہ علیہ و سلم کے بالوں سے جنہیں خضاب لگا ہوا تھا۔ اور صلوٰۃ بھیج سیدنا

محمد الذی قال یکون قوم فی اخر الزمان یخضبون بھذا
محمد پر جنہوں نے فرمایا کہ ہو گی ایک جماعت میرے بعد والے دور میں جو سیاہ خضاب لگائیں گے

السواد کحواصل الحمام لا یجدون رآئحۃ الجنۃ وصل علی
مثل جنگلی کبوتروں کے سینے کی سیاہی کے نہیں پائیں گے جنت کی خوشبو سے (میدان قیامت میں جس سے مقربین مستفید ہونگے) اور صلوٰۃ

سیدنا محمد الذی قال ان احسن ما غیر بہ الشیب الحناء
بھیج سیدنا محمد پر جنہوں نے فرمایا بیشک خوبترین چیز جس کے ساتھ سفیدی بالوں کی تبدیل کی جائے وہ مہندی

والکتم ح وان النبی صلی اللہ علیہ وسلم کان یلبس النعال
اور وسمہ ہے (جو سیاہ سرخی مائل رنگ دے) اور بے نبی صلی اللہ علیہ وسلم پہنتے تھے رنگے ہوئے

السبتیۃ ویصفر لحیتہ بالورس والزعفران وصل علی سیدنا
چمڑے کے جوتے اور زرد خضاب لگاتے ڈاڑھی مبارک کو ورس اور زعفران کے ساتھ۔ اور صلوٰۃ بھیج سیدنا

محمد قال رجل لفضالۃ بن عبید ما لی اراک شعثا قال ان
محمد پر کہ جن کے متعلق یہ کہا گیا ہے۔ ایک آدمی نے حضرت فضالہ بن عبید سے کہا کیا وجہ ہے کہ میں تجھے پراگندہ بال دیکھ رہا ہوں تو انہوں نے

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کان ینھانا عن کثیر من الارفاہ
کہا بے شک رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ہمیں منع فرماتے تھے زیادہ کنگھی کرنے اور بننے سنورنے سے

قال ما لی لا اری علیک حذاء قال کان رسول اللہ صلی اللہ
اس آدمی نے کہا کیا ہے مجھے کہ میں نہیں دیکھتا تمہارے پاؤں میں جوتے۔ تو انہوں نے کہا کہ رسول اللہ صلی اللہ

علیہ وسلم یامرنا ان نحتفی احیانا ح نھی رسول اللہ صلی
علیہ وسلم ہمیں حکم دیتے تھے کہ ہم ننگے پاؤں بھی چلیں۔ کبھی کبھی الحدیث۔ منع فرمایا رسول اللہ صلی اللہ

اللہ علیہ وسلم عن الترجل الا غبا وصل علی سیدنا محمد الذی
علیہ وسلم نے کنگھی کرنے سے مگر کبھی کبھی۔ اور صلوٰۃ بھیج سیدنا محمد پر کہ جن کے متعلق

قالت عائشۃ اذا فرقت لرسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم راسہ
فرمایا ام المومنین حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا نے کہ جب میں کنگھی کرتی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے سر مبارک کو

صدعت فرقہ عن یافوخہ وارسلت ناصیتہ بین عینیہ وعنھا
تو نکالتی آپ کی مانگ آپ کے تالوے اور سر کے اگلے حصے کے بال چھوڑ دیتی تھی آپ کے سامنے اور آپ سے مروی ہے

قالت کنت ارجل راس رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم وانا
کہ میں کنگھی کرتی تھی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے سر اقدس کو باوجود یکہ میں

حائض ح وقالت ام ھانی قدم رسول اللہ صلی اللہ علیہ والہ
حالت حیض میں ہوتی تھی الحدیث۔ فرمایا حضرت ام ہانی رضی اللہ عنہا نے کہ تشریف لائے رسول اللہ صلی اللہ علیہ

وسلم علینا بمکۃ قدمۃ ولہ اربع غدائر وصل علی سیدنا
وسلم ہمارے ہاں مکہ مکرمہ میں ایک مرتبہ اور آپ کی چار مینڈھیاں تھیں۔ اور صلوٰۃ بھیج سیدنا

محمد الذی قال انس کانت لرسول اللہ صلی اللہ علیہ والہ وسلم
محمد پر کہ جن کے متعلق فرمایا حضرت انس رضی اللہ عنہ نے فرمایا کہ تھی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے لیے

سکۃ یتطیب منھا ح وقال کان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم یکثر
مخصوص خوشبو جس کو آپ استعمال فرماتے تھے الحدیث۔ اور حضرت انس نے ہی فرمایا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اکثر اوقات

دھن راسہ وتسریح لحیتہ ویکثر القناع کان ثوبہ ثوب زیات
سر مبارک کو تیل لگاتے اور ڈاڑھی مبارک کے بال کنگھی کرتے اور سر مبارک پر بسا اوقات ایک خاص کپڑا لپیٹتے گویا وہ تیلی کا کپڑا تھا

وصل علی سیدنا محمد قال العین حق ونھی رسول اللہ عن الوشم
اور صلوٰۃ بھیج سیدنا محمد پر جنہوں نے فرمایا نظر لگنا برحق ہے۔ اور منع فرمایا نبی اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے گودنے یا گدوانے سے

ح ونھی النبی صلی اللہ علیہ وسلم ان یتزعفر الرجل اعنی علی
الحدیث اور منع فرمایا نبی مکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اس سے کہ کوئی مرد زعفرانی رنگ لگائے یعنی

بَدَنِهٖ وَثَوْبِهٖ ح وَقَالَتْ عَائِشَةُ كُنْتُ اُطَيِّبُ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ
اپنے بدن پر اور کپڑوں پر۔ الحدیث۔ اور فرمایا ام المومنین حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا نے کہ میں خوشبو لگایا کرتی تھی نبی مکرم صلی اللہ علیہ
وَسَلَّمَ بِاَطْيَبِ مَا نَجِدُ حَتّٰى اَجِدَ وَبِيْصَ الطِّيْبِ فِيْ رَاْسِهٖ وَلِحْيَتِهٖ ح
وسلم کو پاکیزہ ترین میسر آنے والی خوشبو سے حتی کہ میں پاتی تھی اس خوشبو کی سفیدی اور چمک کو آپ کے سر ناز اور داڑھی میں (الحدیث)
كَانَ ابْنُ عُمَرَ اِذَا اسْتَجْمَرَ بِاَلُوَّةٍ غَيْرِ مُطَرَّاةٍ وَّبِكَافُوْرٍ يَّطْرَحُهٗ مَعَ
اور تھے حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما کہ جب سلگاتے خوشبودار لکڑی کو جو ٹکڑے ٹکڑے نہیں کی ہوتی تھی اس سے خوشبو حاصل کرنے
الْاَلُوَّةِ ثُمَّ قَالَ هٰكَذَا كَانَ يَسْتَجْمِرُ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ
لیے اور کافور کو اس لکڑی کے ساتھ ڈال دیتے تھے پھر فرماتے۔ ایسے ہی تھے سلگایا کرتے تھے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم خوشبو کیلئے
ح عَنْ يَعْلَى بْنِ مُرَّةَ اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ رَاٰى عَلَيْهِ
الحدیث۔ حضرت یعلی بن مرہ سے مروی ہے کہ بے شک نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے دیکھا ان پر
خَلُوْقًا فَقَالَ اَلَكَ امْرَاَةٌ قُلْتُ لَا قَالَ فَاغْسِلْهُ ثُمَّ اغْسِلْهُ ثُمَّ
خلوق کو تو دریافت فرمایا کیا تیری بیوی ہے میں نے عرض کیا نہیں تو فرمایا اس کو دھو ڈال، پھر دھو ڈال اور پھر
اغْسِلْهُ ثُمَّ لَا تَعُدْ وَصَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ قَالَ عَمَّارُ بْنُ يَاسِرٍ
دھو ڈال اور اس کے بعد ایسی خوشبو نہ لگانا اور صلوٰۃ بھیج سیدنا محمد پر کہ جن کے متعلق کہا حضرت عمار بن یاسر رضی اللہ عنہ نے
قَدِمْتُ عَلٰى اَهْلِيْ مِنْ سَفَرٍ وَّقَدْ تَشَقَّقَتْ يَدَايَ فَخَلَّقُوْنِيْ
میں اپنے گھر آیا ایک سفر سے جبکہ میرے دونوں ہاتھ پھٹ چکے تھے تو اہل خانہ نے مجھے زعفران ملی
بِزَعْفَرَانٍ فَغَدَوْتُ عَلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَسَلَّمْتُ
خلوق لگا دی پس میں صبح کو بارگاہ نبوت میں حاضر ہوا صلی اللہ علیہ وسلم پس میں نے سلام
عَلَيْهِ فَلَمْ يَرُدَّ عَلَيَّ وَقَالَ اذْهَبْ فَاغْسِلْ هٰذَا عَنْكَ ح قَالَ
عرض کیا مگر آپ نے جواب سلام مجھے نہ دیا اور فرمایا جائیے اور اس خوشبو کو دھو کر اپنے سے دور کیجئے۔ (الحدیث)
رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ طِيْبُ الرِّجَالِ مَا ظَهَرَ رِيْحُهٗ وَ
فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے کہ مردوں کی خوشبو ایسی ہونی چاہیئے کہ جس کی خوشبو تو ظاہر ہو

خَفِيَ لَوْنُهٗ وَطِيْبُ النِّسَآءِ مَا ظَهَرَ لَوْنُهٗ وَخَفِيَ رِيْحُهٗ ح قَالَ
لیکن اس کا رنگ ظاہر نہ ہو اور عورتوں کی خوشبو کا رنگ نمایاں ہو اور مہک نمایاں نہ ہو۔ (الحدیث)۔ فرمایا
رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَا يَقْبَلُ اللّٰهُ صَلٰوةَ رَجُلٍ وَفِيْ
رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے نہیں قبول فرماتا اللہ تعالی نماز اس آدمی کی جس کے
جَسَدِهٖ شَيْءٌ مِّنْ خَلُوْقٍ وَصَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ قَالَ الْفِطْرَةُ
بدن پر خلوق میں سے کچھ خوشبو لگی ہو۔ اور صلوٰۃ بھیج سیدنا محمد پر جنہوں نے فرمایا فطرت (کی متفقہ خصلتیں)
خَمْسٌ اَلْخِتَانُ وَالْاِسْتِحْدَادُ وَقَصُّ الشَّارِبِ وَتَقْلِيْمُ الْاَظْفَارِ وَ
پانچ ہیں۔ ختنہ۔ زیر ناف بال صاف کرنا۔ مونچھیں کاٹنا۔ ناخن تراشنا اور
نَتْفُ الْاِبْطِ ح قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ خَالِفُوا الْمُشْرِكِيْنَ
بغلوں کے بال اکھیڑنا۔ الحدیث۔ فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے مشرکین کی مخالفت کرو
اَوْفِرُوا اللُّحٰى وَاَحْفُوا الشَّوَارِبَ وَفِيْ رِوَايَةٍ اَنْهِكُوا الشَّوَارِبَ وَاَعْفُوا
داڑھیاں بڑھاؤ اور مونچھوں کو پست کرو۔ اور ایک روایت میں ہے کہ مونچھوں کو ہلکا کرو اور داڑھیوں کو
اللُّحٰى ح قَالَ اَنَسٌ وُقِّتَ لَنَا فِيْ قَصِّ الشَّارِبِ وَتَقْلِيْمِ الْاَظْفَارِ وَنَتْفِ
دراز کرو۔ الحدیث۔ فرمایا حضرت انس رضی اللہ عنہ نے ہمارے لیے وقت معین کیا گیا مونچھیں کاٹنے۔ ناخن تراشنے اور بغل کے
الْاِبْطِ وَحَلْقِ الْعَانَةِ اَنْ لَّا نَتْرُكَ اَكْثَرَ مِنْ اَرْبَعِيْنَ لَيْلَةً وَصَلِّ عَلٰى
بال اکھیڑنے اور زیر ناف بال مونڈنے کے لیے کہ ہم انھیں نہ چھوڑیں چالیس دن سے زیادہ تک۔ اور صلوٰۃ بھیج
سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ يَّنْهٰى عَنِ الْقَزَعِ قِيْلَ مَا الْقَزَعُ قَالَ يُحْلَقُ بَعْضُ
سیدنا محمد پر جنہوں نے منع فرمایا قزع سے عرض کیا گیا۔ کیا ہے قزع؟ تو فرمایا کہ مونڈ دیا جائے
رَاْسِ الصَّبِيِّ وَيُتْرَكُ بَعْضٌ ح رَاَى النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ صَبِيًّا
بچے کے سر کا کچھ حصہ اور چھوڑ دیا جائے کچھ حصہ الحدیث۔ دیکھا نبی محتشم صلی اللہ علیہ وسلم نے ایک بچے کو
قَدْ حُلِقَ بَعْضُ رَاْسِهٖ وَتُرِكَ بَعْضُهٗ فَنَهَاهُمْ عَنْ ذٰلِكَ وَقَالَ احْلِقُوْا
جس کے سر کا کچھ حصہ مونڈا گیا تھا اور بعض اسی طرح چھوڑ دیا گیا تھا تو آپ نے انہیں اس سے منع فرمایا اور فرمایا سارا مونڈو

كُلَّهٗ اَوِاتْرُكُوْا كُلَّهٗ وَصَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدِنِ الَّذِىْ اُتِىَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى

یا سارا چھوڑ دو۔ اور صلوٰۃ بھیج سیدنا محمد پر کہ جن کی بارگاہ میں لایا گیا ایسا شخص

اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِمُخَنَّثٍ قَدْ خَضَبَ يَدَيْهِ وَرِجْلَيْهِ بِالْحِنَّآءِ فَقَالَ

جو بتکلف ہیجڑا بنا ہوا تھا جس نے اپنے ہاتھوں اور پاؤں کو مہندی لگا رکھی تھی تو رسول اللہ

رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَا بَالُ هٰذَا قَالُوْا يَتَشَبَّهُ بِالنِّسَآءِ

صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ اس کی کیا کیفیت ہے؟ صحابہ کرام نے عرض کیا یہ بتکلف عورتوں کے ساتھ مشابہت اختیار

فَاَمَرَ بِهٖ فَنُفِىَ اِلَى النَّقِيْعِ فَقِيْلَ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ اَلَا نَقْتُلُهٗ فَقَالَ اِنِّىْ

کرتا ہے تو آپ نے اس کے متعلق حکم دیا تو اسے نقیع کی طرف نکال دیا گیا تو عرض کیا گیا یا رسول اللہ کیا ہم اسے قتل نہ کردیں تو آپ نے فرمایا

نُهِيْتُ عَنْ قَتْلِ الْمُصَلِّيْنَ ح قَالَ ابْنُ عَبَّاسٍ لَعَنَ النَّبِىُّ صَلَّى اللّٰهُ

میں منع کیا گیا ہوں نماز پڑھنے والوں کے قتل کرنے سے الحدیث۔ حضرت عبداللہ بن عباس نے فرمایا کہ لعنت فرمائی نبی صلی اللہ

عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الْمُخَنَّثِيْنَ مِنَ الرِّجَالِ وَالْمُتَرَجِّلَاتِ مِنَ النِّسَآءِ وَقَالَ

علیہ وسلم نے عورتوں کے روپ میں ڈھلنے والے مردوں پر اور مردوں کی ہیئت اختیار کرنے والی عورتوں پر اور فرمایا

اَخْرِجُوْهُمْ مِّنْ بُيُوْتِكُمْ وَعَنْهُ قَالَ قَالَ النَّبِىُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَ

انھیں اپنے گھروں سے نکال دو۔ اور حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما سے ہی مروی ہے کہ فرمایا رسول اللہ صلی

سَلَّمَ لَعَنَ اللّٰهُ الْمُتَشَبِّهِيْنَ مِنَ الرِّجَالِ بِالنِّسَآءِ وَالْمُتَشَبِّهَاتِ مِنَ

اللہ علیہ وسلم نے لعنت فرمائی ہے اللہ تعالیٰ نے مردوں میں سے عورتوں کے ساتھ مشابہت اختیار کرنے والوں پر اور عورتوں میں سے

النِّسَآءِ بِالرِّجَالِ وَلَعَنَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الرَّجُلَ

مردوں کے ساتھ مشابہت اختیار کرنے والیوں پر۔ اور لعنت فرمائی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے اس مرد پر جو

يَلْبَسُ لِبْسَةَ الْمَرْاَةِ وَالْمَرْاَةَ تَلْبَسُ لِبْسَةَ الرَّجُلِ ح النَّبِىُّ صَلَّى اللّٰهُ

پہنے عورتوں کی طرح لباس۔ اور عورتوں پر جو مردوں جیسا لباس استعمال کریں (الحدیث) نبی مکرم صلی اللہ

عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ لَعَنَ اللّٰهُ الْوَاصِلَةَ وَالْمُسْتَوْصِلَةَ وَالْوَاشِمَةَ وَ

علیہ وسلم نے فرمایا لعنت فرمائی ہے اللہ تعالیٰ نے واصلہ اور مستوصلہ پر یعنی جو عورت بال بڑھانے کیلئے دوسرے بال ساتھ ملائے یا ملانے کو کہے اور

الْمُسْتَوْشِمَةَ ح قَالَ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مَسْعُوْدٍ لَعَنَ اللّٰهُ الْوَاشِمَاتِ

گودنے والی پر اور گدوانے والی پر (الحدیث)۔ فرمایا حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ نے اللہ تعالیٰ نے لعنت فرمائی ہے گودنے والی عورتوں پر

وَالْمُسْتَوْشِمَاتِ وَالْمُتَنَمِّصَاتِ وَالْمُتَفَلِّجَاتِ لِلْحُسْنِ وَالْمُغَيِّرَاتِ

اور گدوانے والیوں پر اور بال نوچنے والیوں پر اور دانت باریک کرکے ان میں حسن پیدا کرنے کیلئے کشادگی پیدا کرنے والیوں پر اور تبدیل

خَلْقَ اللّٰهِ فَجَآءَتْهُ اِمْرَاَةٌ فَقَالَتْ اِنَّهٗ بَلَغَنِىْ اِنَّكَ لَعَنْتَ كَيْتَ وَ

کرانے والیوں پر اللہ تعالیٰ کی تخلیق کو" تو آئی ان کے پاس ایک عورت جس نے کہا کہ مجھے معلوم ہوا ہے کہ تم نے ایسے ایسے لعنت کی

كَيْتَ فَقَالَ مَا لِىْ لَآ اَلْعَنُ مَنْ لَّعَنَهٗ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ

ہے؟ تو آپ نے فرمایا مجھے کیا ہے کہ میں ان پر لعنت نہ کروں جن پر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے

وَسَلَّمَ وَمَنْ هُوَ فِىْ كِتَابِ اللّٰهِ فَقَالَتْ لَقَدْ قَرَاْتُ مَا بَيْنَ اللَّوْحَيْنِ

لعنت کی ہے اور جو لعنت اللہ تعالیٰ کی کتاب میں ہے۔ تو اس نے کہا میں نے تلاوت کی ہے سارے قرآن کی

فَمَا وَجَدْتُّ فِيْهِ مَا تَقُوْلُ قَالَ لَئِنْ كُنْتِ قَرَاْتِيْهِ لَقَدْ وَجَدْتِّيْهِ

مگر میں نے تو اس میں نہیں پایا جو تم کہتے ہو۔ آپ نے فرمایا۔ اگر تو نے اسے پڑھا ہوتا تو ضرور پایا ہوتا میرے قول کو

اَمَا قَرَاْتِ مَآ اٰتٰىكُمُ الرَّسُوْلُ فَخُذُوْهُ وَمَا نَهٰىكُمْ عَنْهُ فَانْتَهُوْا قَالَتْ

کیا نہیں پڑھا تو نے کہ (جو دیں) تمہیں رسول اللہ تو اسے پکڑ لو۔ اور جس سے منع کریں تو اس سے رک جاؤ) اس نے کہا

بَلٰى قَالَ فَاِنَّهٗ قَدْ نَهٰى عَنْهُ ح قَالَ ابْنُ عَبَّاسٍ كَانَ النَّبِىُّ صَلَّى

ہاں کیوں نہیں۔ آپ نے فرمایا تو بیشک رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے اس سے منع فرمایا الحدیث۔ فرمایا ابن عباسؓ کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ

اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُصُّ اَوْ يَاْخُذُ مِنْ شَارِبِهٖ وَكَانَ اِبْرَاهِيْمُ خَلِيْلُ

وسلم کاٹتے تھے یا لیتے تھے اپنی مونچھوں سے۔ اور حضرت ابراہیم خلیل اللہ علیہ السلام بھی

الرَّحْمٰنِ يَفْعَلُهٗ ح قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَنْ لَّمْ

اسی طرح کرتے تھے الحدیث۔ فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے "جس نے نہ

يَاْخُذْ مِنْ شَارِبِهٖ فَلَيْسَ مِنَّا اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدِنِ الَّذِىْ

لیا (اور کاٹا) مونچھوں سے تو وہ نہیں ہے ہم سے یعنی کامل طریقہ پر نہیں۔ اے اللہ صلوٰۃ بھیج سیدنا محمد پر جنہوں نے

قَالَ غَيِّرُوا الشَّيْبَ وَلَا تَشَبَّهُوا بِالْيَهُوْدِ ح قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ
فرمایا کہ (بڑھاپے کی) سفیدی کو تبدیل کرو۔ اور نہ مشابہت اختیار کرو ساتھ یہودیوں کے۔ الحدیث۔ فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ
عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَا تَنْتِفُوا الشَّيْبَ فَإِنَّهُ نُوْرُ الْمُسْلِمِ مَنْ شَابَ شَيْبَةً فِي
وسلم نے کہ سفید بالوں کو نہ اکھیڑو کیونکہ وہ مسلمان کے لیے نور ہیں جو شخص سفید بالوں والا ہوا
الْإِسْلَامِ كَتَبَ اللّٰهُ لَهُ بِهَا حَسَنَةً وَّكَفَّرَ عَنْهُ بِهَا خَطِيْئَةً وَّرَفَعَهُ بِهَا
اسلام میں لکھے گا اللہ تعالیٰ اس کے لیے بسبب اس کے نیکی اور دور کرے گا اس کے بسبب اس کے گناہ اور بلند کریگا اس کے لیے
دَرَجَةً ح مَنْ شَابَ شَيْبَةً فِي الْإِسْلَامِ كَانَتْ لَهُ نُوْرًا يَّوْمَ الْقِيٰمَةِ ح
بسبب اس کے درجہ۔ الحدیث جو بوڑھا ہوا اسلام میں تو یہ بڑھاپا ہو گا اس کے لیے نور قیامت کے دن۔ ح
قَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ نِعْمَ الرَّجُلُ خُرَيْمُ الْأَسَدِيُّ
فرمایا نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اچھا مرد ہے خریم اسدی
لَوْلَا طُوْلُ جُمَّتِهٖ وَإِسْبَالُ إِزَارِهٖ فَبَلَغَ ذٰلِكَ خُرَيْمًا فَأَخَذَ شَفْرَةً
اگر نہ ہوتی اس کے سر کے بالوں کی حد سے تجاوز زیادتی۔ اور اس کا چادر کو گھسیٹنا ازار کتنا اچھا ہوتا تو آپکا یہ فرمان خریم کو پہنچ گیا تو اس نے ایک چھری لی
فَقَطَعَ بِهَا جُمَّتَهٗ إِلٰى أُذُنَيْهِ وَرَفَعَ إِزَارَهٗ إِلٰى أَنْصَافِ سَاقَيْهِ اَللّٰهُمَّ
اور اس کے ساتھ بالوں کو کانوں تک کاٹ دیا اور بلند کیا اپنی چادر کو آدھی پنڈلیوں تک۔ اے اللہ
صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ قَالَ أَنَسٌ كَانَتْ لِيْ ذُؤَابَةٌ فَقَالَتْ لِيْ أُمِّيْ لَا
صلوٰۃ بھیج سیدنا محمد پر فرمایا حضرت انس رضی اللہ عنہ نے میری ایک مینڈھی تھی تو فرمایا مجھے میری ماں نے میں
أَجُزُّهَا كَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَمُدُّهَا وَيَأْخُذُهَا اَللّٰهُمَّ
اسے نہیں کاٹوں گی کیونکہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم اسے کھینچتے تھے اور پکڑتے تھے۔ اے اللہ
صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدِنِ الَّذِيْ إِذَا سَافَرَ كَانَ
صلوٰۃ بھیج سیدنا محمد پر اور سیدنا محمد کی آل پر کہ جو آقا جب سفر فرمانے لگتے تو آپ کی
اٰخِرُ عَهْدِهٖ بِإِنْسَانٍ مِّنْ أَهْلِهٖ فَاطِمَةُ رَضِيَ اللّٰهُ تَعَالٰى عَنْهَا اَللّٰهُمَّ
آخری ملاقات اپنے اہل میں سے جس ہستی کے ساتھ ہوتی تھی وہ حضرت سیدہ فاطمہ زہرا رضی اللہ عنہا تھیں۔ اے اللہ

صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدِنِ الَّذِيْ أَلْبَسَهُ اللّٰهُ حُلَّةَ
صلوٰۃ بھیج سیدنا محمد پر اور سیدنا محمد کی آل پر کہ جس محبوب مکرم کو اللہ تعالیٰ نے زیب تن کرایا ہے حلہ
التَّوْحِيْدِ وَالْاِصْطِفَاءِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدِنِ الَّذِيْ أُلْبِسَ
توحید کا اور خلعت اصطفاء کی۔ اے اللہ صلوٰۃ بھیج سیدنا محمد پر کہ جنہیں پہنائے گئے
ثِيَابَ الْعِزِّ وَسَوَابِغَ النِّعَمِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدِنِ الَّذِيْ
کپڑے عزوجاہ کے اور زرہ ہیں نعمتوں اور انعاموں کی۔ اے اللہ صلوٰۃ بھیج سیدنا محمد پر کہ جنہوں نے
اِلْتَحَفَ ثَوْبَ الْمَجْدِ وَاكْتِسَابِهٖ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدِنِ الَّذِيْ
اوڑھا مجد اور بزرگی کا لباس اور کسب خیر کی خلعت کو۔ اے اللہ صلوٰۃ بھیج سیدنا محمد پر کہ جنہیں
أَلْبَسَهُ اللّٰهُ حُلَّةَ الْجَمَالِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدِنِ الَّذِيْ زَيَّنَ
اللہ تعالیٰ نے حسن وجمال کی پوشاک پہنائی۔ اے اللہ صلوٰۃ وسلام بھیج سیدنا محمد پر کہ مزین کیا ہے
اللّٰهُ مَفْرِقَهٗ وَجَبِيْنَهٗ بِتَاجِ النُّوْرِ وَالْإِكْلِيْلِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا
اللہ تعالیٰ نے ان کے سرناز کو اور جبین اقدس کو نور کے تاج اور اس کی آرائش سے۔ اے اللہ صلوٰۃ بھیج سیدنا
مُحَمَّدِنِ الَّذِيْ لَبِسَ حُلَّةَ الْخُلَّةِ وَخِلْعَةَ الْخَلْعَةِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا
محمد پر کہ جنہوں نے زیب تن فرمایا خلت کے لباس کو۔ اور مخلوق سے علیحدگی کی خلعت کو۔ اے اللہ صلوٰۃ بھیج سیدنا
مُحَمَّدِنِ الَّذِيْ فَازَ بِهٖ مَنْ فَازَ وَتَدَرَّعَ عَلٰى حُلَّةِ قُرَيْشٍ كَالطِّرَازِ اَللّٰهُمَّ
محمد پر کہ جن کے طفیل کامیاب ہوئے جو خوش قسمت کہ کامیاب ہوئے اور جم کر بیٹھ گئے قریش کے حلہ پر مانند نقش ونگار کے۔
صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدِنِ الَّذِيْ رُفِعَ عَلٰى رَأْسِهٖ تَاجُ الْمَحَاسِنِ وَعَلَيْهِ
اے اللہ صلوٰۃ بھیج سیدنا محمد پر کہ جن کے سرناز پر بلند کیا گیا محاسن اور خوبیوں کا تاج اور وہ اسی سرناز پر ہی
انْتَصَبَ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدِنِ الَّذِيْ خَلَقَ اللّٰهُ الْخَلْقَ مِنْ
قائم ہو گیا۔ اے اللہ صلوٰۃ بھیج سیدنا محمد پر کہ اللہ تعالیٰ نے پیدا کیا مخلوق کو ان کے
لُبْسِ جَمَالِ نُوْرِهٖ وَمِنْ مَلْبَسِ جَلَالِ ظُهُوْرِهٖ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا
جمال نور والے لباس سے اور ان کے جلال ظہور کے پہناوے سے۔ اے اللہ صلوٰۃ بھیج سیدنا

مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى كَمَالِهٖ فِى الْكَمَالَاتِ وَصَدَقَتِهٖ فِى
محمد پر اور سیدنا محمد کی آل پر اور آپ کے کمال پر کمالات میں۔ اور صدقہ پر
الصَّدَقَاتِ وَسِرِّهٖ فِى الْاَسْرَارِ وَلُغَتِهٖ فِى اللُّغَاتِ وَعِبَارَتِهٖ فِى الْعِبَارَاتِ
صدقات میں اور آپکے سِرّ اور رمز پر اسرار و رموز میں۔ اور آپ کی لغت اور بولی پر لغات میں، اور عبارت پر عبارات میں
وَفِكْرِهٖ فِى الْاَفْكَارِ وَدَرَجَتِهٖ فِى الدَّرَجَاتِ وَاُسْطُوْرَتِهٖ فِى الْاَسَاطِيْرِ وَ
اور آپکے فکر پر افکار میں۔ اور آپکے درجہ پر درجات میں اور آپ کے لکھے ہوئے شان اور قصوں پر قصص میں۔ اور
قِصَّتِهٖ فِى الْقَصَصِ وَخَاصَّتِهٖ فِى الْخَصَآئِصِ وَاِحْسَانِهٖ فِى الْمُحْسِنِيْنَ
آپکے بیان کئے ہوئے قصے پر قصص میں۔ اور آپ کے خاصے پر خواص میں۔ اور آپ کے احسان پر محسنین میں
وَزُهْدِهٖ فِى الزَّاهِدِيْنَ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ
اور آپ کے زہد پر زاہدین میں۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام بھیج سیدنا محمد پر اور سیدنا
سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى شَفَاعَتِهٖ فِى الشُّفَعَآءِ وَمَحَبَّتِهٖ فِى الْمُحِبِّيْنَ وَشَرَافَتِهٖ
محمد کی آل پر اور آپ کی شفاعت پر شفاعت کرنے والوں میں۔ اور آپ کی محبت پر محبوں میں اور شرافت پر
فِى الشُّرَفَآءِ وَنَجَابَتِهٖ فِى النُّجَبَآءِ وَهِدَايَتِهٖ فِى الْهُدَاةِ وَهِجْرَتِهٖ فِى
شرفاء میں اور آپ کی حسبی و نسبی عمدگی پر نجابتوں میں۔ اور آپ کی ہدایت پر ہادیوں میں، اور آپ کی ہجرت پر
الْمُهَاجِرِيْنَ وَرِيَاضَتِهٖ فِى الْمُرْتَاضِيْنَ وَتَوْبَتِهٖ فِى التَّآئِبِيْنَ وَثَوْبِهٖ فِى
مہاجرین میں۔ اور آپ کی ریاضت و مشقت پر اہل ریاضت میں۔ اور آپ کی توبہ پر توبہ کرنے والوں میں اور کپڑوں پر
الْاَثْوَابِ وَرِزْمَةِ ثِيَابِهٖ فِى الرِّزْمَاتِ وَصُوَانِهٖ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ وَ
کپڑوں میں اور آپ کے کپڑوں کی گٹھڑی پر گٹھڑیوں میں اور کپڑے محفوظ رکھنے کے ظرف میں۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام اور
بَارِكْ وَعَظِّمْ وَكَرِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى
برکت عطا فرما اور تعظیم و تکریم فرما سیدنا محمد کی۔ اور سیدنا محمد کی
لِبَاسِهٖ فِى الْمَلَابِسِ وَخِيَاطَةِ مَلْبُوْسِهٖ فِى الْمَلْبُوْسَاتِ وَحُلَّتِهٖ فِى الْحُلَلِ
آل کی۔ اور آپکے لباس کی لباسوں میں اور آپ کے ملبوسات کی سلائی پر ملبوسات میں اور آپکے حلہ و پوشاک پر پوشاکوں میں

وَوِزْرِ اُمَّتِهٖ فِى الْاَوْزَارِ وَعِصْيَانِ اُمَّتِهٖ فِى الْعُصَاةِ وَسَمَلِهٖ فِى الْاَسْمَالِ
اور آپ کی امت کے بوجھ پر ایسے بوجھوں میں۔ اور آپ کی امت کے عصیان پر عاصیوں میں اور آپکے اسمال پرانے پر بوسیدہ کپڑوں میں
وَسُمُوْلِهٖ فِى السَّمَوَالِ وَسَرَاوِيْلِهٖ فِى السَّرَاوِيْلَاتِ وَتُقَاهُ فِى الْاَتْقِيَآءِ
اور آپکے پھٹے ہوئے کپڑوں پر پھٹے ہوئے کپڑوں میں اور آپ کی شلوار پر شلواروں میں اور آپکے تقویٰ پر اہل تقویٰ میں
اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى
اے اللہ صلوٰۃ و سلام بھیج سیدنا محمد پر اور سیدنا محمد کی آل پر اور آپ کے
قَمِيْصِهٖ فِى الْقُمُصِ وَاِزَارِهٖ فِى الْاُزُرِ وَمُرَقَّعِهٖ فِى الْمُرَقَّعَاتِ وَبِطَانَتِهٖ
قمیص پر قمیصوں میں اور تہمد پر تہمدوں میں اور آپ کی پیوند لگی گودڑی پر پیوند لگی گودڑیوں اور آپکے کپڑے کے استر
فِى الْبَطَآئِنِ وَظِهَارَتِهٖ فِى الظَّهَآئِرِ وَكُفَّتِهٖ فِى الْكُفَفَاتِ وَجُبَّتِهٖ فِى
پر استروں میں اور ابرہ پر ابروں میں اور کنارے اور حاشیے پر کناروں اور حاشیوں میں۔ اور آپ کے جبہ پر
الْجُبَّاتِ وَقَبَآئِهٖ فِى الْاَقْبِيَةِ وَعَبَآئِهٖ فِى الْاَعْبِيَةِ وَزِرِّهٖ فِى الْاَزْرَارِ
جبوں میں اور قباء پر قباؤں میں اور عباء پر عباؤں میں اور آپ کے بٹن پر بٹنوں میں
وَكُمِّهٖ فِى الْاَكْمَامِ وَذَيْلِهٖ فِى الْاَذْيَالِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا
اور آپ کی ہر آستین پر آستینوں میں اور آپکے دامن پر دامنوں میں۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام بھیج سیدنا
مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى رُدْنِهٖ فِى الْاَرْدَانِ وَجِرْبَانِهٖ
محمد پر اور سیدنا محمد کی آل پر اور آپ کی آستین پر آستینوں میں۔ اور آپ کے تھیلے پر
فِى الْجُرُبِ وَعُرْوَتِهٖ فِى الْعُرْوَاتِ وَجَيْبِهٖ فِى الْجُيُوْبِ وَدِخْرِيْصِهٖ
تھیلوں اور زنبیلوں میں۔ اور آپ کے کاج پر کاجوں میں۔ اور گریبان پر گریبانوں میں اور تریز پر
فِى الدَّخَارِيْصِ وَرِدَآئِهٖ فِى الْاَرْدِيَةِ وَبُرْدِهٖ فِى الْبُرُوْدِ وَطَيْلَسَانِهٖ
تریزوں میں اور آپ کی اوڑھنے والی چادر پر چادروں میں۔ اور آپ کی یمنی چادر پر یمنی چادروں میں اور طیلسان پر
فِى الطَّيَالِسِ وَنِطَاقِهٖ فِى النُّطُقِ وَمِرْطِهٖ فِى الْمُرُوْطِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ
طیلسانوں میں اور کمر بند پر کمر بندوں میں اور کمبل پر کمبلوں میں۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام بھیج

وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى تَاجِهٖ فِى

سیدنا محمد پر اور سیدنا محمد کی آل پر اور آپ کے تاج پر

التِّيْجَانِ وَعِمَامَتِهٖ فِى الْعَمَآئِمِ وَمِنْدِيْلِهٖ فِى الْمَنَادِيْلِ وَعَذَبَةِ

تاجوں میں اور عمامہ پر عماموں میں۔ اور رومال پر رومالوں میں۔ اور عمامہ کے پچھلے

عِمَامَتِهٖ فِى الْعَذَبَاتِ وَكَوْرِ عِمَامَتِهٖ وَحِلْسِهٖ فِى الْاَحْلَاسِ وَغِطَآئِهٖ

شملہ پر شملوں میں۔ اور آپ کی دستار مبارک کے ہر پیچ پر۔ اور آپکے زمینی بچھونے اور ٹاٹ پر ان بچھونے میں۔ اور پردے پر

فِى الْاَغْطِيَةِ وَعُصْمَتِهٖ فِى الْعُصَمِ وَلِحَافِهٖ فِى اللُّحُفِ وَقَطِيْفَتِهٖ فِى

پردوں میں اور آپ کے گلوبند پر گلوبندوں میں اور آپ کے لحاف پر لحافوں میں اور سوتری چادروں پر ان

الْقَطَآئِفِ وَدِرْعِهٖ فِى الدُّرُوْعِ وَنَعْلِهٖ فِى النِّعَالِ وَخَصْفِهٖ فِى

چادروں میں اور آپ کی زرہ پر زرہوں میں۔ اور جوتے پر جوتوں میں اور آپ کے جوتوں کو پیوند لگانے پر

الْخَصَّافِيْنَ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا

پیوند لگانے والوں میں۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام بھیج سیدنا محمد پر اور سیدنا

مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى قِبَالِهٖ وَشِرَاكِهٖ وَخُفِّهٖ فِى الْخِفَافِ وَسَرِيْرِهٖ فِى السُّرُرِ

محمد کی آل پر اور آپکے جوتے کے اگلے تسمے پر اور پچھلے تسمے پر اور آپ کی خف پر خفوں میں اور چارپائی پر چارپائیوں

وَقَآئِمَةِ سَرِيْرِهٖ فِى الْقَوَآئِمِ وَرَسَنِ سَرِيْرِهٖ فِى الْاَرْسَانِ وَخَشَبِ

میں اور چارپائی کے ہر پائے پر اس کے پایوں میں۔ اور آپ کی چارپائی کے رسے پر رسوں میں۔ اور آپ کی چارپائی کی ہر لکڑی

سَرِيْرِهٖ فِى الْاَخْشَابِ وَمِسْمَارِ سَرِيْرِهٖ فِى الْمَسَامِيْرِ وَاَرِيْكَتِهٖ

پر لکڑیوں میں۔ اور اس چارپائی کے ہر کیل پر کیلوں میں۔ اور اوٹ والی کرسی پر

فِى الْاَرَآئِكِ وَمِسْحِهٖ فِى الْاَمْسَاحِ وَحَصِيْرِهٖ فِى الْحُصُرِ وَفِرَاشِهٖ فِى

کرسیوں میں۔ اور آپ کے بوریا پر بوریوں میں اور چٹائی پر چٹائیوں میں اور بچھونے پر

الْفُرُشِ وَاَدِيْمِ فِرَاشِهٖ فِى الْفُرُشِ وَحَشْوِ فِرَاشِهٖ فِى الْحُشُوَاتِ

بچھونوں میں۔ اور بچھونے کے چمڑے پران بچھونوں میں۔ اور اس کی بھری پر بچھونوں کی بھریوں میں

وَمَحْمَلِهٖ وَشُغْدُفِهٖ فِى الشَّغَادِفِ وَشِبْرِيَّتِهٖ فِى الشِّبْرِيَّاتِ وَ

اور آپ کے محمل پر اور گدے پر گدوں میں اور بچھونے پر بچھونوں میں اور تکیہ پر تکیوں میں اور

نُمْرُقَتِهٖ فِى النَّمَارِقِ وَزِرْبِيَّتِهٖ فِى الزَّرَابِىِّ وَوِسَادَتِهٖ فِى الْوَسَآئِدِ وَ

مسند ناز پر مسندوں میں اور آرامگاہ پر آرامگاہوں میں اور

مَجْلِسِهٖ فِى الْمَجَالِسِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ مَّغْرِبِ اَسْرَارِ

آپ کے بیٹھنے کی جگہ پر ان جگہوں میں۔ اے اللہ صلوٰۃ بھیج سیدنا محمد پر جو محل غروب و خفا ہیں اسرار

الذَّاتِ وَمَشْرِقِ اَنْوَارِ الصِّفَاتِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى

ذات کے لیے اور محل طلوع و اشراق ہیں انوار صفات کے لیے۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام بھیج سیدنا محمد پر اور

اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ مَّظْهَرِ التَّجَلِّيَاتِ بِاَنْوَارِ السُّبُحَاتِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ

سیدنا محمد کی آل پر جو آقا کر مظہر تجلیات ہیں بسبب انوار نوافل کے۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام

وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ الْمُصَلِّىْ فِى جَمْعِ

بھیج سیدنا محمد پر اور سیدنا محمد کی آل پر جو محبوب اچھی طرح تعریف کرنے والے ہیں جمع

الْجَمْعِ بِاَحْمَدَ وَالْقَارِىْ بِفُرْقَانِ الْفَرْقِ بِمُحَمَّدٍ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَ

الجمع کے مقام میں احمد ہو کر اور قرأت کرنے والے ہیں فرقان حمید کی جو فرق کرنے والا ہے مالک و مملوک اور عابد و معبود میں محمد ہو کر۔ اے اللہ صلوٰۃ و

سَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ الْقَآئِمِ فِى الْمُلْكِ

سلام بھیج سیدنا محمد پر اور سیدنا محمد کی آل پر جو قائم کرنے والے ہیں ملک خداوندی میں

بِشَرْعِهٖ وَجَلَالِهٖ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ

اپنی شریعت اور جلالت کو۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام بھیج سیدنا محمد پر اور سیدنا محمد

سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ الرَّاحِمِ فِى الْمَلَكُوْتِ بِرَحْمَتِهٖ وَجَمَالِهٖ اَللّٰهُمَّ

کی آل پر جو رحم فرمانے والے ہیں عالم اعلیٰ و اسفل میں اپنی رحمت اور جمال کے ساتھ۔ اے اللہ

صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ رُّوْحِ جُثْمَانِ

صلوٰۃ و سلام بھیج سیدنا محمد پر اور سیدنا محمد کی آل پر جو روح ہیں اجسام اسرار

الْاَسْرَارِ وَلَوْحِ صُوَرِ الْاَنْوَارِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ
کے بھید اور لوح ہیں انوار کی صورتوں کے ظہور کے لیے۔ اے اللہ صلوٰۃ وسلام بھیج سیدنا محمد پر
وَّعَلٰٓی اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ عَیْنِ غَیْبِکَ الْکَامِلَةِ وَخَلِیْفَتِکَ عَلَی الْاِطْلَاقِ
اور سیدنا محمد کی آل پر جو آقا تیرے غیب کے لیے کامل آنکھ ہیں اور تیرے خلیفہ مطلق ہیں
الشَّامِلَةِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓی اٰلِ سَیِّدِنَا
(جن کی خلافت سب کائنات کو) شامل ہے۔ اے اللہ صلوٰۃ وسلام بھیج سیدنا محمد پر اور سیدنا
مُحَمَّدٍ نُوْرِکَ وَسِرِّکَ الْاَبْهٰی اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا
محمد کی آل پر جو محبوب مکرم تیرے نور ہیں اور تیرے خوبترین راز ہیں۔ اے اللہ صلوٰۃ وسلام بھیج سیدنا
مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓی اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ حَبِیْبِکَ الْاَعْلٰی وَصَفِیِّکَ الْاَزْکٰی
محمد پر اور سیدنا محمد کی آل پر جو ہمارے آقا تیرے حبیب اعلیٰ ہیں اور تیری پاکیزہ ترین منتخب ہستی ہیں
اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓی اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ نَبِیِّکَ
اے اللہ صلوٰۃ وسلام بھیج سیدنا محمد پر اور سیدنا محمد کی آل پر جو آقا تیرے حسین اور
الْمَلِیْحِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓی اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ
دلربا نبی ہیں۔ اے اللہ صلوٰۃ وسلام بھیج سیدنا محمد پر اور سیدنا محمد کی آل پر
رَحْمَتِکَ الْمُفَاضَلَةِ الْوَاصِلَةِ مِنْکَ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا
جو ہمارے آقا تیری سراسر قابل فخر رحمت ہیں جو ملنے والی ہے تیری طرف سے (ساری مخلوقات کو) اے اللہ صلوٰۃ وسلام بھیج سیدنا محمد پر اور
مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓی اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ دَافِعِ الْبَلِیَّاتِ اَللّٰهُمَّ اِنِّیْٓ اَحْتَجِزُ
سیدنا محمد کی آل پر جو محبوب مکرم بلیات ومصائب کے دور کرنے والے ہیں (باذن اللہ) اے اللہ میں تحفظ وپناہ حاصل کرتا ہوں
بِکَ وَاَعُوْذُ بِوَجْهِکَ الْکَرِیْمِ وَسُلْطَانِکَ الْعَظِیْمِ مِنْ شَرِّ کُلِّ
تیرے ساتھ اور پناہ طلب کرتا ہوں تیری ذات کریمہ اور تیری سلطنت عظیمہ کے ساتھ ہر اس چیز کے شر سے
شَیْءٍ خَلَقْتَ وَاَحْتَرِسُ بِکَ مِنْهُمْ وَاَعُوْذُ بِاللّٰهِ الْعَظِیْمِ مِنَ
جو تو نے پیدا کی اور میں نگہبانی طلب کرتا ہوں تیری ان کے شر سے۔ اور میں پناہ مانگتا ہوں اللہ عظیم کی

الْغَرَقِ وَالْحَرَقِ وَالسَّرَقِ وَالْقَتْلِ وَالْهَدْمِ وَالْخَسْفِ وَالزَّلَازِلِ
غرق ہونے اور جلنے سے اور چوری و قتل سے اور دب کر مرنے اور زیر زمین دھنسائے جانے سے اور زلزلوں سے
وَالرِّمَالِ وَالصَّیْحَةِ وَالْفِتَنِ وَالصَّوَاعِقِ وَالْجُنُوْنِ وَالْجُذَامِ
اور ریت کے (ٹیلوں کے نیچے) دب جانے سے اور زوردار آواز (کے عذاب) سے اور فتنوں سے اور بجلی کے کڑکوں سے اور جنون، کوڑھ
وَالْبَرَصِ وَاَکْلِ السَّبُعِ وَمِیْتَةِ السُّوْءِ وَجَمِیْعِ اَنْوَاعِ الْبَلَایَا فِی
سفید داغوں والی بیماری سے اور درندوں کا لقمہ بننے سے اور برے طریقہ پر مرنے سے اور تمام اقسام کی بلیات ومصائب سے
الدُّنْیَا وَالْاٰخِرَةِ یَآ اَرْحَمَ الرّٰحِمِیْنَ ۝ یَا حَیُّ یَا قَیُّوْمُ بِکَ تَحَصَّنْتُ
دنیا میں بھی اور آخرت میں بھی اے ارحم الراحمین۔ اے زندہ و پائندہ ہستی تیرے ساتھ ہی حفاظت اور بچاؤ حاصل کیا میں نے
فَارْحَمْنِیْ بِحِمَایَةِ کِفَایَةِ وِقَایَةِ حَقِیْقَةِ بُرْهَانِ حِرْزِ بُرْهَانِ
لہٰذا رحم فرما مجھ پر ساتھ حمایت وکفایت فرمانے اور تحفظ ووقایت مہیا کرنے کے بسم اللہ کے برہان حقیقت اور
بِسْمِ اللّٰهِ وَاَدْخِلْنِیْ یَآ اَوَّلُ یَآ اٰخِرُ بِمَکْنُوْنِ غَیْبِ سِرِّ دَآئِرَةِ
برہان حفظ وامان کا۔ اور داخل فرما مجھے اے اول اے آخر مکنون غیب اور سر مخفی میں اس خزانہ امان کے
کَنْزِ مَا شَآءَ اللّٰهُ لَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ الْعَلِیِّ الْعَظِیْمِ ۝ وَاَسْبِلْ عَلَیَّ یَا
دائرہ سے کہ جو اللہ نے چاہا (وہی ہوا) نہیں قوت وطاقت مگر ساتھ توفیق بخشنے اللہ عالیشان عظیم کے اور لٹکا مجھ پر اے
حَلِیْمُ یَا سَتَّارُ کَنَفَ سِتْرِ حِجَابِ صِیَانَةِ نَجَاةِ وَاعْتَصِمُوْا بِحَبْلِ
حلیم اے ستار کنارا اور پہلو اس ستر وحجاب کا جو اللہ کے اس قول کی بدولت حاصل ہونے والی حفاظت اور نجات کا ہے یعنی
اللّٰهِ وَابْنِ یَا مُحِیْطُ یَا قَادِرُ عَلَیَّ سُوْرَ اَمَانِ اِحَاطَةِ مَجْدِکَ وَ
چنگل مارو سبھی مل کر اللہ تعالیٰ کی رسی سے اور تعمیر فرما مجھ پر اے محیط اے قادر فصیل اور شہر پناہ اپنی مجد وبزرگی کے امان واحاطہ والی اور
سُرَادِقَ عِزِّ عَظَمَتِکَ ذٰلِکَ خَیْرٌ ذٰلِکَ مِنْ اٰیٰتِ اللّٰهِ وَعُذْنِیْ
خیمے اپنی عزت وعظمت کے۔ وہی سب سے بہتر صورت امان کی ہے اور وہ اللہ تعالیٰ کی آیات سے ہے اور پناہ دے مجھے
یَا رَقِیْبُ یَا مُجِیْبُ وَاحْرُسْنِیْ فِیْ نَفْسِیْ وَدِیْنِیْ وَاَهْلِیْ وَمَالِیْ
اے نگہبان اے دعائیں قبول کرنے والے اور میری حراست ونگرانی فرما میری جان۔ میرے دین۔ میرے اہل اور مال

وَوَلَدِىْ وَدَارِىْ بِكَلَائَةِ اِعَاذَةٍ اِغَاثَةٍ وَلَيْسَ بِضَارِّهِمْ شَيْئًا اِلَّا بِاِذْنِ
واولاد میں اور میرے مکان میں ساتھ ایسی نگہبانی اور پناہ اور فریادرسی کے جو تیرے اس قول میں ہے (اور نہیں وہ ان کو ضرر دینے والا ذرہ بھر کر ساتھ

اللّٰهِ وَقِنِىْ يَامَانِعُ يَانَافِعُ يَادَافِعُ بِاَسْمَآئِكَ وَاٰيَاتِكَ وَكَلِمَاتِكَ
اللہ کے اذن کے) اور مجھے بچالے دور رکھنے والے (ضرر کے) اے نفع دینے والے۔ اے دفع کرنے والے (مصائب کے) بطفیل اپنے اسماء و آیات اور تمام کلمات کے

مِنْ شَرِّ الشَّيْطَانِ وَالسُّلْطَانِ فَاَىُّ ظَالِمٍ اَوْ جَبَّارٍ بَغٰى عَلَىَّ اَخَذْتَهٗ
شیطان اور حاکم وقت کے شر سے پس جو ظالم اور جابر و سرکش مجھ پر بغی و عدوان سے کام لے اس کو اپنی لپیٹ میں لے لے ایک عظیم

غَاشِيَةٌ مِّنْ عَذَابِ اللّٰهِ وَنَجِّنِىْ يَا مُذِلُّ يَا مُنْتَقِمُ مِنْ عَبِيْدِكَ
ڈھانکنے والی (موج) اللہ کے عذاب کی۔ اور نجات عطا فرما مجھے اسے ذلت دینے والے۔ اے انتقام لینے والے اپنے ظلم پیشہ بندوں

الظَّلَمَةِ الظَّالِمِيْنَ الْبَاغِيْنَ عَلَىَّ وَاَعْوَانِهِمْ فَاِنْ هَمَّ بِىْ اَحَدٌ مِّنْهُمْ
سے جو مجھ پر ظلم و تعدی کرتے والے ہیں اور ان کے معاونین سے بھی بچا اگر ارادہ کرے میرے ساتھ (ظلم کا) کوئی بھی ان میں سے

اَللّٰهُمَّ يَا رَبِّ اُعِيْذُ حَامِلَ هٰذَا الْكِتَابِ وَصَاحِبَهٗ وَقَارِئَهٗ
اے اللہ اے میرے پروردگار میں پناہ میں دیتا ہوں اس کتاب کے اٹھانے والے اور اس کو ساتھ رکھنے والے اور اس کے پڑھنے والے

وَكَاتِبَهٗ بِالْاِسْمِ الْمَكْتُوْبِ عَلٰى سُرَادِقَاتِ الْعَرْشِ اَنَّهٗ لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ
اور کتابت کرنے والے کو اس اسم مکتوب کی پناہ میں جو لکھا ہوا ہے عرش اعظم کے خیموں پر یعنی بے شک شان یہ ہے کہ نہیں کوئی معبود برحق مگر

الْغَالِبُ الَّذِىْ لَا يَغْلِبُهٗ شَىْءٌ وَّلَا يَنْجُوْ مِنْهُ هَارِبٌ وَّاُعِيْذُهُمْ بِالْحَىِّ
اللہ جو کہ (سب پر) غالب ہے غالب نہیں آسکتی اس پر کوئی شئی اور دبھاگ کر بچاؤ حاصل کرسکتا ہے اس سے کوئی بھاگنے والا اور میں ان سب کو پناہ میں دیتا ہوں اس

الَّذِىْ لَا يَمُوْتُ وَبِالْقَيُّوْمِ الَّذِىْ لَا يَنَامُ وَبِالْكُرْسِىِّ الَّذِىْ لَا
زندہ اور ابدی ذات کی جس پر کبھی موت نہیں آئے گی اور اس پائندہ اور سرمدی ذات کی پناہ میں جو نہیں سوتا۔ اور اس کرسی کی پناہ میں جو کبھی

يَزُوْلُ وَبِالْعَرْشِ الَّذِىْ لَا يَنَامُ وَاُعِيْذُهُمْ بِالْاَسْمَآءِ الْمَكْتُوْبَةِ
زوال پذیر نہیں ہوگی۔ اور اس عرش کی پناہ میں کہ نہیں سوتا مالک اس کا اور میں ان سب کو پناہ میں دیتا ہوں ان اسماء کے جو لکھے ہوئے ہیں

فِى اللَّوْحِ الْمَحْفُوْظِ وَاُعِيْذُهُمْ بِتِسْعِ الْاٰيَاتِ الَّتِىْ نَزَلَتْ عَلٰى مُوْسٰى
لوح محفوظ میں۔ اور میں انھیں پناہ میں دیتا ہوں ان نو آیات کے جو نازل ہوئیں موسیٰ کلیم علیہ السلام پر۔

بِطُوْرِ سَيْنَآءَ وَاُعِيْذُهُمْ مِّنْ كُلِّ عَيْنٍ نَّاظِرَةٍ وَّاُذُنٍ سَامِعَةٍ وَّ
طور سینا پر۔ اور پناہ میں دیتا ہوں ان سب کو ہر دیکھنے والی آنکھ۔ سننے والے کان اور

اَلْسِنَةٍ نَّاطِقَةٍ وَّاَقْدَامٍ مَّاشِيَةٍ وَّقُلُوْبٍ وَّاعِيَةٍ وَّاَنْفُسٍ كَافِرَةٍ
بولنے والوں زبانوں سے۔ چلنے والے قدموں اور محفوظ رکھنے والے دلوں اور کافر نفوس سے

وَّيَمِيْنٍ لَّازِمَةٍ ظَاهِرَةٍ اَوْ بَاطِنَةٍ وَّاُعِيْذُهُمْ مِّمَّنْ يَّعْمَلُ الْخَطَايَا بِهِمْ
اور لازم آنیوالی قسم سے ظاہر ہو یا مخفی ہو۔ اور پناہ میں دیتا ہوں ان سب کو ان لوگوں سے جو گناہوں کے مرتکب ہوتے ہیں یا ان کا

بِهَا مِنْ ذَكَرٍ وَّاُنْثٰى وَاُعِيْذُهُمْ مِّنْ شَرِّ كُلِّ عَقْدِهِمْ وَمَكْرِهِمْ وَسِحْرِهِمْ
ارادہ کرتے ہیں خواہ مرد ہوں یا عورتیں۔ اور میں (اللہ تعالیٰ کی) پناہ میں دیتا ہوں ان سب کو ان کے اعداء کے منتروں سے اور مکر سے ان کی جادو

وَبَرِيْقِ اَعْيُنِهِمْ وَحَرِّ اَجْسَادِهِمْ وَمِنْ شَرِّ الْجِنِّ وَالشَّيَاطِيْنِ وَ
کی آنکھوں کی چمک سے اور ان کے اجسام کی حرارت سے اور جن و شیاطین کے شر سے اور

التَّوَابِعِ وَالسَّحَرَةِ وَمِنْ شَرِّ مَنْ تَكُوْنُ فِى الْجِبَالِ وَالْحِيَاضِ وَالْخَرَابِ
(عاملوں کے) تابع جنوں سے اور جادوگروں کے شر سے اور ہر اس چیز کے شر سے جو ہو پہاڑوں میں۔ حوضوں اور ویرانیوں یا

وَالْعُمْرَانِ وَمِنْ شَرِّ مَنْ يَّكُوْنُ فِى الْبِحَارِ وَالْبَرَارِىْ وَالْمَفَاوِزِ وَالْبُلْدَانِ
ویرانے اور آبادیوں میں اور ہر اس چیز کے شر سے جو ہو سمندروں میں یا خشکیوں میں۔ جنگلات و بیابان اور شہروں میں۔

وَمِنْ شَرِّ سَاكِنِ النَّوَاوِيْسِ وَمِنْ شَرِّ سَاكِنِ الطُّيُوْرِ وَسَاكِنِ الْقُبُوْرِ وَ
اور نصاریٰ کے قبرستانوں میں رہنے والوں سے اور پرندوں کے اندر رہنے والوں کے شر سے۔ اور قبروں میں رہنے والوں اور

سَاكِنِ الطُّرُقِ وَاُعِيْذُهُمْ مِّنْ شَرِّ كُلِّ غُوْلٍ وَّغُوْلَةٍ وَّسَاحِرٍ وَّسَاحِرَةٍ
راستوں پر رہنے والوں کے شر سے۔ میں انہیں پناہ میں دیتا ہوں (اللہ تعالیٰ کے) ہر غول اور چھلاوے سے مذکر ہو یا مونث اور جادوگروں اور

وَمِنْ شَرِّ الطَّيَّارَاتِ وَاُعِيْذُهُمْ بِاٰهِيًّا شَرَاهِيًّا لَكَ الْحَمْدُ وَاِلَيْكَ
عورتوں سے اور اڑنے والے جنوں کے شر سے اور میں انھیں پناہ میں دیتا ہوں اہیا اشراہیا (حی و قیوم) کی تیرے لیے ہی حمد ہے اور تیری طرف ہی

الْمُشْتَكٰى وَاَنْتَ الْمُسْتَعَانُ وَاَنْتَ عَلٰى كُلِّ شَىْءٍ قَدِيْرٌ اَللّٰهُمَّ صَلِّ
شکایت ہے (حوادث زمان سے) اور تو ہی مدد و توفیق طلب کیا جانے والا ہے (ہر ایک کا) اور تو ہی ہر چیز پر بہت ہی قدرت والا ہے اے اللہ صلوٰۃ

وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّاسِطَةِ اَهْلِ الْحُبِّ وَقِبْلَةِ

وسلام بھیج سیدنا محمد پر اور سیدنا محمد کی آل پر جو واسطہ ہیں (ذریعے وصل کیلئے) اہل محبت کا اور قبلہ ومرکز توجہ ہیں مقام قرب

اَهْلِ الْقُرْبِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ

والوں کا۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام بھیج سیدنا محمد پر اور سیدنا محمد کی آل پر

لَوْحِ اَسْرَارِ الْقَيُّوْمِيَّةِ وَرُوْحِ الْمُشَاهَدَةِ الْمَلَكُوْتِيَّةِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَ

جو اسرار قیومیت کے لیے لوح (نقش ونگار) اور ملکوت کے مشاہدہ کے لیے روح ہیں (اہل مشاہدہ کی) اے اللہ صلوٰۃ و

سَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ تَرْجُمَانِ الْاَزَلِ وَالْاَبَدِ

سلام بھیج سیدنا محمد پر اور سیدنا محمد کی آل پر جو ہمارے آقا ترجمان ہیں ازل اور ابد کے

اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ لِسَانِ الْغَيْبِ

اے اللہ صلوٰۃ و سلام بھیج سیدنا محمد پر اور سیدنا محمد کی آل پر جو محرم اسرار خداوندی ترجمان اور سبب اظہار ہیں اس

الَّذِیْ لَا يُحِيْطُ بِهٖ اَحَدٌ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى

غیب کا جس کا احاطہ نہیں کر سکتا کوئی شخص۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام بھیج سیدنا محمد پر اور سیدنا محمد کی آل پر

اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ صُوْرَةِ الْحَقِيْقَةِ الْفَرْدَانِيَّةِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى

جو محبوب مجسم صورت اور مظہر ہیں حقیقت احدیہ فردانیہ کا۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام بھیج

سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ الصُّوْرَةِ الْمُزَيَّنَةِ بِاَنْوَارِ الرَّحْمَانِيَّةِ

سیدنا محمد پر اور سیدنا محمد کی آل پر کہ جو آقا ایسی صورت کے مالک ہیں (جو مزین اور آراستہ ہے انوار رحمانیہ کیساتھ

اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ اِنْسَانِ

اے اللہ صلوٰۃ وسلام بھیج سیدنا محمد پر اور سیدنا محمد کی آل پر کہ جو اللہ تعالیٰ کے

اللّٰهِ الْمُخْتَصِّ بِالْعِبَادَةِ عَنْهُ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّ

ایسے انسان ہیں جو مختص کر دیے گئے ہیں عبادت خداوندتعالیٰ کے ساتھ اس کی طرف سے۔ اے اللہ صلوٰۃ وسلام بھیج سیدنا محمد پر اور

عَلٰٓى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ سِرِّ الْقَابِلِيَّةِ الْاِلٰهِيَّةِ الْاِمْكَانِيَّةِ الْمُتَلَقِّيَةِ مِنْهُ

سیدنا محمد کی آل پر جو آقا کہ سر اور راز مخفی ہیں اس خداداد قابلیت واستعداد کا (جو مخلوقات کے احد امکان میں ہے اور حاصل ہونے والی ہے اللہ تعالیٰ کی

اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ الْبَاطِنِ

طرف۔ اے اللہ صلوٰۃ وسلام بھیج سیدنا محمد پر اور سیدنا محمد کی آل پر جو آقا کہ باطن ہیں۔ (اپنی

وَالظَّاهِرِ بِتَفْعِيْلِ التَّكْمِيْلِ الذَّاتِيِّ فِیْ مَرَاتِبِ قُرْبِهٖ اَللّٰهُمَّ صَلِّ

حقیقت کے اعتبار سے) اور ظاہر ہیں (اپنی صورت جسمانیہ اور براہین رسالت کے اعتبار سے) بسبب اثر انگیزی اس تکمیل ذاتی کے (جو اللہ نے فرمائی ہے) آپ کے

وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ غَايَةِ طَرَفِ الدَّوْرَةِ

مراتب قرب میں۔ اے اللہ صلوٰۃ وسلام بھیج سیدنا محمد پر اور سیدنا محمد کی آل پر جو رسول معظم کہ غایت اور مقصد آخریں ہیں

النَّبَوِيَّةِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ

دور نبوت کا۔ اے اللہ صلوٰۃ وسلام بھیج سیدنا محمد پر اور سیدنا محمد کی آل پر کہ جو وسیلہ ایجاد

الْمُتَّصِلِ بِالْاَوَّلِ نَظَرًا وَّاِمْدَادًا اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّ

متصل ہیں ساتھ اول حقیقی اور قدیم ذات کے از روئے نظر عنایت اور امداد واعانت کے۔ اے اللہ صلوٰۃ وسلام بھیج سیدنا محمد پر

عَلٰٓى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ بِدَايَةِ نُقْطَةِ الْاِنْفِعَالِ الْوُجُوْدِيِّ اِرْشَادًا وَّاِسْعَادًا

اور سیدنا محمد کی آل پر جو مخلوق اول کہ نقطہ آغاز وابتداء ہیں انفعال وجودی کا اور نتیجہ اول ہیں تاثیر خداوندی کی اثر پذیری کا از روئے رہنمائی اور نیکبختی مہیا کرنیکے

اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ اَمِيْنِ اللّٰهِ

اے اللہ صلوٰۃ وسلام بھیج سیدنا محمد پر اور سیدنا محمد کی آل پر جو آقا امین ہیں

عَلٰى سِرِّ الْاُلُوْهِيَّةِ الْمُطَلْسَمِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ

الوہیت کے اس راز مخفی کے جس تک رسائی سے مخلوق کو دور رکھا گیا ہے۔ اے اللہ صلوٰۃ وسلام بھیج سیدنا محمد پر

وَّعَلٰٓى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ الَّذِیْ حَفِيْظُهٗ عَلٰى غَيْبِ لَاهُوْتِيَّةِ الْمُكْتَتِمِ

اور سیدنا محمد کی آل پر جو محبوب خلائق وخالق محافظ ہیں اللہ کے لاہوتی غیب واسرار کے جو اچھی طرح چھپا دیے گئے ہیں

اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ الَّذِیْ لَا

اے اللہ صلوٰۃ وسلام بھیج سیدنا محمد پر اور سیدنا محمد کی آل پر کہ جو محبوب اس قدر مخفی حقیقت والے ہیں کہ نہیں

تُدْرِكُ الْعُقُوْلُ الْكَامِلَةُ مِنْهُ اِلَّا مِقْدَارَ مَا تَقُوْمُ عَلَيْهِ الْحُجَّةُ الْبَاهِرَةُ

احاطہ کرتے کامل ترین عقول ان کی کسی شان کا مگر اتنے قدر کا کہ قائم اور موجود ہو اس پر روشن دلیل اور حجت

اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ ۣالَّذِىْ
اے اللہ صلوٰۃ و سلام بھیج سیّدنا محمد کی آل پر کہ جس راز مخفی کو
لَا تَعْرِفُ النُّفُوْسُ الْعَرْشِيَّةُ اِلَّا مَا يُتَعَرَّفُ لَهَا مِنْ لَّوَامِعِ اَنْوَارِهِ
نہیں پہچانتے عرشی نفوس مگر اسی قدر کہ پہچان کرائی جاتی ہے انہیں آپ کے روشن انوار کے
الزَّاهِرَةِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ
عکس اور چمک سے ۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام بھیج سیّدنا محمد پر اور سیّدنا محمد کی آل پر کہ جو قبلۂ موجودات
مُنْتَهٰى هِمَمِ الْقُدْسِيِّيْنَ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى
منتہٰی اور مقصد حقیقی ہیں قدسیوں کے قصد و ارادوں کا ۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام بھیج سیّدنا محمد پر اور
اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ قَدْ بَدَاَ بِهٖ مِمَّا فَوْقَ عَالَمِ الطَّبَآئِعِ مَرْمٰى اَبْصَارِ
سیّدنا محمد کی آل پر کہ جس مخلوق اول سے آغاز ہوا عالم طبائع اور ماورایات سے مافوق عالم کا جو منتہائے مقصود ہے موحدین کی
الْمُوَحِّدِيْنَ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ
نظروں کا ۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام بھیج سیّدنا محمد پر اور سیّدنا محمد کی آل پر جو آقا کہ نور مطلق ہیں
النُّوْرِ الْمُطْلَقِ اَللّٰهُمَّ اَحْرِقْ عَوَارِضَ خَيَالِىْ مِنْ نَّارِ عِشْقِكَ وَشَوْقِىْ
(باعتبار وجود اول کے) اے اللہ جلا ڈال اپنے عشق کی آگ سے ان رکاوٹوں اور موانع کو جو پیش آنیوالے ہیں میرے خیال اور
اِلٰى جَلَالِكَ وَجَمَالِكَ وَقَطِّعْ حِجَابًا مِّنْ بَيْنِىْ وَبَيْنِكَ وَنَوِّرْ قَلْبِىْ بِنُوْرِ
شوق کو جو طرف تیرے جلال اور جمال ذات کے ہے ۔ اور ٹکڑے ٹکڑے کردے اس حجاب کو جو میرے اور تیرے درمیان ہے ۔ اور منور فرما میرے دل کو
مَعْرِفَتِكَ وَارْزُقْنِىْ كَاْسًا مِّنْ شَرَابِ مَحَبَّتِكَ وَخِلْعَةِ وِصَالِكَ وَ
اپنے نور معرفت سے اور عطا فرما مجھے جام اپنے شراب محبت سے اور مشرف فرما مجھے اپنے وصال کی خلعت ۔ اور اپنی لقاء کے
تَشْرِيْفِ لِقَآئِكَ يَا ذَا الْجَلَالِ وَالْاِكْرَامِ ۝ اَللّٰهُمَّ افْتَحْ مَسَامِعَ قَلْبِىْ لِذِكْرِكَ
اعزاز سے ۔ اے جلال و اکرام کے مالک ۔ اے اللہ کھول دے میرے دل کے کان اپنے ذکر سننے کیلئے
وَارْزُقْنِىْ طَاعَتَكَ وَطَاعَةَ رَسُوْلِكَ وَعَمَلًا بِكِتَابِكَ يَا اَللّٰهُ يَا اَللّٰهُ
اور مجھے نصیب فرما اپنی اطاعت اور اپنے رسول کی اطاعت اور اپنی کتاب پر عمل اے اللہ اے اللہ

يَا اَللّٰهُ وَصُبَّ عَلَيْنَا مِنْ اَنَابِيْبِ مَيَازِيْبِ التَّوْفِيْقِ فِىْ رَوْضَاتِ
اے اللہ ۔ اور زور سے پلٹ ہم پر اپنی توفیق کے پرنالوں کی نالیوں سے (توفیق کا آب حیات) سعادت مندیوں کے
السَّعَادَاتِ اٰنَآءَ لَيْلِكَ وَاَطْرَافَ نَهَارِكَ وَاَغْمِسْنَا فِىْ اَحْوَاضِ
باغات میں رات کی ہر آن میں اور دن کے ہر حصے میں ۔ اور ہمیں ڈبو دے ان تالابوں اور حوضوں میں
سَوَاقِىْ مَسَاقِىْ بِرِّكَ وَرَحْمَتِكَ وَقَيِّدْنَا بِقُيُوْدِ السَّلَامَةِ عَنِ
جو تیرے خاص احسان اور رحمت کے دریا سے پھوٹنے والی نہروں سے بھرے ہوئے ہیں ۔ اور مقید فرما ہمیں سلامتی کی بیڑیوں کے
الْوُقُوْعِ فِىْ مَعْصِيَتِكَ يَآ اَوَّلُ يَآ اٰخِرُ يَا ظَاهِرُ يَا بَاطِنُ يَا قَدِيْمُ
ساتھ اپنی نافرمانبرداری کے گڑھوں میں گرنے سے ۔ اے اول ۔ اے آخر ۔ اے ظاہر ۔ اے باطن ۔ اے قدیم
يَا قَيُّوْمُ يَا مُقِيْمُ يَا مَوْلَاىَ يَا قَادِرُ يَا مَوْلَاىَ يَا غَافِرُ يَا لَطِيْفُ يَا
اے ہمیشہ قائم رہنے والے ۔ اے قائم رکھنے والے (سموات وارض کے) اے میرے مولیٰ ۔ اے قادر ۔ اے میرے مولیٰ ۔ اے بخشنے والے ۔ اے
خَبِيْرُ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ
لطیف ۔ اے خبر رکھنے والے ۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام بھیج سیّدنا محمد پر اور سیّدنا محمد کی آل پر
الَّذِىْ لَا يَتَجَلّٰى اَشِعَّةُ اللّٰهِ لِقَلْبٍ اِلَّا مِنْ مِّرْاٰةِ سِرِّهٖ اَللّٰهُمَّ صَلِّ
نہیں پرتو فگن اور نمایاں ہوتیں اللہ کے نور ذات کی تجلیات کسی دل پر مگر اسی محبوب کے آئینہ راز سے ۔ اے اللہ صلوٰۃ
وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ ۣالَّذِىْ لَا تَرَنَّمُ
و سلام بھیج سیّدنا محمد پر اور سیّدنا محمد کی آل پر کہ نہیں نغمہ سرا ہوتے
الْمَزَامِيْرُ عَلٰى لِسَانِهٖ اِلَّا بِرَنَّاتِ ذِكْرِ اللّٰهِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا
مزامیر اور آلاتِ غنا آپ کی زبان اقدس پر مگر ذکر باری تعالیٰ کے نغمات کے ساتھ ۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام بھیج سیّدنا
مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ هُوَ الْوِتْرُ الشَّفِيْعُ الْمُحَقِّقُ الْمَحْكُوْمُ بِالْجِهَادِ
محمد پر اور سیّدنا محمد کی آل پر کہ جو آقا (مرتبہ ذات میں) یکتا ہیں اور گناہگاروں کیلئے (از راہ رحمت) شفیع ہیں مرتبہ تحقیق پر فائز ہیں
عَلٰى كُلِّ مَنِ ادَّعَى الْكُفْرَ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى
اور حکم دیے گئے ہیں جہاد کا ہر اس شخص کے خلاف جو کفر کا دعوی رکھتا ہو ۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام بھیج سیّدنا محمد پر اور

اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ مَعْرِفَةِ اللّٰهِ مُجَرَّدَةٍ فِيْ نَفْسِ الْاَمْرِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ

سیدنا محمد کی آل پر جو مرشد کامل کر سراسر اللہ تعالیٰ کا عرفان ہیں اور واقع میں رب سب مخلوق اور ان کے علائق سے الگ تھلگ ہیں۔ اے اللہ صلوٰۃ و

عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ الْفَرْعِ الْحَدْثَانِ الْمُتَرَعْرِعِ فِيْ غَايَتِهٖ بِمَا يُبَدُّ بِهٖ

سلام بھیج سیدنا محمد پر جو کہ (باغ قدس) کی تازہ شاخ ہیں جو نشو و نما پانے والی ہے اپنی غایت تک رسائی کیلئے بسبب اس کے جو حقدر تاہے

كُلُّ اَصْلٍ اَبَدِيٍّ حِيْنَئِذٍ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى

اسے ہر اصل ابدی وقت نشو و نما میں۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام بھیج سیدنا محمد پر اور

اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ ثَمَرَةِ شَجَرَةِ الْقِدَمِ وَنُسْخَةِ الْوُجُوْدِ وَالْعَدَمِ اَللّٰهُمَّ

سیدنا محمد کی آل پر جو آقا کہ پھل ہیں درخت قدم کا اور نسخہ کاملہ جامعہ ہیں جن سے ایجاد و اعدام کا آغاز ہوا۔ اے اللہ

صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ عَبْدِ اللّٰهِ وَ

صلوٰۃ بھیج سیدنا محمد پر اور سیدنا محمد کی آل پر جو آقائے خلق اللہ تعالیٰ کے عبد خاص ہیں اور

نِعْمَ الْعَبْدُ الَّذِيْ بِهٖ كَمَالُ الْكَمَالِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا

بہت اچھے عبد ہیں انہیں کی بدولت کمال نے کمال پایا۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام بھیج سیدنا

مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ عَابِدِ اللّٰهِ بِاللّٰهِ بِلَا اتِّحَادٍ وَّلَا حُلُوْلٍ وَّلَا

محمد پر اور سیدنا محمد کی آل پر جو آقا کہ اللہ کی عبادت کرنے والے ہیں ساتھ اللہ کی توفیق مخصوص کے بغیر اتحاد و حلول کے اور بغیر

اِتِّصَالٍ وَّلَا انْفِصَالٍ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى

اتصال و انفصال کے (بلکہ ایسے ربط سے جو تصور سے بالاتر ہے) اے اللہ صلوٰۃ و سلام بھیج سیدنا محمد پر اور سیدنا

اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ الدَّاعِيْ اِلَى اللّٰهِ عَلٰى صِرَاطٍ مُّسْتَقِيْمٍ اَللّٰهُمَّ

محمد کی آل پر جو کہ بلانے والے ہیں (مخلوق کو) طرف اللہ تعالیٰ کے (اور خود بھی) راہ راست پر ہیں۔ اے اللہ

صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ نَبِيِّ الْاَنْبِيَآءِ

صلوٰۃ و سلام بھیج سیدنا محمد پر اور سیدنا محمد کی آل پر جو آقا کہ انبیاء کے نبی ہیں

وَمُمِدِّ الرُّسُلِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ

اور رسل کرام کے فیض رساں ہیں۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام بھیج سیدنا محمد پر اور سیدنا

سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ عَبْدِكَ مِنْ حَيْثُ كَمَآ اَنْتَ وَهُوَ عَبْدُكَ مِنْ حَيْثُ

محمد کی آل پر جو کہ تیرے عبد خاص اور طاعت گزار ہیں اس عبدیت و طاعت کے ساتھ جو تیری ذات والا کے لائق ہے اور وہ تیرے عبد کامل

كَافَّةِ اَسْمَآئِكَ وَصِفَاتِكَ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ

ہیں از روئے تیرے تمام اسماء و صفات کے۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام بھیج سیدنا محمد پر

وَّعَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ جَمَالِ التَّجَلِّيَاتِ الْاِخْتِصَاصِيَّةِ وَجَلَالِ

اور سیدنا محمد کی آل پر جو محبوب کہ سراسر جمال ہیں (تیری) مخصوص و مختص تجلیات کا۔ اور سراپا جلال ہیں

التَّنَزُّلَاتِ الْاِصْطِفَائِيَّةِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّ

تنزلات اصطفائیہ کا۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام بھیج سیدنا محمد پر اور

عَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ الْبَاطِنِ بِكَ فِيْ غَيَابَاتِ الْعِزِّ اَللّٰهُمَّ صَلِّ

سیدنا محمد کی آل پر جو آقا کہ پوشیدہ اور مخفی ہونے والے ہیں تیری اعانت سے تیرے عز و اکرام کے پردوں میں۔ اے اللہ صلوٰۃ

وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ الظَّاهِرِ بِنُوْرِكَ فِيْ

اور سلام بھیج سیدنا محمد پر اور سیدنا محمد کی آل پر جو محبوب کہ ظاہر ہونے والے ہیں تیرے نور کی بدولت

مَشَارِقِ الْمَجْدِ الْاَفْخَرِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى

بلند مرتبت مجد اور بزرگی کے مطالع ظہور سے۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام بھیج سیدنا محمد پر اور

اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ عَزِيْزِ الْحَضْرَةِ الصَّمَدِيَّةِ وَسُلْطَانِ الْمَمْلَكَةِ الْاَحَدِيَّةِ

سیدنا محمد کی آل پر جو آقا کہ بارگاہ صمدیت میں معزز و مکرم ہیں اور مملکت احدیت و خداوندی کے بادشاہ ہیں

اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ دَآئِرَةِ

اے اللہ صلوٰۃ و سلام بھیج سیدنا محمد پر اور سیدنا محمد کی آل اطہار پر جو آقا کہ دائرہ ہیں

الْاِحَاطَةِ الْعُظْمٰى وَمَرْكَزِ مُحِيْطِ الْفَلَكِ الْاَسْمٰى اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى

عظیم احاطہ والا (جس کے گھیرے میں سب کائنات ہے) اور مرکز ہیں بلند مرتبت فلک محیط اور فلک الافلاک کا۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام بھیج

سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ مَنْ سَتَرْتَهٗ بِمَا لَا يَنْبَغِيْ لِاَحَدٍ

سیدنا محمد پر اور سیدنا محمد کی آل پر کہ جس محبوب کو تو نے چھپا دیا ہے ان پردوں میں جو نہیں شایاں واسطے کسی کے

من خلقك وفي باطنه لك اسرار اللهم صل وسلم على سيدنا

تیری مخلوق سے سوا ان کے اور ان کے باطن میں تیرے اسرار ہیں۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام بھیج سیدنا

محمد وعلى آل سيدنا محمد من كحلت بنور قدسك مقلته

محمد پر اور سیدنا محمد کی آل پر کہ جس محبوب کی آنکھ کو سرمگین کیا ہے تو نے اپنے نور قدس کے ساتھ

فرأى ذاتك العلي جهارا اللهم صل وسلم على سيدنا محمد و

پس دیکھا انہوں نے تیری ذات کو علانیہ روبرو۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام بھیج سیدنا محمد پر اور

على آل سيدنا محمد من به نطقت اسرارك وكمل به جلالك

سیدنا محمد کی آل پر کہ جن کی وساطت سے بولنے لگے تیرے اسرار اور کمال پذیر ہوا ساتھ ان کے تیرا جلال (عالم ظاہر میں)

اللهم صل وسلم على سيدنا محمد وعلى آل سيدنا محمد

اے اللہ صلوٰۃ و سلام بھیج سیدنا محمد پر اور سیدنا محمد کی آل پر کہ

الذي منه ظهرت انوارك وبرزت كمالاتك اللهم صل وسلم

جس تیرے مظہر کے ذریعے ظاہر ہوئے تیرے انوار اور آشکار ہوئے تیرے کمالات۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام

على سيدنا محمد وعلى آل سيدنا محمد مستوى تجلي عظمتك

بھیج سیدنا محمد پر اور سیدنا محمد کی آل پر کہ جو آقا موزوں تر مقام و محل ہیں تیری تجلی عظمت

ورحمتك وحكمك في جميع مخلوقاتك اللهم صل وسلم على سيدنا

اور ظہور رحمت کے لیے اور تیرے حکم کی جلوہ گری کے لیے تیری تمام مخلوقات میں سے۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام بھیج سیدنا

محمد وعلى آل سيدنا محمد من فلقت بكلمة الخصوصية المحمدية

محمد پر اور سیدنا محمد کی آل پر کہ پھاڑا تو نے خصوصیت محمدیہ والے کلمہ کے ساتھ

بحار الجميع اللهم صل وسلم على سيدنا محمد وعلى آل سيدنا محمد

سبھی (راستہ میں حائل) سمندروں کو (انہیں پار لگانے کے لیے) اے اللہ صلوٰۃ و سلام بھیج سیدنا محمد پر اور سیدنا محمد کی آل پر

من مننت منه معرفتك وجمالك وخطابك للقلب والبصر والسمع

کہ جس وسیلہ خلق کے طفیل احسان و انعام کیا تو نے اپنی معرفت اور جمال و ہمکلامی کا ہر قلب و نظر اور سب کانوں کے لیے

اللهم صل وسلم على سيدنا محمد وعلى آل سيدنا محمد الاحمد

اے اللہ صلوٰۃ و سلام بھیج سیدنا محمد پر اور سیدنا محمد کی آل پر کہ جو بہت حمد و ثناء کرنے والے

الاحدي الحامد المحمدي اللهم اني اسألك متوسلا بهذا الحامد

ہیں ذات بے ہمتا و یکتا کی اور خود صاحب حمد ہیں اور بہت ہی حمد کیے ہوئے ہیں۔ اے اللہ میں سوال کرتا ہوں تجھ سے توسل کرتے ہوئے ساتھ

الحماد المحمود المحمد ان تشفيني وتقويني شفاء بدنيا قلبيا و

اس ذات کے جو تیری حمد کرنے والے ہیں اور بہت زیادہ حمد کرنے والے ہیں نیز حمد و ثنا کیے ہوئے ہیں اور بار بار حمد و ثناء کیے ہوئے ہیں کہ تو مجھے شفاء

قوة ظاهرية وباطنية وشفاء للظاهر والباطن عاما للصور

اور تقویت عطا کرے شفاء ایسی جو بدن اور قلب کی ہو۔ اور قوت ظاہر اور باطن کی اور شفاء واسطے ظاہر کے اور باطن کے جو شامل ہو صورتوں کو بھی

والمعاني وتجعلني طويل العمر في عبادتك وعبوديتك وعبودتك

اور معانی کو۔ اور بنائے تو مجھے طویل عمر والا اپنی عبادت کیلئے۔ اور اپنی عبادت کو محض حصول شرف اور لطف اندوزی کیلئے سر انجام دینے کیلئے اور عبادت

وتثبتني على الطريقة الخاصة الانسانية المحمدية والمعرفة

کو جزا و عطاء سے بالاتر ہو کر صرف اپنے ذاتی استحقاق کی خاطر بجالانے کیلئے اور مجھے ثابت قدم رکھے اوپر طریقہ خاصہ انسانیہ محمدیہ کے اور اس معرفت کے جس

التوحيدية الاكملية الاجمعية الاحدية الاحمدية وثبتني على

کا تعلق کامل ترین توحید سے اور احدیت احمدیہ سے ہے اور مجھے ثابت قدم رکھ اوپر

طلب الطريقة المحمدية التي هي الكمال وفوق الكمال واوصلني

طریقت محمدیہ کی طلب و آرزو کے جو کہ عین کمال ہے اور سب کمالات سے بلند و بالا مرتبہ ہے اور مجھے واصل فرما

اليها بحرمته واجعلني طويل العمر في اتباع شرعك وسنة حبيبك

اس طریقہ تک بطفیل عزت و حرمت محبوب کے۔ اور بنا تو مجھے عمر دراز والا اپنی شریعت اور اپنے حبیب کی سنت کی اتباع کیلئے

واهدني صراط المعرفة الكاملة الذوقية المحمدية اللهم واشفني

اور مجھے ہدایت عطا فرما اس معرفت کاملہ کے راستہ کی جو سراسر ذوق و شوق محمدی ہے۔ اے اللہ اور مجھے شفا عطا کر

وامح عن لوح وجودي رقم المرض القالبي بحرمة ميمه الماحي

اور مٹا دے میرے لوح وجود سے نقش و نشان جسمانی امراض کا بطفیل حرمت میم کے جو محبوب کریم کے اسم ماحی سے ہے (مٹانے والا)

وَحَوِّلْ وَجْهَ الْبَلِيَّةِ عَنِّىْ بِحُرْمَةِ حَآءِ الْمُحَوِّلِ بِالْحَقِّ ثُمَّ امْحُ رَقْمَ

اور پھیر دے رُخ بلیت و مصیبت کا مجھ سے بطفیل حرمت حا کے جو محبوب کے اسم محول بالحق سے ہے الحق کے ساتھ دائر پھر مٹا دے

الْمَرَضِ الْقَلْبِيِّ بِحُرْمَةِ مِيْمِهِ الثَّانِىْ وَدُلَّنِىْ عَلٰى مَا يَدْفَعُ عَنِّىْ

نام و نشان مرض قلبی کا بطفیل حرمت و کرامت اسم محمد کے میم ثانی کے۔ اور میری رہنمائی فرما ان امور کی طرف جو دور کر دیں مجھ سے

مَرَضَ التَّوَجُّهِ اِلٰى غَيْرِكَ وَالْعَمَلِ بِمَا يُخَالِفُ الشَّرِيْعَةَ الْمُحَمَّدِيَّةَ بِحُرْمَةِ

تیرے ماسوا کی طرف متوجہ ہونے کا مرض اور دور کر یں مجھ سے شریعت محمدیہ کے برخلاف عمل کرنے کا مرض بطفیل حرمت

دَالِهِ الدَّلِيْلِ لِلْعٰلَمِيْنَ اِلَى الْحَقِّ الصِّرْفِ اَللّٰهُمَّ اشْفِ هٰذَا الْعَبْدَ

اسم محمد کی دال کے جو رہبر ہیں تمام عالمین کے لیے طرف محض اور خالص حق کے۔ اے اللہ شفا بخش اس عبد کو

الْمُتَذَلِّلَ الْمُتَوَسِّلَ بِحَبِيْبِكَ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَللّٰهُمَّ اَجِبْ

جو سراپا عجز و نیاز ہے اور توسل کرنے والا ہے تیرے حبیب کے ساتھ صلی اللہ علیہ وسلم۔ اے اللہ یہ التجائیں قبول فرما

بِحُرْمَتِهِ اَللّٰهُمَّ بِبَرَكَةِ الصَّلٰوةِ عَلَيْهِ اجْعَلْنَا مِنَ الْفَآئِزِيْنَ وَعَلٰى

بطفیل حرمت حبیب کے۔ اے اللہ ان پر صلوات کی برکت سے بنا ہمیں کامیاب اور فائز المرام لوگوں سے اور آپ کے

حَوْضِهِ مِنَ الْوَارِدِيْنَ الشَّارِبِيْنَ وَبِسُنَّتِهِ وَطَاعَتِهِ مِنَ الْعَامِلِيْنَ

حوض کوثر پر وارد ہونے اور پینے والوں سے۔ اور آپ کی سنت اور اتباع میں عمل کرنے والوں سے

وَلَا تَحُلْ بَيْنَنَا وَبَيْنَهُ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ وَاسْتَعْمِلْنَا بِسُنَّتِهِ وَتَوَفَّنَا عَلٰى

اور نہ حائل ہونا درمیان ہمارے اور درمیان ان کے قیامت کے دن۔ اور ہمیں عمل پیرا بنا ان کی سنت کے ساتھ اور وفات دینا

مِلَّتِهِ وَاحْشُرْنَا فِىْ زُمْرَتِهِ وَتَحْتَ لِوَآئِهِ وَاجْعَلْنَا مِنْ رُفَقَآئِهِ وَاَوْرِدْنَا

ان کی ملت پر۔ اور ہمیں قیامت کے دن جمع کر ان کی جماعت کے ساتھ اور ان کے لواء حمد کے نیچے اور ہمیں آپ کے رفقاء میں داخل فرما

حَوْضَهُ وَاسْقِنَا بِكَاْسِهِ وَانْفَعْنَا بِمَحَبَّتِهِ وَاجْعَلْنَا مِنَ الْمُهْتَدِيْنَ

اور ہمیں آپ کے حوض پر وارد فرمانا اور ان کے دست کرم سے جام پلانا۔ اور ہمیں نفع اندوز بنا ان کی محبت سے اور ہمیں بنا ہدایت پانے والوں

بِمِنْهَاجِ شَرِيْعَتِهِ وَاهْدِنَا بِهَدْيِهِ وَتَوَفَّنَا عَلٰى مِلَّتِهِ وَاحْشُرْنَا يَوْمَ

سے ان کی شریعت کے واضح اور کشادہ راستہ کی۔ اور ہمیں ان کی سیرت پر چلا اور ہمیں وفات دینا ان کی ملت پر اور اٹھانا ہمیں

الْفَزَعِ الْاَكْبَرِ مِنَ الْاٰمِنِيْنَ فِىْ زُمْرَتِهِ وَاَمِتْنَا عَلٰى حُبِّهِ وَحُبِّ اٰلِهِ

بہت بڑی گھبراہٹ والے دن میں ان کے دامن رحمت میں امن پانے والی جماعت سے۔ اور ہمیں وفات دینا ان کی اور ان کی آل کی محبت

وَاَصْحَابِهِ وَذُرِّيَّاتِهِ اٰمِيْنَ يَا رَبَّ الْعٰلَمِيْنَ اَللّٰهُمَّ اجْعَلْ

پر، اور آپ کے اصحاب اور ذریات کی محبت و عقیدت پر آمین یا رب العالمین۔ اے اللہ کر دے اپنی

حُبَّكَ اَحَبَّ الْاَشْيَآءِ اِلَىَّ وَاجْعَلْ خَوْفَكَ اَخْوَفَ الْاَشْيَآءِ عِنْدِىْ وَاقْطَعْ

محبت کو سب اشیائے محبوب تر طرف میرے اور کر دے اپنے خوف کو سب اشیاء سے زیادہ خوف دلانے والا میرے نزدیک اور قطع

عَنِّىْ حَاجَاتِ الدُّنْيَا بِالشَّوْقِ اِلٰى لِقَآئِكَ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا

کر دے مجھ سے تمام دنیوی حاجات کو اپنے شوق لقاء کے ذریعے سے۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام بھیج سیدنا

مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ الَّذِىْ اَخَّرْتَ عَنْ مَقَامِهِ تَاْخِيْرًا ذَاتِيًّا

محمد پر اور سیدنا محمد کی آل پر کہ جس مقتدائے خلائق کے مقام تقدیم سے موخر کر دیا ہے تو نے بطور تاخیر ذاتی کے

لِكُلِّ اَحَدٍ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ

ہر ایک کو۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام بھیج سیدنا محمد پر اور سیدنا محمد کی آل پر

الَّذِىْ جَعَلْتَهُ بِحُكْمِ اَحَدِيَّتِكَ وِتْرَ الْعَدَدِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا

کہ جس آقا کو بنا دیا تو نے اپنے حکم احدیت و ازل میں طاق عدد والے اکر والدین کے اکلوتے فرزند تھے اے اللہ صلوٰۃ و سلام بھیج

مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ لِوَآءِ عِزَّتِكَ الْخَافِقِ وَلِسَانِ حِكْمَتِكَ

سیدنا محمد پر اور سیدنا محمد کی آل پر جو خلیفۂ مطلق تیری عزت و عظمت کے لہراتے علم ہیں اور تیری حکمت کی

النَّاطِقِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ

بولتی زبان۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام بھیج سیدنا محمد پر اور سیدنا محمد کی آل پر

سُلْطَانِ مَمَالِكِ الْعِزَّةِ اِلٰى كَافَّةِ بِلَادِكَ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا

جو آقا کہ ممالک عزت کے سلطان ہیں تیری طرف سے تمام بلاد اور آبادیوں کے۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام بھیج سیدنا

مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ الَّذِىْ تَلَاطَمَتْ بِرِيَاحِ التَّعَيُّنِ الصَّمَدَانِىِّ

محمد پر اور سیدنا محمد کی آل پر جو ایسے سمندر ہیں کہ تلاطم خیز ہیں صمدانی تعین کی ہواؤں سے

أمواجه اللهم صل وسلم على سيدنا محمد وعلى آل سيدنا محمد
موجیں اس کی۔ اے اللہ صلوٰۃ وسلام بھیج سیدنا محمد پر اور سیدنا محمد کی آل پر کہ

الذي قائد جيش النبوة الذي تسارعت بك إليك أفواجه اللهم
جو آقا قائد ہیں جیش نبوت کے کہ سرعت کے ساتھ چلنے والی ہیں تیری توفیق کیساتھ تیری ہی طرف افواج ان کی۔ اے اللہ

صل وسلم على سيدنا محمد وعلى آل سيدنا محمد الذي هو
صلوٰۃ و سلام بھیج سیدنا محمد پر اور سیدنا محمد کی آل پر جو آقا تیرے

خليفتك على كافة خليقتك وأمينك على جميع بريتك
خلیفۂ مطلق ہیں تیری ساری مخلوق پر اور تیرے امین اور معتمد علیہ ہیں تیری مخلوقات پر۔

اللهم صل وسلم على سيدنا محمد وعلى آل سيدنا محمد
اے اللہ صلوٰۃ و سلام بھیج سیدنا محمد پر اور سیدنا محمد کی آل پر

من هو غاية مجد المجيد وفي الثناء عليه الاعتراف بالعجز عن
کہ جو عالی مرتبت محبوب غایت و انتہا ہیں بزرگی و برتری کی جو خود موصوف ہے رفعت و بلندی سے اور ان پر ثناء و توصیف میں ہر مخلوق کو اعتراف ہے عجز و

اكتناه صفاته اللهم صل وسلم على سيدنا محمد وعلى آل سيدنا
تصور کا ان کی صفات کی حقیقت معلوم کرنے سے۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام بھیج سیدنا محمد پر اور سیدنا محمد کی

محمد نهاية البليغ المبالغ أن لا يصل إلى مبالغ الحمد على مكارمه
آل پر کہ فصیح و بلیغ بلکہ بلاغت کی انتہائی بلندی پر فائز خطیب کی غایت و نہایت یہ ہے کہ نہ پہنچنے پائے حمد و ثناء کی آخری حدود تک انکے مکارم اخلاق

وهباته اللهم صل وسلم على سيدنا محمد وعلى آل سيدنا محمد
اور خدا داد اوصاف کمال پر۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام بھیج سیدنا محمد پر اور سیدنا محمد کی آل پر

الذي استوجب من الحمد بك لك إصداره وإيراده اللهم صل
کہ جو احمد الخلائق مستحق ہو گئے ہیں تیری توفیق سے تیری حمد کے بعد سیر ہو کر واپس ہونے کے اور سیرابی کیلئے اس چشمۂ حیات پر وارد ہونے

وسلم على سيدنا محمد وعلى آل سيدنا محمد عبدك الأكبر والأسنى
کے۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام بھیج سیدنا محمد پر اور سیدنا محمد کی آل پر جو آقا کہ تیرے عبد اکبر ہیں اور تیری نورانی سند

الأنوار اللهم صل وسلم على سيدنا محمد وعلى آل سيدنا محمد
اور دستاویز ہیں۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام بھیج سیدنا محمد پر اور سیدنا محمد کی آل پر

الباطن تحت سرادقات عزتك وعظمتك اللهم صل وسلم على
کہ جو محبوب مخفی و پوشیدہ ہیں تیری عزت و عظمت کے خیموں کے نیچے (از رہ غیرت محبت) اے اللہ صلوٰۃ و سلام بھیج

سيدنا محمد وعلى آل سيدنا محمد الظاهر بنواميس أمرك ونهيك
سیدنا محمد پر اور سیدنا محمد کی آل پر کہ جو رسول معظم ظاہر ہیں تیرے امر و نہی لانے والے ملائکہ کے ذریعے اور

ورحمتك وحبرتك المبتغى اللهم إني أسألك في الدنيا طاعتك و
تیری رحمت اور تیری تزیین و آرائش مطلوبہ کے ساتھ۔ اے اللہ میں تجھ سے سوال کرتا ہوں دنیا میں تیری طاعت کا، اور

الفرار عن معصيتك وفي الآخرة جنتك ورؤيتك والسلامة من
بھاگ نکلنے کا تیری معصیت سے۔ اور آخرت میں تیری جنت کا اور تیرے دیدار کا۔ اور تیری عقوبت و سزا سے

عقوبتك اللهم واعمر باطني بإمدادتك واعمم ظاهري بالجلوس على
محفوظ رہنے کا۔ اے اللہ آباد فرما میرے باطن کو اپنی امدادوں سے اور میرے ظاہر کو ساتھ بٹھانے کے

بساط مناجاتك واجعلني أهلا للجلوس على موائد كرامتك وانفخ في
اپنی مناجات اور ہمکلامی کی مسند پر۔ اور بنا مجھے اہل اور حقدار واسطے بیٹھنے کے اوپر اپنی کرامت و عنایت کے دستر خوانوں کے، اور پھونک

روحا من عندك لكي أقهر به ما استولى علي من قبيح الصفات و
میرے اندر روح اپنے پاس سے تاکہ قاہر و غالب ہو جاؤں میں بسبب اس کے اپنے اوپر غلبہ پا جانے والی قبیح خصلتوں پر اور

انفخ في قلبي من نفحات القدسية ما يوصلني إلى التحقق بحقائق
پھونک میرے دل میں قدسی خوشبو دار ہواؤں سے اتنا قدر کہ پہنچا دیں مجھے طرف متحقق اور متصف ہونے کے ساتھ حقائق

الذات وأزح عن عين بصيرتي مشاهدة الغير وحققني في المقامات
ذات کے اور دور فرما دے میری چشم بصیرت سے غیروں کے مشاہدہ والا پردہ۔ اور مجھے ثابت و برقرار رکھ مقامات

الفردية وحسن مني السير لكي أشهد أهل السماء في القرب كأهل
فردانیت و احدیت کے انکشاف کے وقت، اور میری سیر اور ترقی سلوک کو خوب تر بنا تاکہ میں مشاہدہ کر سکوں اہل سموات کا مقام قرب میں

الْاَرْضِ وَتَنْدَحِي فِي نَظَرِي الْمَوْجُودَاتُ كُلُّهَا فِي الطُّوْلِ وَالْعَرْضِ

مثل اہل ارض کے۔ اور کشادہ ہو کر اور کھل کر آجائیں میری نظر میں موجودات تمام کے تمام اپنے طول و عرض میں

وَاَرَى الْكُلَّ فِي مَشْهَدِي كَحَلْقَةِ الْخَاتَمِ الصَّغِيْرِ وَيَسْرِي حُكْمُ اَمْرِي

اور دیکھوں میں سب کو اپنے مقام شہود میں مانند چھوٹی انگوٹھی کے حلقے کے۔ اور جاری و ساری ہو میرا حکم و امر جو کہ

الْمُوَافِقُ لِاَمْرِكَ فِي الصَّغِيْرِ وَالْكَبِيْرِ وَلِاُسْمِعَ بِكَ كُلَّ نَاطِقٍ فِي الْوُجُوْدِ وَ

موافق ہو تیرے امر کے ہر صغیر و کبیر میں۔ اور تاکہ سن لوں میں تیری توفیق سے ہر بولنے والے کا کلام جو بھی وجود میں آئے اور

مَا ثَمَّ يَفْهَمُ هٰذَا اَهْلُ الشُّهُوْدِ وَفَهِّمْنِي الْمُشْكِلَاتِ الْاٰبِيَةَ عَنِ الْوُضُوْحِ

نہیں اس مقام پر سمجھتے اس کو اہل شہود اور مجھے سمجھا دے وہ تمام مشکل امور جو بذات خود واضح و آشکار ہونے سے انکاری ہیں

وَعَلِّمْنِي مِنْ عُلُوْمِكَ اللَّدُنِّيَّةِ وَاجْعَلْنِي مِنْ اَهْلِ الرُّسُوْخِ وَالْفُتُوْحِ

اور جتلا مجھے اپنے علوم لدنیہ سے اور بنا مجھے ثابت قدم لوگوں اور ارباب کشف سے

يَا فَتَّاحُ افْتَحْ عَلَيَّ بَابَ قَلْبِي وَاَطْلِقْ لِسَانِي بِالْاَسْرَارِ الْمُؤَبَّدَةِ بِالْقَبُوْلِ

اے کھولنے والے کھول مجھ پر میرے دل کا بند دروازہ۔ اور جاری فرما میری زبان کو ساتھ ان اسرار کے جو ہمیشہ قبولیت پانے والے ہیں

وَاَفْلِقْ صُبْحَ وُجُوْدِي بِنُوْرِ شُهُوْدِي لِيَفْهَمَ السَّامِعُ عَنِّي مَا اَقُوْلُ وَ

اور روشن فرما میری صبح وجود کو ساتھ میرے نور شہود کے تاکہ مجھ سے سننے والا سمجھ سکے اس کو جو میں کہوں۔ اور

اُمْحُنِي عَنِّي حَتّٰى لَا اَشْهَدَ اَنِّي وَاَبْقِنِي بِكَ لِاَنِّي وَاجْعَلْ فِيْكَ

مجھے محو کر دے مجھ سے حتی کہ میں نہ مشاہدہ کر سکوں اپنی انانیت و وجود کا۔ اور باقی رکھ مجھے اپنی توفیق سے میرے اصل کیلئے اور بنا

بِكَ اِلَيْكَ ذَهَابِي وَاِيَابِي لِاَشْهَدَكَ بِكَ وَاُوَحِّدَكَ بِكَ

اپنی ذات میں۔ اپنی توفیق سے۔ طرف اپنے ہی میرا جانا اور لوٹنا تاکہ میں تیرا مشاہدہ کر سکوں تیرے نور کے ساتھ اور تجھے واحد مانوں

كَذٰلِكَ فَيَكُوْنَ تَوْحِيْدِي هُوَ عَيْنَ تَوْحِيْدِكَ لِذَاتِكَ وَ

تیرے نور کی بدولت مشاہدہ کر کے پس ہو جائے میری توحید اور ایک ماننا عین تیرے واحد جاننے کا اپنی ذات کو اور

الْغَيْرُ هَالِكٌ اَللّٰهُمَّ وَاجْعَلْنَا وَمَنْ نُحِبُّ فِيْكَ وَمَنْ فِيْكَ

تیرے ماسوا سبھی مرتبہ ذات میں ہالک و فانی ہیں۔ اے اللہ بنا ہمیں اور جنہیں ہم تیری خاطر محبوب رکھتے ہیں اور جو تیری خاطر

يُحِبُّنَا وَالْمُسْلِمِيْنَ مِنْ خَاصَّتِكَ الْاَبْرَارِ الْمُكْتَسِيْنَ جِلْبَابَ الْوَقَارِ

ہم سے محبت رکھتے ہیں۔ اور تمام اہل اسلام کو جو تیرے خواص ابرار و محسنین ہیں عز و وقار کی وسیع و عریض چادریں اوڑھائے ہوئے۔ اور

الْمُتَنَعِّمِيْنَ فِي شُهُوْدِكَ وَالْمُحَافِظِيْنَ عَلَى الْوَفَآءِ بِعُهُوْدِكَ الْقَآئِمِيْنَ

تیری نعمتوں سے سرفراز ہونے والے تیرے شہود ذات میں۔ اور محافظت لانے والے تیرے عہد اور پیمانوں کی وفا پر قیام کرنے والے

بِكَمَالِ الْاٰدَابِ اِلَيْكَ وَالْفَآئِزِيْنَ بِجَمِيْلِ الْاِنْتِسَابِ اِلَيْكَ رَبِّ اَيَّ بَابٍ

کمال آداب تیری بارگاہ کی طرف اور فائز و سرفراز ہونے والے تیری ذات اقدس خوبترین نسبت و تعلق کے ساتھ۔ اے میرے رب کس دروازے

اَقْصِدُ غَيْرَ بَابِكَ وَاَيَّ جَنَابٍ اَتَوَجَّهُ اِلَيْهِ غَيْرَ جَنَابِكَ اَنْتَ الْعَلِيُّ

کا قصد کروں سوائے تیرے دروازے کے اور کس بارگاہ کی طرف آؤں سوا تیری بارگاہ کے تو ہی عالی شان

الْعَظِيْمُ وَلَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ لَنَا اِلَّا بِكَ رَبِّ اِلٰى مَنْ اَقْصِدُ وَاَنْتَ الرَّبُّ

و عظیم ہے۔ اور نہیں منہ موڑنے کی استطاعت گناہوں سے اور نہ طاقت نیک اعمال پر مگر اے اللہ تیری توفیق سے۔ اے میرے رب میں کس کا قصد کروں

الْمَقْصُوْدُ وَاِلٰى مَنْ اَتَوَجَّهُ وَاَنْتَ الْاِلٰهُ الْمَعْبُوْدُ وَمَنْ ذَا الَّذِي يُعْطِيْنِي

حالانکہ تو ہی میرا رب اور میرا مقصود ہے۔ اور طرف کس کے توجہ کروں حالانکہ تو ہی الٰہ اور معبود ہے اور کون ہے وہ جو مجھے عطا کرے

وَاَنْتَ صَاحِبُ الْكَرَمِ وَالْجُوْدِ رَبِّ يَحِقُّ عَلَيَّ اَنْ لَا اَشْتَكِيَ اِلَّا اِلَيْكَ

حالانکہ تو ہی صاحب جود و کرم ہے۔ اے رب میرے یہ امر لائق و سزاوار ہے میرے کہ میں نہ شکایت کروں حوادث دہر کی مگر طرف تیرے

وَلَازِمٌ عَلَيَّ اَنْ لَا اَتَوَكَّلَ اِلَّا عَلَيْكَ اَللّٰهُمَّ اَجِبْ دَعْوَتِي وَاقْضِ حَاجَتِي

اور واجب و لازم ہے مجھ پر کہ نہ اعتماد اور بھروسہ کروں مگر اوپر تیرے۔ اے اللہ قبول فرما میری دعا کو اور پورا فرما میری ہر حاجت کو

وَاكْشِفْ عَنْ بَصِيْرَتِي وَاغْفِرْ لِذَنْبِي وَوَسِّعْ لِي فِي دَارِي وَبَارِكْ لِي

اور میری بصیرت سے پردے ہٹا دے۔ اور بخش دے میرے لیے گناہ میرے۔ اور فراخی کر میرے لیے میرے دار اخروی، گھر میں اور برکت

فِي رِزْقِي اَللّٰهُمَّ اِنَّكَ الْبَرُّ الْجَوَادُ الْكَرِيْمُ اِغْفِرْ لِي وَارْحَمْنِي وَ

عطا فرما میرے لیے میرے رزق میں۔ اے اللہ بیشک تو ہی محسن، جواد اور کریم۔ میرے لیے مغفرت فرما اور مجھ پر رحم فرما اور مجھے

عَافِنِي وَارْزُقْنِي وَاسْتُرْنِي وَاجْبُرْنِي وَارْفَعْنِي وَاهْدِنِي وَلَا تُضِلَّنِي وَ

عافیت عطا فرما اور مجھے رزق عطا فرما اور مجھے (اپنے دامن رحمت) میں چھپا اور میرے نقص کو دور فرما اور مجھے بلندی عطا کر اور ہدایت دے اور

ادخلني الجنة برحمتك يا ارحم الراحمين اليك رب فحببني وفي

مجھے گمراہ نہ فرمانا۔ اور داخل فرمانا مجھے جنت میں اپنی رحمت کے ساتھ اے ارحم الراحمین۔ طرف تیری ہی راغب ہوں اے میرے پروردگار لہٰذا مجھے اپنا محبوب بنا

نفسي لك رب فذللني وفي اعين الناس فعظمني ومن سيء

اور مجھے میرے نفس اور دل میں لے میرے پروردگار پس عاجز و بے بس بنا۔ اور لوگوں کی نظروں میں پس عظیم بنا مجھے۔ اور برے

الاخلاق فجنبني اللهم صل وسلم على سيدنا محمد وعلى ال

اخلاق سے پس دور فرما مجھے۔ اے اللہ صلوٰۃ وسلام بھیج سیدنا محمد پر اور سیدنا محمد

سيدنا محمد الازل والابد تقديرا ثم تصويرا ثم تحقيقا ثم تخليقا

کی آل پر جو تیرے شاہکار قدرت ازل میں ہیں اور ابد میں بھی از روئے علمی وجود کے۔ پھر صورت کے تعین کے پھر حقیقت ثابتہ ہونے کے، پھر خارجی

ثم ظهورا ذاتيا اللهم صل وسلم على سيدنا محمد وعلى ال سيدنا

وجود کے ساتھ موجود ہونے کے پھر بے پردہ و بے حجاب ذات کے طور پر ظاہر ہونے کے۔ اے اللہ صلوٰۃ وسلام بھیج سیدنا محمد پر اور سیدنا

محمد مسخر الحكم بلا امد اللهم صل وسلم على سيدنا محمد

محمد کی آل پر جس آقا کے لیے حکم مسخر کر دیا گیا اور ان کے اختیار میں دے دیا گیا ہے بغیر کسی تاخیر و مہلت کے۔ اے اللہ صلوٰۃ وسلام بھیج سیدنا محمد پر

وعلى ال سيدنا محمد تجلياتك القدسية الاكرم اللهم صل

اور سیدنا محمد کی آل پر جو محبوب کہ سراسر تیری تجلیات قدسیہ (کا مظہر) ہیں اور انتہائی عزت و کرامت والے ہیں۔ اے اللہ صلوٰۃ و

وسلم على سيدنا محمد وعلى ال سيدنا محمد نوراني المشارق و

سلام بھیج سیدنا محمد پر اور سیدنا محمد کی آل پر جو تیرا محبوب نورانی مشارق والا ہے (جن کا چہرہ آفتاب نبوت کیلئے افق شرق ہے)

المغارب اللهم صل وسلم على سيدنا محمد وعلى ال سيدنا محمد

اور نورانی مغارب والا ہے (آفتاب رخ کے پردہ میں ہونے پر)۔ اے اللہ صلوٰۃ وسلام بھیج سیدنا محمد پر اور سیدنا محمد کی آل پر

صمداني الوجه بك اليك في المارب والمطالب اللهم صل وسلم

جو محبوب کہ صمدانی اور بے نیاز چہرے والے ہیں بسبب تیری توفیق کے صرف محتاج ہیں تو طرف تیرے تمام حاجات اور مطالب میں۔ اے اللہ صلوٰۃ و

على سيدنا محمد وعلى ال سيدنا محمد لوح نقوش سرك المحيط الجامع

سلام بھیج سیدنا محمد پر اور سیدنا محمد کی آل پر جو تیرے امین اسرار کہ تیرے نقوش اسرار کے لیے محیط اور جامع لوح ہیں

اللهم صل وسلم على سيدنا محمد وعلى ال سيدنا محمد روح

اے اللہ صلوٰۃ وسلام بھیج سیدنا محمد پر اور سیدنا محمد کی آل پر جو آقا کہ تیرے وسیع امر لدنی کے

هياكل امرك اللدني الواسع اللهم صل وسلم على سيدنا محمد

ڈھانچے اور جسم کی روح رواں ہیں۔ اے اللہ صلوٰۃ وسلام بھیج سیدنا محمد

وعلى ال سيدنا محمد لسان نقطة الازل المفيضة لكل ماشئت

پر اور سیدنا محمد کی آل پر جو محبوب مکرم کہ نقطہ ازل کی لسان ترجمان ہیں جو فیض رساں ہیں ہر اس شئی کیلئے جس کیلئے تو فیض رسانی چاہے

اللهم صل وسلم على سيدنا محمد وعلى ال سيدنا محمد خزانة

اے اللہ صلوٰۃ وسلام بھیج سیدنا محمد پر اور سیدنا محمد کی آل پر جو ابدی مراتب کے لیے خزانہ ہیں

رتبة الابد الممدة لكل ما اردت اللهم صل وسلم على سيدنا محمد

کہ امداد و اعانت کرنے والے ہیں ہر اس شخص کی جس کی امداد کا تو ارادہ فرمائے۔ اے اللہ صلوٰۃ وسلام بھیج سیدنا محمد پر

وعلى ال سيدنا محمد الاول القابل لانواع تعيناتك العلية و

اور سیدنا محمد کی آل پر جو محبوب کہ تیرے شاہکار اول ہیں جو قبول کرنے والے ہیں تیرے تمام قسم کے تعینات عالیہ کو۔ اور

كنوز امداداتك الزكية اللهم صل وسلم على سيدنا محمد وعلى

تیری امداد و اعانت کے پاکیزہ خزانوں کو۔ اے اللہ صلوٰۃ وسلام بھیج سیدنا محمد پر اور سیدنا محمد کی

ال سيدنا محمد العبد القائم بسر الغيب والاحاطة بغاية الوصل و

آل پر جو کہ تیرے ایسے عبد ہیں جو قائم ہیں تیرے سر غیب کے ساتھ اور وصل کی انتہا کے احاطہ کے ساتھ۔ اور

الناظر بعين الذات ولا كيف ولا مثل اللهم صل وسلم على

دیکھنے والے ہیں تیری عین ذات کو جو کیفیت سے پاک ہے اور شبہ و مثال سے منزہ ہے۔ اے اللہ صلوٰۃ وسلام بھیج

سيدنا محمد وعلى ال سيدنا محمد فاتحة كتب الالهيات و

سیدنا محمد پر اور سیدنا محمد کی آل پر جو کہ آغاز و افتتاح ہیں کتب الٰہیہ اور

الصفات والايات البينات اللهم صل وسلم على سيدنا

صفات الٰہیہ اور آیات بینات کا (باعتبار سبب ظہور ہونے کے) اے اللہ صلوٰۃ وسلام بھیج سیدنا

محمد وعلى آل سيدنا محمد السر الباقيات الصالحات الدائمة

محمد پر اور سیدنا محمد کی آل پر جو آقا کہ راز ہیں باقیات صالحات (رازِ دائمی) جو کہ دائم و پائیدار ہیں

اللهم صل وسلم على سيدنا محمد وعلى آل سيدنا محمد

اے اللہ صلوٰۃ و سلام بھیج سیدنا محمد پر اور سیدنا محمد پر اور سیدنا محمد کی آل پر

جامع الجوامع المحيط الفرداني وتحته ذخيرة كنز التعين

جو آقا کہ سب جامع اور عام و شامل اشیاء کے بھی جامع اور محیط فردانی ہیں اور انہیں کے گھیرے اور احاطے میں ہے تعین عرفانی

العرفاني اللهم صل وسلم على سيدنا محمد وعلى آل سيدنا

کے خزانے کا ذخیرہ۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام بھیج سیدنا محمد پر اور سیدنا محمد کی

محمد مرقوم نقوش أسرار المحبة عن قوابل الخلائق

آل پر کہ جس محبوب میں رقم کئے گئے ہیں اسرار محبت کے نقوش (انہیں نسخۂ جامعہ بنانے کیلئے) ساری مخلوقات کے آئینوں سے

اللهم صل وسلم على سيدنا محمد وعلى آل سيدنا محمد

اے اللہ صلوٰۃ و سلام بھیج سیدنا محمد پر اور سیدنا محمد کی آل پر

لسان الاصطفاء المرقع بصور الحقائق اللهم صل وسلم

جو کہ زبان ہیں مرتبہ اصطفاء کی اور مزین و آراستہ ہیں رنگ برنگے صور حقائق کے ساتھ۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام بھیج

على سيدنا محمد وعلى آل سيدنا محمد الناطق بلسان كان

سیدنا محمد پر اور سیدنا محمد کی آل پر جو کہ کلام کرنے والے ہیں ساتھ اس زبان (وکلام) کے "موجود تھا

الله ولا شيء معه اللهم صل وسلم على سيدنا محمد وعلى آل

اللہ تعالیٰ جبکہ نہیں موجود تھی کوئی شئے ساتھ اس کے"۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام بھیج سیدنا محمد پر اور سیدنا محمد کی

سيدنا محمد السابق بك في ميدان تجلياتك المبدعة اللهم

آل پر جو محبوب کہ سبقت لے جانے والے ہیں تیری توفیق سے تیری انوکھی اور عمدہ تجلیات کے میدان میں۔ اے اللہ

صل وسلم على سيدنا محمد وعلى آل سيدنا محمد روح أشباح

صلوٰۃ و سلام بھیج سیدنا محمد پر اور سیدنا محمد کی آل پر جو محبوب کہ روح رواں ہیں جمعیت و سکون

الأرواح الجمعية اللهم صل وسلم على سيدنا محمد وعلى آل

والی روحوں کے اشباح اور ڈھانچوں کی۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام بھیج سیدنا محمد پر اور سیدنا محمد کی

سيدنا محمد أجل أصفيائك وتاج أوليائك وأشرف

آل پر جو آقا کہ تیرے سب اصفیاء سے جلیل تر ہیں اور تیرے تمام اولیاء کے سرتاج ہیں۔ اور تمام انبیاء سے

أنبيائك اللهم صل وسلم على سيدنا محمد وعلى آل سيدنا

بزرگ تر ہیں۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام بھیج سیدنا محمد پر اور سیدنا محمد کی آل پر

محمد دعوة أبيه إبراهيم وبشرى أخيه عيسى ومنعوت

جو محبوب و مطلوب کہ مجسم دعا ہیں اپنے باپ حضرت ابراہیم علیہ السلام کی۔ اور سراپا بشارت ہیں اپنے بھائی حضرت عیسیٰ کی اور جن کا

بذكره في توراة موسى اللهم صل وسلم على سيدنا محمد و

تذکرہ اوصاف موسیٰ علیہ السلام کی توراۃ میں کیا گیا ہے۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام بھیج سیدنا محمد پر اور

على آل سيدنا محمد نورك الساطع وسيف حجتك اللامع

سیدنا محمد کی آل پر جو آقا کہ تیرا بلندیوں تک پہنچنے والا نور ہے اور تیری حجت و برہان کی چمکدار اور شکوک و شبہات کی جڑ

القاطع اللهم صل وسلم على سيدنا محمد وعلى آل سيدنا

کاٹنے والی تلوار ہیں۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام بھیج سیدنا محمد پر اور سیدنا محمد کی

محمد الذي أيدته بروح قدسك اللهم صل وسلم على

آل پر جس آقائے کائنات کی تو نے تائید و تقویت فرمائی ہے اپنے مقدس روح جبرئیل علیہ السلام کے ساتھ۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام بھیج

سيدنا محمد وعلى آل سيدنا محمد الذي حققته بحقائق

سیدنا محمد پر اور سیدنا محمد کی آل پر کہ جنہیں تو نے ثابت و برقرار رکھا ہے اپنی معرفت اور

معرفتك وأنسك اللهم صل وسلم على سيدنا محمد وعلى

انس کے حقائق کے ساتھ۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام بھیج سیدنا محمد پر اور سیدنا

آل سيدنا محمد الصادع بالحق والناطق بالصدق والمنصور

محمد کی آل پر جو پوری قوت کے ساتھ حق کا اظہار کرنے والے ہیں اور صدق و سچائی کے ساتھ نطق و کلام فرمانے والے ہیں اور

بِالرُّعْبِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ

خدادادرعب ودبدبہ کے ذریعے نصرت و امداد دیے ہوئے ہیں۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام بھیج سیدنا محمد پر اور سیدنا محمد کی آل پر

الْمَمْلُوِّ قَلْبُهٗ بِالْحِكْمَةِ وَ الْفُرْقَانِ وَالْحُبِّ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى

کہ جس علم حکمت کا قلب انور بھرپور ہے حکمت کے ساتھ اور حق و باطل کے فرق و امتیاز کے ساتھ اور محبت مولیٰ کے ساتھ۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام بھیج

سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ الَّذِىْ رَفَعْتَ ذِكْرَهٗ مَعَ

سیدنا محمد پر اور سیدنا محمد کی آل پر جس محبوب معظم کے ذکر کو بلند فرمایا تونے اپنے

ذِكْرِكَ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا

ذکر کے ساتھ۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام بھیج سیدنا محمد پر اور سیدنا محمد کی آل

مُحَمَّدِ الَّذِىْ اَقَمْتَهٗ فِىْ مِحْرَابِ الْعُبُوْدِيَّةِ وَالرِّسَالَةِ اَللّٰهُمَّ

پر کہ جس محبوب کو تونے قائم فرمایا ہے عبودیت و رسالت کی محراب میں۔ اے اللہ

اجْعَلْ حُبَّ مُحَمَّدٍ فِىْ قَلْبِىْ وَنَفْسِىْ وَجَسَدِىْ وَعَيْنِىْ وَبَصَرِىْ وَ

پیدا فرما محمد کریم کی محبت میرے قلب ونفس اور جسم میں۔ اور میری آنکھ اور میری بصارت میں۔

سَمْعِىْ وَفَمِىْ وَلِسَانِىْ وَشَفَتِىْ وَشَامَّتِىْ وَفِىْ وَجْهِىْ وَجَبْهَتِىْ وَ

میرے کان اور میرے منہ اور زبان میں اور ہونٹوں پر اور میرے سونگھنے والے حاسہ میں اور میرے چہرے اور پیشانی پر۔ اور

فِىْ صَدْرِىْ وَجِلْدِىْ وَفِىْ لَحْمِىْ وَدَمِىْ وَعَظْمِىْ وَعَصَبِىْ وَفِىْ شَعْرِىْ

میرے سینے اور جلد و پوست میں اور میرے گوشت اور خون میں میری ہڈیوں اور اعصاب اور بالوں میں۔

وَفِىْ جَمِيْعِ اَجْزَائِىْ وَ اَعْضَائِىْ وَفِىْ كُلِّىْ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَللّٰهُمَّ

اور میرے تمام اجزاء و اعضائے بدن میں اور میرے پورے وجود میں۔ صلی اللہ علیہ وسلم۔ اے اللہ

اِذَا اَقْرَرْتَ عُيُوْنَ اَهْلِ الدُّنْيَا بِدُنْيَاهُمْ فَاَقْرِرْ عَيْنِىْ بِكَ وَ

جب ٹھنڈا اور خوش کرے تو اہل دنیا کی آنکھوں کو ان کی دنیا کے ساتھ تو ٹھنڈا کرنا میری آنکھوں کو اپنی ذات (کے دیدار)

بِعِبَادَتِكَ وَاقْطَعْ عَنِّىْ لَذَّاتِ الدُّنْيَا بِاُنْسِكَ وَالشَّوْقِ اِلٰى لِقَائِكَ

اور اپنی عبادت کے ساتھ۔ اور منقطع فرمادے مجھ سے دنیا کی لذتوں کو اپنا انس اور شوق لقاء عطا کرکے۔

وَاجْعَلْ طَاعَتَكَ فِىْ كُلِّ شَىْءٍ مِّنِّىْ يَا ذَا الْجَلَالِ وَالْاِكْرَامِ اَللّٰهُمَّ

اور پیدا فرما اپنی اطاعت کو میری ہر چیز میں۔ اے جلال و اکرام والے ۔ اے اللہ

ارْزُقْنِىْ حُبَّكَ وَحُبَّ مَنْ اَحَبَّكَ وَحُبَّ عَمَلٍ يُّقَرِّبُنِىْ اِلٰى حُبِّكَ

مجھے نصیب فرما اپنی محبت اور اپنے محبوں کی محبت اور ہر ایسے عمل کی محبت جو مجھے تیری محبت کے قریب کردے

وَاَوْصِلْنَا اِلٰى مَقَاصِدِنَا فِى الدُّنْيَا وَالْاٰخِرَةِ وَاَحْيِنَا عَلَى الْاِسْلَامِ

اور پہنچا ہمیں ہمارے مقاصد و مطالب تک دنیا میں بھی اور آخرت میں بھی۔ اور ہمیں زندہ رکھنا اسلام پر۔

وَاَمِتْنَا مَعَ الْاِيْمَانِ اَللّٰهُمَّ اجْعَلْ حُبَّكَ اَحَبَّ الْاَشْيَاءِ اِلَيْنَا مِنَ

اور موت دینا ساتھ ایمان کے۔ اے اللہ بنادے اپنی محبت کو محبوب ترین تمام اشیاء سے طرف ہمارے (حتیٰ کہ)

الْمَاءِ الْبَارِدِ لِلْعَطْشَانِ يَا ذَا الْجَلَالِ وَالْاِكْرَامِ اَللّٰهُمَّ اسْقِنَا

ٹھنڈے پانی سے واسطے رحجان بلب پیاسے کے۔ اے جلال و اکرام والے ۔ اے اللہ ہمیں پلانا

بِكَاْسِ مُحَمَّدٍ صَلَّى اللّٰهُ تَعَالٰى عَلَيْهِ وَسَلَّمَ شَرْبَةً هَنِيْئَةً مَّرِيْئَةً

محمد صلی اللہ تعالےٰ علیہ وسلم کے جام سے ایسا خوشگوار اور مفید و نافع شربت کہ

لَا نَظْمَاُ بَعْدَهَا اَبَدًا اَبَدًا اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ

نہ پیاسے ہوں اس کے پی لینے کے بعد کبھی بھی۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام بھیج سیدنا محمد پر

وَّعَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ الَّذِىْ هُوَ مُطِيْعٌ لِّاَمْرِكَ وَمُعْتَرِفٌ بِعَظِيْمِ

اور سیدنا محمد کی آل پر جو آقا کہ اطاعت گذار ہیں تیرے حکم کے اور دل و جان سے تسلیم کرنے والے ہیں تیرے

قَدْرِكَ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا

عظیم قدر کے۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام بھیج سیدنا محمد پر اور سیدنا محمد کی

مُحَمَّدِ الَّذِىْ اَقْسَمْتَ بِعُمُرِهٖ فِىْ كِتَابِكَ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى

آل پر کہ جس آقا کے لیے تونے قسم اٹھائی ان کی عمر شریف کی اپنی کتاب میں۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام بھیج

سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ الَّذِىْ فَضَّلْتَهٗ بِمَا فَضَّلْتَهٗ

سیدنا محمد پر اور سیدنا محمد کی آل پر جنہیں تونے اپنے ہاں وہ فضیلت و برتری بخشی جو

عِنْدَكَ مِنْ أَنْوَاعِ خِطَابِكَ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ

صرف تو ہی جانتا ہے یعنی خطاب وندا کے انواع واقسام اور انداز سے۔ اے اللہ صلوٰۃ وسلام بھیج سیدنا محمد پر

وَّعَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدِنِ الَّذِىْ خَلَقْتَ نُوْرَ ذَاتِهٖ مِنْ نُّوْرِ ذَاتِكَ

اور سیدنا محمد کی آل پر کہ جس نورانی محبوب کے نور ذات کو تو نے پیدا فرمایا اپنی ذات کے

الْعَظِيْمِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا

عظیم نور سے۔ اے اللہ صلوٰۃ وسلام بھیج سیدنا محمد پر اور سیدنا محمد

مُحَمَّدِنِ الَّذِىْ رَجَّحْتَ بِهٖ فِىْ غَيْبِ لَاهُوْتِ سِرِّكَ الْاَسْنٰى اَللّٰهُمَّ

کی آل پر کہ جس پر وقار محبوب کو تو نے راجح اور وزنی بنا دیا ہے اپنے بلند مرتبت راز کے غیب لاہوت میں۔ اے اللہ

صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدِنِ الَّذِىْ

صلوٰۃ وسلام بھیج سیدنا محمد پر اور سیدنا محمد کی آل پر کہ جس آقا کے لیے

ثَبَتَ لَهٗ فِى الْخِلَافَةِ عَنْكَ مِنْ حَيْثُ اَنْتَ قِدَمًا اَللّٰهُمَّ صَلِّ

ثابت ہو چکی ہے خلافت و نیابت تیری طرف سے جب سے کہ تو ہے شان قدمی کے ساتھ۔ اے اللہ صلوٰۃ

وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدِنِ الَّذِىْ نَشَرْتَ لَهٗ

وسلام بھیج سیدنا محمد پر اور سیدنا محمد کی آل پر کہ جن کے متعلق مشہور کر دیا تو نے

بِوَارِثَةِ اِسْمِكَ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ

اپنے ہر اسم کا وارث اور مظہر ہونا۔ اے اللہ صلوٰۃ وسلام بھیج سیدنا محمد پر اور سیدنا محمد کی آل

سَيِّدِنَا مُحَمَّدِنِ الظَّاهِرِ وَالْبَاطِنِ فِى الْكَوْنَيْنِ عِلْمًا اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَ

پر جو آقا کہ ظاہر و باطن ہیں دونوں جہان میں از روئے علم کے یعنی ظاہر کے علم کے لحاظ سے ظاہر اور حقیقت کے علم کے لحاظ سے باطن۔ اے اللہ

سَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدِنِ الَّذِىْ حَقَّقْتَهٗ بِكَ

صلوٰۃ وسلام بھیج سیدنا محمد پر اور سیدنا محمد کی آل پر کہ جس آقا کو تو نے ثابت و قائم فرمایا ہے اپنی تو فیق سے

فِىْ مَظَاهِرِ وَمَا رَمَيْتَ اِذْ رَمَيْتَ وَلٰكِنَّ اللّٰهَ رَمٰى اَللّٰهُمَّ صَلِّ

ان مظاہر میں کہ اور نہیں مارا تو نے جبکہ مارا ہے تو نے لیکن (وہ تو) اللہ تعالےٰ نے مارا ہے ، اے اللہ صلوٰۃ

وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدِنِ الَّذِىْ اَنْطَقْتَ لِسَانَهٗ

وسلام بھیج سیدنا محمد پر اور سیدنا محمد کی آل پر کہ جس آقا کی زبان کو تو نے ناطق اور گویا فرمایا ہے

بِحُجَّتِكَ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ

اپنی حجت اور دلیل قدرت کے ساتھ۔ اے اللہ صلوٰۃ وسلام بھیج سیدنا محمد پر اور سیدنا محمد کی آل پر

اُفُقِ اَنْوَارِكَ وَبَحْرِ اَسْرَارِكَ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ

جو آقا کہ تیرے انوار کا افق و مطلع ہیں اور تیرے اسرار کا سمندر ہیں۔ اے اللہ صلوٰۃ وسلام بھیج سیدنا محمد پر

وَّعَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدِنِ الَّذِىْ بَيْعَتُهٗ عَيْنُ بَيْعَتِكَ اَللّٰهُمَّ صَلِّ

اور سیدنا محمد کی آل پر کہ جس تیرے نائب مطلق کی بیعت بعینہٖ تیری بیعت ہے۔ اے اللہ صلوٰۃ

وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ قَآئِدِ جُيُوْشِ

وسلام بھیج سیدنا محمد پر اور سیدنا محمد کی آل پر جو ہادی برحق کہ قائد و رہبر ہیں تیری طرف ہدایت

الْهِدَايَةِ اِلَيْكَ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ

و رہنمائی کے لشکروں کے۔ اے اللہ صلوٰۃ وسلام بھیج سیدنا محمد پر اور سیدنا محمد کی

سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ حَبِيْبِكَ الْمُكَرَّمِ وَرَسُوْلِكَ الْمُعَظَّمِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَ

آل پر جو آقا نے خلق کہ تیرے حبیب مکرم اور رسول معظم ہیں۔ اے اللہ صلوٰۃ و

سَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدِنِ الْمَحْمُوْدِ فِىْ ذَاتِهٖ وَ

سلام بھیج سیدنا محمد پر اور سیدنا محمد کی آل پر جو اسم بامسمیٰ کہ محمود و ستائش کیے ہوئے ہیں باعتبار اپنی ذات کے او

اَسْمَآئِهٖ وَصِفَاتِهٖ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ

اپنے اسماء و صفات کے۔ اے اللہ صلوٰۃ وسلام بھیج سیدنا محمد پر اور سیدنا محمد کی

سَيِّدِنَا مُحَمَّدِنِ الَّذِىْ عَمَّرْتَ الْاَكْوَانَ بِبَرَكَتِهٖ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى

آل پر کہ جس بہار جانفزا کی برکت سے تو نے تمام کائنات کو معمور اور آباد فرمایا۔ اے اللہ صلوٰۃ وسلام بھیج

سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدِنِ الَّذِىْ جَمَعْتَ بِهٖ تَشَتُّتَ

سیدنا محمد پر اور سیدنا محمد کی آل پر کہ جس محبوب کے ذریعے جمعیت بخشی تو نے نفوس کے افتراق و

النُّفُوْسِ وَجَلَيْتَ بِهٖ ظَلَامَ الْقُلُوْبِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا
انتشار کو۔ اور جلا بخشی ان کی بدولت تاریکی میں ڈوبے ہوئے دلوں کو۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام بھیج سیّدنا
مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدِنِ الَّذِیْ فَضَّلْتَهٗ عَلٰى جَمِيْعِ مَخْلُوْقَاتِكَ
محمد پر اور سیّدنا محمد کی آل پر کہ جس محبوب کو تو نے نضیلت دی اپنی ساری مخلوقات پر۔
اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدِنِ الَّذِیْ
اے اللہ صلوٰۃ و سلام بھیج سیّدنا محمد پر اور سیّدنا محمد کی آل پر جس محبوب کرم کو
كَرَّمْتَهٗ عَلٰى عُمُوْمِ مَوْجُوْدَاتِكَ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ
تو نے عزت و کرامت بخشی ہے اپنے عام موجودات پر۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام بھیج سیّدنا محمد پر
وَّعَلٰٓى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدِنِ الَّذِیْ خَصَّصْتَهٗ بِالْمَقَامِ الْمَحْبُوْبِيَّةِ اَللّٰهُمَّ
اور سیّدنا محمد کی آل پر جس محبوب کو تو نے مخصوص ٹھہرایا ہے ساتھ مقام محبوبیت کے (اور دوسروں کو اس مقام میں آپ کا طفیلی بنایا)
صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدِنِ الَّذِیْ بَعَثْتَهٗ
اے اللہ صلوٰۃ و سلام بھیج سیّدنا محمد پر اور سیّدنا محمد کی آل پر کہ جس رسول محتشم کو تو نے مبعوث فرمایا
اِلٰى كَافَّةِ الْاِنْسِ وَالْجِنِّ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّ
تمام انسانوں اور جنوں کی طرف۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام بھیج سیّدنا محمد پر اور
عَلٰٓى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدِنِ الْقَسِيْمِ الْوَسِيْمِ النَّبِيِّ الْكَرِيْمِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَ
سیّدنا محمد کی آل پر کہ جو آقا تیری نعمتوں کو تقسیم کرنے والے ہیں اور خوبصورت ہیں اور کریم نبی ہیں۔ اے اللہ صلوٰۃ و
سَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدِنِ الَّذِیْ لَوْلَاهُ لَمَا اَظْهَرَ مَوْلَاهُ
سلام بھیج سیّدنا محمد پر اور سیّدنا محمد کی آل پر کہ جو مخلوق اول موجود نہ ہوتے تو نہ ظاہر فرماتا ان کا مولیٰ
الْمَوْجُوْدَاتِ بِاَسْرَارِهَا اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى اٰلِ سَيِّدِنَا
موجودات کو معہ ان کے اسرار و حکم کے۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام بھیج سیّدنا محمد پر اور سیّدنا
مُحَمَّدِنِ الَّذِیْ اَبَاحَهُ الْاَسْرَارَ فِی الْاَسْرَارِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا
محمد کی آل پر کہ جس سر وحدت کو ظاہر کیا اسرار نے زمرۂ اسرار میں۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام بھیج سیّدنا

مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدِنِ الَّذِیْ اَمَدَّهٗ مِنْهُ نَبِيْلٌ طَآئِلٌ كَمَا لَهٗ اَحَدٌ
محمد پر اور سیّدنا محمد کی آل پر کہ جس آقا کو اللہ تعالیٰ کی طرف سے بطور امداد پہنچی عظیم شرافت و منفعت کہ نہیں تھا یاں
فِی الْاَنْبِيَآءِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ
جس کے کوئی بھی انبیاء علیہم السلام میں سے۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام بھیج سیّدنا محمد پر اور سیّدنا محمد کی آل پر
شَمْسِ الْمَعَارِفِ وَقَمَرِ الْعَوَارِفِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى
جو منبع عرفان کہ معارف کا آفتاب ہیں اور عطیات کا ماہتاب۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام بھیج سیّدنا محمد پر اور
اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ كَنْزِ اللَّطَآئِفِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّ
سیّدنا محمد کی آل پر جو محبوب کہ لطائف و نفائس کا کنز و خزانہ ہیں۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام بھیج سیّدنا محمد اور
عَلٰٓى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ بَحْرِ الْعُلُوْمِ وَمَطْلَبِ الْفُهُوْمِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ
سیّدنا محمد کی آل پر جو آقا کہ علوم کے ابحر (ناپیدا کنار) ہیں اور فہم و دانشوں کا مقصد اہم ہیں۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام بھیج
عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ اٰرِسِ رُبُوْعِ الضَّلَالِ وَ
سیّدنا محمد پر اور سیّدنا محمد کی آل پر جس آقا نے سرنگوں کر دیا ضلالت و گمراہی کے محلات کو۔ اور
مَاحِیْ شَرِيْعَةِ اَهْلِ الْمُحَالِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّ
جو مٹانے والے ہیں شریعت اور طریقہ اہل بطالت کا۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام بھیج سیّدنا محمد پر اور
عَلٰٓى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدِنِ الْبَدْرِ الطَّالِعِ وَالضِّيَآءِ اللَّامِعِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ
سیّدنا محمد کی آل پر جو آقا کہ (از روئے نورانیت کے) ماہ تاباں ہیں اور چمکتی ضیاء اور روشنی۔ اے اللہ صلوٰۃ و
وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ نُزْهَةِ النُّفُوْسِ
سلام بھیج سیّدنا محمد پر اور سیّدنا محمد کی آل پر جو محبوب کہ نفوس کیلئے سامان تفریح ہیں
وَرَيْحَانِ الْقُلُوْبِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى اٰلِ
اور دلوں کیلیے (جنتی) پھول اور خوشبو۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام بھیج سیّدنا محمد پر اور سیّدنا
سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ لِّسَانِ حُجَّتِكَ وَعَرُوْسِ مَمْلَكَتِكَ اَللّٰهُمَّ صَلِّ
محمد کی آل پر جو آقا کہ تیری حجت و دلیل کی زبان و ترجمان ہیں اور تیری مملکت کے دولہا ہیں۔ اے اللہ صلوٰۃ

وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ الْعِزِّ السَّامِحِ

وسلام بھیج سیدنا محمد اور سیدنا محمد کی آل پر جو آقا کہ سراسر عزووقار اور عزت کی سخاوت کرنے والے ہیں

اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ

اے اللہ صلوٰۃ و سلام بھیج سیدنا محمد پر اور سیدنا محمد کی آل پر

النُّوْرِ الْبَاهِرِ السَّاطِعِ اللَّامِعِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ

جو آقا کہ غالب نور ہیں اور بلند ہونے والا اور چمکنے والا نور۔ اے اللہ صلوٰۃ وسلام بھیج سیدنا محمد پر

وَّعَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ الْبُرْهَانِ الظَّاهِرِ الْقَاطِعِ وَالْبَحْرِ الزَّاخِرِ

اور سیدنا محمد کی آل پر جو آقا کہ سراپا برہان ہیں جو کہ ظاہر ہے اور شکوک وشبہات کے لیے قاطع بھی اور ایسا سمندر ہیں ٹھاٹھیں

الْوَاسِعِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا

مارنے والا ہے اور وسیع وعریض ہے۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام بھیج سیدنا محمد پر اور سیدنا محمد کی آل پر

مُحَمَّدٍ الرَّحْمَةِ الْوَاسِعَةِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى

جو محبوب خلائق ایسی رحمت ہیں جو سب کو محیط ہے۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام بھیج سیدنا محمد پر اور

اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ الْحَضْرَةِ الْجَامِعَةِ لِلْمَكَارِمِ الْفَائِقَةِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ

سیدنا محمد کی آل پر جس آقا کی بارگاہ جامع اور محیط ہے بلند ترین اخلاق کریمہ کو۔ اے اللہ صلوٰۃ

وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ اَنْوَرِ الْاَنْوَارِ الْمَخْلُوْقَةِ

و سلام بھیج سیدنا محمد پر اور سیدنا محمد کی آل پر جو آقا کہ روشن ترین نور ہیں ان تمام انوار سے جو پیدا کیے گئے ہیں

الرَّائِقَةِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ

اور نظروں کو بھلے معلوم ہوتے والے ہیں۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام بھیج سیدنا محمد پر اور سیدنا محمد کی آل پر

مَعْدِنِ الْحِكَمِ وَالْاَسْرَارِ وَطِرَازِ حُلَّةِ الْفَخَارِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا

جو آقا کہ معدن اور سرچشمہ ہیں حکمتوں اور اسرار کے اور باعث زینت نقش ہیں خلعت فخر کے۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام بھیج سیدنا

مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ دُرَّةِ صَدَفِ الْوُجُوْدِ وَذَخِيْرَةِ الْمَلِكِ الْوَدُوْدِ

محمد پر اور سیدنا محمد کی آل پر جو محبوب کہ صدف وجود کے گوہر یکتا ہیں اور ملک ودود کے ذخیرہ اور خزانہ اسرار ہیں

اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ مَنْبَعِ

اے اللہ صلوٰۃ و سلام بھیج سیدنا محمد پر اور سیدنا محمد کی آل پر جو آقا کہ سرچشمہ ہیں

الْفَضَائِلِ وَالْكَرَمِ وَالْعَطَاءِ وَالْجُوْدِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ

فضائل و کرم اور عطاء و جود کا۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام بھیج سیدنا محمد پر

وَّعَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ تَاجِ مَمْلَكَةِ التَّمْكِيْنِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا

اور سیدنا محمد کی آل پر جو آقا کہ تاج (وقار وعزت) ہیں مملکت تمکین وطمانیت کے۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام بھیج سیدنا

مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ النِّعْمَةِ الْوَفِيَّةِ عَلَى الْخَلَائِقِ اَجْمَعِيْنَ اَللّٰهُمَّ

محمد پر اور سیدنا محمد کی آل پر جو آقائے خلق کہ سراسر نعمت تامہ کاملہ ہیں تمام مخلوقات پر۔ اے اللہ

صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ اِنْسَانِ عَيْنِ اَعْيَانِ

صلوٰۃ و سلام بھیج سیدنا محمد پر اور سیدنا محمد کی آل پر جو محبوب کہ نور چشم اور آنکھ کی پتلی ہیں اللہ کی موجود

خَلْقِ اللّٰهِ فِي الْوُجُوْدِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا

مخلوق کے اعیان واکابر کے لیے۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام بھیج سیدنا محمد پر اور سیدنا

مُحَمَّدٍ الرَّءُوْفِ الرَّحِيْمِ بِكَافَّةِ الْمُؤْمِنِيْنَ وَرَحْمَةِ اللّٰهِ الْجَامِعَةِ لِلْعٰلَمِيْنَ

محمد کی آل پر جو آقا کہ رؤوف ورحیم ہیں (بالخصوص) تمام مومنین کے لیے۔ اور اللہ تعالیٰ کی رحمت مجسم ہیں جو محیط ہے تمام جہانوں کو

اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ حَقِيْقَةِ

اے اللہ صلوٰۃ وسلام بھیج سیدنا محمد پر اور سیدنا محمد کی آل پر جو محبوب کریم کہ سراسر حقیقت ہیں

الْاِسْتِقَامَةِ فِي حَضَائِرِ قُدْسِكَ وَمَقَاصِيْرِ اُنْسِكَ عَلٰى اَرَائِكِ اَللّٰهُمَّ

استقامت اور ثابت قدمی کی تیری بارگاہ مقدس کے قافلوں اور جماعتوں کے لیے اور تیرے انس والفت کے محلات ہیں اور آرام کرسیوں کے رکھنے والوں کیلئے

صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ نُّوْرِ مُشَاهَدَاتِكَ

اے اللہ صلوٰۃ وسلام بھیج سیدنا محمد پر اور سیدنا محمد کی آل پر جو مجسم نور کہ تیرے مشاہدات کا نور مجسم ہیں۔

وَتَجَلِّيَاتِ مَنَازِلِكَ وَالْمُزَيَّنِ بِسَطَعَاتِ سُبُحَاتِ اَنْوَارِ ذَاتِكَ

اور تیری منازل رفعت کی تجلیات کا مظہر اور جو مزین وآراستہ ہیں تیرے بلند ہونے اور پھیلنے والے انوار ذات سے۔

اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ مُّتَعَطِّرٍ

اے اللہ صلوٰۃ وسلام بھیج سیدنا محمد پر اور سیدنا محمد کی آل پر جو ریحان باغ قدس کہ معنبر و معطر ہیں۔ تیری

بِاَخْلَاقِ حَقَائِقِ دَقَائِقِ صِفَاتِكَ وَاٰثَارِ بَرَكَاتِ اَفْعَالِكَ اَللّٰهُمَّ صَلِّ

صفات ازلیہ کاملہ کے اخلاق۔ حقائق اور دقائق سے۔ اور تیرے افعال کے برکات کے آثار و ثمرات سے۔ اے اللہ صلوٰۃ

وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ دَلِيْلِكَ الْجَمَالِ الزَّاهِرِ

وسلام بھیج سیدنا محمد پر اور سیدنا محمد کی آل پر جو محبوب کہ تیری مجسم دلیل و برہان ہیں اور سراپا جمال روشن

وَالْجَلَالِ الْقَاهِرِ وَالْكَمَالِ الْفَاخِرِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ

اور جلال قاہر و غالب اور سراسر کمال فخر۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام بھیج سیدنا محمد پر

وَّعَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّاسِطَةِ عِقْدِ النُّبُوَّةِ وَلُجَّةِ الْقُوَّةِ وَالْفُتُوَّةِ

اور سیدنا محمد کی آل پر جو محبوب کہ واسطہ ہیں اور درمیانی عمدہ و نفیس جوہر ہیں نبوت کے ہار کا۔ اور قوت و جوانمردی کا گہرا سمندر ہیں

اَللّٰهُمَّ اِنِّيْٓ اَخَذْتُ سَمْعَ مَنْ يُّطَالِبُنِيْ بِسُوْٓءٍ بِسَمْعِ اللّٰهِ وَبَصَرِهٖ

اے اللہ میں نے پکڑلی اور قابو کرلی ہے قوت سامعہ ہر اس شخص کی جو مجھ سے برائی کا طلبگار ہے بوساطت اللہ تعالیٰ کی صفت سمع و بصر کے

وَقُوَّتِهٖ وَقُدْرَتِهٖ وَحَبْلِهِ الْمَتِيْنِ وَسُلْطَانِهِ الْمُبِيْنِ فَلَيْسَ لَهُمْ

اور اس کی قوت و قدرت کے اور اس کی مضبوط رسی کے اور واضح سلطنت کے۔ پس نہیں ہے ان کے لیے

عَلَيْنَا سَبِيْلٌ وَّلَا سُلْطَانٌ اِنْشَآءَ اللّٰهُ بَيْنَنَا وَبَيْنَهُمْ سُتْرَةَ النُّبُوَّةِ

ہم پر کوئی تصرف و تسلط۔ اللہ نے چاہا تو ہمارے اور ان کے درمیان نبوت کا ستر اور حجاب ہے

الَّتِيْ سَتَرَ اللّٰهُ بِهَا الْاَنْبِيَآءَ مِنَ الْفَرَاعِنَةِ جِبْرَآئِيْلُ عَنْ اَيْمَانِنَا

کہ بچایا اور چھپایا بسبب اس کے اللہ تعالیٰ نے انبیاء علیہم السلام کو وقت کے فرعونوں سے۔ جبرئیل علیہ السلام ہماری دائیں جانبوں ہیں

وَمِيْكَآئِيْلُ عَنْ شَمَآئِلِنَا وَاللّٰهُ مُظِلٌّ عَلَيْنَا وَجَعَلْنَا مِنْۢ بَيْنِ

اور میکائیل علیہ السلام بائیں جانبوں میں ہیں۔ اور اللہ تعالیٰ اپنی رحمت کا سایہ ڈالنے والا ہے ہم پر۔ اور بنایا ہے ہم نے

اَيْدِيْهِمْ سَدًّا وَّمِنْ خَلْفِهِمْ سَدًّا فَاَغْشَيْنٰهُمْ فَهُمْ لَا يُبْصِرُوْنَ ۝

ان کے آگے حجاب اور ان کے پیچھے حجاب پس ہم نے ان کو ڈھانپ دیا ہے پس وہ نہیں دیکھتے۔

حَسْبِيَ اللّٰهُ الَّذِيْ يَكْفِيْ وَلَا يَكْتَفِيْ مِنْهُ شَيْءٌ حَسْبِيَ اللّٰهُ وَنِعْمَ

کافی ہے مجھے اللہ تعالیٰ جو کفایت فرماتا ہے اور اس سے کوئی شئ کفایت نہیں کرتی۔ کافی ہے مجھے اللہ اور وہ اچھا

الْوَكِيْلُ نِعْمَ الْمَوْلٰى وَنِعْمَ النَّصِيْرُ ۝ حَسْبِيَ اللّٰهُ الَّذِيْ لَآ اِلٰهَ اِلَّا

کارساز ہے۔ اچھا مددگار اور اچھا نصرت مہیا کرنے والا ہے ہمیشہ کے لیے۔ کافی ہے مجھے اللہ تعالیٰ کہ نہیں معبود برحق مگر

هُوَ عَلَيْهِ تَوَكَّلْتُ وَهُوَ رَبُّ الْعَرْشِ الْعَظِيْمِ ۝ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ

وہی اسی پر میں نے توکل کیا ہے اور وہی مالک ہے عرش عظیم کا۔ اے اللہ صلوٰۃ وسلام بھیج

عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدِنِ الَّذِيْ هُوَ قُدْوَةُ السَّالِكِيْنَ

سیدنا محمد پر اور سیدنا محمد کی آل پر جو ہادی برحق مقتدار ہیں سالکان راہ طریقت کے

وَقُرَّةُ عَيْنِ الْعَارِفِيْنَ وَحِرْزُ الْاُمِّيِّيْنَ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى

اور ٹھنڈک ہیں عارفوں کی آنکھوں کے اور جائے پناہ ہیں اُمّت امیہ یعنی بے پڑھوں کے۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام بھیج

سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ اَهْلِ الْمِنَنِ وَالْاِمْتِنَانِ

سیدنا محمد پر اور سیدنا محمد کی آل پر کہ جو محسن کائنات لائق ہیں احسانات فرمانے کے اور حقدار ہیں احسان جتلانے کے

اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ

اے اللہ صلوٰۃ و سلام بھیج سیدنا محمد پر اور سیدنا محمد کی آل پر

اَغْزَى الْغَازِيْنَ وَمُفَرِّجِ الْمَغْمُوْمِيْنَ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى

کہ جو آقا سب غازیوں سے بڑے غازی ہیں اور غمزدگان کو فرحت بخشنے والے ہیں۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام بھیج

سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ قَامِعِ مَعْبَدِ الصَّنَمِ اَللّٰهُمَّ

سیدنا محمد پر اور سیدنا محمد کی آل پر کہ جو بانی اسلام و توحید ہیں اکھیڑنے والے ہیں اوثان و اصنام کی عبادتگاہیں اے

صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ نَّذِيْرِ الْعَشِيْرَةِ

اللہ صلوٰۃ و سلام بھیج سیدنا محمد پر اور سیدنا محمد کی آل پر کہ جو رسول خدا ڈرانے والے ہیں قریبی رشتہ داروں کے

وَخَافِضِ الْجَنَاحِ لِلْاُمَّةِ وَمُرَبِّي الْعِتْرَةِ وَالصَّحَابَةِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ

عذاب خداوندی سے۔ اور پست کرنے والے ہیں رحمت کے بازو امت کے لیے اور تربیت فرمانے والے ہیں اولاد اور اصحاب کی۔ اے اللہ صلوٰۃ

وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدِنِ الْقَيُّوْمِ لِلْكَوْنَيْنِ

وسلام بھیج سیدنا محمد پر اور سیدنا محمد کی آل پر جو آقا سبب قیام وموجب بقاء ہیں واسطے دونوں جہان کے۔

اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ سَبَبِ

اے اللہ صلوٰۃ وسلام بھیج سیدنا محمد پر اور سیدنا محمد کی آل پر کہ وسیلۂ جلیلہ ہیں

الْبَرَكَاتِ وَالْخَيْرَاتِ وَقَضَاءِ الْحَاجَاتِ وَمَحْوِ السَّيِّئَاتِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَ

تمامتر برکات اور خیرات کا اور باعث وموجب ہیں قضاء حاجات کا اور سیئات کے مٹنے اور نیست ونابود ہونے کا اے اللہ

سَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ مُّظْهِرِ الْمُخْفِيَاتِ وَدَافِعِ

صلوٰۃ وسلام بھیج سیدنا محمد پر اور سیدنا محمد کی آل پر کہ جو آقا مخفی اور غیبی امور کو ظاہر کرنے والے ہیں۔

الْبَلِيَّاتِ وَمُنْجِي الْمُهْلِكَاتِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى

بلیات ومصائب کے دور کرنے والے ہیں اور مرحبات ہلاکت سے نجات دلانے والے ہیں۔ اے اللہ صلوٰۃ وسلام بھیج سیدنا محمد پر اور

اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ سِرَاجِ الْمِلَّةِ وَنُوْرِ الطَّرِيْقَةِ وَمُحَقِّقِ الْحَقِيْقَةِ وَ

سیدنا محمد کی آل پر جو ملت کے روشن چراغ ہیں اور طریقت کے نور، حقیقت کو تحقیقی انداز میں بیان کرنے والے ہیں اور

بُرْهَانِ الْمَعْرِفَةِ وَسُلْطَانِ الشَّرِيْعَةِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا

معرفت کی برہان اور شریعت کے بادشاہ۔ اے اللہ صلوٰۃ وسلام بھیج سیدنا

مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ حُجَّةِ اللّٰهِ عَلَى الْاَرْضِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ

محمد پر اور سیدنا محمد کی آل پر جو آقا کہ اللہ تعالیٰ کی مجسم حجت ودلیل ہیں زمین پر۔ اے اللہ صلوٰۃ

وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدِنِ الَّذِيْ هِمَّتُهٗ مَازَاغَ

وسلام بھیج سیدنا محمد پر اور سیدنا محمد کی آل پر کہ جس محبوب کی ہمت وقوت کی شان یہ ہے کہ ٹیڑھی ہوئی

الْبَصَرُ وَمَا طَغٰى وَمِعْرَاجُهٗ مَقَامُ قَابَ قَوْسَيْنِ اَوْ اَدْنٰى اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَ

ان کی نگاہ اور نہ حد سے متجاوز ہوئی۔ اور جن کا معراج ہے مقام قرب قاب قوسین أو ادنیٰ کا یعنی قریب ہوئے کمان کے دوسروں کی مقدار بلکہ اس

سَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ مَّلْجَاءِ الْعَارِفِيْنَ وَ

سے بھی قریب تر۔ اے اللہ صلوٰۃ وسلام بھیج سیدنا محمد پر اور سیدنا محمد کی آل پر کہ جو آقا عارفوں کا سہارا ہیں اور

مَاْوَى الْعَاشِقِيْنَ وَحَاجِى الْحَرَمَيْنِ وَجَدِّ السِّبْطَيْنِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَ

عاشقوں کی جائے پناہ، حرمین شریفین میں ٹھہرنے اور قیام فرمانے والے اور دو شہزادوں حسن وحسین کے نانے ہیں۔ اے اللہ صلوٰۃ و

سَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ قُرَّةِ الْعَيْنَيْنِ وَالْمَطْلُوْبِ

سلام بھیج سیدنا محمد پر اور سیدنا محمد کی آل پر جو رہبر صاحب ایمان وعرفان کی؛ دونوں آنکھوں کی ٹھنڈک ہیں۔ اور کونین سے وہی مطلوب

مِنَ الْكَوْنَيْنِ وَالْمَقْصُوْدِ مِنَ الدَّارَيْنِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا

خداوند تعالیٰ اور دارین سے وہی مقصود باری تعالیٰ ہیں۔ اے اللہ صلوٰۃ وسلام بھیج سیدنا

مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ مُّقَبِّلِ الْحَجَرَةِ وَقَاتِلِ الْفَجَرَةِ اَللّٰهُمَّ

محمد پر اور سیدنا محمد کی آل پر کہ جو آقا (بیت اللہ کے) کونوں کا بوسہ لینے والے ہیں اور فاجروں کے قتل کرنے والے ہیں۔ اے اللہ

صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ مَّنْبَعِ اَسْرَارِ

صلوٰۃ وسلام بھیج سیدنا محمد پر اور سیدنا محمد کی آل پر جو محبوب سرچشمہ ہیں اسرار

الْقُرْاٰنِ وَمَخْزَنِ نُكَاتِ مُقَطَّعَاتِ السُّوَرِ الٓمّٓ الٓمّٓ الٓمّٓصٓ الٓرٰ

قرآن کے اور خزانہ ہیں سورتوں کے حروف مقطعات کے نکات کے (جو کہ یہ ہیں) الٓمّٓ۔ الٓمّٓ۔ الٓمّٓصٓ۔ الٓرٰ

الٓرٰ الٓمّٓرٰ الٓرٰ كٓهٰيٰعٓصٓ طٰهٰ طٰسٓمّٓ طٰسٓ طٰسٓمّٓ الٓمّٓ

الٓرٰ۔ الٓمّٓرٰ۔ الٓرٰ۔ کٓھٰیٰعٓصٓ۔ طٰہٰ۔ طٰسٓمّٓ۔ طٰسٓ۔ طٰسٓمّٓ۔ الٓمّٓ

الٓمّٓ الٓمّٓ الٓمّٓ يٰسٓ صٓ حٰمٓ حٰمٓ حٰمٓ عٓسٓقٓ حٰمٓ

الٓمّٓ۔ الٓمّٓ۔ الٓمّٓ۔ یٰسٓ۔ صٓ۔ حٰمٓ۔ حٰمٓ۔ حٰمٓ۔ عٓسٓقٓ۔ حٰمٓ

حٰمٓ حٰمٓ حٰمٓ قٓ نٓ وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ

حٰمٓ۔ حٰمٓ۔ حٰمٓ۔ قٓ۔ نٓ۔ اور سب تعریفیں اللہ تعالیٰ کیلئے ہیں جو سب جہانوں کا پالنے والا ہے اور سب تعریفیں اللہ

وَحْدَهٗ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ

واحد کے لیے ہیں۔ اے اللہ صلوٰۃ وسلام بھیج سیدنا محمد پر اور سیدنا محمد کی آل پر

مُرْشِدِ الثَّقَلَيْنِ وَمُجَوِّزِ الْاِمَامَيْنِ وَالْقِبْلَتَيْنِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ

جو ہادی برحق کہ رہنما ہیں جنوں اور انسانوں کے۔ اور جائز رکھنے والے ہیں۔ دونوں اماموں اور قبلوں کے۔ اے اللہ صلوٰۃ وسلام بھیج

عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓی اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ نُّوْرِ الْکَوْنَیْنِ وَالدَّارَیْنِ وَ
سیدنا محمد پر اور سیدنا محمد کی آل پر جو محبوب کہ کونین ودارین (دنیا وآخرت) کا نور ہیں اور
الثَّقَلَیْنِ وَالْحَسَنَیْنِ وَالسِّبْطَیْنِ اَللّٰھُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ
جنوں اور انسانوں اور حسن وحسین دونوں نواسوں کے نور ہیں۔ اے اللہ صلوٰۃ وسلام بھیج سیدنا محمد پر
وَّعَلٰٓی اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ مُّبَرِّدِ نَارِ اللّٰہِ الْمُوْقَدَۃِ وَنُوْرِ اللّٰہِ عَلَی الْاَفْئِدَۃِ
اور سیدنا محمد کی آل پر جو رحمت مجسم کر ٹھنڈا کرنے والے ہیں اللہ تعالیٰ کی بھڑکائی ہوئی نار جہنم کے اور اللہ تعالیٰ کے نور ہیں جن کا عکس مرتا ہے اہل ایمان کے
اَللّٰھُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓی اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ رَّحْمَتِکَ
دلوں پر ہے۔ اے اللہ صلوٰۃ وسلام بھیج سیدنا محمد پر اور سیدنا محمد کی آل پر جو محبوب کہ سراسر تیری رحمت ہیں۔
اَللّٰھُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓی اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ صَلٰوۃً
اے اللہ صلوٰۃ وسلام بھیج سیدنا محمد پر اور سیدنا محمد کی آل پر ایسی صلوٰۃ کہ
تُلْبِسُنَا بِھَا جِلْبَابَ الْخُشُوْعِ وَالْخُضُوْعِ یَا صَانِعَ کُلِّ مَصْنُوْعٍ اَللّٰھُمَّ
پہنائے تو ہمیں بسبب اس کے خضوع وخشوع کی وسیع چادر۔ اے بنانے والے ہر مصنوع کے۔ اے اللہ
صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ صَلٰوۃً تُلْبِسُنَا بِھَا جِلْبَابَ الْعِصْمَۃِ یَا
صلوٰۃ وسلام بھیج سیدنا محمد پر ایسی صلوٰۃ کہ اس کی بدولت پہنائے تو ہمیں چادر عصمت کی اے
مُوْلِیَ کُلِّ نِعْمَۃٍ اَللّٰھُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ صَلٰوۃً تُلْبِسُنَا
عطا کرنے والے ہر نعمت کے۔ اے اللہ صلوٰۃ وسلام بھیج سیدنا محمد پر ایسی صلوٰۃ کہ پہنائے تو ہمیں
بِھَا الْاَمَانَ یَا قَدِیْمَ الْاِحْسَانِ اَللّٰھُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ
بطفیل اس کے لباس امن وامان کا اے قدیمی احسان والے۔ اے اللہ صلوٰۃ وسلام بھیج سیدنا محمد پر
وَّعَلٰٓی اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدِ الَّذِیْ کُفِّنَ فِیْ ثَلٰثَۃِ اَثْوَابٍ بِیْضٍ سُحُوْلِیَّۃٍ
اور سیدنا محمد کی آل پر جس آقا کو کفن دیا گیا تین سفید سوتی یا دھلے ہوئے کپڑوں میں۔
اَللّٰھُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓی اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدِ الَّذِیْ
اے اللہ صلوٰۃ وسلام بھیج سیدنا محمد پر اور سیدنا محمد کی آل پر کہ جو محبوب

ھُوَ لِخَوَارِجِنَا عَنْ دُخُوْلِ الْعِصْیَانِ بَوَّابٌ وَّلِسِرِّنَا مُصَقِّلٌ اَللّٰھُمَّ
ہمارے بیرون کے لیے عصیان میں داخل ہونے سے رکاوٹ ہیں اور دروازہ بند رکھنے والے۔ اور ہمارے اندرون کو صیقل کرنے اور جلا بخشنے
صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓی اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ سَنَدِ النُّقٰی وَنُوْرِ
والے ہیں۔ اے اللہ صلوٰۃ وسلام بھیج سیدنا محمد پر اور سیدنا محمد کی آل پر جو محبوب کہ پاکیزہ لوگوں کی سند اور دستاویز ہیں اور
الْھُدٰی اَللّٰھُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓی اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدِ
ہدایت کے نور ہیں۔ اے اللہ صلوٰۃ وسلام بھیج سیدنا محمد پر اور سیدنا محمد کی آل پر
اِلَّذِیْ صَوْمُہٗ اَشَقُّ الصِّیَامِ وَقِیَامُہٗ اَطْوَلُ الْقِیَامِ وَھُوَ اَشَدُّ الْبَلَاءِ وَاَحْمَلُ
کہ جس محبوب کا روزہ سب سے زیادہ گراں اور باعث مشقت تھا اور جن کا قیام سب سے طویل تر تھا اور وہ شدید آزمائش میں مبتلا ہونے والے ہیں اور واسطے بلندی درجات
اَذَی الْاَنَامِ وَمَلْجَا الْمَلٰٓئِکَۃِ الْمُقَرَّبِیْنَ وَالْعَوَامِّ اَللّٰھُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی
کے اور بہت زیادہ برداشت کرنے والے ہیں تکلیف مخلوق کی اور جائے پناہ ہیں مقربین ملائکہ کے اور عام ملائکہ کیلئے۔ اے اللہ صلوٰۃ وسلام بھیج
سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓی اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ مُّرَبِّی الْکَوْنَیْنِ مِنَ الْاِنْسِ وَالْجَانِّ
سیدنا محمد پر اور سیدنا محمد کی آل پر جو کہ کونین کے اندر مربی ہیں انسانوں اور جنوں کے۔
اَللّٰھُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓی اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدِ الَّذِیْ
اے اللہ صلوٰۃ وسلام بھیج سیدنا محمد پر اور سیدنا محمد کی آل پر کہ جس محبوب کی
اَوْلِیَآءُ اُمَّتِہٖ مُشْتَاقُوْنَ اِلٰی لِقَآئِہٖ وَکَلَامِہٖ اَللّٰھُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا
اُمت کے تمام اولیاء کرام مشتاق ہیں ان کی لقاء ودیدار اور ان سے شرف ہمکلامی حاصل کرنے کے۔ اے اللہ صلوٰۃ وسلام بھیج سیدنا
مُحَمَّدِ الَّذِیْ لَوْ کَانَتِ الْاَفْلَاکُ اَوْرَاقًا وَّالْاَشْجَارُ اَقْلَامًا وَّالْبِحَارُ مِدَادًا لَّمَا
محمد پر اور سیدنا محمد کی آل پر کہ جس عظیم المرتبت محبوب کیلئے سب آسمان ورق بن جائیں اور سب درخت قلمیں اور سب سمندر سیاہی بن جائیں
وَسِعَتْ حَصْرَ مَنَاقِبِہٖ وَعَدَّ کَمَالَاتِہٖ اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ
تو پھر بھی البتہ گنجائش نہیں رکھیں گے ان کے مناقب کے حصر کی اور کمالات کے شمار کی۔ اے اللہ صلوٰۃ وسلام بھیج سیدنا محمد پر
مَّا دَامَ الْمُمْکِنُ مُحْتَاجًا اِلَی الْوَاجِبِ اَللّٰھُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ
جب تک ممکنات کا احتیاج واجب تعالیٰ کی طرف برقرار رہے (یعنی ہمیشہ کے لیے)۔ اے اللہ صلوٰۃ وسلام بھیج سیدنا محمد پر

وَّعَلٰٓی اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ نَّبِیِّ الرَّحْمَۃِ وَیَا مَنْ بِہٖ یَرْحَمُنَا اللّٰہُ وَیَا اَفْضَلَ

اور سیدنا محمد کی آل پر جو کہ آقا کہ نبی رحمت ہیں۔ اور اے وہ ذات رحیم کہ طفیل ان کے رحم فرماتا ہے ہم پر اللہ تعالیٰ اے وہ

خَلْقِ اللّٰہِ وَیَآ اَشْرَفَ خَلْقِ اللّٰہِ وَیَآ اَکْرَمَ خَلْقِ اللّٰہِ وَیَآ اَرْحَمَ خَلْقِ

ذات جو افضل ترین ہیں اللہ کی ساری مخلوق سے۔ اور اے بزرگ تر اللہ کی ساری مخلوق سے اور اے مکرم ترین مخلوق خدا سے۔ اے بہت زیادہ رحم کرنے والے

اللّٰہِ وَیَآ اَحْلَمَ خَلْقِ اللّٰہِ وَیَآ اَعْظَمَ خَلْقِ اللّٰہِ وَیَآ اَفْضَلَ النَّبِیِّیْنَ اَللّٰھُمَّ

تمام مخلوق خدا سے اے سب مخلوق سے زیادہ حلیم اور بردبار۔ اے سب مخلوق سے عظیم تر۔ اے تمام انبیاء سے افضل ترین۔ اے اللہ

صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓی اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ نُّوْرِ الْمُسْتَبْصِرِیْنَ

صلوٰۃ و سلام بھیج سیدنا محمد پر اور سیدنا محمد کی آل پر جو آقا ...

سَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓی اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدِنِ الَّذِیْ کَانَ کَاَنَّ الشَّمْسَ

سلام بھیج سیدنا محمد پر اور سیدنا محمد کی آل پر کہ جس محبوب خدا کا چہرہ اس قدر روشن تھا کہ گویا سورج

تَجْرِیْ فِیْ وَجْھِہٖ وَکَانَ رَقِیْقَ الْبَشْرَۃِ وَلَمْ یَکُنْ شَیْءٌ اَصْفٰی مِنْ جِلْدِہٖ

اس کے اندر چل رہا ہے اور آپ کی جلد مبارک انتہائی رقیق اور ملائم تھی اور کائنات کی کوئی شئی آپ کی جلد مبارک کی طرح صاف و

اَللّٰھُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓی اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدِنِ الَّذِیْ

شفاف نہیں تھی۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام بھیج سیدنا محمد پر اور سیدنا محمد کی آل پر جس سراپا حسن کے چہرے مبارک کا

کَانَ کَاَنَّ مَآءَ الذَّھَبِ یَجْرِیْ فِیْ صَفْحَۃِ خَدِّہٖ اَللّٰھُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی

... اے اللہ صلوٰۃ و سلام بھیج

سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ الَّذِىْ كَانَ اَثَرُ الْمُخَيْطِ فِىْ صَدْرِهٖ
سیدنا محمد پر اور سیدنا محمد کی آل پر کہ جس آقا کے سینہ مبارک میں (شق صدر کے بعد) سلائی کا نشان موجود تھا
وَكَانَ تَدْوِيْرٌ قَلِيْلٌ فِىْ وَجْهِهٖ مَعَ التَّنْوِيْرِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا
اور تھی گولائی موزوں سی آپ کے چہرۂ اقدس میں بمعہ تنویر اور چمک ودمک کے۔ اے اللہ صلوٰۃ وسلام بھیج سیدنا
مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ الَّذِىْ كَانَ يَنْبَرِقُ اَسَارِيْرُ وَجْهِهٖ اَللّٰهُمَّ
محمد پر اور سیدنا محمد کی آل پر کہ جس محبوب کے چہرہ انور اور جبین مقدس کے خطوط چمکتے تھے۔ اے اللہ
صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ الَّذِىْ كَانَ اَحْسَنَ
صلوٰۃ وسلام بھیج سیدنا محمد پر اور سیدنا محمد کی آل پر جو آقا کہ سب سے زیادہ
النَّاسِ عُنُقًا وَّكَانَ جَبِيْنُهٗ بَرَّاقًا اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ
خوبصورت گردن والے تھے۔ اور آپ کی پیشانی مبارک بہت روشن اور چمکیلی تھی۔ اے اللہ صلوٰۃ وسلام بھیج سیدنا محمد پر
وَّعَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ الَّذِىْ كَانَ عَظِيْمَ الْهَامَةِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ
اور سیدنا محمد کی آل پر جو آقا کہ عظیم سر مبارک والے تھے (موزوں انداز میں) اے اللہ صلوٰۃ وسلام بھیج
عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ الَّذِىْ لَمْ يَكُنْ بِالطَّوِيْلِ الْبَائِنِ
سیدنا محمد پر اور سیدنا محمد کی آل پر جو محبوب کہ بہت دراز قد بھی نہیں تھے۔ اور نہ بالکل پست
وَلَا بِالْقَصِيْرِ الْمُتَرَدِّدِ وَكَانَ جَلِيْلَ الْمُشَاشِ وَالْكَتَدِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَ
اور کوتاہ قامت (بلکہ درمیانہ قامت والے تھے) اور آپکے ہڈیوں کے سرے اور کندھوں کا درمیانی حصہ عظیم وجلیل تھا۔ اے اللہ صلوٰۃ و
سَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ الَّذِىْ كَانَ يُنْسَبُ اِلَى
سلام بھیج سیدنا محمد پر اور سیدنا محمد کی آل پر کہ جو آقا درمیانہ قد لوگوں میں شمار کیے جاتے تھے
الرَّبْعَةِ اِذَا مَشٰى وَحْدَهٗ وَكَانَ اِذَا مَشٰى مَعَ الطَّوِيْلِ طَالَهٗ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَ
جب اکیلے چلتے اور جب کسی دراز قد آدمی کے ساتھ چلتے تو اس سے بلند وبالا نظر آتے تا کہ معنوی برتری کی طرح صوری بلندی بھی متحقق ہو۔ اے اللہ صلوٰۃ وسلام بھیج
سَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ الَّذِىْ كَانَ اَزَجَّ الْحَاجِبَيْنِ وَكَانَ
سیدنا محمد پر اور سیدنا محمد کی آل پر جو آقا باریک اور دراز ابروؤں والے تھے اور تھے

اَحْسَنَ عِبَادِ اللّٰهِ شَفَتَيْنِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّ
اللہ کے تمام بندوں سے زیادہ حسین ہونٹوں کے لحاظ سے۔ اے اللہ صلوٰۃ وسلام بھیج سیدنا محمد پر اور
عَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ الَّذِىْ كَانَتْ حَوَاجِبُهٗ سَوَابِغَ مِنْ غَيْرِ قَرَنٍ
سیدنا محمد کی آل پر کہ جس محبوب کے ابرو مبارک کامل ومکمل اور دراز وکشادہ تھے بغیر باہمی مقارنت واتصال کے
وَلَمْ يَكُنْ قَصِيْرَ الذَّقَنِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى
اور نہ تھے آپ کوتاہ اور چھوٹی ٹھوڑی والے (بلکہ ہر عضو موزونیت کے اعلیٰ معیار پر تھا) اے اللہ صلوٰۃ وسلام بھیج سیدنا محمد پر اور
اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ الَّذِىْ كَانَ بَيْنَ حَاجِبَيْهِ عِرْقٌ يُدِرُّهُ الْغَضَبُ
سیدنا محمد کی آل پر کہ جس شہ کونین کے دونوں ابروؤں کے درمیان ایک رگ تھی جس کو جنبش دیتی تھی حالت غضب
وَكَانَ ذَرِيْعَ الْمِشْيَةِ اِذَا مَشٰى تَقَلَّعَ كَاَنَّمَا يَنْحَطُّ مِنْ صَبَبٍ اَللّٰهُمَّ
اور آپ چلنے میں بہت تیز تھے جب آپ چلتے تو پاؤں اس طرح قوت اور زور سے اٹھاتے گویا کہ آپ بلندی سے ڈھل رہے ہیں۔ اے اللہ
صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ الَّذِىْ كَانَ
صلوٰۃ وسلام بھیج سیدنا محمد پر اور سیدنا محمد کی آل پر جو آقا باریک بھنوؤں والے تھے۔
دَقِيْقَ الْحَاجِبَيْنِ وَكَانَ اِذَا سُرَّ يُرٰى شَخْصُ الْجُدُرِ فِىْ وَجْهِهِ الْحَسَنِ وَكَانَ
اور جب آپ خوش ہوتے تھے تو دیکھے جاتے در و دیوار کے عکس آپ کے حسین وجمیل چہرہ میں اور تھا
لَوْنُ اِبْطَيْهِ اَبْيَضَ كَلَوْنِ سَائِرِ الْبَدَنِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ
رنگ آپ کی مبارک بغلوں کا سفید تمام بدن کی رنگت کے (نہ کہ سیاہی مائل بوجہ بالوں کے) اے اللہ صلوٰۃ وسلام بھیج سیدنا محمد پر
وَّعَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ الَّذِىْ كَانَ عَظِيْمَ الْجُمَّةِ يُجَاوِزُ شَعْرُهٗ اِلٰى شَحْمَتَىْ
اور سیدنا محمد کی آل پر کہ جو محبوب عظیم بالوں والے تھے آپ کے بال تجاوز کر جاتے کانوں کے نرموں تک
اُذُنَيْهِ اِذَا طَالَ وَوَفْرَةٌ اِذَا قَصُرَ اِلٰى اَنْصَافِهِمَا اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى
جب دراز ہو جاتے تھے (اس مقدار کو جمہ کہا جاتا ہے) اور وفرہ کی صورت میں ہو جاتے کانوں کے وسط تک جب کاٹے جاتے۔ اے اللہ صلوٰۃ وسلام
سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ الَّذِىْ كَانَ رَجِلَ الشَّعْرِ كَاَنَّهٗ مُشِطَ
بھیج سیدنا محمد اور سیدنا محمد کی آل پر جو آقا کہ درمیانے قسم کے کنگریالے بالوں والے تھے گویا کہ وہ کنگھی کیے ہوئے ہیں

وَكَانَ لَهٗ شَعْرٌ فَوْقَ الْجُمَّةِ دُوْنَ الْوَفْرَةِ وَكَانَ لَهٗ شَعْرٌ يَضْرِبُ مَنْكِبَيْهِ

اور تھے آپ کے بال جُمّہ کی حد سے اوپر اور وفرہ کی حد سے نیچے اور (کبھی کبھار) آپ کے بال مبارک آپ کے کندھوں سے ٹکراتے تھے۔

اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدِنِ الَّذِيْ كَانَ

اے اللہ صلوٰۃ و سلام بھیج سیدنا محمد پر اور سیدنا محمد کی آل پر جس آقا کے بال مبارک (کبھی)

شَعْرُهٗ اِلٰٓى اَنْصَافِ اُذُنَيْهِ وَطَابَتْ رَائِحَةُ اِبْطَيْهِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى

ان کے مبارک کانوں کے درمیان تک رہتے تھے۔ اور پاکیزہ تھی آپ کے مبارک و معنبر بغلوں کی خوشبو۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام بھیج

سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدِنِ الَّذِيْ كَانَ اِذَا انْفَرَقَتْ عَقِيْقَتُهٗ

سیدنا محمد پر اور سیدنا محمد کی آل پر کہ جس آقا کے بال پراگندہ اور جدا ہو جاتے

فَرَّقَ وَاِلَّا فَلَا وَكَانَ جَعْدًا رَجِلًا اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ

تو کنگھی کر کے مانگ نکالتے ورنہ نہیں۔ اور تھے گھنگریالے مگر درمیانے قسم کے۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام بھیج سیدنا محمد پر

وَّعَلٰٓى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدِنِ الَّذِيْ لَمْ يَكُنْ بِالسَّبْطِ وَلَا بِالْجَعْدِ الْقَطَطِ اَللّٰهُمَّ

اور سیدنا محمد کی آل پر کہ جن کے بال مبارک نہ بالکل سیدھے تھے اور نہ ایسے گھنگریالے کہ بالکل الجھے ہوئے ہوں۔ اے اللہ

صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدِنِ الَّذِيْ كَانَ حَسَنَ

صلوٰۃ و سلام بھیج سیدنا محمد پر اور سیدنا محمد کی آل پر کہ جس محبوب کے بال بہت حسین تھے۔

الشَّعْرِ وَكَانَ غَامِرِيَ الثَّدْيَيْنِ وَالْبَطْنِ وَكَانَ مُفَاضَ الْبَطْنِ وَعَارِيَ

اور تھے آپ بالوں سے عاری پستانوں اور پیٹ والے (ماسوائے مسربہ کے) اور آپ کا پیٹ مبارک ہموار تھا اور سینہ مبارک ابھرا ہوا اور بلند

الصَّدْرِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدِنِ الَّذِيْ

تھا۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام بھیج سیدنا محمد پر اور سیدنا محمد کی آل پر کہ جو آقا تھے

كَانَ ذَا غَدَائِرَ اَرْبَعٍ وَّكَانَ طَوِيْلَ الْاَصَابِعِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى

چار مینڈھیوں والے اور دراز انگلیوں والے۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام بھیج

سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدِنِ الَّذِيْ كَانَ عَرِيْضَ الصَّدْرِ وَ

سے بہتر و برتر ہیں۔ اور صلوٰۃ بھیج سیدنا محمد پر کہ جن کی بدولت حضرت عبداللہ سردار بن گئے اور سربلند ہو گئے

وَافْتَخَرَ بِهِ الْاَرْضُ بِظُهُوْرِهٖ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ وَصَلِّ

اور زمین نے فخر و مباہات کا اظہار کیا آپ کی وجہ سے آپ کے ظہور پر صلی اللہ علیہ وسلم۔ اور صلوٰۃ بھیج

عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدِنِ الَّذِيْ تَنَاهٰى لِاَبِيْهِ الشَّرَفُ الْاَصِيْلُ وَالْمَجْدُ

سیدنا محمد پر کہ انتہاء کو پہنچ گیا ان کے والد گرامی کے لیے شرف و فضل راسخ اور بزرگی

الْاَثِيْلُ وَصَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدِنِ الَّذِيْ اَصْبَحَتْ قُرَيْشٌ فِيْ نَادِيْ

پائیدار۔ اور صلوٰۃ بھیج سیدنا محمد پر کہ جن کی بدولت ہو گئے قریش ان کی والدہ ماجدہ

اُمِّهٖ اٰمِنَةَ لَمَّا وَضَعَتْهُ وَصَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدِنِ الَّذِي اسْتَنَارَ بِهٖ

آمنہ کی محفل میں امن پانے والے جبکہ انہوں نے آپ کو جنم دیا۔ اور صلوٰۃ بھیج سیدنا محمد پر کہ جن کی بدولت چمکا

بَدْرُ النُّبُوَّةِ وَاكْتَمَلَ وَبَلَغَتْ بِهٖ اُمُّهٗ غَايَةَ الْقَصْدِ وَالْاَمَلِ وَصَلِّ

اور روشن ہوا نبوت کا ماہِ تمام اور کمال پذیر ہوا ۔ اور پہنچیں ان کی بدولت ان کی والدہ ماجدہ اپنے منتہائے مقصود اور غایتِ انتہائے

عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدِنِ الَّذِىْ هُوَ نَجْمُ سِيَادَةِ الْاَقْصٰى وَاسْتَنَارَ فِىْ اٰفَاقِ

آرزو تک ۔ اور صلوٰۃ بھیج سیدنا محمد پر جو کہ سیادت کے انتہائی بلند ستارے ہیں اور چمکے ہیں

الْاَرْضِ وَالسَّمَآءِ وَصَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدِنِ الَّذِىْ تَمَّ بِهٖ لِاَبَوَيْهِ

زمین اور آسمان کے آفاق میں ۔ اور صلوٰۃ بھیج سیدنا محمد پر کہ جن کی بدولت تام اور مکمل ہوئی ان کے والدین کیلئے

كُلُّ فَخْرٍ وَّمَجَادَةٍ بِطُلُوْعِ نَجْمِ السَّعَادَةِ وَصَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدِنِ

ہر فضیلت اور بزرگی بسبب طلوع ہونے اس انجم سعادت کے ۔ اور صلوٰۃ بھیج سیدنا محمد پر

الَّذِى اسْتَنَارَتْ بِنُوْرِهِ النَّيِّرَاتُ وَمَا حَوَتْهُ اَقْطَارُ السَّمٰوٰتِ وَ

کہ روشن ہوئے ان کے نور کے طفیل روشن اجرام علویہ اور جس جس چیز کو محیط ہیں آسمانوں کے اقطار و اطراف اور

صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدِنِ الَّذِىْ تَزَيَّنَتْ بِظُهُوْرِهِ الدُّنْيَا وَحَلَّ مِنَ

صلوٰۃ بھیج سیدنا محمد پر کہ جن کے ظہور کے صدقے میں مزین اور آراستہ ہو گئی دنیا اور وہ قیام پذیر ہوئے مجد

الشَّرَفِ اَعْلٰى مَرْتَبَةً عُلْيَا وَصَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدِنِ الْمُخَاطَبِ

شرف کے بلند مرتبت مقام پر ۔ اور صلوٰۃ بھیج سیدنا محمد پر جو کہ مخاطب ہیں اللہ عزوجل

بِقَوْلِهٖ عَزَّوَجَلَّ تَشْرِيْفًا لِنَبِيِّهٖ وَتَكْرِيْمًا لَّهٗ وَكَانَ فَضْلُ اللّٰهِ

کے اس قول سے جو کہ اس نبی مکرم کے شرف اور اکرام کو ظاہر کرنے کے لیے ہے" اور تھا فضل اللہ تعالےٰ کا

عَلَيْكَ عَظِيْمًا وَاَسْئَلُكَ بِالْاِسْمِ الَّذِىْ فَتَحْتَ بِهٖ عَالَمَ الْاَمْرِ وَ

آپ پر عظیم " اور میں سوال کرتا ہوں تجھ سے طفیل اس اسم مبارک کے جس کے ساتھ آغاز کیا عالم امر اور

الْخَلْقِ بُشْرًا لِتَجَلِّى الْمَظْهَرِ لِظُهُوْرِ النُّوْرِ وَنُوْرِ الظُّهُوْرِ لِسَبَبِ

خلق و ایجاد کا واسطے جلد ظاہر اور غالب کرنے تجلیٔ حق کے جو مظہر ہے نور کے ظہور کے لیے اور ظہور کے نور کیلئے بسبب

التَّنْزِيْلِ وَالْمُتَعَالِ اَمْرًا وَّ وُجُوْدًا اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا

تنزیل کے اور بلند مرتبت ہے ازروئے امر کے اور وجود کے ۔ اے اللہ صلوٰۃ وسلام بھیج سیدنا

مُحَمَّدِنِ الَّذِىْ جَآءَ لِاُمِّهٖ اٰدَمُ فِى الْمَنَامِ وَهَنَّاهَا وَصَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا

محمد پر کہ تشریف لائے جن کی والدہ ماجدہ کے پاس حضرت آدم خواب میں اور انہیں مبارک باد دی ۔ اور صلوٰۃ بھیج سیدنا

مُحَمَّدِنِ الَّذِىْ سَلَّمَ عَلٰى اُمِّهِ الْكَلِيْمُ فِى الْمَنَامِ وَحَيَّاهَا وَصَلِّ عَلٰى

محمد پر کہ سلام دیا جن کی والدہ ماجدہ کو حضرت موسیٰ کلیم نے خواب میں اور انہیں ہدیۂ تبریک پیش کیا اور صلوٰۃ بھیج

سَيِّدِنَا مُحَمَّدِنِ الَّذِىْ قِيْلَ لِاُمِّهٖ حِيْنَ كَمَّلَ اللّٰهُ حَمْلَهَا وَاَتَمَّهٗ

سیدنا محمد پر کہ کہا گیا جن کی والدہ ماجدہ سے جبکہ مکمل فرما دیا اللہ نے ان کے حمل کی مدت کو اور کامل کیا بطن اقدس والے بچے

حَمَلْتِ بِنَبِيِّهٖ وَصَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدِنِ الْهَادِىْ بِطُرُقِ الْبَيَانِ

کو کہ تو حاملہ ہوئی ہے اللہ تعالیٰ کے نبی مکرم کے ساتھ ۔ اور صلوٰۃ بھیج سیدنا محمد پر جو کہ ہدایت فرمانے والے ہیں اظہار و بیان کے طریقوں کی

وَصَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدِنِ الَّذِىْ حَضَرَتْ لِمَوْلِدِهٖ اٰسِيَةُ بِنْتُ

طرف ۔ اور صلوٰۃ بھیج سیدنا محمد پر کہ جن کی ولادت با سعادت کے وقت حاضر ہوئیں آسیہ بنت

مُزَاحِمٍ وَّمَرْيَمُ بِنْتُ عِمْرَانَ وَصَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدِنِ الَّذِىْ

مزاحم ۔ اور مریم بنت عمران ۔ اور صلوٰۃ بھیج سیدنا محمد پر کہ جنہیں

طَافَتْ بِهِ الْمَلٰٓئِكَةُ جَمِيْعَ الْاَقْطَارِ وَصَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدِنِ الَّذِىْ

طواف کرایا (ان کا دیدار کرانے کے لیے) ملائکہ نے تمام اطراف واکناف جہان میں ۔ اور صلوٰۃ بھیج سیدنا محمد پر کہ جن کا

عَرَّفَتْ بِهِ الْمَلٰٓئِكَةُ عَلَى السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ وَالْبِحَارِ وَصَلِّ عَلٰى

تعارف اور پہچان کرائی ملائکہ نے آسمانوں ۔ زمینوں اور سمندروں پر (رہنے والوں کو) اور صلوٰۃ بھیج

سَيِّدِنَا مُحَمَّدِنِ الَّذِىْ رَدَّتْهُ الْمَلٰٓئِكَةُ لِاُمِّهٖ فِىْ اَسْرَعَ مِنْ طَرْفَةِ

سیدنا محمد پر کہ جنہیں واپس کیا ملائکہ نے (طواف کرانے کے بعد) ان کی والدہ ماجدہ کی طرف آنکھ جھپکنے سے بھی

الْعَيْنِ وَصَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدِنِ الَّذِىْ سَادَ فِى الْمَهْدِ عَلَى الْغِلْمَانِ

جلدی اور پہلے اور صلوٰۃ بھیج سیدنا محمد پر جو کہ سیادت اور فوقیت پا گئے (گود کے زمانہ) میں تمام بچوں پر

وَصَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدِنِ الَّذِىْ حَضَرَتْ لِاُمِّهٖ عِنْدَ وَضْعِهٖ

اور صلوٰۃ بھیج سیدنا محمد پر کہ حاضر ہوئی ان کی والدہ ماجدہ کے پاس ان کے وقت وضع میں

جَمَاعَةٌ مِّنَ الْحُوْرِ الْحِسَانِ وَصَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدِنِ الَّذِىْ

ایک جماعت حسین وجمیل حوروں کی۔ اور صلوٰۃ بھیج سیدنا محمد پر جو کہ

كَمُلَ مِنَ السُّعُوْدِ وَصَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدِنِ الَّذِىْ تَشَرَّفَ بِهٖ

کامل و مکمل ہوئے سعادتوں اور نیک بختیوں (کے عناصر وارکان) سے۔ اور صلوٰۃ بھیج سیدنا محمد پر کہ جن کی بدولت شرف و فضل پایا

الْاٰبَآءُ وَالْجُدُوْدُ وَصَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدِنِ الَّذِىْ نَادَتْهُ الْكَآئِنَاتُ

آپ کے آباء واجداد نے۔ اور صلوٰۃ بھیج سیدنا محمد پر کہ جنہیں پکار کر کہا ساری کائنات نے

شَرْقًا وَّغَرْبًا مَّرْحَبًا وَّصَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدِنِ الَّذِىْ كَانَ طَيِّبَ

مشرق سے غرب تک "مرحبا خوش آمدید" اور صلوٰۃ بھیج سیدنا محمد پر جو کہ پاکیزہ

الْاَرْدَانِ وَصَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدِنِ الَّذِىْ كَانَ يَشِبُّ شَبَابًا لَّا

آستینوں والے تھے۔ اور صلوٰۃ بھیج سیدنا محمد پر کہ جو پروان چڑھتے تھے اس انداز میں کہ کوئی مناسبت

يُشْبِهُ الْغِلْمَانَ وَصَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدِنِ اَوْرَعَ مَنْ شَهَرَ الدِّيْنَ

نہیں تھی دوسرے بچوں کے ساتھ۔ اور صلوٰۃ بھیج سیدنا محمد پر جو انتہائی پرہیزگار ہیں ان تمام حضرات سے جنہوں نے دین خداوندی کی

وَاَعْلَنَهٗ وَصَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدِنِ الَّذِىْ كَانَ يَشِبُّ فِى الْيَوْمِ

تشہیر کی اور اس کا اعلان کیا۔ اور صلوٰۃ بھیج سیدنا محمد پر کہ جو بڑھتے تھے ایک دن میں مانند

شَبَابَ الصَّبِيِّ فِى الشَّهْرِ وَيَشِبُّ فِى الشَّهْرِ شَبَابَ الصَّبِيِّ فِى السَّنَةِ

بڑھنے دوسرے بچوں کے ایک مہینہ میں اور بڑھتے تھے ایک مہینہ میں مانند بڑھنے دوسرے بچوں کے ایک سال میں

وَصَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدِنِ الَّذِىْ كَانَ لَهُ الشَّاْنُ الْجَسِيْمُ وَالنَّبَاُ

اور صلوٰۃ بھیج سیدنا محمد پر کہ جن کی شان اور عظمت بہت وسیع و عریض تھی اور جن کی خبر

الْعَظِيْمُ وَصَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدِنِ الَّذِىْ خُلِعَتْ عَلَيْهِ مَلَابِسُ

عظیم تھی۔ اور صلوٰۃ بھیج سیدنا محمد پر کہ جن کو پہنائی گئیں خلعتیں

الْاِجْلَالِ وَالتَّعْظِيْمِ وَصَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدِنِ الَّذِىْ كَانَتِ

اجلال اور تعظیم کیں۔ اور صلوٰۃ بھیج سیدنا محمد پر کہ جنہیں آسمانی ستارے

الْكَوَاكِبُ تُؤْنِسُهٗ فِى الظَّلَامِ وَصَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدِنِ الَّذِىْ كَانَ

انس مہیا کرتے تھے تاریکیوں میں۔ اور صلوٰۃ بھیج سیدنا محمد پر کہ

عَيْنُ اللّٰهِ تَحْرُسُهٗ فِى الْيَقْظَةِ وَالْمَنَامِ وَصَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدِنِ الَّذِىْ

اللہ تعالیٰ کی نظر عنایت جن کی حفاظت و نگہداشت کرتی تھی بیداری میں اور نیند میں۔ اور صلوٰۃ بھیج سیدنا محمد پر کہ

كَانَتِ الْمَلٰٓئِكَةُ تَقِفُ صُفُوْفًا تَنْظُرُ فِىْ نُوْرِهٖ وَهُوَ فِىْ ظَهْرِ اٰدَمَ مِنْ قَبْلِ

تھے ملائکہ صف بستہ کھڑے ہوتے ور انحالیکہ وہ دیکھ رہے ہوتے تھے آپ کے نور کو جبکہ آپ حضرت آدم علیہ السلام کی پشت میں تھے قبل اس

اَنْ تُخْلَقَ الْعَوَالِمُ وَصَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدِنِ الَّذِىْ اَنْشَاَهُ اللّٰهُ فِىْ اَشْرَفِ

کے کہ پیدا کئے جاتے سارے جہان۔ اور صلوٰۃ بھیج سیدنا محمد پر کہ جنہیں اللہ تعالیٰ نے پیدا فرمایا شرف اور بزرگی میں بلند تر

بِلَادِهٖ مِنْ عِبَادِهٖ وَصَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدِنِ الَّذِىْ لَمَّا حَمَلَتْ بِهٖ

شہر میں اپنے (بزرگی والے) بندوں سے۔ اور صلوٰۃ بھیج سیدنا محمد پر کہ جب حاملہ ہوئیں ساتھ ان کے

اُمُّهٗ نَطَقَتْ كُلُّ دَآبَّةٍ لِّقُرَيْشٍ بِالْبَيْتِ وَصَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدِنِ

ان کی والدہ ماجدہ تو کلام کیا قریش کے ہر جانور نے بیت حرام اور حرم کے ہیں۔ اور صلوٰۃ بھیج سیدنا محمد پر کہ

الَّذِىْ غَرَسَهُ اللّٰهُ مِنْ اَطْيَبِ الْمَنَاصِبِ وَصَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدِنِ

جن کے سروناز کو اگایا اللہ تعالیٰ نے پاکیزہ ترین محل و مکان میں۔ اور صلوٰۃ بھیج سیدنا محمد پر

الَّذِىْ انْتَخَبَهُ اللّٰهُ مِنْ ظُهُوْرِ النُّجَبَآءِ وَبُطُوْنِ النَّجَآئِبِ وَصَلِّ عَلٰى

کہ جنہیں منتخب فرمایا اللہ تعالیٰ نے عمدہ لوگوں کی پشتوں سے اور شرافت مآب عورتوں کے بطون سے۔ اور صلوٰۃ بھیج

سَيِّدِنَا مُحَمَّدِنِ الَّذِىْ اَشْرَقَتْ بِظُهُوْرِهِ الْغَيَاهِبُ وَالْحَنَادِسُ وَصَلِّ

سیدنا محمد پر کہ جن کے ظہور سے جگمگا اٹھے ظلمات اور تاریکیاں۔ اور صلوٰۃ بھیج

عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدِنِ الَّذِىْ تَسَاقَطَتْ بِبِعْثَتِهِ الْاَصْنَامُ مِنْ اَعْلَى

سیدنا محمد پر کہ گر پڑے جن کی بعثت سے اصنام و اوثان اپنے بلند

الْمَجَالِسِ وَصَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدِنِ الَّذِىْ اَشْرَقَتْ بِظُهُوْرِهِ الْاَرْضُ

مقامات سے (منہ کے بل)۔ اور صلوٰۃ بھیج سیدنا محمد پر کہ روشن ہوگئی جن کے ظہور کی بدولت زمین

وَثَرَاهَا وَصَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ الَّذِىْ تَهَدَّمَتْ بِبِعْثَتِهٖ صَوَامِعُ
(اوپر سے بھی) اور اس کا نچلا پانی میں ڈوبا ہوا طبقہ بھی اور صلوٰۃ بھیج سیّدنا محمد پر کہ منہدم ہو گئیں جن کی بعثت سے عبادت گاہیں
الْكُهَّانِ وَزَالَ بِنَاءُهَا وَصَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ الَّذِىْ اَخَذَ اللّٰهُ عَلٰى
کاہنوں کی اور نیست و نابود ہو گئیں بنیادیں ان کی۔ اور صلوٰۃ بھیج سیّدنا محمد پر کہ لئے اللہ تعالیٰ نے
اٰدَمَ الْمَوَاثِيْقَ وَالْعُهُوْدَ اَنْ لَّا يَدَعَ نُوْرَهٗ اِلَّا فِىْ اَهْلِ الْكَرَمِ وَ
حضرت آدم علیہ السلام سے عہد و پیمان کہ نہ ودیعت کریں ان کے نور کو مگر اہل کرم اور
الْجُوْدِ وَصَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ الَّذِىْ لَمْ يَزَلْ نُوْرُهٗ يَنْتَقِلُ
ارباب جود میں۔ اور صلوٰۃ بھیج سیّدنا محمد پر کہ جن کا نور اقدس ہمیشہ منتقل ہوتا رہا
مِنْ ظُهُوْرِ الْاَخْيَارِ اِلٰى بُطُوْنِ الْخَيْرَاتِ وَالْاَحْرَارِ وَصَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا
پاکیزہ سیرت لوگوں کی پشتوں سے پاکیزہ سیرت اور شریف عورتوں کے ارحام کی طرف اور صلوٰۃ بھیج سیّدنا
مُحَمَّدِ الَّذِىْ اَوْصَلَ نُوْرَهٗ يَدُ الشَّرَفِ وَالْمَكَارِمِ اِلٰى عَبْدِ اللّٰهِ وَ
محمد پر کہ جن کے نور انور کو پہنچایا شرافتوں اور بزرگیوں کے ہاتھ نے حضرت عبداللہ تک اور
صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ الَّذِىْ اُلْبِسَ بِهٖ عَبْدُ اللّٰهِ ثَوْبَ الْبَهَاءِ
صلوٰۃ بھیج سیّدنا محمد پر کہ جن کی بدولت حضرت عبداللہ کو پہنایا گیا حسن و خوبی کا
وَالْمَلَاحَةِ فَنَطَقَ بِالْبَيَانِ وَالْفَصَاحَةِ وَصَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ
لباس۔ پس انہوں نے کلام کیا واضح اور فصیح (زبان) کے ساتھ۔ اور صلوٰۃ بھیج سیّدنا محمد پر
الَّذِىْ نُوْدِىَ عَبْدُ اللّٰهِ فِيْهِ اَدِّ مَا حَمَلْتَ مِنَ الْوَدِيْعَةِ اِلٰى اَحْشَاءِ
کہ حضرت عبداللہ کو ندا دی گئی ان کے متعلق کہ پہنچا دیجئے وہ امانت جو تم نے اٹھا رکھی ہے طرف بلند مرتبت
اٰمِنَةَ الْمَنِيْعَةِ وَصَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ الَّذِىْ اُلْقِىَ فِىْ طِيْنَتِهٖ
آمنہ کی انتڑیوں (اور رحم) کے۔ اور صلوٰۃ بھیج سیّدنا محمد پر کہ ڈالا گیا ان کی طینت اور خمیر ارضی میں
النُّوْرُ الَّذِىْ سَبَقَ فَخْرُهٗ وَتَقَادَمَ وَصْفُهٗ وَصَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا
وہ نور جس کی شان فخر و ناز گزر چکی اور پہلے بیان ہو چکا ہے وصف اس کا۔ اور صلوٰۃ بھیج سیّدنا

مُحَمَّدِ الَّذِىْ اُوْدِعَتْ طِيْنَتُهٗ فِىْ ظَهْرِ اَبِيْهِ اٰدَمَ وَصَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا
محمد پر کہ ودیعت کی گئی ان کی طینت ان کے والد گرامی حضرت آدم علیہ السلام کی پشت اقدس میں اور صلوٰۃ بھیج سیّدنا
مُحَمَّدِ الَّذِىْ رَاٰى خُرُوْجَ النُّوْرِ مِنْ اُمِّهٖ حَتّٰى اَضَاءَ لَهَا قُصُوْرَ
محمد پر کہ جنہوں نے دیکھا نور کا برآمد ہونا ان کی والدہ ماجدہ سے حتیٰ کہ روشن کر دیئے اس نور نے ان کیلئے
الشَّامِ وَرَاٰى بَيْنَ عَيْنَىْ اِسْرَافِيْلَ كُلَّ شَىْءٍ اُنْزِلَ عَلَيْهِ قَبْلَ
شام کے محلات اور مشاہدہ فرمایا آپ نے حضرت اسرافیل کی لوح جبین پر ہر اس شئی کو جو نازل کی گئی آپ پر بعد میں
التَّنْزِيْلِ وَزَارَتْهُ الْمَلٰٓئِكَةُ عِنْدَ وِلَادَتِهٖ وَصَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا
قبل اس کے نازل کئے جاتے ہے اور زیارت کی ان کی ملائکہ نے ان کی ولادت باسعادت کے وقت اور صلوٰۃ بھیج سیّدنا
مُحَمَّدِ الَّذِىْ جَاءَتِ الْوُحُوْشُ وَالطُّيُوْرُ لِبَابِهٖ مُنْقَادَةً وَصَلِّ عَلٰى
محمد پر کہ حاضر ہوئے جنگلی جانور اور پرندے ان کے درِ اقدس پر تابعدار بن کر۔ اور صلوٰۃ بھیج
سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ الَّذِىْ نَزَلَتِ النُّجُوْمُ عِنْدَ وِلَادَتِهٖ عَلَى السُّقُوْفِ وَ
سیدنا محمد پر کہ اترے ستارے ان کے وقت ولادت میں مکانوں کی چھتوں پر ان کے دیدار کے لیے اور
صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ الَّذِىْ رَفَعَتْهُ الْمَلٰٓئِكَةُ تَدُوْرُ بِهٖ عَلَى الْخَلَائِقِ
صلوٰۃ بھیج سیّدنا محمد پر کہ جنہیں اٹھا لیا ملائکہ نے درآنحالیکہ آپ کو پھراتے تھے مخلوقات پر اور
وَتَطُوْفُ وَصَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ الَّذِىْ كَانَ اَوْفَى النَّاسِ بِالْعَهْدِ
طواف کراتے تھے (دیدار کرانے کے لیے) اور صلوٰۃ بھیج سیّدنا محمد پر کہ جو سب سے زیادہ پورا کرنے والے تھے عہد کے
وَصَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ الَّذِىْ صَامَ رَمَضَانَ فِى الْمَهْدِ وَصَلِّ
اور صلوٰۃ بھیج سیّدنا محمد پر کہ جنہوں نے رمضان المبارک کے روزے رکھے عالم مہد میں۔ اور صلوٰۃ بھیج
عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ سَلِيْسِ الْاَسْلَافِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ
سیّدنا محمد پر اور سیّدنا محمد کی آل پر جو آقا کہ نرم خو اور تابعدار اسلاف والے ہیں۔ اے اللہ صلوٰۃ بھیج
عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَبْدِ الْمُطَّلِبِ
سیّدنا محمد پر اور سیّدنا محمد کی آل پر جو آقا کہ ابن عبداللہ بن عبدالمطلب

ابْنِ هَاشِمِ بْنِ عَبْدِ مُنَافٍ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ

بن ہاشم بن عبد مناف ہیں۔ اے اللہ صلوٰۃ بھیج سیّدنا محمد پر اور سیّدنا محمد کی

سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ بْنِ قُصَيِّ بْنِ كِلَابِ بْنِ مُرَّةَ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا

آل پر جو آقا کہ لخت جگر ہیں قصی بن کلاب بن مرہ کے۔ اے اللہ صلوٰۃ بھیج سیّدنا

مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ بْنِ كَعْبِ بْنِ لُؤَيِّ بْنِ غَالِبٍ اَللّٰهُمَّ

محمد پر اور سیّدنا محمد کی آل پر جو آقا کہ فرزند ارجمند ہیں کعب بن لوی بن غالب کے۔ اے اللہ

صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ بْنِ فِهْرِ بْنِ مَالِكِ بْنِ نَضْرٍ

صلوٰۃ بھیج سیّدنا محمد پر اور سیّدنا محمد کی آل پر جو آقا کہ نور نظر ہیں فہر بن مالک بن نضر کے

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ بْنِ كِنَانَةَ بْنِ

اے اللہ صلوٰۃ بھیج سیّدنا محمد پر اور سیّدنا محمد کی آل پر جو کہ فرزند دلبند ہیں کنانہ بن

خُزَيْمَةَ بْنِ مُدْرِكَةَ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ بْنِ اِلْيَاسَ بْنِ

خزیمہ بن مدرکہ کے۔ اے اللہ صلوٰۃ بھیج سیّدنا محمد پر کہ جو لخت جگر ہیں الیاس بن

مُضَرَ بْنِ نِزَارٍ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ

مضر بن نزار کے۔ اے اللہ صلوٰۃ بھیج سیّدنا محمد پر اور سیّدنا محمد کی آل پر

بْنِ مَعَدِّ بْنِ عَدْنَانَ بْنِ اُدَدَ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى

جو بیٹے ہیں معد بن عدنان بن اود کے۔ اے اللہ صلوٰۃ بھیج سیّدنا محمد پر اور سیّدنا محمد

اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ بْنِ اُدَدِ بْنِ هَمَيْسَعِ بْنِ سَلَامَانَ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى

کی آل امجاد پر جو کہ قابل فخر پسر ہیں اود بن ہمیسع بن سلامان کے۔ اے اللہ صلوٰۃ بھیج

سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ بْنِ ثَابِتِ بْنِ حَمَلِ بْنِ قَيْذَارَ

سیّدنا محمد پر اور سیّدنا محمد کی آل پر جو کہ لخت جگر ہیں ثابت بن حمل بن قیذار کے

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ بْنِ اِسْمٰعِيْلَ

اے اللہ صلوٰۃ بھیج سیّدنا محمد پر اور سیّدنا محمد کی آل پر جو کہ نور نظر ہیں حضرت اسماعیل

ابْنِ اِبْرَاهِيْمَ بْنِ اٰزَرَ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا

بن ابراہیم بن آذر کے۔ اے اللہ صلوٰۃ بھیج سیّدنا محمد پر اور سیّدنا محمد کی

مُحَمَّدٍ بْنِ نَاخُوْرَ بْنِ شَارُوْخَ بْنِ اَرْغُوْ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّ

آل پر جو کہ نور چشم ہیں ناخور بن شاروخ بن ارغو کے۔ اے اللہ صلوٰۃ بھیج سیّدنا محمد پر اور

عَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ بْنِ فَالِغِ بْنِ غَابِرِ بْنِ اَرْفَخْشَدَ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى

سیّدنا محمد کی آل پر جو آقا کہ قرۃ العین ہیں فالغ بن غابر بن ارفخشد کے۔ اے اللہ صلوٰۃ بھیج

عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ بْنِ سَامِ بْنِ نُوْحِ بْنِ لَامَكَ

سیّدنا محمد پر اور سیّدنا محمد کی آل پر جو آقا کہ راحت جان ہیں سام بن نوح بن لامک کے

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ بْنِ مُتَوْشَلَخَ

اے اللہ صلوٰۃ بھیج سیّدنا محمد پر اور سیّدنا محمد کی آل پر جو آقا کہ سرور قلب ہیں متوشلخ

ابْنِ اَخْنُوْخَ بْنِ بَيَارَدَ بْنِ مَهْلَائِيْلَ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ

بن اخنوخ بن بیارد بن مہلائیل کے۔ اے اللہ صلوٰۃ بھیج سیّدنا محمد پر

وَّعَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ بْنِ قَيْنَانَ بْنِ اَنُوْشَ بْنِ شِيْثَ بْنِ اٰدَمَ

اور سیّدنا محمد کی آل پر جو آقا کہ ولد عزیز ہیں قینان بن انوش بن شیث بن آدم کے

صَلَّى اللّٰهُ عَلٰى نَبِيِّنَا وَسَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى جَمِيْعِ الْاَنْبِيَاءِ وَالْمُرْسَلِيْنَ

اللہ تعالیٰ درود و صلوٰۃ بھیجے ہمارے نبی و آقا محمد پر اور آپ کے آباء و اجداد میں سے جتنے انبیاء و مرسلین ہیں

مِنْهُمْ وَعَلَيْهِمُ السَّلَامُ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا

ان پر صلوٰۃ بھیجے اور سلام۔ اے اللہ صلوٰۃ بھیج سیّدنا محمد پر اور سیّدنا

مُحَمَّدِنِ الْمُخَاطَبِ بِقَوْلِ مَنْ اَيَّدَهُ اللّٰهُ بِرُوْحِ الْقُدُسِ مِنْ عِنْدِهٖ

محمد کی آل پر جو محبوب کہ مخاطب ہیں اس قول کے جن کی تائید فرمائی ہے اللہ تعالیٰ نے اپنی طرف سے ساتھ روح القدس کے

اِنَّا اَوْحَيْنَا اِلَيْكَ كَمَا اَوْحَيْنَا اِلٰى نُوْحٍ وَّالنَّبِيّٖنَ مِنْۢ بَعْدِهٖ صَلَّى

بے شک ہم نے وحی نازل کی ہے طرف تمہارے جیسے کہ وحی نازل کی ہم نے طرف (حضرت) نوح کے اور ان کے بعد والے انبیاء کے کی

اللّٰہِ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَتَوَسَّلُ اِلَیْکَ فِیْ ابْتِدَآئِیْ وَانْتِھَآئِیْ وَ

اللہ علیہ و علیہم وسلم ۔اے اللہ بے شک میں توسل کرتا ہوں تیری طرف اپنی ابتداء اور اپنی انتہاء میں اور

لَآ اُظْھِرُ لِغَیْرِکَ رَجَآئِیْ یَا عَالِمَ الْخَفِیَّاتِ وَالسَّرَآئِرِ وَیَا جَامِعَ الشَّتَّاتِ

میں نہیں ظاہر کرتا تیرے غیر پر اپنی امید و رجاء کو اے جاننے والے مخفی امور اور اسرار کے اور اے جمع کرنے والے مختلف و متفرق امور کے

فِی الْبَصَآئِرِ اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدِ ِالَّذِیْ ھُوَ رَافِعٌ لِّلْاِنْسَانِ رَفِیْعُ

عقول و اذہان میں ۔ اے اللہ صلوٰۃ بھیج سیدنا محمد پر جو کہ انسانوں کو رفعت بخشنے والے ہیں (اور) خود بلند مرتبت

الشَّانِ بَدِیْعُ الْبُرْھَانِ اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدِ ِالْمُخَاطَبِ بِقَوْلِ

ہیں اور انوکھے برہان والے ہیں ۔ اے اللہ صلوٰۃ بھیج سیدنا محمد پر کہ جن سے خطاب کیا گیا

اللّٰہِ الْعَلِیِّ الْعَظِیْمِ فَاسْتَمْسِکْ بِالَّذِیْٓ اُوْحِیَ اِلَیْکَ اِنَّکَ عَلٰی صِرَاطٍ

اللہ علی عظیم کے اس قول کے ساتھ پس تم تمسک کرو اور چنگل مارو ساتھ اس کے جو وحی کیا گیا ہے تمہاری طرف بیشک تم صراط

مُّسْتَقِیْمٍ اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدِ ِالَّذِیْ مَا کَذَبَ الْفُؤَادُ مَا رَاٰی

مستقیم پر ہو ۔ اے اللہ صلوٰۃ بھیج سیدنا محمد پر کہ نہیں جھٹلایا ان کے دل نے جو دیکھا ان کی آنکھوں نے

وَمَا یَنْطِقُ عَنِ الْھَوٰٓی اِنْ ھُوَ اِلَّا وَحْیٌ یُّوْحٰی اَعْطِنِیْ لَذَّۃَ النَّظَرِ اِلٰی

اور نہیں کلام کرتے ایسی جو سرزد ہو خواہش نفس سے نہیں ہے وہ (کلام) مگر وحی جو ان کی طرف نازل کی گئی ۔ عطا کر مجھے اپنے چہرۂ اقدس

وَجْھِکَ وَالشَّوْقَ اِلٰی لِقَآئِکَ فِیْ کُلِّ لَمْحَۃٍ یَّزِیْدُ وَیُضَاعِفُ بِمَحْضِ

کی طرف نظر کی لذت اور اپنی ملاقات و دیدار کا شوق جو ہر لمحہ و ہر لحظہ بڑھنے اور کئی گنا زائد ہونے والا ہو محض اپنے

فَضْلِکَ وَاِحْسَانِکَ اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدِ ِالنَّبِیِّ الْاَسْنٰی

فضل اور احسان سے ۔ اے اللہ صلوٰۃ بھیج سیدنا محمد پر جو کہ بہت نورانی اور روشن نبی ہیں

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدِ ِسِرِّ الْاَسْمَآءِ الْحُسْنٰی اَللّٰھُمَّ بِاسْمِکَ

اے اللہ صلوٰۃ بھیج سیدنا محمد پر جو کہ تیرے اسماء حسنیٰ کا سر نہاں ہیں ۔ اے اللہ بطفیل اپنے اسم اعظم

الْاَعْظَمِ وَبِاَسْمَآئِکَ الْحُسْنٰی وَصِفَاتِکَ الْکُبْرٰی وَکُتُبِکَ الْعُظْمٰی

کے اور اپنے اسماء حسنیٰ کے اور اپنی تمام عظیم صفات کے اور اپنی تمام عظیم کتابوں کے

وَصُحُفِکَ الْعُلْیَا وَنُعُوْتِ نَبِیِّکَ الْمُصْطَفٰی اِجْعَلْ ھٰذِہِ الصَّلَوٰتِ

اور بلند مرتبت صحیفوں کے اور بطفیل اپنے نبی مصطفیٰ کی نعوت و صفات کے بنا ان صلوات کو

مُفَرِّجَاتٍ لِّقُلُوْبِنَا مَانِعَاتٍ لِّمُھْلِکَاتِنَا بَاعِثَاتٍ لِّمُنْجِیَاتِنَا مَاحِیَاتٍ

موجب فرحت و سرور کا واسطے ہمارے قلوب کے اور مانع ہماری ہلاکتوں کے اسباب کا اور باعث و محرک ہماری نجات کے عوامل کا

لِّذُنُوْبِنَا مُکَفِّرَاتٍ لِّسَیِّئَاتِنَا سَاتِرَاتٍ لِّعُیُوْبِنَا مُضَاعِفَاتٍ لِّحَسَنَاتِنَا نَاصِرَاتٍ

مٹانے والیاں ہمارے گناہوں کو کفارہ بننے والیاں ہمارے سیئات کیلئے چھپانے والیں ہمارے عیوب کو ۔ دوگنا کرنے والیں ہماری نیکیوں کو نصرت دینے

عَلٰٓی اَعْدَآئِنَا وَفَاتِحَاتٍ لِّمُھِمَّاتِنَا فِی الدَّارَیْنِ وَمُبَرِّعَاتٍ لِّقُبُوْرِنَا

والیں ہیں ہمارے اعداء پر اور حل کرنے والیں ہماری مہمات و مشکلات کو دارین میں ۔ اور روشن کرنے والیں ہماری قبروں کو

وَقَآئِدَاتٍ اِلٰی جَنَّاتِنَا وَبِلِقَآئِکَ رَافِعَاتٍ لِّدَرَجَاتِنَا بِغَیْرِ حِسَابٍ

اور رہبر ہماری طرف ہماری جنات کے اور تیری لقاء و دیدار کے ۔ بلند کرنیوالیں ہمارے درجات کو بغیر کسی حساب

وَّعَذَابٍ وَّعِتَابٍ بِمَغْفِرَتِکَ وَرَاْفَتِکَ وَفَضْلِکَ وَکَرَمِکَ وَ

اور عذاب و عتاب کے صدقے میں تیری مغفرت و رافت اور فضل و احسان اور کرم و

رِضْوَانِکَ اَنْتَ حَسْبِیْ وَنِعْمَ الْوَکِیْلُ ط نِعْمَ الْمَوْلٰی وَنِعْمَ النَّصِیْرُ ط

رضامندی کے، تو ہی کافی ہے مجھے اور اچھا کارساز ہے، اچھا متولی و سرپرست اور بہترین مددگار ہے

غُفْرَانَکَ رَبَّنَا وَاِلَیْکَ الْمَصِیْرُ ط اَللّٰھُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا

تیری مغفرت طلب کرتے ہیں اے رب ہمارے اور طرف تیری ہی بازگشت اور رجوع ہے اے اللہ صلوٰۃ و سلام بھیج سیدنا

مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓی اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ مَّدَدِ السُّوْدِ وَسِرِّ الْوُجُوْدِ عَبْدِ اللّٰہِ

محمد پر اور سیدنا محمد کی آل پر جو آقا کہ سراپا مدد و اعانت ہیں سرداروں کے لیے اور سرِ وجود ہیں، اللہ تعالیٰ کے

الْاَمِیْنِ وَحِرْزِ اللّٰہِ الْمَتِیْنِ التَّقِیِّ الْمُرَاقِبِ وَالْکَلِیْمِ الْمُخَاطَبِ

معتمد علیہ عبد ہیں اور اللہ تعالیٰ کی مضبوط و مستحکم پناہ ہیں ۔ سراپا تقویٰ ہیں اور نگہبان اللہ تعالیٰ سے کلام کرنے والے اور ان کے

وَالْھَدِیَّۃِ الْمُھْدَاۃِ وَالسَّابِقِ لِلْخَیْرَاتِ وَالْبُرْھَانِ السَّاطِعِ وَالدَّلِیْلِ

مخاطب ۔ اللہ تعالیٰ کی طرف سے عطا کیا ہوا ہدیہ ۔ نیکیوں کی طرف سبقت لے جانے والے اور سراپا غالب برہان اور قطعی دلیل،

الْقَاطِعِ وَالْبَرَكَةِ الشَّامِلَةِ وَالْبَيِّنَةِ الْعَادِلَةِ الْاَوَّلِ فِي الْخَلْقِ وَالْاٰخِرِ

ایسی برکت جو سب کو محیط ہے اور ایسی شہادت جو سراسر عدالت ہے، جو اول ہیں تخلیق و ایجاد میں اور آخر ہیں

فِي الْبَعْثِ بِالْحَقِّ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ

حق کے ساتھ مبعوث ہونے میں۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام بھیج سیدنا محمد پر اور سیدنا محمد

سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ قَمَرِ الدَّيَاجِيْ وَالشَّهِيْدِ النَّاجِيْ وَرَسُوْلِ الرَّأْفَةِ وَقُثَمِ

کی آل پر جو آقا کہ شبہائے تاریک کے لیے روشن چاند ہیں اور نجات پانیوالے شہید اور احوال امت پر مطلع گواہ اور رسول رافت،

التُّحْفَةِ الْمَاحِيْ شُبَهِ الضَّلَالَةِ وَالصَّادِقِ الْمَقَالَةِ فَاتِحِ سُبُلِ

بہت سخی، اللہ تعالیٰ کا تحفہ و ہدیہ، ضلالت کے شبہات کو مٹانے والے، سچی کلام اور گفتگو والے۔ آغاز کرنے والے

الْهُدٰى وَخَاتِمِ سُنَنِ الْاِقْتِدَاءِ وَالْاِهْتِدَاءِ رُوْحِ الْعَوَالِمِ وَخُلَاصَةِ

ہدایت کی راہوں کا۔ اور تکمیل کرنیوالے ہیں قابل اقتداء و اہتداء و سنن کی، جو تمام جہانوں کیلئے روح کی مانند ہیں اور جوہر و خلاصہ ہیں

طِيْنَةِ اٰدَمَ مِفْتَاحِ خَزَآئِنِ الْحِكْمَةِ وَسِرِّ خَصَآئِصِ الرَّحْمَةِ وَالْبَرَكَةِ

حضرت آدم علیہ السلام کی طینت و خمیر کا۔ حکمت کے خزائن کی چابی ہیں اور رحمت و برکت کے خصائص کا سر نہاں ہیں

الدُّرَّةِ الْفَاخِرَةِ وَطِيْبِ الدُّنْيَا وَالْاٰخِرَةِ بَابِ اللّٰهِ الْاَعْظَمِ وَصِرَاطِهِ

قابل فخر درۂ یکتا۔ دنیا و آخرت کی پاکیزگی اور خوشبو۔ اللہ تعالیٰ کے حریم ناز کے عظیم دروازے اور اللہ تعالیٰ کی بارگاہ کا بہت سیدھا

الْاَقْوَمِ ذَخِيْرَةِ الْاَنَامِ وَكَهْفِ الْاَرَامِلِ وَالْاَيْتَامِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ

راستہ مخلوق کے لیے انعامات خداوندی کا ذخیرہ اور بیوگان و یتامیٰ کی جائے پناہ۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام

عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ الْحَكَمِ الْعَادِلِ وَالْمُفَرِّقِ

بھیج سیدنا محمد پر اور سیدنا محمد کی آل پر جو کہ عادل حاکم ہیں اور تفریق کرنے والے ہیں

بَيْنَ الْحَقِّ وَالْبَاطِلِ وَالنَّجِيِّ الْفَآئِزِ وَالْعَفُوِّ الْمُتَجَاوِزِ مُبِيْدِ الْعِدٰى وَ

درمیان حق و باطل کے اور کامیاب ہمراز اور ہمکلام ہیں اور سراپا عفو اور درگزر ہیں، دشمنوں کو ہلاک کرنے والے اور

رَاْسِ التُّقٰى وَالْعُلٰى غَايَةِ الْقُصْوٰى وَعَلَّمَهٗ شَدِيْدُ الْقُوٰى اَكْرَمِ بَنِيْ

عالی مرتبت لوگوں اور متقیوں کے سردار ہیں، بلندئ مراتب کی آخری حد ہیں اور ان کو تعلیم دی ہے شدید قوتوں والے نے تمام نوع انسانی

اٰدَمَ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ رُكْنِ الْمُتَوَاضِعِيْنَ اَللّٰهُمَّ

سے بزرگتر ہیں۔ اے اللہ صلوٰۃ بھیج سیدنا محمد پر جو کہ تواضع اور انکساری کرنے والوں کے سرو سامان عزت اور قوت ہیں اے اللہ

اجْعَلْنِيْ هَيِّمًا اِلَى الْمُشَاهَدَاتِ النَّفْسِيَّةِ عَرْضًا فَعَرْضًا فَاجْعَلْنِيْ

بنا دے مجھے بہت زیادہ مشتاق اور محب مشاہدات نفسیہ کا جو یکے بعد دیگرے پیش آنے والے ہوں پس بنا دے مجھے

بَطْنًا مِّنَ الْمُسْتَوْدَعَاتِ الَّتِيْ اَوْدَعْتَهَا فِيْهَا ثُمَّ اجْعَلْهَا هَنِيْٓئًا مَّرِيْٓئًا وَّ

بطن اور ظرف ان ودیعتوں اور امانتوں کا جو تو نے ودیعت کی ہیں نفوس میں پھر بنادے انہیں میرے لیے خوشگوار اور لذیذ اور

لَا تَجْعَلْنِيْ حَزِيْنًا عِنْدَ رُؤْيَتِهَا وَلَا تَجْعَلْهَا فَانِيَةً بَلِ اجْعَلْنِيْ مُنْتَفِعًا

نہ بنانا مجھے غمگین ان کے دیدار پر اور نہ ان مشاہدات کو فنا پذیر بنانا بلکہ بنانا مجھے نفع اندوز

وَّمُفَرِّحًا بِهَا وَذِيْ عِزٍّ وَّجَاهٍ عِنْدَ وُرُوْدِهَا وَحُصُوْلِهَا وَاَعْرِضْنِيْ عَنِ

اور شاداں و فرحاں ساتھ ان کے اور عزت و مرتبت والا ان کے ورود و حصول کے وقت اور مجھے ہٹادے اور دور کردے

الْعَقَبَاتِ الْقَالَبِيَّةِ وَالنَّفْسِيَّةِ الَّتِيْ ظَهَرَتْ مِنَ الْاٰثَارِ الْحِسِّيَّةِ وَ

بدنی اور نفسانی عقبات اور دشوار گھاٹیوں سے جو ظاہر ہوئیں حسی اور ذہنی آثار

الذِّهْنِيَّةِ الْعَادِيَةِ الْفَارِقَةِ بَيْنَ الْحِسِّ وَالنَّفْسِ وَمِنَ الْعَقْلِيَّةِ

عادیہ سے جو فرق کرنے والے ہیں درمیان حس اور نفس کے اور عقلی

وَالْقَلْبِيَّةِ ثُمَّ السِّرِّيَّةِ الْقُدْسِيَّةِ الْفَارِقَةِ بَيْنَ الْخَوْفِ وَالرَّجَآءِ وَ

اور قلبی آثار سے پھر سری قدسی آثار سے جو فرق کرنے والے ہیں درمیان خوف و رجاء کے اور

السِّرِّ وَالْجَهْرِ وَالْفَنَآءِ وَالْبَقَآءِ وَالْقَبْضِ وَالْبَسْطِ وَالصَّحْوِ وَالسُّكْرِ وَ

اخفاء و جہر کے اور فناء و بقاء کے اور درمیان طبیعت کے انقباض اور انبساط کے اور درمیان ہوشیاری اور مدہوشی

الْكَوْنِ وَالْعَدَمِ وَالرُّوْحِيَّةِ فَسَلِّطْ عَلَىَّ اٰثَرَهٗ بَلْ اَسْرِعْنِيْ اِلَى

کے اور وجود و عدم کے اور روحی آثار کے پس مسلط فرما مجھ پر اس کے آثار کو بلکہ مجھے جلدی لے جا طرف

الْمَلَكُوْتِ ثُمَّ اِلَى الْجَبَرُوْتِ ثُمَّ اِلَى الْاِسْتِغْرَاقِ فِيْ قُدْسِكَ وَ

ملکوت اور عالم بالا کے۔ پھر طرف جبروت اور صفات جلال کے پھر طرف استغراق کے اپنی ذات مقدسہ میں اور

مُطَالَعَاتِ شُهُودِكَ وَطَهِّرْ قَلْبِي وَنَزِّهْ نَفْسِي ثَمَّةَ بِحَيْثُ تَلْتَذُّ

اپنے شہود و حضور کے مطالعات میں اور پاک فرما میرے دل کو اور منزہ فرما میرے نفس کو اس مقام پر اس طرح پر کہ لذت وحلاوت

اِلْتِذَاذًا وَيَعُنُّ الْمَقَامُ لَهُ عَنَّا وَلَا يَعْفُنُ عَفْنًا فَيَضْمَحِلَّ وَيَتَخَلْخَلَ

محسوس کرے اس مقام میں اور وہ مقام خود اس کو پیش آئے اور اس پر فاسد و تباہ نہ ہو تاکہ سست اور ناکارہ ہو جائے اور اپنے مقام سے ہٹ

عِنْدَ الطَّلَعَاتِ الْجَلَالِيَّةِ وَسَخِّرْ لِيَ النُّفُوسَ الْعَالِيَةَ الَّتِي اَبْدَأْتَهَا

جائے وقت رونما ہونے تجلیات جلالیہ کے اور مسخر فرما میرے لیے نفوس عالیہ کو کہ جنھیں تو نے پیدا فرمایا

اَنْ تَكُونَ حَائِلَةً حَاضِرَةً مُتَحَمِّلَةً لِتِلْكَ الطَّلَعَاتِ الْعَالِيَةِ لِئَلَّا

کہ ہوں حائل اور رکاوٹ حاضر و موجود (درمیان نفوس انسانیہ ناقصہ اور ان تجلیات کے) جو خود متحمل ہوں ان تجلیات عالیہ کے تاکہ

يَكُونَ شَخْصِي وَنَفْسِي عَتَبًا وَلَا عَبَثًا وَلَا مُبَدَّلًا مِنْ صُورَةٍ

نہ ہو میرا شخص اور نہ میرا نفس محل عتاب اور نہ عبث و بے فائدہ اور نہ ہی تبدیل کیا ہوا ہو صورت

اِنْسَانِيَّةٍ وَنَفْسٍ حَيَوَانِيَّةٍ اِلٰى صُورَةٍ اَدْوَنَ مِنْ ذٰلِكَ فَتَسْخَرُ وَ

انسانی اور نفس حیوانی سے (بطور مسخ کے) طرف ایسی صورت کے جو اس سے کمتر اور حقیر ہو پس تمسخر اور

تَسْتَهْزِئُ بِي الْعُلْوِيَّاتُ اَللّٰهُمَّ اَنْتَ الْمَلِكُ الْجَوَادُ الْبَرُّ الرَّءُوفُ

استہزاء کریں ساتھ میرے عالم بالا کے مکین نفوس عالیہ۔ اے اللہ تو ہی بادشاہ ہے جو بہت جود و احسان اور رأفت

الرَّحِيمُ وَقَدْ صَيَّرْتَ الْعَزَازِيلَ مَلَكًا مُعَلِّمًا مَعَ الْقَدْرِ وَالْفَخَامَةِ

و رحمت والا ہے اور تحقیق بنایا تھا تو نے عزازیل کو فرشتہ جو تعلیم دیتا تھا بڑی قدر و منزلت اور عظمت کے ساتھ موصوف ہوتے

ثُمَّ اَسْرَرْتَ فِيهِ طُغُومَاتِ النَّارِيَّةِ الْاَصْلِيَّةِ فَغَفَلَ عَنِ الْهَيْئَةِ

ہوئے پھر تو نے چھپا دیں اس میں حماقتیں اور کینگیاں اس کے جوہر ناری کی۔ پس وہ غافل ہو گیا اپنی گھٹیا اور

الْاُولَى الذَّنْبِيَّةِ الذَّمِيمِيَّةِ فِي الْهَيْئَةِ الثَّانِيَةِ حَتّٰى طَغٰى فَجُرِّدَ مِنَ

مذموم ہیئت سے دوسری ہیئت ملکیہ میں منہمک ہو کر یہاں تک کہ اس نے سرکشی کی۔ پس وہ ملکی

اللِّبَاسِ وَالْمَقَامِ وَاسْتَحَقَّ اللَّعْنَ وَمِثْلُهُ الْهَارُوتُ وَالْمَارُوتُ

لباس سے برہنہ کر دیا گیا اور اس منصب معلمی سے الگ کر دیا گیا اور مستحق ٹھہرا لعنت کا اور اسی کی مانند ہیں ہاروت و ماروت

اَللّٰهُمَّ اَنْتَ الْفَاعِلُ الْمُنَزَّهُ عَنْ كُلِّ الْاٰفَاتِ وَهِيَ مَخْلُوقَةٌ وَمُذَلَّلَةٌ

اے اللہ تو ہی مؤثر و موجد ہے جو منزہ و پاکیزہ ہے تمام آفات اور رکاوٹوں سے جبکہ وہ تیری ہی پیدا کردہ ہیں اور تیری قدرت کے

تَحْتَ قُدْرَتِكَ تُسَلِّطُهَا عَلٰى مَنْ اَرَدْتَ بِهَا عَلٰى حَسَبِ اقْتِضَاءِ

نیچے مغلوب و مقہور ہیں تو مسلط فرماتا ہے انھیں جس پر ارادہ فرمائے ان کے مسلط کرنے کا اپنی الوہیت اور

اُلُوهِيَّتِكَ وَحِكْمَتِكَ اَللّٰهُمَّ اَنْتَ الْغَنِيُّ الْقَوِيُّ الْوَاجِبُ وَاَنَا عَبْدُكَ

حکمت کاملہ کے تقاضوں کے مطابق۔ اے اللہ تو ہی غنی اور قوی ہے اور اپنے آپ موجود ہے وجود ذاتی کے ساتھ اور میں تیرا

الْفَقِيرُ الضَّعِيفُ الْحَادِثُ وَالْاٰفَاتُ خَلَقْتَهَا قَوِيَّةً وَضَعِيفَةً

فقیر و محتاج اور ضعیف و ناتواں بندہ ہوں جو تیری ایجاد سے خلعت وجود پہنے ہوئے ہوں اور آفات کو پیدا کیا تو نے اس حال میں کہ بعض ان کی

بِالنِّسْبَةِ فَلَا اَسْتَطِيعُ تَحَمُّلَهَا اَللّٰهُمَّ اَنْتَ الْقَادِرُ عَلٰى اَنْ

قوی ہیں اور بعض بنسبت ان کے ضعیف پس میں نہیں طاقت رکھتا کسی کے بھی برداشت کرنے کی۔ اے اللہ تو ہی قادر ہے اس پر کہ

تَمْنَعَنِي مِنْ اٰفَةٍ مَرْكُوزَةٍ فِي غِذَاءٍ اَوْ شَرَابٍ اَوْ سَارِيَةٍ مَعَ

مجھے دور رکھے اس آفت سے جو گڑی ہوئی ہے غذا میں یا مشروب میں یا سرایت کرنے والی ہے ساتھ

نَفَسٍ اِلٰى مِائَةٍ وَعِشْرِينَ سَنَةً حَتّٰى تَكْمُلَ مَعْرِفَتِي حَسَبَ

نفس کے روک رکھے اسے ایک سو بیس سال تک حتی کہ کامل ہو جائے میری معرفت میری طاقت کے

طَاقَتِي وَطَهِّرْ وَزَكِّ فِكْرِي عَنِ اللَّحْنِ وَلِسَانِي عَنِ الْخَطَاءِ فَاَلْقِ

مطابق اور پاکیزہ و منزہ فرما میرے فکر کو غلطی و فساد سے اور میری زبان کو خطا سے پس القاء فرما

فِيهِ حَقًّا وَاَخْرِجْ مِنْهُ حَقًّا اَنْتَ الْحَقُّ ط اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى

اس میں حق کا اور اس سے ظاہر فرما حق کو تو ہی حق ہے۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام بھیج

سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَعَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ سَبَبِ الْفَوْزِ وَالنَّجَا اَللّٰهُمَّ

سیدنا محمد پر اور سیدنا محمد کی آل پر جو محبوب کہ سبب ہیں کامیابی اور نجات و فلاح کا۔ اے اللہ

رَبِّ اَسْئَلُكَ خَيْرَ مَا فِي هٰذَا الْيَوْمِ وَخَيْرَ مَا بَعْدَهُ وَاَعُوذُ بِكَ

جو میرا پروردگار ہے میں سوال کرتا ہوں تجھ سے اس دن میں جو کچھ ہے اس کی خیر کا اور اس کے مابعد کی خیر کا اور میں پناہ طلب کرتا ہوں

مِنْ شَرِّ مَا فِيْ هٰذَا الْيَوْمِ وَشَرِّ مَا بَعْدَهٗ اَللّٰهُمَّ اِنِّيْ اَسْئَلُكَ الْعَافِيَةَ
اس کے شر سے جو اس دن میں ہے اور اس کے بعد کے شر سے۔ اے اللہ میں تجھ سے سوال کرتا ہوں عافیت
فِي الدُّنْيَا وَالْاٰخِرَةِ وَاَسْئَلُكَ الْعَفْوَ وَالْعَافِيَةَ فِيْ دِيْنِيْ وَدُنْيَايَ وَ
کا دنیا و آخرت میں اور سوال کرتا ہوں تجھ سے عفو و عافیت کا اپنے دین میں اور دنیا میں اور
فِيْ اَهْلِيْ وَمَالِيْ وَاَسْئَلُكَ صِحَّةً فِيْ اِيْمَانٍ وَّاِيْمَانًا فِيْ حُسْنِ
اپنے اہل اور مال میں۔ اور میں سوال کرتا ہوں تجھ سے صحت کا مع ایمان کے، اور ایمان کا مع حسن
خُلُقٍ وَّنَجَاةً يَّتْبَعُهَا فَلَاحٌ وَّرَحْمَةً مِّنْكَ وَعَافِيَةً وَّمَغْفِرَةً مِّنْكَ
خلق کے اور نجات کا جس کے تابع ہو فلاح و کامیابی اور سوال کرتا ہوں تیری رحمت کا اور عافیت کا۔ اور تیری مغفرت
وَرِضْوَانًا اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا
ورضا مندی کا۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام بھیج سیدنا محمد پر اور سیدنا محمد کی
مُحَمَّدٍ عِمَادِ مَنْ اِلَيْهِ لَجَا وَالْتَجَا اَللّٰهُمَّ اِنِّيْ اَسْئَلُكَ مِنْ خَيْرِ مَا
آل پر جو محبوب کہ سہارا ہیں ہر اس شخص کا جو ان کی پناہ پکڑے اور ان سے التجا کرے۔ اے اللہ میں تجھ سے سوال کرتا ہوں اس خیر اور بھلائی کا جس
سَئَلَكَ بِهٖ عِبَادُكَ الصّٰلِحُوْنَ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا
کا سوال کیا تجھ سے تیرے نیک بندوں نے۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام بھیج سیدنا
مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ خَاتِمِ الرِّسَالَةِ وَظَاهِرِ الدَّلَالَةِ
محمد پر اور سیدنا محمد کی آل پر جو محبوب کہ خاتم رسالت ہیں اور جن کی نبوت کے دلائل ظاہر ہیں۔
اَللّٰهُمَّ اِنِّيْ اَسْئَلُكَ مِنَ الْخَيْرِ كُلِّهٖ مَا عَلِمْتُ مِنْهُ وَمَا لَمْ اَعْلَمْ
اے اللہ میں تجھ سے سوال کرتا ہوں تمام تر خیر اور بھلائی کا جو میں اس سے معلوم کرسکا ہوں اور جو میں نہیں معلوم کرسکا۔
اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ
اے اللہ صلوٰۃ و سلام بھیج سیدنا محمد پر اور سیدنا محمد کی آل پر
اَمَنَةِ اَصْحَابِهٖ وَمَلَاذِ مَنْ لَاذَ بِجَنَابِهٖ اَللّٰهُمَّ اِنِّيْ اَسْئَلُكَ
جو اپنے صحابہ کرام کے لیے امان ہیں اور جائے پناہ ہیں ہر اس شخص کی جو پناہ پکڑے ان کی بارگاہ میں۔ اے اللہ میں تجھ سے سوال کرتا ہوں

النَّعِيْمَ الْمُقِيْمَ الَّذِيْ لَا يَحُوْلُ وَلَا يَزُوْلُ وَاَسْئَلُكَ الْاَمْنَ يَوْمَ الْخَوْفِ
دائمی نعمتوں کا جو نہ تبدیل ہونے والی ہوں اور نہ زائل ہونے والی اور میں سوال کرتا ہوں تجھ سے امن کا خوف کے دن
وَاَسْئَلُكَ مُوْجِبَاتِ رَحْمَتِكَ وَعَزَآئِمَ مَغْفِرَتِكَ وَالْعِصْمَةَ مِنْ كُلِّ
اور سوال کرتا ہوں تجھ سے تیری رحمت کے اسباب موجبہ کا اور تیری مغفرت کے حتمی وسائل کا اور ہر
ذَنْبٍ وَالْغَنِيْمَةَ مِنْ كُلِّ بِرٍّ وَالسَّلَامَةَ مِنْ كُلِّ اِثْمٍ لَا تَدَعْ لِيْ ذَنْبًا
گناہ سے تحفظ اور بچاؤ کا اور ہر نیکی سے غنیمت و منفعت کا اور ہر گناہ سے سلامتی کا نہ چھوڑ تو میرے لیے کوئی گناہ
اِلَّا غَفَرْتَهٗ وَلَا هَمًّا اِلَّا فَرَّجْتَهٗ وَلَا كَرْبًا اِلَّا نَفَّسْتَهٗ وَلَا ضُرًّا اِلَّا
مگر یہ کہ اسے بخش دے۔ اور نہ غم و اندوہ مگر اس کو دور کردے اور نہ کرب و کلفت مگر اس کو ہٹادے۔ اور نہ کوئی ضرر اور نقصان
كَشَفْتَهٗ وَلَا حَاجَةً هِيَ لَكَ رِضًا اِلَّا قَضَيْتَهَا يَا اَرْحَمَ الرّٰحِمِيْنَ
مگر اس کو دور کردے۔ اور نہ کوئی ایسی حاجت جو تجھے پسندیدہ ہے مگر یہ کہ تو اسے پورا فرمادے۔ اے ارحم الراحمین۔
اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ
اے اللہ صلوٰۃ و سلام بھیج سیدنا محمد پر اور سیدنا محمد کی آل پر
اِلرَّحْمَةِ الْعُلْيَا لِلْاَنَامِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى
جو بلند مرتبت رحمت ہیں واسطے مخلوق کے۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام بھیج سیدنا محمد پر اور سیدنا محمد
اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ اِلْمِنَّةِ الْعُظْمٰى عَلٰى اَهْلِ الْاِسْلَامِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ
کی آل پر جو محبوب کریم عظیم احسان ہیں (اللہ تعالےٰ کا) اہل اسلام پر۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام بھیج
عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ ثِمَالِ الْيَتَامٰى وَعُرْوَةِ
سیدنا محمد پر اور سیدنا محمد کی آل پر جو آقا کہ یتیموں کے فریادرس ہیں اور مضبوط سہارا ہیں
الْاَيَامٰى اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا
بے خاوند عورتوں کے۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام بھیج سیدنا محمد پر اور سیدنا محمد کی
مُحَمَّدٍ اِلنُّوْرِ السَّابِقِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا
آل پر جو محبوب کہ سب سے پہلے پیدا کئے جانے والے نور ہیں۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام بھیج سیدنا محمد پر اور سیدنا

مُحَمَّدٍ وَّاسِطَةِ الْخَلْقِ بَيْنَهُمْ وَبَيْنَ الْخَالِقِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى

محمد کی آل پر جو رسولِ معظم کر وسیلہ ہیں مخلوق کے درمیان اور خالق جل وعلیٰ کے درمیان۔ اے اللہ صلوٰۃ وسلام بھیج

سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ قُرَّةِ عَيْنِ جِبْرَائِيْلَ اَللّٰهُمَّ

سیدنا محمد پر اور سیدنا محمد کی آل پر جو محبوب احبرئیل علیہ السلام کی آنکھوں کی ٹھنڈک ہیں۔ اے اللہ

صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ حَبِيْبِ

صلوٰۃ وسلام بھیج سیدنا محمد پر اور سیدنا محمد کی آل پر جو آقا کہ حبیب ہیں۔

اِسْرَافِيْلَ وَمِيْكَائِيْلَ اَللّٰهُمَّ اِنِّيْٓ اَسْئَلُكَ الْهُدٰى وَالتُّقٰى وَالْعَفَافَ

حضرت اسرافیل اور حضرت میکائیل کے۔ اے اللہ میں تجھ سے سوال کرتا ہوں ہدایت وتقویٰ کا۔ اور عفت

وَالْغِنٰى وَاَسْئَلُكَ الثُّبَاتَ فِي الْاَمْرِ وَاَسْئَلُكَ عَزِيْمَةَ الرُّشْدِ وَ

واستغنا رکا۔ اور سوال کرتا ہوں تجھ سے ثابت قدمی کا تمام امور میں اور سوال کرتا ہوں محکم اور پائیدار رشد وہدایت کا اور

اَسْئَلُكَ شُكْرَ نِعْمَتِكَ وَحُسْنَ عِبَادَتِكَ اَللّٰهُمَّ اِنِّيْٓ اَسْئَلُكَ

سوال کرتا ہوں تیری نعمتوں کے شکر کا اور تیری حسین عبادت رکی توفیق کا۔ اے اللہ میں تجھ سے سوال کرتا ہوں

فِعْلَ الْخَيْرَاتِ وَتَرْكَ الْمُنْكَرَاتِ وَحُبَّ الْمَسَاكِيْنِ وَاَنْ تَغْفِرَ

نیک کاموں کی انجام دہی کا اور بُرے کاموں کے ترک کا اور مساکین کی محبت کا۔ اور میرے لیے مغفرت

لِيْ وَتَرْحَمَنِيْ وَاِذَآ اَرَدْتَّ بِقَوْمٍ فِتْنَةً فَتَوَفَّنِيْ غَيْرَ مَفْتُوْنٍ ط

فرمانے اور رحم کرنے کا۔ اور جب تو ارادہ کرے کسی قوم کو فتنہ اور آزمائش میں ڈالنے کا تو مجھے وفات دے دینا در آنحالیکہ فتنے

اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ رَّسُوْلِ

بچایا ہوا ہوں۔ اے اللہ صلوٰۃ وسلام بھیج سیدنا محمد پر اور سیدنا محمد کی آل پر جو آقا کہ رسول ہیں

الْمَلِكِ الْخَلَّاقِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا

پیدا کرنے والے بادشاہ کے۔ اے اللہ صلوٰۃ وسلام بھیج سیدنا محمد پر اور سیدنا محمد

مُحَمَّدِنِ الْمَبْعُوْثِ لِتَتْمِيْمِ مَكَارِمِ الْاَخْلَاقِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى

کی آل پر جن کو مبعوث فرمایا گیا اعلیٰ اخلاق کی تکمیل وتتمیم کے لیے۔ اے اللہ صلوٰۃ وسلام بھیج

سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ رَّفِيْعِ الْجَلَالَةِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَ

سیدنا محمد پر اور سیدنا محمد کی آل پر جو آقا کہ بلند بزرگی والے ہیں۔ اے اللہ صلوٰۃ و

سَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدِنِ الْمُتَحَمِّلِ لِاَعْبَآءِ

سلام بھیج سیدنا محمد پر اور سیدنا محمد کی آل پر جو آقا کہ اُٹھانے والے ہیں رسالت کے بوجھ

الرِّسَالَةِ اَللّٰهُمَّ اِنِّيْٓ اَسْئَلُكَ خَشْيَتَكَ فِي الْغَيْبِ وَالشَّهَادَةِ وَكَلِمَةَ

اور اثقال کو۔ اے اللہ میں سوال کرتا ہوں تجھ سے تیری خشیت اور خوف کا باطن اور ظاہر میں اور کلمہ

الْاِخْلَاصِ فِي الرِّضَآءِ وَالْغَضَبِ وَاَسْئَلُكَ الْقَصْدَ فِي الْفَقْرِ وَالْغِنٰى

اخلاص کا حالت رضا اور غضب میں۔ اور سوال کرتا ہوں تجھ سے میانہ روی کا۔ فقر اور غنا میں۔

وَاَسْئَلُكَ نَعِيْمًا لَّا يَنْفَدُ وَقُرَّةَ عَيْنٍ لَّا تَنْقَطِعُ وَاَسْئَلُكَ مِنَ الْخَيْرِ

اور سوال کرتا ہوں ایسی نعمتوں کا جو ختم نہ ہوں اور آنکھوں کی ٹھنڈک کا جو منقطع نہ ہو اور سوال کرتا ہوں تجھ سے تمام تر خیر اور

كُلِّهٖ عَاجِلِهٖ وَاٰجِلِهٖ مَا عَلِمْتُ مِنْهُ وَمَا لَمْ اَعْلَمْ وَاَسْئَلُكَ الْجَنَّةَ وَمَا

بھلائی کا جو جلدی میسر ہو یا دیر سے جو میں نے معلوم کر لی ہے یا میں نے نہیں معلوم کی اور میں سوال کرتا ہوں تجھ سے جنت کا اور

قَرَّبَ اِلَيْهَا مِنْ قَوْلٍ اَوْ عَمَلٍ وَّاَسْئَلُكَ اَنْ تَجْعَلَ كُلَّ قَضَآءٍ قَضَيْتَهٗ

ایسے قول وعمل کا جو اس سے قریب کرے۔ اور میں سوال کرتا ہوں تجھ سے کہ بنا دے ہر قضا کو جو صادر فرمائی ہے تو نے

لِيْ خَيْرًا وَّاَسْئَلُكَ مَا قَضَيْتَ لِيْ مِنْ اَمْرٍ اَنْ تَجْعَلَ عَاقِبَتَهٗ رُشْدًا

میرے لیے خیر اور بہتر۔ اور سوال کرتا ہوں تجھ سے کہ جس امر کی تو نے میرے لیے قضا صادر فرمائی ہے اس کا انجام رشد و بھلائی بنا دے

اَللّٰهُمَّ اِنِّيْٓ اَسْئَلُكَ مِنْ كُلِّ خَيْرٍ خَزَآئِنُهٗ بِيَدِكَ وَاَسْئَلُكَ عِيْشَةً

اے اللہ بیشک میں سوال کرتا ہوں تجھ سے ہر خیر اور بھلائی کا جس کے خزانے تیرے دستِ قدرت میں ہیں۔ اور سوال کرتا ہوں تجھ سے

نَّقِيَّةً وَّمِيْتَةً سَوِيَّةً وَّمَرَضًا غَيْرَ مُخْزِيٍّ وَّلَا فَاضِحٍ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَ

پاکیزہ گزران کا۔ اور موزوں ومناسب حالتِ موت کا۔ اور ایسے مرض کا جو مجھے رسوا کرنے والا۔ اور بے آبرو کرنے والا نہ ہو۔ اے اللہ صلوٰۃ و

سَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدِنِ السَّآئِلِ الْمُجَابِ اَللّٰهُمَّ

سلام بھیج سیدنا محمد پر اور سیدنا محمد کی آل پر کہ جن کی التجاء اور دُعا مقبول ومستجاب ہے۔ اے اللہ

صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدِنِ الْبَرِّ التَّوَّابِ اَللّٰهُمَّ

صلواۃ و سلام بھیج سیدنا محمد پر اور سیدنا محمد کی آل پر کہ جو آقا محسن ہیں اور معذرتوں کے قبول کرنے والے ہیں اے اللہ

صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدِنِ الْعَبْدِ الْمِسْكِيْنِ

صلواۃ وسلام بھیج سیدنا محمد پر اور سیدنا محمد کی آل پر جو سید خلق کہ (تیری بارگاہ صمدیت میں) عبد مسکین ہیں

اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدِنِ الزَّاجِرِ

اے اللہ صلواۃ وسلام بھیج سیدنا محمد پر اور سیدنا محمد کی آل پر جو آقا کہ (معصیت سے) سختی کے ساتھ روکنے والے

الْمُتَطَوِّلِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى اٰلِ سَيِّدِنَا

ہیں اور نیکوکاروں پر احسان فرمانے والے۔ اے اللہ صلواۃ وسلام بھیج سیدنا محمد پر اور سیدنا محمد کی آل

مُحَمَّدِنِ الْوَاهِبِ الْمُتَفَضِّلِ اَللّٰهُمَّ اِنِّیْٓ اَسْئَلُكَ خَيْرَ مَآ اٰتِيْ وَخَيْرَ

پر جو آقا کہ عطیہ دینے اور فضل واحسان فرمانے والے ہیں۔ اے اللہ میں سوال کرتا ہوں تجھ سے ان امور کی خیر کا جن کو کرتا ہوں۔ اور ان کی خیر

مَآ اَفْعَلُ وَخَيْرَ مَآ اَعْمَلُ وَخَيْرَ مَا بَطَنَ وَخَيْرَ مَا ظَهَرَ وَالدَّرَجَاتِ

کا جن کا ارتکاب کرتا ہوں اور ان کی خیر اور بہتری کا جن پر عمل کرتا ہوں۔ اور باطنی امور کی خیر کا اور ظاہری امور کی خیر کا اور بلند ترین درجات کا

الْعُلٰى مِنَ الْجَنَّةِ اٰمِيْنَ اَللّٰهُمَّ اِنِّیْٓ اَسْئَلُكَ اَنْ تَرْفَعَ ذِكْرِیْ وَتَضَعَ

جنت میں آمین۔ اے اللہ میں تجھ سے سوال کرتا ہوں کہ تو میرے ذکر کو بلند کرے اور میرا گناہوں کا

وِزْرِیْ وَتُصْلِحَ اَمْرِیْ وَتُطَهِّرَ قَلْبِیْ وَتُحَصِّنَ فَرْجِیْ وَتُنَوِّرَ لِیْ فِیْ

بوجھ اتار دے۔ میرے امور کی اصلاح فرمائے اور میرے دل کو پاک کرے۔ میری شرمگاہ کی حفاظت فرمائے (غلط کاری سے)

قَبْرِیْ وَتَغْفِرَ لِیْ ذَنْبِیْ وَاَسْئَلُكَ الدَّرَجَاتِ الْعُلٰى مِنَ الْجَنَّةِ اٰمِيْنَ ۵

میری قبر کو منور فرمائے اور بخش دے میرے گناہ۔ اور سوال کرتا ہوں میں تجھ سے بلند درجات کا جنت میں آمین۔

اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدِنِ الَّذِیْ

اے اللہ صلواۃ و سلام بھیج سیدنا محمد پر اور سیدنا محمد کی آل پر کہ جو آقا

لَيْسَ هُوَ عَلَى الْخَلْقِ بِمُصَيْطِرٍ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ

نہیں ہیں مخلوق پر جبر اور سختی کرکے عمل درآمد کرانے والے (داروغہ) اے اللہ صلواۃ وسلام بھیج سیدنا محمد پر

وَّعَلٰٓى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدِنِ الْمُصْطَبِرِ الصَّبَّارِ اَللّٰهُمَّ اِنِّیْٓ اَعُوْذُبِكَ مِنْ

اور سیدنا محمد کی آل پر جو آقا کہ ایذا خلق پر صبر کرنے والے ہیں اور بہت زیادہ صبر وتحمل کا مظاہرہ کرنے والے ہیں۔ اے اللہ میں تیری پناہ مانگتا ہوں

نَفْسِیْ فَاِنَّهَا لَاَمَّارَةٌۢ بِالسُّوْٓءِ لِئَلَّا تَكُوْنَ النَّفْسُ مُفْرِطَةً ضَآرَّةً

اپنے نفس سے کیونکہ وہ برائی کا بہت زیادہ امر اور مشورہ دینے والا ہے تاکہ نہ ہو وہ نفس حد سے متجاوز اور ضرر رساں

لِاَنْفَاسِیْ وَاَعْضَآئِیْ وَاَنْفَاسِ اَمِيْرِیْ وَوَالِیَّ وَاَحِبَّآئِیْ وَاَهْلِیْ وَ

میرے انفاس اور اعضاء کے لیے اور میرے امیر اور والی کے انفاس کے لیے اور میرے احباب اور اہل وعیال کے لیے اور

كُلِّ مَنْ يَّتَوَجَّهُ اِلَیَّ اَللّٰهُمَّ اَنْتَ الْمَانِعُ لِكُلِّ اٰفَةٍ وَّشَرٍّ اَرْضِیٍّ وَّ

میری طرف متوجہ ہونے والے تمام لوگوں کے انفاس کے لیے۔ اے اللہ تو ہی روکنے والا ہے ہر آفت اور شر کو ارضی ہو یا

سَمَاوِیٍّ مِنْ وُّصُوْلِهٖ وَاِيْصَالِهٖ اِلَیَّ وَاِلٰٓى اَمِيْرِیْ وَاِلٰى وَالِیَّ وَ

سماوی اس کے پہنچنے سے اور پہنچائے جانے سے طرف میرے اور طرف میرے امیر و والی اور

اَبْنَآئِهٖ وَاَصْحَابِهٖ وَاَعْوَانِهٖ وَاَتْبَاعِهٖ وَكُلِّ شَیْءٍ هُوَ اٰلَةٌ مِّنْ

اس کی اولاد و رفقاء اور معاونین ومتبعین کے اور ہر اس شے کے جو آلہ ہے اس کی

اٰلَاتِ اِمَارَتِهٖ وَوِلَايَتِهٖ اَللّٰهُمَّ اَنْتَ الْحَافِظُ الْمُتَصَرِّفُ تَتَصَرَّفُ

امارت اور ولایت کے آلات واسباب سے۔ اے اللہ تو ہی حفاظت کرنے والا اور تصرف فرمانے والا ہے تصرف فرماتا ہے

فِیْ مُلْكِهٖ كَيْفَ تَشَآءُ فَصَرِّفِ الْاٰفَاتِ وَالْحَوَادِثَ الطَّارِيَةَ

اس والی کے ملک میں جیسے تو چاہتا ہے پس پھیر دے طاری ہونے والے آفات اور پیش آنے والے حوادثات کو

الْعَارِضَةَ اِلَى النُّصْرَةِ وَالْقُوَّةِ مِنِّیْ وَمِنْهُ وَمِنْ كُلِّ مَنْ يَّتَعَلَّقُ بِهٖ

مجھ سے اور اس سے اور اس کے جملہ متعلقین سے (انھیں) نصرت و قوت بناتے ہوئے (ہمارے لیے)

اِلٰى عَدُوِّهٖ وَاِلٰى مَنْ اَرَادَ سُوْٓءًا فِیْ حَقِّهٖ وَالْغَلَبَةَ عَلَيْهِ بِقُوَّةٍ فَانْصُرْهُ

طرف اس کے دشمن کے اور اس کے حق میں برائی کا ارادہ رکھنے والوں کے اور اس پر جبر وبازو غلبہ پانے کا ارادہ رکھنے والوں کے پس اس کو مدد دے

بِقُوَّةٍ وَّنُصْرَةٍ مِّنْ عِنْدِكَ وَالْمَلٰٓئِكَةِ الْاَرْضِيَّةِ الْحَفَظَةِ اٰمِيْنَ بِلِسَانِ

اپنی مخصوص قوت ونصرت کے ساتھ اور زمین پر موجود محافظ ملائکہ کے ساتھ آمین۔ ساتھ زبان

كُلِّ عَارِفٍ تَقِيٍّ يَا أَيُّهَا الْكَافِي الْمُوَسِّعُ لِمَا خَلَقَ مِنْ عَطَايَا فَضْلِهِ

ہر عارف پرہیز گار کے ۔ اے کفایت فرمانے والے اور وسیع کرنے والے اپنے پیدا کردہ عطا ہائے فضل و احسان کے

وَسِّعْ قَلْبِي لِحُلُولِ آثَارِ الْعُلْوِيَّاتِ مِنْ عَطَايَا فَضْلِكَ وَمَحْضِ

میرے دل کو وسعت بخش واسطے اترنے علویات کے آثار و انوار کے تیرے فضل کے عطیات سے اور تیرے خالص

جُودِكَ مِنْ حَيْثُ الْكُلِّيَّاتِ الْكَائِنَةِ الْمَوْصُوفَةِ بِهِ الذَّوَاتُ الْمُجَرَّدَةُ

جود و نوال سے ازروئے آثار کلیہ کے جن کے وجود میں آنے پر متصف ہوتے ہیں ساتھ ان کے ارواح و نفوس مجردہ

فِي ذَاتِهِ وَفِعْلِهِ ثُمَّ هَبْ لِي الْعَطِيَّاتِ الْمَعْنَوِيَّةَ الْعِلْمِيَّةَ اللَّوْحِيَّةَ وَ

اپنے مرتبۂ ذات میں اور مراتب فعل و تاثیر میں پھر ہبہ فرما میرے لیے معنوی علمی عطیات کا جن کا تعلق لوح محفوظ سے ہے اور

الْأَرْزَاقَ الْأَرْضِيَّةَ خِدْمَةً لِفُقَرَائِكَ وَوَسِّعْ كُلَّ شَيْءٍ لِكُلِّ أَحَدٍ

(حسی وجسمانی عطیات) کا جن کا تعلق ارضی رزق و روزی سے ہے واسطے اپنے فقراء کی خدمت کے اور وسیع فرما ہر شئی مطلوبہ کو واسطے

لِمَنْ أَرَادَ فِي حَقِّهِ هٰذَا الدَّاعِي الْمُتَوَجِّهُ إِلَيْكَ عَلَى حَسَبِ

ہر اس شخص کے جس کے حق میں ارادہ کرے یہ دعا گو اور راغب و متوجہ بندہ تیری بارگاہ کی طرف مطابق اپنی

اِسْتِعْدَادِهِ وَصَلَاحِهِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلَى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَ

استعداد اور صلاحیت کے ۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام بھیج سیدنا محمد پر (جو عقول و افہام خلق سے بالاتر ہے)

عَلَى آلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ أَوْحَى اللّٰهُ إِلَيْهِ مَا أَوْحَى اَللّٰهُمَّ صَلِّ

اور سیدنا محمد کی آل پر کہ جس محرم اسرار کی طرف وحی فرمائی اللہ تعالیٰ نے جو وحی فرمائی ۔ اے اللہ صلوٰۃ بھیج

وَسَلِّمْ عَلَى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلَى آلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ ِالْوَلِيِّ الْكَافِي

اور سلام سیدنا محمد اور سیدنا محمد کی آل پر جو ناصر و مددگار ہیں اور کفایت کرنے والے مجھے (اعداء و خلق سے)

اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلَى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلَى آلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ ِ

اے اللہ صلوٰۃ وسلام بھیج سیدنا محمد پر اور سیدنا محمد کی آل پر جو

الطَّبِيبِ الشَّافِي اَللّٰهُمَّ إِنِّي أَتَوَسَّلُ إِلَيْكَ فِي صِحَّةِ بَدَنِي وَقُوَّةِ

طبیب شافی ہیں ۔ اے اللہ میں تیری طرف توسل کرتا ہوں اپنے بدن کی صحت اور جسم کی قوت میں (تیرے محبوب کیساتھ)

جِسْمِي فَشَرِّفْنِي بِأَنْ يَكُونَ هُوَ وَسِيلَةً لِّي وَاقْبَلْ مُلْتَمَسِي

پس مشرف فرما مجھے ساتھ اس شرف کے کہ ہوں وہ میرے وسیلہ اور قبول کر میرے سوال کو بطفیل ان کی عزت و

بِحُرْمَتِهِ وَبِحُرْمَةِ مَنْ لَهُ الْعِزَّةُ وَالْقَبُولُ وَاشْفِنِي بِحُرْمَتِهِ وَآلِهِ

حرمت کے اور بطفیل حرمت ہر اس شخصیت کے جنہیں عزت و قبولیت حاصل ہے (تیری بارگاہ میں) اور شفا دے مجھے بطفیل آپ کی حرمت اور آل

وَأَصْحَابِهِ وَأَزْوَاجِهِ وَأَتْبَاعِهِ وَأَوْلَادِهِ شِفَاءً كَامِلًا عَاجِلًا وَّقَوِّنِي

واصحاب ازواج مطہرہ اور متبعین اور اولاد کی حرمت کے ایسی شفا جو کامل ہو اور فوری ہو اور مجھے قوی و توانا بنا اور

وَصَحِّحْ جِسْمِي وَقَلْبِي وَوَفِّقْنِي لِمَا يُوصِلُنِي إِلَى رِضَائِكَ وَرِضَاءِ

صحت مند بنا میرے جسم اور میرے قلب کو اور مجھے توفیق دے ایسے اعمال کی جو واصل کریں مجھے تیری رضا اور

حَبِيبِكَ وَلِاتِّبَاعِ طَرِيقَتِهِ الْأَنِيقَةِ وَلِمَا تُحِبُّهُ وَيُحِبُّهُ وَلِمُتَابَعَتِهِ

تیرے حبیب کی رضا تک اور ان کے عمدہ طریقہ کی اتباع تک اور جو تجھے پسند ہو اور انھیں پسند ہو اس تک ۔ اور ان کی

فِي الظَّاهِرِ وَالْبَاطِنِ وَثَبِّتْنِي عَلَى طَرِيقَةِ الْمَحَبَّةِ الْحَقِيقِيَّةِ

ظاہری و باطنی متابعت تک ۔ اور ثابت قدم رکھ مجھے اپنی محبت حقیقیہ

الْمَرْضِيَّةِ وَالتَّوَكُّلِ وَالْقَنَاعَةِ وَغِنَاءِ الْقَلْبِ عَنِ الدُّنْيَا وَأَهْلِهَا

اور پسندیدہ و مقبولہ کے طریقہ پر اور توکل و قناعت پر ۔ اور دل کے دنیا اور اہل دنیا سے مستغنی ہونے پر

اَللّٰهُمَّ بِحُرْمَتِهِ وَبِعِزَّتِهِ وَبِقَبُولِهِ وَبِشَرَفِهِ وَبِنُبُوَّتِهِ وَبِوَلَايَتِهِ

اے اللہ بطفیل اس محبوب کی حرمت و عزت اور قبولیت و شرافت کے اور بطفیل ان کی نبوت و ولایت کے

اِشْفِنِي وَتُؤْمِنُنِي مِنْ كُلِّ مَرَضٍ وَّمِنْ كُلِّ مَكْرُوهٍ بَدَنِيٍّ أَوْ دِينِيٍّ

مجھے شفاء عطا فرما ۔ اور مجھے امان میں رکھے ہر مرض سے اور ہر ناپسندیدہ امر سے بدنی ہو یا دینی ہو

وَثَبِّتْنِي عَلَى السُّنَّةِ السَّنِيَّةِ وَعَلَى الطَّرِيقَةِ الشَّرْعِيَّةِ الْغَرَّاءِ

اور مجھے ثابت قدم رکھ عالیشان سنت پر اور اس طریقہ شرعیہ پر جو روشن و نورانی اور

الْمُحَمَّدِيَّةِ الْأَكْمَلِيَّةِ الْأَجْمَعِيَّةِ الْأَحَدِيَّةِ وَعَلَى الطَّرِيقَةِ الْمَرْضِيَّةِ

محمدی طریقہ ہے جو انتہائی کامل، جامع اور یکتا و منفرد ہے اور اس طریقہ پسندیدہ مقبولہ پر

الْمُوْصِلَةِ اِلَى الْمَقَامِ الْاَحَدِيِّ وَالتَّوْحِيْدِيِّ وَاَوْصِلْنِيْ اِلٰى ذِرْوَتِهَا
جو پہنچانے والا ہے مقام احدیت و توحید تک اور مجھے واصل فرما اس طریقہ کی چوٹی اور آخری حد تک
وَاَقِمْنِيْ فِيْ مَقَامِ التَّوَكُّلِ وَالرِّضَآءِ وَالْغِنَآءِ عَنِ الدُّنْيَا وَاَهْلِهَا وَالْحُبِّ
اور قائم فرما مجھے مقام توکل و رضا میں اور دنیا و اہل دنیا سے استغناء کے مقام میں اور
الْحَقِيْقِيِّ الْمَرْضِيِّ وَاشْفِنِيْ شِفَآءً نَّافِعًا فِي الْبَدَنِ وَالْقَلْبِ فِي
حقیقی پسندیدہ محبت کے مقام میں۔ اور شفا عطا فرما مجھے جو نافع ہو بدن اور قلب کے لیے
الدِّيْنِ وَالدُّنْيَا وَاهْدِنِيْ فِي الصِّرَاطِ الْمُسْتَقِيْمِ صِرَاطِ التَّوْحِيْدِ الْاَكْمَلِيِّ
دین میں بھی اور دنیا میں بھی۔ اور چلا مجھے صراط مستقیم پر جو راہ راست ہے محمد کریم کی بیان کی ہوئی توحید اکمل
الْمُحَمَّدِيِّ الْاَجْمَعِيِّ الْاَحَدِيِّ وَصِرَاطَ الَّذِيْنَ اَنْعَمْتَ عَلَيْهِمْ لِمَعْرِفَةِ
اور جامع ترین توحید و احدیت کا۔ اور ان لوگوں کی راہ پر جن پر تو نے انعام فرمایا ہے اپنی ذات
ذَاتِكَ وَصِفَاتِكَ وَاتِّبَاعِ حَبِيْبِكَ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَللّٰهُمَّ
اور صفات کی معرفت اور پہچان کا اور اپنے حبیب مکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی اتباع کا۔ اے اللہ
رَبَّنَا وَرَبَّ كُلِّ شَيْءٍ اَنَا شَهِيْدٌ اَنَّ مُحَمَّدًا صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ
رب ہمارے اور رب ہر شئے کے میں گواہ ہوں اس امر کا کہ محمد صلی اللہ علیہ وسلم
عَبْدُكَ وَرَسُوْلُكَ وَنَبِيُّكَ وَحَبِيْبُكَ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا
تیرے عبد خاص اور تیرے رسول ہیں اور تیرے نبی و تیرے حبیب ہیں۔ اے اللہ صلوٰۃ وسلام بھیج سیدنا
مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ نِ الْمُسْتَنْصِرِ الْمُرْتَقِبِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ
محمد پر اور سیدنا محمد کی آل پر جو محبوب کہ مدد طلب کرنے والے ہیں صرف اللہ سے اور انتظار کرنے والے ہیں صرف تیرے احکام کی اے اللہ
وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ نِ الْمُنْتَدِبِ الْمُحْتَسِبِ
صلوٰۃ وسلام بھیج سیدنا محمد پر اور سیدنا محمد کی آل پر جو محبوب کہ فریادیوں کی فریاد پر لبیک کہنے والے ہیں اور اللہ کے ہاں اجر و ثواب کی امید رکھنے
تمام بلیات و مصائب سے جو زمین سے برآمد ہونے والے ہوں یا نازل ہونے والے ہوں

السَّمَآءِ اِنَّكَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ اَللّٰهُمَّ تَقَبَّلْ مِنَّا فَاعْفُ عَنَّا

آسمان سے۔ بے شک تو ہر چیز پر قادر ہے۔ اے اللہ قبول فرما مجھ سے۔ پس درگزر فرما ہم سے

وَاسْتَجِبْ لَنَا اَللّٰهُمَّ اغْفِرْ لَنَا وَلِوَالِدِيْنَا وَلِمَنْ اَحَبَّنَا فِيْكَ

اور قبول فرما ہمارے لیے۔ اے اللہ مغفرت فرما ہمارے لیے اور ہمارے والدین کے لیے اور واسطے محبت رکھنے والوں کے ہم سے تیری خاطر

وَلِمَنْ اَحْبَبْنَاهُ مِنْ اَجْلِكَ وَلِاُمَّةِ مُحَمَّدٍ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ
اور جن سے ہم محبت رکھتے ہیں تیری وجہ سے اور واسطے تمام اُمّت مصطفےٰ صلی اللہ علیہ وسلم کے۔
اَللّٰهُمَّ اغْفِرْ لَهُمْ وَارْحَمْهُمْ وَكُنْ لَهُمْ وَلَنَا وَلِسَائِرِ الْمُسْلِمِيْنَ
اے اللہ مغفرت و رحمت فرما ان کے لیے اور ہو جا تو خود ان کا ہمارا اور تمام اہلِ اسلام کا۔
اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدِنِ الَّذِىْ
اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل فرما سیّدنا محمد پر اور آپ کی آل پر کہ
حَمِدَ اللّٰهُ اَفْعَالَهٗ وَاَقْوَالَهٗ وَنَوَالَهٗ وَاَفْضَالَهٗ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ
ستائش فرمائی اللہ تعالےٰ نے جس محبوب کے افعال و اقوال کی اور جود و نوال کی۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل فرما
عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدِنِ الَّذِىْ اَيَّدَهُ اللّٰهُ
سیّدنا محمد پر اور آپ کی آل پر کہ جس آقا کی امداد فرمائی اللہ تعالیٰ نے
بِجُنُوْدِهٖ وَنَوَّرَ الْوُجُوْدَ بِوُجُوْدِهٖ وَخَلَقَ اللّٰهُ الْخَلْقَ مِنْ اَجْلِهٖ
ساتھ اپنے لشکروں کے اور منوّر فرمایا وجود و ہستی کو ان کے وجود مسعود سے اور موجود فرمایا اللہ تعالیٰ نے مخلوقات کو ان کے طفیل
وَاَسْبَغَ عَلَيْهِ نِعَمَهٗ بِفَضْلِهٖ وَطَوْلِهٖ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى
اور ان پر انڈیل دیے اپنے انعامات اپنے فضل اور قدرت سے۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل فرما
سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدِنِ الَّذِىْ مَنْ لَّاذَ بِهٖ مِنَ
سیّدنا محمد پر اور آپ کی آل پر کہ جس محبوب کے ساتھ اگر پناہ لی
الْعُصَاةِ نَالَ الْفَوْزَ وَالنَّجَاةَ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ
عاصیوں نے بھی تو پا لیا فلاح اور نجات کو۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل فرما سیّدنا محمد پر
وَّعَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدِنِ الَّذِىْ مَنْ اَمَّ جَنَابَهٗ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ نَالَ
اور آپ کی آل پر کہ جو بھی قصد کرے گا اس آقا کی بارگاہ کا قیامت کے دن پا لے گا
الْاَمْنَ وَالسَّلَامَةَ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ
امن اور سلامتی کو۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل فرما سیّدنا محمد پر اور آپ کی

سَيِّدِنَا مُحَمَّدِنِ الَّذِىْ مَنْ حَطَّ بِسَاحَتِهٖ رِحَالَهٗ بَلَّغَهُ اللّٰهُ يَوْمَ
آل پر کہ جس نے بھی اس کریم کے در پر ڈیرے لگا لیے پہنچا دے گا اس کو اللہ تعالیٰ قیامت
الْقِيَامَةِ قَصْدَهٗ وَاٰمَالَهٗ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ
کے دن اپنے مقاصد اور آرزوؤں تک۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل فرما سیّدنا محمد پر
وَّعَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدِنِ الَّذِىْ كَمَّلَ اللّٰهُ بِهِ الدِّيْنَ وَنَفَّذَتْ
اور آپ کی آل پر کہ جس محبوب کی بدولت کامل فرمایا اللہ تعالیٰ نے دین کو اور جاری فرمایا
شَفَاعَتُهٗ فِى الْمُذْنِبِيْنَ الْمُلَوَّثِيْنَ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى
ان کی شفاعت کو گنہگاروں آلودہ دامنوں میں۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل فرما
سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدِنِ الَّذِىْ تَكَفَّلَ لِاَهْلِ طَاعَتِهٖ
سیّدنا محمد پر اور آپ کی آل پر کہ جو محبوب ضامن ہو چکے ہیں اپنے طاعت گزاروں کے لیے
بِعَمِيْمِ شَفَاعَتِهٖ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ
شفاعت عامہ کے۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل فرما سیّدنا محمد پر اور آپ کی
سَيِّدِنَا مُحَمَّدِنِ الَّذِىْ قُبِلَ مِنْهُ الدُّعَآءُ وَطَابَ مِنْهُ الْمَكَانُ وَ
آل پر کہ جس محبوب سے قبول کی گئی ان کی دُعا اور پاکیزہ ہو گئی بسبب ان کے ان کی رہائش گاہ اور
الْمَعَآءُ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا
ان کا باطن۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل فرما سیّدنا محمد پر اور آپ کی
مُحَمَّدِنِ الَّذِىْ طَوَّقَ اللّٰهُ بِهِ الْاَنَامَ مِنَنَهُ الْوَافِرَةَ الْعِظَامَ اَللّٰهُمَّ
آل پر کہ جس محبوب کے طفیل اللہ تعالیٰ نے طوق ڈالے مخلوق کی گردنوں میں اپنے وافر و عظیم احسانات کے۔
صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدِنِ الَّذِىْ
اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل فرما سیّدنا محمد پر اور آپ کی آل پر کہ جس کو
قَلَّدَ اللّٰهُ جَمِيْعَ اُمَّتِهٖ جَمِيْلَ مَحَبَّتِهٖ وَرَاْفَتِهٖ وَحَبَّبَ اللّٰهُ
پابند فرمایا اللہ تعالیٰ نے آپ کی ساری اُمّت کو آپ کی محبت جمیلہ کا اور اخلاص و ہمدردی کا۔ اور محبوب بنا لیا اللہ

اُمَّتَهٗ فِيْهِ وَنَالَهُمْ مِنْ خَيْرِ مَا لَدَيْهِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى

نے آپ کی اُمّت کو آپ کی وجہ سے اور انھیں پہنچائی رہ خیر و بھلائی جو اس کے پاس ہے۔ اے اللہ صلوٰۃ وسلام نازل فرما

سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ ِالَّذِىْ فَاقَ عَلَى النَّبِيِّيْنَ

سیدنا محمد پر اور آپ کی آل پر جو آقا کہ فوقیت و برتری لے گئے انبیاء و

وَالْمُرْسَلِيْنَ بِالشَّرَفِ وَالسِّيَادَةِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا

و مرسلین پر ساتھ شرف اور سیادت کے۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل فرما سیدنا

مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ ِالَّذِىْ اَنْزَلَ اللّٰهُ تَعَالٰى فِىْ حَقِّ

محمد پر اور آپ کی آل پر کہ جس محبوب کی اُمّت کے لیے اللہ تعالیٰ نے یہ بشارت

اُمَّتِهٖ لِلَّذِيْنَ اَحْسَنُوا الْحُسْنٰى وَزِيَادَةٌ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى

نازل فرمائی "جنھوں نے نیک کام کیے ان کے لیے اچھی جزا رجنت ہے اور مزید برآں (دیدار ذات)۔ اے اللہ صلوٰۃ وسلام نازل فرما

سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ اِمَامِ الْاَئِمَّةِ الْاَعْلَامِ وَ

سیدنا محمد پر اور آپ کی آل پر کہ جو آقا امام ہیں آئمہ اعلام کے اور

الْاَنْبِيَاءِ عَلَيْهِمُ السَّلَامُ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّ

انبیاء کرام علیہم السلام کے۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل فرما سیدنا محمد پر اور

عَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ اِمَامِ اَئِمَّةِ الْاَبْرَارِ وَالْاَخْيَارِ وَالْفِرْقَةِ

آپ کی آل پر کہ جو آقا آئمہ ابرار و اخیار کے امام ہیں اور بلند مرتبے والے

النَّاجِيَةِ ذِى الرُّتْبَةِ الْعَالِيَةِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ

نجات و فلاح پانے والے فرقہ (اہل سنت) کے مقتدا و پیشوا ہیں۔ اے اللہ صلوٰۃ وسلام نازل فرما سیدنا محمد پر

وَّعَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ اِمَامِ رُسُلِ اللّٰهِ وَجُنُوْدِ اللّٰهِ وَدِيْنِ اللّٰهِ

اور سیدنا محمد کی آل پر جو آقا رسل خداوندی اور اس کے لشکروں کے امام ہیں اور دین خداوندی

وَحِزْبِ اللّٰهِ وَشَرْعِ اللّٰهِ وَحَضْرَتِ اللّٰهِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى

اور اس کی جماعت اور شریعت اور اس کی بارگاہ کے امام ہیں۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل فرما

سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ اِمَامِ اَهْلِ الْكَمَالِ وَاَهْلِ

سیدنا محمد پر اور آپ کی آل پر جو آقا کہ امام ہیں اہل کمال اور ارباب

الْعَطَايَا وَالنَّوَالِ وَالْعَدْلِ وَحَضْرَةِ الْوِصَالِ وَاَهْلِ الْفَضَائِلِ

عطاء و نوال کے اور اصحاب عدل اور بارگاہ وصال اور اہل فضائل کے

اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ اِمَامِ

اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل فرما سیدنا محمد پر اور آپ کی آل پر کہ جو آقا امام

حَضْرَةِ الْمُشَاهَدَاتِ وَالْجَمَاعَةِ وَاَهْلِ الطَّاعَةِ وَالسِّيَادَةِ

و مقتداء ہیں مشاہدات کے مقام میں اور جماعت (مشاہدین) کے اور مقتداؤں اور سرداروں کے

وَالسَّعَادَةِ وَالشَّهَادَةِ وَاِمَامِ الْحَضْرَةِ الْقُدْسِيَّةِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ

اور اہل سعادت اور حقداران شہادت کے اور امام ہیں (اللہ تعالیٰ کی) بارگاہ مقدسہ کے۔ اے اللہ صلوٰۃ

وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ اِمَامِ الْاَتْقِيَاءِ

و سلام بھیج سیدنا محمد پر اور آپ کی آل پر کہ جو امام ہیں متقیوں کے

وَاَهْلِ التَّحْدِيْثِ وَاَهْلِ الْبَلَاغِ وَاَهْلِ الْعِرْفَانِ فِىْ حَضْرَةِ

اور الہام کئے جانے والوں کے۔ اور احکام خداوندی پہنچانے والوں کے اور اہل عرفان کے انسان کامل کی

الْاِنْسَانِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا

بارگاہ میں۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل فرما سیدنا محمد پر اور آپ کی آل پر

مُحَمَّدٍ اِمَامِ اَهْلِ الْهُدٰى وَالرُّسُلِ وَخَطِيْبِهِمْ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ

جو آقا کہ امام ہیں اہل ہدیٰ اور رسل کرام کے اور (ان کی طرف سے اللہ تعالیٰ کے ساتھ) کلام و خطاب کرنے والے ہیں۔ اے اللہ صلوٰۃ و

عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ اِمَامِ جَامِعِ الْاُنْسِ

بھیج سیدنا محمد پر اور آپ کی آل پر جو آقا کہ امام ہیں انس

وَالنَّاسِ وَالْاِخْتِصَاصِ وَالْمَلٰٓئِكَةِ الْاَبْرَارِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ

اور انسانوں کی اور اختصاص و ملائکہ ابرار کی جامع (مسجد) کے۔ اے اللہ صلوٰۃ وسلام بھیج

عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ اِمَامِ حَضْرَةِ الْمُشَاهِدِيْنَ

سیدنا محمد پر اور آپ کی آل پر کہ جو آقا امام ہیں اہل شہود کے مقام مشاہدہ کے

وَالصَّادِقِيْنَ وَالْمُصَدِّقِيْنَ وَالصِّدِّيْقِيْنَ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ

اور اہل صدق و تصدیق کے۔ اور صدیقین کے۔ اے اللہ صلواۃ و سلام بھیج

عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ اِمَامِ الْمِلَّةِ الْاِسْلَامِيَّةِ

سیدنا محمد پر اور سیدنا محمد کی آل پر کہ جو محبوب ملت اسلامیہ اور

وَالْاَئِمَّةِ الْاِسْلَامِيَّةِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى

آئمہ اسلام کے امام ومقتداء ہیں۔ اے اللہ صلواۃ وسلام بھیج سیدنا محمد پر اور

اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ اِمَامِ الدُّنْيَا وَالْاُخْرٰى وَاِمَامِ الْفُضَلَا وَاَهْلِ

آپ کی آل پر جو آقا امام ہیں دُنیا و آخرت ہیں۔ اور امام ہیں فضلاء اور

الْمَجْدِ وَالْعُلٰى وَالصَّفَا وَالْحِلْمِ وَالْوَفَا اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى

بزرگی و برتری والوں کے اور اہل صفا اور ارباب حلم ووفا کے۔ اے اللہ صلواۃ و سلام بھیج

سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ اِمَامِ مِحْرَابِ حَضْرَةِ الْحَقِّ

سیدنا محمد پر اور آپ کی آل پر کہ جو محبوب امام ہیں بارگاہ حق کی عبادت گاہ کے

وَاِمَامِ الْخَيْرِ وَاَئِمَّةِ الْاَنَامِ وَالْكَرَمِ وَالْجُوْدِ وَالشِّيَمِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ

اور خیر و بھلائی کے اور مخلوقات کے آئمہ کے امام ہیں اور ارباب جود وکرم کے اور اعلیٰ خصلتوں والے حضرات کے۔ اے اللہ

وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ اِمَامِ الْحَضَرَاتِ

صلواۃ وسلام بھیج سیدنا محمد پر اور سیدنا محمد کی آل پر جو آقا کہ امام ہیں کامل

الْكَامِلَةِ وَاَهْلِ الْعِنَايَةِ وَالدِّرَايَةِ وَالتَّوْحِيْدِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ

بارگاہوں کے۔ اور اہل عنایت۔ اور ارباب درایت وکیاست اور اہل توحید کے۔ اے اللہ صلواۃ وسلام بھیج

عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ اِمَامِ الْمُرْسَلِيْنَ وَ

سیدنا محمد پر اور آپ کی آل پر جو محبوب کہ مرسلین کے امام ہیں اور

اَهْلِ الْجَنَّةِ عِبَادِ اللّٰهِ الْمُؤْمِنِيْنَ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا

اللہ تعالیٰ کے مومن جنتی بندوں کے۔ اے اللہ صلواۃ و سلام بھیج سیدنا

مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ اِمَامِ الْمُخْلِصِيْنَ وَالْمُوْقِنِيْنَ وَ

محمد پر اور آپ کی آل پر جو محبوب امام ہیں اہل اخلاص و ایقان کے اور

الصَّابِرِيْنَ وَالْمُؤَيِّدِيْنَ وَالْمُسْلِمِيْنَ وَالْمُؤْمِنِيْنَ وَالْقَائِمِيْنَ

ارباب صبر کے۔ اور اسلام کی تائید واستحکام (کی سعی) کرنے والوں کے۔ اور اہل اسلام وایمان کے اور (حق وصدق کیساتھ

اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ اِمَامِ

قائم رہنے والوں کے اے اللہ صلواۃ وسلام بھیج سیدنا محمد پر اور آپ کی آل پر کہ جو محبوب امام و مقتداء ہیں

اَهْلِ الْاِسْلَامِ وَدَارِ السَّلَامِ اِمَامِ الْخَوَاصِّ وَاَهْلِ الْاِخْلَاصِ اَللّٰهُمَّ

اہل اسلام اور دارالسلام کے اور خواصان خداوند تعالیٰ اور اہل اخلاص کے۔ اے اللہ

صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ اِمَامِ الْاَئِمَّةِ

صلواۃ و سلام بھیج سیدنا محمد پر اور آپ کی آل پر کہ جو محبوب آئمہ

الْمُكَرَّمِيْنَ وَالْقَانِتِيْنَ وَالْمُسْتَغْفِرِيْنَ وَالْمُوَفَّقِيْنَ اَللّٰهُمَّ صَلِّ

مکرمین کے امام ہیں اور عبادت گزاروں کے اور اہل استغفار کے اور اہل توفیق کے۔ اے اللہ صلواۃ

وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ اِمَامِ الْمُجَاهِدِيْنَ

و سلام بھیج سیدنا محمد پر اور آپ کی آل پر جو محبوب کہ امام ہیں مجاہدین

وَالْمُهَاجِرِيْنَ وَالزَّاهِدِيْنَ وَالْمُهْتَدِيْنَ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى

مہاجرین اور زاہدین کے اور ہدایت یافتہ حضرات کے۔ اے اللہ صلواۃ وسلام بھیج

سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ اِمَامِ الْاُمَمِ وَالْعَرَبِ وَ

سیدنا محمد پر اور آپ کی آل پر جو آقا امام ہیں تمام اُمتوں کے اور عرب و

الْعَجَمِ وَاِمَامِ اَهْلِ الْاِيْمَانِ وَالْفَضْلِ وَالْعِرْفَانِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ

عجم کے اور اہل ایمان اور ارباب فضل و عرفان کے۔ اے اللہ صلواۃ

وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ اِمَامِ الْمُبِيْنِ

و سلام بھیج سیدنا محمد پر اور آپ کی آل پر جو محبوب کہ (دین) مبین کے امام ہیں

وَاِمَامِ الثَّقَلَيْنِ وَاَئِمَّةِ الثَّقَلَيْنِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا

اور جنوں انسانوں کے مقتداء اور ان کے مقتداؤں کے مقتداء ہیں۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام بھیج سیدنا

مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ اِمَامِ اَوْلِيَآئِكَ وَحَضْرَتِكَ اَللّٰهُمَّ

محمد پر اور آپ کی آل پر جو محبوب کہ تیرے دوستوں کے امام ہیں اور تیری بارگاہ میں باریاب مقتدروں کے امام ہیں۔ اے

صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ اِمَامِ الْمُقَرَّبِيْنَ

اللہ صلوٰۃ و سلام بھیج سیدنا محمد پر اور آپ کی آل پر جو محبوب کہ امام ہیں مقربان بارگاہ خداوند تعالیٰ کے

وَالطَّيِّبِيْنَ وَالطَّاهِرِيْنَ وَالْفَآئِزِيْنَ وَالتَّوَّابِيْنَ وَالنَّاصِحِيْنَ وَ

اور طیبین و طاہرین کے۔ اور اہل فلاح کے۔ اور اہل فلاح کے۔ توبہ کرنے والوں اور اہل اخلاص کے۔

الْمُفْلِحِيْنَ وَالرَّاكِعِيْنَ وَالسَّاجِدِيْنَ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى

کامیاب۔ اور رکوع و سجود کرنے والے لوگوں کے۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام بھیج

سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ اِمَامِ الذَّاكِرِيْنَ وَالتَّابِعِيْنَ

سیدنا محمد پر اور آپ کی آل پر جو آقا امام ہیں اہل ذکر اور متابعت کرنے والوں کے

وَالْخَاشِعِيْنَ وَالْخَاضِعِيْنَ وَالْخَآئِفِيْنَ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى

اور ارباب خشوع و خضوع کے۔ اور اللہ کا خوف کھانے والوں کے۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام بھیج

سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ اِمَامِ الْمُتَّقِيْنَ وَالْمُتَقَدِّمِيْنَ

سیدنا محمد پر اور سیدنا محمد کی آل پر جو محبوب اہل تقویٰ۔ اہل سبقت

وَالْمُحْسِنِيْنَ وَالرَّاغِبِيْنَ وَاِمَامِ اَهْلِ التَّحْقِيْقِ وَالتَّوْفِيْقِ اَللّٰهُمَّ

اور ارباب احسان کے امام ہیں اور رغبت الی اللہ رکھنے والوں کے اور اہل تحقیق و توفیق کے امام ہیں۔ اے اللہ

صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ اِمَامِ

صلوٰۃ و سلام بھیج سیدنا محمد پر اور سیدنا محمد کی آل پر جو آقا امام ہیں

الْحَرَمَيْنِ وَالْقِبْلَتَيْنِ وَاِمَامِ مَنِ اتَّقٰى وَاَصْلَحَ وَمَنْ نَّجَا وَ

حرم مکہ اور حرم مدینہ کے اور بیت المقدس اور بیت اللہ شریف کے اور امام ہیں اہل تقویٰ اور مصلحین کے اور اہل نجات و

اَفْلَحَ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ

فلاح کے۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام بھیج سیدنا محمد پر اور آپ کی آل پر جو

اِمَامِ الْوَاصِلِيْنَ وَالْمُتَعَبِّدِيْنَ وَالصَّالِحِيْنَ وَالْعَالِمِيْنَ وَ

محبوب امام ہیں واصلین بارگاہ خداوند تعالیٰ کے اور عبادت میں سعی و کوشش کرنے والوں کے اور صلحاء اور اہل علم

الْعَامِلِيْنَ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا

و عمل کے۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام بھیج سیدنا محمد پر اور آپ کی

مُحَمَّدٍ اِمَامِ الشَّافِعِيْنَ وَالْقَانِعِيْنَ وَالرَّاهِبِيْنَ وَالْمُوَحِّدِيْنَ

آل پر جو محبوب کہ امام ہیں اہل شفاعت اور اہل قناعت کے اور اہل خوف اور ارباب توحید کے

اَللّٰهُمَّ اِنَّكَ حَيٌّ لَّا تَمُوْتُ وَدَآئِمٌ لَّا تَفُوْتُ وَخَالِقٌ لَّا تُخْلَقُ

اے اللہ بے شک تو زندہ ہے ہرگز نہیں مرے گا اور دائم ہے کبھی فوت نہیں ہوگا اور خود دوسروں کو پیدا کرنے والا ہے (لہٰذا) پیدا کئے جانے

وَسَمِيْعٌ لَّا تَشُكُّ وَبَصِيْرٌ لَّا تَرْتَابُ وَرَبٌّ لَّا تُعَابُ وَشَاهِدٌ لَّا

سے بالاتر ہے اور سمیع ہے شک سے بالاتر ہے۔ اور بصیر ہے۔ ریب و تردد سے پاک ہے اور پالنے اور پروان چڑھانے والا ہے عیب سے مبرا ہے۔ حاضر ہے

تَغِيْبُ وَاَبَدِيٌّ لَّا تُفْقَدُ وَلَا تَنْفَدُ وَصَادِقٌ لَّا تُكَذَّبُ وَقَاهِرٌ

غائب ہونے سے پاک ہے۔ اور ابدی ہے معدوم اور فنا ہونے سے پاک ہے۔ سچا ہے جھوٹ سے پاک ہے۔ غالب و قاہر ہے

لَّا تُغْلَبُ وَقَرِيْبٌ لَّا تُبْعَدُ وَقَادِرٌ لَّا تُضَامُ وَغَافِرٌ لَّا تُظْلَمُ

مغلوب ہونے سے پاک ہے۔ قریب ہے بعید ہونے سے بالاتر ہے صاحب قدرت ہے ضرر دئے جانے سے پاک ہے اور بخشنے والا ہے

وَصَمَدٌ لَّا تُطْعَمُ وَقَيُّوْمٌ لَّا تَنَامُ وَمُجِيْبٌ لَّا تَسْاَمُ وَجَبَّارٌ لَّا

ظلم کئے جانے سے بالاتر ہے۔ اور بے نیاز ہے احتیاج طعام سے منزہ ہے اور ارض و سما کو قائم رکھنے والا ہے نیند سے پاک ہے دعا قبول کرنیوالا ہے ملال سے

تُكَلَّمُ وَعَلِيْمٌ لَّا تُرَامُ وَعَالِمٌ لَّا تُعَلَّمُ وَقَوِيٌّ لَّا تُضْعَفُ وَعَظِيْمٌ

منزہ ہے اور جبار ہے کہ اس سے کلام کی جرأت نہیں کی جاسکتی اور ظاہر و باطن کا جاننے والا ہے اسکو دھوکا دینے کا ارادہ نہیں کیا جاسکتا۔ اور علم اس کا مقتضائے ذات ہے

لَا تُوصَفُ وَوَفِيٌّ لَا تُخْلِفُ وَعَدْلٌ لَا تَحِيفُ وَغَنِيٌّ لَا

اسے تعلیم نہیں دی جاسکتی۔ ایسا قوت والا ہے کہ ضعف پذیر نہیں ہوسکتا اور اتنا عظیم کہ مخلوق کی توصیف سے بالاتر۔ ایسا وفا والا کہ خلاف وعدہ نہیں کرتا اور سراسر عدل

تَفْتَقِرُ وَمَعْرُوفٌ لَا تُنْكَرُ وَكَبِيرٌ لَا تَغْدِرُ وَحَكَمٌ لَا تَجُورُ وَ

جور سے پاک۔ ایسا غنی کہ فقر واحتیاج سے پاک۔ ایسا جانا پہچانا کہ اس کا انکار نہیں ہوسکتا اور بڑائی والا جو عہد شکنی نہیں کرتا اور ایسا حاکم کہ ظلم نہیں کرتا اور

مَنِيعٌ لَا تُقْهَرُ وَوَكِيلٌ لَا تُخْفِرُ وَغَالِبٌ لَا تُغْلَبُ وَوِتْرٌ لَا

بلند مرتبت کہ مقہور نہیں ہوسکتا۔ اور کارساز کہ ذمہ داری میں کوتاہی نہیں کرتا۔ اور ایسا غالب جو مغلوب نہیں ہوسکتا اور یکتا کہ کسی کا تابع امر نہیں اور

تُسْتَأْمَرُ وَفَرْدٌ لَا تَسْتَشِيرُ وَوَهَّابٌ لَا تَمَلُّ وَسَرِيعٌ لَا تَذْهَلُ

یگانہ کہ کسی کے مشورے کا پابند نہیں۔ بخشش وعطا والا کہ دینے سے ملول نہ ہو۔ اور جلدی (حساب لینے) والا کہ سہو و ذہول سے اور

وَلَا تَضِلُّ وَحَلِيمٌ لَا تَعْجَلُ وَجَوَادٌ لَا تَبْخَلُ وَعَزِيزٌ لَا تَذِلُّ

بھولنے سے پاک ہے۔ بردبار کہ عقوبت میں جلدی نہیں کرتا۔ ایسا صاحب جود وعطا کہ بخل سے پاک اور ایسا عزت والا کہ ذلت سے منزہ

وَقَائِمٌ لَا تَنَامُ وَحَافِظٌ لَا تَغْفُلُ وَمُحْتَجِبٌ لَا تُرَى وَدَائِمٌ

قائم ودائم کہ سونے سے پاک۔ اور محافظ کہ غفلت سے پاک اور ایسا پوشیدہ (بوجہ کمال ظہور) کہ دیکھا نہیں جاسکتا اور دائم

لَا تَزُولُ وَبَاقٍ لَا تَبْلٰى وَوَاحِدٌ لَا تُشَبَّهُ وَمُقْتَدِرٌ لَا تُنَازَعُ

جو زوال سے پاک ہے۔ اور ہمیشہ رہنے والا ہے بوسیدہ اور ضعیف نہیں ہوسکتا۔ یگانہ کہ کسی سے تشبیہ نہیں دیا جاسکتا۔ اور صاحب اقتدار جس سے نزاع نہیں کیا

وَمَلِكٌ لَا تَزُولُ يَا كَرِيمُ الْجَوَادُ الْمُكْرِمُ يَا قَرِيبُ الْمُجِيبُ

جاسکتا اور شہنشاہ کہ زوال پذیر نہیں (تیری سلطنت)۔ اے کریم صاحب جود واکرام۔ اے قریب قبول کرنے والے بلند

الْمُتَعَالِي يَا جَلِيلُ الْمُتَجَلِّلُ يَا سَلَامُ الْمُؤْمِنُ الْمُهَيْمِنُ

شان اے صاحب جلالت جلال کامل اور جمال کامل کا اظہار کرنے والے۔ اے سلامتی دینے والے۔ امان دینے والے نگہبان

يَا عَزِيزُ الْجَبَّارُ الْمُتَكَبِّرُ الْمُتَجَبِّرُ يَا طَاهِرُ الطُّهُورُ الْمُطْهِرُ يَا طَاهِرُ

اے عزیز جبار کبریائی مطلقہ اور جبر کامل کا اظہار کرنے والے۔ اے طاہر سراسر طہور اور طاہر کرنے والے۔ اے طاہر

الطُّهُورُ الْمُطَهِّرُ الْمُتَطَهِّرُ يَا قَاهِرُ الْقَادِرُ الْمُقْتَدِرُ يَا عَزِيزُ الْمُعِزُّ

سراسر طہور اور اچھی طرح پاک کرنے والے اور ذاتی طہارت کاملہ کا اظہار کرنے والے۔ اے قاہر قادر اور صاحب اقتدار۔ اے عزیز اے عزت دینے والے

الْمُتَعَزِّزُ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا

اور عزت غالبہ والے۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام بھیج سیدنا محمد پر اور آپ کی

مُحَمَّدِنِ الَّذِیْ فَاقَتْ هِمَّتُهٗ جَمِيعَ الْهِمَمِ وَعَلَّمَهُ اللّٰهُ مَا لَمْ

آل پر کہ جس آقائے خلق کی ہمت تمام کی ہمتوں سے فائق ہوگئی۔ اور سکھلایا انہیں اللہ تعالیٰ نے جو بھی انہوں نے

يَكُنْ يَعْلَمُ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ

(اس سے قبل) نہیں جانا تھا۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام بھیج سیدنا محمد پر اور آپ کی

سَيِّدِنَا مُحَمَّدِنِ الَّذِیْ قَادَ جِبْرَئِيلُ بِزِمَامِ نَاقَتِهٖ وَمَا شَارَكَهٗ

آل پر کہ جس آقا کی اونٹنی کی مہار پکڑ کر چلے روح الامین اور نہ شریک ہوا ان کے ساتھ

اَحَدٌ فِیْ عُلُوِّ جَلَالَتِهٖ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ

کوئی بھی ان کی بلندی درجات میں۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام بھیج سیدنا محمد پر

وَّعَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدِنِ الَّذِیْ تَنَزَّهَ شَامِخُ عِزِّهٖ عَنِ

اور آپ کی آل پر کہ جس آقا کی کوہ وقار عزت منزہ رہی

النَّقْصِ وَالثُّلُوْبِ وَثَبَتَ رَاسِخُ مَجْدِهٖ بِالذَّاتِ وَالْوُجُوْبِ

نقص اور عیوب سے اور ثابت وراسخ رہی ان کی بزرگی ان کے مرتبہ ذات میں بطریق وجوب ولزوم کے۔

اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا

اے اللہ صلوٰۃ و سلام بھیج سیدنا محمد پر اور آپ کی آل پر

مُحَمَّدِنِ الْقَآئِمِ فِی الْمُلْكِ بِشَرْعِهٖ وَجَلَالِهٖ وَالرَّاحِمِ فِی

جو آقا قائم کرنے والے ہیں ملک خداوند تعالیٰ میں اس کی شریعت اور جلال کو اور رحم کرنے والے ہیں

الْمَلَكُوْتِ بِرَحْمَتِهٖ وَجَمَالِهٖ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا

تمام ملک میں اللہ کی رحمت اور شان جمال کے ساتھ۔ اے اللہ صلوٰۃ وسلام بھیج سیدنا

مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدِنِ الَّذِیْ حَازَ كُلَّ فَخْرٍ غَيْرَ

محمد پر اور آپ کی آل پر جس محبوب نے جمع کرلیا ہر فخر کو بلا شرکت

مُشْتَرِكٍ وَحَلَّ مَنْزِلَةً مَّا حَلَّهَا نَبِيٌّ وَّلَا مَلَكٌ اَللّٰهُمَّ صَلِّ

غیر سے۔ اور قیام پذیر ہوئے اس مقام میں کہ جہاں کوئی نبی اور فرشتہ قدم نہ رکھ سکا۔ اے اللہ صلوٰۃ

وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ نِ الَّذِيْ

وسلام نازل فرما سیدنا محمد پر اور آپ کی آل پر کہ جس آقا کے

عُلِّقَ اَهْلُ الْمَجْدِ بِنَوَالِهٖ وَاقْتَبَسَ اَهْلُ الْكَمَالِ مِنْ كَمَالِهٖ

جود ونوال کے ریزہ خوار بنائے گئے اہل مجد اور انھیں سے خیرات لی کمال کی اہل کمال نے

اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ

اے اللہ صلوٰۃ و سلام بھیج سیدنا محمد پر اور آپ کی آل پر

ذَاتِ الْعِزِّ وَالْمَجْدِ وَالْمُجِيْرِ لِمَنْ دَعَاهُ فِي الرَّخَآءِ وَالشِّدَّةِ

کہ جو آقا عزت و مجد والے ہیں اور پناہ دینے والے ہیں اپنے پکارنے والے کو فراخی اور شدت میں

اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ

اے اللہ صلوٰۃ و سلام بھیج سیدنا محمد پر اور آپ کی آل پر

نِ الَّذِيْ اُيِّدَ بِرُوْحِ الْاِيْمَانِ الرُّوْحَانِيِّ وَرُوْحِ جُثْمَانِ الْاَمَانِيِّ

کہ جس محبوب کی تائید کی گئی ساتھ ایمان روحانی کی روح کے اور آرزوؤں کے اجسام کی روح سے۔

اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ

اے اللہ صلوٰۃ و سلام بھیج سیدنا محمد پر اور سیدنا محمد کی

الْاَعْظَمِ عِنْدَ اللّٰهِ مِنْ كُلِّ مُعَظَّمٍ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا

آل پر جو آقا کہ اللہ کے ہاں عظیم تر ہیں ہر عظمت والے سے۔ اے اللہ صلوٰۃ وسلام بھیج سیدنا

مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ نِ الَّذِيْ ضَاعَفَ اللّٰهُ لَهٗ ثَوَابَهٗ

محمد پر اور آپ کی آل پر کہ جس آقا کے لیے کئی گنا بڑھایا اللہ تعالیٰ نے ثواب کو

وَيَسَّرَ اللّٰهُ لِكُلِّ خَيْرٍ اَسْبَابَهٗ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا

اور آسان فرمایا ان کے لیے ہر خیر کے اسباب کو۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام بھیج سیدنا

مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ نِ الَّذِيْٓ اَرْسَلَهُ اللّٰهُ لِنَقْضِ الْكُفْرِ وَ

محمد پر اور آپ کی آل پر کہ جس آقائے نامدار کو ارسال فرمایا اللہ تعالیٰ نے کفر کے تارتار کرنے اور

حَلِّهٖ وَنَادَتْ مُعْجِزَاتُهٗ قُلْ فَاْتُوْا بِسُوْرَةٍ مِّنْ مِّثْلِهٖ اَللّٰهُمَّ

اس کے مٹانے کے لیے اور اعلان فرمایا ان کے معجزات نے "فرما دیجیے لے آؤ مختصری سورت اس قرآن کی سورت جیسی" اے اللہ

صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ نِ الَّذِيْ

صلوٰۃ و سلام بھیج سیدنا محمد پر اور آپ کی آل پر کہ اللہ تعالیٰ

كَانَ اللّٰهُ لَهٗ عَوْنًا وَّمُعِيْنًا اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ

جس محبوب کا معاون اور مددگار ہے۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام بھیج سیدنا محمد پر

وَّعَلٰٓى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ نِ الَّذِيْ كَانَ خَاتَمُ النُّبُوَّةِ بَيْنَ كَتِفَيْهِ

اور آپ کی آل پر کہ جس آقا کی مہر نبوت ان کے کندھوں کے درمیان تھی

وَكَانَ رُوْحُ الْقُدُسِ يَنْزِلُ عَلَيْهِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا

اور روح القدس ان پر نازل ہوتے تھے۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل فرما سیدنا

مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ نِ الْمُصَلِّيْ فِيْ مِحْرَابِ جَمْعِ الْجَمْعِ

محمد پر اور آپ کی آل پر کہ جو آقا نماز ادا کرنے والے ہیں مقام جمع الجمع کی عبادتگاہ میں

وَالْمَعْصُوْمِ بِالضَّرُوْرَةِ وَالْقَطْعِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا

اور جن کا معصوم ہونا ضروری اور قطعی ہے۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام بھیج سیدنا

مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ نِ الَّذِيْٓ اُيِّدَ بِالْاٰيَاتِ وَالسُّوَرِ

محمد پر اور آپ کی آل پر کہ جس آقا کی تائید کی گئی ہے آیات اور سورتوں کے ساتھ

وَغَفَرَ اللّٰهُ لَهٗ مَا تَقَدَّمَ مِنْ ذَنْبِهٖ وَمَا تَاَخَّرَ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ

اور اعلان مغفرت فرمادیا اللہ تعالیٰ نے ان کے (مزعومہ) سابقہ ذنوب کا اور (موہومہ) لاحقہ کا۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام

عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ نِ الَّذِيْ جَمَعَ وُجُوْهَ

بھیج سیدنا محمد پر اور آپ کی آل پر کہ جس محبوب نے اپنے اندر جمع کرلیا بزرگی

اَلْكَرَامَةِ وَاَنْوَاعَ السَّعَادَةِ وَمَلَكَ اَشْتَاتَ الْاِنْعَامِ فِي الدَّارَيْنِ

اور سعادت مندی کے جملہ اقسام کو اور مالک ہو گئے مختلف انواع کے انعامات کے دارین میں

وَالزِّيَادَةَ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى اٰلِ

اور مزید کے اے اللہ صلوٰۃ و سلام بھیج سیدنا محمد پر اور آپ کی

سَيِّدِنَا مُحَمَّدِنِ الَّذِيْ تَفَتَّقَتْ مِنْهُ عُرُوْسُ الْحَقَآئِقِ وَلَمْ

آل پر کہ جس آقا سے نمودار ہوئے مزین حقائق اور نہ پا سکا ان کے درجات ومراتب کو

يُدْرِكْهُ سَابِقٌ وَّلَا لَاحِقٌ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ

کوئی پہلا اور نہ پچھلا ۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام بھیج سیدنا محمد پر

وَّعَلٰٓى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدِنِ الَّذِيْٓ اَشْرَقَتْ فِي الْاٰفَاقِ اَنْوَارُهٗ وَ

اور سیدنا محمد کی آل پر کہ جگمگائے آفاق میں انوار اس محبوب کے اور

طَابَتْ فِي الْمَسَامِعِ اَحَادِيْثُهٗ وَاَخْبَارُهٗ اَللّٰهُمَّ يَا مَنْ بِيَدِهٖ

شیریں و پاکیزہ ہوئیں کانوں میں احادیث اور اخبار ان کی۔ اے اللہ اے کہ اس کے دست قدرت میں ہیں

خَزَآئِنُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ اَللّٰهُمَّ يَا مَنْ نِّعَمُهٗ لَا تُحْصٰى

سموات و ارض کے خزائن ۔ اے اللہ ۔ اے کہ جس کی نعمتوں کا احاطہ نہیں کیا جا سکتا

وَاَمْرُهٗ لَا يُعْصٰى وَنُوْرُهٗ لَا يُطْفٰى وَلُطْفُهٗ لَا يَخْفٰى وَيَا مَنْ

اور جس کے حکم کی خلاف ورزی نہیں کی جا سکتی ۔ اور اس کا نور بجھایا نہیں جا سکتا اور اس کا لطف مخفی نہیں رہ سکتا ۔ اے کہ جس نے

فَلَقَ الْبَحْرَ لِمُوْسٰى وَاَحْيَى الْمَيِّتَ لِعِيْسٰى وَجَعَلَ النَّارَ بَرْدًا

پھاڑا موسیٰ علیہ السلام کے لیے سمندر کو اور مردے زندہ کئے حضرت عیسیٰ علیہ السلام کے لیے اور کر دیا آگ کو ٹھنڈک

وَّسَلَامًا عَلٰٓى اِبْرَاهِيْمَ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ

اور سلامتی حضرت ابراہیم علیہ السلام پر۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام بھیج سیدنا محمد پر

وَّاجْعَلْ لِّيْ مِنْ اَمْرِيْ فَرَجًا وَّمَخْرَجًا يَّا مَنْ يُّنَادِيْكَ

اور بنا میرے لیے میرے امر سے کشائش اور راہ خلاص۔ اے کہ جسے پکارتے ہیں

الْمُنَادُوْنَ مِنْ كُلِّ فَجٍّ عَمِيْقٍ وَّمِنْ شَوَاهِقِ الْجِبَالِ وَاَقْعَارِ

پکارنے والے ہر گہرے راستہ سے اور پہاڑوں کی چوٹیوں سے اور سمندروں کی

الْبِحَارِ وَاَوْكَارِ الطُّيُوْرِ بِاَلْسِنَةٍ شَتّٰى وَلُغَاتٍ مُّخْتَلِفَةٍ وَّحَوَآئِجَ

گہرائیوں سے۔ اور پرندوں کے گھونسلوں سے مختلف زبانوں کے ساتھ مختلف لغات میں اور ہر قسم کے حاجات میں

اُخْرٰى يَا مَنْ لَّا يَشْغَلُهٗ شَاْنٌ عَنْ شَاْنٍ يَا مَنْ لَّا يَشْغَلُكَ

اے کہ جسے مشغول نہیں کر سکتی ایک حالت دوسری حالت سے۔ اے کہ جسے مشغول نہیں کر سکتی

شَيْءٌ عَنْ شَيْءٍ اَنْتَ الَّذِيْ لَا تُغَيِّرُكَ الْاَزْمِنَةُ وَلَا تُحِيْطُ

ایک شئ دوسری شئ سے تو ہی ہے کہ جسے زمانے متغیر نہیں کر سکتے اور نہ مکان تیرا احاطہ

بِكَ الْاَمْكِنَةُ وَلَا تَصِفُكَ الْاَلْسِنَةُ وَلَا يَاْخُذُكَ نَوْمٌ وَّلَا

کر سکتے ہیں اور نہ زبانیں تیری توصیف کر سکتی ہیں اور نہ اپنی لپیٹ میں لے سکتی ہے نیند اور نہ

سِنَةٌ وَّلَا يُشْبِهُكَ شَيْءٌ وَّكَيْفَ لَا تَكُوْنُ كَذٰلِكَ وَاَنْتَ

اونگھ۔ اور نہ مشابہ ہے تیرے کوئی شئ۔ اور کیونکر تیری یہ شان نہ ہو حالانکہ تو ہی

خَالِقُ كُلِّ شَيْءٍ وَّكُلُّ شَيْءٍ هَالِكٌ اِلَّا وَجْهَكَ الْكَرِيْمَ

ہر شئ کو عدم وجود میں لانے والا ہے۔ اور ہر چیز مرتبۂ ذات میں فانی ہے سوائے تیری ذات کے

سُبُّوْحٌ ذِكْرُكَ قُدُّوْسٌ اَمْرُكَ وَاحِدٌ حَقُّكَ نَافِذٌ قَضَآئُكَ

پاکیزہ ہے ذکر تیرا، مقدس ہے امر تیرا، شرکت سے منزہ ہے حق تیرا، نافذ ہے قضاء تیری

اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ

اے اللہ صلوٰۃ و سلام بھیج سیدنا محمد پر اور آپ کی آل پر

وَّيَسِّرْ لِيْ اَمْرِيْ مِمَّآ اَرْجُوْ مِنْكَ وَاصْرِفْ عَنِّيْ مَآ اَخَافُ

اور آسان فرما میرے لیے وہ امور جن کی تجھ سے امید رکھتا ہوں اور پھیر دے مجھ سے جس سے میں اندیشہ رکھتا ہوں

عَنْهُ بِصَرْفِ حَرْفِ يُسْرٍ مِّمَّآ اَخَافُ عُسْرَتَهٗ اَللّٰهُمَّ صَلِّ

بدلہ میں دینے حرف یسر کے اس سے جس کی عسرت سے خائف ہوں۔ اے اللہ صلوٰۃ

وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ سَيِّدِ الْكُلِّ

و سلام بھیج سیدنا محمد پر اور آپ کی آل پر جو سب کے سردار ہیں

فِى الْكُلِّ سَيِّدِ الْاَشْرَافِ وَشَرَفِ شَرَآئِفِ الْاَوْصَافِ بِحُرْمَتِهٖ

سب زمانوں میں، اشراف کے سردار ہیں۔ اور اعلیٰ اوصاف کیلئے سراپا شرف ہیں (صلوٰۃ نازل فرما) بطفیل انہیں کی حرمت

وَقُبُوْلِهٖ وَشَرَفِهٖ اَللّٰهُمَّ فَرِّجْ عَنِّىْ مَآ اَخَافُ ضِيْقَتَهٗ اَللّٰهُمَّ

و قبولیت اور شرف کے ۔ اے اللہ دور فرما مجھ سے جس کی تنگی سے میں خائف ہوں۔ اے اللہ

يَسِّرْ وَلَا تُعَسِّرْ وَسَهِّلْ لِىْ مَآ اَخَافُ حُزُوْنَتَهٗ سُبْحَانَكَ

آسان فرما اور تنگی نہ فرما اور آسان فرما میرے لیے جس کی درشتی سے میں خوفزدہ ہوں۔ پاک ہے تو

اَللّٰهُمَّ وَبِحَمْدِكَ لَآ اِلٰهَ اِلَّآ اَنْتَ سُبْحَانَكَ اِنِّىْ كُنْتُ مِنَ

اے اللہ اور تیری حمد کے ساتھ مصروف ہیں، نہیں معبود برحق مگر تو ہی، تو پاک ہے۔ بیشک میں

الظّٰلِمِيْنَ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ

ظلم کرنے والوں سے ہوں۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام بھیج سیدنا محمد پر اور آپ کی

سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ لُبَابِ اللُّبَابِ وَاَكْرَمِ نَبِىٍّ اُنْزِلَ عَلَيْهِ

آل پر جو کہ خلاصہ ہیں خالص و مخصوص بندگان خداوند تعالیٰ کے اور انتہائی عزت والے نبی ہیں نازل کی گئی ہے ان پر

اَفْضَلُ كِتَابٍ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى

سب فضیلت والی کتاب ۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام بھیج سیدنا محمد پر اور آپ کی

اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ نَشَاَةِ الْاِمْدَادِ وَنُقْطَةِ دَآئِرَةِ الْاِسْتِوَآءِ

آل پر جو وسیلہ ذریعہ ہیں امداد موصول ہونے کا۔ اور مرکز ہیں استواری اور بھلائی کے

وَالرَّشَادِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ

دائرہ کا۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام بھیج سیدنا محمد پر اور آپ کی

سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ نَبْعَةِ الْجُوْدِ وَالْمَنَائِحِ وَاَفْضَلِ غَادٍ وَّخَيْرِ

آل پر جو محبوب کہ سرچشمہ ہیں جود و عطیات کا۔ اور افضل ترین ہیں صبح آنے والوں سے اور بہترین ہیں

رَآئِحٍ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ

سے پچھلے وقت آنے والوں سے۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام بھیج سیدنا محمد پر اور آپ کی آل پر

اِلَّذِىْ افْتَخَرَتْ بِهِ الرِّسَالَةُ وَتَعَزَّزَتْ بِهٖ وَفَاقَتْ بِهٖ مَنَاقِبُ

کہ جس محبوب پر فخر کیا رسالت نے اور عزت پائی ان کے بدولت اور بلندیوں پر پہنچے بسبب ان کے مناقب

النُّبُوَّةِ وَغُلِّقَتْ بِهٖ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ

نبوت اور انہیں کے ذریعے بند کئے گئے (از سرِ نو پیدا کئے جانے سے) اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل فرما سیدنا محمد پر

وَّعَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ الَّذِىْ اَتَمَّ اللّٰهُ عَلَيْهِ نِعْمَتَهٗ وَكَمَّلَ

اور آپ کی آل پر کہ جس محبوب پر اللہ تعالیٰ نے اپنی نعمت کو تام کر دیا اور کامل کر دیا

اللّٰهُ لَهٗ دِيْنَهٗ وَمِلَّتَهٗ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ

اللہ تعالیٰ نے ان کے لیے ان کا دین اور ان کی ملت ۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل فرما سیدنا محمد پر

وَّعَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ الَّذِىْ خُصَّ بِبَدَآئِعِ الْحِكَمِ وَيُعَرِّفُ

اور آپ کی آل پر کہ جس محبوب کو مخصوص ٹھہرایا گیا ہے انوکھی عقلوں کے ساتھ اور نمایاں کردی جائیگی

اُمَّتَهٗ بَيْنَ الْاُمَمِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ

ان کی اُمت دوسری اُمتوں کے درمیان۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام بھیج سیدنا محمد پر

وَّعَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ الَّذِىْ حَلَّ لَهُ اللّٰهُ الْحَقِيْقَةَ وَاَظْهَرَ

اور آپ کی آل پر کہ جس محبوب پر اللہ تعالیٰ نے کھول دیا (اسرار) حقیقت کو اور ظاہر کیا

اللّٰهُ صِدْقَهٗ لِلْخَلِيْقَةِ وَتَصْدِيْقَهٗ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى

اللہ تعالیٰ نے ان کا صدق اور تصدیق ساری مخلوق پر۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام بھیج

سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ الَّذِىْ كَانَ اللّٰهُ لَهٗ حَافِظًا

سیدنا محمد پر اور آپ کی آل پر کہ جس محبوب کے لیے اللہ تعالیٰ حافظ

وَّنَاصِرًا وَّاَصْبَحَ بِهِ الْاِسْلَامُ لِلْكُفْرِ قَاهِرًا اَللّٰهُمَّ اِنِّىْ عَبْدُكَ

و ناصر ہے۔ اور انہیں کی بدولت اسلام کفر پر غالب ہوا۔ اے اللہ بیشک میں تیرا بندہ ہوں

وَابْنُ اَمَتِكَ جَمِيعُ الْخَلْقِ مَقْهُورُوْنَ بِقُدْرَتِكَ وَنَوَاصِيهِمْ

اور تیری باندی کا بیٹا ہوں۔ ساری مخلوق تیری قدرت کے تحت مغلوب ہے اور سب کی پیشانیاں

بِيَدِكَ وَقُلُوبُهُمْ فِي قَبْضَتِكَ وَمَفَاتِيحُهُمْ عِنْدَكَ لَا تَتَحَرَّكُ

تیرے دست قدرت میں ہیں۔ اور ان کے دل تیرے قبضے میں ہیں اور سب (خزانوں) کی چابیاں تیرے پاس ہی نہیں حرکت

ذَرَّةٌ اِلَّا بِاِذْنِكَ لَيْسَ مَعَكَ بَرٌّ فِي الْخَلْقِ وَلَا شَرِيكَ لَكَ فِي

کرتا کوئی ذرہ مگر تیرے اذن سے۔ نہیں ہے تیرے ساتھ احسان کرنے والا مخلوق میں۔ اور نہ کوئی شریک ہے ملک

الْمُلْكِ يَا اِلٰهَ الْاَوَّلِينَ وَالْاٰخِرِينَ رَبَّ اِبْرَاهِيمَ وَاِسْمٰعِيلَ

میں تیرے لیے۔ اے معبود اوّلین و آخرین کے۔ اے رب ابراہیم واسماعیل علیہما السلام کے

وَجِبْرَائِيلَ وَمِيكَائِيلَ تَوَسَّلْتُ اِلَيْكَ بِاسْمِكَ الْعَظِيمِ وَ

اور جبرئیل و میکائیل علیہما السلام کے میں نے وسیلہ پکڑا ہے تیری بارگاہ میں ساتھ تیرے اسم عظیم اور

بِوَجْهِكَ الْكَرِيمِ وَبِدِينِكَ الْقَوِيمِ وَبِصِرَاطِكَ الْمُسْتَقِيمِ

وجہ کریم کے اور ساتھ تیرے مستحکم دین کے اور صراط مستقیم کے۔

وَبِسَبْعِ الْمَثَانِي وَالْقُرْاٰنِ الْعَظِيمِ ۝ وَبِاَلْفِ اَلْفِ قُلْ هُوَ اللّٰهُ

اور ساتھ سبع مثانی (فاتحہ کی سات آیات کے) اور قرآن عظیم کے۔ اور ہزار در ہزار قل ہو اللہ

اَحَدٌ ۝ وَبِبَيْتِكَ الْحَرَامِ وَبِاسْمِكَ الْعَظِيمِ الْاَعْظَمِ الْقَدِيمِ

احد کے۔ اور تیرے بیت حرام اور عظیم و اعظم ، قدیم و اکرم

الْاَكْرَمِ الْمُكَرَّمِ الَّذِي اَخْفَيْتَهٗ فِي كِتَابِكَ الْعَزِيزِ الَّذِي اَنَارَتْ

اور مکرم نام کے ساتھ جس کو مخفی کر دیا ہے تو نے اپنی کتاب عزیز میں جس کی بدولت نور سے

بِهِ الظُّلُمَاتُ وَاَقَامَتْ بِهِ السَّمٰوٰتُ وَخَضَعَتْ بِهِ الْاَقَالِيمُ

بدل گئیں ظلمتیں اور برپا ہوئے سب آسمان اور سرنگوں ہوئیں اقالیم

وَالْاَفْلَاكُ وَذَلَّتْ بِهِ الْاَرَضُونَ وَانْخَمَدَتْ بِهِ الشَّيَاطِينُ وَ

اور افلاک اور تابع ہوگئیں زمینیں اور ماند پڑ گئیں حرکتیں شیاطین کی بطفیل اس کے۔ اور

انْفَتَحَتْ بِهِ الْاَقْفَالُ وَتَصَدَّعَتْ مِنْ خَشْيَتِهِ الْجِبَالُ وَلَانَتْ

کھل گئے بسبب اس کے بند قفل۔ اور پھٹ پڑے اس کے خوف سے پہاڑ۔ اور نرم ہو گئے

بِهِ الصُّخُورُ وَهَانَتْ بِهِ صِعَابُ الْاُمُورِ وَذَلَّ مِنْ خَشْيَتِهِ

بسبب اس کے سخت پتھر۔ اور نرم ہوگئے بسبب اس کے سخت امور۔ اور تابعدار ہوگیا بسبب اس کے خوف کے

كُلُّ ذِي رُوحٍ وَسَلِمَتْ بِهِ سَفِينَةُ نُوحٍ وَتَكَلَّمَتْ بِهِ الْمَوْتٰى

ہر ذی روح اور سلامت رہی بسبب اس کے نوح علیہ السلام کی کشتی۔ اور کلام کیا بسبب اس کے مردوں

لِعِيسَى ابْنِ مَرْيَمَ عَلَيْهِ السَّلَامُ وَسَخَّرْتَ الْعَرَبَ وَالْعَجَمَ

نے حضرت عیسیٰ بن مریم علیہما السلام کے ساتھ۔ اور مسخر کر دیا تو نے عرب وعجم کو بسبب اس کے ا

لِسَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَاَجَبْتَ بِهِ الدُّعَاءَ وَ

سیدنا محمد صلی اللہ علیہ وسلم کے لیے۔ اور قبول کیا تو نے بسبب اس کے دعا کو اور

اَنْقَذْتَ بِهِ الْغَرْقٰى وَاَنْجَيْتَ بِهِ الْهَلْكٰى وَاَحْرَسْتَ بِهِ

بچایا بسبب اس کے غرق ہونے والوں کو۔ اور نجات دی ہلاکت سے دوچار ہونے والوں کو اور نگہبانی کی

الْاَلْسُنَ وَبِهٖ تُعِزُّ مَنْ تَشَاءُ وَتُذِلُّ مَنْ تَشَاءُ تَوَسَّلْتُ اِلَيْكَ

زبانوں کی بسبب اس کے اور بسبب اس کے عزت دیتا ہے تو جسے چاہے اور حقیر کرتا ہے جس کو چاہے۔ وسیلہ پکڑا میں نے تیری طرف

يَا حَيُّ يَا قَيُّومُ بِخَفِيِّ لُطْفِ اللّٰهِ وَبِجَمِيلِ سَتْرِ اللّٰهِ دَخَلْتُ فِي

اے حی۔ اے قیوم ساتھ خبر گیری کرنے والے لطف خداوندی کے۔ اور ساتھ خوبصورت پردے خداوند تعالیٰ کے۔ میں داخل ہوا

كَنَفِ اللّٰهِ وَتَشَفَّعْتُ بِرَسُولِ اللّٰهِ اَنَا فِي حِصْنِ اللّٰهِ اَنَا فِي ذِمَّةِ

اللہ تعالیٰ کے پہلوئے رحمت میں اور شفاعت حاصل کی رسول اللہ کی۔ میں اللہ تعالیٰ کے قلعہ میں ہوں۔ میں اس کی ذمہ داری میں

اللّٰهِ اَنَا فِي قَبْضَةِ اللّٰهِ وَلَا يَصْرِفُ السُّوْءَ اِلَّا اللّٰهُ وَلَا قُوَّةَ لِخَلْقٍ

ہوں۔ میں اللہ تعالیٰ کے قبضۂ قدرت میں ہوں اور نہیں پھیرتا برائی یا شدت کو مگر اللہ تعالیٰ۔ اور نہیں طاقت مخلوق کیلئے (میری ضرر رسانی کی)

اِذَا كُنْتُ مَعَ اللّٰهِ وَحَمِدَ كُلُّ جَبَّارٍ بِسَطْوَةِ اللّٰهِ مَا شَاءَ اللّٰهُ لَا

جب کہ اللہ کی معیت میں ہوں۔ اور ستائش کی ہر جبار نے اللہ کی سطوت کی۔ ماشاء اللہ۔ نہیں

قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ ؕ اَلْخَيْرُ كُلُّهٗ بِيَدِ اللّٰهِ ؕ وَلَا غَالِبَ اِلَّا اللّٰهُ ؕ اَللّٰهُمَّ

قوت مگر ساتھ اللہ کے، تمام خیر اور بھلائی اللہ کے ہاتھ میں ہے۔ اور نہیں غالب مگر اللہ۔ اے اللہ

احْرُسْنَا بِعَيْنِكَ الَّتِيْ لَا تَنَامُ وَاكْنُفْنَا بِكَنَفِكَ الَّذِيْ لَا يُرَامُ وَ

ہماری نگرانی فرما اپنی نگاہِ عنایت سے جو نیند سے پاک ہے اور جگہ عطا فرما اپنے پہلوئے رحمت میں سے کہ جس کا کوئی قصد نہیں کر سکتا اور

ارْحَمْنَا بِقُدْرَتِكَ اِنَّكَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ ؕ يَا حَيُّ يَا قَيُّوْمُ

رحم فرما ہم پر ساتھ اپنی قدرت کے، بیشک تو ہر چیز پر ہمیشہ کے لیے بہت ہی قدرت والا ہے۔ اے حی، اے قیوم

تَحَصَّنَّا بِكَ فَاحْمِنَا بِحِمَايَتِكَ يَا حَلِيْمُ يَا سَتَّارُ وَادْخِلْنَا يَا

ہم نے حفاظت حاصل کی ہے ساتھ تیرے پس ہماری حمایت فرما اپنی مخصوص حمایت کے ساتھ۔ اے علم والے، اے پردہ پوش، اور

اَوَّلُ يَا اٰخِرُ فِيْ مَكْنُوْنِ غَيْبِ سِرِّ مَا شَآءَ اللّٰهُ لَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ

داخل کر ہمیں، اے اول، اے آخر، ما شاء اللہ لا قوۃ الا باللہ کے مکنون اور پنہانی غیب میں۔

وَاَجِرْنَا مِنْ خِزْيِكَ وَمِنْ شَرِّ عِبَادِكَ وَاضْرِبْ عَلَيْنَا

اور ہمیں بچا اپنے ہاں رسوا ہونے سے۔ اور اپنے بندوں کے شر سے۔ اور قائم فرما ہم پر

سُرَادِقَاتِ حِفْظِكَ وَاَدْخِلْنَا فِيْ حِفْظِ عِنَايَتِكَ وَجُدْ عَلَيْنَا

اپنی حفاظت کے خیمے اور داخل فرما ہمیں اپنی عنایت میں اور سخاوت فرما ہم پر

بِخَيْرٍ مِّنْكَ يَا اَرْحَمَ الرَّاحِمِيْنَ ؕ بِسْمِ اللّٰهِ احْتَجَبْنَا وَبِحَوْلِ

اپنی مخصوص خیرات سے اے ارحم الراحمین۔ اللہ کے نام کے ساتھ پردہ حاصل کیا ہم نے۔ اور اللہ تعالیٰ کی

اللّٰهِ اعْتَصَمْنَا وَبِقُوَّةِ اللّٰهِ اسْتَمْسَكْنَا فَمَنْ اَرَادَنَا بِسُوْءٍ اَوْ

طاقت کے ساتھ حفاظت حاصل کی ہم نے۔ اور اللہ کی قوت کے ساتھ چنگل مارا ہم نے۔ پس جس نے ارادہ کیا ہمارا ساتھ برائی کے، اور

كَادَنَا بِكَيْدٍ فَبِاِذْنِ اللّٰهِ مَمْنُوْعٌ مَّدْفُوْعٌ يَا اَللّٰهُ يَا وَاحِدُ

تدبیر کی ہمارے خلاف مکر کی بس وہ اللہ تعالیٰ کی توفیق سے محروم اور دھتکارا ہوا ہے۔ یا اللہ، یا واحد

يَا اَحَدُ يَا جَوَّادُ انْفَحْنَا مِنْكَ بِنَفْحَةِ خَيْرٍ اَللّٰهُمَّ يَا مَنْ

یا احد، یا جواد۔ عطیہ دے ہمیں اپنی بارگاہ فیض سے عطیہ خیر کا۔ اے اللہ اے کہ جس نے

لَطَفْتَ بِخَلْقِ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ وَلَطَفْتَ بِالْاَجِنَّةِ فِيْ بُطُوْنِ

مہربانی فرمائی ساتھ پیدا کرنے آسمانوں اور زمین کے اور لطف فرمایا ساتھ ہر جنین کے انکی ماؤں کے ارحام

اُمَّهَاتِهَا اُلْطُفْ بِنَا فِيْ قَضَآئِكَ وَقَدَرِكَ لُطْفًا يَلِيْقُ بِكَرَمِكَ

میں لطف فرما ساتھ ہمارے اپنی قضاء و قدر میں ایسا لطف جو لائق ہے ساتھ تیرے کرم کے

يَا اَرْحَمَ الرَّاحِمِيْنَ ؕ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّ

یا ارحم الراحمین۔ اے اللہ صلوٰۃ اور سلام بھیج سیدنا محمد پر اور

عَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ نِ الَّذِيْ بِهِ اللّٰهُ كُلَّ الْمُؤْمِنِيْنَ هَدٰى وَ

آپ کی آل پر کہ جس محبوب کی بدولت اللہ تعالیٰ نے سب مومنین کو ہدایت عطا فرمائی، اور

لَهُ اللّٰهُ فَضْلًا بِالْاِسْلَامِ بَدٰى اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا

انھیں کی بدولت اللہ تعالیٰ نے ازرہ فضل اسلام کو ظاہر فرمایا۔ اے اللہ صلوٰۃ وسلام بھیج سیدنا

مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ نِ الَّذِيْ تَنَامُ عَيْنُهٗ وَلَا يَنَامُ

محمد پر اور آپ کی آل پر کہ جس محبوب کی صرف آنکھیں سوتی ہیں اور دل انور نہیں

قَلْبُهٗ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا

سوتا۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام بھیج سیدنا محمد پر اور آپ کی آل پر

مُحَمَّدِ نِ الَّذِيْ حَرَّمَ اللّٰهُ عَلَى الْاَرْضِ اَنْ تَاْكُلَ جَسَدَهُ الْكَرِيْمَ

کہ جس آقا کے لیے حرام فرمایا اللہ تعالیٰ نے زمین پر کہ کھائے ان کے جسد کریم کو

وَجَعَلَ اللّٰهُ الْمُصَلِّيَ عَلَيْهِ تَحْتَ ظِلِّ عَرْشِهِ الْعَظِيْمِ اَللّٰهُمَّ

اور کر دیا ہے اللہ نے ان پر درود بھیجنے والے کو اپنے عرش عظیم کے سایہ کے نیچے۔ اے اللہ

صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ نِ الَّذِيْ

صلوٰۃ وسلام بھیج سیدنا محمد پر اور آپ کی آل پر جس آقا نے

اَنْفَذَ اَمْرَكَ وَاَشَادَ ذِكْرَكَ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا

نافذ کیا تیرا امر اور عام کیا تیرا ذکر اے اللہ صلوٰۃ و سلام بھیج سیدنا

مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ ِالْمُخْتَارِ مِنْ اَطْيَبِ بُطُوْنِ
محمد پر اور آپ کی آل پر جو چنے گئے ہیں عرب قبائل کی شاخوں میں سے پاکیزہ ترین
الْعَرَبِ وَوَحْيُهٗ غَيْرُ مُكْتَسَبٍ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا
شاخ سے اور ان کی وحی ان کی محنت اور کوشش سے نہیں بلکہ اللہ تعالٰی کے فضل سے ہے اے اللہ صلوٰۃ وسلام بھیج سیدنا
مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ ِالَّذِىْ جَعَلَ اللّٰهُ طَاعَتَهٗ نَجَاتًا
محمد پر اور آپ کی آل پر جس آقا کی اطاعت کو اللہ تعالٰی نے عین نجات اور
وَّرِبْحًا وَّجَآءَ بِالْحَنِيْفِيَّةِ السَّمْحَآءِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا
سراسر منفعت بنا دیا ہے۔ اور آپ لائے ہیں ایسی ملت جو سراسر حق ہے اور سہل۔ اے اللہ صلوٰۃ وسلام نازل فرما سیدنا
مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ ِالَّذِىْٓ اَنْزَلَ اللّٰهُ عَلَيْهِ السَّكِيْنَةَ
محمد پر اور آپ کی آل پر کہ جس محبوب پر اللہ تعالٰی نے نازل فرمایا سکینت کو
وَاَخَذَ اللّٰهُ الْمِيْثَاقَ عَلَى النَّبِيِّيْنَ لَتُؤْمِنُنَّ بِهٖ وَلَتَنْصُرُنَّهٗ
اور اللہ تعالٰی نے عہد لیا انبیاء علیہم السلام سے کہ ضرور بالضرور ایمان لائیں گے ساتھ آپ کے اور ضرور بالضرور امداد کریں گے ان کی
اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ ِ
اے اللہ صلوٰۃ و سلام بھیج سیدنا محمد پر اور آپ کی آل پر
الْمُتَقَلِّبِ فِىْٓ اَصْلَابِ النَّبِيِّيْنَ وَيَجْلِسُ عَلٰى يَمِيْنِ الرَّحْمٰنِ
جو محبوب کہ منتقل ہوتے رہے ہیں (بعض) انبیاء علیہم السلام کی اصلاب میں بھی۔ اور بیٹھیں گے اللہ تعالٰی کی دائیں جانب (وزارتِ عظمٰی
وَكِلْتَا يَدَيْهِ يَمِيْنٌ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى
کی کرسی پر) اور اللہ تعالٰی کے دونوں ہاتھ یمین ہیں (از روئے یمن وبرکت کے۔ اے اللہ صلوٰۃ وسلام بھیج سیدنا محمد پر اور آپ کی
اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ ِاَوَّلِ مَنْ يَّسْتَاْذِنُ عَلٰى رَبِّهٖ وَلَمْ يَرْضَ اللّٰهُ
آل پر جو محبوب پہلے شخص ہوں گے جو رب تعالٰی کی بارگاہ میں حاضری کے لیے اذن طلب کریں گے۔ اور نہیں پسند کیا اللہ تعالٰی نے
دِيْنَ اَحَدٍ اِلَّا بِحُبِّهٖ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّ
کسی کا دین مگر بطفیل انہیں کی محبت کے۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل فرما سیدنا محمد پر اور

عَلٰٓى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ ِالَّذِىْ جَعَلَهُ اللّٰهُ مُؤْتَمًّا بِهٖ وَبِدِيْنِهٖ
آپ کی آل پر کہ جس محبوب کو اللہ تعالٰی نے مقتدیٰ بنایا اور ان کے دین کو لائق اقتداء بنایا
وَجَعَلَهُ اللّٰهُ مَتْبُوْعًا مِّنْ يَّوْمِ خَلْقِهٖ وَتَكْوِيْنِهٖ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ
اور اللہ نے بنایا ان کو مقتداء ان کی تخلیق اور ایجاد کے دن سے۔ اے اللہ صلوٰۃ وسلام نازل
عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ ِالَّذِىْٓ اَمَرَ اللّٰهُ
فرما سیدنا محمد پر اور آپ کی آل پر کہ جس محبوب کے متعلق اللہ نے مخلوق کو
الْخَلْقَ اَنْ يَّهْتَدُوْا بِهَدْيِهٖ وَاَنْ يَّقِفُوْا عِنْدَ اَمْرِهٖ وَنَهْيِهٖ
حکم دیا ہے ہدایت حاصل کریں ان کی سیرت و کردار سے اور عمل پیرا ہوں ان کے امر ونہی پر
اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ ِ
اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل فرما سیدنا محمد پر اور آپ کی آل پر
الَّذِىْ لَا يَرِثُهٗ مِنْ ذَوِىْ رَحِمِهٖ وَارِثٌ وَّاَحَلَّ اللّٰهُ لِاُمَّتِهٖ
کہ جس آقا کے ترکہ کا وارث نہیں ہو سکتا ان کے رشتہ داروں سے کوئی بھی۔ اور حلال ٹھہرایا اللہ تعالٰی نے ان کی
الطَّيِّبَاتِ وَحَرَّمَ عَلَيْهِمُ الْخَبَآئِثَ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا
اُمت کے لیے پاکیزہ اشیاء کو اور حرام ٹھہرایا ان پر خبیث اشیاء کو۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل فرما سیدنا
مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ ِالَّذِىْ جَعَلَ اللّٰهُ مَلٰٓئِكَةً عِنْدَ
محمد پر اور آپ کی آل پر جس محبوب کے طفیل مقرر کئے ہوئے ہیں اللہ تعالٰی نے ملائکہ بیت المعمور
الْبَيْتِ الْمَعْمُوْرِ يُصَلُّوْنَ عَلٰٓى اَرْوَاحِ اُمَّتِهٖ عِنْدَ الْحُضُوْرِ اَللّٰهُمَّ
کے پاس جو درود بھیجتے ہیں آپ کی اُمت کی روحوں پر وہاں حاضر ہونے پر (موت کے بعد)۔ اے اللہ
صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ ِالَّذِىْ
صلوٰۃ و سلام بھیج سیدنا محمد پر اور آپ کی آل پر کہ جس
جَعَلَ اللّٰهُ اَصْحَابَهُ الْاَبْرَارَ رُحَمَآءَ بَيْنَهُمْ اَشِدَّآءَ عَلَى الْكُفَّارِ
آقا کے اصحاب ابرار کو اللہ نے بنایا ہے آپس میں رحیم و مہربان۔ کفار پر سخت اور شدید

اَللّٰھُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓی اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدِ ں

اے اللہ صلوٰۃ و سلام بھیج سیّدنا محمد پر اور آپ کی آل پر

الَّذِیْ جَعَلَ اللّٰہُ کُلَّ سِحْرٍ یَّسْحَرُ بِہٖ اَحَدٌ مِّنَ الْاَنَامِ بَاطِلًا یَّوْمَ

کہ اللہ تعالیٰ نے کردیا ہر جادو کو جو کرتا تھا کوئی بھی شخص مخلوق سے باطل اور بے اثر۔ ان کی

وِلَادَتِہٖ عَلَیْہِ السَّلَامُ اَللّٰھُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّ

ولادت کے دن۔ علیہ السلام۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام بھیج سیّدنا محمد پر اور

عَلٰٓی اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدِ ں الَّذِیْ سَبَقَتْ رُوْحُہٗ اَرْوَاحَ الْاَنْبِیَآءِ وَ

آپ کی آل پر کہ جس محبوب کی روح سبقت لے گئی تمام ارواح انبیاء و

الرُّسُلِ فِیْ مَیَادِیْنِ الْمَعْرِفَۃِ اِلٰی رِیَاضِ الْوِصَالِ اَللّٰھُمَّ صَلِّ

مرسلین پر معرفت کے میدانوں میں طرف وصالِ خداوند تعالےٰ کے باغات کے۔ اے اللہ صلوٰۃ

وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓی اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدِ ں الَّذِیْ جَعَلَ

و سلام بھیج سیّدنا محمد پر اور آپ کی آل پر کہ جس محبوب کے طفیل اللہ تعالیٰ نے کردیا ہے

اللّٰہُ ثَوَابَ اُمَّتِہٖ فِیْ مَحَاسِنِ اَعْمَالِھَا الْحَسَنَۃَ بِعَشْرِ اَمْثَالِھَا

ان کی اُمت کے نیک اعمال کے ثواب کو کم از کم دس گنا۔

اَللّٰھُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓی اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدِ ں

اے اللہ صلوٰۃ و سلام بھیج سیّدنا محمد پر اور آپ کی آل پر

الَّذِیْٓ اَوْجَبَ اللّٰہُ الصَّلٰوۃَ عَلَیْہِ عِنْدَ ذِکْرِہٖ وَتُرْعَۃُ الْفِرْدَوْسِ

کہ اللہ تعالیٰ نے جن کے لیے صلوٰۃ بھیجنا واجب کردیا ہے ان کا ذکر آنے پر اور جنت الفردوس کا باغیچہ

بَیْنَ مِنْبَرِہٖ وَقَبْرِہٖ سُبْحَانَکَ اللّٰھُمَّ وَبِحَمْدِکَ لَآ اِلٰہَ اِلَّا

ان کے منبر شریف اور قبر انور کے درمیان ہے۔ پاک ہے تو اے اللہ اور تیری حمد کرتے ہیں، نہیں کوئی معبود برحق مگر

اَنْتَ الْحَنَّانُ الْمَنَّانُ یَا ذَا الْجَلَالِ وَالْاِکْرَامِ یَا حَیُّ یَا قَیُّوْمُ

تو ہی مہربان صاحب احسان، اے جلال و اکرام والے۔ اے حی۔ اے قیوم

یَا بَرُّ یَا سَلَامُ یَا بَدِیْعَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ عَالِمَ الْغَیْبِ وَ

اے نکوکار، اے سراسر سلامتی والے از سرِ نو پیدا کرنے والے آسمانوں اور زمینوں کے۔ جاننے والے غیب اور

الشَّھَادَۃِ الْکَبِیْرُ الْمُتَعَالُ اَللّٰھُمَّ بَدِیْعَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ

ظاہر کے، کبریائی اور برتری کے مالک۔ اے اللہ از سرِ نو پیدا کرنے والے آسمانوں اور زمینوں کے،

ذَا الْجَلَالِ وَالْاِکْرَامِ وَالْعِزَّۃِ الَّتِیْ لَا تُرَامُ اَسْئَلُکَ یَآ اَللّٰہُ یَا

اے مالک جلال و اکرام اور ایسے غلبہ کے جس (کے خاتمہ) کا قصد نہیں کیا جاسکتا۔ میں سوال کرتا ہوں تجھ سے۔ اے اللہ اے

رَحْمٰنُ بِجَلَالِکَ وَنُوْرِ وَجْھِکَ اَنْ تُلْزِمَ قَلْبِیْ حِفْظَ کِتَابِکَ

رحمٰن بطفیل تیرے جلال اور نور ذات کے کہ لازم کردے میرے دل میں حفظ اپنی کتاب کا جیسے

کَمَا عَلَّمْتَنِیْ وَارْزُقْنِیْٓ اَنْ اَتْلُوَہٗ عَلَی النَّحْوِ الَّذِیْ یُرْضِیْکَ

کہ تو نے مجھے تعلیم دی اور مجھے نصیب فرما اس کی تلاوت ایسے انداز میں جو راضی کردے تجھے

عَنِّیْ اَللّٰھُمَّ اَسْئَلُکَ اَنْ تُنَوِّرَ بِکِتَابِکَ بَصَرِیْ وَاَنْ تُطْلِقَ

مجھ سے۔ اے اللہ میں سوال کرتا ہوں تجھ سے کہ منور کردے ساتھ اپنی کتاب کے میری نگاہ کو اور روانی بخشے

بِہٖ لِسَانِیْ وَاَنْ تُفَرِّجَ بِہٖ عَنْ قَلْبِیْ وَاَنْ تَشْرَحَ بِہٖ صَدْرِیْ

ساتھ اس کے میری زبان کو اور کھول دے بسبب اس کے میرے دل سے (حجابات) اور وسیع کردے بسبب اس کے میرے سینے کو

وَاَنْ تَسْتَعْمِلَ بِہٖ بَدَنِیْ فَاِنَّہٗ لَا یُعِیْنُنِیْ عَلَی الْحَقِّ غَیْرُکَ

اور عامل بنائے ساتھ اس کے میرے بدن کو کیونکہ نہیں اعانت کرتا میری حق پر سوائے تیرے کوئی بھی

وَلَآ اِلٰہَ اِلَّآ اَنْتَ وَلَا حَوْلَ وَلَا قُوَّۃَ اِلَّا بِاللّٰہِ الْعَلِیِّ الْعَظِیْمِ ؕ

اور نہیں کوئی معبود برحق مگر تو اور نہیں طاقت اور قوت مگر ساتھ اللہ علی عظیم کے۔

اَللّٰھُمَّ اِنِّیْٓ اَسْئَلُکَ وَلَآ اَسْئَلُ اِلٰی غَیْرِکَ وَاَرْغَبُ اِلَیْکَ وَ

اے اللہ بے شک میں سوال کرتا ہوں تجھ سے اور نہیں دامن سوال دراز کرتا تیرے غیر کی طرف اور رغبت کرتا ہوں طرف تیری

لَآ اَرْغَبُ اِلٰی غَیْرِکَ وَاَسْئَلُکَ یَآ اَمَانَ الْخَآئِفِیْنَ وَیَا جَارَ

اور نہیں رغبت رکھتا تیرے غیر کی طرف۔ اور میں سوال کرتا ہوں تجھ سے اے خوف زدگان کو امان دینے والے اور طلبگاران پناہ

الْمُسْتَجِيْرِيْنَ اَنْتَ الْفَتَّاحُ اِلَى الْخَيْرَاتِ وَمُقِيْلُ الْعَثَرَاتِ

کو پناہ دینے والے تو ہی کھولنے والا ہے دروازے طرف خیرات کے۔ اور درگزر کرنے والا ہے لغزشوں سے

وَمَاحِي السَّيِّئَاتِ وَكَاتِبُ الْحَسَنَاتِ وَرَافِعُ الدَّرَجٰتِ وَمَانِعُ

اور مٹانے والا ہے برائیوں کا۔ اور ثابت رکھنے والا ہے حسنات کو اور بلند کرنے والا ہے درجات کا۔ اور روکنے والا ہے

الْبَلِيَّاتِ وَاَسْئَلُكَ بِاَفْضَلِ الْمَسَآئِلِ كُلِّهَا وَاَعْظَمِهَا وَاَنْجَحِهَا

مصائب کو اور سوال کرتا ہوں تجھ سے ساتھ بہترین عظیم تر اور کامیاب ترین انداز سوال کے تمام تر سوالات میں سے کہ

الَّتِي لَا يَنْبَغِي لِلْعِبَادِ اَنْ يَّسْئَلُوْكَ اِلَّا بِهَا اَللّٰهُمَّ اِنَّا نَسْئَلُكَ

نہیں لائق بندوں کے کہ سوال کریں تجھ سے مگر ساتھ اس کے۔ اے اللہ بے شک ہم سوال کرتے ہیں تجھ سے

الْقُرْبَةَ الْاَعْظَمِيَّةَ وَعَذَارَى الْمُشَرَّفَةَ بِشَرَفِهٖ وَشَرَافَتِهٖ صَلَّى

عظیم تر قربت کا اور مقبول معذرتوں کا بطفیل شرف اور شرافت محبوب صلی اللہ

اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَنَسْئَلُكَ بِاَسْمَآئِكَ الْحُسْنٰى وَصِفَاتِكَ

علیہ و سلم کے اور سوال کرتے ہیں تجھ سے بطفیل تیرے اسماء حسنیٰ کے اور تیری بلند مرتبت

الْعُلْيَا وَكَلِمَاتِكَ التَّآمَّاتِ وَبِكُتُبِكَ الْمُنَزَّلَةِ وَبِكِتَابِكَ

صفات کے اور کلمات تامہ کے۔ اور نازل کردہ کتابوں کے اور کتاب

الْعَزِيْزِ وَبِسَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَبْدِكَ وَ

عزیز کے اور بطفیل سیدنا محمد صلی اللہ علیہ وسلم کے جو تیرے عبد اور

رَسُوْلِكَ يَا رَبَّ الْاَرْبَابِ وَيَا مُنْزِلَ الْكِتَابِ يَا سَرِيْعَ

رسول ہیں، اے رب الارباب، اے نازل کرنے والے کتاب کے۔ اے جلدی لینے والے

الْحِسَابِ يَا مَنْ اِذَا دُعِيَ بِهٖ اَجَابَ يَا رَحِيْمُ اَللّٰهُمَّ ارْحَمْنَا

حساب کے۔ اے کہ جب دعا کیا جائے تو قبول فرماتا ہے، اے مہربان۔ اے اللہ رحم فرما ہم پر

بِمَا رَحِمْتَ بِهِ الْمُضْطَرِّيْنَ وَاَجِبْنَا بِمَا اَجَبْتَ بِهِ السَّآئِلِيْنَ

ساتھ اس رحمت خاصہ کے کہ رحم فرماتا ہے ساتھ اس کے مجبوروں پر۔ اور قبول فرما ہمیں ساتھ اس قبولیت کے کہ قبول کیا سائلین کو

اَللّٰهُمَّ هٰذَا الْمَطْلَبُ فِي غَايَةِ الْحَقَارَةِ اِذَا نَظَرْتَ اِلٰى كَرَمِكَ

اے اللہ یہ مطلوب انتہائی حقیر ہے جب نظر فرمائے تو طرف اپنے کرم

وَرَحْمَتِكَ وَعِظَمِ الْوَسِيْلَةِ اَللّٰهُمَّ صَحِّحْنِيْ وَاَوْصِلْنِيْ اِلٰى

اور رحمت کے اور طرف وسیلہ کی عظمت کے۔ اے اللہ مجھے صحت بخش اور مجھے واصل فرما اس

مَا اَوْصَلْتَ اِلَيْهِ اَوْلِيَآئَكَ وَهُوَ عَيْنُ الْمَقْصُوْدِ اَللّٰهُمَّ

مقام تک کہ واصل فرمایا تو نے طرف اس کے اپنے دوستوں کو اور وہی عین مقصود ہے۔ اے اللہ

رَبَّ السَّمٰوٰتِ السَّبْعِ وَرَبَّ الْعَرْشِ الْعَظِيْمِ رَبَّنَا وَرَبَّ

مالک ساتوں آسمانوں کے اور مالک عرش اعظم کے۔ اے رب ہمارے اور رب

كُلِّ شَيْءٍ مُنْزِلَ التَّوْرٰىةِ وَالْاِنْجِيْلِ وَالزَّبُوْرِ وَالْفُرْقَانِ

ہر شئی کے، نازل کرنے والے تورات و انجیل کے اور زبور و فرقان

الْعَظِيْمِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ

عظیم کے۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل فرما سیدنا محمد پر اور آپ کی

سَيِّدِنَا مُحَمَّدِنِ الَّذِيْ شَمَّرَ عَنْ سَاقِهٖ فِي اللّٰهِ وَاجْتَهَدَ وَاَدْخَلَ

تیرے ملک سے کوئی شئی اور اگر مجھے عذاب دے اے میرے رب تو نہیں ترقی ہوگی تیری سلطنت میں

شَيْءٌ يَارَبِّ تَجِدُ مَنْ تُعَذِّبُهٗ غَيْرِيْ وَاَنَا لَا اَجِدُ مَنْ يَّغْفِرُ لِيْ

ذرہ بھر۔ اے میرے رب تو پاتا ہے جس کو عذاب دے سوائے میرے اور میں نہیں پاتا جو بخشے میرے

ذُنُوْبِيْ غَيْرَكَ يَا غَفُوْرُ يَا رَحِيْمُ يَا حَنَّانُ يَا مَنَّانُ يَا ذَا الْجَلَالِ وَالْاِكْرَامِ

گناہ سوائے تیرے۔ اے غفور۔ اے رحیم۔ اے مہربان۔ اے محسن۔ اے صاحب جلال و اکرام

اَشْهَدُ اَنَّ كُلَّ مَعْبُوْدٍ تَحْتَ عَرْشِكَ اِلٰى مُنْتَهٰى قَرَارِ الْاَرَضِيْنَ

میں گواہی دیتا ہوں کہ تمام معبود جو تیرے عرش کے نیچے تمام زمینوں کے منتہائے قرار و سکون تک ہیں

بَاطِلٌ مَّا خَلَا وَجْهَكَ الْكَرِيْمَ اٰمَنْتُ بِاَنْ لَّا اِلٰهَ اِلَّا اَنْتَ رَضِيْتُ

وہ سبھی باطل ہیں ماسوائے تیری ذات کریم کے۔ میرا ایمان ہے کہ نہیں معبود برحق مگر تو۔ میں راضی ہوں (اس عقیدہ پر)

رَبَّنَا يَا غِيَاثَ الْمُسْتَغِيْثِيْنَ اَغِثْنِيْ مِنَ النَّارِ وَنَجِّنِيْ مِنْ سَخَطِكَ

اے رب ہمارے۔ اے فریاد رس فریادیوں کے میری آتش جہنم سے مدد فرما اور مجھے اپنی ناراضگی سے نجات دے

وَاَجِرْنِيْ مِنْ عَذَابِكَ وَفَرِّجْ عَنِّيْ شَرَّ كُلِّ خَلْقِكَ يَا ذَا الْجَلَالِ وَالْاِكْرَامِ

اور اپنے عذاب سے پناہ دے اور دور فرما مجھ سے اپنی تمام مخلوق کا شر اے مالک جلال و اکرام کے

اَللّٰهُمَّ اجْعَلِ التَّوْفِيْقَ رَفِيْقَنَا وَالصِّرَاطَ الْمُسْتَقِيْمَ طَرِيْقَنَا اَللّٰهُمَّ

اے اللہ بنادے توفیق کو ہمارا رفیق اور صراط مستقیم کو ہمارا راستہ و طریقہ۔ اے اللہ

اَوْصِلْنَا اِلٰى مَقَاصِدِنَا وَتُبْ عَلَيْنَا اِنَّكَ اَنْتَ التَّوَّابُ الرَّحِيْمُ اَللّٰهُمَّ

ہمیں ہمارے مقاصد تک پہنچا اور ہم پر نظر رحمت فرما بے شک تو بہت ہی نظر رحمت فرمانے والا مہربان ہے۔ اے اللہ

ارْزُقْنَا لَذَّةَ النَّظَرِ اِلٰى وَجْهِكَ وَالشَّوْقَ اِلٰى لِقَائِكَ اَللّٰهُمَّ بِكَ

ہمیں نصیب فرما اپنی ذات کے دیدار کی لذت اور اپنی ملاقات کا شوق۔ اے اللہ تیری اعانت سے

أَصْبَحْنَا وَبِكَ أَمْسَيْنَا وَبِكَ نَحْيَى وَبِكَ نَمُوتُ وَإِلَيْكَ الْمَصِيرُ اَللّٰهُمَّ

ہم نے صبح کی اور تیری امانت سے ہی شام کی اور تیری توفیق سے زندہ ہیں اور تیرے ہی مارنے سے مرتے ہیں اور تیری طرف ہی منتقل ہونا

إِنِّي أَصْبَحْتُ لَكَ لَا أَسْتَطِيعُ دَفْعَ مَا أَكْرَهُ وَلَا أَمْلِكُ نَفْعَ مَا أَرْجُو مِنْ

ہے۔ اے اللہ میں نے تیرے لیے صبح کی ہے میں طاقت نہیں رکھتا ناپسندیدہ امور کے دور کرنے کی اور نہیں مالک اس نفع کا جس کی امید

رَحْمَتِكَ أَصْبَحْتُ مُرْتَهَنًا بِعَمَلِي وَأَصْبَحَ أَمْرِي بِيَدِ غَيْرِي فَلَا فَقِيرَ

کرتا ہوں تیری رحمت سے، میں اپنے اعمال کے عوض گروی ہو چکا ہوں اور میرا معاملہ میرے ماسوا کے ہاتھ میں جا چکا ہے پس کوئی محتاج بھی

أَفْقَرُ مِنِّي لَا تُشْمِتْ بِي عَدُوِّي وَلَا تَسُؤْ بِي صَدِيقِي وَلَا تَجْعَلْ

مجھ سے زیادہ محتاج نہیں۔ میرے ذریعے میرے دشمن کو خوش نہ فرما اور میری وجہ سے میرے دوست کو مشقت میں نہ ڈال اور نہ بنا

مُصِيبَتِي فِي دِينِي وَدُنْيَايَ وَلَا فِي الْآخِرَةِ وَلَا تَجْعَلِ الدُّنْيَا أَكْبَرَ

میری مصیبت میرے دین اور دنیا میں اور نہ آخرت میں اور نہ بنانا حصول دنیا کو میرا بڑا

هَمِّي وَلَا مَبْلَغَ عِلْمِي وَلَا تُسَلِّطْ عَلَيَّ مَنْ لَا يَرْحَمُنِي فِي الدُّنْيَا وَ

مقصد اور نہ میرا منتہائے علم اور نہ مسلط فرما مجھ پر جو نہ رحم کرے مجھ پر دنیا میں اور

الْآخِرَةِ اَللّٰهُمَّ إِنِّي أَعُوذُ بِكَ مِنَ الذُّنُوبِ الَّتِي تُزِيلُ بِهَا النِّعَمَ

نہ آخرت میں۔ اے اللہ میں تجھ سے پناہ مانگتا ہوں ایسے گناہوں سے کہ تو زائل فرما دے ان کے سبب

وَمِنَ الذُّنُوبِ الَّتِي تُوجِبُ بِهَا النِّقَمَ يَا أَرْحَمَ الرَّاحِمِينَ

اپنی نعمتوں کو اور ایسے گناہوں سے کہ واجب کر دے ان کی وجہ سے انتقام کو اے ارحم الراحمین

اَللّٰهُمَّ أَرِنَا الْحَقَّ حَقًّا وَارْزُقْنَا اتِّبَاعَهُ وَأَرِنَا الْبَاطِلَ بَاطِلًا وَ

اے اللہ ہمیں دکھلا دے حق کو حق اور ہمیں اس کی اتباع نصیب فرما۔ اور باطل کو باطل دکھلا اور

ارْزُقْنَا اجْتِنَابَهُ اَللّٰهُمَّ يَا حَبِيبَ التَّوَّابِينَ تُبْ عَلَيْنَا وَيَا

اس سے دوری نصیب فرما۔ اے اللہ اے حبیب توبہ کرنے والوں کے ہم پر نظر کرم فرما اور اے

أَمَانَ الْخَائِفِينَ آمِنَّا وَيَا دَلِيلَ الْمُتَحَيِّرِينَ دُلَّنَا وَيَا هَادِيَ الْمُضِلِّينَ

امان خوفزدگان کی ہمیں امن عطا فرما۔ اے رہنما حیرت زدگان کے ہماری رہنمائی فرما۔ اے گمراہوں کے ہادی

اِهْدِنَا وَيَا غِيَاثَ الْمُسْتَغِيثِينَ أَغِثْنَا وَيَا رَجَاءَ الْمُنْقَطِعِينَ

ہمیں ہدایت عطا فرما۔ اے فریادیوں کے فریادرس ہماری امداد فرما۔ اے امیدگاہ کٹی امیدوں والوں کی

لَا تَقْطَعْ رَجَائَنَا وَيَا رَاحِمَ الْعَاصِينَ ارْحَمْنَا وَيَا غَافِرَ الْمُذْنِبِينَ

ہماری امیدوں کو قطع نہ فرمانا۔ اے گناہگاروں پر رحم کرنے والے ہم پر رحم فرما۔ اے گناہگاروں کو بخشنے والے

اغْفِرْ لَنَا ذُنُوبَنَا وَكَفِّرْ عَنَّا سَيِّئَاتِنَا وَتَوَفَّنَا مَعَ الْأَبْرَارِ اَللّٰهُمَّ

بخش دے ہمارے گناہ اور دور فرما ہم سے ہماری برائیاں اور ہمیں وفات دے نیک لوگوں کے ساتھ۔ اے اللہ

أَعُوذُ بِكَلِمَاتِ اللهِ التَّامَّاتِ مِنْ غَضَبِهِ وَشَرِّ عِبَادِهِ وَمِنْ

میں پناہ طلب کرتا ہوں اللہ تعالیٰ کے کلمات کاملہ کے طفیل اس کے غضب سے اور اس کے بندوں کے شر سے اور

هَمَزَاتِ الشَّيَاطِينِ وَأَنْ يَحْضُرُونِ اَللّٰهُمَّ اغْفِرْ لَنَا وَلِوَالِدِينَا

شیاطین کے وساوس سے اور ان کے حاضر ہونے سے پاس میرے۔ اے اللہ ہمیں بخش اور ہمارے والدین کو

وَلِمَشَائِخِنَا وَلِأَسَاتِذَتِنَا وَلِأَصْحَابِنَا وَلِأَحْبَابِنَا وَلِعَشَائِرِنَا وَ

اور مشائخ کو اور اساتذہ اور ہمارے اصحاب و احباب کو اور ہمارے اقرباء اور

لِقَبَائِلِنَا وَلِمَنْ لَهُ حَقٌّ عَلَيْنَا وَلِجَمِيعِ أُمَّةِ مُحَمَّدٍ عَلَيْهِ الصَّلٰوةُ وَالسَّلَامُ

اہل قبیلہ کو اور ہر اس شخص کو جس کا ہم پر کسی طرح کا حق ہے اور تمام امت محمد علیہ الصلوٰۃ والسلام کو

وَقِنَا رَبَّنَا شَرَّ مَا قَضَيْتَ وَقِنَا عَذَابَ النَّارِ وَالْقَبْرِ وَيَوْمِ الْقِيٰمَةِ وَاحْشُرْنَا

اور بچا ہمیں اے ہمارے رب اپنی قضا کے شر سے اور بچا ہمیں عذاب دوزخ سے اور عذاب قبر سے اور عذاب قیامت سے اور ہمیں

مَعَ الْمُتَّقِينَ وَالْأَبْرَارِ يَا أَيُّهَا النَّاسُ اذْكُرُوا نِعْمَةَ اللهِ عَلَيْكُمْ هَلْ

اٹھا متقیوں اور نیکوکاروں کے ساتھ۔ اے لوگو یاد کرو اللہ تعالیٰ کی نعمت کو اپنے اوپر۔ کیا ہے

مِنْ خَالِقٍ غَيْرُ اللهِ يَرْزُقُكُمْ مِنَ السَّمَاءِ وَالْأَرْضِ لَا إِلٰهَ إِلَّا هُوَ

کوئی خالق اللہ تعالیٰ کے علاوہ جو تمہیں رزق دے آسمان اور زمین سے نہیں معبود برحق مگر وہی

فَأَنّٰى تُؤْفَكُونَ ۝ اَللّٰهُمَّ أَعِنِّي عَلٰى ذِكْرِكَ وَشُكْرِكَ وَحُسْنِ

پس تم کدھر پھیرے جا رہے ہو۔ اے اللہ میری امداد فرما اپنے ذکر، شکر اور اچھی عبادت

عبادتك واحسن ربوبيتك وكمال معرفتك بعرفان

عبادت پر اور اپنی خوبترین ربوبیت و پرورش پر اور کمال معرفت پر ساتھ اپنے عرفان

وصلك اللهم اعطنا وسخر لنا القوى العالية الملكية و

وصل کے ۔ اے اللہ ہمیں عطا فرما اور ہمارے لیے مسخر فرما قوائے عالیہ ملکیہ اور

الروحية لان استعد بانوارها لانوار تجليات الحجب النورية

روحانیہ کو تاکہ میں استعداد حاصل کروں ان کے انوار کے ذریعے حجابات نورانیہ کے انوار تجلیات کی

حتى اقدر على حل المشكل من عندك المضل لاعدائك واعداء

حتیٰ کہ میں قادر ہو جاؤں حل مشکلات پر تیری طرف سے جو گمراہ کرنے والی ہیں تیرے اعداء کو اور تیرے

رسلك والمحيي والهادي لاوليائك اللهم اقطع عني الجهات

رسولوں کے اعداء کو اور زندگی بخشنے والی اور ہدایت دینے والی ہیں تیرے دوستوں کے لیے ۔ اے اللہ قطع کر مجھ سے وہ جہات

الموقعة لحواسنا في اقطار حدود غير خارجة محبوسة في قيود

جو واقع کرنے والی ہیں ہمارے حواس کو ان حدود کے اطراف میں جو خارج ہونے والی نہیں، مقید ہیں بشریت مادیہ ارضیہ

البشرية الصلصالية الجامدة المكيفة العنصرية اللهم كما ربطت

کی قیود میں جو کہ جامد عنصری کیفیت والی ہے ۔ اے اللہ جیسے تو نے مربوط

الروح الذي هو انا معبدن في هذا والاتي فكذلك اربط قلبي بانوار

فرمایا روح کو جو کہ میری حقیقت ہے میرے اس بدن اور میرے آلات وحواس کیساتھ پس ایسے ہی مرتبط فرما میرے دل کو ساتھ

الفيض التي هي طالعة على ذرات وجودية او كيفية او لطيفة

انوار فیض کے جو طلوع کرنے والے ہیں ذرات وجودیہ یا کیفیت یا ذرات لطیفہ پر

يا جمال السموت والارض يا دهر يا ديهار يا كان يا كينان يا ازل

اے جمال آسمانوں اور زمینوں کے اے دخالق دہر، اے دہر! دہر، اے موجود، اے سرمدی موجود والے، اے بے ابتداء

يا ابد انت الاول والاخر والظاهر والباطن انت الذي وسعت كل

اے بے انتہا، تو ہی اول ہے اور آخر بھی ۔ ظاہر بھی ہے اور باطن بھی ۔ تو ہی ہے جو محیط ہے ہر

شيء رحمة وعلما انت مخترع الاصول ومكون الفروع وموجد

شئی کو ازروئے رحمت و علم کے ۔ تو ایجاد کرنے والا ہے اصول کا ۔ اور موجود کرنیوالا ہے فروع کو اور موجد ہے

الاشخاص من كهوف المظاهر انت الاحد الصمد الذي لم يلد ولم

اشخاص کا مظاہر کی غاروں سے ۔ تو یکتا و بے نیاز ہے جس نے نہ کسی کو جنا اور نہ

يولد لا اله الا الله الحنان المنان بديع السموت والارض يا اله

جنا گیا نہیں معبود برحق مگر اللہ مہربان محسن از سر نو پیدا کرنے والا آسمانوں اور زمینوں کا ۔ اے معبود

القدر الكليات والجزئيات ويا اله جميع الصور العامية في درجة

مقدورات کلیہ و جزئیہ کے ۔ اے معبود ۔ اے معبود تمام صور عامیہ کے جو ثابت ہیں

الكل والجميع والعلمية العملية المنتقشة في نور الجمال الكائنة

جمیع مخلوق اور کل کائنات کے درجہ میں اور معبود تمام صور علمیہ عملیہ کے جو نقش ہیں تیرے نور جمال میں موجود ہیں

على تفاصيلها في اقتضاء النعوت وصفاتك الاضافية على نهج

اپنی تفاصیل سمیت تیری نعوت و صفات اضافیہ کے اقتضاء کی وجہ سے معلومات کے انداز و

المعلومات ويا اله الخلاء الابعد من غير انتهاء ببصر الوهم والعقل

اسلوب پر اور اے معبود بعید ترین خلاء کے جس کی انتہاء نہیں ہے وہم و عقل کی آنکھ میں

وان تواتر فعله في الابد سبحان من عجزت الذوات المقدسة

اگرچہ متواتر ہے فعل اس کا ابد میں، پاک ہے وہ ذات کہ عاجز ہیں ذوات مقدسہ

الطاهرة القادرة طي الارضين السبع مع ما فيها والسموت في

طاہرہ جو قادر ہیں سات زمینوں کے عبور پر مع ان کے موجودات کے اور تمام آسمانوں کے عبور پر مع ان کے موجودات کے

تعقل الالهية الاضافية فما بال الذات المطلقة الاحدية

اس کی الوہیت اضافیہ کے فہم و ادراک سے پس کیا حال ہوگا ۔ اس کی ذات مطلقہ احدیہ کے ادراک کا

الممتنع السير اليها اللهم انا المدنس المنغمس في الحوائج و

جس کی طرف سیر ممتنع ہے ۔ اے اللہ میں آلودہ ہوں اور غرق ہوں حوائج و

الْحَوَادِثِ الرَّدِيَّةِ الدَّنِيَّةِ الْمُقَيِّدَةِ لِهُمُوْمِنَا بِتَدَابِيْرِهَا أَنْتَ الْمُقَدَّسُ

حوادث ردیہ رذیلہ میں جو پابند کرنے والے ہیں ہمارے عزائم کو اپنی تدابیرات کے ساتھ۔ تو ہی مقدس

الْمُطْلَقُ مِنْ صِفَاتِهَا أَنْتَ الرَّحْمٰنُ الرَّحِيْمُ الْوَاهِبُ الْبَاسِطُ غَافِرُ

اور مطلق ہے ایسی صفات سے تو رحمٰن - رحیم - واہب - کشائش دینے والا - گناہ

الذَّنْبِ شَدِيْدُ الْعِقَابِ ذُو الْجَلَالِ وَالْإِكْرَامِ لَا إِلٰهَ غَيْرُكَ يَا قَاهِرُ

بخشنے والا۔ سخت عقاب والا۔ مالک ہے جلال و اکرام کا نہیں معبود برحق سوا تیرے۔ اے قہر فرمانے والے

عَلَى الْأَعْدَآءِ وَالْقَابِضُ لِبُسُوْطِ الْمُتَمَرِّدِيْنَ وَالْكَاسِرُ لِهُمُوْمِ الْجَاهِلِيْنَ

اعداء پر۔ اور قبض کرنے والے سرکشوں کی فراخیوں کے اور توڑنے والے جاہلوں کے عزائم کے

الْقَاصِدِيْنَ إِلٰى سُوْءِ الدَّاعِيْ بِهٰذَا الْوَصْلِ وَإِلٰى أَحِبَّآئِهِ

جو قصد کرنے والے ہیں برائی کا اس وصل و ربط کی دعا کرنے والے اور اس کے احباب

الْمُخْلِصِيْنَ الَّذِيْنَ أَنْعَمْتَ عَلَيْهِمْ غَيْرِ الْمَغْضُوْبِ عَلَيْهِمْ وَلَا

مخلصین کے ساتھ جن پر تو نے انعام فرمایا ہے، جن پر نہ غضب کیا گیا اور نہ وہ

الضَّآلِّيْنَ اَللّٰهُمَّ أَخْرِجْنِيْ عَنْ شُكُوْكِ الْأَوْهَامِ وَالضَّلَالَاتِ

گمراہ ہونے والے ہیں۔ اے اللہ مجھے نکال اوہام اور گمراہیوں کے شکوک سے

وَهَبْ لِيْ مِنْ عِنْدِكَ الْإِسْتِعْدَادَاتِ بِجَمِيْعِ مَوَادِّ الْخَيْرِ عِنْدَكَ

اور عطا فرما مجھے اپنے پاس سے تمام مواد خیر کی استعدادیں جو تیرے پاس ہیں

اَللّٰهُمَّ إِنْ كَانَ لِيْ قَصْدٌ إِلٰى أَقْبَحِ مَحْبُوْبٍ عِنْدَ أَصْحَابِ الْخَطَرِ

اے اللہ اگر میرا قصد ایسی مرغوب چیز کی طرف ہو جو قبیح تر ہے عظیم لوگوں کے نزدیک

فَاصْرِفْنِيْ عَنْهُ إِلٰى مَا هُوَ خَيْرٌ عِنْدَكَ وَمُعِدٌّ لِّمَوَاهِبِكَ وَمُوَفِّقٌ

تو مجھے پھیر اس سے طرف بہترین امر کے نزدیک اپنے۔ جو مجھے تیرے عطاؤں کے لائق بنانے والا ہو اور توفیق دینے

عَلٰى طَاعَتِكَ اَللّٰهُمَّ أَنْتَ بِهَا أَهْلٌ وَّأَنَا بِهٰذِهٖ غَيْرُ مُسْتَعِدٍّ

والا ہو تیری طاعت کا۔ اے اللہ تو ان (کرم نوازیوں) کے لائق ہے اور میں ان کی استعداد سے محروم ہوں

وَأَنْتَ الْمُعْطِيْ بِالْفَضْلِ مِنْ غَيْرِ اسْتِحْقَاقٍ مِّنِّيْ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى

اور تو ہی عطا کرنے والا ہے فضل و احسان کا بغیر میرے استحقاق کے۔ اے اللہ رحمت کاملہ نازل فرما

سَيِّدِنَا مُحَمَّدِنِ الَّذِيْ كَانَ إِذَا تَكَلَّمَ أَطْرَقَ جُلَسَآئُهٗ كَأَنَّمَا عَلٰى

سیدنا محمد پر جو کہ کلام فرماتے تو ان کے ہمنشین اس طرح سر جھکا لیتے گویا کہ

رُءُوْسِهِمُ الطَّيْرُ اَللّٰهُمَّ ارْحَمْنِيْ وَارْحَمْ لِوَالِدَيَّ وَأَقْرِبَآئِيْ وَ

ان کے سروں پر پرندے ہیں۔ اے اللہ مجھ پر رحم فرما اور میرے والدین و اقرباء پر اور

أَزْوَاجِيْ وَارْحَمْ أُمَّتَهٗ كَمَا بَعَثْتَهٗ إِلَيْنَا اَللّٰهُمَّ ارْحَمْ لِلْأُمَمِ

میری بیویوں پر اور رحم فرما محبوب کی امت پر جیسے کہ (از روئے رحمت) بھیجا انہیں ہماری طرف۔ اے اللہ پہلی امتوں پر رحم فرما

السَّالِفَةِ الْمَدْعُوَّةِ الْمُؤْمِنَةِ بِرُسُلِكَ الدَّاعِيَةِ إِلَيْكَ يَا حَيُّ

جنہیں دعوت (ایمان) دی گئی۔ جو ایمان لائے تیرے دعوت دینے والے رسولوں کے ساتھ یا حی

يَا قَيُّوْمُ يَا وَاحِدُ يَا أَحَدُ يَا صَمَدُ بِحَقِّ يَا حَيُّ حِيْنَ لَا حَيَّ فِيْ دَيْمُوْمَةِ

یا قیوم - یا واحد - یا احد - اے بے نیاز بطفیل حق و حرمت (ان کلمات کے) اے زندہ جبکہ نہیں تھا کوئی زندہ اس کے دوام

مُلْكِهٖ وَبَقَآئِهٖ وَبِحَقِّ مِائَةٍ غَيْرِ وَاحِدٍ مِّنْ صِفَاتِكَ الْعَالِيَةِ وَ

ملک اور بقاء میں۔ اور بطفیل اپنی ننانوے صفات عالیہ اور

النُّعُوْتِ الْمُقَدَّسَةِ سَخِّرْ لَنَا الْأَرْوَاحَ الْقُدْسِيَّةَ السَّمَاوِيَّةَ وَ

مقدس نعتوں کے مسخر فرما ہمارے لیے ارواح قدسیہ سماویہ کو اور

الْقُوَى الْعَالِيَةَ يَا إِلٰهَ الْفَلَكِ الْأَطْلَسِ الْكُلِّيِّ وَالْكُرْسِيِّ وَإِلٰهَ مَا فِيْهَا

قوائے عالیہ کو اے الٰہ فلک اطلس کلی اور کرسی کے اور الٰہ ان میں موجود

مِنَ الْأَفْلَاكِ وَالْأَرَضِيْنَ وَمَا فِيْهَا سَخِّرْ لِيْ كُلَّ كَوْنٍ فِيْ خَيْرِ وُجُوْدٍ

افلاک و ارضین کے اور جو کچھ ان میں ہے مسخر فرما میرے لیے ہر موجود کو بہتر وجود میں

نَفَّاعٍ أَوْ ضَرَّارٍ صَغِيْرٍ أَوْ كَبِيْرٍ كُلِّيٍّ أَوْ جُزْئِيٍّ مُتَفَرِّقٍ أَوْ جَمْعٍ وَكَيْفَ

بہت نافع ہو یا بہت نقصان دہ۔ صغیر ہو یا کبیر۔ کلی ہو یا جزئی، متفرق ہو یا مجتمع اور کیا حال ہوگا

إِذَا جِئْنَا مِنْ كُلِّ مَثَلٍ وَبِحَقِّ جَمِيعِ السُّوَرِ الَّتِي أَنْزَلْتَهَا عَلَى عَبْدِكَ
جب ہم لائیں گے ہر نظیر و مثال کو اور بطفیل ان تمام سورتوں کے جن کو تو نے نازل فرمایا اپنے عبد
الْأُمِّيِّ الْقَائِمِ فِي كُلِّ أَمْرٍ بِكَ اَللّٰهُمَّ اكْشِفْ عَلَيَّ مَا طَوَيْتَ فِي الْحُرُوفِ
امی پر جو قائم ہیں ہر امر میں ساتھ تیرے۔ اے اللہ منکشف فرما مجھ پر جو پوشیدہ کئے ہیں تو نے قرآنی
فِي السُّوَرِ الْقُرْآنِيَّةِ مِنَ الْأَسْرَارِ الْعَجِيبَةِ الَّتِي عَجَزَتْ عُقُولُ الْعُقَلَاءِ
حروف اور سورتوں میں اسرار عجیبہ کہ عقلاء کے عقول عاجز ہیں ان
عَنْ فُهُومِهَا كَمَا قَالَ وَلَا رَطْبٍ وَّلَا يَابِسٍ إِلَّا فِي كِتَابٍ مُّبِينٍ ۝ وَ
کے فہم سے جیسے کہ فرمایا " اور نہیں کوئی تر اور نہ خشک شئی مگر کتاب مبین میں ہے " اور
بِحَقِّ الْحَقَائِقِ الْمُغَيَّبَةِ عَنَّا الْمُشَاهَدَةِ الْقَائِمَةِ بِكَ مِنْ غَيْرِ خُطُورِ
بطفیل ان حقائق کے کہ غائب کردئے گئے ہمارے مشاہدہ سے جو قائم ہیں تیرے ساتھ بغیر کسی غیر کے
غَيْرٍ كَمَا نَبَّهْتَ عَلَى هٰذَا فِي الطَّبِيعَةِ الَّتِي خَلَقْتَهَا وَبِحَقِّ الْأَجْسَامِ
کھٹکے کے جیسے کہ متنبہ فرمایا تو نے اس امر پر اس طبیعت میں جسے تو نے پیدا فرمایا اور بطفیل ان اجسام
السِّفْلِيَّةِ الرُّسُلِيَّةِ الدَّاعِيَةِ إِلَى كُلِّ أَمْرٍ عِنْدَكَ مِنْ غَيْرِ
زیریں کے جو رسولوں کے ہیں جو بلانے والے ہیں طرف تیرے تمام احکام کے بغیر
إِشْرَاكٍ لَّكَ خَالِصَةً لِّرُبُوبِيَّتِكَ وَقَابِلَةً لِّتَكَالِيفِ أَمْرِكَ
شرک کئے خالص کرتے ہوئے تیری ربوبیت کو اور قبول کرتے ہوئے تیرے امر کی تکالیف کو
إِنَّا عَرَضْنَا الْأَمَانَةَ عَلَى السَّمٰوٰتِ وَالْأَرْضِ وَالْجِبَالِ فَأَبَيْنَ أَنْ
"بیشک ہم نے پیش کی امانت تمام آسمانوں، زمین اور پہاڑوں پر پس انہوں نے انکار کیا اس کے
يَّحْمِلْنَهَا وَأَشْفَقْنَ مِنْهَا وَحَمَلَهَا الْإِنْسَانُ فَسُبْحَانَ مَنْ خَافَ عَنْهُ
اٹھانے سے اور ڈر گئے سبھی اس سے اور اٹھا لیا اس کو انسان نے" پس پاک ہے وہ کہ ہو گئے
أَجْسَامٌ صُلْبِيَّةٌ شَاقَّةٌ قَوِيَّةٌ كَالْعِهْنِ الْمَنْفُوشِ فِي أَنْ يَّتَحَمَّلْنَ
اس سے سخت ترین قوی اور مضبوط اجسام خوفزدہ ہو کر مانند دھنی ہوئی روئی کے تیرے امر و تکالیف کو برداشت کرنے

أَمْرَكَ وَتَكْلِيفَكَ وَنَحْنُ قَبِلْنَا لِتَعْظِيمِهِ كَمَا جَرَى عِنْدَكَ مِنْ قَضَائِكَ
سے اور ہم نے قبول کر لیا تیری تعظیم کے لیے جیسے کہ نافذ ہوئی تیرے ہاں قضاء اور
وَحُكْمِكَ غَيْرَ مُقْتَضٰى قَضَائِكَ اَللّٰهُمَّ إِنِّي ظَالِمٌ لِّنَفْسِي وَأَنْتَ
حکم در آنحالیکہ وہ تیری قضاء کا مقتضیٰ نہیں تھا اگر اس کی تبولیت سے مفر نہ ہوتا اے اللہ میں اپنے نفس پر ظلم کئے ہوئے ہوں اور تو
فَعَّالٌ لِّمَا فِي حُكْمِكَ وَلَوْحِكَ كُلُّ صَغِيرٍ وَّكَبِيرٍ مُّسْتَطَرٌ وَّقَدْ
کرنے والا ہے ہر امر کا جو تیرے حکم اور لوح محفوظ میں ہے۔ ہر صغیر و کبیر لکھا ہوا ہے اور تحقیق تو نے
قُلْتَ إِنَّا كُلَّ شَيْءٍ خَلَقْنٰهُ بِقَدَرٍ اَللّٰهُمَّ يَسِّرْ لِي إِلَى عُرُوجِ الْمَقَامِ
فرمایا ہے "ہم نے ہر شئی کو اندازے کے ساتھ پیدا فرمایا ہے" اے اللہ میرے لیے آسان فرما مقام لاہوتی پر
اللَّاهُوتِيِّ حَتّٰى يَصْدُقَ عَلَيَّ وَمَا مِنَّا إِلَّا لَهٗ مَقَامٌ مَّعْلُومٌ ۝ اَللّٰهُمَّ
عروج حتیٰ کہ صادق آئے مجھ پر کہ "نہیں ہم سے کوئی مگر اس کے لیے متعین مقام ہے"۔ اے اللہ
صَلِّ وَسَلِّمْ عَلَى مُحَمَّدٍ وَّعَلَى آلِ مُحَمَّدٍ سَيِّدِ أَهْلِ وَفَائِكَ اَللّٰهُمَّ صَلِّ
صلوٰۃ و سلام نازل فرما محمد و آل محمد پر جو محبوب تیرے اہل وفا کے سردار ہیں۔ اے اللہ صلوٰۃ
وَسَلِّمْ عَلَى مُحَمَّدٍ وَّعَلَى آلِ مُحَمَّدٍ سَيِّدِ كُلِّ مَنْ أَرْشَدَ إِلَيْكَ اَللّٰهُمَّ
و سلام نازل فرما محمد و آل محمد پر جو محبوب کہ تیری راہ دکھلانے والوں کے سردار ہیں۔ اے اللہ
صَلِّ وَسَلِّمْ عَلَى مُحَمَّدٍ وَّعَلَى آلِ مُحَمَّدٍ سَيِّدِ الزَّمْزَمِ وَالصَّفَا وَالتُّقٰى
صلوٰۃ و سلام نازل فرما محمد و آل محمد پر جو آقا سردار ہیں زمزم، صفا اور اہل تقویٰ کے
اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلَى مُحَمَّدٍ وَّعَلَى آلِ مُحَمَّدٍ سَيِّدِ كَافَّةِ الْأَنَامِ
اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل فرما محمد و آل محمد پر جو محبوب سردار ہیں تمام مخلوق کے
اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلَى مُحَمَّدٍ وَّعَلَى آلِ مُحَمَّدٍ سَيِّدِ النُّورِ الْعِبَادِ
اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل فرما محمد و آل محمد پر جو محبوب سردار ہیں نورانی بندوں کے
اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلَى مُحَمَّدٍ وَّعَلَى آلِ مُحَمَّدٍ سَيِّدِ كُلِّ وَالِدٍ وَّمَوْلُودٍ
اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل فرما محمد و آل محمد پر جو محبوب سردار ہیں ہر باپ اور بیٹے کے

اللّٰھم صلّ وسلّم علٰی سیّدنا محمّدٍ وّعلٰی کلّ وارث صاحب
اے اللہ صلواۃ و سلام نازل فرما سیدنا محمد پر اور آپ کے ہر وارث پر کہ

السّید والسّیادۃ وصلّ علٰی سیّد الاوّلین وصلّ علٰی سیّد
جو خود سردار ہے اور سیادت کا مالک ہے اور صلواۃ نازل فرما اوّلین کے سردار پر اور صلواۃ نازل فرما

الاٰخرین وصلّ علٰی سیّد المقبولین وصلّ علٰی سیّد
آخرین کے سردار پر اور صلواۃ بھیج مقبولین کے سردار پر اور صلواۃ بھیج محبین کے

المحبّین وصلّ علٰی سیّد المحبوبین بسم اللّٰہ ربّ الاوّلین
سردار پر ۔ اور صلواۃ بھیج محبوبین کے سردار پر ۔ ساتھ نام اللہ کے جو رب ہے اوّلین و

والاٰخرین خالق من فی السّمٰوٰت ومن فی الارض باعث
آخرین کا ۔ خالق ہے آسمان والوں اور زمین والوں کا بھیجنے والا ہے

الانبیآء والمرسلین والمؤمنین بالحقّ المعبود فی کلّ مکان
انبیاء و مرسلین اور مومنین کو ساتھ حق کے ۔ معبود ہے ہر مکان میں

الموحّد بکلّ لسان الفاضل القدیم المتقن لما صنع القاھر
توحید والا ہے ہر زبان کے ساتھ، صاحب فضل اور قدیم ہے، مضبوط بنانے والا ہے ہر مصنوع کو، غالب ہے

لخلقہٖ اجمعین القدّوس الّذی ذلّت لہ الرّقاب وخضعت
اپنی تمام مخلوق پر ۔ مقدس ہے جس کے لیے تمام گردنیں تواضع کناں ہیں اور عاجزی ظاہر کرتی ہیں

لہ الشّمّ الشّامخات وعنت الوجوہ للحیّ القیّوم وقد خاب من
اس کے لیے بلند و بالا شخصیات اور جھکے ہیں سب چہرے حی قیوم کے لیے اور رسوا ہوا جس نے

حمل ظلمًا یا دآئم یا دیموم انت ترانی وتسمع کلامی وتضرّعی
ظلم کیا اے دائم ۔ اے ہمیشہ ہمیشہ قائم، تو مجھے دیکھتا اور میرا کلام سنتا ہے اور میری زاری کو

وشکوای انت مقصدی وسؤلی ورجآئی وانا المحتاج الیک
اور اظہار رنج والم کو ۔ تو ہی میرا مقصود، میرا سوال اور میری رجاء و امید ہے اور میں محتاج ہوں تیری طرف

وانت عالم السّرّ والنّجوٰی ولا یخفٰی علیک شیءٌ فی الارض
اور تو جاننے والا ہے رازوں اور سرگوشیوں کا اور نہیں مخفی تجھ پر کوئی شئ زمین میں

ولا فی السّمآء انت ربّ العرش العظیم ، اسئلک علمًا
اور نہ آسمان میں تو مالک ہے عرش عظیم کا ۔ میں تجھ سے سوال کرتا ہوں علم

نّافعًا ودینًا قیّمًا ویقینًا صادقًا وّحکمۃً بالغۃً واسئلک
نافع اور مضبوط دین کا یقین صادق اور حکمت کاملہ کا ۔ اور میں سوال کرتا ہوں تجھ سے

کشف حجاب الغیب بما فیہ حتّٰی اشاھد الرّوح الباقی یا
غیب کے پردے اٹھانے کا بمع اس میں موجود تمام اسرار کے حتیٰ کہ میں مشاہدہ کروں روح باقی کا اے

نور السّمٰوٰت والارض وربّ العرش العظیم اسئلک
روشن کرنے والے آسمانوں اور زمینوں کے اور مالک عرش عظیم کے ۔ میں تجھ سے سوال کرتا ہوں

ان تصلّی وتسلّم علٰی سیّدنا محمّدٍ وّان تکشف لی عن
کہ صلواۃ وسلام نازل فرمائے سیدنا محمد پر اور مجھ پر ظاہر کرے اپنے اسماء

اسرار اسمآئک وان تسخّر لی جمیع خلقک بالطّاعۃ وقلبی
کے اسرار اور مسخر فرمائے میرے لیے اپنی تمام مخلوق اطاعت کے ساتھ اور میرے دل کو

لک بالعبادۃ وان ترزقنی انوار ھدایتک ومعرفۃ اسرارک
اپنی عبادت کے ساتھ اور مجھے اپنی ہدایت اور معرفت اسرار کے انوار عطا کرے

حتّٰی اکون مبتھجًا بباھر ما یظھر من لطفک یا لطیف اللّٰہ لطیف
حتیٰ کہ میں مسرور ہو جاؤں تیرے ظاہر و غالب لطف و کرم کے ساتھ اے صاحب لطف، اللہ مہربان ہے

بعبادہٖ یرزق من یّشآء وھو القویّ العزیز اللّٰھمّ صلّ علٰی محمّدٍ
اپنے بندوں کے ساتھ ۔ رزق دیتا ہے جسے چاہے اور وہ قوی عزیز ہے ۔ اے اللہ صلواۃ نازل فرما محمد

وّعلٰی اٰل محمّدٍ کما صلّیت علٰی ابراھیم وعلٰی اٰل ابراھیم وبارک علٰی محمّدٍ وّ
اور آل محمد پر جیسے تو نے صلواۃ نازل فرمائی ابراہیم اور آل ابراہیم پر اور برکت نازل فرما محمد و

عَلٰی اٰلِ مُحَمَّدٍ کَمَا بَارَکْتَ عَلٰی اِبْرَاهِیْمَ وَعَلٰی اٰلِ اِبْرَاهِیْمَ اِنَّكَ حَمِیْدٌ مَّجِیْدٌ

آل محمد پر جیسے تونے برکت نازل فرمائی ابراہیم پر اور آل ابراہیم پر بیشک تو قابل ستائش بزرگی والا ہے

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِ مُحَمَّدٍ کَمَا صَلَّیْتَ عَلٰی اٰلِ اِبْرَاهِیْمَ وَ

اے اللہ رحمت نازل فرما محمد و آل محمد پر جیسے رحمت نازل فرمائی آل ابراہیم پر اور

بَارِكْ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِ مُحَمَّدٍ کَمَا بَارَکْتَ عَلٰی اٰلِ اِبْرَاهِیْمَ فِی الْعٰلَمِیْنَ

برکت دے محمد اور آل محمد پر جیسے برکت دی آل ابراہیم کو تمام جہانوں میں،

اِنَّكَ حَمِیْدٌ مَّجِیْدٌ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدِنِ النَّبِیِّ الْاُمِّیِّ وَعَلٰی اٰلِ مُحَمَّدٍ

بے شک تو حمید مجید ہے۔ اے اللہ صلوٰۃ نازل فرما محمد نبی امی پر اور آل محمد پر

کَمَا صَلَّیْتَ عَلٰی اِبْرَاهِیْمَ وَعَلٰی اٰلِ اِبْرَاهِیْمَ اَللّٰهُمَّ لَكَ الْحَمْدُ

جیسے صلوٰۃ نازل فرمائی ابراہیم اور آل ابراہیم پر۔ اے اللہ تیرے ہی لیے حمد ہے

اِلٰهِیْ لَآ اِلٰهَ اِلَّآ اَنْتَ یَا مَالِكَ الْمُلْكِ وَلَكَ الْحَمْدُ یَآ اِلٰهِیْ لَآ اَحَدَ اِلَّآ

اے میرے الٰہ نہیں معبود برحق مگر تو اے مالک ملک اور تیرے ہی لیے حمد ہے اے میرے الٰہ نہیں کوئی دوسرا

اَنْتَ لَا سُلْطَانَ اِلَّآ اَنْتَ لَا وَاحِدَ اِلَّآ اَنْتَ لَا خَالِقَ اِلَّآ اَنْتَ لَا

سوا تیرے۔ نہیں کوئی بادشاہ مگر تو۔ نہیں کوئی یکتا مگر تو نہیں کوئی خالق مگر تو نہیں

بُرْهَانَ اِلَّا لَكَ لَا جَبَّارَ اِلَّآ اَنْتَ لَا قَهَّارَ اِلَّآ اَنْتَ لَا رَزَّاقَ اِلَّآ

دلیل و ثبوت مگر تیرے لیے نہیں جبار مگر تو۔ نہیں قہار مگر تو، نہیں رزاق مگر

اَنْتَ لَا قَادِرَ اِلَّآ اَنْتَ لَا سَمِیْعَ وَلَا بَصِیْرَ وَالْکَافِیْ وَالْهَادِیْ اِلَّآ

تو نہیں صاحب قدرت مگر تو۔ نہیں کوئی (حقیقی) سمیع و بصیر اور کافی و ہادی مگر

اَنْتَ وَلَكَ الْحَمْدُ اِلٰهِیْ اَنْتَ خَیْرُ الْفَاتِحِیْنَ وَاَنْتَ مُقَلِّبُ الْقُلُوْبِ

تو ہی اور تیرے ہی لیے حمد ہے اے میرے الٰہ تو بہتر ہے تمام کشف کرنے والوں سے اور تو دلوں میں انقلاب لانے والا ہے

وَاِلٰهُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ اَللّٰهُمَّ عَطِّفْ عَلَیَّ قُلُوْبَ عِبَادِكَ مِنْ

اور معبود ہے تمام آسمانوں اور زمینوں میں۔ اے اللہ مہربان فرما مجھ پر اپنے تمام بندوں کے دل

اَوْلَادِ اٰدَمَ وَبَنَاتِ حَوَّآءَ مِنْ کُلِّ ذَکَرٍ وَّاُنْثٰی وَحُرٍّ وَّعَبْدٍ وَّصَغِیْرٍ

اولادِ آدم اور حوّا کی بیٹیوں سے ہر مذکر اور مونث اور آزاد و غلام چھوٹے

وَّکَبِیْرٍ بِالْمَحَبَّةِ الدَّآئِمَةِ وَالْمَوَدَّةِ وَالرَّاْفَةِ وَالرَّحْمَةِ وَاجْلِبْ

اور بڑے کا ساتھ دائمی محبت و مودت اور رأفت و رحمت کے اور کھینچ لے

قُلُوْبَهُمْ مِّنْ شَرِّ مَا یُضْمِرُوْنَ وَیُرِیْدُوْنَ لِیْ وَادْفَعْ عَنِّیْ مَکْرَهُمْ

ان کے دلوں سے اس شر کو جس کو چھپاتے ہیں اور ارادہ رکھتے ہیں اس کا میرے لیے اور دور فرما مجھ سے ان

وَاِذَاهُمْ وَشَرَّهُمْ اَللّٰهُمَّ بِحُرْمَةِ مَا تَلَوْتُهٗ اَسْئَلُكَ اَنْ تُرِیَنِیْ

کے مکر، ایذاء اور شر کو۔ اے اللہ بطفیل اس کے جس کی میں نے تلاوت کی ہے میں سوال کرتا ہوں کہ مجھے اپنے کرم سے

حَرَمَكَ بِکَرَمِكَ وَبَلِّغْنِیْ زِیَارَةَ قَبْرِ نَبِیِّكَ مُحَمَّدٍ صَلَّی اللّٰهُ

اپنا حرم دکھلائے اور مجھے پہنچائے اپنے نبی محمد کی قبر انور کی زیارت تک صلّی اللہ

عَلَیْهِ وَسَلَّمَ یَا قَاضِیَ الْحَاجَاتِ یَا مُجِیْبَ الدَّعَوَاتِ فِی

علیہ وسلم۔ اے پورا کرنے والے حاجات کے۔ اے قبول کرنے والے دعاؤں کے

الدَّارَیْنِ بِرُؤْیَتِهٖ وَثَبِّتْ قُلُوْبَنَا عَلٰی مَحَبَّتِهٖ وَاسْتَعْمِلْنَا عَلٰی

دونوں جہانوں میں ان کے دیدار سے اور ثابت رکھے ہمارے دلوں کو ان کی محبت پر اور ہمیں عامل بنائے

سُنَّتِهٖ وَتَوَفَّنَا عَلٰی مِلَّتِهٖ وَاحْشُرْنَا فِیْ زُمْرَتِهِ النَّاجِیَةِ وَحِزْبِهِ

ان کی سنت پر اور ہمیں وفات دے ان کی ملت پر اور ہمارا حشر فرمائے ان کی جماعت میں جو نجات پانیوالی ہے اور گروہ

الْمُفْلِحِیْنَ وَانْفَعْنَا بِمَا انْطَوَتْ عَلَیْهِ قُلُوْبُنَا مِنْ مَّحَبَّتِهٖ صَلَّی اللّٰهُ

میں جو فلاح پانے والے ہیں اور ہمیں نفع دے ان کی محبت کے ساتھ جسے ہمارے دل محیط ہیں۔ صلّی اللہ علیہ

عَلَیْهِ وَسَلَّمَ یَوْمَ لَا جَدَّ وَلَا مَالَ وَلَا بَنِیْنَ وَاَوْرِدْنَا حَوْضَهُ الْاَصْفٰی

وسلم جس دن نہ نسب کار آمد ہوگا، نہ مال اور نہ بیٹے اور ہمیں وارد فرمانا ان کے صاف ترین حوض پر

وَاسْقِنَا بِکَاْسِهِ الْاَوْفٰی وَیَسِّرْ عَلَیْنَا زِیَارَةَ حَرَمِكَ وَحَرَمِهٖ فِی الْمَنَامِ

اور ہمیں پلانا ان کے وافی پیالے کے ساتھ اور آسان فرما ہم پر اپنے حرم کی اور ان کے حرم کی زیارت خواب

وَالْيَقْظَةِ مِنْ قَبْلِ اَنْ تُمِيْتَنَا وَاَدِمْ عَلَيْنَا الْاِقَامَةَ بِحَرَمِكَ

اور بیداری میں قبل اس کے کہ وفات دے اور دائمی بنا ہم پر اپنے حرم

وَحَرَمِهٖ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِلٰى اَنْ تَتَوَفّٰى اَللّٰهُمَّ اجْعَلْنِىْ

اور حرم حبیب کی اقامت صلی اللہ علیہ وسلم یہاں تک کہ ہم (وہیں) وفات پائیں۔ اے اللہ مجھے بنا

مِمَّنْ لَزِمَ مِلَّةَ نَبِيِّكَ مُحَمَّدٍ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَعَظَّمَ

اپنے نبی محمد کی ملت کو لازم پکڑنے والوں سے صلی اللہ علیہ وسلم اور ان کی عزت و تعظیم

حُرْمَتَهٗ وَاَعَزَّ كَلِمَتَهٗ وَحَفِظَ عَهْدَهٗ وَذِمَّتَهٗ وَنَصَرَ حِزْبَهٗ وَدَعْوَتَهٗ

کرنے والوں سے اور ان کے کلمہ کو غالب اور ان کے عہد اور ذمہ داری کی حفاظت ان کی جماعت اور دعوت کی امداد کرنیوالوں سے

وَكَثَّرَ تَابِعِيْهِ وَفِرْقَتَهٗ وَوَافٰى زُمْرَتَهٗ وَلَمْ يُخَالِفْ سَبِيْلَهٗ وَ

ان کے تابعین اور جماعت کو بڑھانے والوں اور ان کی جماعت کی موافقت والوں سے جنہوں نے ان کی راہ و سنت کی

سُنَّتَهٗ اَللّٰهُمَّ اِنِّىْ اَسْاَلُكَ الْاِسْتِمْسَاكَ بِسُنَّتِهٖ وَاَعُوْذُبِكَ مِنْ

مخالفت نہیں کی۔ اے اللہ میں تجھ سے سوال کرتا ہوں ان کی سنت کے تمسک کا میں پناہ طلب کرتا ہوں تیری

شَرِّ مَا اسْتَعَاذَكَ مِنْهُ مُحَمَّدٌ نَبِيُّكَ وَرَسُوْلُكَ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَ

ہر اس شر سے جس سے تیرے نبی و رسول محمد نے تیری پناہ طلب کی۔ صلی اللہ علیہ

سَلَّمَ اَللّٰهُمَّ اَدْخِلْنَا مَعَهٗ بِشَفَاعَتِهٖ وَضَمَانَتِهٖ وَرِعَايَتِهٖ وَمَعَ

وسلم۔ اے اللہ ہمیں ان کے ساتھ داخل فرما ان کی شفاعت۔ ضمانت اور رعایت کے طفیل اور ان کے

اٰلِهٖ وَاَصْحَابِهٖ بِدَارِكَ دَارِ السَّلَامِ فِىْ مَقْعَدِ صِدْقٍ عِنْدَ مَلِيْكٍ مُّقْتَدِرٍ

آل و اصحاب کے ساتھ اپنے دار سلام (جنت) میں سچائی کی نشست گاہ میں صاحب ملک واقتدار کے ہاں

يَا ذَا الْجَلَالِ وَالْاِكْرَامِ ط وَاَتْحِفْنَا بِمُشَاهَدَتِهٖ بِلَطِيْفِ مَنَازِلِهٖ يَا كَرِيْمُ

اے صاحب جلال واکرام اور ہمیں تحفہ عطا فرما ان کے دیدار کا ان کی پاکیزہ ترین منازل میں، اے کریم

يَا رَحِيْمُ اَكْرِمْنَا بِالنَّظَرِ اِلٰى جَمَالِ سُبُحَاتِ وَجْهِكَ الْعَظِيْمِ ط وَ

اے رحیم۔ ہمیں عزت بخش ساتھ دیکھنے اپنی ذات عظیمہ کے جمال انوار کے اور

اَحْفَظْنَا بِكَرَامَتِهٖ بِالتَّكْرِيْمِ وَالتَّبْجِيْلِ وَالتَّعْظِيْمِ ط وَاَكْرِمْنَا بِنُزُلِهٖ

ہمیں حفظ وامان بخش ان کی بزرگی کے صدقہ میں ساتھ اکرام اور توقیر و تعظیم کے اور ہمیں مکرم فرما ان کی مہمانی کیساتھ

نُزُلًا مِّنْ غَفُوْرٍ رَّحِيْمٍ ط فِىْ رَوْضِ رِضْوَانٍ اُحِلُّ عَلَيْكُمْ رِضْوَانِىْ

جو درحقیقت مہمانی ہے غفور رحیم کی طرف سے رضامندیوں کے باغات میں" حلال ٹھہراتا ہوں میں تم پر اپنی رضامندی

فَلَا اَسْخَطُ عَلَيْكُمْ اَبَدًا وَّاُعْطِيْكُمْ مَفَاتِيْحَ الْغَيْبِ لِخَزَائِنِ السِّرِّ الْمَكْنُوْنِ

پس میں ناراض نہیں ہوں گا تم پر کبھی اور عطا کرتا ہوں تمہیں غیب کی چابیاں واسطے پوشیدہ اسرار کے خزائن کے

فِىْ مَكْنُوْنِ حَنَّانٍ مَعَارِفِ صِفَاتِ الْمَعَانِىْ بِاَنْوَارِ الذَّاتِ عَلَى الْاَرَائِكِ

جو مخفی ہیں مہربان خدا کے ہاں یعنی معارف صفات معانی کے بطفیل انوار ذات کے، آرام کرسیوں پر بیٹھے

يَنْظُرُوْنَ وَلَهُمْ مَّا يَدَّعُوْنَ سَلٰمٌ قَوْلًا مِّنْ رَّبٍّ رَّحِيْمٍ بِانْعِطَافِ

دیکھتے ہوں گے اور ان کے لیے ہے جو طلب کریں۔ سلام ہے در آنحالیکہ کہا ہوا ہے رب رحیم کی طرف سے بسبب مہربانی

رَاْفَةِ الرَّاْفَةِ الْمُحَمَّدِيَّةِ مِنْ عَيْنِ عِنَايَتِهٖ فَضْلًا مِّنْ رَّبِّكَ ذٰلِكَ

رأفت محمدیہ کے جو حاصل ہونے والی ہے ان کی خاص عنایت سے جبکہ وہ تفضل ہے تیرے رب کا وہی

هُوَ الْفَوْزُ الْعَظِيْمُ فِىْ مَحَاسِنِ قُصُوْرِ ذَخَائِرِ السَّرَائِرِ فَلَا تَعْلَمُ

عظیم کامیابی ہے۔ مخفی اسرار کے ذخائر والے خوبصورت محلات میں پس نہیں جانتا کوئی نفس جو

نَفْسٌ مَّا اُخْفِىَ لَهُمْ مِّنْ قُرَّةِ اَعْيُنٍ جَزَآءً بِمَا كَانُوْا يَعْمَلُوْنَ فِىْ

اس کے لیے پوشیدہ رکھا ہے آنکھوں کی ٹھنڈک سے درآنحالیکہ وہ جزاء ہے ان کے اعمال کی

مَنَصَّةِ مَحَاسِنِ خَوَاتِمِ دَعْوٰىهُمْ فِيْهَا سُبْحٰنَكَ اللّٰهُمَّ وَتَحِيَّتُهُمْ فِيْهَا سَلٰمٌ

محل ظہور میں خوبترین محاسن والے آخری کلمات کے یعنی دعا ان کی جنت میں یہ ہوگی پاک ہے تو اے اللہ اور باہمی تحفے ان کے سلام ہیں

وَاٰخِرُ دَعْوٰىهُمْ اَنِ الْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ اَللّٰهُمَّ يَا ظَاهِرُ يَا بَاطِنُ

اور آخری دعا ان کی ہے کہ سب تعریفیں اللہ رب العالمین کے لیے ہیں۔ اے اللہ۔ اے ظاہر۔ اے باطن

يَا ذَا الْمَعَارِجِ تَعْرُجُ اِلَيْكَ اَرْوَاحُنَا وَقَدَّرْتَ اٰجَالَنَا يَا مُحْصِىْ

اے بلندیوں والے بلند ہوتے ہیں تیری طرف ہمارے ارواح اور تو نے مقدر فرمایا ہماری مدت عمر کو۔ اے احاطہ کرنیوالا

أَحْصَيْتَ أَنْفَاسَنَا وَأَكْسَابَنَا وَأَدْرَكْتَ أَسْرَارَنَا وَإِعْلَانَنَا يَا حَافِظُ

تو نے احاطہ کیا ہے ہمارے سانسوں اور ہمارے اعمال کا اور جان لیا ہے ہمارے پوشیدہ اور ظاہر کو۔ اے حفاظت کرنے والے

يَا خَافِضُ يَا رَافِعُ أَنْتَ الْمُقَدِّمُ وَأَنْتَ الْمُؤَخِّرُ وَتَخْفِضُ مَنْ تَشَاءُ

اے پست کرنے والے۔ اے بلند کرنے والے۔ تو ہی سبقت دینے والا ہے اور تو ہی مؤخر کرنے والا ہے۔ پست کرتا ہے جسے

قَهْرًا وَتَرْفَعُ مَنْ تَشَاءُ قَدْرًا مَنْ رَفَعْتَهُ ارْتَفَعَ وَمَنْ وَضَعْتَهُ

چاہے اپنے قہر سے۔ اور بلند کرتا ہے قدر جس کی چاہے۔ تو جسے بلند کرے وہ بلند ہو گیا اور جسے پست کرے

اتَّضَعَ وَمَنْ أَكْرَمْتَهُ لَمْ يُهَنْ يَا رَافِعَ الدَّرَجَاتِ لَكَ الْأَسْمَاءُ

وہ پست ہو گیا جسے تو عزت دے وہ حقیر نہیں ہوتا اے درجات کے بلند کرنے والے تیرے لیے ہی حسین

الْحُسْنٰى وَالْأَمْثَالُ الْعُلْيَا يَا ذَا الْعَرْشِ الْمَجِيدِ يَا مُبْدِئُ يَا مُعِيدُ

اسماء اور اعلیٰ صفات ہیں۔ اے عرش مجید والے۔ اے (تخلیق کی) ابتداء کرنے والے اور لوٹانے والے

يَا رَحْمٰنُ يَا رَحِيمُ ارْحَمْنَا يَا مُؤْمِنُ آمِنَّا يَا مُهَيْمِنُ يَا جَبَّارُ اجْبُرْنَا

اے رحمٰن اے رحیم ہم پر رحم فرما۔ اے امن دینے والے ہمیں امن دے۔ اے نگران۔ اے جبار ہماری شکستگی درست فرما

يَا سَلَامُ سَلِّمْنَا يَا غَفَّارُ يَا غَفُورُ اغْفِرْ لَنَا يَا رَزَّاقُ ارْزُقْنَا

اے سلام ہمیں سلامتی دے۔ اے غفار۔ اے غفور ہمیں بخش اے رزاق ہمیں رزق دے

يَا رَءُوفُ ارْءُفْ بِنَا يَا عَفُوُّ عَافِنَا فَاعْفُ عَنَّا يَا لَطِيفُ الْطُفْ

اے مہربان ہم پر مہربانی فرما۔ اے درگزر فرمانے والے ہمیں عافیت دے پس درگزر فرما اے لطیف لطف فرما۔

بِنَا يَا حَلِيمُ احْلُمْ عَنَّا يَا حَافِظُ يَا حَفِيظُ احْفَظْنَا يَا عَزِيزُ يَا

اے حلیم ہمارے ساتھ بردباری فرما۔ اے حافظ اے حفیظ ہماری حفاظت فرما۔ اے عزیز اے

مُعِزُّ عِزَّنَا يَا صَبُورُ صَبِّرْنَا يَا نَصِيرُ انْصُرْنَا يَا مُغِيثُ أَغِثْنَا يَا

عزت بخشنے والے ہمیں عزت دے۔ اے صبور ہمیں صابر بنا۔ اے نصیر ہماری نصرت فرما۔ اے فریادرس ہماری فریادرسی فرما اے

كَافِي اكْفِنَا يَا وَاقِي قِنَا يَا وَالِي يَا مُتَعَالِي يَا مَوْلَايَ تَوَلَّنَا يَا حَنَّانُ

کافی ہمیں کفایت فرما۔ اے بچانے والے ہمیں بچا لے والی۔ اے بلند شان۔ اے مولا ہماری کارسازی فرما۔ اے حنان

يَا مَنَّانُ امْنُنْ عَلَيْنَا يَا كَرِيمُ أَكْرِمْنَا وَلَا تَمْكُرْ عَلَيْنَا يَا تَوَّابُ تُبْ

اے منان ہم پر احسان فرما۔ اے کریم ہمیں عزت دے اور ہمارے خلاف تدبیر نہ فرما۔ اے تواب ہم پر نظر رحمت

عَلَيْنَا يَا ذَا الْفَضْلِ تَفَضَّلْ عَلَيْنَا يَا ذَا الطَّوْلِ تَطَوَّلْ عَلَيْنَا يَا قَابِلَ

فرما۔ اے مالک فضل ہم پر تفضل فرما۔ اے وسعت والے ہمیں وسعت بخش۔ اے توبہ قبول

التَّوْبِ اقْبَلْ تَوْبَتَنَا يَا دَائِمَ أَدِمِ النَّعْمَاءَ عَلَيْنَا يَا هَادِي اهْدِنَا

کرنے والے ہماری توبہ قبول فرما۔ اے دائم ہم پر نعمتیں دائم رکھ۔ اے ہادی ہمیں ہدایت دے

يَا وَهَّابُ يَا وَهَّابُ يَا وَهَّابُ هَبْ لِي مِنْ جَزِيلِ هِبَاتِكَ مَا

اے وہاب۔ اے وہاب۔ اے وہاب مجھے اپنے وہ عظیم عطیات ہبہ فرما جو

يُبَلِّغُنِي إِلٰى مَرْضِيَّتِكَ يَا وَهَّابُ يَا وَهَّابُ إِلٰهِي هَبْ لِي مِنْ

مجھے پہنچا دیں تیری رضا مندیوں تک یا وہاب۔ یا وہاب۔ اے میرے خدا مجھے عطا فرما

لَدُنْكَ رَحْمَةً إِنَّكَ أَنْتَ الْوَهَّابُ يَا وَهَّابُ يَا وَهَّابُ إِلٰهِي

اپنے پاس سے رحمت۔ بیشک تو ہی عطا کرنے والا ہے یا وہاب۔ یا وہاب۔ یا وہاب۔ اے میرے خدا

وَيَا وَاهِبَ الْأَسْرَارِ هَبْ لِي مِنْ أَسْرَارِكَ فَيْضًا تَجْعَلُنِي بِهِ دَائِمًا

اور اے عطا کرنے والے اسرار کے عطا فرما مجھے اپنے اسرار سے ایسا فیض کہ بنا دے مجھے بسبب اس کے ہمیشہ

مُسْتَحْفِظًا لِمَوَاهِبِكَ يَا وَهَّابُ يَا وَهَّابُ اللّٰهُمَّ حَقِّقْنِي

محفوظ رکھنے والا اپنے مواہب کا یا وہاب یا وہاب یا وہاب۔ اے اللہ مجھے ثابت و قائم فرما

بِمَوَاهِبِ حَقِيقَةِ حَقِيقَتِكَ يَا وَهَّابُ يَا وَهَّابُ إِلٰهِي

اپنی حقیقت الحقیقت کے مواہب سے یا وہاب۔ یا وہاب یا وہاب۔ اے میرے خدا

كُنْ شَاهِدًا عَلَيَّ بِالْاِفْتِقَارِ إِلٰى غِنَائِكَ الْمُطْلَقِ الْكَامِلِ بِالذَّاتِ

مجھ پر گواہ بن میری محتاجی کا طرف تیری غناء مطلق اور کامل بالذات کے پس

فَامْنُنْ عَلٰى عَبْدِكَ الضَّعِيفِ بِغِنًى يَكُونُ بِهِ غَنِيًّا مُغْنِيًا مَنْ

احسان فرما اپنے عبد ضعیف پر ساتھ غنیٰ کے کہ جس کے ساتھ وہ غنی بھی ہو اور مستغنی کرنے والا بھی ہو

شِئْتَ غِنَائَهُ بِوَصْفِ الْفَقْرِ بَيْنَ يَدَيْكَ اَنْتَ الْغَنِيُّ الْوَهَّابُ
جس کی استغناء تو چاہے بوصف فقر و احتیاج کے تیری بارگاہ میں تو ہی غنی اور ہبہ کرنے والا ہے۔

يَا وَهَّابُ يَا وَهَّابُ يَا وَهَّابُ يَا رَشِيدُ هَبْ لَنَا مِنْ لَدُنْكَ رَحْمَةً
یا وہاب یا وہاب یا وہاب - یارشید - ہبہ فرما ہمیں اپنے پاس سے رحمت کا

وَهَيِّئْ لَنَا مِنْ اَمْرِنَا رَشَدًا اَللّٰهُمَّ اِنَّا ضَالُّوْنَ فَاهْدِنَا وَاِنَّا فُقَرَاءُ
اور مہیا فرما ہمارے لیے ہمارے امور میں راست روی - اے اللہ ہم گمراہ ہیں پس ہمیں ہدایت بخش اور ہم فقراء ہیں

فَاَغْنِنَا وَاِنَّا ضُعَفَاءُ فَقَوِّنَا وَاِنَّا مُذْنِبُوْنَ فَاغْفِرْ لَنَا يَا نُوْرُ يَا هَادِيُّ
پس ہمیں غنی فرما اور ہم ناتواں ہیں پس ہمیں قوی فرما اور ہم گناہگار ہیں پس ہمارے لیے مغفرت فرما۔ اے نور۔ اے ہادی

يَا غَنِيُّ يَا قَوِيُّ يَا غَفُوْرُ يَا رَحِيْمُ اَللّٰهُمَّ بِرُوْحٍ مِّنْ عِنْدِكَ اَيِّدْنَا
اے غنی۔ اے قوی۔ اے غفور۔ اے رحیم۔ اے اللہ اپنے پاس سے مخصوص روح کے ذریعے ہمیں تقویت

وَمِنْ عِلْمِكَ الْمَكْنُوْنِ عَلِّمْنَا وَعَلٰى دِيْنِكَ الَّذِي ارْتَضَيْتَهُ ثَبِّتْنَا
دے۔ اور اپنے پوشیدہ علم سے ہمیں سکھلا اور اپنے اس دین پر جسے تو نے پسند کیا ہے ثابت رکھ

وَاجْعَلْنَا مِمَّنْ سَبَقَتْ لَهُ مِنْكَ الْحُسْنٰى وَزِيَادَةٌ اَللّٰهُمَّ اَحْيِنَا
اور ہمیں ان سے بنا جن کے لیے تیری طرف سے نیکی سبقت لے جاچکی ہے اور مزید احسان اے اللہ ہمیں زندہ رکھ

مُؤْمِنِيْنَ طَائِعِيْنَ وَتَوَفَّنَا مُسْلِمِيْنَ تَائِبِيْنَ وَاجْعَلْنَا يَوْمَ
مومن مطیع کی حیثیت میں اور ہمیں وفات دینا اسلام اور توبہ کی حالت میں اور بنانا ہمیں قیامت کے

الْفَزَعِ الْاَكْبَرِ اٰمِنِيْنَ وَثَبِّتْ اَقْدَامَنَا عَلَى الصِّرَاطِ الْمُسْتَقِيْمِ
دن امن والوں سے۔ اور ہمارے قدم ثابت رکھنا صراط مستقیم پر

وَاَدْخِلْنَا بِرَحْمَتِكَ وَكَرَمِكَ فِيْ جَنّٰتِ النَّعِيْمِ وَنَجِّنَا بِعَفْوِكَ وَحِلْمِكَ
اور داخل فرمانا ہمیں اپنی رحمت اور کرم کے ساتھ جنات نعیم میں اور نجات دینا ہمیں اپنے عفو اور حلم کے

مِنَ الْعَذَابِ الْاَلِيْمِ يَا بَرُّ يَا رَحِيْمُ يَا حَكِيْمُ يَا كَرِيْمُ اَللّٰهُمَّ اِنَّا اَصْبَحْنَا
ساتھ عذاب الیم سے۔ اے محسن۔ اے رحیم۔ اے حکیم۔ اے کریم اے اللہ بیشک ہم ہوچکے ہیں

لَا نَمْلِكُ لِاَنْفُسِنَا دَفْعًا وَّلَا رَفْعًا وَّلَا ضَرًّا وَّلَا نَفْعًا فُقَرَاءُ لَا
اس حال میں کہ نہیں مالک اپنے لیے دفع (ضرر) کے اور نہ رفع (کلفت) کے اور نہ ضرر و منفعت کے، فقیر ہیں

شَيْءَ لَنَا ضُعَفَاءُ لَا قُوَّةَ لَنَا وَاَصْبَحَ الْخَيْرُ كُلُّهُ بِيَدَيْكَ وَاَمْرُ كُلِّ
ہمارے ملک میں کچھ بھی نہیں۔ ناتواں ہیں کچھ قوت ہم میں نہیں۔ اور تمام تر خیر صرف تیرے ہی ہاتھوں میں ہے اور ہر شیٔ کا معاملہ

شَيْءٍ رَّاجِعٌ اِلَيْكَ اَللّٰهُمَّ وَفِّقْنَا لِمَا بِهٖ اَمَرْتَنَا وَاَعِنَّا عَلٰى مَا بِهٖ كَلَّفْتَنَا
تیری طرف ہی لوٹنے والا ہے۔ اے اللہ ہمیں توفیق دے اس کی جس کا تو نے حکم دیا اور ہماری اعانت فرما ان امور پر جن کا تو نے ہمیں مکلف ٹھہرایا

وَاَغْنِنَا عَنْ كُلِّ شَيْءٍ بِفَضْلِكَ وَرَحْمَتِكَ وَاجْبُرْ كَسْرَنَا وَمَا فَاتَ مِنَّا
اور ہمیں بے نیاز فرما تمام اشیاء سے اپنے فضل اور رحمت کے ساتھ اور درست فرما ہماری شکستگی اور جو ہم سے فوت ہوا

بِعِنَايَتِكَ وَكَرَمِكَ وَاَيِّدْنَا بِتَوَجُّهٍ اِلَيْكَ بِحَوْلِكَ وَقُوَّتِكَ يَا مَالِكُ
اپنی عنایت اور کرم سے اور ہمیں تقویت دے اپنی طرف متوجہ کرکے اپنی قوت و طاقت سے اے مالک

يَا قَدِيْرُ يَا سَمِيْعُ يَا بَصِيْرُ اَللّٰهُمَّ مَا قَصُرَ عَنْهُ هِمَّتُنَا رَاَيْنَاهُ وَلَمْ تَبْلُغْهُ
اے قدیر۔ اے سمیع۔ اے بصیر۔ اے اللہ جس امر سے قاصر ہے ہماری ہمت۔ جسے ہم نے دیکھا اور اس کو نہ پہنچی

مَسْئَلَتُنَا مِنْ خَيْرٍ وَّعَدْتَهُ اَحَدًا مِّنْ خَلْقِكَ اَوْ خَيْرًا اَنْتَ مُعْطِيْهِ
ہمارا سوال یعنی وہ خیر جس کا وعدہ دیا تو نے کسی کو اپنی مخلوق سے یا وہ خیر کہ تو عطا کرنے والا ہے

اَحَدًا مِّنْ عِبَادِكَ فَاِنَّا نَرْغَبُ اِلَيْكَ فِيْهِ وَنَسْئَلُكَ اِيَّاهُ بِرَحْمَتِكَ
اپنے کسی بندے کو پس ہم اس میں تیری طرف رغبت کرتے ہیں اور سوال کرتے ہیں اس کا تجھ سے تیری رحمت کے صدقے میں

اَللّٰهُمَّ بِعِلْمِكَ الْغَيْبِ وَقُدْرَتِكَ عَلَى الْخَلْقِ اَحْيِنِيْ مَا عَلِمْتَ
اے اللہ بطفیل اپنے علم غیب کے اور خلق پر قدرت کے مجھے زندہ رکھ جب تک تو جانے

الْحَيٰوةَ خَيْرًا لِّيْ وَتَوَفَّنِيْ اِذَا عَلِمْتَ الْوَفَاةَ خَيْرًا لِّيْ اَللّٰهُمَّ اَحْسِنْ
حیات کو میرے لیے بہتر اور وفات دے جب جانے وفات کو میرے لیے بہتر۔ اے اللہ اچھا فرما

عَاقِبَتَنَا فِي الْاُمُوْرِ كُلِّهَا وَاَجِرْنَا مِنْ خِزْيِ الدُّنْيَا وَعَذَابِ الْاٰخِرَةِ
ہمارے انجام کو تمام امور میں اور ہمیں بچا دنیوی رسوائی اور اخروی عذاب سے

اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ ضَعِیْفٌ فَقَوِّنِیْ بِرِضَاكَ ضُعْفِیْ وَخُذْ لِیَ الْخَیْرَ بِنَاصِیَتِیْ

اے اللہ میں ناتواں ہوں پس مجھے قوی فرما اپنی رضا کے ساتھ اور میری پیشانی میں خیر کو باندھ دے

وَاجْعَلِ الْاِسْلَامَ مُنْتَهٰی رِضَائِیْ اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ ضَعِیْفٌ فَقَوِّنِیْ یَا

اور اسلام کو میرا منتہائے رضا بنا دے۔ اے اللہ میں ناتواں ہوں مجھے توانا بنا اے

قَوِیُّ وَاِنِّیْ ذَلِیْلٌ فَاَعِزَّنِیْ یَا عَزِیْزُ وَاِنِّیْ فَقِیْرٌ فَارْزُقْنِیْ یَا رَزَّاقُ

قوی۔ میں بے عزت ہوں مجھے عزت عطا فرما اے عزیز اور میں فقیر ہوں پس مجھے رزق دے۔ اے رزاق

ذُو الْقُوَّةِ الْمَتِیْنُ وَاِنِّیْ سَائِلٌ لِعِزَّةِ الدُّنْیَا وَالْاٰخِرَةِ اَللّٰهُمَّ

اے قوت والے۔ استحکام والے اور میں سوال کرتا ہوں (تجھ سے) دُنیا و آخرت کی عزت کا۔ اے اللہ

صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ صَفْوَةِ

صلوٰۃ و سلام بھیج سیّدنا محمّد پر اور آل سیّدنا محمّد پر جو چنے ہوئے ہیں

الْاَمَاثِلِ وَالْاَوَاخِرِ وَلِسَانِ الْحَضْرَةِ الْاَقْدَسِیَّةِ بِلَا عَدَدٍ

بزرگ ترین لوگوں سے اور آنے والوں سے اور ترجمان ہیں حضرتِ اقدس کے بغیر شمار کے

اَلْمُقَوِّی النُّفُوْسِ بِلَا مَدَدٍ اَلْمَوْلٰی بِلَا وَلَدٍ اَلْعَزِیْزُ السَّیِّدُ السَّنَدُ

نفوس کو تقویت دینے والے ہیں بغیر کسی مدد کے۔ مولیٰ ہیں بغیر اولاد کے۔ عزیز۔ سردار۔ سند و حجت

وَسِیَادَةُ الْوَاحِدُ الْاَحَدُ الصَّمَدُ الَّذِیْ لَمْ یَلِدْ وَلَمْ یُوْلَدْ وَلَمْ

اور (مظہر) سیادت ہیں واحد احد بے نیاز کے جس نے نہ کسی کو جنم دیا اور نہ جنا گیا اور نہیں ہے

یَكُنْ لَّهٗ كُفُوًا اَحَدٌ ○ قُلْ هُوَ اللّٰهُ اَحَدٌ ○

اس کا کوئی ہم پلّہ فرما دیجئے وہ اللہ یکتا

اَللّٰهُ الصَّمَدُ ○ لَمْ یَلِدْ وَلَمْ یُوْلَدْ ○ وَلَمْ

اللہ بے نیاز ہے۔ اس نے کسی کو نہیں جنا اور نہ وہ جنا گیا اور

یَكُنْ لَّهٗ كُفُوًا اَحَدٌ ○

نہیں اس کے لیے ہم پلّہ کوئی شخص۔

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

إِنَّ اللّٰهَ وَمَلٰئِكَتَهُ يُصَلُّونَ عَلَى النَّبِيِّ يٰأَيُّهَا الَّذِينَ آمَنُوا صَلُّوا عَلَيْهِ وَسَلِّمُوا تَسْلِيمًا

اللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى آلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّبَارِكْ وَسَلِّمْ

الحمد للہ والمنۃ

کہ دریں زمان سعادت اقتران بفضل

ایزد منّان تحفہ عجائب وہدیہ غرائب الی اللہ

مقبول بارگاہ شاہ کونین حضرت محمد رسول اللہ ﷺ

مسمّٰی بہ

مجموعہ صلوات الرسول ﷺ

الجزء التاسع

فی تحمیدہٖ و تمجیدہٖ ﷺ

از تصنیف خادم مخلوق الملک السبحان خلیفہ حضرت شاہ جیلان

حضرت خواجہ خواجگان خواجہ محمد عبدالرحمٰن صاحب

ساکن چھوہر شریف ضلع ہری پور

صوبۂ سرحد پاکستان

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۝
شروع اللہ کے نام سے جو بڑا مہربان نہایت رحم والا ہے

اَللّٰهُمَّ اِنِّیْٓ اَسْئَلُكَ بِرَفِيْعِ بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۙ وَ بِمَنِيْعِ
اے اللہ بے شک میں سوال کرتا ہوں تجھ سے بسم اللہ الرحمٰن الرحیم کی رفعت کے وسیلہ سے اور

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۙ وَ بِشَفِيْعِ بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۙ
بسم اللہ الرحمٰن الرحیم کی مضبوطی کے وسیلہ سے اور بسم اللہ الرحمٰن الرحیم کی شفاعت کے وسیلے سے

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ ۝ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۝ مٰلِكِ يَوْمِ الدِّيْنِ ۝
تمام تعریفیں اللہ کے لیے ہیں جو تمام جہانوں کا پروردگار ہے۔ بہت رحم والا مہربان۔ قیامت کے دن کا مالک ہے۔

اِيَّاكَ نَعْبُدُ وَ اِيَّاكَ نَسْتَعِيْنُ ۝ اِهْدِنَا الصِّرَاطَ الْمُسْتَقِيْمَ ۝ صِرَاطَ
تیری ہی عبادت کرتے ہیں اور تجھی سے توفیق طلب کرتے ہیں۔ ہمیں چلا راہ راست پر۔ راہ

الَّذِيْنَ اَنْعَمْتَ عَلَيْهِمْ ۙ غَيْرِ الْمَغْضُوْبِ عَلَيْهِمْ وَلَا الضَّآلِّيْنَ ۝
ان لوگوں کی جن پر تو نے انعام فرمایا ہے نہ ان کی جن پر غضب کیا گیا ہے اور نہ بھٹکے ہوئے لوگوں کی

لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰهِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا
نہیں کوئی معبود برحق مگر محمد اللہ تعالیٰ کے رسول برحق ہیں۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل فرما سیدنا

مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ الَّذِیْ قَالَ اللّٰهُ تَعَالٰى فِیْ حُبِّ
محمد پر اور آل سیدنا محمد پر کہ اللہ تعالیٰ نے فرمایا ہے ان کی تعریف و ثناء

تَحْمِيْدِهٖ وَ تَمْجِيْدِهٖ اِنَّ اللّٰهَ وَ مَلٰٓئِكَتَهٗ يُصَلُّوْنَ عَلَى النَّبِيِّ صَلَّى
اور بزرگی کے بیان کو پسند کرتے ہوئے "بے شک اللہ اور اس کے تمام فرشتے صلوٰۃ بھیجتے ہیں نبی پر صلی

عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى اٰلِ سَيِّدِنَا
اللہ علیہ وسلم۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل فرما سیدنا محمد پر اور سیدنا

مُحَمَّدِ الَّذِیْ قَالَ اللّٰهُ سُبْحَانَهٗ اِنِّیْٓ اُصَلِّی الصَّلٰوةَ عَلَيْهِ اَحَدَ عَشَرَ
محمد کی آل پر جن کے متعلق اللہ تعالیٰ نے فرمایا میں اپنے نبی پر گیارہ مرتبہ صلوٰۃ

مَرَّةً وَعِنْدَ الْبَعْضِ اِثْنَىْ عَشَرَ وَقَالَ بَعْضُهُمْ زَائِدًا اَللّٰهُمَّ صَلِّ

بھیجتا ہوں اور بعض کے نزدیک بارہ دفعہ اور بعض نے کہا اس سے بھی زیادہ ۔ اے اللہ صلوٰۃ بھیج

عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدِنِ الَّذِیْ قَالَ اللّٰهُ تَعَالٰی

سیدنا محمد اور سیدنا محمد کی آل پر کہ جن کے متعلق اللہ تعالےٰ نے

لِاَجْلِهٖ اَمْرًا يٰۤاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا صَلُّوْا عَلَيْهِ وَسَلِّمُوْا تَسْلِيْمًا اَللّٰهُمَّ

حکم دیتے ہوئے فرمایا " اے ایمان والو صلوٰۃ بھیجو ان پر اور سلام بھیجو ۔ اے اللہ

صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّعَلٰۤی اٰلِ مُحَمَّدٍ كَمَا صَلَّيْتَ عَلٰۤی اِبْرَاهِيْمَ وَعَلٰۤی اٰلِ

صلوٰۃ بھیج محمد پر اور آل محمد پر جیسے تونے صلوٰۃ بھیجی ابراہیم پر اور آل

اِبْرَاهِيْمَ اِنَّكَ حَمِيْدٌ مَّجِيْدٌ اَللّٰهُمَّ ارْحَمْ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّعَلٰۤی اٰلِ مُحَمَّدٍ

ابراہیم پر بے شک تو سزاوار حمد اور بزرگی والا ہے ۔ اے اللہ رحم فرما محمد پر اور آل محمد پر

كَمَا تَرَحَّمْتَ عَلٰۤی اِبْرَاهِيْمَ وَعَلٰۤی اٰلِ اِبْرَاهِيْمَ اِنَّكَ حَمِيْدٌ مَّجِيْدٌ

جیسے تونے رحم کیا ابراہیم پر اور آل ابراہیم پر بے شک تو لائق حمد اور بزرگ تر ہے

اَللّٰهُمَّ اَعْظِمْ وَاَكْرِمْ مُحَمَّدًا وَّاٰلَ مُحَمَّدٍ كَمَا عَظَّمْتَ وَكَرَّمْتَ اِبْرَاهِيْمَ

اے اللہ عظمت و کرامت عطا کر محمد اور آل محمد کو جیسے تونے عظمت اور بزرگی دی ابراہیم کو

وَاٰلَ اِبْرَاهِيْمَ اِنَّكَ حَمِيْدٌ مَّجِيْدٌ اَللّٰهُمَّ بَارِكْ عَلٰی مُحَمَّدِنِ النَّبِيِّ

اور آل ابراہیم کو بے شک تو لائق حمد بزرگی والا ہے ۔ اے اللہ برکت نازل فرما نبی امی

الْاُمِّيِّ وَعَلٰۤی اٰلِ مُحَمَّدٍ كَمَا بَارَكْتَ عَلٰۤی اِبْرَاهِيْمَ وَعَلٰۤی اٰلِ اِبْرَاهِيْمَ

محمد پر اور ان کی آل پر جس طرح تونے برکت دی ابراہیم کو اور آل ابراہیم کو

اِنَّكَ حَمِيْدٌ مَّجِيْدٌ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰۤی اٰلِ مُحَمَّدٍ كَمَا صَلَّيْتَ عَلٰۤی اٰلِ

بے شک تو ہمیشہ مستحق حمد بزرگ تر ہے ۔ اے اللہ صلوٰۃ بھیج آل محمد پر جیسے تونے صلوٰۃ بھیجی آل

اِبْرَاهِيْمَ اَللّٰهُمَّ بَارِكْ عَلٰۤی اٰلِ مُحَمَّدٍ كَمَا بَارَكْتَ عَلٰۤی اٰلِ اِبْرَاهِيْمَ

ابراہیم پر ۔ اے اللہ برکت نازل فرما آل محمد پر جیسے تونے برکت نازل فرمائی آل ابراہیم پر

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّعَلٰۤی اٰلِ مُحَمَّدٍ كَمَا صَلَّيْتَ عَلٰۤی اٰلِ اِبْرَاهِيْمَ

اے اللہ صلوٰۃ نازل فرما محمد و آل محمد پر جیسے تونے صلوٰۃ نازل فرمائی آل ابراہیم پر

اِنَّكَ حَمِيْدٌ مَّجِيْدٌ اَللّٰهُمَّ بَارِكْ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّعَلٰۤی اٰلِ مُحَمَّدٍ كَمَا بَارَكْتَ

بے شک تو حمید مجید ہے ۔ اے اللہ برکت نازل فرما محمد پر اور آل محمد پر جیسے تونے برکت نازل فرمائی

عَلٰۤی اِبْرَاهِيْمَ اِنَّكَ حَمِيْدٌ مَّجِيْدٌ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّعَلٰۤی اٰلِ

ابراہیم پر بے شک تو حمید مجید ہے ۔ اے اللہ رحمت کاملہ نازل فرما محمد پر اور آل

مُحَمَّدٍ كَمَا صَلَّيْتَ عَلٰۤی اِبْرَاهِيْمَ وَعَلٰۤی اٰلِ اِبْرَاهِيْمَ اِنَّكَ حَمِيْدٌ مَّجِيْدٌ

محمد پر جیسے تونے رحمت نازل فرمائی ابراہیم اور آل ابراہیم پر ۔ بے شک تو حمید مجید ہے۔

اَللّٰهُمَّ بَارِكْ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّعَلٰۤی اٰلِ مُحَمَّدٍ كَمَا بَارَكْتَ عَلٰۤی اِبْرَاهِيْمَ

اے اللہ برکت نازل فرما محمد پر اور آل محمد پر جیسے تونے برکت نازل فرمائی ابراہیم

وَعَلٰۤی اٰلِ اِبْرَاهِيْمَ اِنَّكَ حَمِيْدٌ مَّجِيْدٌ اَللّٰهُمَّ اجْعَلْ صَلَوَاتِكَ وَ

اور آل ابراہیم پر بے شک تو حمید مجید ہے ۔ اے اللہ بنا اپنی صلوات اور

بَرَكَاتِكَ عَلٰی مُحَمَّدٍ كَمَا جَعَلْتَهَا عَلٰۤی اِبْرَاهِيْمَ اِنَّكَ حَمِيْدٌ مَّجِيْدٌ اَللّٰهُمَّ

برکات نازل ہونے والی محمد پر جیسے تونے بنایا انہیں نازل ہونے والی ابراہیم پر بیشک تو حمید مجید ہے ۔ اے اللہ

اجْعَلْ صَلَوَاتِكَ وَبَرَكَاتِكَ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّعَلٰۤی اٰلِ مُحَمَّدٍ كَمَا

بنا اپنی صلوات و برکات کو محمد و آل محمد پر جیسے کہ

جَعَلْتَهَا عَلٰۤی اِبْرَاهِيْمَ وَعَلٰۤی اٰلِ اِبْرَاهِيْمَ اِنَّكَ حَمِيْدٌ مَّجِيْدٌ

بنایا انہیں ابراہیم اور آل ابراہیم پر بے شک تو حمید مجید ہے

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ عَبْدِكَ وَرَسُوْلِكَ وَعَلٰۤی اَهْلِ بَيْتِهٖ

اے اللہ رحمت کاملہ نازل فرما اپنے عبد خاص اور رسول معظم محمد پر اور ان کے اہل بیت پر

كَمَا صَلَّيْتَ عَلٰۤی اِبْرَاهِيْمَ اِنَّكَ حَمِيْدٌ مَّجِيْدٌ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰی

جیسے کہ رحمت نازل فرمائی تونے ابراہیم پر بے شک تو حمید مجید ہے ۔ اے اللہ رحمت نازل فرما

مُحَمَّدٍ عَبْدِكَ وَرَسُولِكَ كَمَا صَلَّيْتَ عَلَىٰ إِبْرَاهِيمَ وَبَارِكْ
اپنے عبد خاص اور رسول معظم محمد پر جیسے رحمت فرمائی ابراہیم پر اور برکت نازل فرما
عَلَىٰ مُحَمَّدٍ وَعَلَىٰ آلِ مُحَمَّدٍ كَمَا بَارَكْتَ عَلَىٰ إِبْرَاهِيمَ وَعَلَىٰ آلِ إِبْرَاهِيمَ
محمد اور آل محمد پر جیسے برکت نازل فرمائی ابراہیم اور آل ابراہیم پر
إِنَّكَ حَمِيدٌ مَّجِيدٌ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلَىٰ مُحَمَّدٍ وَّعَلَىٰ أَزْوَاجِهِ
بے شک تو حمید مجید ہے۔ اے اللہ رحمت نازل فرما محمد پر اور آپ کی ازواج پر
وَذُرِّيَّتِهِ كَمَا صَلَّيْتَ عَلَىٰ إِبْرَاهِيمَ وَبَارِكْ عَلَىٰ مُحَمَّدٍ وَّ
اور اولاد پر جیسے کہ رحمت نازل فرمائی ابراہیم پر اور برکت نازل فرما محمد پر اور
أَزْوَاجِهِ وَذُرِّيَّتِهِ كَمَا بَارَكْتَ عَلَىٰ إِبْرَاهِيمَ فِي الْعٰلَمِينَ إِنَّكَ
آپ کی مقدس بیویوں پر اور اولاد اطہار پر جیسے برکت عطا کی ابراہیم کو تمام جہانوں میں بے شک تو
حَمِيدٌ مَّجِيدٌ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلَىٰ مُحَمَّدٍ وَّعَلَىٰ آلِ مُحَمَّدٍ وَّبَارِكْ عَلَىٰ
حمید مجید ہے۔ اے اللہ رحمت نازل فرما محمد اور آل محمد پر اور برکت نازل فرما
مُحَمَّدٍ وَّآلِ مُحَمَّدٍ وَّارْحَمْ مُحَمَّدًا وَّآلَ مُحَمَّدٍ كَمَا صَلَّيْتَ وَبَارَكْتَ
محمد اور آل محمد پر اور رحم فرما محمد اور آل محمد پر جیسے تونے صلوٰۃ بھیجی اور برکت دی
وَتَرَحَّمْتَ عَلَىٰ إِبْرَاهِيمَ وَعَلَىٰ آلِ إِبْرَاهِيمَ إِنَّكَ حَمِيدٌ مَّجِيدٌ
اور رحم فرمایا ابراہیم اور آل ابراہیم پر بے شک تو حمید مجید ہے
اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلَىٰ مُحَمَّدٍ وَّعَلَىٰ أَهْلِ بَيْتِهِ كَمَا صَلَّيْتَ عَلَىٰ آلِ
اے اللہ رحمت کاملہ نازل فرما محمد پر اور ان کے اہل بیت پر جیسے رحمت نازل فرمائی
إِبْرَاهِيمَ إِنَّكَ حَمِيدٌ مَّجِيدٌ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلَيْنَا مَعَهُمْ وَصَلٰوةُ
آل ابراہیم پر بے شک تو حمید مجید ہے۔ اے اللہ ہم پر بھی صلوٰۃ ہو ساتھ ان کے اور درود ہو
اللّٰهِ وَصَلٰوةُ الْمُؤْمِنِينَ عَلَىٰ مُحَمَّدِ النَّبِيِّ الْأُمِّيِّ اَللّٰهُمَّ بَارِكْ عَلَىٰ
اللہ کا اور مومنین کا نبی امی محمد پر۔ اے اللہ برکتیں عطا کر

مُحَمَّدٍ وَّعَلَىٰ أَهْلِ بَيْتِهِ كَمَا بَارَكْتَ عَلَىٰ آلِ إِبْرَاهِيمَ إِنَّكَ حَمِيدٌ
محمد اور آپ کے اہل بیت کو جیسے تونے برکت دی آل ابراہیم کو بے شک تو حمید
مَّجِيدٌ اَللّٰهُمَّ بَارِكْ عَلَيْنَا مَعَهُمْ اَللّٰهُمَّ ابْعَثْهُ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ مَقَامًا
مجید ہے۔ اے اللہ ہمیں بھی ان کے ساتھ برکت سے نواز۔ اے اللہ انہیں قائم فرما قیامت کے دن مقام
مَّحْمُودًا يَّغْبِطُهُ بِهِ الْأَوَّلُونَ وَالْآخِرُونَ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلَىٰ
محمود میں کہ جس پر قیام کی وجہ سے اولین وآخرین ان کے ساتھ رشک کریں گے۔ اے اللہ رحمت نازل فرما
مُحَمَّدٍ وَّأَبْلِغْهُ الْوَسِيلَةَ وَالدَّرَجَةَ الرَّفِيعَةَ مِنَ الْجَنَّةِ اَللّٰهُمَّ
محمد پر اور پہنچا انہیں مقام وسیلہ اور بلند تر درجہ تک جنت سے۔ اے اللہ
اجْعَلْ فِي الْمُصْطَفَيْنَ مَحَبَّتَهُ وَفِي الْمُقَرَّبِينَ مَوَدَّتَهُ وَفِي الْأَعْلَيْنَ
بنا چنے ہوئے حضرات میں محبت ان کی۔ اور ارباب قرب میں مودت ان کی اور بلند مقام حضرات میں
ذِكْرَهُ وَدَارَهُ السَّلَامُ عَلَيْهِ وَرَحْمَةُ اللّٰهِ وَبَرَكَاتُهُ اَللّٰهُمَّ صَلِّ
ذکر اور مکان ان کا ان پر اللہ تعالیٰ کا سلام ہو اور اس کی رحمت اور برکتیں۔ اے اللہ صلوٰۃ بھیج
عَلَىٰ مُحَمَّدٍ وَّعَلَىٰ آلِ مُحَمَّدٍ وَّبَارِكْ عَلَىٰ مُحَمَّدٍ وَّعَلَىٰ آلِ مُحَمَّدٍ كَمَا
محمد پر اور آل محمد پر۔ اور برکت عطا فرما محمد کو اور آل محمد کو جیسے
صَلَّيْتَ وَبَارَكْتَ عَلَىٰ آلِ إِبْرَاهِيمَ إِنَّكَ حَمِيدٌ مَّجِيدٌ وَّارْحَمْ مُحَمَّدًا
صلوٰۃ و برکت نازل فرمائی آل ابراہیم پر بے شک تو حمید مجید ہے اور رحم فرما محمد پر
وَّآلَ مُحَمَّدٍ كَمَا رَحِمْتَ عَلَىٰ إِبْرَاهِيمَ إِنَّكَ حَمِيدٌ مَّجِيدٌ وَّبَارِكْ
اور آل محمد پر جیسے تونے رحم فرمایا ابراہیم پر بے شک تو حمید مجید ہے اور برکت عطا فرما
عَلَىٰ مُحَمَّدٍ وَّعَلَىٰ آلِ مُحَمَّدٍ كَمَا بَارَكْتَ عَلَىٰ إِبْرَاهِيمَ إِنَّكَ حَمِيدٌ مَّجِيدٌ
محمد کو اور آل محمد کو جیسے برکت عطا کی ابراہیم کو بے شک تو حمید مجید ہے
اَللّٰهُمَّ وَتَرَحَّمْ عَلَىٰ مُحَمَّدٍ وَّعَلَىٰ آلِ مُحَمَّدٍ كَمَا تَرَحَّمْتَ عَلَىٰ إِبْرَاهِيمَ
اے اللہ اور رحمت خاصہ نازل فرما محمد پر اور آل محمد پر جیسے تونے خاص رحمت نازل فرمائی ابراہیم

وَعَلٰٓى اٰلِ اِبْرَاهِيْمَ اِنَّكَ حَمِيْدٌ مَّجِيْدٌ اَللّٰهُمَّ وَتَحَنَّنْ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّ

اور آل ابراہیم پر بے شک تو حمید مجید ہے۔ اے اللہ اور مہربانی فرما محمد پر اور

عَلٰٓى اٰلِ مُحَمَّدٍ كَمَا تَحَنَّنْتَ عَلٰٓى اِبْرَاهِيْمَ وَعَلٰٓى اٰلِ اِبْرَاهِيْمَ اِنَّكَ

آل محمد پر جیسے تو مہربان ہوا ابراہیم اور آل ابراہیم پر بے شک تو

حَمِيْدٌ مَّجِيْدٌ اَللّٰهُمَّ وَسَلِّمْ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى اٰلِ مُحَمَّدٍ كَمَا سَلَّمْتَ

حمید مجید ہے۔ اے اللہ اور سلام بھیج محمد و آل محمد پر جیسے تو نے سلام بھیجا

عَلٰٓى اِبْرَاهِيْمَ وَعَلٰٓى اٰلِ اِبْرَاهِيْمَ اِنَّكَ حَمِيْدٌ مَّجِيْدٌ اَللّٰهُمَّ صَلِّ

ابراہیم اور آل ابراہیم پر بے شک تو حمید مجید ہے۔ اے اللہ صلوٰۃ بھیج

عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى اٰلِ مُحَمَّدٍ كَمَا صَلَّيْتَ عَلٰٓى اِبْرَاهِيْمَ وَبَارِكْ عَلٰى مُحَمَّدٍ

محمد اور آل محمد پر جیسے تو نے صلوٰۃ بھیجی ابراہیم پر اور برکت عطا کر محمد کو

وَّعَلٰٓى اٰلِ مُحَمَّدٍ كَمَا بَارَكْتَ عَلٰٓى اِبْرَاهِيْمَ وَسَلِّمْ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى

اور آل محمد کو جیسے برکت دی ابراہیم کو اور سلام بھیج محمد اور آل محمد پر

اٰلِ مُحَمَّدٍ كَمَا سَلَّمْتَ عَلٰٓى اِبْرَاهِيْمَ وَتَحَنَّنْ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى اٰلِ مُحَمَّدٍ

جیسے تو سلام بھیجا ابراہیم پر اور مہربان ہو محمد اور آل محمد پر

كَمَا تَحَنَّنْتَ عَلٰٓى اِبْرَاهِيْمَ وَاٰلِ اِبْرَاهِيْمَ اِنَّكَ حَمِيْدٌ مَّجِيْدٌ اَللّٰهُمَّ

جیسے تو مہربان ہوا ابراہیم اور آل ابراہیم پر بے شک تو حمید مجید ہے۔ اے اللہ

صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى اٰلِ مُحَمَّدٍ كَمَا صَلَّيْتَ عَلٰٓى اِبْرَاهِيْمَ وَعَلٰٓى

لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ الْمَلِكُ الْحَقُّ الْمُبِيْنُ مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰهِ سَيِّدُ

نہیں کوئی معبود برحق مگر اللہ تعالیٰ شہنشاہ برحق ظاہر محمد اللہ تعالیٰ کے رسول ہیں جو صادقین کے

الصَّادِقِيْنَ ○ لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ عَدَدَ مَا فِیْ عِلْمِ اللّٰهِ لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ

سردار ہیں۔ لا الٰہ الا اللہ" کا اقراری ہوں مطابق اسکی گنتی کے جو اللہ ہی کے علم میں ہے" لا الٰہ الا اللہ" کا اقراری ہوں

عَدَدَ مَا فِیْ حِلْمِ اللّٰهِ لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ عَدَدَ مَا فِیْ غُفْرَانِ اللّٰهِ لَآ

مطابق اس گنتی کے جو اللہ کے حلم میں ہے" لا الٰہ الا اللہ" کا اقراری ہوں مطابق اسکی گنتی کے جو اللہ تعالیٰ کی مغفرت میں ہے لا

اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ عَدَدَ مَا فِیْ عُلُوِّ شَانِ اللّٰهِ لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ عَدَدَ مَا فِیْ

الٰہ الا اللہ کا اقراری ہوں مطابق اس تعداد کے جو اللہ کے علو شان میں ہے۔ لا الٰہ الا اللہ کہتے ہیں مطابق اس تعداد کے

بُرْهَانِ اللّٰهِ لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ عَدَدَ مَا فِیْ تِبْيَانِ اللّٰهِ لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ

جو اللہ کے برہان میں ہے۔ لا الٰہ الا اللہ کہتے ہیں مطابق اسکی تعداد کے جو اللہ کے تبیان میں ہے۔ لا الٰہ الا اللہ کہتے ہیں

عَدَدَ زُهْدِ اللّٰهِ لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ عَدَدَ زُهَّادِ اللّٰهِ لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ عَدَدَ

مطابق شمار زہد باری تعالیٰ کے۔ لا الٰہ الا اللہ کہتے ہیں مطابق تعداد اللہ تعالیٰ کے زاہدوں کے۔ لا الٰہ الا اللہ کہتے ہیں مطابق تعداد

اَنْبِيَآءِ اللّٰهِ لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ عَدَدَ رُسُلِ اللّٰهِ لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ عَدَدَ

اللہ کے انبیاء کے۔ لا الٰہ الا اللہ کہتے ہیں مطابق تعداد رسل اللہ کے۔ لا الٰہ الا اللہ کہتے ہیں مطابق تعداد

صُلَحَآءِ عِبَادِ اللّٰهِ لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ عَدَدَ جَمِيْعِ عِبَادِ اللّٰهِ لَآ اِلٰهَ اِلَّا

عبادِ صالحین کے لا الٰہ الا اللہ کہتے ہیں مطابق تعداد تمام عباد اللہ کے۔ لا الٰہ الا

اللّٰهُ عَدَدَ كُلِّ خَلْقِ اللّٰهِ لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ عَدَدَ ذَرَّةِ اللّٰهِ لَآ اِلٰهَ اِلَّا

اللہ کہتے ہیں مطابق تعداد اللہ تعالیٰ کی تمام مخلوق کے۔ لا الٰہ الا اللہ کہتے ہیں مطابق تعداد تمام ذرات کے۔ لا الٰہ الا

اللّٰهُ عَدَدَ حَرَكَةِ ذَرَّةِ اللّٰهِ لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ عَدَدَ كُلِّ شَيْءٍ مَّا سِوَى

اللہ کہتے ہیں مطابق تعداد تمام ذرات کی حرکات کے۔ لا الٰہ الا اللہ کہتے ہیں مطابق تعداد ان تمام اشیاء کے جو اللہ تعالیٰ کے

اللّٰهِ لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ عَدَدَ كُلِّ كُلِّ مَا سِوَى اللّٰهِ لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ لَآ اِلٰهَ

سوا ہیں۔ لا الٰہ الا اللہ کہتے ہیں مطابق عدد تعداد ہر کل کے جو اللہ تعالیٰ کے سوا ہے نہیں کوئی معبود برحق مگر اللہ نہیں کوئی معبود

اِلَّا هُوَ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ

برحق مگر وہی۔ اے اللہ صلوٰۃ نازل فرما سیدنا محمد پر اور سیدنا محمد کی آل پر جو

صَاحِبِ تَهْلِيْلِ الرَّحْمٰنِ مِنَ الزَّبُوْرِ وَالتَّوْرٰىةِ وَالْاِنْجِيْلِ وَ

آقا بیان کرنے والے ہیں الوہیت رحمٰن کی وحدانیت کو زبور۔ تورات۔ انجیل اور

الْفُرْقَانِ الْحَمِيْدِ وَالْقُرْاٰنِ الْمَجِيْدِ لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَاَشْهَدُ اَنْ لَّآ

فرقان حمید اور قرآن مجید سے نہیں کوئی معبود برحق مگر اللہ۔ اور میں گواہی دیتا ہوں کہ نہیں

اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَاَشْهَدُ اَنَّ مُحَمَّدًا عَبْدُهٗ وَرَسُوْلُهٗ وَصَلِّ وَسَلِّمْ

معبود برحق مگر اللہ اور میں گواہی دیتا ہوں کہ محمد صلی اللہ علیہ وسلم اس کے عبدِ خاص اور رسول برحق ہیں اور صلوٰۃ وسلام

وَبَارِكْ اللّٰهُ لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ عَدَدَ نَحْوِ اَحْمَدَ لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ صَلِّ

اور برکت نازل فرمائے اللہ کہ نہیں معبود برحق مگر اللہ مطابق تعداد ارادہائے احمد کے لا الٰہ الا اللہ۔ صلوٰۃ

وَسَلِّمْ وَبَارِكْ اللّٰهُ لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ عَدَدَ وُبَهِ اَحْمَدَ لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ

وسلام اور برکت نازل فرمائے اللہ کہ نہیں معبود برحق مگر اللہ مطابق تعداد اہمیت اور علم احمد کے لا الٰہ الا اللہ

صَلِّ وَسَلِّمْ وَبَارِكْ اللّٰهُ لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ عَدَدَ وَجْهِ اَحْمَدَ لَآ اِلٰهَ

صلوٰۃ وسلام اور برکت نازل فرمائے اللہ کہ نہیں معبود برحق مگر اللہ مطابقت وجاہت احمد کے لا الٰہ

اِلَّا اللّٰهُ صَلِّ وَسَلِّمْ وَبَارِكْ اللّٰهُ لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ عَدَدَ نُبْهِهٖ

الا اللہ صلوٰۃ وسلام اور برکت نازل فرمائے اللہ کہ نہیں معبود برحق مگر اللہ مطابق بیداری

اَحْمَدَ لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ صَلِّ وَسَلِّمْ وَبَارِكْ اللّٰهُ لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ

اور سمجھداریٔ احمد کے لا الٰہ الا اللہ۔ صلوٰۃ وسلام اور برکت نازل فرمائے اللہ کہ نہیں معبود برحق مگر اللہ

عَدَدَ كُنْهِ اَحْمَدَ لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ صَلِّ وَسَلِّمْ وَبَارِكْ اللّٰهُ لَآ اِلٰهَ

مطابق حقیقت احمد کے لا الٰہ الا اللہ۔ صلوٰۃ وسلام اور برکت نازل فرمائے اللہ کہ نہیں معبود برحق

اِلَّا اللّٰهُ عَدَدَ كُرْهِ اَحْمَدَ لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ صَلِّ وَسَلِّمْ وَبَارِكْ اللّٰهُ

مگر اللہ مطابق شدت اور تکلیفِ احمد کے لا الٰہ الا اللہ۔ صلوٰۃ وسلام اور برکت نازل فرمائے اللہ

لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ عَدَدَ فِقْهِ اَحْمَدَ لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ صَلِّ وَسَلِّمْ وَ

کہ نہیں معبود برحق مگر اللہ مطابق فقاہت احمد کے لا الٰہ الا اللہ۔ صلوٰۃ وسلام اور

بَارِكْ اللّٰهُ لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ عَدَدَ شَبَهِ اَحْمَدَ لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ صَلِّ

برکت نازل فرمائے اللہ کہ نہیں معبود برحق مگر اللہ مطابق شباہت احمد کے لا الٰہ الا اللہ۔ صلوٰۃ

وَسَلِّمْ وَبَارِكْ اللّٰهُ لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ عَدَدَ وَهْنِ اَحْمَدَ لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ

وسلام اور برکت نازل فرمائے اللہ کہ نہیں ہے معبود برحق مگر اللہ مطابق بدنی ضعف احمد کے لا الٰہ الا اللہ

صَلِّ وَسَلِّمْ وَبَارِكْ اللّٰهُ لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ عَدَدَ وَشْنِ اَحْمَدَ لَآ اِلٰهَ

صلوٰۃ وسلام اور برکت نازل فرمائے اللہ کہ نہیں معبود برحق مگر اللہ مطابق تعداد دسترخوان والے رفقاء احمد کے لا الٰہ

اِلَّا اللّٰهُ صَلِّ وَسَلِّمْ وَبَارِكْ اللّٰهُ لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ عَدَدَ وَزْنِ اَحْمَدَ

الا اللہ۔ صلوٰۃ وسلام اور برکت نازل فرمائے اللہ کہ نہیں معبود برحق مگر اللہ مطابق وزن و وقار احمد کے

لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ صَلِّ وَسَلِّمْ وَ بَارِكْ اللّٰهُ لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ عَدَدَ مَحْنِ

لا الٰہ الا اللہ۔ صلوٰۃ و سلام اور برکت نازل فرمائے اللہ کہ نہیں معبود برحق مگر اللہ مطابق زاری اور بکا احمد

اَحْمَدَ لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ صَلِّ وَسَلِّمْ وَ بَارِكْ اللّٰهُ لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ عَدَدَ

کے لا الٰہ الا اللہ۔ صلوٰۃ و سلام اور برکت نازل فرمائے اللہ کہ نہیں معبود برحق مگر اللہ مطابق (نورانی)

لَوْنِ اَحْمَدَ لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ صَلِّ وَسَلِّمْ وَ بَارِكْ اللّٰهُ لَآ اِلٰهَ اِلَّا

رنگت احمد کے لا الٰہ الا اللہ۔ صلوٰۃ و سلام اور برکت نازل فرمائے اللہ کہ نہیں معبود برحق مگر

اللّٰهُ عَدَدَ لُدْنِ اَحْمَدَ لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ صَلِّ وَسَلِّمْ وَ بَارِكْ اللّٰهُ

اللہ مطابق نرم مزاجیٔ احمد کے لا الٰہ الا اللہ۔ صلوٰۃ و سلام اور برکات نازل فرمائے اللہ

لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ عَدَدَ لَحْنِ اَحْمَدَ لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ صَلِّ وَسَلِّمْ وَ

کہ نہیں معبود برحق مگر اللہ مطابق اشارات یا ترنم و ترتیل احمد کے لا الٰہ الا اللہ۔ صلوٰۃ و سلام اور

بَارِكْ اللّٰهُ لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ عَدَدَ كَوْنِ اَحْمَدَ لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ صَلِّ

برکات نازل فرمائے اللہ کہ نہیں معبود برحق مگر اللہ مطابق ہستیٔ احمد کے لا الٰہ الا اللہ۔ صلوٰۃ

وَسَلِّمْ وَ بَارِكْ اللّٰهُ لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ عَدَدَ قَدْنِ اَحْمَدَ لَآ اِلٰهَ

و سلام اور برکات نازل فرمائے اللہ کہ نہیں معبود برحق مگر اللہ مطابقت کفایت و افادیت احمد کے لا الٰہ

اِلَّا اللّٰهُ صَلِّ وَسَلِّمْ وَ بَارِكْ اللّٰهُ لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ عَدَدَ غَيْنِ

الا اللہ۔ صلوٰۃ و سلام اور برکات نازل فرمائے اللہ کہ نہیں معبود برحق مگر اللہ مطابق تعداد نورانی پردہ و حجاب

اَحْمَدَ لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ صَلِّ وَسَلِّمْ وَ بَارِكْ اللّٰهُ لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ

احمد کے لا الٰہ الا اللہ۔ صلوٰۃ و سلام اور برکات نازل فرمائے اللہ کہ نہیں معبود برحق مگر اللہ

عَدَدَ غُصْنِ اَحْمَدَ لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ صَلِّ وَسَلِّمْ وَ بَارِكْ اللّٰهُ

مطابق (باغ وحدت کے شجر طوبیٰ) کی شاخ احمد کے لا الٰہ الا اللہ۔ صلوٰۃ و سلام اور برکات نازل فرمائے اللہ

لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ عَدَدَ غُسْنِ اَحْمَدَ لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ صَلِّ وَسَلِّمْ

کہ نہیں معبود برحق مگر اللہ مطابق اعداد اخلاق احمد کے لا الٰہ الا اللہ۔ صلوٰۃ و سلام اور

وَ بَارِكْ اللّٰهُ لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ عَدَدَ لِيْنِ اَحْمَدَ لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ صَلِّ

برکات نازل فرمائے اللہ کہ نہیں معبود برحق مگر اللہ مطابق نرم خوئی احمد کے لا الٰہ الا اللہ صلوٰۃ

وَسَلِّمْ وَ بَارِكْ اللّٰهُ لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ عَدَدَ عَيْنِ اَحْمَدَ لَآ اِلٰهَ اِلَّا

و سلام اور برکات نازل فرمائے اللہ کہ نہیں معبود برحق مگر اللہ مطابق ذات احمد کے لا الٰہ الا

اللّٰهُ صَلِّ وَسَلِّمْ وَ بَارِكْ اللّٰهُ لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ عَدَدَ وَحْيِ اَحْمَدَ لَآ اِلٰهَ

اللہ۔ صلوٰۃ و سلام اور برکات نازل فرمائے اللہ کہ نہیں معبود برحق مگر اللہ مطابق وحیٔ احمد کے۔ لا الٰہ

اِلَّا اللّٰهُ صَلِّ وَسَلِّمْ وَ بَارِكْ اللّٰهُ لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ عَدَدَ وَشْيِ اَحْمَدَ

الا اللہ۔ صلوٰۃ و سلام اور برکات نازل فرمائے اللہ کہ نہیں معبود برحق مگر اللہ مطابق زیب و زینت احمد کے

لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ صَلِّ وَسَلِّمْ وَ بَارِكْ اللّٰهُ لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ عَدَدَ مَهْوِ

لا الٰہ الا اللہ۔ صلوٰۃ و سلام اور برکات نازل فرمائے اللہ کہ نہیں معبود برحق مگر اللہ مطابق درہائے آبدار احمد کے

اَحْمَدَ لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ صَلِّ وَسَلِّمْ وَ بَارِكْ اللّٰهُ لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ

لا الٰہ الا اللہ۔ صلوٰۃ و سلام اور برکات نازل فرمائے اللہ کہ نہیں معبود برحق مگر اللہ مطابق

عَدَدَ نُطُوِّ اَحْمَدَ لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ صَلِّ وَسَلِّمْ وَ بَارِكْ اللّٰهُ لَآ

بعدِ ہمت یا بلندیٔ مرتبت احمد کے لا الٰہ الا اللہ۔ صلوٰۃ و سلام اور برکات نازل فرمائے اللہ کہ نہیں

اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ عَدَدَ مَعْوِ اَحْمَدَ لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ صَلِّ وَسَلِّمْ وَ بَارِكْ

معبود برحق مگر اللہ مطابق تعداد خرما ہائے احمد کے لا الٰہ الا اللہ۔ صلوٰۃ و سلام اور برکات نازل فرما

اللّٰهُ لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ عَدَدَ لَعْوِ اَحْمَدَ لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ صَلِّ وَسَلِّمْ

ئے اللہ کہ نہیں معبود برحق مگر اللہ مطابق (ہدایت اُمت پر) حرص احمد کے لا الٰہ الا اللہ۔ صلوٰۃ و سلام

وَ بَارِكْ اللّٰهُ لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ عَدَدَ لَغْوِ اَحْمَدَ لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ صَلِّ وَ

اور برکات نازل فرمائے اللہ کہ نہیں معبود برحق مگر اللہ مطابق تکلم احمد کے لا الٰہ الا اللہ۔ صلوٰۃ و

سَلِّمْ وَ بَارِكْ اللّٰهُ لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ عَدَدَ عَمْوِ اَحْمَدَ لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ

سلام اور برکات نازل فرمائے اللہ کہ نہیں معبود برحق مگر اللہ مطابق خضوع احمد کے لا الٰہ الا اللہ

صَلِّ وَسَلِّمْ وَ بَارِكْ اللّٰهُ لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ عَدَدَ عُلُوِّ اَحْمَدَ لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ
صلوٰۃ و سلام اور برکات نازل فرمائے اللہ کہ نہیں معبود برحق مگر اللہ مطابق علو احمد کے لا الٰہ الا اللہ
صَلِّ وَسَلِّمْ وَبَارِكْ اللّٰهُ لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ عَدَدَ عُضْوِ اَحْمَدَ لَآ اِلٰهَ
صلوٰۃ و سلام اور برکات نازل فرمائے اللہ کہ نہیں معبود برحق مگر اللہ مطابق ہر عضو احمد کے لا الٰہ الا
اِلَّا اللّٰهُ صَلِّ وَسَلِّمْ وَبَارِكْ اللّٰهُ لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ عَدَدَ عَطْوِ اَحْمَدَ
اللہ۔ صلوٰۃ و سلام اور برکات نازل فرمائے اللہ کہ نہیں معبود برحق مگر اللہ مطابق بخشش وعطاء احمد کے
لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ صَلِّ وَسَلِّمْ وَ بَارِكْ اللّٰهُ لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ عَدَدَ طَنْيِ
لا الٰہ الا اللہ۔ صلوٰۃ و سلام اور برکات نازل فرمائے اللہ کہ نہیں معبود برحق مگر اللہ مطابق صحت وعافیت
اَحْمَدَ لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ صَلِّ وَسَلِّمْ وَبَارِكْ اللّٰهُ لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ عَدَدَ
احمد کے لا الٰہ الا اللہ۔ صلوٰۃ وسلام اور برکات نازل فرمائے اللہ کہ نہیں معبود برحق مگر اللہ مطابق سرعت سیر
طَفْوِ اَحْمَدَ لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ صَلِّ وَسَلِّمْ وَبَارِكْ اللّٰهُ لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ
احمد کے لا الٰہ الا اللہ۔ صلوٰۃ وسلام اور برکات نازل فرمائے اللہ کہ نہیں معبود برحق مگر اللہ
عَدَدَ ضَحْوِ اَحْمَدَ لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ صَلِّ وَسَلِّمْ وَبَارِكْ اللّٰهُ لَآ اِلٰهَ
مطابق کامل ظہور احمد کے لا الٰہ الا اللہ۔ صلوٰۃ وسلام اور برکات نازل فرمائے اللہ کہ نہیں معبود برحق
اِلَّا اللّٰهُ عَدَدَ صَفْوِ اَحْمَدَ لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ صَلِّ وَسَلِّمْ وَبَارِكْ اللّٰهُ
مگر اللہ مطابق خلوص اور طہارت باطن احمد کے لا الٰہ الا اللہ۔ صلوٰۃ وسلام اور برکات نازل فرمائے اللہ کہ نہیں معبود
لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ عَدَدَ شَلْوِ اَحْمَدَ لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ صَلِّ وَسَلِّمْ وَبَارِكْ
برحق مگر اللہ مطابق اعضاء احمد کے لا الٰہ الا اللہ۔ صلوٰۃ و سلام اور برکات نازل فرمائے اللہ
اللّٰهُ لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ عَدَدَ شَطْوِ اَحْمَدَ لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ صَلِّ وَسَلِّمْ
کہ نہیں معبود برحق مگر اللہ مطابق ہر پہلو اور جانب احمد کے لا الٰہ الا اللہ۔ صلوٰۃ و سلام
وَبَارِكْ اللّٰهُ لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ عَدَدَ زَهْوِ اَحْمَدَ لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ صَلِّ
اور برکات نازل فرمائے اللہ کہ نہیں معبود برحق مگر اللہ مطابق حسن منظر احمد کے لا الٰہ الا اللہ۔ صلوٰۃ

وَسَلِّمْ وَبَارِكْ اللّٰهُ لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ عَدَدَ رَهْوِ اَحْمَدَ لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ
و سلام اور برکات نازل فرمائے اللہ کہ نہیں معبود برحق مگر اللہ مطابق نرم رفتاری احمد کے لا الٰہ الا اللہ
صَلِّ وَسَلِّمْ وَبَارِكْ اللّٰهُ لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ عَدَدَ رَعْوِ اَحْمَدَ لَآ اِلٰهَ اِلَّا
صلوٰۃ و سلام اور برکات نازل فرمائے اللہ کہ نہیں معبود برحق مگر اللہ مطابق نگہبانی احمد کے لا الٰہ الا
اللّٰهُ صَلِّ وَسَلِّمْ وَبَارِكْ اللّٰهُ لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ عَدَدَ دَهْيِ اَحْمَدَ لَآ
اللہ۔ صلوٰۃ و سلام اور برکات نازل فرمائے اللہ کہ نہیں معبود برحق مگر اللہ مطابق زیرکی اور فطانت احمد کے
اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ صَلِّ وَسَلِّمْ وَبَارِكْ اللّٰهُ لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ عَدَدَ حُلْوِ اَحْمَدَ
لا الٰہ الا اللہ۔ صلوٰۃ و سلام اور برکات نازل فرمائے اللہ کہ نہیں معبود برحق مگر اللہ مطابق شیرینی کلام احمد کے
لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ صَلِّ وَسَلِّمْ وَبَارِكْ اللّٰهُ لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ عَدَدَ حَطْوِ
لا الٰہ الا اللہ صلوٰۃ و سلام اور برکات نازل فرمائے اللہ کہ نہیں معبود برحق مگر اللہ مطابق تحریک
اَحْمَدَ لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ صَلِّ وَسَلِّمْ وَبَارِكْ اللّٰهُ لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ عَدَدَ
احمد کے لا الٰہ الا اللہ۔ صلوٰۃ وسلام اور برکات نازل فرمائے اللہ کہ نہیں معبود برحق مگر اللہ مطابق اندرونی
حَشْوِ اَحْمَدَ لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ صَلِّ وَسَلِّمْ وَبَارِكْ اللّٰهُ لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ
اعضائے احمد کے لا الٰہ الا اللہ۔ صلوٰۃ وسلام اور برکات نازل فرمائے اللہ کہ نہیں معبود برحق مگر اللہ
عَدَدَ حَطْوِ اَحْمَدَ لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ صَلِّ وَسَلِّمْ وَبَارِكْ اللّٰهُ لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ
مطابق شدید محنت احمد کے لا الٰہ الا اللہ۔ صلوٰۃ و سلام اور برکات نازل فرمائے اللہ کہ نہیں معبود برحق مگر اللہ
عَدَدَ جَمْعِ اَحْمَدَ لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ صَلِّ وَسَلِّمْ وَبَارِكْ اللّٰهُ لَآ اِلٰهَ
مطابق جمع کرنے احمد کے (کمالات کاملین کو) لا الٰہ الا اللہ۔ صلوٰۃ و سلام اور برکات نازل فرمائے اللہ کہ نہیں معبود برحق
اِلَّا اللّٰهُ عَدَدَ بَعْوِ اَحْمَدَ لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ اَللّٰهُمَّ اِلَيْكَ قَصَدْتُ
مگر اللہ مطابق غلبۂ احمد کے لا الٰہ الا اللہ۔ اے اللہ تیری طرف ہی میں نے قصد کیا
وَبِبَابِكَ وَقَفْتُ وَاِلٰى جَنَابِكَ الْتَجَاْتُ وَلَكَ اَسْلَمْتُ وَبِمُحَمَّدٍ
اور تیرے ہی در پر میں کھڑا ہوں اور تیری بارگاہ کی ہی پناہ حاصل کی ہے اور تیری ہی اطاعت کی اور ساتھ محمد

صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ وَاٰلِہٖ تَوَسَّلْتُ وَبِاَوْلِیَآئِکَ لَآ اِلٰہَ اِلَّا
صلی اللہ علیہ وسلم اور ان کی آل کے اور ساتھ تیرے اولیاء کرام کے توسل کیا میں نے نہیں معبود برحق مگر
اللّٰہُ سُبْحَانَ رَبِّیَ الْعَظِیْمِ الْعَلِیْمِ لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ سُبْحَانَ
اللہ۔ پاک ہے میرا رب جو عظمت کا مالک اور علم ازلی والا ہے۔ نہیں معبود برحق مگر اللہ۔ پاک ہے
رَبِّیَ الْعَلِیِّ الْاَعْلٰی سُبْحَانَہٗ وَتَعَالٰی لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ سُبْحَانَ رَبِّ
میرا رب جو بلند شان و برتر ہے۔ پاک ہے وہ اور عالیمرتبت ہے۔ نہیں معبود برحق مگر اللہ۔ پاک ہے رب
السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ وَرَبِّ الْکُرْسِیِّ وَرَبِّ الْعَرْشِ الْعَظِیْمِ
آسمانوں اور زمینوں کا اور رب کرسی کا اور رب عرش عظیم کا۔
لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ سُبْحَانَ الْخَالِقِ الْبَارِئِ الْمُصَوِّرِ لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ سُبْحَانَ
نہیں کوئی معبود برحق مگر اللہ پاک ہے خالق۔ صحیح و سالم پیدا کرنے والا صورت گری فرمانیوالا۔ نہیں معبود برحق مگر اللہ۔ پاک
الْکَرِیْمِ الرَّزَّاقِ الْغَنِیِّ لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ سُبْحَانَ الْمُغْنِی الْمُعْطِی الْبَاسِطِ
ہے کریم رزاق غنی۔ نہیں معبود برحق مگر اللہ پاک ہے غنی کرنے والا۔ عطا فرمانے والا۔ کشائش دینے والا
لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ سُبْحَانَ الْغَفُوْرِ الرَّءُوْفِ الرَّحِیْمِ لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ سُبْحَانَ
نہیں معبود برحق مگر اللہ پاک ہے بہت بخشنے والا۔ مہربان۔ رحم فرمانے والا۔ نہیں معبود برحق مگر اللہ۔ پاک ہے
الْوَھَّابِ الرَّبِّ الْفَتَّاحِ لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ سُبْحَانَ ذِی الْقُدْرَۃِ وَ
بہت ہبہ فرمانے والا۔ مالک۔ کشادگی کار فرمانے والا۔ نہیں معبود برحق مگر اللہ۔ پاک ہے مالک قدرت اور
الْھَیْبَۃِ وَالْعَظَمَۃِ لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ سُبْحَانَ ذِی الْعَظَمَۃِ وَالْعِزَّۃِ
ہیبت اور عظمت کا۔ نہیں معبود برحق مگر اللہ۔ پاک ہے مالک عظمت و عزت
وَالرَّحْمَۃِ لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ سُبْحَانَ الْعَلِیْمِ الْحَمِیْدِ الْحَکِیْمِ لَآ اِلٰہَ اِلَّا
اور رحمت کا نہیں معبود برحق مگر اللہ۔ پاک ہے دائمی علم والا۔ سزاوار حمد صاحب حکمت۔ نہیں معبود برحق مگر
اللّٰہُ سُبْحَانَ الْمَجِیْدِ السَّمِیْعِ الْقَادِرِ لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ سُبْحَانَ الرَّافِعِ النَّافِعِ
اللہ پاک ہے صاحب مجد اور سمیع و قادر۔ نہیں معبود برحق مگر اللہ۔ پاک ہے رفعت و منفعت اور

الْوَاسِعِ لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ سُبْحَانَ السَّتَّارِ الْغَفَّارِ الْجَبَّارِ لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ
وسعت و فراخی عطا کرنے والا۔ نہیں معبود برحق مگر اللہ۔ پاک ہے پردہ پوش۔ بہت بخشنے والا۔ جبار۔ نہیں معبود برحق مگر اللہ
سُبْحَانَ الْبَصِیْرِ الْخَبِیْرِ الْکَبِیْرِ لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ سُبْحَانَ الصَّبُوْرِ
پاک ہے دیکھنے والا خبر رکھنے والا صاحب کبریا۔ نہیں معبود برحق مگر اللہ۔ پاک ہے بہت صبر و حلم والا
الشَّکُوْرِ النُّوْرِ لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ سُبْحَانَ الْمُحْیِ الْمُحْصِی الْبَاقِی لَآ
جزائے شکر دینے والا نور۔ نہیں معبود برحق مگر اللہ۔ پاک ہے زندہ کرنے والا۔ احاطہ کرنے والا ہمیشہ رہنے والا۔ نہیں
اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ سُبْحَانَ الْجَامِعِ الرَّافِعِ الْمُرَافِعِ لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ سُبْحَانَ
معبود برحق مگر اللہ۔ پاک ہے جمع کرنے والا۔ بلند کرنے والا بلندی بخشنے والا۔ لا الٰہ الا اللہ۔ پاک ہے
الْوَالِی الْمُتَعَالِی الْوَافِی لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ سُبْحَانَ الرَّشِیْدِ الْوَدُوْدِ
والی عالیمرتبت۔ صاحب وفا۔ لا الٰہ الا اللہ۔ پاک ہے سیدھی راہ والا۔ محبت رکھنے والا
الْمَوْدُوْدِ لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ سُبْحَانَ الرَّحِیْمِ الْکَرِیْمِ الْعَظِیْمِ لَآ اِلٰہَ
محبوب لا الٰہ الا اللہ۔ پاک ہے صاحب کرم۔ مالک عظمت لا الٰہ الا
اِلَّا اللّٰہُ سُبْحَانَ الرَّشِیْدِ الْحَمِیْدِ الْمَجِیْدِ لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ سُبْحَانَ
اللہ پاک ہے صاحب رشد و ہدایت۔ سزاوار حمد۔ بزرگتر۔ لا الٰہ الا اللہ پاک ہے
الْبَدِیْعِ الْمَنِیْعِ الْوَسِیْعِ لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ سُبْحَانَ الْمُصَوِّرِ الْمُدَبِّرِ
انوکھے انداز میں پیدا کرنے والا۔ صاحب قوت غالبہ مالک وسعت۔ لا الٰہ الا اللہ۔ پاک ہے نقاش ازل۔ صاحب تدبیر
الْمُؤَخِّرِ لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ سُبْحَانَ الْوَاحِدِ الْمَاجِدِ الْوَاجِدِ لَآ اِلٰہَ
مؤخر کرنے والا۔ لا الٰہ الا اللہ۔ پاک ہے واحد۔ صاحب مجد۔ مالک وسعت لا الٰہ
اِلَّا اللّٰہُ سُبْحَانَ الْغَنِیِّ الْوَلِیِّ الْحَفِیِّ لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ سُبْحَانَ
الا اللہ۔ پاک ہے غنی۔ متولی امور۔ شفیق۔ لا الٰہ الا اللہ۔ پاک ہے
الْفَرْدِ الصَّمَدِ الْمُمَجِّدِ لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ سُبْحَانَ الْعَلِیِّ الْوَلِیِّ الْحَفِیِّ
یکتا و یگانہ۔ بے نیاز۔ بزرگی عطا کرنے والا۔ لا الٰہ الا اللہ۔ پاک ہے عالیمرتبت۔ قریب۔ شفیق

لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ سُبْحَانَ الْمَلَاذِ الْعَزِيْزِ الْمُعِزِّ الْمُعْجِزِ لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ

لا الٰہ الا اللہ۔ پاک ہے جائے پناہ۔ عزیز۔ عزت بخش۔ عاجز کر دینے والا۔ لا الٰہ الا اللہ

سُبْحَانَ الْمُصَوِّرِ الْمُكَبِّرِ الْمُدَبِّرِ سُبْحَانَ اللّٰهِ لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ اَللّٰهُمَّ

پاک ہے نقاش ازل۔ بڑائی بخشنے والا۔ صاحبِ تدبیر پاک ہے اللہ۔ نہیں معبود برحق مگر اللہ۔ اے اللہ

صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدِنِ الَّذِىْ اَخْبَرَ اَنَّ الْعَرْشَ يُسَبِّحُ اللّٰهَ

صلوٰۃ نازل فرما سیدنا محمد پر جنہوں نے بتلایا کہ عرش مجید اللہ تعالیٰ کی پاکیزگی بیان کرتا ہے

بِاَنْوَاعِ اللُّغَاتِ وَالْبَيَانِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدِنِ الَّذِىْ

مختلف اقسام کی لغات اور اسالیب بیان کے ساتھ۔ اے اللہ صلوٰۃ نازل فرما سیدنا محمد پر کہ جنہوں نے

اَخْبَرَ اَنَّ لِلْعَرْشِ اَلْفَ لِسَانٍ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدِنِ الَّذِىْ

بتلایا کہ عرش کی ہزار زبان ہے۔ اے اللہ رحمت کاملہ نازل فرما سیدنا محمد پر جنہوں نے

اَخْبَرَ فِىْ خَبَرِهِ الصَّحِيْحِ اَنَّ الْعَرْشَ يُسَبِّحُ اللّٰهَ بِاَلْفِ نَوْعٍ مِّنَ

خبر دی حدیث صحیح کے مطابق کہ عرش اللہ تعالیٰ کی تسبیح کرتا ہے ہزار قسم کی تسبیح

التَّسْبِيْحِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدِنِ الَّذِىْ اَخْبَرَ اَنَّ السَّمَآءَ

کے ساتھ۔ اے اللہ صلوٰۃ نازل فرما سیدنا محمد پر جنہوں نے خبر دی کہ پانچواں آسمان

الْخَامِسَةَ مِنَ الْيَاقُوْتِ الْاَحْمَرِ وَاَهْلَهَا رَافِعُوْنَ اَصْوَاتَهُمْ

یاقوت سرخ سے ہے اور اس کے باسی بلند کرتے ہیں اپنی آوازیں

بِالتَّهْلِيْلِ وَالتَّسْبِيْحِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدِنِ الَّذِىْ

لا الٰہ الا اللہ اور سبحان اللہ کے ورد کے ساتھ۔ اے اللہ صلوٰۃ نازل فرما سیدنا محمد پر جن کے

سَبَّحَتْ فِىْ كَفِّهِ الْحَصٰى اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدِنِ الَّذِىْ

دستِ اقدس میں تسبیح پڑھی کنکریوں نے۔ اے اللہ صلوٰۃ نازل فرما سیدنا محمد پر جن کے

سَبَّحَ فِىْ كَفِّهِ الطَّعَامُ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدِنِ سَلَامًا

دستِ اقدس میں طعام نے تسبیح کہی۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل فرما سیدنا محمد پر جو سلام

وَّصَلٰوةً تُحَمِّدُ بِهَا مِنَّا حَمْدًا كَثِيْرًا طَيِّبًا مُّبَارَكًا فِيْهِ اَللّٰهُمَّ

و صلوٰۃ کہ لائق حمد ٹھہرائے ان کو بہت زیادہ پاکیزہ با برکت حمد کے ساتھ۔ اے اللہ

صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى مَحْمُوْدٍ صَلٰوةً تُحَمِّدُ بِهَا مِنَّا حَمْدًا اَجْزِيْلًا

صلوٰۃ و سلام نازل فرما اپنے محمود پر جو کہ حمد کرائے ان کی ہم سے بھی بہت بڑی

جَمِيْلًا دَآئِمًا بِدَوَامِ مُلْكِ اللّٰهِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدِنِ

خوبصورت حمد جو ہمیشہ رہنے والی ہو ملک الٰہی کے دوام تک۔ اے اللہ رحمت کاملہ نازل فرما سیدنا محمد پر

الْمَاْمُوْرِ بِقَوْلِهٖ عَزَّ وَجَلَّ وَسَبِّحْ بِحَمْدِ رَبِّكَ بِالْعَشِىِّ وَالْاِبْكَارِ

جو کہ مامور ہیں اللہ تعالیٰ کے اس قول کے ساتھ "اور تسبیح بیان کیجیے اللہ تعالیٰ کی جو اس کی حمد سے مقرون و متصل ہو پچھلے وقت اور سویرے"

اَللّٰهُمَّ اِنِّىْ اَسْئَلُكَ بِمَا شِئْتَ مِنْ تَقْطِيْرِ تَقْدِيْرِ الْحُكْمِ وَبِمَآ

اے اللہ میں سوال کرتا ہوں تجھ سے بطفیل تیری تقدیر کے حسن ترتیب کے جو تیری مشیت میں ہے اور بطفیل

اَخْرَجْتَهٗ مِنَ الْقَضَآءِ فِى اللَّوْحِ وَالْقَلَمِ اَنْ تَقْضِىَ حَاجَتِىْ

اس قضا کے جس کو ظاہر فرمایا لوح میں اور قلم میں کہ میری حاجت بر لائے

وَتُعَلِّمَنِىْ مِنَ الْمَعْلُوْمَاتِ وَالْمَفْهُوْمَاتِ وَالتَّهْلِيْلَاتِ وَ

اور سکھلائے مجھے معلومات و مفہومات سے اور تہلیلات و

التَّسْبِيْحَاتِ كَمَا هُوَ فِىْ عِلْمِكَ الْحَقِّ بِكَ اِلَيْكَ لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ

تسبیحات سے جیسے کہ تیرے برحق علم میں ہے ساتھ اپنی توفیق کے طرف اپنی ذات کے۔ لا الٰہ الا اللہ

سُبْحَانَ السُّبُّوْحِ الْفُتُوْحِ الْوَلُوْحِ لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ سُبْحَانَ الْقَادِرِ

پاک ہے سبوح صاحب حکم مکلف ٹھہرانے والا۔ لا الٰہ الا اللہ۔ پاک ہے صاحبِ قدرت

الْمُقْتَدِرِ لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ سُبْحَانَ ذِى الْغُفْرَانِ الْحَلِيْمِ لَا اِلٰهَ اِلَّا

صاحبِ اقتدار۔ لا الٰہ الا اللہ پاک ہے مالکِ مغفرت و بخشش صاحبِ حلم لا الٰہ الا

اللّٰهُ سُبْحَانَ مَالِكِ الْمُلْكِ لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ سُبْحَانَ الْبَارِئِ الْمُصَوِّرِ

اللہ۔ پاک ہے مالک ملک لا الٰہ الا اللہ۔ پاک ہے سلامتی کے ساتھ پیدا فرمانے والا نقاش ازل

لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ سُبْحَانَ الْعَزِيْزِ الْجَبَّارِ لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ سُبْحَانَ الْجَبَّارِ

لا الٰہ الاّ اللہ ۔ پاک ہے عزیز و غالب ۔ شکستگیوں کو دور کرنے والا ۔ لا الٰہ الاّ اللہ ۔ پاک ہے جبّار

الْمُتَكَبِّرِ لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ سُبْحَانَ اللّٰهِ تَعَالٰى عَمَّا يَصِفُوْنَ لَآ اِلٰهَ اِلَّا

صاحب کبریائی لا الٰہ الاّ اللہ ۔ پاک ہے اللہ جو بلند تر ہے اس سے جو (مشرکین) بیان کرتے ہیں ۔ لا الٰہ الاّ

اللّٰهُ سُبْحَانَ اللّٰهِ تَعَالٰى عَمَّا يَقُوْلُوْنَ لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ سُبْحَانَ اللّٰهِ

اللہ ۔ پاک ہے اللہ جو بلند تر ہے اس سے جو وہ کہتے ہیں لا الٰہ الاّ اللہ ۔ پاک ہے اللہ

تَعَالٰى عَمَّا يُشْرِكُوْنَ لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ سُبْحَانَ الْقُدُّوْسِ السُّبُّوْحِ

جو بلند ہے اس سے جو وہ شریک ٹھہراتے ہیں ۔ لا الٰہ الا اللہ ۔ پاک ہے مقدس ترین پاکیزہ ترین

لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ سُبْحَانَ رَبِّ الْمَلٰٓئِكَةِ وَالرُّوْحِ لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ

لا الٰہ الاّ اللہ ۔ پاک ہے رب ملائکہ اور روح کا ۔ لا الٰہ الاّ اللہ

سُبْحَانَ ذِى الْاٰلَآءِ وَالنَّعْمَآءِ لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ سُبْحَانَ الْمَلِكِ

پاک ہے مالک ظاہری اور باطنی نعمتوں کا ۔ لا الٰہ الاّ اللہ ۔ پاک ہے شہنشاہ

الْمَقْصُوْدِ الْمَوْجُوْدِ لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ سُبْحَانَ هُوَ الرَّحْمٰنُ الرَّحِيْمُ

جو مقصود حقیقی ہے ۔ دائمی حقیقی وجود والا ہے لا الٰہ الاّ اللہ پاک ہے وہ جو کہ بہت رحم کرنے والا مہربان ہے

لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ سُبْحَانَ الْمُؤْمِنِ الْمُهَيْمِنِ الْمُعَلِّمِ لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ

لا الٰہ الاّ اللہ ۔ پاک ہے امن دینے والا ۔ نگہبانی کرنے والا ۔ تعلیم دینے والا ۔ لا الٰہ الاّ اللہ

سُبْحَانَ الْغَفَّارِ الْوَهَّابِ الْقَهَّارِ لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ سُبْحَانَ الرَّزَّاقِ

پاک ہے بہت بخشنے والا ۔ عطا کرنے والا مالک قہر ۔ لا الٰہ الاّ اللہ ۔ پاک ہے بہت روزی رساں

الْفَتَّاحِ الْعَلِيْمِ لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ سُبْحَانَ الْقَابِضِ الْبَاسِطِ الرَّافِعِ

حاکم ۔ دائمی علم والا ۔ لا الٰہ الاّ اللہ ۔ پاک ہے تنگی دینے والا فراخی پیدا کرنے والا ۔ بلندی عطا کرنے والا

لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ سُبْحَانَ الْمُعِزِّ الْمُذِلِّ السَّمِيْعِ لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ

لا الٰہ الاّ اللہ ۔ پاک ہے عزت دینے والا ۔ ذلت دینے والا ۔ سننے والا لا الٰہ الاّ اللہ

سُبْحَانَ الْبَصِيْرِ الْحَكَمِ الْعَدْلِ لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ سُبْحَانَ اللَّطِيْفِ

پاک ہے دیکھنے والا ۔ صاحب حکم اور سراسر عدل ۔ لا الٰہ الاّ اللہ ۔ پاک ہے صاحب لطف

الْخَبِيْرِ الْعَظِيْمِ لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ سُبْحَانَ الْحَلِيْمِ الْغَفُوْرِ الشَّكُوْرِ

و باخبر مالک عظمت ۔ لا الٰہ الاّ اللہ ۔ پاک ہے صاحب حلم ۔ مالک مغفرت ۔ شکر کی بہت زیادہ جزا دینے

لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ سُبْحَانَ الْعَلِيِّ الْكَبِيْرِ الْحَفِيْظِ لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ سُبْحَانَ

والا لا الٰہ الاّ اللہ ۔ پاک ہے عالی مرتبت ۔ صاحب کبریا ۔ حفاظت فرمانے والا ۔ لا الٰہ الاّ اللہ ۔ پاک ہے

الْمُقِيْتِ الْحَسِيْبِ الْجَلِيْلِ لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ سُبْحَانَ الْكَرِيْمِ الرَّقِيْبِ

صاحب اقتدار ۔ حساب لینے والا ۔ صاحب جلالت ۔ لا الٰہ الاّ اللہ ۔ پاک ہے صاحب کرم ۔ نگہبان ۔

الْحَسِيْبِ الْجَلِيْلِ لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ سُبْحَانَ الْكَرِيْمِ الرَّقِيْبِ الْمُجِيْبِ

حساب لینے والا ۔ صاحب جلالت لا الٰہ الاّ اللہ ۔ پاک ہے صاحب کرم ۔ نگہبان ۔ قبول کرنے والا

لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ سُبْحَانَ الْوَاسِعِ الْحَكِيْمِ الْوَدُوْدِ لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ سُبْحَانَ

لا الٰہ الاّ اللہ ۔ پاک ہے وسعت والا ۔ صاحب حکمت ۔ مودت والا ۔ لا الٰہ الا اللہ ۔ پاک ہے

الْمَجِيْدِ الْبَاعِثِ الشَّهِيْدِ لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ سُبْحَانَ اللّٰهِ مَآ اَعْظَمَ اللّٰهُ

دائمی بزرگی والا ۔ (قبروں سے) اٹھانے والا ۔ مشاہدہ فرمانے والا ۔ لا الٰہ الاّ اللہ پاک ہے اللہ کتنا عظیم ہے اللہ

لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ سُبْحَانَ اللّٰهِ مَآ اَحْلَمَ اللّٰهُ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا

لا الٰہ الاّ اللہ ۔ پاک ہے اللہ ۔ کتنا حلیم ہے اللہ ۔ اے اللہ صلوٰۃ کاملہ نازل فرما سیدنا

مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ عَدَدَ تَعْدَادِ اِكْرَامِ اللّٰهِ وَنِعْمَةِ

محمد پر اور آپ کی آل پر مطابق گنتی و شمار اللہ تعالےٰ کے اکرام و انعام کے

اللّٰهِ فِىْ عِلْمِ اللّٰهِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى

جو اس کے علم میں ہیں ۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل فرما سیدنا محمد پر اور آپ کی

اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ عَدَدَ حَسَنَاتِ صَفْوَةِ اللّٰهِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ

آل پر مطابق اعداد حسنات ان لوگوں کے جو اللہ کے چنے ہوئے ہیں ۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل فرما

عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ عَدَدَ الْقِیَامِ وَالْحَرَکَاتِ

سیدنا محمد پر اور آپ کی آل پر مطابق تعداد قیام اور حرکات کے

وَالْقُعُوْدِ وَالسَّکَنَاتِ اَللّٰھُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّ

اور قعدوں اور سکنات کے۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل فرما سیدنا محمد پر اور

عَلٰی اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ عَدَدَ مُخَلَّلِ الْمَنْسُوْجَاتِ اَللّٰھُمَّ صَلِّ

آپ کی آل پر مطابق تعداد بنی ہوئی اشیاء کی درمیانی متخلل جگہوں کے۔ اے اللہ صلوٰۃ

وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ عَدَدَ النُّقَطِ

و سلام نازل فرما سیدنا محمد پر اور آپ کی آل پر مطابق تعداد نقاط

وَالْکَلِمَاتِ اَللّٰھُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِ

اور کلمات کے۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل فرما سیدنا محمد پر اور

سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ عَدَدَ الْھَوَاجِسِ وَالنِّیَّاتِ اَللّٰھُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ

سیدنا محمد کی آل پر مطابق تعداد (عباد کے) قلبی خیالات اور نیات کے۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل فرما

عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ عَدَدَ اَنْفَاسِ الْخَلَائِقِ

سیدنا محمد پر اور آپ کی آل پر مطابق مخلوقات کے سانسوں کی مقدار کے

اَللّٰھُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ

اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل فرما سیدنا محمد پر اور سیدنا محمد کی آل پر

عَدَدَ کُلِّ صَامِتٍ وَّنَاطِقٍ اَللّٰھُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا

مطابق تعداد ہر خاموش اور ہر متکلم کے۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل فرما سیدنا

مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ عَدَدَ تَسْبِیْحَاتِ سُکَّانِ السَّبْعِ

محمد پر اور آپ کی آل پر مطابق تعداد ان تسبیحات کے جو ساتوں آسمانوں کے ساکنین نے کی ہیں

الطَّرَائِقِ لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ سُبْحَانَ الْقَوِیِّ الْمَتِیْنِ الْوَلِیِّ لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ

لا الٰہ الا اللہ۔ پاک ہے صاحب قوت۔ پائیدار۔ محبوب۔ لا الٰہ الا اللہ

سُبْحَانَ الْحَمِیْدِ الْمُحْصِی الْمُبْدِئِ لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ سُبْحَانَ الْمُعِیْدِ الْمُحْیِی

پاک ہے سزاوار حمد۔ احاطہ کرنے والا۔ آغاز فرمانے والا۔ لا الٰہ الا اللہ۔ پاک ہے لوٹانے والا۔ زندہ کرنے والا

الْمُمِیْتِ لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ سُبْحَانَ الْوَاحِدِ الْحَیِّ الْقَیُّوْمِ لَآ اِلٰہَ اِلَّا

مارنے والا۔ لا الٰہ الا اللہ پاک ہے یکتا، دائمی حیات والا ہمیشہ قائم رہنے والا۔ لا الٰہ الا

اللّٰہُ سُبْحَانَ الْمُقَدِّمِ الْمُؤَخِّرِ الْاَوَّلِ لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ سُبْحَانَ الْاٰخِرِ

اللہ۔ پاک ہے سبقت دینے والا۔ مؤخر کرنے والا سب سے اول لا الٰہ الا اللہ۔ پاک ہے سب سے آخر

الظَّاھِرِ الْبَاطِنِ لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ سُبْحَانَ الْوَالِی الْمُسْتَعَانِ الْمُتَعَالِی

ظاہر، باطن و مخفی۔ لا الٰہ الا اللہ۔ پاک ہے والی۔ مطلوب الاعانت والا شان۔

لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ سُبْحَانَ الْبَرِّ التَّوَّابِ الْمُنْتَقِمِ لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ سُبْحَانَ

لا الٰہ الا اللہ۔ پاک ہے محسن۔ بہت توبہ قبول کرنے والا۔ انتقام لینے والا۔ لا الٰہ الا اللہ۔ پاک ہے

الْعَفُوِّ الرَّءُوْفِ الرَّحِیْمِ لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ سُبْحَانَ الْمَالِکِ الْمُلْکِ

درگزر کرنے والا۔ صاحب رأفت و رحمت۔ لا الٰہ الا اللہ۔ پاک ہے ملک (کائنات) کا مالک۔

لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ سُبْحَانَ ذِی الْجَلَالِ وَالْاِکْرَامِ لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ

لا الٰہ الا اللہ۔ پاک ہے جلال و اکرام کا مالک۔ لا الٰہ الا اللہ

سُبْحَانَ الْمُقْسِطِ الْجَامِعِ لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ سُبْحَانَ الْغَنِیِّ الْمُغْنِیْ

پاک ہے صاحب عدل۔ جمع فرمانے والا (روز حشر) لا الٰہ الا اللہ۔ پاک ہے بذات خود صاحب غنا اور دوسروں کو غنی کرنے والا

لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ سُبْحَانَ الْمُعْطِی الْمَانِعِ لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ سُبْحَانَ

لا الٰہ الا اللہ۔ پاک ہے عطا کرنے والا اور محروم رکھنے والا۔ لا الٰہ الا اللہ۔ پاک ہے

الضَّآرِّ النَّافِعِ النُّوْرِ لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ سُبْحَانَ الْھَادِی الْبَدِیْعِ

مالک ضرر اور منفعت اور سراسر نور۔ لا الٰہ الا اللہ۔ پاک ہے ہدایت دینے والا۔ انوکھی ایجادات والا

الْبَاقِیْ لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ سُبْحَانَ الْوَارِثِ الرَّشِیْدِ الصَّبُوْرِ لَآ اِلٰہَ

ہمیشہ رہنے والا۔ لا الٰہ الا اللہ۔ پاک ہے سب متروکات کا مالک۔ صاحب رشد۔ بہت بردبار۔ لا الٰہ

لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ سُبْحَانَ الْحَكِيْمِ الْقَدِيْمِ لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ سُبْحَانَ
اِلّا اللہ پاک ہے صاحب حکمت۔ بے ابتداء ۔ لا الٰہ اِلّا اللہ۔ پاک ہے

السَّمِيْعِ الْبَصِيْرِ لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ سُبْحَانَ الْقَوِيِّ الْمَتِيْنِ لَا اِلٰهَ اِلَّا
دائمی سمع و بصر والا۔ لا الٰہ اِلّا اللہ۔ پاک ہے صاحب قوت مضبوط و مستحکم وجود والا۔ لا الٰہ اِلّا

اللّٰهُ سُبْحَانَ مَنْ لَّا يَمُوْتُ وَلَا يَفُوْتُ اَبَدًا اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ
اللہ۔ پاک ہے جو موت سے منزہ ہے اور کبھی فوت نہیں ہوگا۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل فرما

عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ عَدَدَ النُّجُوْمِ الزَّاهِرَةِ
سیّدنا محمد پر اور آپ کی آل پر مطابق تعداد روشن ستاروں کے

لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ سُبْحَانَ قَابِلِ التَّوْبِ شَدِيْدِ الْعِقَابِ لَا اِلٰهَ اِلَّا
لا الٰہ اِلّا اللہ۔ پاک ہے توبہ قبول کرنے والا۔ شدید عذاب والا۔ لا الٰہ اِلّا

اللّٰهُ سُبْحَانَ الْفَرْدِ الصَّمَدِ لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ الْقَدِيْمُ مِنْ كُلِّ شَيْءٍ
اللہ۔ پاک ہے یکتاو یگانہ۔ بے نیاز۔ نہیں معبود برحق مگر اللہ جو قدیم ہے ہر شئی سے

وَّبَعْدَ كُلِّ شَيْءٍ لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ سُبْحَانَ مَالِكِ يَوْمِ الدِّيْنِ لَا
اور ہر شئی کے بعد بھی موجود رہے گا۔ لا الٰہ اِلّا اللہ۔ پاک ہے قیامت کے دن کا مالک۔ لا

اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ كُلُّ شَيْءٍ هَالِكٌ اِلَّا وَجْهَهٗ لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ سُبْحَانَ
الٰہ اِلّا اللہ ہر چیز (اپنے مرتبہ ذات میں) فنا پذیر ہے ماسوائے اس کی ذات اقدس کے۔ لا الٰہ اِلّا اللہ۔ پاک ہے

مَنْ لَّا غَافِرَ لِلذُّنُوْبِ اِلَّا هُوَ لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ سُبْحَانَ الْبَاعِثِ
وہ کہ نہیں گناہ بخشنے والا مگر وہی۔ لا الٰہ اِلّا اللہ۔ پاک ہے (روز حشر) اُٹھانے والا

الْوَارِثِ الْوَهَّابِ لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ سُبْحَانَ الْعَدْلِ الْمُؤْمِنِ
متروکات کا مالک حقیقی۔ بہت عطا کرنے والا۔ لا الٰہ اِلّا اللہ۔ پاک ہے سراسر عدل، امن دینے والا

الْمُهَيْمِنِ لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ سُبْحَانَ السُّلْطَانِ الْبَاسِطِ لَا اِلٰهَ اِلَّا
نگہبان۔ لا الٰہ اِلّا اللہ۔ پاک ہے سلطان حقیقی وسعت رزق بخشنے والا۔ لا الٰہ اِلّا

اللّٰهُ سُبْحَانَ الْمُحْصِيْ الْمُبْدِئِ لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ سُبْحَانَ الْمُنْتَقِمِ
اللہ۔ پاک ہے احاطہ کرنے والا۔ آغاز فرمانے والا۔ لا الٰہ اِلّا اللہ۔ پاک ہے صاحب انتقام

الْمُنْعِمِ الْعَفُوِّ لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ سُبْحَانَ الْحَسِيْبِ الْمُقِيْتِ الْحَفِيْظِ
و صاحب انعام۔ درگزر فرمانے والا۔ لا الٰہ اِلّا اللہ۔ پاک ہے حساب لینے والا، صاحب اقتدار، حفاظت فرمانے

لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ سُبْحَانَ الْحَافِظِ الْقَاهِرِ لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ سُبْحَانَ
والا۔ لا الٰہ اِلّا اللہ۔ پاک ہے صاحب حفظ۔ مالک قہر۔ لا الٰہ اِلّا اللہ۔ پاک ہے

الْقَابِضِ الرَّافِعِ الْخَافِضِ لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ سُبْحَانَ النُّوْرِ الْمُقْسِطِ
تنگی پیدا کرنے والا۔ رفعت اور پستی دینے والا۔ لا الٰہ اِلّا اللہ۔ پاک ہے سراسر نور، صاحب عدل

الْجَامِعِ لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ سُبْحَانَ الْمَانِعِ الضَّارِّ النَّافِعِ لَا اِلٰهَ اِلَّا
جمع فرمانے والا۔ لا الٰہ اِلّا اللہ۔ پاک ہے روکنے والا۔ ضرر اور نفع کا مالک۔ لا الٰہ اِلّا

اللّٰهُ سُبْحَانَ الْاَجْوَدِ الْمُقَدِّمِ الْوَاسِعِ لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ سُبْحَانَ
اللہ۔ پاک ہے بہت جود و نوال والا۔ سبقت دینے والا۔ صاحب وسعت لا الٰہ اِلّا اللہ۔ پاک ہے

الرَّاحِمِ الرَّحْمٰنِ السَّتَّارِ لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ سُبْحَانَ الْمَالِكِ الرَّحِيْمِ
رحم کرنے والا۔ بے نہایت رحمت والا۔ پردہ پوش۔ لا الٰہ اِلّا اللہ۔ پاک ہے صاحب ملک۔ دائمی رحمت والا

الْغَفَّارِ لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ سُبْحَانَ الْحَلِيْمِ الرَّءُوْفِ الْوَهَّابِ لَا اِلٰهَ
(اہل ایمان کے لیے) بخشنے والا۔ لا الٰہ اِلّا اللہ۔ پاک ہے صاحب حلم۔ صاحب رافت۔ بہت عطا کرنے والا۔ لا الٰہ

اِلَّا اللّٰهُ سُبْحَانَ الْجَابِرِ الْكَاشِفِ الْكُرُوْبِ لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ سُبْحَانَ
اِلّا اللہ۔ پاک ہے شکستگی دور کرنے والا۔ رنج و الم دور کرنے والا۔ لا الٰہ اِلّا اللہ۔ پاک ہے

ذِي الْكَرَمِ الْوَهَّابِ الْعَطِيَّاتِ لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ سُبْحَانَ الشَّدِيْدِ
صاحب کرم و جود بہت بخشنے والا عطیات کا۔ لا الٰہ اِلّا اللہ۔ پاک ہے سخت

الْعِقَابِ لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ سُبْحَانَ الْغَافِرِ الذُّنُوْبِ وَالْخَطِيْئَاتِ
عقاب والا۔ لا الٰہ اِلّا اللہ۔ پاک ہے ذنوب اور خطاؤں کا بخشنے والا

لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ سُبْحَانَ الْحَقِّ النَّاصِرِ الْمُعِيْنِ لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ سُبْحَانَ

لا الٰہ الّا اللہ۔ پاک ہے خدائے برحق۔ ناصر اور توفیق بخشنے والا۔ لا الٰہ الّا اللہ۔ پاک ہے

الْغَفَّارِ الْمُسْتَعَانِ لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ اٰدَمُ صَفِيُّ اللّٰهِ لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ نُوْحٌ

صاحب مغفرت عظیم اور مطلوب التوفیق۔ لا الٰہ الّا اللہ آدم اللہ کے چنے ہوئے ہیں۔ نہیں معبود برحق مگر اللہ۔ نوح

نَجِيُّ اللّٰهِ لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ اِبْرَاهِيْمُ خَلِيْلُ اللّٰهِ لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ

اللہ تعالیٰ کے راز دار ہیں۔ نہیں معبود برحق مگر اللہ ابراہیم اللہ تعالیٰ کے خلیل ہیں۔ نہیں معبود برحق مگر اللہ۔

اِسْمٰعِيْلُ ذَبِيْحُ اللّٰهِ لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ مُوْسٰى كَلِيْمُ اللّٰهِ لَآ اِلٰهَ

اسماعیل اللہ کے لیے ذبح کئے ہوئے ہیں۔ لا الٰہ الّا اللہ موسیٰ اللہ تعالیٰ کے کلیم ہیں۔ نہیں معبود برحق

اِلَّا اللّٰهُ دَاوٗدُ خَلِيْفَةُ اللّٰهِ لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ عِيْسٰى رُوْحُ اللّٰهِ لَآ

مگر اللہ۔ داؤد اللہ تعالیٰ کے خلیفہ ہیں۔ نہیں معبود برحق مگر اللہ۔ عیسیٰ اللہ تعالیٰ کی پسندیدہ روح ہیں۔ نہیں

اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰهِ لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ مُحَمَّدٌ حَبِيْبُ

معبود برحق مگر اللہ محمد اللہ تعالیٰ کے رسول ہیں۔ نہیں معبود برحق مگر اللہ محمد اللہ تعالیٰ کے حبیب ہے

اللّٰهِ لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ مُحَمَّدٌ شَفِيْعُ اللّٰهِ حَقًّا حَقًّا اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ

نہیں معبود برحق مگر اللہ محمد اللہ تعالیٰ کی طرف سے مقرر کردہ برحق شفیع ہیں۔ اے اللہ صلوٰۃ وسلام نازل فرما

عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ عَدَدَ الْاٰيَاتِ الْبَاهِرَاتِ

سیدنا محمد پر اور آپ کی آل پر واضح آیات کی تعداد اور ظاہر بینات کے الفاظ

وَالْاَلْفَاظِ الظَّاهِرَاتِ وَالْاَنْفَاسِ الطَّاهِرَاتِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ

اور نفوس طاہرہ کے انفاس کی مقدار کے مطابق۔ اے اللہ صلوٰۃ وسلام نازل فرما

عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ عَدَدَ اللَّحَظَاتِ وَ

سیدنا محمد پر اور سیدنا محمد کی آل پر مطابق تعداد (مخلوق کے) دیکھنے اور

الْاَنْفَاسِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى اٰلِ

سانس لینے کے۔ اے اللہ صلوٰۃ وسلام نازل فرما سیدنا محمد پر اور آپ کی

سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ عَدَدَ الْاَنْوَاعِ وَالْاَجْنَاسِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ

آل پر مطابق تعداد انواع اور اجناس کائنات کے۔ اے اللہ صلوٰۃ وسلام نازل فرما

عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ عَدَدَ الْخَطَرَاتِ وَ

سیدنا محمد پر اور سیدنا محمد کی آل پر مطابق تعداد خیالات اور

الْاَوْجَاسِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى اٰلِ

اندیشہ ہائے خلق کے۔ اے اللہ صلوٰۃ وسلام نازل فرما سیدنا محمد پر اور سیدنا

سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ عَدَدَ الْاَسْنَانِ وَالْاَضْرَاسِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ

محمد کی آل پر مطابق تعداد (مخلوق کے) دانتوں اور داڑھوں کے۔ اے اللہ صلوٰۃ وسلام نازل فرما

عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ عَدَدَ اَفْرَادِ الْجِنَّةِ

سیدنا محمد پر اور سیدنا محمد کی آل پر مطابق تعداد جنتی اور انسانی

وَالنَّاسِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى اٰلِ سَيِّدِنَا

افراد کے۔ اے اللہ صلوٰۃ وسلام نازل فرما سیدنا محمد پر اور آپ کی آل پر

مُحَمَّدٍ عَدَدَ النَّبَاتِ وَالزُّرُوْعِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا

مطابق تعداد نباتات کے اور کھیتیوں کے۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل فرما سیدنا

مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ عَدَدَ اَوْرَاقِ الْفُرُوْعِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ

محمد پر اور آپ کی آل پر مطابق شاخوں کے پتوں کی تعداد کے۔ اے اللہ صلوٰۃ و

وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ عَدَدَ كُلِّ

سلام نازل فرما سیدنا محمد پر اور سیدنا محمد کی آل پر مطابق تعداد ہر

مَخْصُوْصٍ وَّمَرْفُوْعٍ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّ

صاحب خصوصیت کے اور بلند مرتبت کے۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل فرما سیدنا محمد پر اور

عَلٰٓى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ عَدَدَ كُلِّ مَوْصُوْلٍ وَّمَقْطُوْعٍ اَللّٰهُمَّ صَلِّ

سیدنا محمد کی آل پر مطابق تعداد ہر دولت وصل سے مشرف کے اور محروم وصل کے۔ اے اللہ صلوٰۃ و

وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ عَدَدَ كُلِّ مُفْرَدٍ وَّمَجْمُوْعٍ

و سلام نازل فرما سیدنا محمد پر اور آپ کی آل پر مطابق تعداد ہر مفرد اور جمع کے

اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ عَدَدَ النَّبَاتِ

اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل فرما سیدنا محمد پر اور آپ کی آل پر مطابق تعداد نباتات

وَالزُّهُوْرِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ

اور تمام پھولوں کے۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل فرما سیدنا محمد پر اور سیدنا محمد کی آل پر

عَدَدَ الْاَزْمِنَةِ وَالشُّهُوْرِ لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ سُبْحَانَ مَآ اَكْرَمَ اللّٰهُ لَآ اِلٰهَ

مطابق تعداد تمام زمانوں کے اور مہینوں کے۔ لا الٰہ الا اللہ۔ پاک ہے اللہ وہ کتنا صاحب کرم ہے نہیں معبود

اِلَّا اللّٰهُ وَحْدَهٗ لَا شَرِيْكَ لَهٗ مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰهِ حَقًّا لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ

برحق مگر اللہ یکتا و بے ہمتا۔ محمد اللہ تعالیٰ کے برحق رسول ہیں۔ لا الٰہ الا اللہ

سُبْحَانَ الْمَلِكِ الْقُدُّوْسِ لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ سُبْحَانَ ذِي الْمُلْكِ وَالْمَلَكُوْتِ

پاک ہے شہنشاہ۔ سراسر تقدس۔ لا الٰہ الا اللہ۔ پاک ہے ملک ظاہر و محسوس اور غیر محسوس ملک کا

لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ سُبْحَانَ الرَّءُوْفِ الرَّحِيْمِ لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ سُبْحَانَ

مالک لا الٰہ الا اللہ۔ پاک ہے صاحب رأفت۔ بہت مہربان۔ لا الٰہ الا اللہ۔ پاک ہے

الْغَفُوْرِ الرَّحِيْمِ لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ سُبْحَانَ الْكَرِيْمِ الْحَكِيْمِ لَآ اِلٰهَ اِلَّا

بہت بخشنے والا۔ رحم فرمانے والا۔ لا الٰہ الا اللہ۔ پاک ہے صاحب کرم علیم صاحب حکمت و دانش۔ لا الٰہ الا

اللّٰهُ سُبْحَانَ الْقَوِيِّ الْوَفِيِّ لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ سُبْحَانَ اللَّطِيْفِ الْخَبِيْرِ

اللہ۔ پاک ہے صاحب قوت ذاتیہ صاحب وفا۔ لا الٰہ الا اللہ۔ پاک ہے صاحب لطف۔ ظاہر و باطن کی خبر

لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ سُبْحَانَ الصَّمَدِ الْمَعْبُوْدِ لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ سُبْحَانَ الْغَفُوْرِ الْوَدُوْدِ

رکھنے والا۔ لا الٰہ الا اللہ۔ پاک ہے بے نیاز معبود۔ لا الٰہ الا اللہ۔ پاک ہے بخشنے والا مخلوق سے محبت

لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ سُبْحَانَ الْوَكِيْلِ الْكَفِيْلِ لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ سُبْحَانَ الرَّقِيْبِ الْحَفِيْظِ

رکھنے والا۔ لا الٰہ الا اللہ۔ پاک ہے کارساز، ذمہ دار۔ لا الٰہ الا اللہ۔ پاک ہے نگران۔ محافظ

لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ سُبْحَانَ الدَّآئِمِ الْقَآئِمِ لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ سُبْحَانَ الْمُحْيِي الْمُمِيْتِ لَآ

لا الٰہ الا اللہ۔ پاک ہے ہمیشہ رہنے والا۔ بذات خود موجود۔ لا الٰہ الا اللہ۔ پاک ہے زندہ کرنیوالا موت دینے والا۔ لا

اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ سُبْحَانَ الْحَيِّ الْقَيُّوْمِ لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ سُبْحَانَ الْخَالِقِ الْبَارِئِ لَآ

الٰہ الا اللہ۔ پاک ہے زندہ و پائندہ۔ لا الٰہ الا اللہ پاک ہے عدم سے وجود میں لانے والا۔ بے عیب پیدا کرنیوالا

اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ سُبْحَانَ الْعَلِيِّ الْعَظِيْمِ لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ سُبْحَانَ الْوَاحِدِ الْاَحَدِ

لا الٰہ الا اللہ۔ پاک ہے عالی مرتبت و صاحب عظمت لا الٰہ الا اللہ۔ پاک ہے یکتا و یگانہ۔

لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ سُبْحَانَ الْمُؤْمِنِ الْمُهَيْمِنِ لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ سُبْحَانَ الْحَبِيْبِ

لا الٰہ الا اللہ۔ پاک ہے ایمان دینے والا۔ نگہبان۔ لا الٰہ الا اللہ۔ پاک ہے محبوب

الشَّهِيْدِ لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ سُبْحَانَ الْحَلِيْمِ الْكَرِيْمِ لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ سُبْحَانَ

اور مشاہدہ فرمانے والا۔ لا الٰہ الا اللہ۔ پاک ہے صاحب حلم اور صاحب کرم لا الٰہ الا اللہ۔ پاک ہے

الْاَوَّلِ الْقَدِيْمِ لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ سُبْحَانَ الْاَوَّلِ الْاٰخِرِ لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ سُبْحَانَ

سب سے اول۔ بے ابتداء۔ لا الٰہ الا اللہ۔ پاک ہے سب سے اول۔ سب سے آخر۔ لا الٰہ الا اللہ پاک ہے

الظَّاهِرِ الْبَاطِنِ لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَحْدَهٗ لَا شَرِيْكَ لَهٗ اِلٰهًا وَّاحِدًا اَحَدًا

سب سے ظاہر۔ سب سے باطن و مخفی۔ نہیں معبود برحق مگر اللہ یگانہ و بے ہمتا جو اکیلا ہے معبود برحق ہے۔ یگانہ

صَمَدًا وِّتْرًا حَيًّا قَيُّوْمًا دَآئِمًا اَبَدًا لَّمْ يَتَّخِذْ صَاحِبَةً وَّلَا وَلَدًا وَّلَمْ

بے نیاز۔ یکتا۔ زندہ و پائندہ دائمی جس کی نہ بیوی ہے اور نہ بچے اور نہیں

يَكُنْ لَّهٗ شَرِيْكٌ فِي الْمُلْكِ وَلَمْ يَكُنْ لَّهٗ وَلِيٌّ مِّنَ الذُّلِّ وَكَبِّرْهُ تَكْبِيْرًا اَللّٰهُمَّ

اس کا کوئی شریک ملک میں اور نہیں اس کا کوئی مددگار ضعف و ناتوانی کی وجہ سے اور اس کی بڑائی بیان کیجئے جیسے کہ حق ہے بڑائی بیان

صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ صَاحِبِ الْوُضُوْءِ وَ

کرنے کا۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل فرما سیدنا محمد پر اور سیدنا محمد کی آل پر جو وضو اور

التَّيَمُّمِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ صَاحِبِ

تیمم کو جاری کرنے والے ہیں۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل فرما سیدنا محمد پر اور سیدنا محمد کی آل پر جو صاحب

النَّوَالِ وَالتَّكَرُّمِ ط اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ

جو دو نوال اور صاحب شرف وکرامت ہیں۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل فرما سیدنا محمد پر اور سیدنا محمد

سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ صَاحِبِ الْاَعْمَالِ الصَّالِحَةِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا

کی آل پر جو اعمال صالحہ کی بنیاد رکھنے والے ہیں۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل فرما سیدنا

مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ صَاحِبِ الْاٰرَاءِ النَّاجِحَةِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ

محمد پر اور سیدنا محمد کی آل پر جو کامیابی بخشنے والی آراء کے مالک ہیں۔ اے اللہ صلوٰۃ

وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ صَاحِبِ الْاَفْعَالِ

و نازل فرما سیدنا محمد پر اور سیدنا محمد کی آل پر جو وزنی اور باوقار افعال

الرَّاجِحَةِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ

والے ہیں۔ اے اللہ صلوٰۃ وسلام نازل فرما سیدنا محمد پر اور سیدنا محمد کی آل پر

صَاحِبِ الرَّغَائِبِ وَالنَّوَافِلِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ

جو پسندیدہ اخلاق والے اور ارباب نوافل ہیں۔ اے اللہ صلوٰۃ وسلام نازل فرما سیدنا محمد پر

وَّعَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ صَاحِبِ الْمَقَامَاتِ السَّنِيَّةِ وَالْمَحَافِلِ اَللّٰهُمَّ

اور سیدنا محمد کی آل پر جو بلند شان مقامات اور محافل والے ہیں۔ اے اللہ

صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ صَاحِبِ الصَّلَوٰتِ

صلوٰۃ و سلام نازل فرما سیدنا محمد پر اور سیدنا محمد کی آل پر جو فرض نمازوں

الْمَفْرُوْضَاتِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ

والے ہیں۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل فرما سیدنا محمد پر اور آپ کی آل پر

صَاحِبِ الزَّكٰوةِ الْمَكْتُوْبَةِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ

جو فرض زکوٰۃ والے ہیں۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل فرما سیدنا محمد پر اور سیدنا

سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ صَاحِبِ الصِّيَامِ وَالْقِيَامِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ

محمد کی آل پر جو محبوب روزہ دار اور شب بیدار ہیں۔ اے اللہ صلوٰۃ وسلام نازل فرما سیدنا محمد پر

وَّعَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ صَاحِبِ الْاَشْهُرِ الْحَرَامِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ

اور آپ کی آل پر جو حرمت والے مہینوں کے مالک ہیں۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل فرما

عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ صَاحِبِ السَّلَامِ اَللّٰهُمَّ

سیدنا محمد پر اور سیدنا محمد کی آل پر جو محبوب سلامتی کے موجب ہیں۔ اے اللہ

صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ صَاحِبِ

صلوٰۃ و سلام نازل فرما سیدنا محمد پر اور سیدنا محمد کی آل پر جو بہترین

خَيْرِ الْكَلَامِ بِشَرْحِ صَدْرِ السَّلَامِ اَوْ بِسَمَاعِ لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ اَوِ الصَّوْتِ

کلام والے ہیں جو مشتمل ہے۔ اسلام کے لیے شرح صدر پر یا لا الٰہ الا اللہ کے سنانے پر یا اس کے ذکر

اَوْ بِمُلْهِمِ الْاِلْهَامِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ

پر یا الہام کرنے والے کے الہام پر۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل فرما سیدنا محمد پر اور آپ کی

سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ صَاحِبِ قَوْلِ لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ هُوَ الرَّحْمٰنُ الرَّحِيْمُ

آل پر جو محبوب اس قول والے ہیں "نہیں معبود برحق مگر اللہ وہی رحمٰن رحیم ہے

لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ ذُو الْفَضْلِ الْعَظِيْمِ لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ بَارِئُ النُّفُوْسِ لَآ

نہیں معبود برحق مگر اللہ جو فضل عظیم کا مالک ہے۔ نہیں معبود برحق مگر اللہ جو نفوس کا پیدا کرنیوالا ہے۔ نہیں

اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ شَرِيْفُ الْقُوْمَسِ لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ فَرْدُ الْوِتْرِ لَآ اِلٰهَ اِلَّا

معبود برحق مگر اللہ صاحب شرافت امیر و حاکم۔ نہیں معبود برحق مگر اللہ منفرد۔ اکیلا۔ نہیں معبود برحق مگر

اللّٰهُ عَادِلُ الشَّاكِرِ لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ فَعَّالٌ لِّمَا يُرِيْدُ ط لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ الدَّائِمُ

اللہ جو عادل جزائے شکر دینے والا ہے نہیں معبود برحق مگر اللہ جو پورا کرنیوالا ہے ہر ارادہ کا۔ نہیں معبود برحق مگر اللہ جو

الْمُؤَيِّدُ لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ دَافِعُ الْكُرَبِ لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ غَافِرُ الذُّنُوْبِ لَآ اِلٰهَ

ہمیشہ توفیق دینے والا ہے نہیں معبود برحق مگر اللہ جو دور کرنے والا ہے رنج والم کا۔ نہیں معبود برحق مگر اللہ جو بخشنے والا ہے گناہوں کا۔ نہیں معبود برحق

اِلَّا اللّٰهُ رَافِعُ الرُّتَبِ لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ مَلِكُ الْمَوْلٰى لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ بِاللّٰهِ

مگر اللہ جو بلند کرنیوالا ہے مراتب کا۔ نہیں معبود برحق مگر اللہ جو بادشاہ و مددگار ہے۔ نہیں معبود برحق مگر اللہ ساتھ توفیق اللہ تعالیٰ کے

الْوَلِيُّ لَا إِلٰهَ إِلَّا اللّٰهُ هُوَ الدَّيَّانُ لَا إِلٰهَ إِلَّا اللّٰهُ الْخَلَّاقُ الْمَنَّانُ لَا إِلٰهَ

جو متولی امر خلائق ہے۔ نہیں معبود برحق مگر اللہ جو بہت جزا دینے والا ہے۔ نہیں معبود برحق مگر اللہ جو خلاق اور بہت احسان فرمانیوالا ہے۔ نہیں معبود برحق

إِلَّا اللّٰهُ الْحَنَّانُ لَا إِلٰهَ إِلَّا اللّٰهُ عِلْمُهُ بِكُلِّ مُقْتَرِنٌ لَا إِلٰهَ إِلَّا اللّٰهُ

مگر اللہ جو بہت مہربان ہے۔ نہیں معبود برحق مگر اللہ جس کا علم ہر شئی کو محیط ہے نہیں معبود برحق مگر اللہ جو

لِكُلِّ حَسَنَةٍ مُؤْتَمِنٌ لَا إِلٰهَ إِلَّا اللّٰهُ رَفِيعُ الدَّرَجَاتِ لَا إِلٰهَ إِلَّا اللّٰهُ

واسطے ہر اچھائی کے امانتدار ہے۔ نہیں معبود برحق مگر اللہ جو درجات کا بلند کرنے والا ہے۔ نہیں معبود برحق مگر اللہ

أَحْسَنُ الْبَرَكَاتِ لَا إِلٰهَ إِلَّا اللّٰهُ مِنْ كُلِّ نَقَاءِ اللّٰهِ لَا إِلٰهَ إِلَّا اللّٰهُ فِي

جو سب سے اچھی برکتوں والا ہے۔ نہیں معبود برحق مگر اللہ سب سے زیادہ ہے پاکیزگی اللہ تعالیٰ کی لا الٰہ الا اللہ

الْجَنَّةِ لِقَاءُ اللّٰهِ لَا إِلٰهَ إِلَّا اللّٰهُ الْمَلِكُ الْجَبَّارُ لَا إِلٰهَ إِلَّا اللّٰهُ الْوَاحِدُ

جنت میں ہے اللہ کا دیدار۔ لا الٰہ الا اللہ جو شہنشاہ۔ شکستگی خاطر کو دور کرنیوالا ہے نہیں کوئی معبود برحق مگر اللہ واحد

الْقَهَّارُ لَا إِلٰهَ إِلَّا اللّٰهُ الْعَزِيزُ الْغَفَّارُ لَا إِلٰهَ إِلَّا اللّٰهُ الْكَرِيمُ السَّتَّارُ لَا

قہار۔ نہیں معبود برحق مگر اللہ غالب۔ بہت بخشنے والا۔ نہیں معبود برحق مگر اللہ جو کرم گستر اور پردہ پوش ہے۔ نہیں

إِلٰهَ إِلَّا اللّٰهُ الْكَبِيرُ الْمُتَعَالُ لَا إِلٰهَ إِلَّا اللّٰهُ خَالِقُ اللَّيْلِ وَالنَّهَارِ لَا

معبود برحق مگر اللہ جو صاحب کبریاء اور عالیشان ہے۔ نہیں معبود برحق مگر اللہ جو رات اور دن کا پیدا کرنیوالا ہے۔ نہیں

إِلٰهَ إِلَّا اللّٰهُ الْمَعْبُودُ بِكُلِّ مَكَانٍ لَا إِلٰهَ إِلَّا اللّٰهُ الْمَذْكُورُ بِكُلِّ

معبود برحق مگر اللہ جو لائق پرستش ہے ہر مکان میں۔ نہیں معبود برحق مگر اللہ جو ذکر کیا جاتا ہے ساتھ ہر

لِسَانٍ لَا إِلٰهَ إِلَّا اللّٰهُ الْمَعْرُوفُ بِكُلِّ إِحْسَانٍ لَا إِلٰهَ إِلَّا اللّٰهُ كُلَّ يَوْمٍ

زبان کے۔ نہیں معبود برحق مگر اللہ جو جانا پہچانا ہے ساتھ ہر احسان کے نہیں معبود برحق مگر اللہ ہر دن وہ

هُوَ فِي شَأْنٍ لَا إِلٰهَ إِلَّا اللّٰهُ إِيمَانًا بِاللّٰهِ لَا إِلٰهَ إِلَّا اللّٰهُ أَمَانًا مِنَ اللّٰهِ

نئے شغل میں ہے۔ لا الٰہ الا اللہ (کہتے ہیں) اللہ کے ساتھ ایمان لاتے ہوئے۔ لا الٰہ الا اللہ کا قول، اللہ کی طرف سے

لَا إِلٰهَ إِلَّا اللّٰهُ إِيمَانًا مِنْ عِنْدِ اللّٰهِ لَا إِلٰهَ إِلَّا اللّٰهُ وَلَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ

امان ہے۔ لا الٰہ الا اللہ کے ساتھ ایمان ہے اللہ تعالیٰ کی بارگاہ سے۔ نہیں معبود برحق مگر اللہ نہیں انحراف (بدی سے) اور نہ قوت (نیکی پر)

إِلَّا بِاللّٰهِ لَا إِلٰهَ إِلَّا اللّٰهُ وَلَا نَعْبُدُ إِلَّا إِيَّاهُ لَا إِلٰهَ إِلَّا اللّٰهُ حَقًّا حَقًّا

مگر اللہ کی توفیق سے۔ نہیں معبود برحق مگر اللہ اور ہم نہیں عبادت کرتے مگر اسی کی لا الٰہ الا اللہ حق ہے حق

لَا إِلٰهَ إِلَّا اللّٰهُ إِيمَانًا وَّصِدْقًا لَا إِلٰهَ إِلَّا اللّٰهُ تَعَبُّدًا وَّرِقًّا لَا إِلٰهَ

لا الٰہ الا اللہ (کہتے ہیں) ازروئے ایمان اور خلوص قلب کے۔ لا الٰہ الا اللہ (کہتے ہیں) بطور عبادت اور غلامی کے

إِلَّا اللّٰهُ تَلَطُّفًا وَّرِفْقًا لَا إِلٰهَ إِلَّا اللّٰهُ قَبْلَ كُلِّ شَيْءٍ لَا إِلٰهَ إِلَّا اللّٰهُ

لا الٰہ الا اللہ (کہتے ہیں) واسطے حاصل کرنے لطف اور مہربانی کے۔ لا الٰہ الا اللہ ہے ہر چیز سے پہلے۔ لا الٰہ الا اللہ ہے

بَعْدَ كُلِّ شَيْءٍ لَا إِلٰهَ إِلَّا اللّٰهُ يَبْقٰى رَبُّنَا وَيَفْنٰى وَيَمُوتُ كُلُّ شَيْءٍ

ہر شئی کے بعد۔ لا الٰہ الا اللہ ہمیشہ رہے گا رب ہمارا اور فانی اور مردہ ہو جائے گی ہر چیز

لَا إِلٰهَ إِلَّا اللّٰهُ الْمَلِكُ الْحَقُّ الْمُبِينُ لَا إِلٰهَ إِلَّا اللّٰهُ الْمَلِكُ الْحَقُّ

نہیں معبود برحق مگر اللہ بادشاہ۔ برحق۔ ظاہر۔ نہیں معبود برحق مگر اللہ شہنشاہ برحق

الْيَقِينُ لَا إِلٰهَ إِلَّا اللّٰهُ الْعَلِيُّ الْعَظِيمُ لَا إِلٰهَ إِلَّا اللّٰهُ الْحَلِيمُ الْكَرِيمُ

یقینی۔ نہیں معبود برحق مگر اللہ عالیشان مالک عظمت۔ نہیں معبود برحق مگر اللہ بردبار۔ کرم گستر

لَا إِلٰهَ إِلَّا اللّٰهُ رَبُّ السَّمٰوٰتِ السَّبْعِ وَرَبُّ الْعَرْشِ الْعَظِيمِ لَا إِلٰهَ

نہیں معبود برحق مگر اللہ ساتوں آسمانوں کا رب اور عرش عظیم کا رب۔ نہیں معبود برحق

إِلَّا اللّٰهُ أَكْرَمُ الْأَكْرَمِينَ لَا إِلٰهَ إِلَّا اللّٰهُ أَرْحَمُ الرَّاحِمِينَ لَا إِلٰهَ إِلَّا

مگر اللہ جو سب سے زیادہ عزت و کرامت والا ہے۔ نہیں معبود برحق مگر اللہ جو سب سے زیادہ رحم فرمانے والا ہے۔ نہیں معبود برحق مگر

اللّٰهُ حَبِيبُ التَّوَّابِينَ لَا إِلٰهَ إِلَّا اللّٰهُ رَاحِمُ الْمَسَاكِينِ لَا إِلٰهَ إِلَّا اللّٰهُ هَادِي

اللہ جو توبہ کرنیوالوں کا محبوب ہے۔ نہیں معبود برحق مگر اللہ جو مساکین پر رحم فرمانے والا ہے۔ نہیں معبود برحق مگر اللہ جو ہادی ہے

الْمُضِلِّينَ لَا إِلٰهَ إِلَّا اللّٰهُ دَلِيلُ الْحَائِرِينَ لَا إِلٰهَ إِلَّا اللّٰهُ أَمَانُ الْخَائِفِينَ

گمراہ کرنے والوں کا۔ نہیں معبود برحق مگر اللہ جو رہنما ہے حیرت زدگان کا نہیں معبود برحق مگر اللہ جو امان ہے خوفزدگان کے لیے

لَا إِلٰهَ إِلَّا اللّٰهُ غِيَاثُ الْمُسْتَغِيثِينَ لَا إِلٰهَ إِلَّا اللّٰهُ خَيْرُ النَّاصِرِينَ لَا إِلٰهَ

نہیں معبود برحق مگر اللہ جو فریادرس ہے فریادیوں کا۔ نہیں معبود برحق مگر اللہ جو بہترین مددگار ہے۔ نہیں معبود

إِلَّا اللّٰهُ خَيْرُ الْغَافِرِيْنَ لَآ إِلٰهَ إِلَّا اللّٰهُ خَيْرُ الْحَافِظِيْنَ لَآ إِلٰهَ إِلَّا اللّٰهُ

برحق مگر اللہ جو بہترین مغفرت فرمانے والا ہے۔ نہیں معبود برحق مگر اللہ جو بہترین محافظ ہے۔ نہیں معبود برحق مگر اللہ

خَيْرُ الْوَارِثِيْنَ لَآ إِلٰهَ إِلَّا اللّٰهُ خَيْرُ الْحَاكِمِيْنَ لَآ إِلٰهَ إِلَّا اللّٰهُ خَيْرُ الرَّازِقِيْنَ

جو بہترین مالک ہے متروکات کا۔ نہیں معبود برحق مگر اللہ جو بہترین حکم دینے والا ہے۔ نہیں معبود برحق مگر اللہ جو بہترین روزی رساں ہے

لَآ إِلٰهَ إِلَّا اللّٰهُ عَدَدَ الْأَيَّامِ وَالشُّهُوْرِ لَآ إِلٰهَ إِلَّا اللّٰهُ خَيْرُ الْفَاتِحِيْنَ لَآ إِلٰهَ

لا الٰہ الا اللہ (کہتے ہیں) دنوں اور مہینوں کی گنتی کے مطابق۔ نہیں معبود برحق مگر اللہ جو بہترین فتح وکشائش دینے والا ہے۔ نہیں معبود

إِلَّا اللّٰهُ وَحْدَهٗ صَدَقَ وَعْدَهٗ وَنَصَرَ عَبْدَهٗ وَأَعَزَّ جُنْدَهٗ وَهَزَمَ الْأَحْزَابَ

برحق مگر اللہ یگانہ ویکتا ہے اور اس نے اپنا وعدہ سچا کر دکھایا اور اپنے عبد خاص کی نصرت فرمائی اور اپنے لشکر کو عزت دی اور عساکر

وَحْدَهٗ وَلَا شَيْءَ بَعْدَهٗ لَآ إِلٰهَ إِلَّا اللّٰهُ أَهْلُ النِّعْمَةِ وَلَهُ الْفَضْلُ وَلَهُ

کفار کو اکیلے شکست دی۔ اور نہیں کوئی چیز بعد اس کے۔ نہیں معبود برحق مگر اللہ جو صاحب نعمت ہے اسی کے لیے فضل وشرف ہے اور اسی کے لیے ہے

الثَّنَآءُ الْحَسَنُ لَآ إِلٰهَ إِلَّا اللّٰهُ عَدَدَ اللَّيَالِيْ وَالدُّهُوْرِ لَآ إِلٰهَ إِلَّا اللّٰهُ عَدَدَ

اچھی ثناء۔ لا الٰہ الا اللہ (کہتے ہیں) راتوں اور زمانوں کی گنتی کے مطابق۔ لا الٰہ الا اللہ (کا اعتراف ہے)

أَمْوَاجِ الْبُحُوْرِ لَآ إِلٰهَ إِلَّا اللّٰهُ عَدَدَ الرِّيَاحِ فِي الْبَرَارِيْ وَالصُّخُوْرِ لَآ إِلٰهَ

سمندروں کی موجوں کی تعداد کے مطابق۔ لا الٰہ الا اللہ (کا اعتراف ہے) مطابق تعداد آندھیوں کے خشکیوں میں اور صحراؤں میں۔ لا الٰہ

إِلَّا اللّٰهُ مِنَ الْيَوْمِ إِلٰى يَوْمِ يُنْفَخُ فِي الصُّوْرِ لَآ إِلٰهَ إِلَّا اللّٰهُ عَدَدَ الشَّوْكِ

الا اللہ (کا اذعان ہے) آج کے دن سے صور میں پھونکے جانے کے دن تک۔ لا الٰہ الا اللہ ہے مطابق تعداد تمام کانٹوں

وَالنَّبَاتِ وَالشَّجَرِ لَآ إِلٰهَ إِلَّا اللّٰهُ عَدَدَ الشَّعْرِ وَالْمَدَرِ لَآ إِلٰهَ إِلَّا اللّٰهُ عَدَدَ

نباتات اور درختوں کے۔ لا الٰہ الا اللہ ہے مطابق تعداد تمام بالوں کے اور ڈھیلوں کے۔ لا الٰہ الا اللہ مطابق تعداد

الْوَرْدِ وَالثَّمَرِ لَآ إِلٰهَ إِلَّا اللّٰهُ عَدَدَ خَوَاطِرِ الظُّنُوْنِ لَآ إِلٰهَ إِلَّا اللّٰهُ عَدَدَ

گلاب کے پھولوں اور تمام پھلوں کے۔ لا الٰہ الا اللہ ہے مطابق تعداد خیالات وظنون کے۔ لا الٰہ الا اللہ ہے مطابق تعداد

لَمْحِ الْعُيُوْنِ لَآ إِلٰهَ إِلَّا اللّٰهُ عَدَدَ خَيْرٍ مِّمَّا يَجْمَعُوْنَ لَآ إِلٰهَ إِلَّا اللّٰهُ

آنکھوں کے جھپکنے کے لا الٰہ الا اللہ ہے مطابق بہتر اشیاء کے ان سے جو وہ جمع کرتے ہیں۔ لا الٰہ الا اللہ

عَدَدَ أَوْرَاقِ الْأَشْجَارِ لَآ إِلٰهَ إِلَّا اللّٰهُ عَدَدَ قَطَرَاتِ الْأَمْطَارِ لَآ إِلٰهَ إِلَّا

ہے مطابق تعداد برگہائے درختاں کے۔ لا الٰہ الا اللہ ہے مطابق تعداد بارشوں کے قطرات کے۔ لا الٰہ الا

اللّٰهُ عَدَدَ قَطَرَاتِ الْبِحَارِ لَآ إِلٰهَ إِلَّا اللّٰهُ عَدَدَ سَاعَاتِ اللَّيْلِ وَالنَّهَارِ

اللہ ہے مطابق تعداد سمندروں کے قطرات کے۔ لا الٰہ الا اللہ ہے مطابق تعداد تمام شب وروز کی گھڑیوں کے

لَآ إِلٰهَ إِلَّا اللّٰهُ عَدَدَ أَنْفَاسِ الْمَخْلُوْقِيْنَ لَآ إِلٰهَ إِلَّا اللّٰهُ عَدَدَ ذَرَّاتِ

لا الٰہ الا اللہ ہے مطابق تعداد تمام مخلوقات کے سانسوں کے۔ لا الٰہ الا اللہ مطابق تعداد تمام زمینوں

الْأَرَضِيْنَ لَآ إِلٰهَ إِلَّا اللّٰهُ عَدَدَ اللَّيْلِ إِذَا عَسْعَسَ وَالصُّبْحِ إِذَا

کے تمام ذرات کے۔ لا الٰہ الا اللہ ہے مطابق تعداد راتوں کے جب وہ تاریک ہوں اور صبحوں کے جب

تَنَفَّسَ لَآ إِلٰهَ إِلَّا اللّٰهُ عَدَدَ أَمْوَاجِ الْعُيُوْنِ فِي الدَّارَيْنِ لَآ إِلٰهَ

وہ روشن ہوں۔ لا الٰہ الا اللہ ہے مطابق تعداد چشموں کی امواج کے دونوں جہان میں۔ لا الٰہ

إِلَّا اللّٰهُ عَدَدَ مَآ أَحَاطَ بِهٖ عِلْمُهٗ وَجَرٰى بِهٖ قَلَمُهٗ وَنَفَذَتْ بِهٖ

الا اللہ ہے مطابق تعداد ان اشیاء کے جن کا صرف اسی کو علم ہے اور جن کے ساتھ اس کا قلم قدرت جاری ہوا اور

مَشِيْئَتُهٗ لَآ إِلٰهَ إِلَّا اللّٰهُ عَدَدَ خَلْقِهٖ وَزِنَةَ عَرْشِهٖ وَرِضٰى نَفْسِهٖ

جن کے ساتھ نافذ ہوئی مشیت اس کی۔ لا الٰہ الا اللہ ہے مطابق شمار اس کی مخلوق کے اور وزن عرش کے اور اس کی رضاء ذات کے

وَمِدَادَ كَلِمَاتِهٖ لَآ إِلٰهَ إِلَّا اللّٰهُ الْمَوْجُوْدُ فِيْ كُلِّ مَكَانٍ لَآ إِلٰهَ إِلَّا اللّٰهُ

اور اس کے کلمات کی روشنائی کے۔ نہیں معبود برحق مگر اللہ جو موجود ہے ہر مکان میں۔ نہیں معبود برحق مگر اللہ

الْمَوْجُوْدُ فِي السَّمَآءِ وَالْأَرْضِ لَآ إِلٰهَ إِلَّا اللّٰهُ الْأَمَانُ الْأَمَانُ مِنْ كُلِّ

جو موجود ہے آسمان اور زمین میں (بغیر احتیاج کے)۔ نہیں معبود برحق مگر اللہ۔ امان دے امان دے ہر

زَوَالِ إِيْمَانٍ لَآ إِلٰهَ إِلَّا اللّٰهُ مِلْءَ جَمِيْعِ الْمَمْلُوْءِ وَالْجَوِّ مِنَ الْأَرَضِيْنَ

زوال ایمانی سے۔ لا الٰہ الا اللہ ہے مطابق پری تمام بھری ہوئی اشیاء کے اور فضا کے تمام زمینوں

وَالسَّمٰوٰتِ وَاللَّوْحِ وَالْقَلَمِ وَالْعَرْشِ وَالْكُرْسِيِّ وَالْجِنَانِ وَالنِّيْرَانِ

آسمانوں اور لوح وقلم اور عرش و کرسی اور جنات اور آتشات کے

وَالْحَشْرِ وَالْمِيْزَانِ يَزِنُ بِمَثَاقِيْلِهَا وَذَرَّاتِهَا وَعَدَدَ مَا قِيْلَ وَمَا يُقَالُ

دوزخ اور حشر اور میزان کے جو ہموزن ہوں ان تمام کے مثاقیل اور ذرات کے اور مطابق شماران اقوال کے جو کہے جا چکے اور مطابق اُنکے

لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ قَالَ

جو کہے جائیں گے۔ لا الٰہ الا اللہ محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم۔ فرمایا

اللّٰهُ تَعَالٰى وَاِنْ مِّنْ شَيْءٍ اِلَّا يُسَبِّحُ بِحَمْدِهٖ وَلٰكِنْ لَّا تَفْقَهُوْنَ

اللہ تعالیٰ نے " نہیں کوئی شئی مگر تسبیح کہتی ہے اللہ تعالیٰ کی حمد کے ساتھ لیکن تم نہیں سمجھتے

تَسْبِيْحَهُمْ وَقَالَ اللّٰهُ تَعَالٰى يُسَبِّحُ لِلّٰهِ مَا فِي السَّمٰوٰتِ وَمَا فِي الْاَرْضِ

ان کی تسبیح کو اور فرمایا اللہ تعالیٰ نے " تسبیح کہتے ہیں اللہ تعالیٰ کے لیے جو آسمانوں میں ہیں اور جو زمین میں ہیں

وَهُوَ الْعَزِيْزُ الْحَكِيْمُ وَقَالَ اللّٰهُ تَعَالٰى سَبَّحَ لِلّٰهِ مَا فِي السَّمٰوٰتِ وَ

اور وہی عزیز حکیم ہے اور فرمایا اللہ تعالیٰ نے " تسبیح کی اللہ کے لیے ہر اس شئی نے جو آسمانوں میں ہے اور

الْاَرْضِ وَهُوَ الْعَزِيْزُ الْحَكِيْمُ وَقَالَ اللّٰهُ تَعَالٰى يُسَبِّحُ لِلّٰهِ مَا فِي

زمین میں اور وہی غالب حکمت والا ہے اور فرمایا اللہ تعالیٰ نے " تسبیح کہتے ہیں اللہ تعالیٰ کے لیے جو آسمانوں

السَّمٰوٰتِ وَمَا فِي الْاَرْضِ الْمَلِكِ الْقُدُّوْسِ الْعَزِيْزِ الْحَكِيْمِ وَقَالَ

میں ہیں اور جو زمین میں ہیں جو شہنشاہ۔ بہت پاکیزہ غالب۔ حکمت والا ہے اور فرمایا

اللّٰهُ تَعَالٰى يُسَبِّحُ لِلّٰهِ مَا فِي السَّمٰوٰتِ وَمَا فِي الْاَرْضِ لَهُ الْمُلْكُ وَلَهُ

اللہ تعالیٰ نے پاکیزگی بیان کرتے ہیں اللہ تعالیٰ کے لیے جو آسمانوں میں ہیں اور جو زمینوں میں ہیں۔ ملک اسی کا ہے اور

الْحَمْدُ وَهُوَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ وَقَالَ اللّٰهُ تَعَالٰى سَبِّحِ اسْمَ

حمد اسی کے لیے ہے اور وہی ہر چیز پر ہمیشہ قدرت رکھنے والا ہے۔ اور فرمایا اللہ تعالیٰ نے " پاکیزگی بیان کرو اپنے

رَبِّكَ الْاَعْلَى اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ الَّذِيْ قَالَ سُبْحَانَ

رب اعلیٰ کے نام کی۔ اے اللہ صلوٰۃ کاملہ نازل فرما سیدنا محمد پر جنہوں نے فرمایا " پاک ہے

اللّٰهِ وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ وَلَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَاللّٰهُ اَكْبَرُ وَصَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا

اللہ۔ اور سب تعریفیں اللہ تعالیٰ کے لیے ہیں اور نہیں معبود برحق مگر اللہ اور اللہ بہت بڑا ہے اور صلوٰۃ نازل فرما سیدنا

مُحَمَّدِ الَّذِيْ قَالَ سُبْحَانَ اللّٰهِ وَبِحَمْدِهٖ وَصَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ

محمد پر جنہوں نے فرمایا " پاک ہے اللہ اور اس کی حمد کے ساتھ مشغول ہیں اور رحمت نازل فرما سیدنا محمد پر

الَّذِيْ قَالَ لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَحْدَهٗ لَا شَرِيْكَ لَهٗ لَهُ الْمُلْكُ وَلَهُ الْحَمْدُ

جنہوں نے فرمایا " نہیں معبود برحق مگر اللہ تعالیٰ یکتا و بے ہمتا۔ اسی کے لیے ملک ہے اور وہ مستحق حمد ہے

وَهُوَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ وَصَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ الَّذِيْ قَالَ

اور وہی ہر شئی پر کامل قدرت والا ہے اور رحمت نازل فرما سیدنا محمد پر جنہوں نے فرمایا

مَا شَآءَ اللّٰهُ لَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ الْعَلِيِّ الْعَظِيْمِ وَصَلِّ عَلٰى

جو مشیت ہو اللہ تعالیٰ کی۔ نہیں طاقت اور نہ قوت مگر ساتھ اللہ تعالیٰ کے جو بلند شان صاحب عظمت ہے۔ اور رحمت نازل فرما

سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ الَّذِيْ قَالَ سُبْحَانَ اللّٰهِ الْعَلِيِّ الْعَظِيْمِ وَبِحَمْدِهٖ

سیدنا محمد پر جنہوں نے فرمایا پاک ہے اللہ عالی شان مالک عظمت اور اس کی حمد کے ساتھ متلبس ہیں۔

اَسْتَغْفِرُ اللّٰهَ وَصَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ الَّذِيْ قَالَ مَنْ قَالَ لَآ

میں اللہ تعالیٰ سے استغفار کرتا ہوں اور صلوٰۃ نازل فرما سیدنا محمد پر جنہوں نے فرمایا " جو شخص لا

اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَاللّٰهُ اَكْبَرُ صَدَّقَهٗ رَبُّهٗ قَالَ لَآ اِلٰهَ اِلَّا اَنَا وَاَنَا اَكْبَرُ

الٰہ الا اللہ و اللہ اکبر " کہے اللہ تعالیٰ اس کی تصدیق فرماتا ہے کہ واقعی نہیں معبود برحق مگر میں۔ میں بہت بڑا ہوں

وَاِذَا قَالَ لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَحْدَهٗ لَا شَرِيْكَ لَهٗ يَقُوْلُ لَآ اِلٰهَ اِلَّا اَنَا

اور بندہ جب کہے " نہیں معبود برحق مگر اللہ یکتا و بے ہمتا۔ اللہ فرماتا ہے " نہیں معبود برحق مگر میں اکیلا

وَحْدِيْ لَا شَرِيْكَ لِيْ وَاِذَا قَالَ لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ لَهُ الْمُلْكُ وَلَهُ

نہیں کوئی شریک میرے لیے اور جب بندہ کہے " نہیں معبود برحق مگر اللہ۔ اسی کے لیے ہے ملک اور وہی ہے

الْحَمْدُ قَالَ لَآ اِلٰهَ اِلَّا اَنَا لِيَ الْمُلْكُ وَلِيَ الْحَمْدُ وَاِذَا قَالَ لَآ اِلٰهَ

مستحق حمد کا اللہ تعالیٰ فرماتا ہے " نہیں معبود برحق مگر میں۔ ملک میرا ہی ہے اور میں ہی سزاوار حمد ہوں اور جب بندہ کہے " نہیں معبود

اِلَّا اللّٰهُ وَلَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ قَالَ لَآ اِلٰهَ اِلَّا اَنَا وَلَا حَوْلَ

برحق مگر اللہ اور نہیں طاقت اور نہ قوت مگر ساتھ اللہ کے۔ فرماتا ہے اللہ تعالیٰ " نہیں معبود برحق مگر میں اور نہیں طاقت

وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِیْ وَصَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدِ نِ الَّذِیْ قَالَ سُبْحَانَ

اور قوت مگر ساتھ میرے اور رحمت نازل فرما سیّدنا محمدؐ پر جنہوں نے فرمایا" تسبیح ہے

اللّٰہِ عَدَدَ مَا خَلَقَ فِی السَّمَآءِ وَسُبْحَانَ اللّٰہِ عَدَدَ مَا خَلَقَ فِی

اللہ تعالیٰ کے لیے مطابق تعداد ان اشیاء کے جو آسمان میں پیدا کیں اور تسبیح ہے اللہ کے لیے مطابق تعداد زمین

الْاَرْضِ وَسُبْحَانَ اللّٰہِ عَدَدَ مَا بَیْنَ ذٰلِکَ وَسُبْحَانَ اللّٰہِ عَدَدَ

کی مخلوق کے اور تسبیح ہے اللہ تعالیٰ کے لیے مطابق ان اشیاء کے جو دونوں کے درمیان ہیں اور تسبیح ہے اللہ کے لیے مطابق

مَا هُوَ خَالِقٌ وَاللّٰہُ اَکْبَرُ مِثْلُ ذٰلِکَ وَالْحَمْدُ لِلّٰہِ مِثْلُ ذٰلِکَ وَلَا

تعداد ان کے جنہیں وہ پیدا کریگا اور اللہ تعالیٰ کیلئے کبریائی ہے مانند اس کے اور حمد کا اثبات ہے اس کیلئے مثل اس کے اقرار ہے اسکا کہ نہیں

حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰہِ مِثْلُ ذٰلِکَ سُبْحَانَ الرَّفِیْعِ الْقَوِیِّ الْحَلِیْمِ

طاقت اور نہ قوت مگر ساتھ اللہ تعالیٰ کے" مانند اس کے۔ پاک ہے صاحب رفعت۔ صاحب قوت۔ برد بار

سُبْحَانَ اللّٰہِ الْعَلِیِّ الْعَظِیْمِ سُبْحَانَ مَنْ یَّمُنُّ وَلَا یُمَنُّ عَلَیْهِ سُبْحَانَ

پاک ہے اللہ عالی شان صاحب عظمت۔ پاک ہے وہ جو احسان فرماتا ہے اور اس پر احسان نہیں کیا جا سکتا۔ پاک ہے

مَنْ یُّجِیْرُ وَلَا یُجَارُ عَلَیْهِ سُبْحَانَ مَنْ یُّبْرَءُ مِنَ الْحَوْلِ وَالْقُوَّةِ اِلَیْهِ

وہ جو پناہ دیتا ہے اور اس پر پناہ نہیں دی جا سکتی۔ پاک ہے وہ کہ براءت کا اظہار کیا جاتا ہے طرف اس کے طاقت و قوت سے

سُبْحَانَ مِنَ التَّسْبِیْحِ مِنْهُ عَلٰی مَنِ اعْتَمَدَ عَلَیْهِ سُبْحَانَ مِنْ کُلِّ شَیْءٍ

پاک ہے تسبیح سے اس کی جانب سے اور پر اس کے جس نے اس پر اعتماد کیا۔ پاک ہے وہ کہ تسبیح و پاکیزگی ہے اسکی طرف سے کہ ہر شئی

یُسَبِّحُ بِحَمْدِهٖ سُبْحَانَکَ لَا اِلٰهَ اِلَّا اَنْتَ وَبِحَمْدِکَ یَا مَنْ یُّسَبِّحُ لَهُ

تسبیح کہتی ہے جو متصل و مقرون ہے اس کی حمد کے ساتھ۔ پاک ہے تو نہیں معبود برحق مگر تو اور تیری حمد کیساتھ متلبس ہیں اے کہ تسبیح

الْجَمِیْعُ سُبْحَانَ الْمُخْلِصِ لِکُلِّ مُسَبِّحٍ سُبْحَانَ الْعَالِمِ بِکُلِّ مَکْنُوْنٍ

کہتی ہے اس کی سبھی کائنات۔ پاک ہے وہ جو مخلص ہے ہر تسبیح کہنے والے کا۔ پاک ہے وہ جو علم رکھنے والا ہے ہر چھپی شئی کا

سُبْحَانَ مَنْ اَجْرَی الْمَآءَ فِی الْبِحَارِ وَالْعُیُوْنِ سُبْحَانَ الْمُیَسِّرِ لِکُلِّ

پاک ہے جس نے جاری فرمایا پانی کو سمندروں اور چشموں میں۔ پاک ہے جو آسان کرنے والا ہے ہر

مَعْسُوْرٍ سُبْحَانَ الْمُنَفِّسِ عَنْ کُلِّ مَدْیُوْنٍ سُبْحَانَ الْمُفَرِّجِ عَنْ

مشکل امر کا۔ پاک ہے جو تخفیف کرنے والا ہے ہر مقروض سے۔ پاک ہے جو دور کرنے والا ہے رنج و الم

کُلِّ مَحْزُوْنٍ سُبْحَانَ مَنْ کَانَ خَزَآئِنُهٗ بَیْنَ الْکَافِ وَالنُّوْنِ ط

ہر رنجیدہ کا۔ پاک ہے وہ جس کے خزانے کاف اور نون کے درمیان ہیں یعنی کن کے۔

سُبْحَانَ مَنْ اِذَآ اَرَادَ شَیْئًا اَنْ یَّقُوْلَ لَهٗ کُنْ فَیَکُوْنُ ۝ سُبْحَانَ

پاک ہے وہ جو ارادہ کرے کسی شئی کا اور فرمائے اسے کہ ہو جا تو وہ ہو جاتی ہے۔ پاک ہے وہ کہ

الَّذِیْ فِی السَّمَآءِ عَرْشُهٗ وَفِی الْاَرْضِ مُلْکُهٗ وَقُدْرَتُهٗ وَفِی الْبَرِّ

آسمان اور بلندی میں ہے عرش اس کا اور زمین میں (بھی) ہے ملک اس کا اور قدرت اس کی اور خشکی میں ہے

سَبِیْلُهٗ وَفِی الْبَحْرِ سِرُّهٗ وَفِی الْهَوٰی رُوْحُهٗ وَفِی النَّارِ سُلْطَانُهٗ

راہ اس کی اور تری میں ہے راز اس کا اور ہوا میں ہے روح مخصوص اس کی اور آگ میں ہے غلبہ و تسلط اس کا

وَفِی الْاَرْحَامِ عِلْمُهٗ وَفِی الْقُبُوْرِ قَضَآءُهٗ سُبْحَانَ الْاَبَدِیِّ الْاَبَدِ

اور ارحام کو محیط ہے علم اس کا اور قبروں میں ہے قضاء اس کی۔ پاک ہے جو ہمیشہ ہمیشہ رہنے والا ہے

سُبْحَانَ الْوَاحِدِ الْاَحَدِ سُبْحَانَ الْفَرْدِ اللّٰہِ الصَّمَدِ سُبْحَانَ لَمْ یَلِدْ

پاک ہے یگانہ و یکتا۔ پاک ہے اکیلا اور بے جفت۔ اللہ بے نیاز۔ پاک ہے جس نے کسی کو نہیں جنا

سُبْحَانَ وَلَمْ یُوْلَدْ سُبْحَانَ وَلَمْ یَکُنْ لَّهٗ کُفُوًا اَحَدٌ سُبْحَانَ مَنْ رَّفَعَ

پاک ہے جو نہیں جنا گیا۔ پاک ہے جس کا کوئی ہم پلہ نہیں ہے۔ پاک ہے وہ جس نے بلند فرمایا

السَّمَآءَ بِغَیْرِ عَمَدٍ سُبْحَانَ مَنْ بَسَطَ الْاَرْضَ عَلٰی مَآءٍ جَمَدٍ اَللّٰهُمَّ

آسمان کو بغیر ستون کے۔ پاک ہے جس نے پھیلایا زمین کو منجمد پانی پر۔ اے اللہ

صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدِ نِ الَّذِیْٓ اُنْزِلَتْ عَلَیْهِ

رحمت نازل فرما سیّدنا محمدؐ پر اور آپ کی آل پر جن پر نازل کی گئی ہے (یہ آیت)

سَبِّحِ اسْمَ رَبِّکَ الْاَعْلَی الَّذِیْ خَلَقَ فَسَوّٰی اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا

پاکیزگی بیان کر اپنے رب اعلیٰ کے نام کی جس نے وجود عطا کیا پس درست اور مناسب بنایا۔ اے اللہ رحمت نازل فرما سیّدنا

مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ الَّذِيْٓ اَخْبَرَ فِيْ خَبَرِهِ الصَّحِيْحِ اَنَّ
محمد پر اور آپ کی آل پر جنہوں نے خبر دی (جیسا کہ) حدیث صحیح میں ہے کہ

غِذَآءَ الْمَلٰٓئِكَةِ التَّسْبِيْحُ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ الَّذِيْٓ اَخْبَرَ
ملائکہ کی غذا اللہ تعالیٰ کی تسبیح ہے۔ اے اللہ رحمت نازل فرما سیدنا محمد پر جنہوں نے خبر دی

اَنَّ تَسْبِيْحَ مَلٰٓئِكَةِ السَّمَآءِ الدُّنْيَا سُبْحَانَ ذِي الْمُلْكِ وَالْمَلَكُوْتِ ط
ہے کہ پہلے آسمان کے ملائکہ کی تسبیح یہ ہے "پاک ہے مالک ملک و ملکوت کا۔

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ الَّذِيْٓ اَخْبَرَ
اے اللہ صلوٰۃ کاملہ نازل فرما سیدنا محمد پر اور آپ کی آل پر جنہوں نے خبر دی کہ

اَنَّ تَسْبِيْحَ مَلٰٓئِكَةِ السَّمَآءِ الثَّانِيَةِ سُبْحَانَ ذِي الْعِزَّةِ وَ
دوسرے آسمان کے ملائکہ کی تسبیح یہ ہے "پاک ہے مالک عزت کا اور

الْجَبَرُوْتِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ
غلبہ و قہر کا۔ اے اللہ صلوٰۃ نازل فرما سیدنا محمد پر اور سیدنا محمد کی آل پر جس

الَّذِيْٓ اَخْبَرَ اَنَّ تَسْبِيْحَ مَلٰٓئِكَةِ السَّمَآءِ الثَّالِثَةِ سُبْحَانَ الْحَيِّ الَّذِيْ
محبوب نے خبر دی ہے کہ تیسرے آسمان کے ملائکہ کی تسبیح یہ ہے، پاک ہے ہمیشہ زندہ رہنے والا جس پر

لَا يَمُوْتُ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ الَّذِيْ
کبھی موت نہیں آسکتی۔ اے اللہ رحمت نازل فرما سیدنا محمد پر اور سیدنا محمد کی آل پر جنہوں نے

اَخْبَرَ فِيْ خَبَرِهِ الْمَمْدُوْحِ اَنَّ تَسْبِيْحَ مَلٰٓئِكَةِ السَّمَآءِ الرَّابِعَةِ سُبُّوْحٌ
خبر دی اپنی قابل ستائش حدیث میں کہ چوتھے آسمان والوں کی تسبیح یہ ہے " بہت بے عیب ہے

قُدُّوْسٌ رَّبُّنَا وَرَبُّ الْمَلٰٓئِكَةِ وَالرُّوْحِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا
بہت مقدس ہے رب ہمارا اور رب ملائکہ اور روح کا۔ اے اللہ صلوٰۃ نازل فرما سیدنا

مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ الَّذِيْٓ اَخْبَرَ فِيْ خَبَرِهِ الْبَارِّ اَنَّ تَسْبِيْحَ
محمد پر اور آپ کی آل پر جس محبوب نے خبر دی اپنی حدیث میں جو سراپا حسن و نکوئی ہے کہ تسبیح

مَلٰٓئِكَةِ السَّمَآءِ الْخَامِسَةِ سُبْحَانَ مَنْ جَمَعَ بَيْنَ الثَّلْجِ وَالنَّارِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ
پانچویں آسمان کے ملائکہ کی یہ ہے" پاک ہے وہ جس نے جمع کر دیا ہے برف اور آگ کو" اے اللہ صلوٰۃ نازل فرما

عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ الَّذِيْٓ اَخْبَرَ اَنَّ تَسْبِيْحَ مَلٰٓئِكَةِ
سیدنا محمد پر اور سیدنا محمد کی آل پر جس محبوب نے خبر دی کہ تسبیح چھٹے آسمان کے ملائکہ

السَّمَآءِ السَّادِسَةِ سُبْحَانَ الْمَلِكِ الْقُدُّوْسِ رَبِّ كُلِّ شَيْءٍ وَّاِلَيْهِ
کی یہ ہے" پاک ہے شہنشاہ، جو بہت مقدس ہے جو رب ہے ہر شئ کا اور طرف اسی کے

النُّشُوْرُ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ الَّذِيْ
ہر شئی کو اٹھایا جانا ہے۔ اے اللہ صلوٰۃ نازل فرما سیدنا محمد پر اور سیدنا محمد کی آل پر جس محبوب نے

اَخْبَرَ اَنَّ تَسْبِيْحَ مَلٰٓئِكَةِ السَّمَآءِ السَّابِعَةِ سُبْحَانَ خَالِقِ النُّوْرِ اَللّٰهُمَّ
خبر دی کہ ساتویں آسمان کے فرشتوں کی تسبیح یہ ہے " پاک ہے نور کا پیدا کرنے والا" اے اللہ

صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ الَّذِيْٓ اَخْبَرَ اَنَّ تَسْبِيْحَ
صلوٰۃ نازل فرما سیدنا محمد پر اور سیدنا محمد کی آل پر جس محبوب نے خبر دی کہ تسبیح

مَلٰٓئِكَةِ الْبِحَارِ سُبْحَانَ مَنْ يُّذْهِبُ بِاللَّيْلِ وَيَاْتِيْ بِالنَّهَارِ اَللّٰهُمَّ
سمندروں کے فرشتوں کی یہ ہے" پاک ہے وہ جو لے جاتا ہے رات کو اور لاتا ہے دن کو" اے اللہ

صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ الَّذِيْٓ اَخْبَرَ اَنَّ لِلّٰهِ عَزَّوَجَلَّ اَرْبَعِيْنَ عَالَمًا
صلوٰۃ نازل فرما سیدنا محمد پر جنہوں نے خبر دی کہ اللہ عزوجل ایسے چالیس جہان کا مالک ہے

وَعَالَمُ الدُّنْيَا مِنْهَا عَالَمٌ وَّاحِدٌ بِلَا ارْتِيَابٍ وَّاَخْبَرَ اَنَّ لِلّٰهِ ثَلٰثَمِائَةِ
کہ عالم دنیا ان میں سے ایک ہے بلاشک وشبہ اور جنہوں نے خبر دی کہ اللہ تعالیٰ خالق و مالک ہے تین سو

عَالَمٍ حُفَاةٌ عُرَاةٌ لَا يَدْرُوْنَ مَنْ خَلَقَهُمْ وَسِتُّوْنَ عَالَمًا يَّلْبَسُوْنَ
جہان کا جن کے باسی پابرہنہ اور جسم برہنہ ہیں جو نہیں جانتے اپنے پیدا کرنے والوں کو اور ساٹھ جہان ہیں ایسے کہ جن کے باسی

الثِّيَابَ وَصَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ الَّذِيْٓ اَنْزَلْتَ عَلَيْهِ فِيْ كِتَابِكَ
کپڑے پہنتے ہیں۔ اور رحمت نازل فرما سیدنا محمد پر جن پر تو نے اپنی کتاب منیر میں نازل فرمایا

المنیر لا یعلم من خلق وھو اللطیف الخبیر وصل علی سیدنا

کیا نہیں جانتا جس نے پیدا کیا ہے اور وہی باریک بین باخبر ہے" اور صلواۃ نازل فرما سیدنا

محمد الذی قال تسبیح کلھم سبحان اللہ والحمد للہ واللہ

محمد پر جنہوں نے فرمایا کہ ان سب کی تسبیح یہ ہے "سبحان اللہ و الحمد للہ اللہ

اکبر لا الہ الا اللہ محمد رسول اللہ اللھم صل علی سیدنا

اکبر لا الہ الا اللہ محمد رسول اللہ ۔ اے اللہ صلواۃ نازل فرما سیدنا

محمد الذی سمع وھو بواد العقیق تسبیح ملائکۃ السماء

محمد پر جنہوں نے جبکہ وادی عقیق میں تھے سنی تسبیح آسمانی ملائکہ کی

بالتحقیق سبحان اللہ کلما سبح للہ مسبح والحمد للہ کلما حمد

پورے یقین و وثوق کے ساتھ تسبیح ہے اللہ کی ہر بار کہ تسبیح کرے اللہ کی کوئی تسبیح کرنے والا اور حمد ہے اللہ کے لیے ہر بار کہ

اللہ حامد ولا الہ الا اللہ کلما ھلل اللہ مھلل واللہ اکبر کلما

حمد کرے اس کی کوئی حمد کرنے والا ۔ اور لا الہ الا اللہ کہتے ہیں ہر بار کہ کوئی اللہ تعالیٰ کے لیے تہلیل کرنے والا تہلیل کرے اور اللہ اکبر ہے ہر بار کہ

کبر اللہ مکبر سبحان اللہ العلی العظیم وبحمدہ استغفر اللہ

اس کی کبریائی بیان کرے کوئی اللہ اکبر کہنے والا ۔ پاک ہے اللہ عالی شان عظیم اور اسی کی حمد ہے میں اللہ تعالیٰ سے استغفار کرتا ہوں

سبحان الواسع الوارث سبحان الذی یدرک ولا تدرکہ

پاک ہے صاحب وسعت وارث ۔ پاک ہے جو سب کا احاطہ کئے ہوئے ہے اور نظریں اس کا احاطہ نہیں

الابصار سبحان العظیم الحکیم سبحان اللہ الحنان المنان

کرسکتیں ۔ پاک ہے عظیم حکیم ۔ پاک ہے مہربان صاحب احسان ۔

سبحان الازل القدیم الابد سبحان المبدی المعید سبحان

پاک ہے بے ابتداء قدیم ابدی ۔ پاک ہے ابتداءً پیدا کرنے والا ۔ دوبارہ موجود کرنیوالا ۔ پاک ہے

الخالق العظیم سبحان العظیم الاعظم سبحان اللہ وبحمدہ سبحان

خالق عظیم ۔ پاک ہے عظیم جو عظیم ترین ہے ۔ بے عیب ہے اللہ اور اسی کی حمد کے ساتھ متلبس ہیں ۔ پاک ہے

المعطی الوھاب سبحان الفتاح العلیم سبحان المجیب لمن دعاہ

عطا کرنے والا ۔ ہبہ کرنے والا ۔ پاک ہے کشائش فرمانے والا علیم ۔ پاک ہے قبول کرنیوالا ارباب دعا کی دعاؤں کو

سبحان الخالق العظیم سبحان الذی لا مفر ولا ملجا الا الیہ سبحان

پاک ہے خالق عظیم ۔ پاک ہے وہ جس سے جائے فرار اور جائے پناہ نہیں مگر طرف اسی کے ۔ پاک ہے

العلی الاعلی سبحان الکریم الاکرم سبحان الجلیل الاجل سبحان

بلند شان والا سب سے بالاتر ۔ پاک ہے کریم جو بزرگترین ہے ۔ پاک ہے جلیل جو سب سے بزرگتر ہے ۔ پاک ہے

الفرد الوتر سبحان الخالق النور سبحان التواب سبحان اللہ شدید

یکتا و یگانہ ۔ پاک ہے خالق جو سراسر نور ہے ۔ پاک ہے توبہ قبول کرنے والا ۔ پاک ہے اللہ جو سخت عذاب

العقاب سبحان الملک الملک سبحان القادر الجبار سبحان من

والا ہے ۔ پاک ہے مالک کائنات کا شہنشاہ ۔ پاک ہے صاحب قدرت ۔ جبار ۔ پاک ہے وہ کہ جس کی طرف

الیہ تصیر الامور سبحان خالق الظلمات والنور سبحان

رجوع کریں گے سبھی امور ۔ پاک ہے تاریکیوں اور روشنیوں کا خالق ۔ پاک ہے

خالق الشمس والقمر المنیر سبحان الرفیع الاعلی سبحان ھادی

شمس و قمر منیر کا خالق ۔ پاک ہے بلند مرتبت بالاتر ۔ پاک ہے ہدایت دینے والا

من یشاء سبحان الغفور الرحیم سبحان الرءوف الرحیم

جنہیں چاہے ۔ پاک ہے بخشنے والا مہربان ۔ پاک ہے رؤف رحیم ۔

سبحان النور المبین سبحان الذی لا یخفی علیہ شیء سبحان

پاک ہے نور مبین ۔ پاک ہے وہ کہ نہیں مخفی رہتی اس پر کوئی شئے ۔ پاک ہے

رب العلمین قدوس رب الارباب سبحان ربنا الاعظم

رب تمام جہانوں کا ۔ بہت مقدس ہے مالک سب مالکوں کا ۔ پاک ہے ہمارا رب اعظم

قدوس رب الملئکۃ والروح سبحان من لا وصف لہ

بہت مقدس ہے رب ملائکہ اور روح کا ۔ پاک ہے وہ کہ نہیں وصف کرسکے اس کا

اَلْوَاصِفُوْنَ عَظَمَةً وَّمُنْتَهَآءً سُبْحَانَ مَنْ عَدِمَتْ لَهُ الرُّقَادُ
توصیف و تعریف کرنے والے از روئے اس کی عظمت کے اور بے غایت کمال کے۔ پاک ہے وہ کہ نہیں اس کے لیے نیند
وَذُلِّلَتْ لَهُ الْاَعْنَاقُ سُبْحَانَ اللّٰهِ الْكَرِيْمِ سُبْحَانَ النُّوْرِ الْمُبِيْنِ
اور فرمانبردار ہیں اس کی سبھی گردنیں۔ پاک ہے اللہ کریم۔ پاک ہے نور مبین
سُبْحَانَ مَنْ فِي السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ سُبْحَانَ مَنْ يُّسَبِّحُ لَهُ الْاَنْعَامُ
پاک ہے وہ جس کے جلوے آسمانوں اور زمینوں میں ہیں۔ پاک ہے وہ کہ تسبیح کرتے ہیں اس کے لیے چار پائے
فِيْ سَحَارِيْهَا وَيُسَبِّحُ الْوُحُوْشُ مِنْ رَّاسِيْهَا سُبْحَانَ مَنْ تُسَبِّحُ لَهُ الدِّيْدَانُ
اپنی صحبوں میں اور تسبیح کرتے ہیں اس کی جنگلی جانور اپنی بلند چوٹیوں پر۔ پاک ہے وہ کہ تسبیح کرتے ہیں اس کی کیڑے مکوڑے
فِيْ صَفْحِهَا وَصُفِّهَا سُبْحَانَ الَّذِيْ يَجُوْزُ وَهُوَ مَلِكٌ جَبَّارٌ سُبْحَانَ
اپنی بلوں اور صفوں میں۔ پاک ہے وہ جو درگزر فرماتا ہے حالانکہ شہنشاہ جبار ہے۔ پاک ہے
الْمُنْتَقِمِ مِنْ اَعْدَآئِهٖ سُبْحَانَ الْمُعْطِيْ لِمَنْ يَّشَآءُ سُبْحَانَ مَنْ لَّيْسَ
انتقام لینے والا اپنے اعداء سے۔ پاک ہے جو عطا کرتا ہے جسے چاہے۔ پاک ہے وہ کہ جس کی
كَمِثْلِهٖ شَيْءٌ سُبْحَانَ الَّذِيْ يُجِيْبُ السَّآئِلِيْنَ سُبْحَانَ قَابِضِ
مثل کوئی شئ نہیں۔ پاک ہے سائلین کے سوال پورے کرنے والا۔ پاک ہے سرکشوں کو اپنے
الْجَبَابِرِ سُبْحَانَ الَّذِيْ عَلٰى وَلَا يَعْلُوْهُ اَحَدٌ سُبْحَانَ الْحَيِّ الْعَظِيْمِ
قبضے میں لینے والا۔ پاک ہے جو عالی و غالب ہے اور اس پر کوئی غالب نہیں ہوتا۔ پاک ہے حی عظیم
سُبْحَانَ الْحَقِّ الْعَزِيْزِ الْكَرِيْمِ سُبْحَانَ الْعَزِيْزِ الْحَكِيْمِ سُبْحَانَ
پاک ہے برحق خداوند صاحب عزت اور کریم۔ پاک ہے عزیز و حکیم۔ پاک ہے
رَبِّ كُلِّ مُؤْمِنٍ وَّكَافِرٍ سُبْحَانَ مَنْ تَضَعُ مِنْ هَيْبَتِهِ الْحَوَامِلُ مَا
رب ہر مومن اور کافر کا۔ پاک ہے وہ کہ گرا دیتی ہیں اس کی ہیبت سے حمل والیاں
فِيْ بُطُوْنِهَا سُبْحَانَ الْقَادِرِ الْمُقْتَدِرِ الْكَرِيْمِ الْاَكْرَمِ سُبْحَانَ
اپنے حملوں کو۔ پاک ہے صاحب قدرت۔ صاحب اقتدار۔ کریم جو سب سے بڑا کریم ہے۔ پاک ہے

الْجَلِيْلِ الْاَعْظَمِ سُبْحَانَ مَنْ عَادَ فَقَهَرَ سُبْحَانَ الْمُطَّلِعِ عَلٰى
جلالت والا جو سب سے عظیم ہے۔ پاک ہے وہ جس نے اعراض کیا پس قہر کا نشانہ بنایا پاک ہے جو مطلع ہے
مَنْ خَافَ وَخَسِرَ سُبْحَانَ الَّذِيْ بَسَطَ السَّمٰوٰتِ السَّبْعَ طُوْلًا
خوفزدگان اور ارباب نقصان پر۔ پاک ہے وہ جس نے پھیلایا ساتوں آسمانوں کو طول اور
وَّعَرْضًا سُبْحَانَ الَّذِيْ سَطَحَ الْاَرْضَ وَاَطْلَعَ الْكَوَاكِبَ وَ
عرض میں۔ پاک ہے جس نے زمین کو بچھونا بنایا اور ستاروں کو طلوع کیا اور
اَظْهَرَهَا سُبْحَانَ الَّذِيْ اَرْسَى الْجِبَالَ فِيْهَا سُبْحَانَ الْعَلِيِّ
ظاہر کیا۔ پاک ہے جس نے پہاڑوں کو مضبوط و مستحکم کیا اس میں۔ پاک ہے علی عظیم
الْعَظِيْمِ سُبْحَانَ الْجَلِيْلِ الْحَلِيْمِ سُبْحَانَ مَنْ لَّا يَصِفُ الْوَاصِفُوْنَ
پاک ہے جلیل حلیم۔ پاک ہے وہ کہ نہیں بیان کر سکتے اس کی حمد و ثنا کرنے والے
كُنْهَ صِفَاتِهٖ وَهُوَ عَالِمُ الْغَيْبِ فَلَا يُظْهِرُ عَلٰى غَيْبِهٖٓ اَحَدًا سُبْحَانَ
اس کی صفات کی حقیقت کو اور وہی غیب کا علم رکھنے والا ہے پس نہیں غلبہ دیتا اپنے غیب پر کسی کو مگر پسندیدہ رسل کو۔ پاک ہے
الْمُلْتَجِبِ بِنُوْرِ جَمَالِهٖ سُبْحَانَ الْمُصَوِّرِ فِي الْاَرْحَامِ مَا يَشَآءُ
وہ جو شور افگن ہے آفاق میں، اپنے نور جمال کے ساتھ۔ پاک ہے ارحام میں صورتگری کرنے والا حسب منشاء
سُبْحَانَكَ مَآ اَعْظَمَ شَانُكَ سُبْحَانَكَ سَيِّدِيْ مَآ اَعْلٰى مَكَانُكَ
پاک ہے تو کس قدر عظیم ہے شان تیری۔ پاک ہے تو اے میرے آقا کتنا بلند ہے مرتبہ و مقام تیرا
وَسَيِّدِيْ اِرْحَمْ بِخَلْقِكَ سُبْحَانَ مَنْ يَّرْزُقُ كَيْفَ يَشَآءُ سُبْحَانَ
اے میرے آقا اپنی مخلوق پر رحم فرما۔ پاک ہے جو رزق دیتا ہے جیسے چاہے۔ پاک ہے
مَنْ يَّرْزُقُ وَلَا يُرٰى سُبْحَانَ مَنْ يُّسَبِّحُ لَهُ الْخَلَآئِقُ اَجْمَعُوْنَ سُبْحَانَ
جو رزق دیتا ہے اور دیکھا نہیں جا سکتا۔ پاک ہے وہ جس کے لیے سبھی مخلوق تسبیح کرتی ہے۔ پاک ہے وہ جو
مَنْ يَّرْزُقُ مَنْ يَّشَآءُ سُبْحَانَ مَنْ يَّرْزُقُ السَّمَآءَ سُبْحَانَ الْجَوَادِ الْمُفَضِّلِ
رزق دیتا ہے جسے چاہتا ہے۔ پاک ہے جو رزق دیتا ہے (اہل) اسماء کو۔ پاک ہے صاحب جود اور صاحب فضل

سُبْحَانَ مَنْ يُسَبِّحُ لَهُ الطَّيْرُ فِي أَوْكَارِهَا سُبْحَانَ الَّذِي هُوَ رَازِقُ الطُّيُورِ
پاک ہے جس کی تسبیح کرتے ہیں پرندے اپنے گھونسلوں میں۔ پاک ہے جو پرندوں کا روزی رساں ہے
يَا رَحِيمُ سُبْحَانَ الَّذِي هُوَ الْعَلِيُّ الْأَعْلَى سُبْحَانَ السَّمِيعِ الْعَلِيمِ سُبْحَانَ
اے رحیم پاک ہے وہ جو بلند مرتبت بالاتر ہے۔ پاک ہے سمیع و علیم۔ پاک ہے وہ
الْمُحْتَجِبِ مِنْ خَلْقِهِ سُبْحَانَ رَبِّنَا وَتَعَالَى سُبْحَانَ رَبِّيَ الْعَظِيمِ سُبْحَانَ
جو بالاتر ہے مخلوق کے وہم و گمان سے، پاک ہے رب ہمارا اور بالاتر ہے۔ پاک ہے میرا رب عظیم۔ پاک ہے
رَبِّيَ الْأَعْلَى سُبْحَانَ الْمَلِكِ الْقُدُّوسِ سُبْحَانَ ذِي الْمُلْكِ سُبْحَانَ
میرا رب اعلیٰ پاک ہے شہنشاہ جو سراسر تقدس ہے۔ پاک ہے صاحب ملک۔ پاک ہے
ذِي الْعِزَّةِ وَالْعَظَمَةِ وَالْهَيْبَةِ وَالْقُدْرَةِ وَالْجَلَالِ وَالْجَمَالِ وَالْكَمَالِ وَ
مالک عزت و عظمت اور ہیبت و قدرت کا اور جلال و جمال اور کمال و
الْبَقَاءِ وَالثَّنَاءِ وَالضِّيَاءِ وَالْآلَاءِ وَالنَّعْمَاءِ وَالْكِبْرِيَاءِ وَالْجَبَرُوتِ سُبْحَانَ
بقاء اور ثناء و ضیاء کا اور مالک ظاہری اور باطنی نعمتوں کا اور بڑائی و تسلط و غلبہ کا۔ پاک ہے
الْمَلِكِ الْحَيِّ الَّذِي لَا يَمُوتُ وَكُلُّ مَخْلُوقٍ حَيٌّ وَّيَمُوتُ وَهُوَ يَنْتَقِلُ
وہ شہنشاہ زندہ و پائندہ جس پر موت نہیں آسکتی اور ہر مخلوق حیات سے متصف ہے اور موت سے بھی اور وہ منتقل
مِنْ دَارٍ إِلَى دَارٍ سَيِّدُ الْوَرَى مَحْبُوبُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ
ہوتی ہے ایک مکان سے دوسرے مکان کی طرف۔ سب مخلوق کے سردار۔ اللہ کے محبوب ہیں صلی اللہ علیہ وسلم
اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلَى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلَى آلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ صَاحِبِ
اے اللہ صلوٰۃ وسلام نازل فرما سیدنا محمد پر اور سیدنا محمد کی آل پر جو خوبصورت
الصَّفْحِ الْجَمِيلِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلَى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلَى آلِ سَيِّدِنَا
انداز میں درگزر کرنے والے ہیں۔ اے اللہ صلوٰۃ نازل فرما سیدنا محمد پر اور آپ کی آل پر
مُحَمَّدٍ صَاحِبِ الْعَطَاءِ الْجَزِيلِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلَى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلَى
جو بہت بڑی جزاء کے مالک ہیں۔ اے اللہ صلوٰۃ نازل فرما سیدنا محمد پر اور

آلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ صَاحِبِ الْعِزِّ الْمَنِيعِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلَى سَيِّدِنَا
سیدنا محمد کی آل پر جو محفوظ عز و جاہ والے ہیں۔ اے اللہ صلوٰۃ نازل فرما سیدنا
مُحَمَّدٍ وَّعَلَى آلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ صَاحِبِ الشَّرْعِ وَالتَّشْرِيعِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ
محمد پر اور آپ کی آل پر جو محبوب صاحب شریعت ہیں اور احکام شرع کو نافذ کرنے والے۔ اے اللہ
عَلَى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلَى آلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ صَاحِبِ الْوَسِيلَةِ وَالْفَضِيلَةِ
صلوٰۃ نازل فرما سیدنا محمد پر اور آپ کی آل پر جو وسیلہ اور بزرگتر مقام کے مالک ہیں
اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلَى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلَى آلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ صَاحِبِ الْعَلَامَةِ
اے اللہ صلوٰۃ نازل فرما سیدنا محمد پر اور آپ کی آل پر جو مخصوص امتیازی علامت والے ہیں
وَالدِّيَانَةِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلَى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلَى آلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ
اور دیانت والے۔ اے اللہ صلوٰۃ وسلام نازل فرما سیدنا محمد پر اور سیدنا محمد کی آل پر جو
صَاحِبِ الْوِلَايَةِ وَالْعِنَايَةِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلَى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلَى آلِ سَيِّدِنَا
صاحب ولایت و تصرف ہیں اور صاحب شفقت۔ اے اللہ صلوٰۃ نازل فرما سیدنا محمد پر اور آپ کی آل پر
مُحَمَّدٍ صَاحِبِ الصِّفَاتِ الْحُسْنَى اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلَى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلَى آلِ سَيِّدِنَا
جو محبوب حسین صفات والے ہیں۔ اے اللہ صلوٰۃ نازل فرما سیدنا محمد پر اور آپ کی آل
مُحَمَّدٍ صَاحِبِ الْبَهَاءِ وَالسَّنَاءِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلَى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلَى آلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ
پر جو محبوب رونق اور روشنی والے ہیں۔ اے اللہ صلوٰۃ نازل فرما سیدنا محمد پر اور آپ کی آل پر
صَاحِبِ الْحُجَّةِ وَالْقُرْبِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلَى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلَى آلِ سَيِّدِنَا
جو حجت و برہان والے ہیں اور مقرب۔ اے اللہ صلوٰۃ نازل فرما سیدنا محمد پر اور آپ کی آل پر
مُحَمَّدٍ صَاحِبِ الدِّينِ وَالْعَوَائِدِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلَى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلَى آلِ
جو بانی ہیں دین و مذہب کے اور مترتب منافع کے مالک۔ اے اللہ صلوٰۃ نازل فرما سیدنا محمد پر اور آپ
سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ صَاحِبِ الْقُرْآنِ أَمِينٍ بِرِسَالَتِهِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلَى سَيِّدِنَا
کی آل پر جو محبوب صاحب قرآن ہیں اور امین ہیں احکام رسالت ہیں۔ اے اللہ صلوٰۃ نازل فرما سیدنا

مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓی اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدِنِ الَّذِیْ بَشَّرَہٗ بِرَتِّلِ الْقُرْاٰنَ تَرْتِیْلًا تَعْلِیْمًا
محمد پر اور آپ کی آل پر جس محبوب کو اللہ تعالیٰ نے بشارت دی ساتھ (اس قول کے) ، ٹھہر ٹھہر کر پڑھو قرآن مجید کو بطورِ ترتیل کے

بِہٖ لِقِرَاءَتِکُمْ تَقْرِیْبًا اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓی اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدِنِ
واسطے تعلیم دینے اس کی قراءت کی تمہیں بقدرِ امکان ۔ اے اللہ صلوٰۃ نازل فرما سیدنا محمد پر اور آپ کی آل پر

الَّذِیْ قَالَ زَیِّنُوا الْقُرْاٰنَ بِاَصْوَاتِکُمْ اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ
جس محبوب نے فرمایا مزین کرو قراءت قرآن کو اپنی مترنم آوازوں کے ساتھ ۔ اے اللہ صلوٰۃ نازل فرما سیدنا محمد پر

صَاحِبِ تَفْسِیْرِ الْقُرْاٰنِ اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓی اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ
جو حقیقی مفسرِ قرآن ہیں ۔ اے اللہ صلوٰۃ نازل فرما سیدنا محمد پر اور آپ کی آل پر جو

صَاحِبِ تَشْھِیْرِ الْفُرْقَانِ اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓی اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ
محبوب فرقان کو مشہور و معروف کرنے والے ہیں ۔ اے اللہ صلوٰۃ نازل فرما سیدنا محمد پر اور آپ کی آل پر

صَاحِبِ الْھِدَایَۃِ وَالرَّشَادِ اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓی اٰلِ سَیِّدِنَا
جو محبوب ہدایت و رشد کے مالک ہیں ۔ اے اللہ صلوٰۃ نازل فرما سیدنا محمد پر اور آپ کی آل پر

مُحَمَّدٍ صَاحِبِ الرَّحْمِ بِالْعِبَادِ اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓی اٰلِ
جو محبوب اپنے غلاموں پر رحم فرمانے والے ہیں ۔ اے اللہ صلوٰۃ نازل فرما سیدنا محمد پر اور آپ کی آل

سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ صَاحِبِ طَھَارَۃِ الْبَدَنِیِّ وَالرُّوْحَانِیِّ اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا
پر جو محبوب بدنی اور روحانی تطہیر کا سامان کرنے والے ہیں ۔ اے اللہ صلوٰۃ نازل فرما

مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓی اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ صَاحِبِ ھِدَایَۃِ الْجِنِّ وَالْاِنْسِ اَللّٰھُمَّ
سیدنا محمد پر اور آپ کی آل پر جو محبوب جن و انس کے ہادی ہیں ۔ اے اللہ

صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓی اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ صَاحِبِ دَارِ السَّلَامِ اَللّٰھُمَّ
صلوٰۃ نازل فرما سیدنا محمد پر اور آپ کی آل پر جو مالک ہیں جنت کے (باذن اللہ) اے اللہ

صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓی اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ صَاحِبِ مَدِیْنَۃِ الْعِظَامِ اَللّٰھُمَّ
صلوٰۃ نازل فرما سیدنا محمد پر اور آپ کی آل پر جو مالک ہیں عظمتوں والے شہر کے ۔ اے اللہ

صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓی اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ صَاحِبِ مَدِیْنَۃِ السَّلَامِ
صلوٰۃ نازل فرما سیدنا محمد پر اور آپ کی آل پر جو محبوب مالک ہیں سلامتی والے شہر کے

اَللّٰھُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓی اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ صَاحِبِ الْھِدَایَۃِ
اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل فرما سیدنا محمد پر اور آپ کی آل پر جو اللہ تعالیٰ کی ذات کی طرف

فِی اللّٰہِ اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓی اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ صَاحِبِ الْمُنْتَھَآءِ
رہنمائی کرنے والے ہیں ۔ اے اللہ صلوٰۃ نازل فرما سیدنا محمد پر اور آپ کی آل پر جو محبوب نہایت و غایت تک

فِیْ سَبِیْلِ اللّٰہِ اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓی اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ صَاحِبِ
پہنچنے والے ہیں اللہ کی راہ میں ۔ اے اللہ صلوٰۃ نازل فرما سیدنا محمد پر اور آپ کی آل پر جو مالک ہیں

الْفَنَآءِ فِی اللّٰہِ اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓی اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ صَاحِبِ
مقام فنا فی اللہ کے ۔ اے اللہ صلوٰۃ نازل فرما سیدنا محمد پر اور آپ کی آل پر جو مالک ہیں

الْبَقَآءِ بِاللّٰہِ اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓی اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدِنِ الَّذِیْ
مقام بقا باللہ کے ۔ اے اللہ صلوٰۃ نازل فرما سیدنا محمد پر اور آپ کی آل پر کہ پیدا

خَلَقَ اللّٰہُ تَعَالٰی کُلَّ اِنْسَانٍ اَشْکَلَ عَلٰی شَکْلِہٖ وَھُوَ بِاِقَامَۃِ اَلِفٍ وَّ
فرمایا اللہ تعالیٰ نے ہر انسان کو ان کی شکل پر متشکل کرکے جبکہ وہ الف کی سیدھ میں ہے حالت قیام میں اور

بِاِجْلَاسِ مُحَمَّدٍ اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓی اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ
لفظ محمد کی صورت ہے حالت قعود میں ۔ اے اللہ صلوٰۃ نازل فرما سیدنا محمد پر اور سیدنا محمد کی آل پر

صَاحِبِ اللَّطِیْفَۃِ الْقُدُسِیَّۃِ الْمَکْسُوَّۃِ بِالْاَکْسِیَۃِ الْمُنَوَّرَۃِ النُّوْرَانِیَّۃِ
جو لطیفہ قدسیہ کے مالک ہیں جو ملبوس ہے منور و نورانی پردوں میں

اَللّٰھُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓی اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ عَدَدَ رَمْلِ
اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل فرما سیدنا محمد پر اور آپ کی آل پر مطابق تعداد صحراؤں کی

الصَّحَارِیْ اَللّٰھُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓی اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ
ریت کے ذرات کے ۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل فرما سیدنا محمد پر اور سیدنا محمد کی آل پر

عَدَدَ ثِقْلِ الْجِبَالِ وَالْاَحْجَارِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ
مطابق ثقل و وزن پہاڑوں اور پتھروں کے۔ اے اللہ صلواۃ وسلام نازل فرما سیدنا محمد پر
وَّعَلٰۤى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ عَدَدَ اَهْلِ الْجَنَّةِ وَالنَّارِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى
اور آپ کی آل پر اہل جنت اور اہل نار کی تعداد کے مطابق۔ اے اللہ صلواۃ وسلام نازل فرما
سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰۤى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ عَدَدَ الْاَبْرَارِ وَالْفُجَّارِ اَللّٰهُمَّ
سیدنا محمد پر اور سیدنا محمد کی آل پر نیکوکاروں اور فاجروں کی تعداد کے مطابق۔ اے اللہ
صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰۤى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ عَدَدَ مَا نَزَلَ مِنْ
صلواۃ وسلام نازل فرما سیدنا محمد پر اور آپ کی آل پر مطابق تعداد ان قطرات کے جو نازل ہوئے
اَوَّلِ الدُّنْيَا اِلٰۤى اٰخِرِهَا مِنْ قَطْرِ الْاَمْطَارِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا
ابتداء کائنات سے انتہاء تک برسنے والی بارشوں سے۔ اے اللہ صلواۃ و سلام نازل فرما سیدنا
مُحَمَّدٍ وَّعَلٰۤى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ عَدَدَ مَا نَبَتَ مِنْ اَوَّلِ الدُّنْيَا اِلٰۤى اٰخِرِهَا
محمد پر اور سیدنا محمد کی آل پر مطابق تعداد اُگنے والے نباتات اور اشجار کے
مِنَ النَّبَاتِ وَالْاَشْجَارِ صَلٰوةً دَآئِمَةً بِدَوَامِ مُلْكِ اللّٰهِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ
دُنیا کی ابتداء سے انتہا تک ایسی صلواۃ جو دائم ہو اللہ کے ملک کے دوام کے ساتھ۔ اے اللہ صلواۃ
وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰۤى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ عَدَدَ مَا خَلَقْتَ وَمَاۤ اَنْتَ
وسلام نازل فرما سیدنا محمد پر اور آپ کی آل پر مطابق شماران کے جو تو پیدا فرما چکا اور جو
خَالِقُهٗ اِلٰى يَوْمِ الْقِيٰمَةِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰۤى اٰلِ
پیدا فرمائے گا قیامت تک۔ اے اللہ صلواۃ و سلام نازل فرما سیدنا محمد پر اور
سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ عَدَدَ مَا خَلَقْتَ مِنْ قَبْلِ اَنْ تَكُوْنَ السَّمَآءُ مَبْنِيَّةً وَّ
سیدنا محمد کی آل پر مطابق تعداد اس مخلوق کے جو پیدا فرمائی آسمان کی چھت بنانے سے قبل اور
الْاَرْضُ مَدْحِيَّةً وَّالْجِبَالُ مُرْسِيَةً وَّالْعُيُوْنُ مُنْفَجِرَةً وَّالْاَنْهَارُ
زمین کا فرش بچھانے اور پہاڑوں کے گاڑنے اور چشموں کے پھوٹنے اور دریاؤں کے جاری

مُنْهَمِرَةً وَّالشَّمْسُ مُشْرِقَةً وَّالْقَمَرُ مُضِيْـئًا وَّالْكَوَاكِبُ مُسْتَنِيْرَةً وَّ
ہونے اور سورج کے روشن ہونے اور چاند کی نور افشانی اور کواکب کی تابانی اور سمندروں کی
الْبِحَارُ مُجْرِيَةً وَّالْاَشْجَارُ مُثْمِرَةً اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰۤى اٰلِ
روانی اور درختوں کی بار آوری سے قبل۔ اے اللہ صلواۃ وسلام نازل فرما سیدنا محمد پر اور سیدنا محمد کی
سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ عَدَدَ مَنْ يَّحْمَدُكَ وَيَشْكُرُكَ وَيُهَلِّلُكَ وَيُمَجِّدُكَ وَيَشْهَدُ
آل پر مطابق شماران کے جو تیری حمد اور شکر اور تہلیل و تمجید کریں گے اور گواہی دیں گے
اَنَّكَ اَنْتَ اللّٰهُ لَاۤ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ سُبْحَانَ الْكَبِيْرِ الْمُتَعَالِ لَاۤ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ
کہ تو ہی اللہ ہے کہ نہیں معبود برحق مگر اللہ۔ پاک ہے صاحب کبریا، بلند مرتبت لا الٰہ الا اللہ
سُبْحَانَ الْقَاضِى الْحَاجَاتِ لَاۤ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ سُبْحَانَ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ
پاک ہے حاجات کا پورا کرنے والا۔ لا الٰہ الا اللہ۔ پاک ہے رحمٰن رحیم
لَاۤ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ سُبْحَانَ رَبِّ الْعَرْشِ الْعَظِيْمِ لَاۤ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ سُبْحَانَ رَبِّىَ
لا الٰہ الا اللہ پاک ہے مالک عرش عظیم کا۔ لا الٰہ الا اللہ۔ پاک ہے میرا رب
الْاَعْلٰى لَاۤ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ سُبْحَانَ الْبُرْهَانِ السُّلْطَانِ لَاۤ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ سُبْحَانَ السَّمِيْعِ
اعلیٰ لا الٰہ الا اللہ پاک ہے سراسر دلیل محکم اور تسلط و غلبہ۔ لا الٰہ الا اللہ پاک ہے سمیع
الْبَصِيْرِ لَاۤ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ سُبْحَانَ الْوَاحِدِ الْقَهَّارِ لَاۤ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ سُبْحَانَ الْعَلِيْمِ
و بصیر لا الٰہ الا اللہ پاک ہے یکتا صاحب قہر۔ لا الٰہ الا اللہ پاک ہے علیم
الْحَكِيْمِ لَاۤ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ سُبْحَانَ السَّتَّارِ الْغَفَّارِ لَاۤ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ سُبْحَانَ الرَّحْمٰنِ
وحکیم لا الٰہ الا اللہ۔ پاک ہے پردہ پوش۔ بخشنے والا۔ لا الٰہ الا اللہ پاک ہے غایت رحمت والا
الدَّيَّانِ لَاۤ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ سُبْحَانَ الْكَبِيْرِ الْاَكْبَرِ لَاۤ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ سُبْحَانَ الْعَلِيْمِ
بہت جزاء دینے والا۔ لا الٰہ الا اللہ۔ پاک ہے صاحب کبریا، جو سب سے بڑا ہے۔ لا الٰہ الا اللہ پاک ہے صاحب علم دائم اور
الْعَلَّامِ لَاۤ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ سُبْحَانَ الشَّافِى الْكَافِى لَاۤ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ سُبْحَانَ الصَّمَدِ الْاَحَدِ
بہت بڑے علم والا۔ لا الٰہ الا اللہ۔ پاک ہے شفاء کا مالک۔ کفایت کرنے والا۔ لا الٰہ الا اللہ پاک ہے بے نیاز یکتا۔

لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ سُبْحَانَ رَبِّ الْاَرْضِ وَالسَّمٰوٰتِ لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ سُبْحَانَ خَالِقِ
لا الٰہ الا اللہ۔ پاک ہے مالک زمین کا اور آسمانوں کا۔ لا الٰہ الا اللہ۔ پاک ہے خالق
الْمَخْلُوْقَاتِ لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ سُبْحَانَ مَنْ خَلَقَ اللَّيْلَ وَالنَّهَارَ لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ
تمام مخلوقات کا۔ لا الٰہ الا اللہ۔ پاک ہے جس نے پیدا فرمایا شب و روز کو۔ لا الٰہ الا اللہ
سُبْحَانَ الْخَالِقِ الرَّزَّاقِ لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ سُبْحَانَ الْفَتَّاحِ الْعَلِيْمِ لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ
پاک ہے خالق (کائنات) اور ان کے رزق کا مالک۔ لا الٰہ الا اللہ پاک ہے (مشکلات کو) حل کرنیوالا۔ دائمی علم والا۔ لا الٰہ الا
سُبْحَانَ الْعَزِيْزِ الْغَنِيِّ لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ سُبْحَانَ الْغَفُوْرِ الشَّكُوْرِ لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ
اللہ۔ پاک ہے غالب۔ غنی۔ لا الٰہ الا اللہ۔ پاک ہے بہت بخشنے والا۔ جزائے شکر دینے والا۔ لا الٰہ الا اللہ
سُبْحَانَ الْعَظِيْمِ الْعَلِيْمِ لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ سُبْحَانَ ذِی الْمُلْكِ وَالْمَلَكُوْتِ
پاک ہے عظیم و علیم۔ لا الٰہ الا اللہ۔ پاک ہے ملک ظاہر اور غیر محسوس ملک کا مالک
لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ سُبْحَانَ ذِی الْعِزَّةِ وَالْعَظَمَةِ لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ سُبْحَانَ ذِی
لا الٰہ الا اللہ۔ پاک ہے عزت و عظمت کا مالک۔ لا الٰہ الا اللہ۔ پاک ہے ہیبت و
الْهَيْبَةِ وَالْقُدْرَةِ لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ سُبْحَانَ ذِی الْكِبْرِيَآءِ وَالْجَبَرُوْتِ
قدرت کا مالک۔ لا الٰہ الا اللہ پاک ہے کبریائی اور قہر و غلبہ کا مالک۔
لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ سُبْحَانَ السَّتَّارِ الْعَظِيْمِ لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ سُبْحَانَ عَالِمِ
لا الٰہ الا اللہ۔ پاک ہے پردہ پوش عظمتوں کا مالک۔ لا الٰہ الا اللہ۔ پاک ہے جاننے والا
الْغَيْبِ لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ صَاحِبُ الْوَحْدَانِيَّةِ الْفَرْدَانِيَّةِ الْقَدِيْمِيَّةِ الْاَزَلِيَّةِ
غیب کا (بذات خود) نہیں معبود برحق مگر اللہ جو مالک ہے وحدانیت و یکتائی قدیمی ازلی
الْاَبَدِيَّةِ لَيْسَ لَهٗ ضِدٌّ وَّلَا نِدٌّ وَّلَا شِبْهٌ وَّلَا شَرِيْكٌ لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَحْدَهٗ
ابدی کا نہ اس کے لیے مقابل ہے نہ مخالفت پر قادر نہ اس کے مشابہ ہے اور نہ شریک۔ نہیں معبود برحق مگر اللہ در آنحالیکہ
لَا شَرِيْكَ لَهٗ لَهُ الْمُلْكُ وَلَهُ الْحَمْدُ يُحْيِیْ وَيُمِيْتُ وَهُوَ حَیٌّ لَّا يَمُوْتُ
اکیلا ہے اور بے ہمتا ہے۔ وہی ملک والا ہے اور وہی مستحق حمد۔ زندہ کرتا ہے اور مارتا بھی ہے اور وہ بذات خود زندہ و پائندہ ہے

بِيَدِهِ الْخَيْرُ وَهُوَ عَلٰی كُلِّ شَیْءٍ قَدِيْرٌ وَاِلَيْهِ الْمَصِيْرُ هُوَ الْاَوَّلُ وَالْاٰخِرُ
اسی کے ہاتھ میں خیر ہے اور وہ ہر شئے پر کامل دسترس رکھتا ہے۔ اور اسی کی طرف بازگشت ہے، وہی سب سے اول، سب سے آخر
وَالظَّاهِرُ وَالْبَاطِنُ وَهُوَ بِكُلِّ شَیْءٍ عَلِيْمٌ لَيْسَ كَمِثْلِهٖ شَیْءٌ وَّهُوَ السَّمِيْعُ
سب سے زیادہ ظاہر اور سب سے زیادہ مخفی ہے اور وہی ہر چیز کا ذاتی علم رکھنے والا ہے۔ نہیں ہے اس کی مانند کوئی شئی وہی
الْبَصِيْرُ لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ سُبْحَانَ الْحَمِيْدِ الْمَجِيْدِ لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ سُبْحَانَ الْحَكِيْمِ
سننے دیکھنے والا ہے۔ لا الٰہ الا اللہ۔ پاک ہے لائق حمد، بزرگی والا۔ لا الٰہ الا اللہ۔ پاک ہے صاحب حکمت
الْقَدِيْمِ لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ سُبْحَانَ الْقَادِرِ السَّتَّارِ لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ سُبْحَانَ السَّمِيْعِ
بالذات بے ابتداء۔ لا الٰہ الا اللہ۔ پاک ہے صاحب قدرت پردہ پوش۔ لا الٰہ الا اللہ پاک ہے سننے
الْعَلِيْمِ لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ سُبْحَانَ الْغَنِيِّ الْعَظِيْمِ لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ سُبْحَانَ الْعَلَّامِ
جاننے والا ہے۔ لا الٰہ الا اللہ۔ پاک ہے غنی عظمت والا۔ لا الٰہ الا اللہ۔ پاک ہے بہت علم والا
السَّلَامِ لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ سُبْحَانَ الْمَلِكِ النَّصِيْرِ لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ سُبْحَانَ الْغَنِيِّ
سراسر سلامتی۔ لا الٰہ الا اللہ۔ پاک ہے شہنشاہ مددگار۔ لا الٰہ الا اللہ۔ پاک ہے غنی غایت
الرَّحْمٰنِ لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ سُبْحَانَ الْقَرِيْبِ الْحَسَنَاتِ لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ سُبْحَانَ
رحمت والا۔ لا الٰہ الا اللہ۔ پاک ہے نیکیوں کو قریب کرنے والا۔ لا الٰہ الا اللہ۔ پاک ہے
الْوَلِیِّ الْحَسَنَاتِ لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ سُبْحَانَ الصَّبُوْرِ السَّتَّارِ لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ سُبْحَانَ
نیکیوں کا مالک۔ لا الٰہ الا اللہ۔ پاک ہے بہت بردبار پردہ پوش۔ لا الٰہ الا اللہ۔ پاک
الْخَالِقِ النُّوْرِ لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ سُبْحَانَ الْغَنِيِّ الْمُعْجِزِ لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ سُبْحَانَ
عدم سے وجود کی طرف لانے والا۔ سراسر نور۔ لا الٰہ الا اللہ۔ پاک ہے غنی جو عاجز و بے بس کر سکنے والا ہے۔ لا الٰہ الا اللہ۔ پاک ہے
الْفَاضِلِ الشَّكُوْرِ لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ سُبْحَانَ الْغَنِيِّ الْقَدِيْمِ لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ
صاحب فضل اور جزائے شکر والا۔ لا الٰہ الا اللہ۔ پاک ہے غنی قدیم۔ لا الٰہ الا اللہ
سُبْحَانَ ذِی الْجَلَالِ الْمُبِيْنِ لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ سُبْحَانَ الْخَالِصِ الْمُخْلِصِ
پاک ہے جلال مبین والا۔ لا الٰہ الا اللہ۔ پاک ہے صاحب خلوص اور خالص کرنے والا

لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ سُبْحَانَ الصَّادِقِ الْوَعْدِ لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ سُبْحَانَ الْحَقِّ

لا الٰہ الاّ اللہ پاک ہے سچے وعدے والا۔ لا الٰہ الاّ اللہ۔ پاک ہے جو سراسر حق

الْمُبِيْنِ ط لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ سُبْحَانَ ذِی الْقُوَّةِ الْمَتِيْنِ ط لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ سُبْحَانَ

واضح ہے۔ لا الٰہ الاّ اللہ۔ پاک ہے غیر متزلزل قوت والا۔ لا الٰہ الاّ اللہ۔ پاک ہے

الْقَوِیِّ الْعَزِيْزِ ط لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ سُبْحَانَ السَّتَّارِ الْعُيُوْبِ ط لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ سُبْحَانَ

قوی عزیز۔ لا الٰہ الاّ اللہ۔ پاک ہے عیبوں کو چھپانے والا۔ لا الٰہ الاّ اللہ۔ پاک ہے

ذِی الْغُفْرَانِ الْمُسْتَعَانِ ط لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ سُبْحَانَ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ ط لَآ اِلٰهَ اِلَّا

غفران کا مالک مدد چاہا ہوا۔ لا الٰہ الاّ اللہ۔ پاک ہے مالک تمام جہانوں کا۔ لا الٰہ الاّ

اللّٰهُ سُبْحَانَ الرَّحْمٰنِ السَّتَّارِ ط لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ سُبْحَانَ الرَّحِيْمِ الْغَفَّارِ ط لَآ اِلٰهَ اِلَّا

اللہ پاک ہے نہایت رحمت والا۔ پردہ پوش۔ لا الٰہ الاّ اللہ۔ پاک ہے دائمی رحمت والا مغفرت فرمانیوالا۔ لا الٰہ الاّ

اللّٰهُ سُبْحَانَ الْعَزِيْزِ الْوَهَّابِ ط لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ سُبْحَانَ الْحَقِّ الْوَكِيْلِ الْعَلِیِّ ط

اللہ۔ پاک ہے عزیز ہبہ فرمانے والا۔ لا الٰہ الاّ اللہ۔ پاک ہے حق تعالیٰ۔ کارساز۔ بلند شان

لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ سُبْحَانَ الْاَوَّلِ الْقَدِيْمِ ط لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ سُبْحَانَ الْاَوَّلِ الْاٰخِرِ ط

لا الٰہ الاّ اللہ۔ پاک ہے جو سب سے اول۔ بے ابتداء ہے۔ لا الٰہ الاّ اللہ۔ پاک ہے جو سب سے اول اور سب سے آخر ہے

اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ عَدَدَ مَا صَلَّيْتَ

اے اللہ صلوٰۃ وسلام نازل فرما سیدنا محمد پر اور آپ کی آل پر مطابق تعداد ان صلوات کے

عَلَيْهِ اَنْتَ وَمَلٰٓئِكَتُكَ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى اٰلِ سَيِّدِنَا

جو ان پر بھیجیں تو نے اور تیرے تمام ملائکہ نے۔ اے اللہ صلوٰۃ نازل فرما سیدنا محمد پر اور آپ کی

مُحَمَّدٍ عَدَدَ مَنْ صَلّٰى عَلَيْهِ مِنْ خَلْقِكَ وَمَنْ لَّمْ يُصَلِّ عَلَيْهِ اَللّٰهُمَّ

آل پر مطابق تعداد ان لوگوں کے جنہوں نے درود بھیجا ان پر تیری مخلوق میں سے اور جنہوں نے درود نہیں بھیجا۔ اے اللہ

صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ عَدَدَ الْجِبَالِ وَالرِّمَالِ

صلوٰۃ و سلام نازل فرما سیدنا محمد پر اور آپ کی آل پر مطابق تعداد۔ پہاڑوں۔ ریت کے دانوں

وَالْحَصٰى اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ عَدَدَ

اور کنکریوں کے۔ اے اللہ صلوٰۃ وسلام نازل فرما سیدنا محمد پر اور آپ کی آل پر درختوں

الشَّجَرِ وَاَوْرَاقِهَا وَالْمَدَرِ وَاَثْقَالِهَا اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّ

اور ان کے پتوں کی گنتی اور ڈھیلوں اور ان کے وزن وثقل کی مقدار۔ اے اللہ صلوٰۃ وسلام نازل فرما سیدنا محمد پر اور

عَلٰٓى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ عَدَدَ كُلِّ سَنَةٍ وَّمَا تَخْلُقُ فِيْهَا وَمَا يَمُوْتُ فِيْهَا اَللّٰهُمَّ

آپ کی آل پر تمام سالوں اور ان میں پیدا ہونے والوں اور مرنے والوں کی تعداد کے مطابق۔ اے اللہ

صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ عَدَدَ مَا تَخْلُقُ كُلَّ يَوْمٍ

صلوٰۃ وسلام نازل فرما سیدنا محمد پر اور آپ کی آل پر مطابق تعداد اس مخلوق کے جو پیدا فرماتا ہے ہر

وَّمَا يَمُوْتُ فِيْهِ اِلٰى يَوْمِ الْقِيٰمَةِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّ

دن اور جو مرتی ہے ہر دن قیامت تک کے لیے۔ اے اللہ صلوٰۃ وسلام نازل فرما سیدنا محمد پر اور

عَلٰٓى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ عَدَدَ السَّحَابِ الْجَارِيَةِ مَا بَيْنَ السَّمَآءِ وَالْاَرْضِ

سیدنا محمد کی آل پر مطابق تعداد ان بادلوں کے جو چلتے ہیں آسمانوں و زمین کے درمیان۔

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ نِ الَّذِیْ قَالَ اِذَا قَالَ الْعَبْدُ لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ

اے اللہ صلوٰۃ نازل فرما سیدنا محمد پر جنہوں نے فرمایا کہ جب بندہ لا الٰہ الاّ اللہ۔

وَاللّٰهُ اَكْبَرُ قَالَ يَقُوْلُ اللّٰهُ عَزَّوَجَلَّ صَدَقَ عَبْدِیْ لَآ اِلٰهَ اِلَّآ اَنَا وَاَنَا

واللہ اکبر کہتے تو اللہ تعالیٰ فرماتا ہے میرے بندے نے سچ کہا۔ نہیں معبود برحق مگر میں اور میں

اَكْبَرُ وَاِذَا قَالَ الْعَبْدُ لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَحْدَهٗ قَالَ صَدَقَ عَبْدِیْ لَآ اِلٰهَ

کبریائی کا مالک ہوں۔ اور جب بندہ کہے "لا الٰہ الاّ اللہ وحدہ" تو اللہ فرماتا ہے میرے بندے نے سچ کہا نہیں معبود برحق

اِلَّآ اَنَا وَحْدِیْ وَاِذَا قَالَ لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ لَا شَرِيْكَ لَهٗ قَالَ صَدَقَ عَبْدِیْ

مگر میں تنہا۔ اور جب بندہ کہے "لا الٰہ الاّ اللہ لاشریک لہ" تو فرماتا ہے میرے بندے نے سچ کہا

لَآ اِلٰهَ اِلَّآ اَنَا لَا شَرِيْكَ لِیْ وَاِذَا قَالَ لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ لَهُ الْمُلْكُ وَلَهُ الْحَمْدُ

نہیں معبود برحق مگر میں۔ نہیں کوئی شریک میرا۔ اور جب کہے "لا الٰہ الاّ اللہ لہ الملک و لہ الحمد"

قَالَ صَدَقَ عَبْدِیْ لَآ اِلٰهَ اِلَّآ اَنَا لِیَ الْمُلْكُ وَلِیَ الْحَمْدُ وَاِذَا قَالَ لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ

فرماتا ہے سچ کہا میرے بندے نے نہیں معبود برحق مگر میں میرا ہی ہے ملک اور میں ہی سزاوار حمد ہوں اور جب کہے لا الٰہ الا اللہ

لَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ قَالَ صَدَقَ عَبْدِیْ لَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِیْ سُبْحَانَ

لاحول ولاقوۃ الا باللہ" تو اللہ فرماتا ہے میرے بندے نے سچ کہا نہیں قوت اور طاقت مگر ساتھ میرے۔ پاک ہے

اللّٰهِ وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَاللّٰهُ اَكْبَرُ سُبْحَانَ اللّٰهِ عَدَدَ خَلْقِهٖ سُبْحَانَ

اللہ اور سب تعریفیں اللہ کے لیے ہیں۔ نہیں معبود برحق مگر اللہ اور اللہ بہت بڑا ہے۔ تسبیح ہے اللہ تعالیٰ کے لیے اس کی مخلوق کی

اللّٰهِ رِضٰی نَفْسِهٖ سُبْحَانَ اللّٰهِ زِنَةَ عَرْشِهٖ سُبْحَانَ اللّٰهِ مِدَادَ كَلِمَاتِهٖ

تعداد کے مطابق تسبیح ہے اللہ کے لیے اس کی ذات کی رضامندی کے مطابق۔ تسبیح ہے اللہ کے لیے عرش کے وزن کے مطابق۔ تسبیح ہے اللہ کی اس کے

سُبْحَانَ اللّٰهِ لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی

کلمات کی روشنائی کے مطابق۔ سبحان اللہ۔ لا الٰہ الا اللہ۔ الحمد للہ۔ اے اللہ صلوٰۃ نازل فرما سیدنا محمد پر اور آپ

اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ عَدَدَ مَنْ یُّسَبِّحُكَ وَیُهَلِّلُكَ وَیُكَبِّرُكَ وَیُعَظِّمُكَ وَیُمَجِّدُكَ

کی آل پر مطابق ان کے جو تیری تسبیح و تہلیل۔ تکبیر و تعظیم۔ تمجید و تحمید

وَیُحَمِّدُكَ وَیُكَرِّمُكَ وَیُخَدِّمُكَ سُبْحَانَ اللّٰهِ وَبِحَمْدِهٖ سُبْحَانَ الْمَلِكِ الْجَبَّارِ

اور تکریم و خدمت بجالاتے ہیں۔ پاکیزگی بیان کرتے ہیں اللہ کی اور اس کی حمد سے متلبس ہیں۔ پاک ہے اللہ شہنشاہ

سُبْحَانَ الْوَاحِدِ الْقَهَّارِ سُبْحَانَ الْعَزِیْزِ الْغَفَّارِ سُبْحَانَ الْكَبِیْرِ الْمُتَعَالِ سُبْحَانَ

جبار۔ پاک ہے واحد قہار۔ پاک ہے عزیز و غفار۔ پاک ہے کبیر متعال۔ پاک ہے

خَالِقِ اللَّیْلِ وَالنَّهَارِ سُبْحَانَ الَّذِیْ كَانَ لَمْ یَزَلْ وَلَا یَزَالُ وَهُوَ شَدِیْدُ

خالق رات اور دن کا۔ پاک ہے وہ جو ہمیشہ رہا ہے اور ہمیشہ رہے گا اور وہ سخت

الْمِحَالِ سُبْحَانَ اللّٰهِ وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ وَلَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَاللّٰهُ اَكْبَرُ وَلَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ

عذاب اور عقاب والا ہے۔ پاک ہے اللہ اور سب تعریفیں اسی کے لیے ہیں۔ نہیں معبود برحق مگر اللہ اور اللہ بہت بڑا ہے اور نہیں

اِلَّا بِاللّٰهِ الْعَلِیِّ الْعَظِیْمِ ط سُبْحَانَ رَبِّیَ الْعَلِیِّ الْاَعْلَی الْوَهَّابِ سُبْحَانَ رَبِّیَ

طاقت اور نہ قوت مگر ساتھ اللہ بلند شان عظیم کے۔ پاک ہے رب میرا جو بلند مرتبت اور بالاترین اور عطا کرنے والا ہے۔ پاک ہے رب میرا

الْعَلِیِّ الْاَعْلَی الْكَرِیْمِ الْوَهَّابِ سُبْحَانَكَ مَا عَبَدْنَاكَ حَقَّ عِبَادَتِكَ

جو بلند شان بالاترین اور عطا کرنے والا ہے پاک ہے تو نہیں عبادت کی ہم نے جیسے کہ حق عبادت کا ہے۔

سُبْحَانَكَ مَا عَرَفْنَاكَ حَقَّ مَعْرِفَتِكَ سُبْحَانَكَ مَا ذَكَرْنَاكَ حَقَّ ذِكْرِكَ

پاک ہے تو نہیں پہچانا ہم نے تجھے جیسے کہ حق پہچاننے کا ہے۔ پاک ہے تو نہیں ذکر کیا ہم نے تیرا جیسے کہ حق ذکر کرنے کا

سُبْحَانَكَ مَا شَكَرْنَاكَ حَقَّ شُكْرِكَ سُبْحَانَكَ اللّٰهُمَّ وَبِحَمْدِكَ وَتَبَارَكَ اسْمُكَ

ہے۔ پاک ہے تو نہیں شکر کیا ہم نے تیرا جیسے کہ حق شکر کرنے کا ہے۔ پاک ہے تو اے اللہ اور تیری حمد سے متلبس ہیں اور بابرکت ہے نام تیرا

وَتَعَالٰی جَدُّكَ وَجَلَّ ثَنَآؤُكَ وَلَآ اِلٰهَ غَیْرُكَ سُبْحَانَ یَا ذَا الْهَیْبَةِ وَالْعَظَمَةِ

اور بلند و بالا ہے بزرگی تیری اور بزرگتر ہے ثنا تیری اور نہیں معبود برحق سوا تیرے۔ پاک ہے تو اے مالک عظمت اور ہیبت کے۔

سُبْحَانَ یَا ذَا الْوَحْدَةِ وَالْكَثْرَةِ سُبْحَانَ ذِیْ شَاْنٍ فَوْقَ شَاْنٍ سُبْحَانَ

پاک ہے تو اے وحدت و کثرت کے مالک۔ پاک ہے ذیشان جس کی شان بلند ہے ہر شان سے۔ پاک ہے

مَنْ اَوَّلُهٗ عِلْمٌ وَّاٰخِرُهٗ حِلْمٌ سُبْحَانَ مَنْ لَّآ اَوَّلَ لَهٗ وَلَآ اٰخِرَ لَهٗ سُبْحَانَ

وہ کہ جس سے پہلا ظہور علم کا ہے اور آخری ظہور بردباری کا ہے۔ پاک ہے وہ کہ جس کی ذات کی نہ ابتداء ہے اور نہ انتہا۔ پاک ہے

الْمَلِكِ الْقُدُّوْسِ ط سُبْحَانَ ذِی الْمُلْكِ وَالْمَلَكُوْتِ سُبْحَانَ ذِی الْعِزَّةِ

شہنشاہ مقدس۔ پاک ہے ملک ظاہر اور ملک باطن کا مالک۔ پاک ہے مالک عزت

وَالْعَظَمَةِ وَالْقُدْرَةِ وَالْهَیْبَةِ وَالْجَلَالِ وَالْجَمَالِ وَالْكَمَالِ وَالْبَقَآءِ وَ

و عظمت کا۔ قدرت و ہیبت۔ جلال و جمال۔ کمال و بقاء کا اور

الثَّنَآءِ وَالضِّیَآءِ وَالْاٰلَآءِ وَالنَّعْمَآءِ وَالْكِبْرِیَآءِ وَالْجَبَرُوْتِ ط سُبْحَانَ الْمَلِكِ

ثناء و ضیاء اور ظاہری و باطنی نعمتوں اور کبریاء و جبروت کا۔ پاک ہے شاہنشاہ

الْحَیِّ الَّذِیْ لَا یَنَامُ وَلَا یَمُوْتُ سُبُّوْحٌ قُدُّوْسٌ رَبُّنَا وَرَبُّ الْمَلٰٓئِكَةِ وَالرُّوْحِ

جو زندہ و پائندہ ہے جو نہ سوتا ہے اور نہ اس پر موت آسکتی ہے۔ بہت پاک بے عیب۔ بہت مقدس رب ہمارا اور رب ملائکہ اور روح

سُبْحَانَ مَنْ لَّمْ یَزَلْ رَبًّا رَّحِیْمًا وَّلَا یَزَالُ كَرِیْمًا لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ الْحَلِیْمُ

کا۔ پاک ہے وہ جو ہمیشہ سے ہے رب رحیم اور ہمیشہ رہے گا کریم۔ نہیں معبود برحق مگر اللہ بردبار

اَلْكَرِيْمِ سُبْحَانَ اللّٰهِ وَتَبَارَكَ اللّٰهُ رَبُّ السَّمٰوٰتِ السَّبْعِ وَرَبُّ الْعَرْشِ
صاحب جود دائم۔ پاک ہے اللہ اور بابرکت ہے اللہ مالک ساتوں آسمانوں اور مالک عرش
الْعَظِيْمِ وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ ط سُبْحَانَ مَنْ لَّمْ يَزَلْ كَانَ كَمَا هُوَ الْاٰنَ
عظیم کا اور حمد ہے اللہ رب العالمین کے لیے۔ پاک ہے وہ کہ ہمیشہ سے اسی طرح ہے جیسے کہ اب ہے
سُبْحَانَ مَنْ لَّا يَزَالُ يَكُوْنُ كَمَا هُوَ الْاٰنَ سُبْحَانَ مَنْ لَّا يَتَغَيَّرُ فِيْ ذَاتِهٖ وَلَا
پاک ہے وہ جو ہمیشہ اسی طرح رہے گا جیسے کہ وہ اب ہے۔ پاک ہے وہ کہ نہیں تغیر قبول کرتی ذات اس کی اور نہ
فِيْ صِفَاتِهٖ وَلَا فِيْ اَسْمَآئِهٖ حُدُوْثُ الْاَكْوَانِ وَالْاَلْوَانِ سُبْحَانَ الدَّآئِمِ الْقَآئِمِ
صفات اور نہ اسماء اس کے مانند حدوث و تغیر کے جو مخلوقات اور رنگتوں میں ہے۔ پاک ہے وہ جو دائم و قائم ہے
سُبْحَانَ الْحَيِّ الَّذِيْ لَا يَمُوْتُ هُوَ الَّذِيْ يُمِيْتُ الْخَلَآئِقَ وَهُوَ حَيٌّ لَّا يَمُوْتُ
پاک ہے جو ہمیشہ سے زندہ ہے نہیں مرے گا۔ وہی ہے جو مارے گا تمام خلائق کو اور وہ زندہ ہے نہیں مرے گا
سُبْحَانَ الْاَوَّلِ الْمُبْدِئِ سُبْحَانَ الْاٰخِرِ الْبَاقِيْ سُبْحَانَ مَنْ تُسَمّٰى قَبْلَ اَنْ تُسَمّٰى
پاک ہے اول جو ابتداءً ہیں ایجاد کرنے والا ہے۔ پاک ہے آخر جو باقی رہنے والا ہے۔ پاک ہے جو موسوم ہے اسماء کمال سے قبل اس کے کہ کوئی
سُبْحَانَ مَنْ لَّا شَرِيْكَ لَهٗ وَلَا وَزِيْرَ لَهٗ وَلَا نِدَّ وَلَا ضِدَّ لَهٗ بِلَا رَيْبٍ اَللّٰهُمَّ
موسوم ہو۔ پاک ہے وہ کہ اس کا نہ شریک ہے اور نہ وزیر نہ مد مقابل اور نہ مخالف ہے اس کے لیے یقیناً۔ اے اللہ
صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ مُّبَشِّرِ الْمُحْسِنِيْنَ وَمُنْذِرِ
صلوٰۃ و سلام نازل فرما سیدنا محمد پر اور آپ کی آل پر جو محبوب نکوکاروں کو بشارت دینے والے ہیں اور مشرکین
الْمُشْرِكِيْنَ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ خُلَاصَةِ
کو ڈرانے والے ہیں۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل فرما سیدنا محمد پر اور آپ کی آل پر جو محبوب خلاصہ
الْكَوْنَيْنِ وَمُرْشِدِ الثَّقَلَيْنِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى اٰلِ
کونین ہیں اور جن و انس کے مرشد و ہادی ہیں۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل فرما سیدنا محمد پر اور آپ کی
سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ هَادِي السُّبُلِ وَقَاتِلِ الْكُفَّارِ الْعُتُلِّ اَللّٰهُمَّ الْعَنِ الْكَفَرَةَ
آل پر جو محبوب ہادی ہیں سبل خیر کے اور قاتل ہیں مغرور و متکبر کفار کے۔ اے اللہ لعنت فرما کفار پر

الَّذِيْنَ يَصُدُّوْنَ عَنْ سَبِيْلِكَ وَيُكَذِّبُوْنَ رُسُلَكَ وَيُقَاتِلُوْنَ اَوْلِيَآئَكَ
جو روکتے ہیں تیری راہ سے اور جھٹلاتے ہیں تیرے رسولوں کو اور جنگ کرتے ہیں تیرے دوستوں کے ساتھ
اَللّٰهُمَّ خَالِفْ بَيْنَ كَلِمَتِهِمْ وَزَلْزِلْ اَقْدَامَهُمْ وَاَنْزِلْ عَلَيْهِمْ بَاْسَكَ الَّذِيْ
اے اللہ مخالفت پیدا فرما باہم ان کے کلمہ میں اور متزلزل کر ان کے اقدام اور نازل فرما ان پر اپنا عذاب شدید جو
لَا تَرُدُّهٗ عَنِ الْقَوْمِ الْمُجْرِمِيْنَ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى
دور نہیں کیا جا سکتا مجرم لوگوں سے۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل فرما سیدنا محمد پر اور ان کی
اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ الَّذِيْ لَا يَنْطِقُ اِلَّا مَا يُوْحٰٓى اِلَيْهِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى
آل پر جن کی زبان پر نہیں جاری ہوتا مگر جو وحی کیا جاتا ہے طرف ان کے۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل فرما
سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ مَّنْ قَامَ اللَّيْلَ بِاَمْرِ رَبِّهِ الْجَلِيْلِ
سیدنا محمد پر اور آپ کی آل پر جو رات بھر قیام کرتے رہے اپنے رب جلیل کے امر سے۔
اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ مَّنْ جَآءَ لِلْاَمْرِ
اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل فرما سیدنا محمد پر اور آپ کی آل پر کہ جن کی طرف آئے ہر چھوٹے
الصَّغِيْرِ وَالْكَبِيْرِ اِلَيْهِ جِبْرِيْلُ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى
اور بڑے امر کے لیے حضرت جبرئیل۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل فرما سیدنا محمد پر اور
اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ مَّنْ هَاجَرَ بِاَمْرِ رَبِّهٖ لِشَرِّ الْكُفَّارِ الْاَذِلَّةِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَ
سیدنا محمد کی آل پر جس محبوب نے ہجرت فرمائی اپنے رب کے امر سے بسبب ذلیل کفار کی شرانگیزی سے۔ اے اللہ
سَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ مَّنْ لَّمْ يَتَعَلَّمْ حَرْفًا وَّعَلِمَ
صلوٰۃ و سلام نازل فرما سیدنا محمد پر اور آپ کی آل پر کہ جس محبوب نے نہیں پڑھا ایک حرف (مکتب میں) اور جان لیا
مَا كَانَ وَمَا يَكُوْنُ اِلٰى يَوْمِ الْقِيٰمَةِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى
ما کان و ما یکون کو یعنی جو ہو چکا اور جو ہونا ہے قیامت تک۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل فرما سیدنا محمد پر اور آپ
اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ مَّنْ جَمَعَ اللّٰهُ اسْمَهٗ بِاسْمِهٖ فِي الْاَذَانِ وَالْاِقَامَةِ اَللّٰهُمَّ رَبَّ
کی آل پر جس محبوب کے اسم گرامی کو اللہ نے اپنے مقدس نام کے ساتھ ملا دیا ہے اذان و اقامت میں۔ اے اللہ اس

هٰذِهِ الدَّعْوَةِ التَّامَّاتِ وَالصَّلٰوةِ الْقَآئِمَةِ اٰتِ مُحَمَّدَ ﷺ الْوَسِيْلَةَ وَالْفَضِيْلَةَ

کامل و اکمل دعوت (اعتقاد و عمل) کے اور قائم ہونے والی نماز کے عطا کر محمد کو مقام وسیلہ و فضیلت

وَالدَّرَجَةَ الرَّفِيْعَةَ وَابْعَثْهُ مَقَامًا مَّحْمُوْدَا ۨ الَّذِیْ وَعَدْتَّهٗ وَارْزُقْنَا

اور بلند تر درجہ اور قائم فرما ان کو مقام محمود میں جس کا تو نے انہیں وعدہ دیا ہے اور نصیب فرما ہمیں ان کی شفاعت

شَفَاعَتَهٗ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ اِنَّكَ لَا تُخْلِفُ الْمِيْعَادَ ط اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى

قیامت کے دن۔ بیشک تو وعدہ کا خلاف نہیں کرتا۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل فرما

سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ مَّنْ ضَمَّ اللّٰهُ اِسْمَهٗ بِاِسْمِهٖ فِى اللَّوْحِ

سیدنا محمد پر اور آپ کی آل پر کہ جس محبوب کا نام نامی اللہ نے اپنے اسم گرامی کے ساتھ ملا دیا ہے لوح

الْمَحْفُوْظِ لِلشَّرَفِ وَالْكَرَامَةِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى اٰلِ

محفوظ میں ان کے شرف اور کرامت کے اظہار کے لیے۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل فرما سیدنا محمد پر اور

سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ مَّنْ اَمَرَهُ اللّٰهُ بِالذِّكْرِ بُكْرَةً وَّعَشِيًّا اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى

سیدنا محمد کی آل پر جنہیں اللہ نے حکم دیا ہے ذکر کرنے کا صبح و شام۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل فرما

سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ مَّنْ اَمَرَهُ اللّٰهُ بِالسُّجُوْدِ وَالتَّسْبِيْحِ لَيْلًا

سیدنا محمد پر اور آپ کی آل پر جنہیں اللہ نے حکم دیا ہے سجود و تسبیح کا شب

طَوِيْلًا سُبْحَانَ مَنْ هُوَ بَاقٍ سُبْحَانَ مَنْ لَّا يَفْنٰى سُبْحَانَكَ يَا مَنْ تَقَدَّسَ

دراز میں۔ پاک ہے جو ہمیشہ باقی ہے۔ پاک ہے جو فنا نہیں ہوگا۔ پاک ہے تو اے کہ مقدس ہے

عَنِ الْاَشْبَاهِ ذَاتُهٗ سُبْحَانَكَ يَا مَنْ تَنَزَّهَ عَنْ مُّشَابَهَةِ الْاَمْثَالِ صِفَاتُهٗ

مشابہ و نظیر سے ذات اس کی۔ پاک ہے تو اے کہ منزہ ہے امثال کی مشابہت سے صفات اس کی۔

سُبْحَانَكَ يَا مَنْ شَهِدَتْ بِرُبُوْبِيَّتِهٖ مَصْنُوْعَاتُهٗ سُبْحَانَكَ يَا مَنْ دَلَّتْ عَلٰى

پاک ہے تو اے کہ گواہی دی ہے اس کی ربوبیت کی اس کے مصنوعات نے۔ پاک ہے تو اے کہ دلالت کرتی ہیں اس کی

وَحْدَانِيَّتِهٖ اٰيَاتُهٗ سُبْحَانَكَ يَا وَاحِدًا لَا مِنْ قِلَّةٍ سُبْحَانَكَ يَا مَوْجُوْدُ مِنْ

وحدانیت پر آیات اس کی۔ پاک ہے تو اے یکتا ہے نہ بسبب قلت کے۔ پاک ہے تو موجود ہے

غَيْرِ عِلَّةٍ سُبْحَانَكَ يَا مَنْ هُوَ بِالْبِرِّ مَعْرُوْفٌ سُبْحَانَكَ يَا مَنْ هُوَ بِالْاِحْسَانِ

بغیر علتِ وجود کے۔ پاک ہے تو اے کہ ساتھ نیکی کے معروف ہے۔ پاک ہے تو اے کہ ساتھ احسان کے

مَوْصُوْفٌ سُبْحَانَكَ يَا مَعْرُوْفُ بِلَا غَايَةٍ سُبْحَانَكَ يَا مَوْصُوْفُ بِلَا نِهَايَةٍ

موصوف ہے۔ پاک ہے تو اے کہ معروف ہے بغیر کسی غایت و انتہاء کے۔ پاک ہے تو اے موصوف ہے (ساتھ کمالات کے) بغیر کسی

سُبْحَانَكَ يَا اَوَّلُ قَدِيْمٌ بِلَا ابْتِدَاءٍ سُبْحَانَكَ يَا اٰخِرُ كَرِيْمٌ بِلَا انْتِهَاءٍ سُبْحَانَكَ

انتہاء اور حد آخری کے۔ پاک ہے تو اے اول و قدیم ہے بغیر ابتداء کے۔ پاک ہے تو اے آخر ہے بغیر انتہاء کے۔ پاک ہے تو

يَا مَنْ لَّا يُنْسَبُ اِلَيْهِ الْبَنُوْنَ سُبْحَانَكَ يَا مَنْ لَّا تُعِيْنُهٗ تَزَايُدُ الْاَوْقَاتِ وَلَا

اے کہ نہیں نسبت کی جا سکتی طرف اس کے اولاد کی۔ پاک ہے تو اے کہ جس کی اعانت نہیں کر سکتا اوقات میں اضافہ اور نہ

تُهِيْنُهُ السُّنُوْنَ سُبْحَانَكَ يَا مَنْ كُلُّ الْمَخْلُوْقَاتِ تَحْتَ قَهْرِ عَظَمَتِهٖ وَاَمْرُهٗ

اسے کمزور کر سکتے ہیں (گزرنے والے) سال۔ پاک ہے تو اے کہ تمام مخلوق اس کے قہر عظمت کے ماتحت ہے۔ اور امر و حکم اس کا

بَيْنَ الْكَافِ وَالنُّوْنِ سُبْحَانَكَ يَا مَنْ بِذِكْرِهٖ اَنِسَ الْمُخْلِصُوْنَ سُبْحَانَكَ

کاف اور نون (کن) کے درمیان ہے۔ پاک ہے تو اے کہ اسی کے ذکر سے مانوس ہیں اہل اخلاص۔ پاک ہے تو

يَا مَنْ هَدٰى لِاَهْلِ طَاعَتِهٖ صِرَاطًا مُّسْتَقِيْمًا سُبْحَانَكَ يَا مَنْ اَبَاحَ اَهْلَ

اے کہ جس نے ہدایت دی اہل طاعت کو صراط مستقیم کی۔ پاک ہے تو اے کہ مباح ٹھہرائیں جس نے اپنے اہل

مَحَبَّتِهٖ جَنَّاتِ النَّعِيْمِ سُبْحَانَكَ يَا مَنْ يَّرٰى حَرَكَةَ اَرْجُلِ النَّمْلِ فِى اللَّيْلِ

محبت کے لیے جنات النعیم۔ پاک ہے تو اے کہ دیکھتا ہے چیونٹی کے پاؤں کی جنبش کو سخت تاریک

الْبَهِيْمِ سُبْحَانَكَ يَا مَنْ يَّعْلَمُ عَدَدَ اَنْفَاسِ الْمَخْلُوْقَاتِ بِعِلْمِهِ الْقَدِيْمِ ط

رات میں۔ پاک ہے تو اے کہ جانتا ہے تمام مخلوقات کے سانسوں کی تعداد اپنے علم قدیم کے ساتھ

سُبْحَانَكَ يَا مَنْ يُّسَبِّحُهُ الطَّآئِرُ فِىْ وَكْرِهٖ سُبْحَانَكَ يَا مَنْ يُّمَجِّدُهُ الْوَحْشُ

پاک ہے تو اے کہ تسبیح کرتے ہیں اس کی پرندے اپنے گھونسلوں میں۔ پاک ہے تو اے کہ بزرگی بیان کرتے ہیں اس کی

فِىْ قَفْرِهٖ سُبْحَانَكَ يَا مَنْ يُّسَبِّحُهُ الْعَبْدُ فِىْ سِرِّهٖ وَجَهْرِهٖ سُبْحَانَكَ يَا مَنْ

جنگلی جانور اپنے ویرانوں میں۔ پاک ہے تو اے کہ تسبیح کرتا ہے اس کی ہر بندہ خفیہ اور علانیہ۔ پاک ہے تو اے کہ

هُوَ مُحِيطٌ بِعَمَلِ الْمُؤْمِنِينَ بِتَأْيِيدِهِ وَنَصِيرِهِ سُبْحَانَكَ يَا مَنْ تَطْمَئِنُّ
محیط ہے اہل ایمان کے ہر عمل کو اپنی تائید و نصرت کے ساتھ ۔ پاک ہے تو اے کہ اطمینان پاتے ہیں
الْقُلُوبُ الْوَجِلَةُ بِذِكْرِهِ سُبْحَانَكَ يَا مَنْ أَحَاطَ بِكُلِّ شَيْءٍ عِلْمًا سُبْحَانَكَ
خوفزدہ دل اس کے ذکر سے ۔ پاک ہے تو اے کہ جس نے احاطہ کر رکھا ہے ہر شئی کا ازروئے علم کے ۔ پاک ہے
يَا مَنْ غَفَرَ ذُنُوبَ الْمُذْنِبِينَ كَرَمًا وَحِلْمًا سُبْحَانَكَ يَا مَنْ لَيْسَ كَمِثْلِهِ
تو اے کہ جس نے بخشا گناہ گاروں کے گناہوں کو ازروئے کرم اور بردباری کے ۔ پاک ہے تو اے کہ نہیں مانند اس کے
شَيْءٌ وَهُوَ السَّمِيعُ الْبَصِيرُ سُبْحَانَ الَّذِي لَيْسَ الْعِزَّةُ إِلَّا إِيَّاهُ سُبْحَانَ الَّذِي
کوئی شئی اور وہی ہے سننے دیکھنے والا ۔ پاک ہے وہ کہ نہیں عزت حقیقی دائمی مگر اسی کے لیے ۔ پاک ہے وہ جس نے
تَعَطَّفَ الْكَرَمَ وَتَكَرَّمَ بِهِ سُبْحَانَ الَّذِي خَيْرُ الْمَجْدِ وَالْمَجْدُ وَدِبِهِ سُبْحَانَ
کرم و عنایت کو اپنا یا اور اسی سے اس کی بزرگی نمایاں ہوئی ۔ پاک ہے وہ کہ سب سے بہتر بزرگی والا ہے اور اسی کے ذریعے بزرگ ترین مانا ہوا ہے
الَّذِي يَنْبَغِي لَهُ التَّسْبِيحُ لَا إِلٰهَ إِلَّا هُوَ مُتَوَاتِرًا دَائِمًا مِنَ الدَّهْرِ إِلَى الدَّهْرِ
پاک ہے وہ کہ اسی کے لائق ہے تسبیح جس میں معبود برحق ہونا منحصر ہے در آنحالیکہ وہ تسبیح متواتر اور دائم ہے زمانہ کی ابتداء سے انتہا تک
بِأَلْوَانِ التَّسْبِيحِ خَالِصًا لِذِكْرِكَ وَضِيَاءً بِنَاصِعِ التَّوْحِيدِ وَإِخْلَاصِ
ساتھ ہر قسم کی تسبیحات کے خالص تیرے ذکر کے لیے اور روشنی حاصل کرتے ہوئے خالص توحید ۔ کامل
التَّفْرِيدِ وَإِمْحَاضِ التَّحْمِيدِ بِطُولِ التَّعَبُّدِ وَالتَّعْبِيدِ لَمْ تُعَنْ فِي قُدْرَتِكَ
تفرید اور مکمل تحمید کے ساتھ ساتھ درازی تعبد اور غلامی و نیاز مندی کے ۔ تو نہیں اعانت کیا گیا اپنی قدرت میں
وَلَمْ تُشَارَكْ فِي إِلٰهِيَّتِكَ وَلَمْ تُعْلَمْ لَكَ مَائِيَّةٌ وَمَاهِيَّةٌ فَتَكُونَ لِلْأَشْيَاءِ
اور نہیں مشارکت کیا گیا اپنی الوہیت میں اور نہیں جانی گئی واسطے تیرے چگونگی و کیفیت اور نہ ماہیت تاکہ تو ہو سکے مختلف اشیاء
الْمُخْتَلِفَةِ مُجَانِسًا وَلَمْ تُعَايَنْ إِذْ حُبِسَتِ الْأَشْيَاءُ عَلَى الْغَرَائِزِ الْمُخْتَلِفَاتِ
کے لیے ہم جنس اور نہیں مشاہدہ کیا گیا تیرا جبکہ روک گئیں اشیاء مختلف ذمہ داریوں اور ضمانتوں پر (کی جواب طلبی) پر
وَلَا تَخْرِقُ الْأَوْهَامُ حُجُبَ الْغُيُوبِ إِلَيْكَ فَأَعْتَقِدَ مِنْكَ مَحْدُودًا فِي عَظَمَتِكَ
اور نہیں پھاڑتے اوہام غیوب کے حجابات کو تیری طرف توجہ کے وقت تاکہ میں اعتقاد رکھ سکوں تیری عظمت میں

وَلَا يَبْلُغُكَ بُعْدُ الْهِمَمِ وَلَا يَنَالُكَ غَوْصُ الْفِطَنِ وَلَا يَنْتَهِي إِلَيْكَ بَصَرُ
کسی حد و نہایت کا اور نہیں پہنچتیں تجھ تک بعید ترین ہمتیں ۔ اور نہیں پا سکتی تجھے فطانت کی گہرائی اور نہیں پہنچتی تجھ تک دیکھنے
النَّاظِرِينَ فِي مَجْدِ جَبَرُوتِكَ ارْتَفَعَتْ عَنْ صِفَةِ الْمَخْلُوقِينَ صِفَاتُ
والوں کی نگاہ تیری جبروتی بزرگی کی وجہ سے ۔ بالاتر ہیں مخلوقات کی صفت و ثنا سے تیری صفات قدرت
قُدْرَتِكَ وَعَنْ ذِكْرِ الذَّاكِرِينَ كِبْرِيَاءُ عَظَمَتِكَ فَلَا يَنْتَقِصُ مَا أَرَدْتَ
اور اہل ذکر کے ذکر سے تیری کبریائی عظمت پس نہیں نقصان پذیر ہو سکتا جس کے بڑھنے کا تو ارادہ کرے
أَنْ يَزْدَادَ وَلَا يَزْدَادُ مَا أَرَدْتَ أَنْ يَنْتَقِصَ وَلَا أَحَدٌ شَهِدَكَ حِينَ
اور نہیں بڑھتا جس کے نقصان کا تو ارادہ فرمائے اور نہ کسی نے تیرا مشاہدہ کیا جبکہ
فَطَرْتَ الْخَلْقَ وَلَا نِدٌّ وَلَا ضِدٌّ حَضَرَكَ حِينَ بَرَأْتَ النُّفُوسَ كَلَّتِ
تو نے مخلوق کو پیدا کیا اور نہ کوئی مخالف اور مد مقابل تیرے سامنے موجود تھا جبکہ تو نے نفوس کو پیدا فرمایا ۔ گنگ ہو چکی ہیں
الْأَلْسُنُ عَنْ تَفْسِيرِ صِفَتِكَ وَانْحَسَرَتِ الْعُقُولُ عَنْ كُنْهِ مَعْرِفَتِكَ
زبانیں تیری صفت کی تفسیر سے اور تھک چکے ہیں عقول تیری حقیقت کی معرفت سے
وَكَيْفَ يُوصَفُ مَعْرِفَتُكَ وَصِفَتُكَ يَا رَبِّ وَأَنْتَ اللّٰهُ الْمَلِكُ الْجَبَّارُ
اور کیسے کی جا سکتی ہے تیری تعریف اور توصیف اے رب جبکہ تو اللہ ملک جبار
الْقُدُّوسُ السَّلَامُ الَّذِي لَمْ تَزَلْ أَزَلِيًّا أَبَدِيًّا سَرْمَدِيًّا دَائِمًا فِي
قدوس اور سراسر سلامتی ہے جو ہمیشہ رہا ازلی ابدی سرمدی دائمی طور پر
حُجُبِ الْغُيُوبِ وَحْدَكَ لَا شَرِيكَ لَكَ لَيْسَ فِيهَا أَحَدٌ غَيْرُكَ وَلَمْ يَكُنْ
غیوب کے پردوں میں یکتا ہے تیرا شریک نہیں ہے ۔ نہیں ان پردوں میں کوئی سوا تیرے اور نہیں
لَهُ سِوَاكَ حَارَتْ فِي بِحَارِ مَلَكُوتِكَ أَفْكَارُ ذَوِي التَّبْصِيرِ وَتَحَيَّرَتْ
اس کا اہل ماسوا تیرے ۔ حیرت زدہ ہیں تیری سلطنت قاہرہ کے سمندروں میں ارباب بصیرت کے افکار اور سرگردان
فِي جَبَرُوتِكَ عَمِيقَاتُ مَذَاهِبِ التَّفْكِيرِ وَتَوَاضَعَتِ الْمُلُوكُ لِهَيْبَتِكَ
ہیں تیری شان جبروت کی گہرائیوں میں راہیں عقل و فکر کی اور سر افگندہ ہیں شہنشاہ تیری ہیبت کی وجہ سے

وَعَنَتِ الْوُجُوهُ بِذِلَّةِ الْاِسْتِكَانَةِ لِعِزَّتِكَ وَانْقَادَ كُلُّ شَيْءٍ لِعَظَمَتِكَ

اور جھکے ہیں چہرے مسکنت اور محتاجی کے ساتھ تیری عزت و غلبہ کے سامنے اور فرمانبردار ہے ہر شئی تیری عظمت کی وجہ سے

وَاسْتَسْلَمَ كُلُّ شَيْءٍ لِقَضَائِكَ وَبِقُدْرَتِكَ وَخَضَعَتْ لَكَ الرِّقَابُ

اور تسلیم کر لیا ہے ہر شئی نے تیری قضاء اور قدرت کو۔ اور جھکی ہیں تیرے لیے سب گردنیں

وَكُلُّ دُونَ ذٰلِكَ تَحْبِيرُ اللُّغَاتِ وَضَلَّ هُنَالِكَ التَّدْبِيرُ فِي

اور سبھی کے لیے بغیر اس کے چارہ نہیں ہے ساتھ تحبیر دیئے جانے لغات اور بولیوں کے اور گم گشتہ راہ مقصود ہے وہاں پر تدبیر

تَصَارِيفِ الصِّفَاتِ فَمَنْ تَفَكَّرَ فِي ذٰلِكَ رَجَعَ طَرْفُهُ خَاسِئًا حَسِيرًا

تیری صفات کے تصرفات میں پس جو فکر کرے گا ان میں لوٹے گی نگاہ اس کی بے نیل مرام تھکی ہاری

وَعَقْلُهُ مَبْهُوتًا وَتَفَكُّرُهُ مُتَحَيِّرًا اَسِيرًا اَللّٰهُمَّ لَكَ الْحَمْدُ كُلُّهُ لَا قَابِضَ

اور عقل حیران و مبہوت اور سوچ و فکر اس کی حیرت زدہ جکڑی ہوئی۔ اے اللہ تیرے ہی لیے ہے حمد تمام تر نہیں قبض

لِمَا بَسَطْتَ وَلَا بَاسِطَ لِمَا قَبَضْتَ وَلَا هَادِيَ لِمَنْ اَضْلَلْتَ وَلَا مُضِلَّ

کرنے والا اس کا کوئی بھی جس کو تو پھیلائے اور نہیں پھیلانے والا اس کا کوئی بھی جسے تو تنگ اور محدود کر دے۔ نہیں ہادی اس کا جسے

لِمَنْ هَدَيْتَ وَلَا مُعْطِيَ لِمَا مَنَعْتَ وَلَا مَانِعَ لِمَا اَعْطَيْتَ وَلَا مُقَرِّبَ

تو گمراہ کرے اور نہیں گمراہ کرنے والا اسے جس کو تو ہدایت دے اور نہیں عطا کرنیوالا کوئی جو تو روک لے اور نہ روکنے والا جو عطا کرے۔ نہ قرب کرنے والا

لِمَا بَاعَدْتَ وَلَا مُبَاعِدَ لِمَا قَرَّبْتَ اَللّٰهُمَّ لَكَ الْحَمْدُ حَمْدًا كَثِيرًا دَائِمًا

جسے دور کر دے اور نہ دور کرنے والا جسے قرب سے سرفراز کرے۔ اے اللہ تیرے لیے ہی حمد ہے بہت زیادہ۔ دائم

مُتَقَارِبًا مُتَوَالِيًا مُتَوَاتِرًا مُتَضَاعِفًا مُتَّسِقًا مُسْتَوْثِقًا يَدُومُ وَلَا يَبِيدُ

مسلسل۔ پے در پے۔ متواتر۔ روز افزوں باہم مرتبط اور مستحکم و مضبوط جو ہمیشہ رہے اور کبھی ختم نہ ہو

غَيْرَ مَفْقُودٍ فِي الْمَلَكُوتِ وَلَا مَطْمُوسٍ فِي الْمَعَالِمِ وَلَا مُنْتَقِصٍ فِي

کبھی جہان میں کہیں معدوم نہ ہو اور نہ بے نور و بے نشان ہو اپنے مقامات علم میں۔ اور نہ کم ہونے والی ہو

الْعِرْفَانِ فَلَكَ الْحَمْدُ عَلٰى مَكَارِمِكَ الَّتِي لَا تُحْصٰى فِي اللَّيْلِ اِذَا اَدْبَرَ

عرفان و آگہی میں پس تیرے ہی لیے حمد ہے تیری ان بزرگیوں پر جن کا احاطہ نہیں کیا جا سکتا رات میں جب پیٹھ

وَالصُّبْحِ اِذَا اَسْفَرَ وَفِي الْبَرِّ وَالْبِحَارِ وَالْغُدُوِّ وَالْاٰصَالِ وَالْعَشِيِّ وَالْاِبْكَارِ

پھیرے اور نہ صبح میں جب روشن ہو اور نہ بر و بحار میں نہ صبحوں اور شاموں میں

وَالظَّهِيرَةِ وَالْاَسْحَارِ وَفِي كُلِّ جُزْءٍ مِنْ اَجْزَاءِ اللَّيْلِ وَالنَّهَارِ اَللّٰهُمَّ لَكَ

نہ پچھلے پہروں اور اگلے پہروں میں اور نہ دوپہروں اور سحروں میں اور نہ ہی رات اور دن کے اجزاء میں سے کسی جز میں۔ اے اللہ تیرے لیے

الْحَمْدُ كَالَّذِي تَقُولُ وَخَيْرًا مِمَّا نَقُولُ اَللّٰهُمَّ لَكَ الْحَمْدُ شُكْرًا وَلَكَ

ہی حمد ہے جیسے کہ تو فرماتا ہے اور اس سے بہتر جو ہم کہتے ہیں۔ اے اللہ تیرے لیے حمد ہے بطور ادائیگی شکر کے اور تیرا ہی

الْمَنُّ فَضْلًا اَللّٰهُمَّ لَكَ الْحَمْدُ كُلُّهُ وَلَكَ الشُّكْرُ كُلُّهُ وَلَكَ الْمُلْكُ كُلُّهُ

احسان ہے بطور فضل و کرم کے۔ اے اللہ تیرے لیے ہے حمد تمام تر۔ اور شکر تمام تر تیرا ہی ہے ملک مکمل طور پر

وَلَكَ الْخَلْقُ كُلُّهُ بِيَدِكَ الْخَيْرُ كُلُّهُ وَاِلَيْكَ يَرْجِعُ الْاَمْرُ كُلُّهُ فَلَكَ

تیری ہی ہے مخلوق سبھی۔ تیرے ہاتھ میں ہی ہے خیر سبھی اور تیری طرف ہی راجع ہیں امور تمام کے تمام پس تیرے ہی لیے ہے

الْحَمْدُ عَلٰى مَا لَا اَسْتَطِيعُ اِحْصَائَهُ وَلَا تَعْدِيدَهُ مِنْ عَوَائِدِ فَضْلِكَ

حمد ان انعامات پر جن کے احاطہ اور گنتی کی میں استطاعت نہیں رکھتا یعنی تیرے فضل کے منافع

وَعَوَارِفِ رِزْقِكَ وَاَلْوَانِ مَا اَوْلَيْتَنِي بِهِ مِنْ رِفْدِكَ فَاِنَّكَ اَنْتَ

تیرے رزق کے عطیات اور مختلف اقسام کے عطا کردہ تحائف پر۔ پس بیشک تو ہی اللہ

اللّٰهُ الَّذِي لَا اِلٰهَ اِلَّا اَنْتَ الْفَاشِي فِي الْخَلْقِ حَمْدُكَ وَالْبَاسِطُ بِالْجُودِ

ہے کہ نہیں معبود برحق مگر تو۔ عام ہے مخلوق میں حمد تیری اور کشادہ ہے ساتھ جود و نوال کے

يَدُكَ وَلَا تُضَادُّ فِي حُكْمِكَ وَلَا تُنَازَعُ فِي سُلْطَانِكَ وَمُلْكِكَ وَاَمْرِكَ وَ

ہاتھ تیرا نہیں مقابلہ کیا جا سکتا تیرے حکم میں اور نہیں نزاع کیا جا سکتا تیری سلطنت اور ملک اور امر میں اور

تَمْلِكُ مِنَ الْاَنَامِ مَا تَشَاءُ وَلَا يَمْلِكُونَ مِنْكَ اِلَّا مَا تُرِيدُ اَللّٰهُمَّ لَكَ

تو مالک ہے مخلوق میں اسی کا جو چاہے اور نہیں مالک تجھ سے مگر اسی کی جو تو چاہے۔ اے اللہ تیرے لیے

الْحَمْدُ وَاِلَيْكَ الْمُشْتَكٰى وَبِكَ الْمُسْتَغَاثُ وَاَنْتَ الْمُسْتَعَانُ وَلَا حَوْلَ

حمد ہے اور تیری طرف ہی شکایت ہے غم روزگار کی اور تجھ سے فریاد رسی کی درخواست ہے اور تو ہی مطلوب الاعانت ہے اور نہیں

وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ اَللّٰهُمَّ لَكَ الْحَمْدُ حَمْدًا دَآئِمًا مَّعَ دَوَامِكَ وَلَكَ

طاقت اور قوت مگر ساتھ تیرے۔ اے اللہ تیرے ہی لیے ہے حمد جو دائم ہو تیرے دوام کے مطابق اور تیرے ہی لیے ہے

الْحَمْدُ حَمْدًا خَالِدًا مَّعَ خُلُوْدِكَ وَلَكَ الْحَمْدُ حَمْدًا لَّا مُنْتَهٰى لَهٗ دُوْنَ

حمد جو ہمیشہ کے لیے ہے تیرے خلود کے مطابق اور تیرے ہی لیے ہے حمد جس کی انتہاء نہیں تیری

مَشِيَّتِكَ وَلَكَ الْحَمْدُ حَمْدًا دَآئِمًا لَّا يُرِيْدُ قَآئِلُهٗ اِلَّا رِضَاكَ وَلَكَ الْحَمْدُ

مشیت کے بغیر اور تیرے ہی لیے ہے حمد دائمی کہ نہیں ارادہ کرتا اس کا ادا کرنے والا مگر تیری رضا کا اور تیرے ہی لیے ہے

حَمْدًا عِنْدَ كُلِّ طَرْفَةِ عَيْنٍ وَّتَنَفُّسِ كُلِّ نَفْسٍ اَللّٰهُمَّ اِنِّيْ اَسْئَلُكَ

حمد ہر آنکھ جھپکنے کے وقت اور ہر سانس لینے کے وقت۔ اے اللہ میں سوال کرتا ہوں تجھ سے

الْحَمْدَ بِاسْتِقَامَةِ التَّسْبِيْحِ وَالتَّهْلِيْلِ وَالتَّحَمُّدَ بِتَحْمِيْدِكَ الْحَمْدِ وَ

توفیق حمد کا ساتھ درستگی تسبیح و تہلیل کے اور لائق حمد بننے کا بسبب تیری حمد بجا لانے کے اور

التَّهَلُّلَ بِتَهْلِيْلِكَ وَالتَّكَبُّرَ بِتَكْبِيْرِكَ الْكَبِيْرِ وَالتَّكَمُّلَ بِتَكْمِيْلِكَ الْاَكْمَلِ

نورانی بننے کا بسبب تیری تہلیل کے اور بڑا بننے کا بسبب تجھ کبیری کبریائی بیان کرنے کے اور کامل بن جانے کا ساتھ تیرا کمال اکمل بیان

وَالْاِكْبَارَ بِتَكْبِيْرِكَ الْاَكْبَرِ وَالتَّعَظُّمَ بِتَعْظِيْمِكَ الْعَظِيْمِ وَالنُّوْرَ بِنُوْرِكَ

کرنے کے اور بڑائی کا بسبب تیری بڑائی بیان کرنے کے اور عظمت کا بسبب تیری عظمت عظیم بیان کرنے کے اور نور کا بطفیل تیرے نور انور کے

الْاَنْوَرِ وَالرَّءْفَ بِرَاْفَتِكَ الرَّاْفَةِ وَالرَّحْمَ بِرَحْمَتِكَ الرَّحْمَةِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ

اور رأفت کا بسبب تیری رأفت کا ملے اور رحم کا بطفیل تیری رحمت کا ملے۔ اے اللہ صلوٰۃ

وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ صَاحِبِ الرِّدَآءِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ

و سلام نازل فرما سیدنا محمد پر اور آپ کی آل پر جو محبوب چادر اوڑھنے والے ہیں۔ اے اللہ صلوٰۃ

وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ صَاحِبِ الْاِزَارِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ

و سلام نازل فرما سیدنا محمد پر اور آپ کی آل پر جو محبوب تہمد باندھنے والے ہیں۔ اے اللہ صلوٰۃ

وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ صَاحِبِ الصِّدْقِ وَالتَّصْدِيْقِ

و سلام نازل فرما سیدنا محمد پر اور آپ کی آل پر جو محبوب خود سچے ہیں اور حق کی تصدیق کرنے والے ہیں

اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ صَاحِبِ

اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل فرما سیدنا محمد پر اور سیدنا محمد کی آل پر جو محبوب صاحب

الْاَنْوَارِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ صَاحِبِ

انوار ہیں۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل فرما سیدنا محمد پر اور آپ کی آل پر جو محبوب

الْخِلَافَةِ الْعُظْمٰى اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا

خلافت عظمیٰ کے مالک ہیں۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل فرما سیدنا محمد پر اور آپ کی آل

مُحَمَّدٍ صَاحِبِ الْمَقَامِ الْاَسْبَقِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ

پر جو محبوب افضل ترین مقام کے مالک ہیں۔ اے اللہ صلوٰۃ نازل فرما سیدنا محمد پر اور آپ کی

سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ صَاحِبِ السَّرَايَا وَالْعَطَايَا وَالْغَزْوِ وَالْجِهَادِ وَالْمَغْنَمِ وَ

آل پر جو محبوب لشکروں والے ہیں اور عطیات والے غزوات و جہاد والے ہیں اور غنائم اور

الْمَقْسَمِ وَالْحَجِّ وَالْحَلْقِ وَالتَّلْبِيَةِ صَاحِبِ الصَّفَا وَالْمَرْوَةِ صَاحِبِ

ان کی تقسیمات والے۔ حج و حلق والے ہیں اور تلبیات والے صفا و مروہ والے ہیں اور

رَمْيِ الْجَمَرَاتِ وَصَاحِبِ الْوُقُوْفِ بِالْعَرَفَاتِ صَاحِبِ الْوِلْدَانِ وَ

رمی جمرات والے۔ عرفات میں ٹھہرنے والے ہیں ولدان اور

الْحُوْرِ وَالْغُرَفِ وَالْقُصُوْرِ وَاللِّسَانِ الشَّكُوْرِ وَالْقَلْبِ الْمَشْكُوْرِ وَ

حوروں والے ہیں اور محلات اور بالا خانوں والے ہیں۔ شکر گزار زبان اور لائق شکر دل اور

الْعَلَمِ الْمَشْهُوْرِ وَالْبَنِيْنَ وَالْبَنَاتِ صَاحِبِ الرَّاْيِ الْمَنْصُوْرِ وَالْبَدَنِ

مشہور پرچم والے۔ بیٹوں اور بیٹیوں والے۔ منصور و غالب رائے والے ہیں اور بہت

الصَّبُوْرِ وَالْاِسْمِ الْمَذْكُوْرِ صَاحِبِ الزَّمْزَمِ وَالْمَقَامِ وَالْمَشْعَرِ الْحَرَامِ

بردبار بدن والے ہر زبان پہ اور ہر زمان میں ذکر کیے جانے والے نام والے ہیں اور زمزم مقام ابراہیم اور مشعر حرام

صَاحِبِ شَهْرِ رَمَضَانَ وَصَاحِبِ السُّلْطَانِ وَصَاحِبِ الْقَدَحِ وَالرَّكْوَةِ وَ

والے۔ شہر رمضان والے اور عظیم سلطنت و تصرف والے ہیں پیالے اور چھاگل والے۔

صَاحِبِ الْجِسْمِ الطَّاهِرِ وَالْكَرَمِ الظَّاهِرِ صَاحِبِ الْقَلْبِ الْقَنُوْعِ وَ

پاک جسم اور غالب کرم والے ہیں قناعت پیشہ اور صاحب

الْخُشُوْعِ وَالْخُضُوْعِ صَاحِبِ اللَّفْظِ الْوَجِيْزِ وَالْجَاهِ الْجَزِيْزِ صَاحِبِ

خضوع و خشوع قلب والے۔ مختصر الفاظ (اور جامع معانی) والے اور عظیم مرتبہ والے

الْعِرْضِ الْمَصُوْنِ وَالسِّرِّ الْمَكْنُوْنِ صَاحِبِ الْيَوْمِ الْاَزْهَرِ اَللّٰهُمَّ

محفوظ عزت اور مخفی رازوں والے اور روشن ترین دن والے ہیں۔ اے اللہ

صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ صَاحِبِ قَابَ

صلوٰۃ و سلام نازل فرما سیدنا محمد پر اور آپ کی آل پر جو محبوب اللہ تعالیٰ سے دو ہاتھ

قَوْسَيْنِ اَوْ اَدْنٰى اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى اٰلِ سَيِّدِنَا

کی مقدار بلکہ اس سے بھی زیادہ قرب والے ہیں۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل فرما سیدنا محمد پر اور آپ کی آل

مُحَمَّدٍ صَاحِبِ الرِّيَاسَةِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى اٰلِ

پر جو آقا صاحب ریاست (ظاہرہ و باطنہ) ہیں۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل فرما سیدنا محمد پر اور آپ کی

سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ صَاحِبِ دَنٰى فَتَدَلّٰى اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا

آل پر جو محبوب "دنیٰ فتدلّٰی" کے قرب والے ہیں۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل فرما سیدنا

مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ صَاحِبِ الْمَنَافِعِ الْمَجْمُوْعِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ

محمد پر اور آپ کی آل پر جو محبوب مجتمع منافع والے ہیں۔ اے اللہ صلوٰۃ

وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ صَاحِبِ الْحُجَجِ الْقَطْعِيَّةِ

و سلام نازل فرما سیدنا محمد پر اور آپ کی آل پر جو قطعی دلائل والے ہیں

اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ صَاحِبِ

اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل فرما سیدنا محمد پر اور آپ کی آل پر جو

الْاَسْمَآءِ وَالْمُسَمَّيَاتِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى اٰلِ

اسماء و مسمیات کے عالم و مالک ہیں۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل فرما سیدنا محمد پر اور آپ کی

سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ صَاحِبِ التَّحْمِيْدَاتِ الَّتِيْ لَا نِهَايَةَ لَهَا اَللّٰهُمَّ لَكَ الْحَمْدُ

آل پر جو ایسی حمدوں کے مالک ہیں جن کی حد و غایت نہیں ہے۔ اے اللہ تیرے ہی لیے حمد ہے

فِيْ بَلَآئِكَ وَصَنِيْعِكَ اِلٰى خَلْقِكَ وَلَكَ الْحَمْدُ فِيْ بَلَآئِكَ وَصَنِيْعِكَ

تیری نعمتوں پر اور مخلوق کے ساتھ بھلائیوں پر اور تیرے ہی لیے حمد ہے تیرے انعام پر اور بھلائیوں پر

اِلٰٓى اَهْلِ بُيُوْتِنَا وَلَكَ الْحَمْدُ فِيْ بَلَآئِكَ وَصَنِيْعِكَ اِلٰٓى اَنْفُسِنَا

جو ہمارے گھرانوں پر ہیں اور تیرے ہی لیے حمد ہے تیری نعمت پر اور احسان پر جو خصوصاً ہماری ذاتوں پر ہے اور تیری

خَاصَّةً وَّلَكَ الْحَمْدُ بِمَا هَدَيْتَنَا وَلَكَ الْحَمْدُ بِمَآ اَكْرَمْتَنَا وَلَكَ الْحَمْدُ

حمد ہے بسبب تیری ہدایت کے اور تیرے لیے حمد ہے بسبب تیرے اکرام کے اور تیری حمد ہے بسبب تیری پردہ پوشی کے اور

بِمَا سَتَرْتَنَا وَلَكَ الْحَمْدُ بِالْقُرْاٰنِ وَلَكَ الْحَمْدُ بِالْاَهْلِ وَالْمَالِ وَلَكَ الْحَمْدُ

تیری حمد ہے بسبب قرآن (عطا کرنے) کے اور تیری حمد ہے بسبب اہل و مال (عطا کرنے) کے اور تیری حمد ہے

بِالْمُعَافَاةِ وَلَكَ الْحَمْدُ حَتّٰى تَرْضٰى وَلَكَ الْحَمْدُ اِذَا رَضِيْتَ يَآ اَهْلَ التَّقْوٰى

عفو و درگزر پر اور تیری حمد ہے تاکہ تو راضی ہو جائے۔ اور تیرے ہی لیے حمد ہے جب کہ تو راضی ہو جائے اے اہل تقویٰ

وَاَهْلَ الْمَغْفِرَةِ اَللّٰهُمَّ لَكَ الْحَمْدُ مِثْلَ مَا حَمِدْتَّ بِهٖ نَفْسَكَ وَحَمِدَكَ

اور مالک مغفرت۔ اے اللہ تیرے ہی لیے حمد ہے مثل اس کے جو تو نے اپنی آپ کی ہے۔ اور حمد

بِهِ الْحَامِدُوْنَ وَمَجَّدَكَ بِهِ الْمُمَجِّدُوْنَ وَكَبَّرَكَ بِهِ الْمُكَبِّرُوْنَ وَهَلَّلَكَ

کرنے والوں نے کی ہے۔ اور تیری بزرگی بیان کی ہے اہل تمجید نے اور کبریائی بیان کی اہل تکبیر نے اور تہلیل کی ہے

بِهِ الْمُهَلِّلُوْنَ وَوَحَّدَكَ بِهِ الْمُوَحِّدُوْنَ وَقَدَّسَكَ بِهِ الْمُقَدِّسُوْنَ وَ

تیری اہل تہلیل نے اور وحدانیت بیان کی ہے اہل توحید نے اور پاکیزگی بیان کی ہے اہل تقدیس نے اور

عَظَّمَكَ بِهِ الْمُعَظِّمُوْنَ وَسَبَّحَكَ بِهِ الْمُسَبِّحُوْنَ حَتّٰى يَكُوْنَ لَكَ مِنِّيْ

عظمت بیان کی ہے اہل تعظیم نے اور تسبیح کی ہے اہل تسبیح نے حتیٰ کہ ہو تیرے لیے صرف میری طرف سے

وَحْدِيْ وَاَحْمَدُكَ فِيْ كُلِّ طَرْفَةِ عَيْنٍ اَوْ اَكْثَرَ مِنْ ذٰلِكَ حَمْدًا اَمْثَلَ

اتنی حمد اگرچہ جا بگیرہ ہر ہر فرد کائنات سے اور حمد کروں تیری ہر دفعہ آنکھ جھپکنے کی مقدار میں بلکہ اس سے بھی زیادہ مثل حمد

حمد جميع الحامدين وتوحيد اصناف الموحدين والمخلصين
تمام حمد کرنے والوں کے اور تمام مخلصین و موحدین کی توحید کے اور
وتقديس اجناس العارفين وثناء جميع المهللين والمصلين و
تمام عارفین کی تقدیس کے اور تمام اہل تہلیل اور ارباب صلواۃ و
المسبحين ومثل ما انت به رب عالم عارف وانت محمود ومحبوب
تسبیح کی ثناء کی مانند اور مثل ان کمالات کے جن کے ساتھ متصف ہو کر تو رب اور عالم و عارف ہے اور تو محمود و محبوب
ومحجوب محتجب من جميع خلقك كلهم من الحيوانات و
اور مخفی ہے اور بالاتر ہے بوجہ نورانیت کے تمام خلق کی رسائی سے جاندار ہوں یا
النباتات والجمادات والبرايا واسئلك الهي بمسائلك وارغب
نباتات اور جمادات و دیگر مخلوقات اور میں سوال کرتا ہوں تجھ سے اے میرے الہٰ تیرے شایان حاجات و مطالب کا اور
اليك في بركة ما انطقتني به من حمدك فما ايسر ما كلفتني به من
رغبت کرتا طرف تیری بسبب تیری حمد کی برکت کے جس کے ساتھ تو نے مجھے ناطق فرمایا پس کس قدر قلیل ہے بنسبت
حقك واعظم ما وعدتني به على شكرك ابتدأتني بالنعم فضلا
تیرے حق کے جس کا تو نے مجھے مکلف ٹھہرایا اور کس قدر عظیم ہے وہ انعام جس کا تو نے وعدہ دیا ہے شکر کرنے پر۔ ابتداء میں دیں نعمتیں از روئے
وطولا وامرتني بالشكر حقا وعدلا ووعدتني عليه اضعافا و
فضل اور تقویت کے اور حکم دیا شکر گزاری کا از روئے استحقاق اور عدل کے جس پر وعدہ فرمایا کئی گنا بدلہ اور
مزيدا واعطيتني من رزقك اختيارا ورضاء وسالتني منه شكرا
مزید کا اور عطا کیا مجھے اپنے رزق سے اپنی پسند اور رضامندی کے مطابق اور طلب کیا اس کی وجہ سے معمولی
يسيرا صغيرا اذ نجيتني وعافيتني من جهد البلاء ولم تسلمني
اور قلیل شکر۔ جبکہ نجات اور عافیت بخشی سخت مشقت سے اور نہ سپرد کیا
لسوء قضائك وبلائك وجعلت ملبسي العافية واوليتني بالبسط
سوء قضاء اور محنت شاقہ کے اور بنایا عافیت کو میرا لباس اور عطیہ دیا فراخی

والرخاء وسوغت لي في الدارين قصد الفعل تيسيرا وضاعفت
اور سہولیات کا اور خوشگوار فرمایا میرے لیے دارین میں میانہ روی اور اعتدال عمل کو از روئے تیسیر و سہولت کے اور کئی گنا بڑھایا
لي اشرف الفعل والمزيد مع ما وعدتني به من المحجة الشريفة
میرے لیے اچھے فعل کو اور مزید عطا کیا بمع اس محجت شریفہ کے
وابشرتني به من الدرجة الرفيعة واصطفيتني باعظم النبيين
جس کا وعدہ دیا مجھے اور بلند درجے کے جس کی بشارت دی مجھے۔ اور منتخب فرمایا مجھے واسطے امتی ہونے کے تمام انبیاء
دعوة وارفعهم درجة وافضلهم لنا شفاعة واوضحهم حجة
سے عظیم تر دعوت والے اور سب سے بلند تر درجہ والے اور سب سے افضل ترین شفاعت اور واضح ترین حجت و
واقربهم منزلة محمد صلى الله عليه وسلم وجميع الانبياء و
برہان والے اور قریب ترین منزلت و مقام والے نبی محمد کا رحمت نازل کرے اللہ تعالیٰ ان پر اور سلامتی اور تمام انبیاء
المرسلين وعلى عباد الله الصالحين الحمد لله عدد ما خلق و
و مرسلین پر اور اللہ تعالیٰ کے تمام نیک بندوں پر۔ اللہ کے لیے حمد ہے مطابق تعداد اس کی مخلوق کے۔ اور
الحمد لله عدد ما في الارض والسماء والحمد لله ملأ ما في الارض
حمد ہے اللہ کی مطابق زمین و آسمان کے موجودات کے۔ اور حمد ہے اللہ کی مطابق زمین و آسمان کی
والسماء والحمد لله عدد ما احصى كتابه والحمد لله عدد كل شيء
پری کے اور حمد ہے اللہ کی مطابق ان اشیاء کے جن کو محیط ہے کتاب اس کی اور حمد ہے اللہ کے لیے مطابق تعداد ہر شئی کے
والحمد لله ملأ كل شيء اللهم صل وسلم على سيدنا محمد وعلى
اور حمد ہے اللہ کیلئے مطابق پری ہر شئی کے۔ اے اللہ صلواۃ و سلام نازل فرما سیدنا محمد پر اور
ال سيدنا محمد صاحب الضريف الشريف وعلى القدر المنيف اللهم
سیدنا محمد کی آل پر جو مالک ہیں شرافت والے مقام کے اور بلند و بالا قدر و منزلت کے۔ اے اللہ
صل وسلم على سيدنا محمد وعلى ال سيدنا محمد صاحب الحجرة
صلواۃ و سلام نازل فرما سیدنا محمد پر اور آپ کی آل پر جو محبوب حجرہ والے

وَوَلِيِّ النَّظْرَةِ وَعَظِيْمِ الْفِطْرَةِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ
اور رحمت وعنایت کے مالک اور عظیم فطرت واصلیت والے ہیں۔ اے اللہ صلوٰۃ وسلام نازل فرما سیدنا محمد پر
وَّعَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ صَاحِبِ الرَّوْضَةِ الزَّكِيَّةِ الصَّفِيَّةِ الْهَنِيَّةِ الرَّضِيَّةِ
اور آپ کی آل پر جو محبوب مالک ہیں پاکیزہ۔ چیدہ وپسندیدہ۔ خوش منظر روضہ کے۔
اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ صَاحِبِ الْحَضْرَةِ
اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل فرما سیدنا محمد پر اور آپ کی آل پر جو مقدس بارگاہ والے
وَالْجَوْهَرَةِ الْبَاصِرَةِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا
اور پر بصیرت جوہر والے ہیں۔ اے اللہ صلوٰۃ وسلام نازل فرما سیدنا محمد پر اور سیدنا محمد
مُحَمَّدٍ صَاحِبِ الْبُقْعَةِ الَّتِيْ فَاقَتِ الْجِنَانَ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا
کی آل پر جو محبوب مالک ہیں اس قطعہ زمین کے جو جنات پر فوقیت رکھتا ہے۔ اے اللہ صلوٰۃ وسلام نازل فرما سیدنا
مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ صَاحِبِ الْقَرْيَةِ وَالْخِطَابَةِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ
محمد پر اور آپ کی آل پر جو محبوب مالک ہیں بستی (مدینہ) کے اور خطابت کے۔ اے اللہ صلوٰۃ
وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ صَاحِبِ الزُّلْفَةِ اَللّٰهُمَّ
وسلام نازل فرما سیدنا محمد پر اور آپ کی آل پر جو قرب منزلت کے مالک ہیں۔ اے اللہ
صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ اَكْرَمِنَا رَسُوْلُ
صلوٰۃ و سلام نازل فرما سیدنا محمد پر اور آپ کی آل پر جو محبوب سب سے بزرگتر رسول ہیں
صَاحِبُ الشَّرِيْعَةِ اٰخِرٌ عَزِيْزُ اللّٰهِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ
شریعت کے مالک اور آخری رسول اور اللہ کے ہاں معزز ہیں۔ اے اللہ صلوٰۃ وسلام نازل فرما سیدنا محمد پر
وَّعَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ صَاحِبِ الْبُعُوْثِ وَالْجُنُوْدِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ
اور آپ کی آل پر جو محبوب افواج و عساکر والے ہیں۔ اے اللہ صلوٰۃ وسلام نازل فرما
عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ صَاحِبِ اللِّوَاءِ الْمُنِيْرِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ
سیدنا محمد پر اور آپ کی آل پر جو محبوب روشن پرچم والے ہیں۔ اے اللہ صلوٰۃ

وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ صَاحِبِ الْاَسْرَارِ اَللّٰهُمَّ
و سلام نازل فرما سیدنا محمد پر اور آپ کی آل پر جو محبوب صاحب اسرار ہیں۔ اے اللہ
صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ صَاحِبِ النَّعْلَيْنِ اَللّٰهُمَّ
صلوٰۃ و سلام نازل فرما سیدنا محمد پر اور آپ کی آل پر جو محبوب صاحب نعلین ہیں۔ اے اللہ
صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ صَاحِبِ الْاٰيَاتِ اَللّٰهُمَّ
صلوٰۃ و سلام نازل فرما سیدنا محمد پر اور آپ کی آل پر جو محبوب صاحب آیات ہیں۔ اے اللہ
صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ صَاحِبِ الدَّلَالَاتِ اَللّٰهُمَّ
صلوٰۃ و سلام نازل فرما سیدنا محمد پر اور آپ کی آل پر جو محبوب مختلف انداز میں رہنمائی فرمانے والے ہیں۔ اے اللہ
صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ صَاحِبِ الْاِشَارَاتِ اَللّٰهُمَّ
صلوٰۃ و سلام نازل فرما سیدنا محمد پر اور آپ کی آل پر جو محبوب اشارات والے ہیں۔ اے اللہ
صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ صَاحِبِ الْكَرَامَاتِ
صلوٰۃ و سلام نازل فرما سیدنا محمد پر اور آپ کی آل پر جو محبوب کرامات وکمالات والے ہیں۔
اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ صَاحِبِ الْعَلَامَاتِ
اے اللہ صلوٰۃ وسلام نازل فرما سیدنا محمد پر اور آپ کی آل پر جو محبوب واضح علامات و
الْبَاهِرَاتِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ صَاحِبِ
امتیازات والے ہیں۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل فرما سیدنا محمد پر اور آپ کی آل پر جو محبوب
الْبَيِّنَاتِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ صَاحِبِ
واضح معجزات والے ہیں۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل فرما سیدنا محمد پر اور آپ کی آل پر جو محبوب
الْخَوَارِقِ الْعَادَاتِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا
خوارق عادات (معجزات) والے ہیں۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل فرما سیدنا محمد پر اور آپ کی آل
مُحَمَّدٍ صَاحِبِ الضَّرَاعَةِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ
پر جو محبوب زاری بارگاہ میں امت کیلئے آہ وزاری کرنے والے ہیں۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل فرما سیدنا محمد پر اور آپ کی

سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ صَاحِبِ السَّیْفِ اَللّٰھُمَّ اِنَّا نَعُوْذُ بِكَ مِنَ الْكُرْبَةِ وَالْقُرْبَةِ وَ
آل پر جو محبوب صاحب سیف ہیں۔ اے اللہ ہم تیری پناہ ڈھونڈتے ہیں رنج والم اور تکلیف سے اور

احْفَظْنِیْ یَا حَفِیْظُ یَا وَكِیْلُ مِنْ بَیْنِ یَدَیَّ وَمِنْ خَلْفِیْ وَعَنْ یَمِیْنِیْ
محفوظ فرما مجھے اے حفیظ۔ اے کارساز آگے سے۔ پیچھے سے اور دائیں

وَعَنْ شِمَالِیْ وَمِنْ فَوْقِیْ وَمِنْ تَحْتِیْ بِوُجُوْدِ شُهُوْدٍ حَفِیْظٍ یَحْفَظُوْنَهٗ
و بائیں سے۔ اور اوپر سے اور نیچے سے بسبب موجود کرنے گواہوں اور محافظوں کے جو حفاظت کریں اس بندہ کی

مِنْ اَمْرِ اللّٰهِ وَاُعِیْذُ نَفْسِیْ وَرُوْحِیْ وَبَدَنِیْ وَاَهْلِیْ وَاَوْلَادِیْ وَمَالِیْ وَ
اللہ کے امر سے۔ اور میں پناہ میں دیتا ہوں اپنے نفس روح اور بدن نیز اہل و اولاد اور مال و

عِیَالِیْ وَمَا اُغْلِقَتْ عَلَیْهِ اَبْوَابِیْ وَاَحَاطَتْ بِهٖ جُدْرَانِیْ وَجَمِیْعِ مَا اَتَقَلَّبُ
عیال کو اور جو چیز میرے دروازے کے اندر آجائے اس کے بند ہونے پر اور جس کو محیط ہیں میری دیواریں اور وہ تمام نعمتوں

فِیْهِ مِنْ نِّعَمِ اللّٰهِ تَعَالٰی وَاِحْسَانِهٖ وَجَمِیْعِ اُمُوْرِیْ وَخَوَاتِیْمِ عَمَلِیْ بِاللّٰهِ
اور احسانات اللہ کے جن میں میں گردش کر رہا ہوں اور تمام اپنے معاملات اور آخری اعمال کو اللہ کی پناہ میں دیتا ہوں

وَبِاَسْمَآئِهِ الْحُسْنٰی وَصِفَاتِهِ الْعُلْیَا مِنْ شَرِّ مَا خَلَقَ وَمِنْ شَرِّ كُلِّ
اور اس کے اسماء حسنیٰ اور صفات عالیہ کی پناہ میں ہر مخلوق کے شر سے اور رات میں وارد

طَارِقٍ اِذَا طَرَقَ قُلْ اَعُوْذُ بِرَبِّ الْفَلَقِ مِنْ شَرِّ مَا خَلَقَ وَمِنْ شَرِّ
ہونے والے ہر شر سے جبکہ وہ آجائے۔ فرما دیجئے میں پناہ طلب کرتا ہوں صبح کے رب کی اس کی مخلوق کے شر سے

غَاسِقٍ اِذَا وَقَبَ وَمِنْ شَرِّ النَّفّٰثٰتِ فِی الْعُقَدِ وَمِنْ شَرِّ حَاسِدٍ اِذَا
اور تاریکی پھیلانے والے کے شر سے جبکہ وہ ڈوب جائے اور گانٹھوں میں پھونکنے والے کے شر سے اور حاسد کے شر سے جبکہ

حَسَدَ ۔ وَمِنْ شَرِّ كُلِّ ذِیْ شَرٍّ وَّبَلَآءٍ وَّاٰفَةٍ وَّعَاهَةٍ وَّمِحْنَةٍ وَّعِلَّةٍ وَّ
حسد کرے اور ہر شر والے شر سے اور ہر بلاء و آفت سے اور عیب و نقص۔ محنت اور بیماری اور

اَمْرَاضٍ وَّاَسْقَامٍ وَّاٰلَامٍ وَّاَوْجَاعٍ وَّمُصِیْبَةٍ وَّحَادِثَةٍ وَّزَلْزَلَةٍ وَّوَبَآءٍ
امراض و اسقام سے اور آلام و اوجاع سے۔ مصیبت و حادثہ اور زلزلہ و وباء سے

وَّغَرَقٍ وَّحَرَقٍ وَّجُوْعٍ وَّعَطَشٍ وَّغَمٍّ وَّهَمٍّ وَّضَلَالَةٍ وَّغَارَةٍ وَّمِنْ
غرق ہونے۔ جلنے اور بھوک۔ پیاس اور غم و اندوہ اور گمراہی اور لوٹ مار اور

مَصَآئِبِ الدُّنْیَا وَاَحْزَانِهَا وَشِدَّةٍ فِی الدَّارَیْنِ وَاحْتَرَزْتُ مِنْ جَمِیْعِ
دنیا کے تمام تر مصائب اور غمگینیوں اور شدت و مشقت سے دارین میں اور پرہیز کیا میں نے اپنے تمام

اَعْدَآئِیْ بِوَجْهِ الَّذِیْ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ الْبَاقِیْ بَعْدَ فَنَآءِ خَلْقِهٖ اَیُّهَا الْمُرِیْدُ
اعداء سے بطفیل اس ذات کے کہ نہیں معبود برحق مگر وہی جو باقی رہنے والا ہے مخلوق کے فنا ہونے کے بعد بھی اے ارادہ کرنیوالے

بِنَا سُوْٓءً اَیُّهَا الْمُحِیْقُ لَنَا شَرًّا اَیُّهَا الْمُكِیْدُ بِنَا اِسَآءَةً اِنِّیْٓ اَعُوْذُ بِالرَّحْمٰنِ
برائی کا ساتھ ہمارے۔ اے بھڑکانے والے ہمارے لیے عذاب برا۔ اے مکر کرنے والے ساتھ برائی کے لیے میں اللہ رحمٰن کی پناہ طلب کرتا ہوں

مِنْكَ اِنْ كُنْتَ تَقِیًّا ؕ اِسْتَتَرْتُ مِنْكَ بِسِتْرِ النُّبُوَّةِ وَالْاَمَانِ الَّذِیْ سَتَرَ
تجھ سے اگر ہے تو خوف خدا رکھنے والا۔ میں پردہ طلب کرتا ہوں تجھ سے ساتھ ستر نبوت کے اور امان خداوندی کے جس ساتھ اللہ تعالیٰ

اللّٰهُ بِهِ الْاَنْبِیَآءَ مِنَ الْفَرَاعِنَةِ جِبْرَآئِیْلُ عَنْ یَمِیْنِیْ وَمِیْكَآئِیْلُ عَنْ
نے چھپائے رکھا انبیاء علیہم السلام کو وقت کے فرعونوں سے جبرئیل میرے دائیں ہو اور میکائیل میرے بائیں

یَسَارِیْ وَمُحَمَّدٌ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ اَمَامِیْ وَالشَّیْخُ مُحْیِ الدِّیْنِ
اور محمد صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم میرے سامنے ہوں اور شیخ محی الدین

الشَّیْخُ عَبْدُ الْقَادِرِ قُدْوَتِیْ وَاِمَامِیْ وَاللّٰهُ تَعَالٰی یُجْزِی الْاَعْدَآءَ عَنِّیْ
الشیخ عبد القادر جیلانی میرے مقتداء اور امام ہوں اور اللہ تعالیٰ کفایت کرے مجھے میرے اعداء کی طرف سے

اَللّٰھُمَّ اِنِّیْٓ اَعُوْذُ بِكَ مِنَ الْمَقْتِ وَالْمَسْكَنَةِ وَاَعُوْذُ بِكَ مِنْ مَّرَدِّكَ
اے اللہ میں تیری پناہ طلب کرتا ہوں تیری ناراضگی سے اور مسکنت و فقر سے۔ اور تیری پناہ طلب کرتا ہوں تیرے غذاب سے

وَاَعُوْذُ بِكَ مِنْ رَّدِّكَ وَاكْفِنِیْ یَا كَافِیْ یَا شَافِی الْاَنْكَارِ وَالْاَعْدَآءِ وَالْاَسْوَآءِ
اور تیری پناہ طلب کرتا ہوں تیرے ٹھکرانے سے اور مجھے کفایت فرما اے کافی اے شفا عطا کرنیوالے برے کاموں۔ دشمنوں اور بری

بِعَوَآئِدَ فَوَآئِدَ لَوْ اَنْزَلْنَا هٰذَا الْقُرْاٰنَ عَلٰی جَبَلٍ لَّرَاَیْتَهٗ خَاشِعًا مُّتَصَدِّعًا
عادات سے بطفیل منافع اور فوائد اس قول کے ''اگر ہم نازل کرتے اس قرآن کو کسی پہاڑ پر تو البتہ دیکھتا تو اس کو خشوع کرتے اور ریزہ ریزہ ہوتے

مِّنْ خَشْيَةِ اللّٰهِ يَا اَوَّلُ يَا اٰخِرُ يَا ظَاهِرُ يَا بَاطِنُ يَا قَدِيْمُ يَا مُقِيْمُ يَا قَوِيْمُ
اللہ تعالیٰ کے خوف سے" اے اول۔ اے آخر۔ اے ظاہر۔ اے باطن۔ اے قدیم۔ اے دائم۔ اے مضبوط و مستحکم وجود والے

اُطْمُسْ بِطِلَسْمِ بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ شَرَّ سُوَيْدَآءِ قُلُوْبِ اَعْدَآئِنَا
مٹا دے بسم اللہ الرحمٰن الرحیم کے طلسم کی برکت سے اس شر کو جو ہمارے اور تیرے اعداء کے دلوں کی

وَاَعْدَآئِكَ وَدُقَّ اَعْنَاقَ رُءُوْسِ الظَّلَمَةِ بِسُيُوْفِ نَشَآتِ قَهْرِكَ وَ
گہرائیوں میں ہے اور کچل دے ظالموں کے سرداروں کی گردنیں ساتھ اپنے قہر اور

سَطْوَتِكَ وَاحْجُبْنَا بِحُجُبِكَ الْكَثِيْفَةِ بِحَوْلِكَ وَقُوَّتِكَ وَقُدْرَتِكَ
سطوت کی کثرت و فراوانی والی تلواروں کے۔ اور پوشیدہ فرما ہمیں اپنے گاڑھے حجابات میں اپنی طاقت اور قوت اور

عَنْ لَحَظَاتِ لَمَحَاتِ لَمَعَاتِ اَبْصَارِهِمُ الضَّعِيْفَةِ بِعِزَّتِكَ وَسَطْوَتِكَ
قدرت کے ساتھ ان اعداء کی کمزور نگاہوں کے دیکھنے اور جھپکنے اور ان کی روشنی سے بطفیل اپنی عزت اور سطوت کے

اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ صَاحِبِ
اے اللہ صلوٰۃ وسلام نازل فرما سیدنا محمد پر اور آپ کی آل پر جو محبوب محمود استعمال

الْمِغْفَرِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ
کرنے والے ہیں (دوران جنگ) اے اللہ صلوٰۃ وسلام نازل فرما سیدنا محمد پر اور آپ کی آل پر

صَاحِبِ الْفَرَجِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى اٰلِ سَيِّدِنَا
جو محبوب کشائش والے ہیں۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل فرما سیدنا محمد پر اور آپ کی

مُحَمَّدٍ صَاحِبِ الْقَوْلِ وَالْقَلَمِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى
آل پر جو محبوب مؤثر قول والے ہیں اور قلم حکم والے۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل فرما سیدنا محمد پر اور

اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ مُّبَشِّرِنَا رَسُوْلٍ صَاحِبِ الْبَيْتِ الْمُحَرَّمِ عَامِرِ كَعْبَةِ اللّٰهِ
سیدنا محمد کی آل پر جو محبوب ہمارے مبشر رسول ہیں۔ بیت حرام والے اور کعبۃ اللہ کو آباد فرمانے والے ہیں

اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ صَاحِبِ
اے اللہ صلوٰۃ وسلام نازل فرما سیدنا محمد پر اور آپ کی آل پر جو محبوب رکن

الرُّكْنِ وَالْمَقَامِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى اٰلِ سَيِّدِنَا
(حجر اسود) اور مقام ابراہیم کے مالک ہیں۔ اے اللہ صلوٰۃ وسلام نازل فرما سیدنا محمد پر اور آپ کی آل

مُحَمَّدٍ صَاحِبِ الْمَوْقِفِ الْمُعَظَّمِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ
پر جو محبوب عظمت والے موقف (مقام محمود) کے مالک ہیں۔ اے اللہ صلوٰۃ وسلام نازل فرما سیدنا محمد پر

وَّعَلٰٓى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ صَاحِبِ نُوْرِ جُمْلَةِ الْعَالَمِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ
اور آپ کی آل پر جو محبوب کہ تمام عالم کے انوار کا سرچشمہ ہیں۔ اے اللہ صلوٰۃ وسلام نازل فرما

عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ صَاحِبِ الْوِرْدِ الْمُسْتَنِيْمِ اَللّٰهُمَّ
سیدنا محمد پر اور سیدنا محمد کی آل پر جو محبوب کہ مانوس گھاٹ (حوض کوثر) کے مالک ہیں۔ اے اللہ

صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ صَاحِبِ الْجَنَّةِ
صلوٰۃ و سلام نازل فرما سیدنا محمد پر اور آپ کی آل پر جو محبوب کہ جنات نعیم

النَّعِيْمِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ بُرْهَانِ
والے ہیں۔ اے اللہ صلوٰۃ وسلام نازل فرما سیدنا محمد پر اور آپ کی آل پر جو محبوب کہ اصفیاء کیلئے

الْاَصْفِيَآءِ رَسُوْلٍ صَاحِبِ الْوَحْيِ سَيِّدِ الْقَوْمِ عَرَبِيٍّ يَّتِيْمِ اللّٰهِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ
برہان و دلیل ہیں صاحب وحی رسول ہیں۔ قوم کے سردار ہیں عربی اور اللہ تعالیٰ کے ہاں (در) یتیم ہیں۔ اے اللہ صلوٰۃ

وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ اَوْلٰى مِنْ عِبَادِ اللّٰهِ رَسُوْلٍ
وسلام نازل فرما سیدنا محمد پر اور آپ کی آل پر جو محبوب کہ تمام بندگان خداوند تعالیٰ سے اس کے قریب تر ہیں۔ رسول

صَاحِبِ الدَّارَيْنِ خَادِمِ طَيِّبِ اللّٰهِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ
دونوں جہان کے مالک۔ خادم بارگاہ الوہیت اللہ کے ہاں طیب و پاکیزہ ہیں۔ اے اللہ صلوٰۃ وسلام نازل فرما سیدنا محمد پر

وَّعَلٰٓى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ سُلْطَانِ الْاَنْبِيَآءِ رَسُوْلٍ صَاحِبِ الْفُرْقَانِ مَدَنِيٍّ
اور آپ کی آل پر جو محبوب انبیاء کے بادشاہ۔ رسول صاحب فرقان۔ مدنی۔

مَكِّيٍّ شَكُوْرِ اللّٰهِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ
مکی۔ اور اللہ تعالیٰ کے بہت شکر گزار ہیں۔ اے اللہ صلوٰۃ وسلام نازل فرما سیدنا محمد پر اور آپ کی آل پر

سِرَاجِ الْاَوْلِیَآءِ رَسُوْلٌ صَاحِبُ الْحُلَّةِ وَالْمِیْزَانِ اَبْطَحِیٌّ قَرِیْبُ اللّٰهِ اَللّٰهُمَّ

جو محبوب اللہ کے دوستوں کے لیے روشن چراغ۔ رسول۔ امتیازی پوشاک اور میزان والے ہیں بطحا مکہ والے اللہ تعالیٰ کے مقرب ہیں۔ اے

صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ اَهْلُ التَّقْوٰی رَسُوْلٌ

اللہ صلوٰۃ و سلام نازل فرما سیّدنا محمد پر اور آپ کی آل پر جو محبوب کہ اہل تقویٰ۔ رسول۔

صَاحِبُ الطَّرِیْقَةِ شِفَآءٌ فَصِیْحُ اللّٰهِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ

طریقت والے۔ سراپا شفاء اللہ کی طرف سے عطا کردہ فصاحت کے مالک۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل فرما سیّدنا محمد پر

وَّعَلٰی اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ اٰمَنَّا بِكَ اَنْتَ نَبِیُّنَا رَسُوْلٌ صَاحِبُ الْحَقِیْقَةِ مُضَرِیٌّ

اور آپ کی آل پر۔ اے محبوب ہم آپ پر ایمان لائے تم ہمارے نبی۔ رسول، صاحب حقیقت۔ قبیلہ مضر کے فرد

بَشِیْرُ اللّٰهِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ اِمَامُ

اللہ کے بشیر بنا کر بھیجے ہوئے۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل فرما سیّدنا محمد پر اور آپ کی آل پر جو محبوب تمام

الْاُمَمِ رَسُوْلٌ صَاحِبُ الْمَعْرِفَةِ بُرْهَانُ رَحْمَةِ اللّٰهِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی

امم کے امام۔ رسول۔ صاحب معرفت اور اللہ کی رحمت کی برہان ہیں۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل فرما

سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ كَبِیْرُنَا رَسُوْلٌ صَاحِبُ الْجَنَّةِ ظَاهِرٌ

سیّدنا محمد پر اور آپ کی آل پر جو محبوب ہمارے بڑے بزرگ رسول۔ مالک جنت۔ ظاہر

كَرِیْمُ اللّٰهِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ فِی

اور اللہ تعالیٰ کی عطا سے صاحب جود و کرم ہیں اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل فرما سیّدنا محمد پر اور آپ کی آل پر جو محبوب

الدِّیْنِ صَادِقُنَا رَسُوْلٌ صَاحِبُ الْقِیٰمَةِ نَاطِقٌ شَفِیْعُ اللّٰهِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ

ہمارے سامنے دین کی صداقت بیان کرنے والے۔ رسول۔ روزِ قیامت کے باذن اللہ مالک۔ ناطق بالحق۔ اللہ کی طرف سے شفیع بنائے ہوئے۔

وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ فَقِیْهُنَا رَسُوْلٌ صَاحِبُ

اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل فرما سیّدنا محمد پر اور آپ کی آل پر جو محبوب ہمارے سمجھانے والے رسول۔ صاحب

الصِّرَاطِ مُبَلِّغٌ عَاقِبُ اللّٰهِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِ

صراط۔ مبلغ۔ اللہ تعالیٰ کے آخری نبی ہیں۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل فرما سیّدنا محمد پر اور آپ کی

سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ نَبِیُّ اٰخِرِ الزَّمَانِ رَسُوْلٌ صَاحِبُ الْاِجْتِهَادِ مُنْتَقِمٌ مُكَرَّمٌ

آل پر جو محبوب آخر الزمان نبی و رسول ہیں۔ صاحب اجتہاد۔ انتقام لینے والے (اللہ کے لیے) اللہ تعالیٰ کے ہاں

اللّٰهِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ مُشَفَّعُ

صاحب تکریم و تعظیم۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل فرما سیّدنا محمد پر اور آپ کی آل پر جو محبوب کہ امت کے شفیع

الْاُمَّةِ یُعِیْنُنَا بِالشَّفَاعَةِ رَسُوْلٌ صَاحِبُ النُّبُوَّةِ مُحَرَّمٌ نَبِیُّ اللّٰهِ اَللّٰهُمَّ

بنائے جاچکے ہیں۔ ہماری اعانت فرمائیں گے شفاعت کے ساتھ۔ رسول، صاحب نبوت۔ صاحب حرمت و احترام نبی خدا تعالیٰ۔ اے

صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ سَنَدُ الْعَاصِیْنَ

اللہ صلوٰۃ و سلام نازل فرما سیّدنا محمد پر اور سیّدنا محمد کی آل پر جو محبوب سہارا ہیں گناہگاروں (کی مغفرت و بخشش)

رَسُوْلٌ صَاحِبُ الْجَنَّةِ فَارِقُ جَهَنَّمَ سُلْطَانٌ تِهَامِیٌّ مُؤْمِنُ اللّٰهِ اَللّٰهُمَّ

کا رسول۔ صاحب جنت۔ جہنم سے جدا اور دور کرنے والے۔ شاہنشاہ، تہامہ والے اللہ کی توفیق سے ایمان دینے والے

صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ صَاحِبُ الْهِمَمِ

اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل فرما سیّدنا محمد پر اور سیّدنا محمد کی آل پر جو محبوب بلند تر ہمتوں والے

السَّمَآئِیَّةِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ

ہیں۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل فرما سیّدنا محمد پر اور آپ کی آل پر

صَاحِبِ الْعُلُوْمِ اللَّدُنِّیَّةِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی

جو محبوب علوم لدنیہ کے مالک ہیں۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل فرما سیّدنا محمد پر اور

اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ صَاحِبِ الْمَكَارِمِ وَالْجُوْدِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا

سیّدنا محمد کی آل پر جو محبوب اعلیٰ اخلاق اور جود و نوال کے مالک ہیں۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل فرما سیّدنا

مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ صَاحِبِ الْقَبْضَةِ الْاَصْلِیَّةِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ

محمد پر اور آپ کی آل پر جو محبوب (ملک و ملک خداوند تعالیٰ پر) اصلی اور حقیقی قبضہ والے ہیں (باذن اللہ تعالیٰ) اے اللہ صلوٰۃ و سلام

عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ صَاحِبِ الْبَهْجَةِ السَّنِیَّةِ اَللّٰهُمَّ

نازل فرما سیّدنا محمد پر اور آپ کی آل پر جو محبوب اعلیٰ بہار اور رونق والے ہیں۔ اے اللہ

صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰۤی اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ صَاحِبِ الرُّتْبَةِ
صلواۃ وسلام نازل فرما سیدنا محمد پر اور آپ کی آل پر جو محبوب بلند تر مرتبہ کے
الْعَلِيَّةِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ صَاحِبِ
مالک ہیں۔ اے اللہ صلواۃ وسلام نازل فرما سیدنا محمد پر اور سیدنا محمد کی آل پر جو محبوب مالک ہیں راہنمائے
فِي الْاِسْلَامِ اِذَا فَقِهُوْا وَصَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ ۨالْقَآئِلِ كَمْ مِّنْ مُّسْتَقْبِلِ

اسلام میں جب دین کا فہم حاصل کریں" اور صلوٰۃ نازل فرما سیدنا محمد پر جن کا فرمان ہے "کتنے لوگ ملاقات کرنے والے

يَوْمًا لَّا يَسْتَكْمِلُهٗ وَصَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ ۨالْقَآئِلِ اَلْمَرْءُ مَعَ مَنْ اَحَبَّ وَ

ہیں دن کی جس کو وہ مکمل نہیں کر سکیں گے" اور صلوٰۃ نازل فرما سیدنا محمد پر جن کا فرمان ہے کہ "ہر شخص اسی کے ساتھ ہوگا جس سے

صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ ۨالْقَآئِلِ اَلزُّهْدُ فِي الدُّنْيَا يُرِيْحُ الْقَلْبَ وَ

محبت رکھے گا" اور صلوٰۃ نازل فرما سیدنا محمد پر جن کا قول ہے "دنیا سے بے رغبتی دل کو راحت پہنچاتی ہے" اور

صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ ۨالْقَآئِلِ اَلْخَيْرُ عَآئِدَةٌ وَصَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا

صلوٰۃ نازل فرما سیدنا محمد پر جن کا قول ہے کہ "نیکی لوٹ کر آنیوالی ہے (اپنے فاعل کی طرف)" اور صلوٰۃ نازل فرما سیدنا

مُحَمَّدِ ۨالْقَآئِلِ اَلدُّعَآءُ مُخُّ الْعِبَادَةِ وَصَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ ۨالْقَآئِلِ

محمد پر جن کا قول ہے "سوال اور طلب حاجت عبادت کا مغز و روح ہے" اور صلوٰۃ نازل فرما سیدنا محمد پر جن کا قول ہے کہ

لَا صَغِيْرَةَ مَعَ الْاِصْرَارِ وَصَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ ۨالْقَآئِلِ لَا كَبِيْرَةَ

"نہیں کوئی گناہ چھوٹا باوجود اس پر اصرار کرنے کے" اور صلوٰۃ نازل فرما سیدنا محمد پر جن کا قول ہے کہ "نہیں کوئی گناہ بڑا

مَعَ الْاِسْتِغْفَارِ وَصَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ ۨالْقَآئِلِ اِنَّ لِكُلِّ شَيْءٍ

ساتھ استغفار کے" اور صلوٰۃ نازل فرما سیدنا محمد پر جن کا قول ہے کہ "ہر چیز کی

مَعْدَنًا وَمَعْدَنُ التَّقْوٰى قُلُوْبُ الْعَارِفِيْنَ وَصَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا

معدن دکان ہے اور تقویٰ کی کان عرفاء کے قلوب ہیں۔ اور صلوٰۃ نازل فرما سیدنا

مُحَمَّدِ ۨالْقَآئِلِ اِنَّ لِكُلِّ شَيْءٍ قَلْبًا وَّقَلْبُ الْقُرْاٰنِ سُوْرَةُ يٰسٓ وَصَلِّ

محمد پر جن کا قول ہے "بے شک ہر شئی کے لیے دل ہے اور قرآن مجید کا دل سورۂ لیٰسین ہے۔ اور صلوٰۃ نازل فرما

عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ ۨالْقَآئِلِ كَفَّارَةُ الذَّنْبِ النَّدَامَةُ وَصَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا

سیدنا محمد پر جن کا قول ہے کہ "گناہ کا کفارہ ندامت و پشیمانی ہے" اور صلوٰۃ نازل فرما سیدنا

مُحَمَّدِ ۨالْقَآئِلِ نِعْمَ الشَّفِيْعُ الْقُرْاٰنُ لِصَاحِبِهٖ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ وَصَلِّ

محمد پر کہ جن کا قول ہے "اچھا شفیع قرآن ہے اپنے پڑھنے اور حفظ کرنے والے کے لیے قیامت کے دن" اور صلوٰۃ نازل فرما

عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ ۨالْقَآئِلِ اُذَكِّرُكُمُ اللهَ فِيْٓ اَهْلِ بَيْتِيْ وَصَلِّ عَلٰى

سیدنا محمد پر جن کا قول ہے کہ "میں تمہیں اللہ کی یاد دہانی کراتا ہوں اپنے اہل بیت میں۔ اور صلوٰۃ نازل فرما

سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ ۨالْقَآئِلِ شَفَاعَتِيْ لِاَهْلِ الْكَبَآئِرِ مِنْ اُمَّتِيْ وَصَلِّ

سیدنا محمد پر جن کا قول ہے "میری شفاعت ثابت ہے میری اُمت میں سے کبیرہ گناہ والوں کے لیے بھی" اور صلوٰۃ نازل

عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ ۨالْقَآئِلِ مِنْ حُسْنِ اِسْلَامِ الْمَرْءِ تَرْكُهٗ مَا لَا

فرما سیدنا محمد پر جن کا قول ہے کہ "آدمی کے اسلام کے کامل ہونے کی علامات سے ہے اس کا

يَعْنِيْهِ وَصَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ ۨالْقَآئِلِ اَللهُ فِيْ عَوْنِ الْعَبْدِ مَا كَانَ

بے مقصد امور کو ترک کر دینا" اور صلوٰۃ نازل فرما سیدنا محمد پر جن کا قول ہے "اللہ تعالیٰ بندے کی مدد میں ہوتا ہے جب تک

الْعَبْدُ فِيْ عَوْنِ اَخِيْهِ وَصَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ ۨالْقَآئِلِ اِذَآ اَحَبَّ

بندہ اپنے بھائی کی مدد میں ہو۔ اور صلوٰۃ نازل فرما سیدنا محمد پر جن کا قول ہے کہ "جب محبت کرے

اَحَدُكُمْ اَخَاهُ فَلْيُعْلِمْهُ وَصَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ ۨالْقَآئِلِ اَلْمُسْلِمُ

تم میں سے کوئی اپنے مسلمان بھائی سے تو اس کو آگاہ کرے اپنی محبت سے" اور صلوٰۃ نازل فرما سیدنا محمد پر جن کا قول ہے

اَخُو الْمُسْلِمِ لَا يَظْلِمُهٗ وَلَا يُسْلِمُهٗ وَصَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ ۨالْقَآئِلِ

کہ "مسلمان بھائی ہے مسلمان کا نہ اس پر ظلم کرتا ہے اور نہ اس کو دشمنوں کے حوالے کرتا ہے" اور صلوٰۃ نازل فرما سیدنا محمد پر جن کا قول ہے کہ

سِبَابُ الْمُسْلِمِ فُسُوْقٌ وَّقِتَالُهٗ كُفْرٌ وَصَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ ۨالْقَآئِلِ

"مسلمان کو گالی گلوچ کرنا فسق ہے اور اس سے قتال کفر ہے" اور صلوٰۃ نازل فرما سیدنا محمد پر کہ جن کا قول ہے

مَنْ مَّاتَ عَلٰی خَیْرِ عَمَلِهٖ فَارْجُوْا لَهٗ خَیْرًا وَصَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدِ

کہ "جو فوت ہوا اچھے عمل پر تو اس کے لیے خیر کی امید رکھو" اور صلوٰۃ نازل فرما سیدنا محمد پر

الْقَآئِلِ کَادَ الْفَقْرُ اَنْ یَّکُوْنَ کُفْرًا وَصَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدِ الْقَآئِلِ

جن کا قول ہے کہ "قریب ہے کہ فقر و فاقہ کفر بن جائے" اور صلوٰۃ نازل فرما سیدنا محمد پر جن کا قول ہے

اُکْتُمِ السِّرَّ تَکُنْ مُّؤْمِنًا وَصَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدِ الْقَآئِلِ اَحْسِنْ

کہ اگر تو پوشیدہ رکھے راز کو تو ہوگا مومن کامل" اور صلوٰۃ نازل فرما سیدنا محمد پر کہ جن کا قول ہے۔ اگر اچھا

مُحَاوَرَةَ مَنْ جَاوَرَکَ تَکُنْ مُّحْسِنًا وَصَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدِ الْقَآئِلِ

اور خوب رکھے انداز تکلم اپنے پڑوسی سے تو ہو جائے گا محسن اور نیکوکار" اور صلوٰۃ نازل فرما سیدنا محمد پر جن کا قول ہے کہ

اِذَا بِعْتَ فَکِلْ وَاِذَا ابْتَعْتَ فَاکْتَلْ وَصَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدِ الْقَآئِلِ

"جب تو بیچے تو بھی کیل کر اور جب خریدے تو بھی کیل کرے اور صلوٰۃ نازل فرما سیدنا محمد پر جن کا قول ہے

مَنِ اسْتَطَاعَ مِنْکُمْ اَنْ یَّبِیْتَ وَلَیْسَ فِیْ قَلْبِهٖ غِلٌّ لِّاٰخَرَ فَلْیَفْعَلْ

کہ "تم میں سے جو استطاعت رکھے کہ رات گذارے اس حال میں کہ اسکے دل میں کسی کے لیے کینہ نہ ہو تو ضرور اس طرح کرے"

وَصَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدِ الْقَآئِلِ لَا یُؤْمِنُ اَحَدُکُمْ حَتّٰی یُحِبَّ

اور صلوٰۃ نازل فرما سیدنا محمد پر کہ جن کا فرمان ہے "نہیں مومن ہو سکتا کوئی بھی تم میں سے یہاں تک کہ پسند کرے

لِاَخِیْهِ مَا یُحِبُّ لِنَفْسِهٖ وَصَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدِ الْقَآئِلِ اِنَّ اللّٰهَ

اپنے مسلمان بھائی کے لیے جو پسند کرتا ہو اپنے لیے اور صلوٰۃ نازل فرما سیدنا محمد پر جن کا قول ہے کہ "بے شک اللہ تعالیٰ

یُنْزِلُ الْعَبْدَ حَیْثُ اَنْزَلَتْهُ نَفْسُهٗ وَصَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدِ الْقَآئِلِ

اتارتا ہے بندے کو اس منزل میں جہاں اسے اس کا نفس اتارے۔ اور صلوٰۃ نازل فرما سیدنا محمد پر جن کا قول ہے

مَنْ شَرِبَ الْخَمْرَ اُخْرِجَ نُوْرُ الْاِیْمَانِ مِنْ جَوْفِهٖ وَصَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا

کہ "جس نے شراب پیا لایا جائے گا نور ایمان اس کے اندر سے۔ اور صلوٰۃ نازل فرما سیدنا

مُحَمَّدِ الْقَآئِلِ مَنْ رَمٰی مُؤْمِنًا بِکُفْرٍ فَهُوَ کَقَتْلِهٖ وَصَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا

محمد پر جن کا قول ہے جس نے مومن کو کفر کے ساتھ طعنہ دیا تو وہ اس کے قتل کی مانند ہے اور صلوٰۃ نازل فرما سیدنا

مُحَمَّدِ الْقَآئِلِ الْمُؤْمِنُ هَیِّنٌ لَّیِّنٌ وَصَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدِ الْقَآئِلِ

محمد پر جن کا قول ہے کہ ہر مومن آہستگی و نرم خوئی والا ہے۔ اور صلوٰۃ نازل فرما سیدنا محمد پر جن کا قول ہے

اَلْحَلَالُ بَیِّنٌ وَّالْحَرَامُ بَیِّنٌ وَصَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدِ الْقَآئِلِ اَوَّلُ

"حلال واضح ہے اور حرام واضح ہے" اور صلوٰۃ نازل فرما سیدنا محمد پر جن کا قول ہے کہ "پہلا امر

مَا یُقْضٰی بَیْنَ النَّاسِ یَوْمَ الْقِیٰمَةِ فِی الدِّمَآءِ وَصَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا

جس میں فیصلہ صادر کیا جائے گا لوگوں کے درمیان قیامت میں وہ خون اور قتل ہوگا" اور صلوٰۃ نازل فرما سیدنا

مُحَمَّدِ الْقَآئِلِ اِرْحَمُوْا مَنْ فِی الْاَرْضِ یَرْحَمْکُمْ مَّنْ فِی السَّمَآءِ وَ

محمد پر جن کا قول ہے کہ "رحم کرو زمین والوں پر رحم کریں گے تم پر آسمان والے" اور

صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدِ الْقَآئِلِ اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ تَمْلَاُ الْمِیْزَانَ وَصَلِّ عَلٰی

صلوٰۃ نازل فرما سیدنا محمد پر جن کا قول ہے کہ "الحمد للہ کہنے سے ترازوئے حسنات بھر جاتا ہے۔ اور صلوٰۃ

سَیِّدِنَا مُحَمَّدِ الْقَآئِلِ الرَّاحِمُوْنَ یَرْحَمُهُمُ الرَّحْمٰنُ وَصَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا

نازل فرما سیدنا محمد پر جن کا قول ہے کہ "رحم کرنے والوں پر اللہ رحمٰن رحم فرماتا ہے" اور صلوٰۃ نازل فرما سیدنا

مُحَمَّدِ الْقَآئِلِ مَنْ لَّا یَرْحَمُ لَا یُرْحَمُ وَصَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدِ

محمد پر جن کا قول ہے کہ "جو رحم نہیں کرتا اس پر رحم نہیں کیا جائے گا" اور صلوٰۃ نازل فرما سیدنا محمد پر

الْقَآئِلِ اَحَبُّ الْبُیُوْتِ اِلَی اللّٰهِ بَیْتٌ فِیْهِ یَتِیْمٌ مُّکْرَمٌ

کہ جن کا قول ہے "سب گھروں سے اللہ تعالیٰ کے ہاں زیادہ پسندیدہ وہ گھر ہے جس میں یتیم کی عزت و تکریم کی جاتی ہو

وَصَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدِ الْقَآئِلِ کُلُّ مَعْرُوْفٍ صَدَقَةٌ

اور صلوٰۃ نازل فرما سیدنا محمد پر جن کا قول ہے "کہ ہر نیکی صدقہ ہے"

وَصَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدِ الْقَآئِلِ الْاِسْتِقْصَآءُ فُرْقَةٌ

اور صلوٰۃ نازل فرما سیدنا محمد پر کہ جن کا قول ہے "تحقیق اور جستجوئے احوال میں انتہا (باعث) فرقت ہے"

وَصَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدِ الْقَآئِلِ بُعِثْتُمْ مُیَسِّرِیْنَ وَ

اور صلوٰۃ نازل فرما سیدنا محمد پر کہ جن کا قول ہے "تم مبعوث ہوئے ہو سہولت کے لیے اور

لَمْ تُبْعَثُوْا مُعَسِّرِیْنَ وَصَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدِ ِالْقَآئِلِ

نہیں پیدا کیے گئے تنگی اور عسرت کے لیے" اور صلواۃ نازل فرما سیدنا محمد پر کہ جن کا قول ہے

مَا مَنَعَ قَوْمٌ الزَّکٰوۃَ اِلَّا ابْتَلَاھُمُ اللّٰہُ بِالسِّنِیْنَ وَصَلِّ عَلٰی

"نہیں روکتی کوئی قوم زکوٰۃ کو مگر اللہ تعالیٰ انہیں مبتلا فرماتا ہے قحط و خشک سالی میں" اور صلواۃ نازل فرما

سَیِّدِنَا مُحَمَّدِ ِالْقَآئِلِ مَا خَلَطَتِ الزَّکٰوۃُ مَالًا اِلَّآ اَفْسَدَتْہُ وَصَلِّ

سیدنا محمد پر کہ جن کا قول ہے "نہیں مدو کی جاتی زکوٰۃ کسی مال کے ساتھ مگر اس کو ہلاک کرتی ہے" اور صلواۃ

عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدِ ِالْقَآئِلِ اِنَّ الصَّدَقَۃَ مَا تُرِکَتْ فِیْ مَالٍ لَّمْ تُخْرَجْ

نازل فرما سیدنا محمد پر کہ جن کا قول ہے "صدقہ نہیں ترک کیا جاتا کسی مال میں کہ نہ نکالا جائے

مِنْہُ اِلَّآ اَتْلَفَہٗ وَصَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدِ ِالْقَآئِلِ یَسِّرُوْا وَلَا تُعَسِّرُوْا

اس سے مگر اس مال کو برباد کرتا ہے" اور صلواۃ نازل فرما سیدنا محمد پر کہ جن کا فرمان ہے "سہولت پیدا کرو اور تنگی نہ کرو

وَبَشِّرُوْا وَلَا تُنَفِّرُوْا وَصَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدِ ِالْقَآئِلِ اِنَّ اللّٰہَ وِتْرٌ

اور بشارت دو نفرت نہ دلاؤ۔ اور صلواۃ نازل فرما سیدنا محمد پر جن کا قول ہے کہ "بے شک اللہ تعالیٰ وتر ہے

یُحِبُّ الْوِتْرَ فَاَوْتِرُوْا وَصَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدِ ِالْقَآئِلِ لَا یَدْخُلُ

وتر کو محبوب رکھتا ہے لہٰذا وتر ادا کرو۔ اور صلواۃ نازل فرما سیدنا محمد پر کہ جن کا قول ہے" نہیں داخل ہوگا

الْجَنَّۃَ نَمَّامٌ وَصَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدِ ِالْقَآئِلِ اَبْخَلُ النَّاسِ مَنْ

جنت میں چغل خور" اور صلواۃ نازل فرما سیدنا محمد پر جن کا قول ہے کہ "سب لوگوں سے بڑا بخیل وہ ہے

بَخِلَ بِالسَّلَامِ وَصَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدِ ِالْقَآئِلِ مَا فِی الْجَنَّۃِ

جو سلام کے ساتھ بخل کرے۔ اور صلواۃ نازل فرما سیدنا محمد پر جن کا قول ہے کہ "نہیں جنت میں

شَجَرَۃٌ اِلَّا وَسَاقُھَا مِنْ ذَھَبٍ وَصَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدِ ِالْقَآئِلِ

کوئی درخت مگر اس کا تنہ سونے کا ہے" اور صلواۃ نازل فرما سیدنا محمد پر جن کا قول ہے

لِکُلِّ امْرِءٍ فِی الْجَنَّۃِ زَوْجَتَانِ وَمَا فِی الْجَنَّۃِ اَعْزَبُ وَصَلِّ عَلٰی

کہ ہر مرد مسلم کے لیے جنت میں دو بیویاں ہوں گی اور نہیں ہوگا جنت میں کوئی نا کتخدا اور صلواۃ نازل فرما

سَیِّدِنَا مُحَمَّدِ ِالْقَآئِلِ لَا یَدْخُلُ الْجَنَّۃَ سَیِّئُ الْمَلَکَۃِ وَصَلِّ عَلٰی

سیدنا محمد پر کہ جن کا فرمان ہے" نہیں داخل ہوگا جنت میں بُری عادات و اخلاق والا" اور صلواۃ نازل فرما

سَیِّدِنَا مُحَمَّدِ ِالْقَآئِلِ مَنْ یَّزْرَعْ شَرًّا یَّحْصُدُ النَّدَامَۃَ وَصَلِّ عَلٰی

سیدنا محمد پر کہ جن کا فرمان ہے" جو کاشت کرے گا شر کو کاٹے گا ندامت کو" اور صلواۃ نازل فرما

سَیِّدِنَا مُحَمَّدِ ِالْقَآئِلِ مَنْ مَّاتَ مِنْ اَصْحَابِیْ بِاَرْضٍ فَھُوَ شَفِیْعٌ

سیدنا محمد پر کہ جن کا فرمان ہے "میرے اصحاب میں سے جو بھی کسی زمین میں فوت ہوگا تو وہ شفیع ہوگا

لِاَھْلِ تِلْکَ الْاَرْضِ یَوْمَ الْقِیٰمَۃِ وَصَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدِ ِالْقَآئِلِ

اس علاقہ والوں کے لیے قیامت کے دن اور صلواۃ نازل فرما سیدنا محمد پر جن کا قول ہے

مَنْ سَرَّہٗ اَنْ یَّسْلَمَ فَلْیَلْزَمِ الصَّمْتَ وَصَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدِ ِالْقَآئِلِ

کہ "کہ جسے یہ اچھا لگے کہ وہ سلامت رہے تو وہ خاموشی کو لازم پکڑے" اور صلواۃ نازل فرما سیدنا محمد پر کہ جن کا قول ہے

لَا یَدْخُلُ الْجَنَّۃَ لَحْمٌ نَّبَتَ مِنْ سُحْتٍ وَصَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدِ ِ

"ہرگز نہیں داخل ہوگا جنت میں وہ گوشت جو پیدا ہوا حرام سے" اور صلواۃ نازل فرما سیدنا محمد پر

الْقَآئِلِ لَا یَدْخُلُ الْجَنَّۃَ لَحْمٌ غُذِیَ بِالْحَرَامِ وَصَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا

کہ جن کا فرمان ہے" نہیں داخل ہوگا جنت میں وہ گوشت جس کو غذا دی گئی حرام سے" اور صلواۃ نازل فرما سیدنا

مُحَمَّدِ ِالْقَآئِلِ مَنْ کَانَ یُؤْمِنُ بِاللّٰہِ وَالْیَوْمِ الْاٰخِرِ فَلَا یَدْخُلْ

محمد پر جن کا قول ہے جو ایمان رکھتا ہو اللہ تعالیٰ اور روزِ قیامت پر پس وہ نہ داخل کرے

حَلِیْلَتَہُ الْحَمَّامَ وَصَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدِ ِالْقَآئِلِ اِنَّ فِی الْجَنَّۃِ

اپنی زوجہ کو حمام میں اور صلواۃ نازل فرما سیدنا محمد پر جن کا قول ہے کہ " جنت میں

بَیْتًا یُّقَالُ لَہٗ بَیْتُ السَّخَا وَصَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدِ ِالْقَآئِلِ مَنْ

ایک مکان ہے جس کو بیت السخا کہا جاتا ہے" اور صلواۃ نازل فرما سیدنا محمد پر کہ جن کا فرمان ہے جو

اَرَادَ اَنْ یَّسْتَجِیْبَ اللّٰہُ لَہٗ عِنْدَ الشَّدَآئِدِ فَلْیُکْثِرْ مِنَ الدُّعَآءِ فِی

چاہے کہ قبول فرمائے اللہ تعالیٰ اس کے لیے دعوات مشکلات میں تو چاہیے کہ زیادہ دعا کرے

الرخاء وصل علی سیدنا محمد القائل السخاوۃ خلق اللہ الاعظم

خوشحالی کے دور میں" اور صلوٰۃ نازل فرما سیدنا محمد پر کہ جن کا فرمان ہے "سخاوت اللہ تعالیٰ کے عظیم تر اخلاق میں سے ہے"

وصل علی سیدنا محمد القائل تناکحوا فانی مکاثر بکم الامم

اور صلوٰۃ نازل فرما سیدنا محمد پر جن کا فرمان ہے "نکاح کرو کیونکہ میں تمہاری طرف سے کثرت پر فخر کروں گا دیگر امم پر"

وصل علی سیدنا محمد القائل المؤمن حلو یحب الحلاوۃ و

اور صلوٰۃ نازل فرما سیدنا محمد پر جن کا قول ہے کہ "مومن میٹھا اور شیریں ہے محبوب رکھتا ہے شیرینی کو" اور

صل علی سیدنا محمد القائل ما جبل ولی اللہ الا علی السخاوۃ

صلوٰۃ نازل فرما سیدنا محمد پر جن کا قول ہے کہ "نہیں پیدا کیا جاتا اللہ تعالیٰ کا ولی مگر صفت سخاوت پر"

وصل علی سیدنا محمد القائل جف القلم بما ھو کائن وصل

اور صلوٰۃ نازل فرما سیدنا محمد پر جن کا قول ہے کہ "خشک ہو گئی قلم تقدیر ساتھ اس کے جو ہونے والا ہے" اور صلوٰۃ نازل

علی سیدنا محمد القائل تھادوا فان الھدیۃ تذھب

فرما سیدنا محمد پر کہ جن کا قول ہے "باہم ہدیے دیا کرو کیونکہ ہدیے دور کر دیتے ہیں

بالضغائن وصل علی سیدنا محمد القائل لیس الخبر کالمعاینۃ

قلبی بغض اور کینوں کو۔ اور صلوٰۃ نازل فرما سیدنا محمد پر جن کا قول ہے کہ "نہیں خبر مانند مشاہدہ کے"

وصل علی سیدنا محمد القائل ما من نسمۃ کائنۃ الی یوم القیمۃ

اور صلوٰۃ نازل فرما سیدنا محمد پر جن کا قول ہے "نہیں کوئی نفس وجود میں آنے والا قیامت تک

الا وھی کائنۃ وصل علی سیدنا محمد القائل اذا اراد اللہ بعبد

مگر وہ موجود ہو کر رہے گا" اور صلوٰۃ نازل فرما سیدنا محمد پر جن کا قول ہے "جب اللہ تعالیٰ ارادہ کرے کسی بندے

خیرا یفقھہ وصل علی سیدنا محمد القائل الحیاء خیر کلہ و

کے ساتھ بھلائی کا تو اسے دین کی سمجھ عطا کرتا ہے" اور صلوٰۃ نازل فرما سیدنا محمد پر جن کا قول ہے "حیاء تمام تر خیر ہے" اور

صل علی سیدنا محمد القائل دعوا المراء لقلۃ خیرہ وصل علی

صلوٰۃ نازل فرما سیدنا محمد پر جن کا ارشاد ہے "جھگڑے کو ترک کرو اس میں خیر نہ ہونے کی وجہ سے" اور صلوٰۃ نازل فرما

سیدنا محمد وعلی ال سیدنا محمد القائل رحم اللہ والدا اعان

سیدنا محمد پر اور آپ کی آل پر جن کا ارشاد ہے کہ "رحم فرمائے اللہ تعالیٰ اس والد پر جو اعانت کرے

ولدہ علی برہ وصل علی سیدنا محمد القائل لا ایمان کالصبر

اپنی اولاد کی نیکی پر" اور صلوٰۃ نازل فرما سیدنا محمد پر جن کا ارشاد ہے "نہیں ایمان مانند صبر

والحیاء وصل علی سیدنا محمد القائل من اکرم عالما اکرمہ

اور حیا کے" اور صلوٰۃ نازل فرما سیدنا محمد پر جن کا فرمان ہے "جس نے عالم کی عزت کی اللہ تعالیٰ اس کی

اللہ بکرامۃ الانبیاء وصل علی سیدنا محمد القائل خیر

عزت افزائی فرمائے گا مانند اکرام انبیاء علیہم السلام کے۔ اور صلوٰۃ نازل فرما سیدنا محمد پر جن کا قول ہے "بہترین

الاضحیۃ الکبش الاقرن وصل علی سیدنا محمد القائل الحیاء

قربانی سینگوں والا مینڈھا ہے" اور صلوٰۃ نازل فرما سیدنا محمد پر جن کا فرمان ہے "حیاء

حسن ولکنہ فی النساء احسن وصل علی سیدنا محمد القائل

خوبتر ہے لیکن وہ عورتوں میں بہت ہی خوبترین ہے" اور صلوٰۃ نازل فرما سیدنا محمد پر جن کا قول ہے

آفۃ العلم النسیان وصل علی سیدنا محمد القائل الحیاء شعبۃ

کہ علم کے لیے آفت نسیان ہے" اور صلوٰۃ نازل فرما سیدنا محمد پر جن کا قول ہے کہ حیاء عظیم شعبہ ہے

من الایمان وصل علی سیدنا محمد القائل ما کان الحیاء فی

ایمان سے" اور صلوٰۃ نازل فرما سیدنا محمد پر جن کا فرمان ہے "نہیں ہوگا حیاء کسی

شیء الا زانہ وصل علی سیدنا محمد القائل ما کان الفحش

چیز میں مگر اس کو مزین کر دے گا" اور صلوٰۃ نازل فرما سیدنا محمد پر جن کا قول ہے "نہیں ہوگی بےحیائی اور فحش گوئی

فی شیء الا شانہ وصل علی سیدنا محمد القائل الحیاء لا یاتی

کسی شئی میں مگر اس کو عیب ناک کر دیگی" اور صلوٰۃ نازل فرما سیدنا محمد پر جن کا قول ہے کہ "حیاء نہیں لاتا

الا بخیر وصل علی سیدنا محمد القائل لکل نبی حواری وحواری

مگر خیر اور بھلائی" اور صلوٰۃ نازل فرما سیدنا محمد پر جن کا قول ہے کہ "ہر نبی کے لیے حواری ہوتے ہیں اور میرے حواری و مددگار

الزُّبَيْرُ وَصَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ الْقَائِلِ كَفٰى بِالْقُرْاٰنِ نَاصِحًا وَ

حضرت زبیر ہیں" اور صلواۃ نازل فرما سیدنا محمد پر کہ جن کا قول ہے "کافی ہے قرآن بطور ناصح کے" اور

صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ الْقَائِلِ لَوْ كَانَ الْحَيَاءُ رَجُلًا لَكَانَ رَجُلًا

صلواۃ نازل فرما سیدنا محمد پر کہ جن کا قول ہے "اگر حیاء صورت انسانی پر ہوتا تو

صَالِحًا وَصَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ الْقَائِلِ كَثْرَةُ الضِّحْكِ يُمِيْتُ الْقَلْبَ

نیک مرد ہوتا" اور صلواۃ نازل فرما سیدنا محمد پر جن کا قول ہے "زیادہ ہنسنا دل کو مردہ بنا دیتا ہے"

وَصَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ الْقَائِلِ اِذَا مُدِحَ الظَّالِمُ اشْتَدَّ غَضَبُ

اور صلواۃ نازل فرما سیدنا محمد پر جن کا قول ہے کہ "جب ظالم کی تعریف کی جائے تو رب تعالیٰ بہت

الرَّبِّ وَصَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ الْقَائِلِ مَا خَابَ مَنِ اسْتَشَارَ

غضب فرماتا ہے" اور صلواۃ نازل فرما سیدنا محمد پر کہ جن کا قول ہے "نہ رسوا ہوا جس نے مشورہ طلب کیا

وَلَا نَدِمَ مَنِ اسْتَخَارَ وَصَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ الْقَائِلِ مَنْ لَّمْ

اور نہ پشیمان ہوا جس نے استخارہ کیا۔ اور صلواۃ نازل فرما سیدنا محمد پر جن کا قول ہے کہ "جس نے

يَتَخَلَّلْ فِي الْوُضُوْءِ خَلَّلَهُ اللّٰهُ فِي النَّارِ وَصَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ

وضو میں خلال نہ کیا اللہ تعالیٰ اس کا خلال کرائے گا آتش دوزخ سے۔ اور صلواۃ نازل فرما سیدنا محمد پر

الْقَائِلِ لِيَبُلُّوْا طَعَامَكُمْ يُبَارَكْ لَكُمْ فِيْهِ وَصَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ

جن کا قول ہے "اپنے طعام کو ناپ لو تو برکت دی جائے گی اس میں تمہارے لیے اور صلواۃ نازل فرما سیدنا محمد پر

الْقَائِلِ اِنَّ مِنْ اَبَرِّ الْبِرِّ اَنْ يَّصِلَ الرَّجُلُ اَهْلَ وُدِّ اَبِيْهِ وَصَلِّ

جن کا قول ہے یہ بہت بڑی نیکی ہے یقیناً کہ آدمی وصل و پیوند برقرار رکھے اپنے باپ کے محبت والوں سے" اور صلواۃ نازل فرما

عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ الْقَائِلِ مَنْ غَشَّنَا فَلَيْسَ مِنَّا وَصَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا

سیدنا محمد پر جن کا قول ہے "جو ہمارے ساتھ دھوکہ کرے ہم میں سے نہیں ہے اور صلواۃ نازل فرما سیدنا

مُحَمَّدِ الْقَائِلِ مَنْ اَكَلَ الثُّوْمَ فَلْيَعْتَزِلْنَا وَصَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ

محمد پر کہ جن کا قول ہے "جو ابھی لہسن کھائے تو وہ ہم سے الگ رہے" اور صلواۃ نازل فرما سیدنا محمد پر

الْقَائِلِ مَنْ قَتَلَ وَزْغَةً فَلَهُ حَسَنَةٌ وَصَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ

کہ جن کا قول ہے "جس نے سام ابرص کو قتل کیا تو اس کے لیے نیکی ہے" اور صلواۃ نازل فرما سیدنا محمد پر کہ

الْقَائِلِ مَنْ قَادَ اَعْمٰى اَرْبَعِيْنَ خُطْوَةً وَّجَبَتْ لَهُ الْجَنَّةُ وَصَلِّ

جن کا قول ہے "جس نے اندھے کی رہنمائی کی چالیس قدم تک واجب ہو گئی اس کے لیے جنت" اور صلواۃ نازل فرما

عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ الْقَائِلِ رُدُّوا السَّائِلَ وَلَوْ بِظِلْفٍ الْحَرِقِ وَصَلِّ

سیدنا محمد پر کہ جن کا قول ہے "لوٹاؤ سائل کو دکچھ دیکر اگرچہ جلا ہوا ہی پایا ہو" اور صلواۃ نازل فرما

عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ الْقَائِلِ اِيَّاكُمْ وَالْحَلْفَ فِي الْبَيْعِ فَاِنَّهُ يُنَفِّقُ ثُمَّ

سیدنا محمد پر کہ جن کا قول ہے "اپنے آپ کو بچاؤ خرید و فروخت میں حلف سے کیونکہ وہ سوداگری کو وقتی طور پر رونق دیتی

يُمْحِقُ وَصَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ الْقَائِلِ اَعْطُوا الْاَجِيْرَ اَجْرَهُ قَبْلَ

ہے پھر بے برکت کرتی ہے اور صلواۃ نازل فرما سیدنا محمد پر جن کا قول ہے "ادا کرو مزدور کو اس کی اجرت اس کا

اَنْ يَّجِفَّ عَرَقُهُ وَصَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ الْقَائِلِ عَاشَ مَنْ عَرَفَ

پسینہ خشک ہونے سے قبل" اور صلواۃ نازل فرما سیدنا محمد پر کہ جن کا قول ہے "زندہ رہا جس نے

قَدْرَهُ وَكَفَّ النَّاسَ شَرَّهُ وَصَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ الْقَائِلِ اَعْجَزُ

اپنی قدر پہچانی اور لوگوں سے اپنے شر کو دور رکھا" اور صلواۃ نازل فرما سیدنا محمد پر کہ جن کا قول ہے "سب لوگوں سے

النَّاسِ مَنْ عَجَزَ فِي الدُّعَاءِ وَصَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ الْقَائِلِ

بڑا عاجز وہ ہے جو دعا سے عاجز ہو" اور صلواۃ نازل فرما سیدنا محمد پر کہ جن کا فرمان ہے

اَلْمُؤْمِنُ يَاْكُلُ مِنْ مِّعًى وَّاحِدٍ وَّالْكَافِرُ يَاْكُلُ مِنْ سَبْعَةِ اَمْعَاءٍ

کہ "مومن ایک انتڑی میں کھاتا ہے اور کافر کھاتا ہے سات انتڑیوں میں" اور

وَصَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ الْقَائِلِ اَلْقَنَاعَةُ كَنْزٌ لَّا يَفْنٰى وَصَلِّ

صلواۃ نازل فرما سیدنا محمد پر جن کا قول ہے "قناعت ایسا خزانہ ہے جو فنا نہیں ہوتا" اور صلواۃ نازل

عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ الْقَائِلِ صَلٰوةُ اللَّيْلِ مَثْنٰى مَثْنٰى وَصَلِّ عَلٰى

فرما سیدنا محمد پر جن کا قول ہے کہ "رات کی نماز دو دو رکعت ہے" اور صلواۃ نازل فرما

سَيِّدِنَا مُحَمَّدِنِ الْقَائِلِ زَيِّنُوْا اَعْيَادَكُمْ بِالتَّكْبِيْرِ وَصَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا

سیدنا محمد پر جن کا قول ہے "اپنی عیدوں کو مزین کرو تکبیروں کے ساتھ" اور صلوٰۃ نازل فرما سیدنا

مُحَمَّدِنِ الْقَائِلِ لَيْسَ مِنَّا مَنْ لَّمْ يُوَقِّرِ الْكَبِيْرَ وَيَرْحَمِ الصَّغِيْرَ وَ

محمد پر جن کا قول ہے کہ "نہیں ہے ہم میں سے جس نے نہ عزت کی بڑے کی اور نہ رحم کیا چھوٹے پر" اور

صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدِنِ الْقَائِلِ بَرُّوْا اٰبَآءَكُمْ يَبَرُّكُمْ اَبْنَآؤُكُمْ وَ

صلوٰۃ نازل فرما سیدنا محمد پر جن کا قول ہے "تم اپنے آباء سے نیکی اور احسان کرو تمہارے بیٹے تمہارے ساتھ

صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدِنِ الْقَائِلِ عِفُّوْا عَنْ نِّسَآءِ النَّاسِ تَعِفُّ

احسان کریں گے" اور صلوٰۃ نازل فرما سیدنا محمد پر کہ جن کا فرمان ہے "لوگوں کی عورتوں سے دامن بچا کر رکھو تو تمہاری عورتیں بھی

نِسَآؤُكُمْ وَصَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدِنِ الْقَائِلِ لَنْ يَّهْلِكَ امْرُؤٌ مَّعَ

پاکدامن رہیں گی۔ اور صلوٰۃ نازل فرما سیدنا محمد پر جن کا قول ہے کہ "ہرگز ہلاک نہیں ہوگا کوئی شخص

مَشُوْرَةٍ وَصَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدِنِ الْقَائِلِ لَنْ يُّفْلِحَ قَوْمٌ وَّلَّوْا

مشورہ کے ہوتے ہوئے" اور صلوٰۃ نازل فرما سیدنا محمد پر جن کا قول ہے "ہرگز فلاح نہیں پائے گی وہ قوم جنہوں نے اپنے

اَمْرَهُمْ امْرَاَةً وَصَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدِنِ الْقَائِلِ صَاحِبُ الدَّآبَّةِ

معاملات کسی عورت کو سونپے" اور صلوٰۃ نازل فرما سیدنا محمد پر کہ جن کا قول ہے " جانور کا مالک

اَوْلٰى بِصَدْرِهَا وَصَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدِنِ الْقَائِلِ مَنْ سَتَرَ عَوْرَةً

اس کی پشت کی صدر نشینی کا زیادہ حقدار ہے" اور صلوٰۃ نازل فرما سیدنا محمد پر جن کا قول ہے "جس نے کسی کے عیب یا شرمگاہ پر

فَكَاَنَّمَآ اَحْيَا مَوْءُوْدَةً فِيْ قَبْرِهَا وَصَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدِنِ الْقَائِلِ

پردہ ڈالا تو گویا اس نے زندہ درگور کی ہوئی لڑکی کو زندہ کیا" اور صلوٰۃ نازل فرما سیدنا محمد پر کہ جن کا قول ہے

اِنَّ لِلّٰهِ مَآ اَخَذَ وَلَهٗ مَآ اَعْطٰى وَصَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدِنِ الْقَائِلِ مَنْ

"اللہ ہی کے لیے ہے جو اس نے لے لیا اور جو اس نے عطا کیا" اور صلوٰۃ نازل فرما سیدنا محمد پر جن کا

قَالَ فِي الْقُرْاٰنِ بِرَاْيِهٖ فَاَصَابَ فَقَدْ اَخْطَاَ وَصَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدِنِ

قول ہے "جس نے قرآن میں رائے زنی کی پس صواب کو پا لیا تو پھر بھی وہ خطا کار ہے" اور صلوٰۃ نازل فرما سیدنا محمد پر

الْقَائِلِ لَا يَمَسُّ اَحَدُكُمْ ذَكَرَهٗ بِالْيَدِ الْيُمْنٰى اِذَا تَوَضَّاَ وَصَلِّ

جن کا قول ہے "نہ مس کرے کوئی تم میں سے اپنی شرمگاہ کو دائیں ہاتھ سے جب استنجاء کرے" اور صلوٰۃ نازل فرما

عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدِنِ الْقَائِلِ فُكُّوا الْعَانِيَ وَاَطْعِمُوا الْجَآئِعَ وَزُوْرُوا الْمَرْضٰى

سیدنا محمد پر جن کا قول ہے "قیدیوں کو رہا کراؤ۔ بھوکوں کو کھلاؤ اور مریضوں کی زیارت و عیادت کرو"

وَصَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدِنِ الْقَائِلِ اَلْخَيْرُ مَعْقُوْدٌ فِيْ نَوَاصِي الْخَيْلِ

اور صلوٰۃ نازل فرما سیدنا محمد پر کہ جن کا قول ہے "خیر اور بھلائی گھوڑوں کی پیشانیوں سے بندھی ہوئی ہے"

وَصَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدِنِ الْقَائِلِ عَلَيْكُمْ بِالدُّلْجَةِ فَاِنَّ الْاَرْضَ

اور صلوٰۃ نازل فرما سیدنا محمد پر جن کا قول ہے کہ "لازم پکڑو سفر کو رات کی تاریکی میں کیونکہ زمین

تُطْوٰى بِاللَّيْلِ وَصَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدِنِ الْقَائِلِ لِكُلِّ الصَّآئِمِ

رات کو (گویا) لپیٹ دی جاتی ہے۔ اور صلوٰۃ نازل فرما سیدنا محمد پر جن کا قول ہے کہ "ہر روزہ دار کی دعا

دَعْوَةٌ مُّسْتَجَابَةٌ وَصَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدِنِ الْقَائِلِ يُعْجِبُ رَبُّكَ مِنْ

مستجاب و مقبول ہے" اور صلوٰۃ نازل فرما سیدنا محمد پر کہ جن کا قول ہے "تیرا رب خوش ہوتا ہے اس

شَابٍّ لَّيْسَ لَهٗ صَبْوَةٌ وَصَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدِنِ الْقَائِلِ رَاَيْتُ مُوْسٰى

جوان سے جس میں خواہش نفس کی طرف میلان نہ ہو" اور صلوٰۃ نازل فرما سیدنا محمد پر جن کا قول ہے "میں نے دیکھا موسیٰ علیہ السلام

قَآئِمًا يُّصَلِّيْ فِيْ قَبْرِهٖ وَصَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدِنِ الْقَائِلِ ضَحِكَ رَبُّكَ مِنْ

کو نماز پڑھتے ہوئے اپنی قبر میں" اور صلوٰۃ نازل فرما سیدنا محمد پر جن کا قول ہے کہ "تیرے رب نے (گویا) تعجب فرمایا

قُنُوْطِ عِبَادِهٖ وَقُرْبِ خَيْرِهٖ وَصَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدِنِ الْقَائِلِ لَا يَقْرَاُ الْجُنُبُ

بندوں کی ناامیدی سے باوجود اس کی خیر اور بھلائی کے قریب" اور صلوٰۃ نازل فرما سیدنا محمد پر جن کا فرمان ہے کہ "نہ پڑھے جنبی

وَلَا الْحَآئِضُ شَيْئًا مِّنَ الْقُرْاٰنِ وَصَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدِنِ الْقَائِلِ خَزَآئِنُ

اور حیض والی عورت کوئی شئی بھی قرآن سے" اور صلوٰۃ نازل فرما سیدنا محمد پر جن کا قول ہے "اللہ تعالیٰ کے خزائن

اللّٰهِ فَاِذَآ اَرَادَ شَيْئًا قَالَ لَهٗ كُنْ فَكَانَ وَصَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدِنِ الْقَائِلِ دَعْوَةُ

غیر فانی ہیں کیونکہ جب ارادہ فرمائے کسی شئے کا فرمائے گا ہو جا تو وہ ہو جائے گی" اور صلوٰۃ نازل فرما سیدنا محمد پر جن کا قول ہے "دعا

الرَّجُلِ لِاَخِيْهِ بِظَهْرِ الْغَيْبِ يُسْتَجَابُ وَصَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدِنِ الْقَائِلِ اِتَّقُوْا

ہر شخص کی اپنے بھائی کے لیے اس کے پس پشت مقبول ہوتی ہے" اور صلوٰۃ نازل فرما سیدنا محمد پر جن کا قول ہے " جو تم

دَعْوَةَ الْمَظْلُوْمِ فَاِنَّهٗ لَيْسَ بَيْنَهَا وَبَيْنَ اللّٰهِ حِجَابٌ وَصَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدِنِ

مظلوم کی دعا سے کیونکہ نہیں ہے درمیان اس کے اور درمیان اللہ تعالیٰ کے حجاب اور صلوٰۃ نازل فرما سیدنا محمد پر

الْقَائِلِ دَعْوَةُ الرَّجُلِ عَلٰى وَلَدِهٖ مُسْتَجَابَةٌ وَصَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدِنِ الْقَائِلِ

جن کا قول قول ہے دعا ہر شخص کی اپنی اولاد کے خلاف مقبول ہے" اور صلوٰۃ نازل فرما سیدنا محمد پر جن کا قول ہے کہ

مِنْ سَعَادَةِ الْمَرْءِ اَنْ يَّطُوْلَ عُمْرُهٗ وَيَرْزُقَهُ اللّٰهُ الْاِنَابَةَ وَصَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا

انسان کی نیکبختی سے ہے اس کی درازی عمر اور اللہ تعالیٰ کی طرف سے اس کو توفیق رجوع و قربہ اور صلوٰۃ نازل فرما سیدنا

مُحَمَّدِنِ الْقَائِلِ مَنْ طَلَبَ الْقَضَاءَ وُكِّلَ اِلَيْهِ وَصَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدِنِ

محمد پر جن کا قول ہے کہ جس نے عہدہ قضا طلب کیا وہ اپنے نفس کے حوالے کر دیا گیا" اور صلوٰۃ نازل فرما محمد پر کہ

الْقَائِلِ مَنْ تَابَ قَبْلَ اَنْ تَطْلُعَ الشَّمْسُ مِنْ مَّغْرِبِهَا تَابَ اللّٰهُ عَلَيْهِ

جن کا قول ہے" جس نے توبہ کر لی آفتاب کے مغرب سے طلوع ہونے سے قبل تو اللہ تعالیٰ اس پر نظر رحمت فرمائے گا

وَصَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدِنِ الْقَائِلِ طَلَبُ الْحَلَالِ فَرِيْضَةٌ بَعْدَ الْفَرِيْضَةِ

اور صلوٰۃ نازل فرما سیدنا محمد پر جن کا قول ہے" کہ طلب حلال فرض ہے مانند دوسرے فرائض کے "

وَصَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدِنِ الْقَائِلِ يُؤْتٰى بِالرَّجُلِ الْعَظِيْمِ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ

اور صلوٰۃ نازل فرما سیدنا محمد پر کہ جن کا قول ہے" لایا جائے گا بڑے فربہ و جسیم آدمی کو قیامت کے

فَلَا يَزِنُ عِنْدَ اللّٰهِ جَنَاحَ بَعُوْضَةٍ وَصَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدِنِ الْقَائِلِ

دن کہ نہ برابر ہوگا اللہ تعالیٰ کے نزدیک مچھر کے پر کے " اور صلوٰۃ نازل فرما سیدنا محمد پر کہ جن کا قول ہے

اِنَّ اللّٰهَ يُحِبُّ الرِّفْقَ فِي الْاَمْرِ كُلِّهٖ وَصَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدِنِ الْقَائِلِ لَا

بیشک اللہ تعالیٰ محبوب رکھتا ہے نرمی کو تمام امور میں " اور صلوٰۃ نازل فرما سیدنا محمد پر کہ جن کا قول ہے" نہ

يُعْجِبُكُمْ اِسْلَامُ رَجُلٍ حَتّٰى تَنْظُرُوْا فِيْ كُنْهِ عَقْلِهٖ وَصَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا

تعجب میں ڈالے تمہیں کسی کا اسلام لایا یہاں تک کہ نظر کرو اس کے عقل کی گہرائی میں " اور صلوٰۃ نازل فرما سیدنا

مُحَمَّدِنِ الْقَائِلِ التُّرَابُ رَبِيْعُ الصِّبْيَانِ وَصَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدِنِ الْقَائِلِ

محمد پر کہ جن کا قول ہے" مٹی بچوں کے لیے بہار ہے " اور صلوٰۃ نازل فرما سیدنا محمد پر کہ جن کا قول ہے

لَعَنَ اللّٰهُ مَنْ مَّثَّلَ بِالْحَيَوَانِ وَصَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدِنِ الْقَائِلِ اِنَّ

" اللہ تعالیٰ لعنت کرنے اس پر جو حیوان کا مثلہ کرے اور حلیہ بگاڑے اور صلوٰۃ نازل فرما سیدنا محمد پر جن کا قول ہے" بیشک

اللّٰهَ يُبْغِضُ الْحِبْرَ السَّمِيْنَ وَصَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدِنِ الْقَائِلِ مَا طَلَعَتِ

اللہ تعالیٰ مبغوض رکھتا ہے فربہ عالم کو " اور صلوٰۃ نازل فرما سیدنا محمد پر کہ جن کا قول ہے" نہیں طلوع کرتا

الشَّمْسُ قَطُّ اِلَّا بِجَنْبَيْهَا مَلَكَانِ يَقُوْلَانِ اَللّٰهُمَّ اَعْطِ مُنْفِقًا خَلَفًا وَّ

سورج کبھی مگر اس کے دونوں پہلوؤں پر دو فرشتے ہوتے ہیں جو کہتے ہیں اے اللہ عطا کر خرچ کرنے والے کو بہتر بدل اور

اَعْطِ مُمْسِكًا تَلَفًا وَصَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدِنِ الْقَائِلِ اِنَّ الْحِكْمَةَ تَزِيْدُ

مسلط فرما کنجوس پر ہلاکت" اور صلوٰۃ نازل فرما سیدنا محمد پر کہ جن کا قول ہے" بے شک حکمت ودانائی

الشَّرِيْفَ شَرَفًا وَصَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدِنِ الْقَائِلِ مَنْ لَّمْ يَشْكُرِ النَّاسَ

اہل شرف کے شرف میں اضافہ کرتی ہے" اور صلوٰۃ نازل فرما سیدنا محمد پر جن کا قول ہے جس نے لوگوں کا شکر ادا نہ کیا

لَمْ يَشْكُرِ اللّٰهَ وَصَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدِنِ الْقَائِلِ مَنْ تَوَاضَعَ لِلّٰهِ رَفَعَهُ

تو اس نے اللہ کا بھی شکر ادا نہیں کیا " اور صلوٰۃ نازل فرما سیدنا محمد پر جن کا قول ہے جس نے اللہ کے لیے تواضع کی اللہ تعالیٰ اس کو

اللّٰهُ وَصَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدِنِ الْقَائِلِ رَوِّحُوا الْقُلُوْبَ سَاعَةً فَسَاعَةً

بلندی عطا کرے گا" اور صلوٰۃ نازل فرما سیدنا محمد پر جن کا قول ہے راحت پہنچاؤ دلوں کو لحظہ بہ لحظہ "

وَصَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدِنِ الْقَائِلِ اِذَا وُسِّدَ الْاَمْرُ اِلٰى غَيْرِ اَهْلِهٖ فَانْتَظِرُوا

اور صلوٰۃ نازل فرما سیدنا محمد پر جن کا قول ہے" جب سونپا جائے امر نااہلوں کی طرف تو انتظار کرو

السَّاعَةَ وَصَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدِنِ الْقَائِلِ لَا تَقُوْمُ السَّاعَةُ حَتّٰى تُعْبَدَ

قیامت کا۔ اور صلوٰۃ نازل فرما سیدنا محمد پر جن کا قول ہے کہ قیامت قائم نہ ہوگی یہاں تک کہ

اللَّاتُ وَالْعُزّٰى وَصَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدِنِ الْقَائِلِ مَا عَفَا رَجُلٌ

لات و عزیٰ کی عبادت کی جائے گی۔ اور صلوٰۃ نازل فرما سیدنا محمد پر کہ جن کا قول ہے کہ" نہیں معاف کرے گا کوئی شخص

عن مظلمة الا زاده الله بها عزا وصل على سيدنا محمد القائل
اپنے حق سے مگر اللہ تعالیٰ اس کی عزت میں ترقی دے گا" اور صلوٰۃ نازل فرما سیدنا محمد پر کہ جن کا قول ہے
ما عال من اقتصد وصل على سيدنا محمد القائل اكثر ما يدخل
"نہیں محتاج ہوگا جس نے درمیانہ روی سے کام لیا" اور صلوٰۃ نازل فرما سیدنا محمد پر جن کا قول ہے "زیادہ تر جو چیزیں لوگوں کو
الناس النار الكبر والحسد وصل على سيدنا محمد القائل خير
جہنمی بناتی ہے تو وہ تکبر اور حسد ہیں" اور صلوٰۃ نازل فرما سیدنا محمد پر کہ جن کا قول ہے۔ بہترین
الذكر الخفي وخير الرزق ما يكفي وصل على سيدنا محمد القائل
ذکر ذکر خفی ہے اور بہترین رزق وہ ہے جو کفایت کرے" اور صلوٰۃ نازل فرما سیدنا محمد پر کہ جن کا فرمان ہے
اكثروا من ذكر هاذم اللذات والجنة تحت اقدام الامهات وصل
"زیادہ ذکر کرو لذات کو ختم کرنے والی یعنی موت کا اور جنت ماؤں کے قدموں کے نیچے ہے اور صلوٰۃ نازل فرما
على سيدنا محمد القائل تحفة المؤمن الموت وصل على سيدنا
سیدنا محمد پر کہ جن کا قول ہے "موت مومن کے لیے تحفہ ہے" اور صلوٰۃ نازل فرما سیدنا
محمد القائل كفى بالمرء اثما ان يضيع من يقوت وصل على
محمد پر کہ جن کا قول ہے "کافی ہے مرد کے گناہگار ہونے کیلئے کہ ضائع کرے اسے جو روزی میں اس کا محتاج ہو" اور صلوٰۃ نازل
سيدنا محمد القائل كفى بالموت واعظا وكفى باليقين رضا وصل
فرما سیدنا محمد پر جن کا قول ہے "کافی ہے موت بطور واعظ کے اور کافی ہے یقین از روئے رضا کے اور صلوٰۃ نازل فرما
على سيدنا محمد القائل زوروا القبور فانها تزهد في الدنيا و
سیدنا محمد پر جن کا قول ہے" زیارت کرو قبروں کی کیونکہ وہ تارک دنیا بناتی ہیں" اور
صل على سيدنا محمد القائل كسر عظم الميت ككسره حيا وصل
صلوٰۃ نازل فرما سیدنا محمد پر جن کا قول ہے "فوت شدہ کی ہڈی توڑنا اس کو زندگی میں توڑنے کے برابر ہے اور صلوٰۃ
على سيدنا محمد القائل لعن الله زوارات القبور وصل على
نازل فرما سیدنا محمد پر جن کا قول ہے" لعنت فرمائی اللہ تعالیٰ نے قبروں کی زیارت کرنیوالی عورتوں پر اور صلوٰۃ نازل فرما

سيدنا محمد القائل اذا دعى الرجل امراته فلتاته ولو كانت على
سیدنا محمد پر جن کا قول ہے "جب خاوند اپنی عورت کو بلائے تو اسے چاہیئے کہ وہ آئے اس کے پاس اگرچہ
التنور وصل على سيدنا محمد القائل الحمى حظ كل مؤمن
تنور پر ہی ہو" اور صلوٰۃ نازل فرما سیدنا محمد پر جن کا قول ہے "تپ حصہ ہے ہر مومن کا آتش
من النار وصل على سيدنا محمد القائل يقطع يد السارق في
دوزخ سے" اور صلوٰۃ نازل فرما سیدنا محمد پر جن کا قول ہے "قطع کیا جائے ہاتھ چور کا
ربع دينار وصل على سيدنا محمد القائل ان لكل حسنة ثوابا و
چوتھائی دینار میں" اور صلوٰۃ نازل فرما سیدنا محمد پر جن کا قول ہے کہ" ہر نیکی پر ثواب ہے اور
لكل سيئة عقابا وصل على سيدنا محمد القائل الموت كفارة لكل
ہر گناہ پر عذاب ہے" اور صلوٰۃ نازل فرما سیدنا محمد پر جن کا قول ہے "کہ موت ہر مسلمان
المسلم وصل على سيدنا محمد القائل ابغض الرجال الى الله الالد الخصم
کے لیے کفارہ ہے اور صلوٰۃ نازل فرما سیدنا محمد پر جن کا قول ہے کہ "سب سے زیادہ مبغوض اللہ کے ہاں وہ ہے جو بہت جھگڑالو ہے"
وصل على سيدنا محمد القائل وصب المؤمن كفارة لخطاياه و
اور صلوٰۃ نازل فرما سیدنا محمد پر جن کا قول ہے کہ "مومن کی تھکان بھی کفارہ ہے اس کے گناہوں کے لیے اور
من استرجع عند المصيبة جبر الله مصيبته واحسن عقباه وجعل
جو مصیبت کے وقت "انا للہ و انا الیہ راجعون" کہے اللہ تعالیٰ اس کی مصیبت دور کر دے گا اور اس کا انجام اچھا کرے گا اس کو بہتر
له خلفا يرضاه وصل على سيدنا محمد القائل استقبلوا امواج
بدل عطا کرے گا جس پر وہ راضی ہوگا اور صلوٰۃ نازل فرما سیدنا محمد پر کہ جن کا قول ہے "استقبال کرو بلیات کی
البلايا بالدعاء والتضرع واذا اختلفتم في الطريق فعرضوه سبعة
امواج کا دعاؤں اور زاری کے ساتھ اور جب تم میں راستہ کی چوڑائی میں اختلاف ہو تو اسے سات ہاتھ چوڑا
اذرع وصل على سيدنا محمد القائل النياحة من عمل الجاهلية
رکھو" اور صلوٰۃ نازل فرما سیدنا محمد پر کہ جن کا قول ہے "نوحہ کرنا جاہلیت کے عمل سے ہے

والدین قبل الوصیۃ ولیس لوارث وصیۃ وصل علی سیدنا محمد

اور قرض وصیت پر مقدم ہے (از روئے عمل و فضیلت کے) اور وارث کے لیے وصیت نہیں ہے اور صلوٰۃ نازل فرما سیدنا

القائل المیت یعذب فی قبرہ بما نیح علیہ وان اللہ اذا انعم علی

محمد پر جن کا قول ہے کہ میت کو عذاب دیا جاتا ہے قبر میں اس پر نوحہ کی وجہ سے اور جب اللہ تعالیٰ کسی بندے پر انعام

عبد نعمۃ احب ان تری علیہ وصل علی سیدنا محمد القائل الاسلام

فرمائے تو پسند فرماتا ہے کہ اس کے اثرات اس پر دیکھے جائیں" اور صلوٰۃ نازل فرما سیدنا محمد پر کہ جن کا قول ہے" اسلام

یھدم ما قبلہ وما من رجل یصلی علی مائۃ الا غفر لہ وصل علی

گرا دیتا ہے پہلے والے گناہ اور نہیں کوئی مرد مسلم کہ اس پر نماز جنازہ پڑھیں سو آدمی مگر اس کو بخش دیا جائیگا" اور صلوٰۃ نازل فرما

سیدنا محمد القائل ان اللہ لا یقبل عمل صاحب بدعۃ حتی یدع

سیدنا محمد پر کہ جن کا قول ہے بیشک اللہ تعالیٰ قبول نہیں فرماتا بدعتی کا عمل خیر یہاں تک کہ اپنی بدعت کو

بدعتہ وان اول ما یجازی بہ العبد بعد موتہ ان یغفر لمن تبع

ترک کرے اور بیشک پہلا امر جس کی جزا دی جاتی ہے بندے کو مرنے کے بعد یہ ہے کہ بخشا جائے ہر وہ شخص جو اس کے

جنازتہ وصل علی سیدنا محمد القائل الاکل فی السوق دناءۃ و

جنازہ میں شامل ہو۔ اور صلوٰۃ نازل فرما سیدنا محمد پر جن کا قول ہے کہ" بازار میں کھانا کمینگی ہے" اور

صل علی سیدنا محمد القائل من احب لقاء اللہ تعالیٰ احب اللہ

صلوٰۃ نازل فرما سیدنا محمد پر کہ جن کا قول ہے" جو شخص اللہ تعالیٰ کی ملاقات کو محبوب رکھے اللہ تعالیٰ اس کی

تعالیٰ لقاءہ ومن کرہ لقاء اللہ کرہ اللہ لقاءہ وصل علی سیدنا

ملاقات کو محبوب رکھے گا اور جو شخص اللہ تعالیٰ کی ملاقات کو پسند نہیں کرتا اللہ تعالیٰ اس کی ملاقات کو پسند نہیں کرتا" اور صلوٰۃ نازل فرما

محمد القائل لا یسئل بوجہ اللہ الا الجنۃ والغسل یوم الجمعۃ

سیدنا محمد پر جن کا قول ہے نہ طلب کی جائے اللہ تعالیٰ کی ذات کے وسیلہ سے مگر جنت اور جمعہ کے دن کا غسل

سنۃ وصل علی سیدنا محمد القائل من مات یوم الجمعۃ او لیلۃ

سنت ہے" اور صلوٰۃ نازل فرما سیدنا محمد پر جن کا قول ہے کہ" جو مومن وفات پائے جمعے کے دن یا رات میں

الجمعۃ لم یسئل ویذھب الصالحون الاول فالاول وصل علی

اس سے باز پرس نہیں ہوگی اور نیک لوگ یکے بعد دیگرے انتقال کرتے جائیں گے۔ اور صلوٰۃ نازل فرما

سیدنا محمد القائل ان اعجل دعاء اجابۃ دعاء غائب لغائب

سیدنا محمد پر جن کا قول ہے" سب سے جلد قبول ہونے والی دعا وہ ہے جو غائب کی غائب کے لیے ہو

واذا اصاب احدکم مصیبۃ فلیذکر مصیبتی فانھا من اعظم

اور جب پہنچے تم میں سے کسی کو مصیبت تو وہ میری جدائی والی مصیبت کو یاد کرے کیونکہ وہ سب

المصائب وصل علی سیدنا محمد القائل الحکمۃ یمانیۃ والایمان

مصائب سے بڑی ہے۔ اور صلوٰۃ نازل فرما سیدنا محمد پر جن کا قول ہے" حکمت بھی اہل یمن کی ہے اور ایمان کامل

یمانی ومن شم الورد ولم یصل علی فقد جفانی وصل علی سیدنا

بھی اہل یمن کا ہے اور جس نے پھول سونگھا اور مجھ پر درود نہ پڑھا تو اس نے مجھ پر جفا کی اور صلوٰۃ نازل فرما سیدنا

محمد القائل من تمام اسلامکم ان تؤدوا زکوۃ اموالکم وان اللہ لا

محمد پر جن کا قول ہے" تمہارے اسلام کی تکمیل اس امر میں ہے کہ اپنے اموال کی زکوٰۃ ادا کرو اور بیشک اللہ تعالیٰ

ینظر الی صورکم واموالکم ولکن ینظر الی قلوبکم واعمالکم وصل علی

تمہاری صورتوں اور تمہارے اموال کو نہیں دیکھتا بلکہ وہ تمہارے قلوب و اعمال کو دیکھتا ہے۔ اور صلوٰۃ نازل فرما

سیدنا محمد القائل یغفر الشھید من کل ذنب الا الدین والقائل انا

سیدنا محمد پر جن کا قول ہے کہ بخشا جاتا ہے شہید کا ہر گناہ ماسوائے قرض کے اور جن کا قول ہے میں

وکافل الیتیم فی الجنۃ کھاتین وصل علی سیدنا محمد القائل شر

اور یتیم کی کفالت کرنے والا جنت میں ان دو یعنی انگشت شہادت اور درمیانی انگلی کی مانند ہوں گے اور صلوٰۃ نازل فرما سیدنا محمد پر

الماکل مال الیتیم وایاکم وبکاء الیتیم فانہ یسری باللیل والناس

جن کا قول ہے کہ سب سے بدتر کھانا مال یتیم کا کھانا ہے اور دور رکھو اپنے آپ کو یتیم کی آہ و بکا سے کیونکہ وہ چلتی ہے رات کو جبکہ لوگ

نیام وصل علی سیدنا محمد القائل ھلاک ھذہ الامۃ علی یدی رجل

سوئے ہوتے ہیں۔ اور صلوٰۃ نازل فرما سیدنا محمد پر جن کا قول ہے" اس امت کی ہلاکت منافق عالم کے ہاتھ پر

مُنَافِقٍ عَالِمٍ وَّلَا يُعَذِّبُ اللهُ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ مَنْ رَّحِمَ الْيَتِيْمَ وَلَانَ لَهٗ فِي

ہو گی اور اللہ تعالیٰ قیامت کے دن عذاب نہ دے گا اسے جس نے رحم کیا یتیم پر اور اس کے لیے کلام

الْكَلَامِ وَصَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ ن الْقَآئِلِ لَا تُوْضَعُ الرَّحْمَةُ اِلَّا فِيْ قَلْبٍ تَقِيٍّ

میں نرمی کی۔ اور صلوٰۃ نازل فرما سیدنا محمد پر جن کا قول ہے کہ "نہیں رکھی جاتی رحمت مگر متقی کے دل میں

وَلَا تُنْزَعُ الرَّحْمَةُ اِلَّا مِنْ قَلْبٍ شَقِيٍّ وَصَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ ن الْقَآئِلِ اِجْعَلُوْا

اور نہیں کھینچی جاتی مگر بد بخت کے دل سے۔ اور صلوٰۃ نازل فرما سیدنا محمد پر جن کا قول ہے کہ کچھ نمازیں

فِيْ بُيُوْتِكُمْ مِّنْ صَلَاتِكُمْ وَلَا تَتَّخِذُوْهَا قُبُوْرًا وَّ الْقَآئِلِ لَوْ عَلِمْتُمْ مَآ اَعْلَمُ

یعنی نفلی گھروں میں ادا کرو اور گھروں کو قبرستان نہ بناؤ اور جن کا قول ہے "اگر تم جانتے جو میں جانتا ہوں

لَضَحِكْتُمْ قَلِيْلًا وَّ لَبَكَيْتُمْ كَثِيْرًا وَصَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ ن الْقَآئِلِ الْحَلْفُ

تو ہنستے تھوڑا اور روتے زیادہ۔ اور صلوٰۃ نازل فرما سیدنا محمد پر جن کا قول ہے "قسم اُٹھانا

حِنْثٌ اَوْ نَدَمٌ وَلَا يَمُوْتُ لِمُسْلِمٍ ثَلَاثَةٌ مِّنَ الْوَلَدِ فَتَمَسَّهُ النَّارُ اِلَّا تَحِلَّةَ

موجب ہے حانث ہونے کا یا ندامت کا اور نہیں فوت ہوتے مرد مسلم کے لیے تین بچے پھر مس کرے اسے آتش دوزخ

الْقَسَمِ وَصَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ ن الْقَآئِلِ اَبْغَضُ الْحَلَالِ اِلَى اللهِ الطَّلَاقُ وَ

مگر ایفائے عہد کے لیے اور صلوٰۃ نازل فرما سیدنا محمد پر جن کا قول ہے کہ سب سے زیادہ ناپسندیدہ امر اللہ تعالیٰ کے ہاں طلاق ہے

اَحَبُّ الْبِقَاعِ اِلَى اللهِ الْمَسَاجِدُ وَاَبْغَضُ الْبِقَاعِ اِلَى اللهِ الْاَسْوَاقُ وَصَلِّ

اور محبوب ترین قطعہ زمین سے اللہ تعالیٰ کے ہاں مساجد ہیں اور سب سے مبغوض اللہ تعالیٰ کے ہاں بازار ہیں۔ اور صلوٰۃ

عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ ن الْقَآئِلِ الشَّامُ صَفْوَةُ اللهِ مِنْ بِلَادِهٖ وَاَهْلُ الشَّامِ

نازل فرما سیدنا محمد پر جن کا قول ہے کہ "شام اللہ تعالیٰ کا پسندیدہ قطعہ ہے تمام بلاد سے اور اہل شام

سَوْطُ اللهِ فِيْ اَرْضِهٖ يَنْتَقِمُ بِهِمْ مِّمَّنْ يَّشَآءُ مِنْ عِبَادِهٖ وَصَلِّ عَلٰى

اللہ تعالیٰ کا تازیانہ ہیں اس کی زمین میں انتقام لیتا ہے ساتھ ان کے جن بندوں سے لینا چاہیے۔ اور صلوٰۃ نازل فرما

سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ ن الْقَآئِلِ الشَّامُ اَرْضُ الْمَحْشَرِ وَالْمَنْشَرِ وَاِنَّ الرُّوْحَ اِذَا قُبِضَ

سیدنا محمد پر جن کا قول ہے "شام حشر و نشر کی زمین ہے اور جب روح قبض کی جاتی ہے

اَتْبَعَهُ الْبَصَرُ وَصَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ ن الْقَآئِلِ الْمُؤْمِنُ مِرْاٰةُ اَخِيْهِ وَلَا يَحِلُّ

تو نظر اس کا پیچھا کرتی ہے۔ اور صلوٰۃ نازل فرما سیدنا محمد پر جن کا قول ہے کہ "مومن اپنے بھائی کیلئے مانند آئینہ کے ہے اور نہیں

لِمُسْلِمٍ اَنْ يَّنْظُرَ اِلٰى مُسْلِمٍ نَظْرَةً تُؤْذِيْهِ وَصَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ ن الْقَآئِلِ

حلال مسلمان کیلئے کہ دیکھے طرف مسلمان کے ایسی نظر سے جو اسے تکلیف دے اور صلوٰۃ نازل فرما سیدنا محمد پر جن کا قول ہے

كُلُوا الزَّيْتَ وَادَّهِنُوْا بِهٖ فَاِنَّهٗ مِنْ شَجَرَةٍ مُّبَارَكَةٍ وَّاِنَّ اللهَ يُبَاهِيْ بِاَهْلِ

کہ زیتون کھاؤ اور اس کا تیل استعمال کرو کیونکہ وہ مبارک درخت ہے اور بیشک اللہ تعالیٰ فخر کا اظہار فرماتا ہے اہل

الْمَسَاجِدِ الْمَلٰٓئِكَةَ وَصَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ ن الْقَآئِلِ الْاِضْرَارُ فِي الْوَصِيَّةِ مِنَ

مساجد کے ساتھ ملائکہ پر۔ اور صلوٰۃ نازل فرما سیدنا محمد پر جن کا قول ہے "وصیت میں کسی کو ضرر پہنچانا

الْكَبَآئِرِ وَالْقَآئِلِ اِيَّاكَ وَالطَّمَعَ فَاِنَّهُ الْفَقْرُ الْحَاضِرُ وَصَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ ن

کبیرہ گناہوں سے ہے۔ اور جن کا قول ہے "بچا اپنے آپ کو طمع سے کیونکہ وہ فوری موجود فقر ہے۔ اور صلوٰۃ نازل فرما سیدنا محمد پر

الْقَآئِلِ لَا تُشْبِعُهُ الضِّبَاعُ وَيُجْزِيْ مِنَ الْوُضُوْءِ الْمُدُّ وَمِنَ الْجَنَابَةِ الصَّاعُ

جن کا قول ہے کہ "نہیں سونگھتے ایسے طمع کو کفتار اور کفایت کرتا ہے وضو میں ایک سیر پانی اور غسل جنابت میں صاع یعنی

وَصَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ ن الْقَآئِلِ عَمُّ الرَّجُلِ صِنْوُ اَبِيْهِ وَلَا يَخْطُبُ الرَّجُلُ

تقریباً چار سیر۔ اور صلوٰۃ نازل فرما سیدنا محمد پر جن کا قول ہے کہ "آدمی کا چچا اس کے باپ کے ساتھ والی شاخ ہے اور نہ پیغام نکاح دے

عَلٰى خِطْبَةِ اَخِيْهِ وَلَا يَبِيْعُ عَلٰى بَيْعِ اَخِيْهِ وَصَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ ن الْقَآئِلِ

مرد مسلم اپنے بھائی کے پیغام نکاح پر اور نہ سودا کرے اس کے سودا پر اور صلوٰۃ نازل فرما سیدنا محمد پر جن کا قول ہے

لَا تُصَلِّي الْمَلٰٓئِكَةُ عَلٰى نَآئِحَةٍ وَّالدُّنْيَا مَتَاعٌ وَّخَيْرُ مَتَاعِهَا الْمَرْاَةُ الصَّالِحَةُ

کہ ملائکہ نوحہ کرنے والی پر درود نہیں بھیجتے اور دنیا سامان منفعت ہے اور اس کا سب سے بہتر متاع نیک عورت ہے

وَصَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ ن الْقَآئِلِ بَاكِرُوْا فِيْ طَلَبِ الرِّزْقِ فَاِنَّ الْغُدُوَّ

اور صلوٰۃ نازل فرما سیدنا محمد پر جن کا قول ہے کہ صبح سویرے جاؤ رزق کی طلب میں کیونکہ سویرے جانا برابر

بَرَكَةٌ وَّنَجَاحٌ وَّاَرْبَعَةٌ مِّنْ سُنَنِ الْمُرْسَلِيْنَ الْحِنَّا وَالتَّعَطُّرُ وَالسِّوَاكُ وَ

برکت اور کامیابی ہے اور چار چیزیں مرسلین کی سنت سے ہیں۔ مہندی۔ خوشبو۔ مسواک اور

النِّكَاحُ وَصَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ ِالْقَائِلِ الصَّوْمُ جُنَّةٌ وَّغَنِيْمَةُ مَجَالِسِ

نکاح۔ اور صلواۃ نازل فرما سیّدنا محمد پر جن کا قول ہے کہ "روزہ (گناہ کے لیے) ڈھال ہے اور مجالس

الذِّكْرِ الْجَنَّةُ وَصَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ ِالْقَائِلِ مَنْ حَفِظَ لِسَانَهٗ سَتَرَ

ذکر کی فوری منفعت حصول جنت ہے" اور صلواۃ نازل فرما سیّدنا محمد پر جن کا فرمان ہے کہ جس نے اپنی زبان کو محفوظ کر لیا اللہ تعالیٰ اسکے

اللّٰهُ عَوْرَتَهٗ وَمَنْ كَانَتْ هِمَّتُهُ الْاٰخِرَةَ جَمَعَ اللّٰهُ عَلَيْهِ ضَيْعَتَهٗ وَصَلِّ

عیوب پر پردہ دے گا اور جس کا مطمع نظر صرف آخرت ہوگا اللہ تعالیٰ اس پر جمع فرمائے گا اس کی پراگندگیوں کو۔ اور صلواۃ نازل فرما

عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ ِالْقَائِلِ اِنَّ اَوْلَى النَّاسِ بِاللّٰهِ مَنْ بَدَاَهُمْ بِالسَّلَامِ

سیّدنا محمد پر جن کا قول ہے کہ بے شک سب لوگوں سے اللہ تعالیٰ کے قریب وہ ہے جو ان پر سلام میں پہل کرے

وَالزَّكٰوةُ قَنْطَرَةُ الْاِسْلَامِ وَصَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ ِالْقَائِلِ لَا يَدْخُلُ

اور زکواۃ اسلام کا پل ہے۔ اور صلواۃ نازل فرما سیّدنا محمد پر جن کا قول ہے کہ "نہیں داخل ہوگا

الْجَنَّةَ سَيِّئُ الْمَلَكَةِ وَسِبَابُ الْمُسْلِمِ كَالشَّرَفِ عَلَى الْهَلَكَةِ وَصَلِّ عَلٰى

جنت میں بری عادات والا اور مرد مسلم کو گالی دینا ہلاکت کے کنارے پر پہنچنے کے مترادف ہے۔ اور صلواۃ نازل فرما

سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ ِالْقَائِلِ عَوِّدُوْا قُلُوْبَكُمُ الرِّقَّةَ وَاِنْظَارُ الْمُعْسِرِ صَدَقَةٌ

سیّدنا محمد پر جن کا قول ہے" عادی بناؤ اپنے قلوب کو رقت اور نرمی کا اور تنگ دست کو مہلت دینا صدقہ ہے

وَلَا تُدِيْمُوا النَّظَرَ اِلَى الْمَجْذُوْمِيْنَ وَلَوْ سَبَقَ شَيْءٌ الْقَدَرَ لَسَبَقَتْهُ

اور ہمیشہ جذامیوں کو نہ دیکھو۔ اور اگر سبقت لے جاتی (بالفرض) کوئی شئ تقدیر سے

الْعَيْنُ وَصَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ ِالْقَائِلِ ذُوالْوَجْهَيْنِ لَا يَكُوْنُ عِنْدَ اللّٰهِ

تو نظر بد سبقت لے جاتی۔ اور صلواۃ نازل فرما سیّدنا محمد پر جن کا قول ہے" چغل خور اللہ تعالیٰ کے ہاں

وَجِيْهًا وَّمَنْ حَفِظَ مِنْ اُمَّتِيْ اَرْبَعِيْنَ حَدِيْثًا مِّنْ اَمْرِ دِيْنِهَا بَعَثَهُ اللّٰهُ

آبرومند نہیں ہوگا اور میری امت کا جو فرد یاد کرے گا چالیس احادیث اپنے دین کے بارے میں اللہ تعالیٰ اسکو مبعوث

يَوْمَ الْقِيٰمَةِ عَالِمًا فَقِيْهًا وَصَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ ِالْقَائِلِ اَكْرِمُوا الْعُلَمَاءَ

فرمائے گا قیامت کے دن عالم و فقیہ کی شان سے اور صلواۃ نازل فرما سیّدنا محمد پر جن کا قول ہے" علماء کی تکریم کیا کرو

فَاِنَّهُمْ كُرَمَاءُ عَلَى اللّٰهِ وَتَبَجَّلُوا الْمَشَائِخَ فَاِنَّ تَبْجِيْلَهُمْ مِنْ تَعْظِيْمِ جَلَالِ

کیونکہ وہ اللہ تعالیٰ کے ہاں مکرم ہیں اور مشائخ کی تعظیم کیا کرو کیونکہ ان کی تعظیم اللہ تعالیٰ کی تعظیم و اجلال سے

اللّٰهِ وَصَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ ِالْقَائِلِ اِنَّكَ عَفُوٌّ تُحِبُّ الْعَفْوَ فَاعْفُ عَنَّا

ہے اور صلواۃ نازل فرما سیّدنا محمد پر جن کا قول ہے "اے اللہ تو درگزر فرمانے والا ہے درگزر کو محبوب رکھتا ہے پس ہم

وَمَنْ كَانَ مُوْسِرًا لَا يَنْكِحُ فَلَيْسَ مِنَّا وَمَنْ حَلَفَ بِمَكَّةَ غَيْرَ الْاِسْلَامِ كَاذِبًا

سے درگزر فرما اور جو خوشحال ہوتے ہوئے نکاح نہ کرے تو وہ ہم میں سے نہیں ہے اور جو حلف اٹھائے مکہ مکرمہ میں ملت کفر کے ساتھ اور آنحالیکہ

فَهُوَ كَمَا قَالَ وَاِنَّ اللّٰهَ كَتَبَ الْغَيْرَةَ عَلَى النِّسَاءِ وَالْجِهَادَ عَلَى الرِّجَالِ وَ

وہ کاذب ہے تو وہ اسی طرح ہے جس طرح اس نے کہا اور اللہ تعالیٰ نے مقدر فرمائی ہے غیرت عورتوں کے حق میں اور جہاد مردوں پر اور

صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ ِالْقَائِلِ خَيْرُ النَّاسِ مَنْ يَّنْتَفِعُ بِهِ النَّاسُ وَمَنِ

صلواۃ نازل فرما سیّدنا محمد پر جن کا قول ہے" سب لوگوں سے بہتر وہ ہے جس سے لوگ نفع اٹھائیں اور جو

احْتَكَرَ عَلَى الْمُسْلِمِيْنَ طَعَامَهُمْ ضَرَبَهُ اللّٰهُ بِالْجُذَامِ وَالْاِفْلَاسِ وَ

روک رکھے لوگوں سے طعام کو اللہ تعالیٰ اس کو جذام اور افلاس کا نشانہ بنائے گا اور

صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ ِالْقَائِلِ الْحِنَّاءُ بَعْدَ النُّوْرَةِ اَمَانٌ مِّنَ الْجُذَامِ وَمَنِ

صلواۃ نازل فرما سیّدنا محمد پر کہ جن کا قول ہے" مہندی کا استعمال چونا استعمال کرنے کے بعد جذام سے امان ہے اور

ادَّعٰى اِلٰى غَيْرِ اَبِيْهِ وَهُوَ يَعْلَمُ فَالْجَنَّةُ عَلَيْهِ حَرَامٌ وَالْقَائِلِ الْاَنْصَارُ شِعَارٌ

جس نے اپنی نسبت کی باپ کے علاوہ دوسرے شخص کی طرف حالانکہ وہ جانتا ہے تو جنت اس پر حرام ہے اور جن کا قول ہے" انصار مانند بالا

وَالنَّاسُ دِثَارٌ وَّذُو الْوَجْهَيْنِ لَهٗ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ وَجْهَانِ مِنَ النَّارِ وَصَلِّ

سے متصل لباس کے ہیں اور دوسرے تمام لوگ اس کے بعد والے کپڑے کی مانند اور چغلخور کیلئے قیامت کے دن دو منہ ہوں گے آتش دوزخ سے اور

عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ ِالْقَائِلِ الْمُسْتَشَارُ مُؤْتَمَنٌ وَّالْجَالِبُ مَرْزُوْقٌ وَ

صلواۃ نازل فرما سیّدنا محمد پر جن کا قول ہے کہ جس سے مشورہ طلب کیا گیا وہ امین ہے اور باہر سے مال تجارت لانیوالا وسیع رزق والا ہے

الْمُحْتَكِرُ مَلْعُوْنٌ وَّاَفْضَلُ الْعِبَادَاتِ اِنْتِظَارُ الْفَرَجِ وَبَلِّغُوْا عَنِّيْ وَلَوْ اٰيَةً

اور طعام روک رکھنے والا ملعون ہے اور سب سے افضل عبادت فراخی کا انتظار ہے اور پہنچاؤ میری طرف سے اگرچہ ایک آیت ہی ہو

وَحَدِّثُوا عَنْ بَنِیْ اِسْرَآئِیْلَ وَلَا حَرَجَ وَصَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدِ ﹶالْقَآئِلِ
اور بیان کرو بنی اسرائیل سے اور اس میں حرج نہیں ہے اور صلوٰۃ نازل فرما سیّدنا محمد پر جن کا قول ہے کہ
لَیْسَ شَیْءٌ اَکْرَمَ عَلَی اللّٰہِ مِنَ الدُّعَآءِ وَلَا یَرُدُّ الْقَضَآءَ اِلَّا الدُّعَآءُ وَخَیْرُ
"نہیں ہے کوئی شئی زیادہ عزت والی اللہ تعالیٰ پر دُعا سے اور قضاء کو رد نہیں کر سکتی مگر دُعاء اور سب سے بہتر
النَّاسِ اَحْسَنُھُمْ قَضَآءً وَّاِنَّ اللّٰہَ جَعَلَ الرَّوْحَ وَالْفَرَحَ وَالْیَقِیْنَ فِی الرِّضَا
شخص وہ ہے جو قضائے دیون میں بہتر ہے اور بیشک اللہ تعالیٰ نے بنائی ہے راحت اور فرحت اور یقین رضا در بالقضاء میں
وَصَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدِ ﹶالْقَآئِلِ اِعْلَمْ اَنَّ النَّصْرَ مَعَ الصَّبْرِ وَالْفَرَجَ مَعَ
اور صلوٰۃ نازل فرما سیّدنا محمد پر جن کا فرمان ہے "یقین جانو کہ نصرت صبر کے ساتھ ہے اور کشائش
الْکَرْبِ وَاِنَّ مَعَ الْعُسْرِ یُسْرًا وَّمَنْ یَّمْشِیْ اِلٰی طَعَامٍ لَمْ یُدْعَ اِلَیْہِ فَقَدْ
پریشانی کے بعد ہے اور بیشک ہر تنگی کے ساتھ آسانی ہے اور جو چلے طرف اس کھانے کے جس کی طرف نہیں بلایا گیا تو وہ
دَخَلَ سَارِقًا وَّخَرَجَ مُغِیْرًا وَصَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدِ ﹶالْقَآئِلِ اِعْمَلْ
داخل ہوا بحیثیت چور کے اور نکلا بطور غارتگر کے اور صلوٰۃ نازل فرما سیّدنا محمد پر جن کا قول ہے کہ اللہ کے فرائض پر
بِفَرَآئِضِ اللّٰہِ تَکُنْ عَابِدًا وَّارْضَ بِقَسْمِ اللّٰہِ تَکُنْ زَاھِدًا وَّازْھَدْ فِی
عمل پیرا ہوگا تو عابد بن جائے گا اور اللہ تعالیٰ کی تقسیم پر راضی ہو گا تو زاہد بن جائے گا اور دنیا سے بے رغبتی
الدُّنْیَا یُحِبُّکَ اللّٰہُ وَاِذَا ظَھَرَتِ الْبِدَعُ وَسَکَتَ الْعَالِمُ لَعَنَہُ اللّٰہُ وَصَلِّ
اختیار کرے گا تو اللہ تعالیٰ کا محبوب بن جائے گا اور جب بدعات ظاہر ہوں اور عالم چپ رہے تو اللہ تعالیٰ اس پر لعنت فرمائیگا
عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدِ ﹶالْقَآئِلِ مَنْ مَّاتَ بِاَحَدِ الْحَرَمَیْنِ بُعِثَ مِنَ الْاٰمِنِیْنَ
اور صلوٰۃ نازل فرما سیّدنا محمد پر جن کا فرمان ہے "جو حرام مکہ اور حرم مدینہ میں سے کسی میں مریگا تو اس کو اہل امن میں اٹھایا جائے گا
وَمَنْ اَذَلَّ عَالِمًا اَذَلَّہُ اللّٰہُ یَوْمَ الْقِیٰمَۃِ عَلٰی رُءُوْسِ الْاَوَّلِیْنَ وَالْاٰخِرِیْنَ
اور جس نے عالم کو ذلیل کیا اللہ تعالیٰ اسے قیامت کے دن ذلیل کرے گا تمام اولین اور آخرین کے سامنے
وَلَا خُلْفَ فِی الْاِسْلَامِ وَیَدْخُلُ الْفُقَرَآءُ الْجَنَّۃَ قَبْلَ الْاَغْنِیَآءِ بِخَمْسِمِائَۃِ
اور اسلام میں دور جاہلیت کی دھڑے بندی نہیں ہے اور فقراء مومنین داخل ہوں گے جنت میں اغنیاء سے پانچ سو

عَامٍ وَصَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدِ ﹶالْقَآئِلِ اِلْتَمِسُوا الْجَارَ قَبْلَ شِرَآءِ الدَّارِ
سال پہلے۔ اور صلوٰۃ نازل فرما سیّدنا محمد پر جن کا قول ہے کہ تلاش کرو پڑوسی کو مکان خریدنے سے قبل
وَالْمَکْرُ وَالْخِدَاعُ فِی النَّارِ وَقَیِّدُوا الْعِلْمَ فِی الْکِتَابِ وَاتَّقُوا الْحَرَامَ فِی
اور مکر اور دھوکہ فریب (والا) دوزخ میں ہے اور مقید کرو علم کو کتاب میں اور بچو حرام کے استعمال سے
الْبُنْیَانِ فَاِنَّہٗ اَسَاسُ الْخَرَابِ وَصَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدِ ﹶالْقَآئِلِ
تعمیرات میں کیونکہ وہ خرابی کی بنیاد ہے۔ اور صلوٰۃ نازل فرما سیّدنا محمد پر جن کا قول ہے کہ
عَلَیْکَ بِحُسْنِ الْکَلَامِ وَبَذْلِ الطَّعَامِ وَبِرِّ الْحَآجِّ وَاِطْعَامِ الطَّعَامِ وَ
" لازم پکڑو اچھی کلام کو اور طعام صرف کرنے کو اور حاجیوں سے نیکی و احسان کو اور کھانا کھلانے کو اور
طِیْبِ الْکَلَامِ وَالْتَمِسُوا الرِّزْقَ مِنْ خَبَایَا الْاَرْضِ وَدَعُوا النَّاسَ
پاکیزہ کلام کو اور تلاش کرو رزق کو زمین کے مخفی خزائن سے اور چھوڑو لوگوں کو (اپنے حال پر)
یَرْزُقُ اللّٰہُ بَعْضَھُمْ مِّنْ بَعْضٍ وَّاِنَّ مِنَ الْبَیَانِ لَسِحْرًا وَّاِیَّاکَ وَ
روزی دے گا اللہ تعالیٰ بعض کو بعض سے اور بیشک بعض بیان البتہ جادو (کی مانند) ہیں اور بچاؤ اپنے آپ کو
دَعْوَۃَ الْمَظْلُوْمِ وَاِنْ کَانَ کَافِرًا وَصَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدِ ﹶالْقَآئِلِ
مظلوم کی دعائے بد سے اگرچہ کافر ہی ہو اور صلوٰۃ نازل فرما سیّدنا محمد پر جن کا قول ہے
اِنَّ اللّٰہَ یُحِبُّ کُلَّ قَلْبٍ حَزِیْنٍ وَّرِضَی اللّٰہِ فِیْ رِضَی الْوَالِدَیْنِ وَکُلُّ
"بے شک اللہ تعالیٰ محبوب رکھتا ہے ہر غمزدہ دل کو اور اللہ تعالیٰ کی رضا والدین کی رضا مندی میں ہے اور ہر
ذِیْ نِعْمَۃٍ مَّحْسُوْدٌ وَّاَوَّلُ مَنْ دَخَلَ الْحَمَّامَ وَوُضِعَتْ لَہُ النُّوْرَۃُ
نعمت والا حسد کیا جاتا ہے اور سب سے پہلے جو داخل ہوئے حمام میں اور ان کے لیے چونہ بنایا گیا
سُلَیْمَانُ بْنُ دَاوٗدَ وَصَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدِ ﹶالْقَآئِلِ تَھَادَوْا تَحَابُّوْا
وہ سلیمان بن داؤد علیہما السلام ہیں۔ اور صلوٰۃ نازل فرما سیّدنا محمد پر جن کا قول ہے کہ باہم تحائف کا تبادلہ کرو تو باہم محبت
وَحَاسِبُوْا اَنْفُسَکُمْ قَبْلَ اَنْ تُحَاسَبُوْا وَتَھَادَوْا تَزْدَادُوْا حُبًّا وَّسَاقِیْ
ہوگی تم میں اور اپنا محاسبہ کرو قبل اس کے کہ تم سے حساب لیا جائے اور باہم ہدیے دو تم میں باہم محبت بڑھے گی اور

الْقَوْمِ اٰخِرُهُمْ شُرْبًا وَّلَا تَكْشِفْ فَخِذَكَ فَاِنَّ الْفَخِذَ عَوْرَةٌ وَّاِنَّ اللّٰهَ

قوم کو پلانے والا ان سے مؤخر پینے میں اور اپنے ران کو برہنہ نہ کر کیونکہ وہ شرمگاہ میں داخل ہے اور یقیناً اللہ

يَنْظُرُ فِيْ خَلْقِهٖ كُلَّ يَوْمٍ سِتِّيْنَ نَظْرَةً وَصَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ نِالْقَآئِلِ

نظر فرماتا ہے اپنی مخلوق میں ہر دن ستر بار۔ اور صلوٰۃ نازل فرما سیّدنا محمد پر جن کا قول ہے کہ

اَصْدَقُ الرُّؤْيَا بِالْاَسْحَارِ وَاِنَّ فُرُوْجَ الزُّنَاةِ لَيُؤْذِيْ اَهْلَ النَّارِ وَفِيْ

"سب سے سچے خواب وقت سحر والے ہیں اور زناکاروں کی شرمگاہیں البتہ ایذا دیں گی اہل دوزخ کو اور

كُلِّ رَطْبٍ اَجْرٌ وَّاِنَّ الزِّنَا يُوْرِثُ الْفَقْرَ وَصَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ نِالْقَآئِلِ

ہر ذی روح میں اجر ہے (کھلانے پلانے پر) اور زنا فقر کا موجب ہے اور صلوٰۃ نازل فرما سیّدنا محمد پر جن کا قول ہے کہ

اَلْمُقِيْمُ عَلَى الزِّنَا كَعَابِدِ وَثَنٍ وَّمَنِ اقْتَرَبَ مِنْ اَبْوَابِ السَّلَاطِيْنِ

"زنا پر برقرار شخص بت پرست کی مانند ہے اور جو سلاطین کے دروازوں کے قریب ہوا تو وہ

اُفْتُتِنَ وَصَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ نِالْقَآئِلِ حَصِّنُوْآ اَمْوَالَكُمْ بِالزَّكٰوةِ وَ

فتنہ میں مبتلا ہوگا" اور صلوٰۃ نازل فرما سیّدنا محمد پر جن کا قول ہے کہ "محفوظ کرو اپنے اموال کو زکوٰۃ ادا کر کے اور

حُفَّتِ الْجَنَّةُ بِالْمَكَارِهِ وَالنَّارُ بِالشَّهَوَاتِ وَاتَّقُوا النَّارَ وَلَوْ بِشِقِّ تَمْرَةٍ

ڈھانپا گیا ہے جنت کو ساتھ مشقتوں کے اور آگ کو ساتھ خواہشات نفس کے اور بچو تم آگ سے اگرچہ آدھی کھجور (کے

وَمَآ اَصَرَّ مَنِ اسْتَغْفَرَ فِي الْيَوْمِ سَبْعِيْنَ مَرَّةً وَصَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ نِ

صدقہ) سے اور نہیں اصرار کیا (گناہ پر) جس نے استغفار کی (اگرچہ گناہ کرے) دن میں ستر مرتبہ اور صلوٰۃ نازل فرما سیّدنا محمد پر

الْقَآئِلِ مَنْ يُّرِدِ اللّٰهُ بِهٖ خَيْرًا يُّفَقِّهْهُ فِي الدِّيْنِ وَلَا يُلْدَغُ الْمُؤْمِنُ

جن کا قول ہے کہ" اللہ تعالیٰ جس کے ساتھ بھلائی کا ارادہ رکھتا ہے اس کو دین کی سمجھ عطا کرتا ہے اور نہیں ڈسا جاتا مومن

مِنْ جُحْرٍ مَّرَّتَيْنِ وَصَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ نِالْقَآئِلِ رَحِمَ اللّٰهُ الْمُتَخَلِّلِيْنَ

ایک بل سے دو مرتبہ اور صلوٰۃ نازل فرما سیّدنا محمد پر جن کا قول ہے "رحم فرمائے اللہ تعالیٰ خلال کرنے

مِنْ اُمَّتِيْ فِي الْوُضُوْءِ وَصَنَائِعُ الْمَعْرُوْفِ تَقِيْ مِنْ مَّصَارِعِ السُّوْءِ وَلَا

والے امتیوں پر وضو میں اور نیک کام دور رکھتے ہیں بری ہلاکت اور موت کے مقامات سے اور نہیں

هَمَّ اِلَّا هَمُّ الدَّيْنِ وَلَا وَجَعَ اِلَّا وَجَعُ الْعَيْنِ وَلَا يَجُوْزُ شَهَادَةُ الْخَصْمِ

غم مگر غم دین کا اور نہیں درد مگر درد آنکھ کا اور نہیں جائز گواہی مدعی کی اور

وَلَا ظَنِيْنٍ وَصَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ نِالْقَآئِلِ طُوْبٰى لِمَنْ وُّجِدَ فِيْ صَحِيْفَتِهٖ

نہ متہم کی اور صلوٰۃ نازل فرما سیّدنا محمد پر جن کا قول ہے "مبارک ہے اس کیلئے جس کے نامہ اعمال میں

اِسْتِغْفَارًا كَثِيْرًا وَّلَا تَقُوْمُ السَّاعَةُ حَتّٰى يَتَسَافَدَ النَّاسُ فِي الطَّرِيْقِ تَسَافُدَ

بہت استغفار پائی گئی اور نہ قائم ہوگی قیامت یہاں تک کہ لوگ علانیہ جماع کریں گے راہوں میں مانند

الْحَمِيْرِ وَاَدِرْ مَعَ الْحَقِّ حَيْثُ دَارَ وَيُبْعَثُ شَاهِدُ الزُّوْرِ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ مُوْلِغًا

گدھوں کے اور پھر ساتھ حق کے جدھر وہ پھرے اور اٹھایا جائے گا جھوٹا گواہ قیامت کے دن اس حال میں کہ لٹکنے والی

لِسَانُهٗ فِي النَّارِ وَصَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ نِالْقَآئِلِ هَدِيَّةُ اللّٰهِ الْمُؤْمِنِ السَّآئِلُ

والی ہوگی اس کی زبان آگ سے۔ اور صلوٰۃ نازل فرما سیّدنا محمد پر جن کا قول ہے اللہ تعالیٰ کا ہدیہ ہے مومن کیلیے سائل کا

عَلٰى بَابِهٖ وَاِنَّ النَّاسَ اِذَا رَاَوُا الظَّالِمَ وَلَمْ يَاْخُذُوْا عَلٰى يَدَيْهِ يُوْشِكُ اَنْ

اس کے دروازے پر ہونا اور بیشک لوگ جب دیکھیں ظالم کو اور نہ پکڑیں اس کے ہاتھ تو قریب ہے کہ اللہ تعالیٰ

يَّعُمَّهُمُ اللّٰهُ بِعَذَابِهٖ وَاِذَا حَدَّثَ الرَّجُلُ حَدِيْثًا ثُمَّ الْتَفَتَ فَهُوَ اَمَانَةٌ وَّلَا

اپنا عذاب سب پر عام کر دے اور جب آدمی کوئی بات کرے پھر ادھر ادھر دیکھے تو وہ بات امانت ہے اور نہ

تَقُوْمُ السَّاعَةُ حَتّٰى يَمُرَّ الرَّجُلُ بِقَبْرِ الرَّجُلِ فَيَقُوْلُ يٰلَيْتَنِيْ كُنْتُ مَكَانَهٗ

قائم ہوگی قیامت یہاں تک کہ گزرے گا مرد دوسرے کی قبر پر سے پس کہے گا اے کاش میں ہوتا اس کی جگہ میں

وَصَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ نِالْقَآئِلِ شَرُّ مَا فِي الرَّجُلِ شُحٌّ هَالِعٌ اَوْ جُبْنٌ خَالِعٌ

اور صلوٰۃ نازل فرما سیّدنا محمد پر جن کا قول ہے بدترین شئ جو آدمی میں ہے وہ بخل ہے بے صبر کرنیوالا ہے یا بزدلی

وَمِنْ سَعَادَةِ الْمَرْءِ الْمَرْكَبُ الْهَنِيْءُ وَالْجَارُ الصَّالِحُ وَالْمَسْكَنُ الْوَاسِعُ وَشَرُّ الْكَسْبِ

جو الگ کرنیوالی ہے اور مرد کی سعادتمندی سے ہے خوشگوار سواری اور نیک پڑوسی اور کشادہ رہائش گاہ۔ اور بدترین کمائی سود

كَسْبُ الرِّبَا وَبَدَاَ الْاِسْلَامُ غَرِيْبًا وَّسَيَعُوْدُ غَرِيْبًا فَطُوْبٰى لِلْغُرَبَآءِ وَلَا يَنْبَغِيْ

کی کمائی ہے۔ ابتداء ہوئی اسلام کی غریبوں میں اور عنقریب رہ جائے گا صرف غریبوں میں پس مبارکبادی ہے غرباء کیلئے بالکل نہیں لائق

لِلصِّدِّيقِ أَنْ يَكُونَ لَعَّانًا وَمَنِ انْتَهَرَ صَاحِبَ بِدْعَةٍ مَلَأَ اللهُ قَلْبَهُ أَمْنًا
صدیق کے کہ وہ ہو لعنت کرنے والا ۔ اور جس نے جھڑک دیا بدعتی کو اللہ تعالیٰ بھر دے گا دل اس کا امن اور
وَإِيمَانًا وَصَلِّ عَلَى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ الْقَائِلِ لَا تُرْضِيَنَّ أَحَدًا بِسَخَطِ اللهِ وَلَا تَحْسُدَنَّ
ایمان کے ساتھ ۔ اور صلوٰۃ نازل فرما سیدنا محمد پر جن کا قول ہے کہ ہرگز نہ راضی کر کسی کو اللہ تعالیٰ کو ناراض کرکے اور نہ حسد کرے
أَحَدًا عَلَى فَضْلِ اللهِ وَصَلِّ عَلَى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ الْقَائِلِ إِيَّاكَ وَالطَّمَعَ فَإِنَّهُ
کسی سے اللہ تعالیٰ کے فضل پر اور صلوٰۃ نازل فرما سیدنا محمد پر جن کا قول ہے کہ دور رکھ اپنے آپ کو طمع سے کیونکہ وہ
فَقْرٌ حَاضِرٌ وَأَفْضَلُ الْجِهَادِ كَلِمَةُ حَقٍّ عِنْدَ السُّلْطَانِ الْجَائِرِ وَمَنْ رَغِبَ عَنْ
حاضر فقر ہے اور افضل ترین جہاد کلمہ حق کہنا ہے سامنے ظالم بادشاہ کے ۔ اور جس نے اعراض کیا
سُنَّتِي فَلَيْسَ مِنِّي وَأَيْنَمَا كُنْتُمْ فَصَلُّوا عَلَيَّ فَإِنَّ صَلَاتَكُمْ تَبْلُغُنِي وَكُلُّ أَمْرٍ
میری سنت سے تو وہ مجھ سے نہیں ہے ۔ اور تم جہاں کہیں بھی ہو مجھ پر درود بھیجو کیونکہ تمہارا درود مجھے پہنچایا جاتا ہے ۔ اور ہر
ذِي بَالٍ لَا يُبْدَأُ فِيهِ بِحَمْدِ اللهِ فَهُوَ أَجْزَمُ وَالْخَيْرُ بِالْخَيْرِ وَالْبَادِي أَكْرَمُ وَالشَّرُّ
ذیشان امر جس میں آغاز اللہ تعالیٰ کی حمد سے نہ کیا جائے پس وہ بے برکت ہے ۔ اور خیر بدلہ ہے خیر کا اور ابتداء کرنیوالا زیادہ کریم ہے
بِالشَّرِّ وَالْبَادِي أَظْلَمُ وَصَلِّ عَلَى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ الْقَائِلِ أَهِنْ مَنْ أَهَانَكَ وَلَوْ
اور شر بدلہ ہے شر کا اور آغاز کرنیوالا ظالم ہے ۔ اور صلوٰۃ نازل فرما سیدنا محمد پر جن کا قول ہے اہانت کر اس کی جو تیری اہانت کرے اگرچہ
كَانَ حُرًّا قُرَشِيًّا وَأَكْرِمْ مَنْ أَكْرَمَكَ وَلَوْ كَانَ عَبْدًا حَبَشِيًّا وَلَا يَنْبَغِي لِمُؤْمِنٍ أَنْ
آزاد مرد اور قریشی ہی ہو اور عزت کر اس کی جو تیری عزت کرے اگر عبد حبشی ہی ہو اور نہیں لائق مومن کے کہ اپنے
يُذِلَّ نَفْسَهُ وَمَنْ بَاتَ فِي رِيحِ غَمَرٍ فَأَصَابَهُ وَضَحٌ فَلَا يَلُومَنَّ إِلَّا نَفْسَهُ وَ
آپ کو ذلیل کرے اور جو شخص رات گزارے چکنائی اور چربی کی بو میں پس پہنچے اسے شکستگی پس نہ ملامت کرے مگر اپنے
صَلِّ عَلَى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ الْقَائِلِ لَعَنَ اللهُ مَنْ لَعَنَ وَالِدَهُ وَلَا تَقُومُ السَّاعَةُ
نفس کو اور صلوٰۃ نازل فرما سیدنا محمد پر جن کا قول ہے کہ اللہ تعالیٰ اس پر لعنت کرے جو اپنے والد پر لعنت کرے اور نہ قائم ہوگی قیامت
حَتَّى تَقْتَتِلَ فِئَتَانِ عَظِيمَتَانِ دَعْوَاهُمَا وَاحِدَةٌ وَمَنْ قَاتَلَ فِي سَبِيلِ اللهِ
یہاں تک کہ باہم جنگ لڑیں گے دو عظیم گروہ جن کا دعویٰ ایک ہوگا یعنی اسلام کا ۔ اور جس نے قتال کیا اللہ تعالیٰ کی راہ میں

فُوَاقَ نَاقَةٍ حَرَّمَ اللهُ وَجْهَهُ عَلَى النَّارِ وَإِنَّ لِلْقُلُوبِ صَدَاءً كَصَدَاءِ النُّحَاسِ
اونٹنی دوہنے کی مقدار حرام ٹھہرائے گا اللہ تعالیٰ اس کے چہرے کو آگ پر ۔ اور بیشک دلوں پر زنگ ہوتا ہے مانند زنگ تانبے کے
وَجِلَاءُهَا الِاسْتِغْفَارُ وَصَلِّ عَلَى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ الْقَائِلِ الطَّاعُونُ شَهَادَةٌ لِكُلِّ مُسْلِمٍ
اور اس کا صیقل استغفار ہے ۔ اور صلوٰۃ نازل فرما سیدنا محمد پر جن کا قول ہے کہ طاعون شہادت ہے واسطے ہر مسلمان کے
وَسَتَكُونُ فِتَنٌ كَقِطَعِ اللَّيْلِ الْمُظْلِمِ وَزَيِّنُوا أَصْوَاتَكُمْ بِالْقُرْآنِ الْمُكَرَّمِ
اور عنقریب ہوں گے فتنے مانند تاریک رات کے قطعات کے اور مزین کرو اپنی آوازوں کو ساتھ قرآن کریم کے ۔ اور قرآن
وَالْمَاهِرُ بِالْقُرْآنِ مَعَ السَّفَرَةِ الْبَرَرَةِ وَإِنَّ الشَّيْطَانَ لَا يَقْرُبُ الْبَيْتَ الَّذِي
میں ماہر نیک ملائکہ یعنی کراماً کاتبین کے ساتھ ہوگا ۔ اور بیشک شیطان نہیں قریب ہوتا اس گھر کے جس میں پڑھی
تُقْرَأُ فِيهِ سُورَةُ الْبَقَرَةِ وَصَلِّ عَلَى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ الْقَائِلِ مَنْ مَشَى بَيْنَ
جائے سورۃ البقرہ ۔ اور صلوٰۃ نازل فرما سیدنا محمد پر جن کا قول ہے کہ جو شخص چلا
الْفَرْضَيْنِ كَانَ لَهُ بِكُلِّ خُطْوَةٍ حَسَنَةٌ وَكُلُّكُمْ رَاعٍ وَكُلُّ رَاعٍ مَسْئُولٌ عَنْ رَعِيَّتِهِ
دو فرضوں کے درمیان اس کے لیے ہر قدم پر نیکی ہوگی اور تم میں سے ہر فرد نگران ہے اور ہر نگران بازپرس کیا جائیگا اپنی رعیت
وَمَنْ أَنْظَرَ مُعْسِرًا إِلَى مَيْسَرَتِهِ أَنْظَرَهُ اللهُ إِلَى تَوْبَتِهِ وَإِنَّ أَوَّلَ مَا يُوضَعُ فِي
کے متعلق ۔ اور جس نے مہلت دی تنگ دست کو اس کی خوشحالی تک اس کو اللہ تعالیٰ مہلت دے گا اس کی توبہ تک اور بیشک سب سے پہلی چیز جو
الْمِيزَانِ الْخُلُقُ الْحَسَنُ وَثَلَاثَةٌ لَا تُرَدُّ الْوَسَائِدُ وَالدُّهْنُ وَاللَّبَنُ وَصَلِّ
میزان میں رکھی جائیگی وہ خلق حسن ہے اور تین اشیاء کو واپس نہیں کرنا چاہیے ۔ تکیئے ۔ تیل اور دودھ ۔ اور صلوٰۃ نازل فرما
عَلَى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ الْقَائِلِ رُبَّ قَائِمٍ لَيْسَ لَهُ مِنْ قِيَامِهِ إِلَّا السَّهَرُ وَمَنْ
سیدنا محمد پر کہ جن کا قول ہے "بہت سے شب خیز ہیں کہ نہیں ہے ان کیلئے ان کے قیام سے مگر صرف بیداری ۔ اور جس
أَهَانَ صَاحِبَ بِدْعَةٍ آمَنَهُ اللهُ يَوْمَ الْفَزَعِ الْأَكْبَرِ وَصَلِّ عَلَى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ
نے اہانت کی صاحب بدعت کی اللہ تعالیٰ اس کو امن دے گا بہت بڑی گھبراہٹ کے دن ۔ اور صلوٰۃ نازل فرما سیدنا محمد پر
مَنْ لَهُ الرَّفِيقُ الْأَعْلَى اللّٰهُمَّ صَلِّ عَلَى الذَّاتِ الْمُحَمَّدِيَّةِ اللَّطِيفَةِ الْأَحَدِيَّةِ
جن کے لیے رفیق اعلیٰ ہے ۔ اے اللہ صلوٰۃ نازل فرما ذات محمدی پر جو پاکیزہ و لطیف یکتا و یگانہ ۔ فلک

شمس سماء الاسرار ومظهر الانوار ومركز مدار الجلال وقطب فلك

اسرار کے آفتاب اور مظہر انوار ہیں اور دائرۂ جلال کے مرکز اور فلک جمال کے

الجمال اللهم افض صلة صلواتك وسلامة تسليماتك على اول

قطب ہیں۔ اے اللہ جاری فرما عطیہ اپنی صلوات کا اور سلامتی اپنی تسلیمات کی تمام تعینات

التعينات المفاضة من النعماء الربانى واخر التنزلات المضافة

سے اول تعین وتشخص پر جن کا فیضان کیا گیا ربانی نعمتوں سے اور آخری تنزل پر ان تنزلات میں سے جو منسوب ہیں

الى النوع الانسانى المهاجر من مكة كان الله ولم يكن معه شئ ثان الى

طرف نوع انسانی کے جو ہجرت کرنے والے ہیں اس حرم مکہ سے "کہ اللہ تعالیٰ تھا اور نہ تھی ساتھ اس کے کوئی دوسری چیز" طرف اس

مدينة وهو الان على ما عليه كان محصى عوالم الحضرات الالهية الخمس

حرم مدینہ کے "کہ وہ اب بھی اسی طرح ہے جس طرح کہ پہلے تھا۔ احاطہ کئے ہوئے ہے پانچوں حضرات الٰہیہ کے عوالم کا اپنے

فى وجوده وكل شئ احصينه فى امام مبين وراحم وسائلى لاستعدادها

وجود میں اور ہر شئی کو ہم نے محفوظ کر رکھا ہے امام مبین میں۔ اور رحم فرمانے والے ہیں میرے وسائل پر بسبب لیاقت حاصل

بنداء وجوده وما ارسلنك الا رحمة للعلمين ونقطة البسملة الجامعة

کرنے ان کے ساتھ آپ کے اس اعلان وجود کے "اور نہیں مبعوث فرمایا ہم نے آپ کو مگر رحمت واسطے تمام جہانوں کے اور وہ بسملہ کا نقطہ (بادا) ہیں

لما يكون ولما كان نقطة الامر الجوالة بدوائر الاكوان فى سر الهوية التى

جو جامع ہے ما یکون اور ما کان کو اور نقطہ ہیں امر (کُن) کا جو گردش میں لانے والا ہے موجودات کے دائروں کو اس ہویت کے بطون میں جو

فى كل شئ سارية وعن كل شئ مجردة وعارية وامين الله على خزائن

ہر شئی میں سرایت کئے ہوئے ہے اور ہر شئی سے مجرد اور بے تعلق بھی ہے اور اللہ تعالیٰ کے امین ہیں متعدی خیرات کے خزائن پر

الفواضل ومستودعها ومقسمها على حسب القوابل وموزعها وكلمة الاسم

اور ان کو ودیعت رکھنے والے اور تقسیم کرنے والے بانٹنے والے ہیں مطابق اہلیتوں اور صلاحیتوں کے اور اسم اعظم والا کلمہ ہیں

الاعظم وفاتحة الكنز المطلسم ومظهر الاتم الجامع بين العبودية والربوبية

اور کنز طلسمی کا آغاز ہیں اور مظہر اتم ہیں جو جامع ہیں درمیان عبودیت و ربوبیت کے

والنشاة الاعم الشامل للامكانية والوجوبية والطود الاسم الذى لم يزحزحه

اور نشأۃ: شامل ہے امکان و وجوب کو اور مضبوط چٹان ہیں جن کو نہیں جنبش دے سکی

تجلى التعينات عن مقام التمكين والبحر الخضم الذى لم تعكره جيف الغفلات

تعینات کی تجلی مقام تمکین و رسوخ سے اور وسیع سمندر ہیں کہ نہیں گدلا کر سکے اس کو غفلتوں کے مردار

صفاء اليقين والقلم النورانى الجارى بمداد الحروف العاليات والنفس

(صلوٰۃ ہو) صفاء یقین پر اور قلم نورانی پر جو جاری ہے حروف عالیہ کی روشنائی کے ساتھ اور نفس

الرحمانى السارى بمواد الكلمات التامات والفيض الاقدس الذاتى

رحمانی پر جو چلنے والا ہے کلمات تامہ کے مواد کے ساتھ اور اللہ تعالیٰ کے ذاتی فیض اقدس پر کہ جن کے

الذى تعينت به الاعيان واستعداداتها والفيض المقدس الصفاتى

ذریعے تعین پذیر ہوئے جملہ اعیان اور ان کی استعدادات۔ اور صفاتی فیض مقدس پر کہ

الذى تكونت به الاكوان واستعداداتها ومطلع شمس الذات فى

جن کی بدولت موجود ہوئے اور ان کی استعدادات۔ اور آفتاب ذات خداوندی کے مطلع و مظہر پر

سماء الاسماء والصفات ومنبع النور الافاضات ورياض النسب و

آسمان اسماء و صفات میں۔ اور نور افاضات کے سرچشمہ پر۔ نسبتوں اور

الافاضات وخط الوحدة بين قوسى الاحدية والواحدية وواسطة

اضافتوں کے باغات پر اور احدیت و واحدیت کی دونوں قوسوں کے درمیانی خط وحدت پر اور

التنزل من سماء الازلية الى الارض الابدية والنسخة الصغرى التى تفرعت

آسمان ازلیت سے ارض ابدیت کی طرف واسطۂ تنزل پر۔ اور اس نسخۂ صغریٰ پر کہ جس سے تفرع حاصل کی نسخۂ کبریٰ

عنها الكبرى ودرة البيضا التى تنزلت الى الياقوتة الحمر وجوهرة الحوادث

نے اور درہ بیضاء پر جس نے تنزل فرمایا سرخ یاقوت کی طرف۔ اور حوادث امکانیہ کے جوہر پر جو

الامكانية التى لا تخلوا عن الحركة والسكون ومادة الكلمة الفهوانية الطالعة

خالی نہیں ہوتے حرکت و سکون سے۔ کلمۂ اولیٰ کے مادہ پر جو طلوع والا ہے کُن کے پردہ سے

مِنْ كُنْ كُنْ اِلٰى شَهَادَةِ فَيَكُوْنُ وَهَيُوْلَى الصُّوَرِ الَّتِىْ لَا تَتَجَلّٰى بِاَحَدٍ اهَا مَرَّةً

طرف "فیکون" کے عالم شہادت کے۔ اور ان صورتوں کے ہیولی پر کہ نہیں جلوہ گر ہوتا ان میں سے کسی کے ساتھ دو مرتبہ

اِلَّا اثْنَيْنِ وَلَا بِصُوْرَةٍ مِّنْهَا لِاَحَدٍ مَّرَّتَيْنِ وَالْقُرْاٰنِ الْجَمْعِ الشَّامِلِ لِلْمُمْتَنِعِ وَالْعَدِيْمِ

اور نہ ساتھ کسی صورت کے ان میں سے کسی کے لیے جلوہ گر ہوتا ہے دو دفعہ۔ اور قرآن جامع پر جو شامل ہے ممتنع و معدوم کو

وَالْفُرْقَانِ الْفَرْقِ الْفَاصِلِ بَيْنَ الْحَادِثِ وَالْقَدِيْمِ وَصَائِمِ نَهَارٍ اِنِّىْ اَبِيْتُ

اور فرقان فرق و فصل پر جو حد فاصل ہے درمیان حادث و قدیم کے اور "میں رات گزارتا ہوں اپنے رب کے ہاں" والے دن

عِنْدَ رَبِّىْ وَقَائِمِ لَيْلٍ تَنَامُ عَيْنَاىَ وَلَا يَنَامُ قَلْبِىْ وَوَاسِطَةِ مَا بَيْنَ الْوُجُوْدِ

کے روزہ دار پر اور "میری آنکھ سوتی ہے اور میرا دل نہیں سوتا" والی رات کے شب خیز پر اور وجود و عدم کے واسطہ

وَالْعَدَمِ مَرَجَ الْبَحْرَيْنِ يَلْتَقِيَانِ وَرَابِطَةِ تَعَلُّقِ الْحُدُوْثِ بِالْقِدَمِ بَيْنَهُمَا

پر یعنی ملایا دو سمندروں کو درآنحالیکہ باہم متصل ہیں اور حدوث کے قدم سے موجب تعلق رابطہ پر یعنی درمیان دونوں کے

بَرْزَخٌ لَّا يَبْغِيَانِ فَذٰلِكَ دَفْتَرُ الْاَوَّلِ وَالْاٰخِرِ وَمَرْكَزُ اِحَاطَةِ الْبَاطِنِ وَالظَّاهِرِ

برزخ ہے جس سے تجاوز نہیں کرتے پس وہی دفتر ہے اول و آخر کا اور مرکز ہے احاطہ باطن و ظاہر کا۔

وَحَبِيْبُكَ الَّذِىْ اسْتَجْلَيْتَ بِهٖ جَمَالَ ذَاتِكَ عَلٰى مَنَصَّةِ تَجَلِّيَاتِكَ وَنَصَبْتَهٗ

اور وہی تیرا حبیب ہے جس کے ذریعے ظاہر کیا تو نے اپنے جمال ذات کو تجلیات کی جلوہ گاہ پر اور مقرر کیا ہے تو نے

قِبْلَةً لِّتَوَجُّهَاتِكَ فِىْ جَامِعِ تَجَلِّيَاتِكَ وَخَلَعْتَ عَلَيْهِ خِلْعَةَ الصِّفَاتِ

اس کو بطور قبلہ کے اپنی تجلیات جامعہ میں توجہات کے لیے اور تو نے ان کو خلعت پہنائی اپنی صفات

وَالْاَسْمَاءِ وَتَوَّجْتَهٗ بِتَاجِ الْخِلَافَةِ الْعُظْمٰى وَاَسْرَيْتَ بِجَسَدِهٖ يَقْظَةً

واسماء کی اور تاج پہنایا خلافت عظمیٰ کا۔ اور ان کے جسد اطہر کو سیر کرائی حالت بیداری میں

مِّنَ الْمَسْجِدِ الْحَرَامِ اِلَى الْمَسْجِدِ الْاَقْصٰى حَتّٰى انْتَهٰى اِلٰى سِدْرَةِ

مسجد حرام سے مسجد اقصیٰ تک حتی کہ پہنچے سدرۃ المنتہیٰ تک اور

الْمُنْتَهٰى وَتَرَقّٰى اِلٰى قَابَ قَوْسَيْنِ اَوْ اَدْنٰى فَانْشَرَحَ فُؤَادُهٗ بِشُهُوْدِكَ حَيْثُ لَا

ترقی پائی قاب قوسین او ادنیٰ تک پس وسیع ہو گیا قلب ان کا بسبب تیرے مشاہدہ کے اس مقام میں جہاں پر نہ

صَبَاحَ وَلَا مَسَاءَ مَا كَذَبَ الْفُؤَادُ مَا رَاٰى وَقَرَّ بَصَرُهٗ بِوُجُوْدِكَ حَيْثُ لَا خَلَاءَ وَلَا

صبح ہے اور نہ شام۔ نہ جھٹلایا ان کے دل نے جو دیکھا ان کی آنکھ نے اور قرار پایا ان کی نگاہ نے ساتھ تیرے وجود کے جہاں

مَلَاءَ مَا زَاغَ الْبَصَرُ وَمَا طَغٰى اَللّٰهُمَّ اَعْدَلْتَ فِىْ تَرْجِيْحِ اِيْجَادِ الْمَوْجُوْدَاتِ

پر نہ خلا ہے اور نہ ملاء۔ نہ ترچھی ہوئی آنکھ ان کی اور نہ حد سے متجاوز ہوئی۔ اے اللہ تو نے عدل کیا ایجاد موجودات کی ترجیح میں

فَقَدَّمْتَ وَحَكَمْتَ بِالْحَقِّ وَاَجْرَيْتَ الْاَحْكَامَ فِى الْمُحْدَثَاتِ فَوَضَعْتَ كُلَّ

پس تو نے مقدم کیا بعض کو اور حکم فرمایا ساتھ حق کے اور جاری کیا احکام کو مخلوقات میں پس رکھا ہر شئی کو

شَىْءٍ فِىْ مَوْضِعِهٖ عَلٰى اَحْسَنِ التَّرْتِيْبِ وَنَعْتِ الصِّفَاتِ فَسَبَقَتِ الْاَسْمَاءَ

اس کے مناسب مقام میں بہترین ترتیب پر اور صفات مناسبہ پر پس تو نے سبقت دی اسماء کو بمع اس کے

بِمَا فِيْهَا بِحُسْنِ نِظَامِ الْاَجْزَاءِ الْمَوْضُوْعَاتِ لِلْاَحْكَامِ وَالْاَمْلَاكِ الْمُسَخَّرَاتِ

جو ان میں ہے بسبب نظام اجزاء کے حسن کے جو وضع کئے گئے ہیں واسطے احکام کے اور مسخر ملائکہ کے۔

وَوَضَعْتَ الْاَرْضَ وَمَا فِيْهَا مِنَ الْمَعَادِنِ وَالْجَوَاهِرِ وَالنَّبَاتَاتِ وَجَمِيْعِ مَا فِى

اور تو نے وضع فرمایا زمین کو اور جو کچھ اس میں ہیں معادن و جواہرات اور نباتات سے اور جو کچھ ہے

الْاَبْدَانِ وَالْجُزْئِيَّاتِ وَمَا فِى الْبِحَارِ الزَّاخِرَاتِ مِنْ اَصْنَافِ اَنْوَاعِ الْمَخْلُوْقَاتِ

ابدان اور جزئیات میں اور جو کچھ ہے بحار متموجہ میں مخلوقات کے انواع و اصناف سے

وَاَسْئَلُكَ اللّٰهُمَّ بِالْعِلْمِ وَالْمَعْلُوْمِ اَنْ تُحْيِىَ قَلْبِىْ وَتَكْشِفَ لِىْ عَنْ حَقَائِقِ

اور سوال کرتا ہوں تجھ سے اے اللہ بطفیل علم و معلوم کے کہ زندہ فرمائے میرے قلب کو اور پردہ ہٹائے میرے لیے معلومات

الْمَعْلُوْمَاتِ وَلَا تُوَفِّقْنِىْ اِلَّا لِكُلِّ عَمَلٍ يُّقَرِّبُنِىْ اِلَيْكَ زُلْفٰى بِالْعَدْلِ وَالْاِحْسَانِ

کے حقائق سے۔ اور نہ توفیق دے مجھے مگر واسطے ہر اس عمل کے جو مجھے قریب کرے از روئے منزلت کے ساتھ عدل و احسان

وَاَنْ تَقْضِىَ حَاجَتِىْ اَللّٰهُمَّ اَنْتَ الْحَقُّ بِمَا اُرِيْدُ وَاَظْهِرْ لِىْ فِىْ خَلْوَتِىْ يَا شَمْخُ شَمَاخُ

کے اور پورا کرے میری حاجت کو۔ اے اللہ تو ہی حق ہے جس کا میں ارادہ رکھتا ہوں اور ظاہر کر (اپنی تجلیات کو) مجھ پر میری خلوت میں

الْعَالِىْ عَلٰى كُلِّ بَاذِخٍ يَا لَطِيْفُ يَاهٗ اَنْتَ الْحَاكِمُ لَا يَحْكُمُ عَلَيْكَ حَاكِمٌ اَنْتَ السُّلْطَانُ

اے بلند سے بلند تر اور عالی ہر کشادہ و بلند پر اے لطیف اے ہویت محضہ تو ہی حکمران ہے تجھ پر کوئی حکمران نہیں۔ تو ہی سلطان

الْقَوِيُّ لَمْ يَقْوَ عَلَيْكَ قَوِيٌّ اَللّٰهُمَّ اَنْتَ اللَّطِيفُ الْخَافِي عَنْ نَظَرِ الْعُيُونِ الْمُنَزَّهُ
قوی ہے تجھ پر کسی کا زور نہیں چلتا۔ اے اللہ تو ہی لطیف ہے جو پوشیدہ ہے آنکھوں کی پہنچ سے۔ جو منزہ ہے
عَنْ اِدْرَاكِ الْعُقُولِ وَالْاَفْكَارِ الْعَالِمُ بِاِحَاطَةِ الْمَوْجُودَاتِ الْمُتَجَلِّي بِاَسْرَارِ
عقول و افکار کے ادراک سے۔ جو علم رکھتا ہے موجودات کے احاطہ کا جو جلوہ فگن ہے اسرار قلوب کے ساتھ
الْقُلُوبِ فِي حَنَادِسِ الْغُيُوبِ بِاِظْهَارِ الظُّهُورِ فِي الْبُطُونِ الْعَالِمُ بِالْاِحَاطَاتِ
غیوب کی تاریکیوں میں بسبب ظاہر کرنے ظہور کے بطون میں۔ جو عالم ہے احاطات کا اور تقدیرات کے
وَاخْتِلَافِ التَّقْدِيرِ وَبِمَا اَوْجَدْتَ مِنَ الْعَالَمِ الْجَلِيلِ مِنْهُمْ وَالْحَقِيرِ وَبِمَا تَشَاءُ
اختلافات کا اور بسبب ایجاد فرمانے عالم کے جلیل کو بھی اور حقیر کو بھی اور بسبب اس کے جو تو چاہتا ہے
مِنْ حُسْنِ التَّدْبِيرِ وَالتَّحْرِيرِ اَسْئَلُكَ بِمَا بَطَنَ مِنْ غَوَامِضِ حَقَائِقِ الْاَسْرَارِ وَمَا ظَهَرَ
حسن تدبیر اور حسن تحریر سے۔ میں سوال کرتا ہوں تجھ سے بطفیل بطون میں رہنے والے باریک حقائق اسرار کے اور جو ظہور پذیر
مِنْ دَقَائِقِ التَّكْوِينِ فِي ظُلَمِ الظُّلُمَاتِ مِنْ ضِيَاءِ اَشِعَّةِ الْاَنْوَارِ اَنْ تَجْذِبَ قَلْبِي
ہوئے تکوین و ایجاد کے دقائق سے تاریکیوں اور اندھیروں میں انوار کی ضیاء اور شعاعوں سے کہ جذب کرلے میرے دل کو
بِالْكَشْفِ اِلَى شُهُودِكَ مِنَ الْاَسْرَارِ لِيَتَنَعَّمَ قَلْبِي بِكَ فِي سِرِّ اللَّطَائِفِ وَالرَّقَائِقِ
بسبب اپنے کشف شہود کے (مطالعۂ) اسرار سے تاکہ میرا دل تیری ذات کے ساتھ نعمت پالے لطائف اور باریکیوں کے
وَتَزُولَ عَنِّي شُبَهُ الْمُشْكِلَاتِ بِظُهُورِ تِلْكَ الْحَقَائِقِ اَللّٰهُمَّ اسْتُرْنِي بِسِرِّ
سر بطون میں اور زائل ہو جائیں مجھ سے مشکلات و شبہات بسبب ظاہر ہونے ان حقائق کے۔ اے اللہ مجھے محفوظ فرما اپنے اسم
اِسْمِكَ اللَّطِيفِ مِنْ شَرِّ كُلِّ مُؤْذٍ وَحَاسِدٍ اَللّٰهُمَّ اَنْتَ الَّذِي اَلْهَمْتَ عِبَادَكَ
لطیف کے راز سربستہ کی بدولت ہر موذی اور حاسد کے شر سے۔ اے اللہ تو ہی ہے جس نے الہام کیا ہے اپنے
الْحَمْدَ وَالشُّكْرَ وَقَوَّيْتَهُمْ عَلَى الطَّاعَاتِ وَالذِّكْرِ فَاَنْتَ الشَّكُورُ الْمُحْسِنُ
بندوں کو حمد و شکر کا اور تقویت دی ہے ان کو طاعات اور ذکر پر پس تو ہی شکور و محسن ہے اپنی
بِجَلَائِلِ الْآئِكَ وَتَقَدَّسَتْ صِفَاتُكَ بِمَجَارِي التَّهْلِيلِ مِنَ الطَّاعَاتِ
بزرگ ترین نعمتوں کے ساتھ۔ اور پاکیزہ ہیں صفات تیری بہ جاری و ساری تہلیل کے طاعات سے

بِجَزِيلِ التَّفْضِيلِ وَالْحَسَنَاتِ وَرَفْعِ الْعَوَالِي مِنَ الدَّرَجَاتِ اَسْئَلُكَ بِاِحْسَانِكَ
ساتھ جزیل فضل اور حسنات کے اور بلند کرنے کے درجات عالیہ پر۔ میں سوال کرتا ہوں تجھ سے بطفیل تیرے احسان
الْقَدِيمِ بِظُهُورِ الْمَبَادِي الْمَوْجُودَاتِ وَاِحْسَانِكَ بِمَا اَلْهَمْتَنِي بِصِفَاتِ
قدیم کے ساتھ ظاہر ہونے موجودات کے مبادی کے اور بطفیل اپنے احسان کے بسبب الہام فرمانے کے مجھے اپنی صفات
قُدْسِكَ اَنْ تَجْعَلَنِي مِنْ عِبَادِكَ الشَّاكِرِينَ وَبِفَضْلِ اِنْعَامِكَ مِنَ الْحَامِدِينَ
مقدسہ کا بنا دے مجھے اپنے شکر گزار بندوں سے اور بطفیل اپنے وافر انعام کے بنا دے مجھے اپنے حامدین اور
الذَّاكِرِينَ فَتَقَبَّلْ قَلِيلَ عَمَلِي بِجَزِيلِ فَضْلِكَ وَنَوِّرْ قَلْبِي بِنُورِ قُدْسِيٍّ
ذاکرین سے۔ پس قبول فرما میرے عمل قلیل کو اپنے فضل عظیم سے اور منور فرما میرے دل کو اپنے نور قدس کے ساتھ
لِاَكُونَ مِنْ اَهْلِكَ وَاجْمَعْ لِي جَوَامِعَ الْخَيْرَاتِ وَنَوَاحِيَ الْبَرَكَاتِ فِي الْمَحْيَا وَ
تاکہ ہو جاؤں تیرے خواص سے اور جمع فرما میرے لیے تمام تر خیرات کو اور جملہ جوانب کی برکات کو زندگی میں اور
الْمَمَاتِ اَللّٰهُمَّ اَنْتَ الَّذِي خَلَقْتَ لِكُلِّ شَيْءٍ قُوْتًا وَجَعَلْتَ لَهُ فِيهِ الصَّلَاحَ
موت کی حالت میں اے اللہ تو ہی نے پیدا کیا ہے ہر شئے کے لیے روزی کو اور بنائی تو نے اس کی بہتری اس میں
وَاَوْجَدْتَ اَنْوَاعَ الْمَاكِلِ وَالْمَشْرَبِ وَجَعَلْتَهَا عِنْدَ الْاَشْبَاحِ وَالْبَرِيَّاتِ
اور ایجاد فرمایا ماکولات و مشروبات کے انواع و اقسام کو اور سپرد کیا انہیں اشباح و اجسام کے۔ اور ظاہر فرمایا
اَصْنَافَ الْعُلُومِ وَالْمَعَارِفِ وَجَعَلْتَهَا عِنْدَ الْاَرْوَاحِ اَسْئَلُكَ يَا مَنْ اَعْطَى
علوم و معارف کے اصناف و اقسام کو اور حوالے کیا انہیں ارواح کے۔ سوال کرتا ہوں میں تجھ سے اے کہ عطا کی تو نے
كُلَّ شَيْءٍ خَلْقَهُ وَجَعَلَ لَهُ قُوْتًا وَاَصْدَقَ سِرَّ ذَاتِهِ فِي كُلِّ شَيْءٍ وَكَانَ
ہر شئے کو صورت اس کی اور مقرر فرمائی روزی اس کی اور راسخ کیا اپنے سر ذات کو ہر شئے میں اور یہ سب کچھ اس پر
عَلَيْهِ مِيقَاتًا اَنْ تَدْفَعَ عَنِّي الْعَاهَاتِ وَالْآفَاتِ مِنْ سَائِرِ الْجِهَاتِ فِي كُلِّ السَّاعَاتِ
متعین و مقرر تھا کہ دور کرے مجھ سے عیوب کو اور آفات کو تمام جہات سے تمام ساعات اور اوقات
وَالْاَوْقَاتِ وَاجْعَلْ لِي قُوَّةً عَلَى الطَّاعَاتِ الْمُقَرِّبَةِ اِلَيْكَ يَا رَبَّ الْاَرْضِ وَالسَّمٰوٰتِ
میں اور پیدا فرما میرے لیے قوت ان طاعات کی جو تیرے قریب کریں اے رب آسمانوں اور زمینوں کے

اَللّٰهُمَّ اَفِضْ عَلٰى رُوْحِىْ اَقْوَاتًا مِّنَ الْمَعْلُوْمَاتِ وَاللَّطَآئِفِ مَا تُقَرِّبُنِىْ اِلَى

اے اللہ فیضان فرما میری روح پر معلومات ولطائف والی روزی کو جو قریب کر دے مجھے طرف

الْاَسْرَارِ وَالْمَعَارِفِ اَللّٰهُمَّ حُلَّ مِنْ اَسْرَارِ فُؤَادِىْ بِدَقَآئِقِ اَسْرَارِكَ مَا يُوْصِلُنِىْ

اسرار و معارف کے۔ اے اللہ کھول دے میرے دل کے اسرار کو اپنے دقائق اسرار کے ساتھ جو داخل کرے

اِلٰى مَشْهُوْدِ حَقَآئِقِهَا بِسِرِّ ذَاتِكَ اَللّٰهُمَّ اَنْتَ الْكَافِىْ لِكُلِّ ذَرَّةٍ مِّنَ

مجھے تیرے حقائق مشہودہ معلوم تک بسبب تیرے سرِ ذات کے۔ اے اللہ تو ہی کافی ہے موجودات کے ہر ذرہ

الْمَوْجُوْدَاتِ اَخْرَجْتَهَا مِنَ الْعَدَمِ اِلَى الْوُجُوْدِ وَحَفِظْتَ قُوَّةَ وُجُوْدِهَا

کو جسے تو نے نکالا عدم سے وجود کی طرف اور محفوظ کیا اس کے وجود کی قوت و صلاحیت کو

فِىْ كُلِّ حَالٍ مِّنَ الْمُتَضَادَّاتِ فَكَفَيْتَهَا فِىْ كُلِّ حَالٍ بِقُوَّةِ الْبَسَآئِطِ الرَّحْمَانِيَّةِ

ہر حال میں متضاد اشیاء سے پس تو نے کفایت فرمائی اسے ہر حال میں بسائط رحمانیہ کی قوت کے ساتھ

وَكَفَيْتَهَا فِىْ حَالِ الْقَيْدِ بِالتَّرَاكِيْبِ التَّالِيْفِيَّةِ الْكَوْنِيَّةِ اَسْئَلُكَ اَللّٰهُمَّ

اور کفایت فرمائی اسے مقید ہونے کی حالت میں ساتھ ترکیبات تالیفیہ کونیہ کی قیود کے میں سوال کرتا ہوں تجھ سے

بِكِفَايَتِكَ وَصُنْعِ التَّرَاكِيْبِ الظَّاهِرَةِ السَّبْعَةِ اَنْ تَكْفِيَنِىْ شَرَّ مَنْ يُّؤْذِيْنِىْ

اے اللہ بطفیل تیری کفایت کے اور تراکیب ظاہرہ ہفت گونہ کی صنعت کے کہ کفایت فرمائے مجھے موذیوں کے شر سے

اَوْ مَنْ يُّرِيْدُنِىْ بِسُوْٓءٍ اَوْ يُحَاوِلُنِىْ بِشَرٍّ اَللّٰهُمَّ اجْعَلْنِىْ فِىْ حِصْنِ

اور برائی کا ارادہ اور شر کی حیلہ گری کرنے والوں کے شر سے۔ اے اللہ مجھے داخل فرما اپنی کفایت اور

كِفَايَتِكَ وَحِفْظِكَ اَللّٰهُمَّ اَنْتَ بَاذِلُ الْعَطَايَا وَالْجَوَادُ بِالْفَضْلِ

حفاظت کے قلعہ میں۔ اے اللہ تو صرف کرنے والا ہے عطیات کا۔ اور جود و نوال فرمانے والا ہے ساتھ فضل

بِدَوَامِكَ عَلَى الْبَرَايَا تَتَكَرَّمُ بِالْخَيْرِ الْكَثِيْرِ عَلَى الشُّكْرِ الْقَلِيْلِ وَتَتَجَاوَزُ

دوام کے مخلوقات پر۔ جود و کرم فرماتا ہے ساتھ خیر کثیر کے قلیل شکر پر اور درگزر فرماتا ہے

عَنْ ذَنْبِ الْكَبِيْرِ الْمُعَبِّدِ الْمُتَضَرِّعِ الذَّلِيْلِ اَسْئَلُكَ بِتَطَاوُلِ فَضْلِكَ

کبیرہ گناہوں سے واسطے زاری اور عجز و انکساری والے بندے کے۔ میں سوال کرتا ہوں بطفیل تیرے مسلسل فضل کے

فَضْلَكَ مِنْ جُوْدِ جُوْدِ الْمَوْجُوْدَاتِ مِنَ اللَّطَآئِفِ الْعُلْوِيَّاتِ وَالْاَسْرَارِ

تجھ سے تیرے فضل کا موجودات کے جود و انعام میں سے یعنی لطائف علویہ اور اسرار علویہ

الْعُلْوِيَّةِ الرَّبَّانِيَّةِ الْمَظْهَرَةِ لِلْحَضْرَةِ الْقُدْسِيَّةِ وَاَنْ تُمِدَّنِىْ بِطَيِّبَاتِ

ربانیہ کا جو مظہر ہیں حضرات قدسیہ کے اور یہ کہ میری امداد فرمائے پاکیزہ ارضی نعمتوں کے ساتھ

النِّعَمِ الْاَرْضِيَّةِ بِالْاَرْزَاقِ الْمُطَهَّرَةِ مِنَ الشُّبُهَاتِ الرَّدِيَّةِ وَتَجْعَلَ لِىْ ذٰلِكَ

بسبب ان ارزاق کے جو پاکیزہ ہیں ردی شبہات سے اور بنائے تو انہیں میرے لیے قوت (کا موجب)

قُوَّةً عَلٰى حَسْبِ اِقْبَالِىْ بِالطَّاعَاتِ الْمُوْصِلَةِ اِلَيْكَ اَللّٰهُمَّ تَكَرَّمْ عَلَىَّ بِرَدِّ

مطابق میری توجہ اور التفات کے بسبب ان طاعات کے جو پہنچائیں طرف تیری۔ اے اللہ مجھ پر کرم فرما ساتھ رد فرمانے

الْاَسْوَآءِ مِنَ الْاَعْدَآءِ وَبِقَهْرِ الْاَضْدَادِ اَللّٰهُمَّ اَنْتَ الْمُجِيْبُ دَعْوَةَ الدَّاعِىْ

برے اعداء کے اور مغلوب فرمانے اضداد و مخالفین کے۔ اے اللہ تو ہی قبول کرنے والا ہے دعا سائلوں کی

اِذَا كَانَ مُخْلِصًا فِىْ دُعَآئِهٖ وَمُسْعِفُ الْمُضْطَرِّيْنَ بِالْاِجَابَةِ قَبْلَ سُؤَالِهِمْ

جبکہ ہوں وہ مخلص اپنی دعا میں اور مجبوروں کی حاجات پوری کرنے والا ہے ان کے سوال سے پہلے

لِاَنَّكَ عَالِمٌ بِحَاجَةِ الْمُحْتَاجِيْنَ بِمَا سَبَقَ فِىْ عِلْمِكَ الْقَدِيْمِ مِنَ الْاُمُوْرِ الْمَقْدُوْرَاتِ

کیونکہ جاننے والا ہے محتاجوں کی حاجات کو بسبب اس کے جو سبقت لے جا چکے ہیں امور مقدرہ تیرے علم قدیم میں

وَنَعُوْذُ بِكَ مِمَّا قَضَيْتَ مِنَ الْاِرَادَاتِ الْمُحْكَمَاتِ وَاَسْرَعِ اَمْرِكَ فِىْ اَقْطَارِ الْاَرْضِ

اور ہم تیری پناہ طلب کرتے ہیں ان محکم ارادوں سے جن کا تو نے فیصلہ فرما دیا ہے اور تیرے سریع ترین امر سے جو جو شرہے زمین کے

وَطَبَقَاتِ السَّمٰوٰتِ اَسْئَلُكَ اَنْ تُجِيْبَ دَعْوَتِىْ وَتُسْرِعَ بِقَضَآءِ حَاجَتِىْ

اطراف اور سموات کے طبقات میں سوال کرتا ہوں تجھ سے کہ میری دعا قبول کرے اور جلدی میری حاجت کو پورا فرمائے

وَتَكْشِفَ عَنِّىْ شَرَّ مُلِمَّاتِىْ وَتُؤْمِنَ رَوْعَاتِىْ وَمَخَافَاتِىْ وَتَقْهَرَ مَنْ اَرَادَ

اور دور فرمائے مجھ سے نازل شدہ مصائب کا شر اور مجھے مخاوف سے امن بخشے اور مغلوب کرے اسے جو میری

مَضَرَّتِىْ وَتَرْفَعَ دَرَجَاتِىْ اِلٰى غَايَةِ غَايَاتِىْ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى

ضرر رسانی کا ارادہ کرے اور بلند کرے میرے درجات کو آخری حد امکان تک۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل فرما

سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ بَاذِلِ الْاِحْسَانِ فِیْ سَبِیْلِ الْحَلِیْمِ السُّبْحَانِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَ

سیدنا محمد پر جو صرف کرنے والے ہیں احسان کو حلیم و سبحان کی راہ میں ۔ اے اللہ صلوٰۃ و

سَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰۤی اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ دَافِعِ الْکُفْرِ وَالطُّغْیَانِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ

سلام نازل فرما سیدنا محمد پر اور آپ کی آل اطہار پر جو دور فرمانے والے ہیں کفر اور سرکشی کے ۔ اے اللہ صلوٰۃ

وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰۤی اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ یَّقْظَانِ الْاَجْفَانِ وَالْغَالِبِ بِالسُّلْطَانِ

وسلام نازل فرما سیدنا محمد پر اور آپ کی آل اطہار پر جو بیدار پلکوں (آنکھوں) والے ہیں اور غالب ہیں ساتھ برہان کے

اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰۤی اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ الظَّاهِرِ بِالْبُرْهَانِ

اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل فرما سیدنا محمد پر اور آپ کی آل اطہار پر جو ظاہر ہیں ساتھ برہان کے

وَطَوِیْلِ الْاَحْزَانِ وَعَدِیْلِ الْاَقْرَانِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی

اور لمبے حزن و ملال والے ہیں اور اپنے ہمزاؤں سے عدل کرنے والے ہیں ۔ اے اللہ صلوٰۃ وسلام نازل فرما سیدنا محمد پر اور آپ

اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ مُّعْطِی الْاَمَانِ وَبَدِیْعِ التِّبْیَانِ وَمَلِیْحِ الْوَجْهِ وَالْاَسْنَانِ

کی آل اطہار پر جو امان بخشنے والے ۔ انوکھے بیان والے اور جاذب چہرہ اور پرکشش دانتوں والے ہیں

اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰۤی اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ الْمُحْسِنِ اِلَی الْجِیْرَانِ

اے اللہ صلوٰۃ وسلام نازل فرما سیدنا محمد پر اور آپ کی آل امجاد پر جو احسان کرنے والے ہیں پڑوسیوں

وَالدَّاعِیْۤ اِلَی الْاَذَانِ وَالْمُبَلِّغِ اِلَی الْجِنَانِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا

پر اور بلانے والے ہیں طرف اذان کے اور پہنچانے والے ہیں طرف جنتوں کے ۔ اے اللہ صلوٰۃ وسلام نازل فرما سیدنا

مُحَمَّدٍ وَّعَلٰۤی اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ الْمُنْجِیْ عَنِ النِّیْرَانِ وَالْمُبَیِّنِ لِاَشَدِّ الْاِیْقَانِ

محمد پر اور آپ کی آل پر جو نجات دینے والے ہیں آتشہائے دوزخ سے ۔ اور واضح کرنے والے ہیں مضبوط تر یقین کو

وَالنَّاطِقِ بِالْفُرْقَانِ وَالصَّافِحِ عَنْ اَهْلِ الْعُدْوَانِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ

اور کلام فرمانے والے ہیں ساتھ فرقان کے اور درگزر کرنے والے ہیں دشمنوں سے ۔ اے اللہ صلوٰۃ وسلام نازل فرما

عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰۤی اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ الْوَاضِحِ بِالرُّجْحَانِ وَالْمَبْعُوْثِ

سیدنا محمد پر اور آپ کی آل پر جو واضح ہیں باعتبار وزنی شخصیت ہونے کے اور مبعوث ہیں

اِلٰی کَافَّةِ الْاِنْسَانِ وَالْمُسْتَغْنِیْ عَنِ التِّیْجَانِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا

طرف تمام انسانوں کے اور بے نیاز ہیں "اپنی شہنشاہی کے اظہار میں" تاجہائے شاہی سے ۔ اے اللہ صلوٰۃ وسلام نازل فرما سیدنا

مُحَمَّدٍ وَّعَلٰۤی اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ الْمَاْمُوْنِ عَنِ الْخُذْلَانِ وَالْمَشْهُوْرِ فِی الْبُلْدَانِ

محمد پر اور آپ کی آل پر جو مامون ہیں محرومی سے اور مشہور ہیں تمام بلاد و امصار میں

وَالْعَافِیْ عَنِ الْعَمْدِ وَالنِّسْیَانِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰۤی اٰلِ

اور عفو فرمانے والے ہیں دیدہ و دانستہ اور بھول چوک والی خطاؤں سے ۔ اے اللہ صلوٰۃ وسلام نازل فرما سیدنا محمد پر اور آپ

سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ مُّثَقِّلِ الْمِیْزَانِ وَالْمُنْعِمِ عَلَی الْخُصْمَانِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی

کی آل اطہار پر جو میزان حسنات کو ثقیل فرمانے والے ہیں اور دشمنوں پر بھی انعام فرمانے والے ہیں ۔ اے اللہ صلوٰۃ وسلام نازل فرما

سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰۤی اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ مُّرْتَفِعِ الشَّانِ وَالْمُحَرَّمِ عَلَی الْاَرْضِ وَ

سیدنا محمد پر اور آپ کی آل پر جو رفیع الشان ہیں اور جن کا جسم اقدس حرام کر دیا گیا ہے زمین پر اور

الدِّیْدَانِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰۤی اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ السَّاتِرِ

کیڑوں پر ۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل فرما سیدنا محمد پر اور آپ کی آل پر جو پردہ پوش ہیں

بِالْکِتْمَانِ وَالْعَابِسِ عَنِ الْکِذْبِ وَالْبُهْتَانِ وَالْمُرَغِّبِ اِلٰی خَیْرَاتٍ حِسَانٍ اَللّٰهُمَّ

ساتھ کتمان کے ۔ اور اظہار نفرت کرنے والے ہیں کذب و بہتان سے اور ترغیب دینے والے ہیں طرف اچھی عادات اور خصلتوں

صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰۤی اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ الْمُعْطِیْ بِلَا حُسْبَانٍ وَّوَاهِبِ

کے ۔ اے اللہ صلوٰۃ وسلام نازل فرما سیدنا محمد پر اور آپ کی آل پر جو عطا کرنے والے ہیں بغیر حساب کے اور ہبہ کرنے والے

اللُّؤْلُؤِ وَالْمَرْجَانِ وَالْمَحْفُوْظِ عَنِ النُّقْصَانِ اَللّٰهُمَّ احْرُسْنِیْ بِعَیْنِكَ الَّتِیْ لَا

ہیں لؤلؤ اور مرجان کے اور محفوظ ہیں نقصان سے ۔ اے اللہ میری حفاظت فرما اپنی نگاہ مقدس کے ساتھ جو نہیں

تَنَامُ وَاکْنُفْنِیْ بِرُکْنِكَ الَّذِیْ لَا یُرَامُ وَارْحَمْنِیْ بِقُدْرَتِكَ عَلَیَّ فَلَاۤ اَهْلِكَ

سوتی اور میرا احاطہ فرما ساتھ اس شکر عظیم کے جس کے مقابلہ کا ارادہ نہیں کیا جا سکتا اور رحم فرما مجھ پر ساتھ اپنی قدرت کے پس میں نہ ہلاک

وَاَنْتَ رَجَآئِیْ فَکَمْ مِّنْ نِّعْمَةٍ اَنْعَمْتَ بِهَا عَلَیَّ قَلَّ لَكَ بِهَا شُکْرِیْ وَکَمْ مِّنْ بَلِیَّةٍ

ہوں گا جبکہ تو میری امید و رجا ہے ۔ کتنی زیادہ نعمتیں تو نے مجھے عطا کی ہیں کہ قلیل ہے تیرے لیے مقابل ان کے میرا شکر اور کتنی بلیات ہیں

اِبْتَلَيْتَنِيْ بِهَا قَلَّ لَكَ بِهَا صَبْرِيْ فَيَا مَنْ قَلَّ عِنْدَ نِعْمَتِهٖ شُكْرِيْ فَلَمْ يَحْرِمْنِيْ وَيَا مَنْ

کہ تو نے مجھے ان میں مبتلا کیا کہ قلیل ہے ساتھ ان کے میرا صبر پس اے کہ قلیل ہے اس کی نعمت کے وقت شکر میرا پس نہ محروم کیا مجھے اور اے کہ

قَلَّ عِنْدَ بَلِيَّتِهٖ صَبْرِيْ فَلَمْ يَخْذُلْنِيْ وَيَا مَنْ رَاٰنِيْ عَنِ الْخَطَايَا فَلَمْ يَفْضَحْنِيْ وَيَا

قلیل ہے وقت مصیبت کے صبر میرا پس اس نے مجھے محروم نہ کیا۔ اے کہ دیکھا اس نے مجھے گناہوں پر پس مجھے رسوا نہ کیا اور اے کہ جو

ذَا الْمَعْرُوْفِ الَّذِيْ لَا يَنْقُصُ اِحْسَانُهٗ اَبَدًا وَّيَا ذَا النَّعْمَاءِ الَّتِيْ لَا يُحْصٰى اَبَدًا

ایسے احسان والا ہے جو کبھی کم نہیں ہوتا اور اے کہ جو ایسی نعمتوں والا ہے جن کا کبھی احاطہ نہیں کیا جا سکتا۔

اَللّٰهُمَّ بَارِكْ لِيْ فِي الْمَوْتِ وَفِيْمَا بَعْدَ الْمَوْتِ اَللّٰهُمَّ اَقْبِلْ بِقَلْبِيْ اِلٰى دِيْنِكَ وَ

اے اللہ برکت دے مجھے میری موت میں اور بعد از موت۔ اے اللہ متوجہ فرما میرے دل کو طرف اپنے دین کے

اَحْفَظْ مِنْ وَّرَآئِنَا بِرَحْمَتِكَ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى اٰلِ سَيِّدِنَا

اور حفاظت فرما ہمارے پیچھے سے ساتھ اپنی رحمت کے۔ اے اللہ صلوٰۃ وسلام نازل فرما سیدنا محمد پر اور آپ کی آل پر

مُحَمَّدِنِ الْمَحْبُوْبِ عِنْدَ الرَّحْمٰنِ وَالْمُتَوَكِّلِ عَلَى الدَّيَّانِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا

جو محبوب ہیں نزدیک رحمٰن کے اور متوکل ہیں اوپر بہت جزا دینے والے کے۔ اے اللہ صلوٰۃ وسلام نازل فرما سیدنا

مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدِنِ الْمُطِيْعِ بِاَمْرِ الْمَنَّانِ وَالْمَشْغُوْلِ بِذِكْرِ الْغُفْرَانِ اَللّٰهُمَّ

محمد پر اور آپ کی آل پر جو اطاعت گزار ہیں امر منان کے اور مشغول ہیں ساتھ ذکر بخشنے والے کے۔ اے اللہ

صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدِنِ الْمُعْجِزِ الْخَلْقِ بِمِثْلِ اَقْصَرِ سُوْرَةٍ مِّنَ

صلوٰۃ وسلام نازل فرما سیدنا محمد پر اور آپ کی آل پر جو عاجز کر دینے والے ہیں سب مخلوق کو قرآن کی مختصر ترین سورت

الْقُرْاٰنِ عَنِ الْاِتْيَانِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدِنِ الثَّابِتِ عَلَى

کی مثل لانے سے۔ اے اللہ صلوٰۃ وسلام نازل فرما سیدنا محمد پر اور آپ کی آل پر جو ثابت قدم ہیں

التُّكْلَانِ وَالنَّبِيِّ الْغَافِرِ الْجِنَانِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدِنِ

توکل میں۔ اور نبی ہیں بخشنے والے جنات کے۔ اے اللہ صلوٰۃ وسلام نازل فرما سیدنا محمد پر اور آپ کی آل پر جو

الْمَحْمُوْدِ فِيْ كُلِّ الْمَكَانِ وَالْحَبِيْبِ السَّاتِرِ لِلرَّحْمٰنِ وَكَلِيْمِ الْمَالِكِ الدَّيَّانِ وَالرَّسُوْلِ

محمود ہیں ہر مکان میں اور حبیب ہیں پردہ والے رحمان کے لیے اور ہمکلام ہیں ملک دیان کے اور رسول ہیں

لِلْمَلِكِ الْمَنَّانِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدِنِ تَاجِ الْاَصْفِيَاءِ

ملک منان کے۔ اے اللہ صلوٰۃ وسلام نازل فرما سیدنا محمد پر اور آپ کی آل پر جو محبوب اصفیاء کے تاج

وَسِرَاجِ الْاَتْقِيَاءِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدِنِ الْمُحَذِّرِ

اور اتقیاء کے بیے روشن چراغ ہیں۔ اے اللہ صلوٰۃ وسلام نازل فرما سیدنا محمد پر اور آپ کی آل اطہار پر جو دور رکھنے

عَنِ النَّارِ وَمَهَالِكِهَا وَلَهُ الْفَضْلُ الْعُلْيَا وَعُرِضَ لَهُ السَّمٰوٰتُ بِمَلَكُوْتِهَا اَللّٰهُمَّ

والے ہیں آتش دوزخ سے اور اس کی ہلاکتوں سے۔ اور وہ بلند ترین فضل کے مالک ہیں اور پیش کئے گئے ہیں ان پر تمام آسمان بمع ان

صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدِنِ الَّذِيْ عُرِضَ لَهُ الْاَرْضُ

کے خزانوں کے۔ اے اللہ صلوٰۃ وسلام نازل فرما سیدنا محمد پر اور آپ کی آل پر کہ جن کو پیش کی گئی زمین بمع تمام اطراف اور

بِاَطْرَافِهَا وَالْنَافِهَا وَاَرْكَافِهَا وَالْجِبَالُ بِغَارِهَا وَالْجَنَّةُ بِنَعِيْمِهَا وَدَرَجَاتِهَا وَالنَّارُ بِاَبْوَابِهَا

اکناف کے اور ارکان کے اور پہاڑ بمع غاروں کے اور جنت بمع نعمتوں کے اور درجات کے۔ اور آگ بمع تمام ابواب اور

وَدَرَكَاتِهَا اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدِنِ الَّذِيْ نُصِرَ لَهٗ

درکات کے۔ اے اللہ صلوٰۃ وسلام نازل فرما سیدنا محمد پر اور آپ کی آل پر کہ جن کو عطا کی گئی

نَصْرًا عَزِيْزًا وَّفُتِحَ لَهٗ فَتْحًا قَرِيْبًا اَللّٰهُمَّ اعْطِفْ عَلٰى قُلُوْبِ عِبَادِكَ بِالْمَحَبَّةِ

عزیز و غالب نصرت اور فتح دی گئی ان کو فتح قریب۔ اے اللہ مائل فرما مجھ پر اپنے بندوں کے دل ساتھ دائمی

الدَّآئِمَةِ وَالْمَوَدَّةِ الْقَآئِمَةِ وَالْعَطْفِ وَارْزُقْنِي الْحَظَّ الْجَزِيْلَ وَسَخِّرْ لِيْ قُلُوْبَ

محبت کے اور پائیدار مودت اور مہربانی کے اور نصیب فرما مجھے عظیم حصہ اور مسخر فرما میرے لیے اپنے

عِبَادِكَ وَكُنْ لِّيْ عَوْنًا وَّمُعِيْنًا وَّحَافِظًا وَّنَاصِرًا اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ

بندوں کے دل اور ہو میرا معاون و معین اور حافظ و ناصر۔ اے اللہ صلوٰۃ وسلام نازل فرما سیدنا محمد پر

وَّعَلٰٓى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدِنِ الْمَعْصُوْمِ مِنَ الذُّنُوْبِ وَالْمُطَهَّرِ مِنَ الْعُيُوْبِ وَالْمَعْرُوْفِ فِي

اور آپ کی آل پر جو محبوب معصوم ہیں ذنوب سے اور مطہر ہیں عیوب سے اور معروف ہیں

الْاَدَبِ وَالْمُرُوَّةِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ مَّنْ قَامَ

آداب اور مروت میں۔ اے اللہ صلوٰۃ وسلام نازل فرما سیدنا محمد پر اور آپ کی آل پر جنہوں نے

لَيْلَةَ الْبَرَاءَاتِ وَكَامِلِ الْفُتُوَّةِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا

شب برات قیام میں گزاری اور جو کامل جوانمردی والے ہیں۔ اے اللہ صلوٰۃ وسلام نازل فرما سیّدنا محمد پر اور آپ کی

مُحَمَّدِنِ الْمُرْشِدِ بِالرَّحْمَةِ وَالْمُؤَيَّدِ بِالنُّصْرَةِ وَالرَّحِيْمِ عَلَى الْاُمَّةِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ

آل پر جو رہنما ہیں ساتھ رحمت کے اور توفیق و تقویت دیے گئے ہیں ساتھ نصرت خداوندی کے اور رحیم ہیں اُمت پر۔ اے اللہ صلوٰۃ و

عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدِنِ الْخَطِيْبِ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ وَالْمُشَرَّفِ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ

سلام نازل فرما سیّدنا محمد پر اور آپ کی آل پر جو خطیب ہیں روزِ قیامت کے اور شرف خاص پانے والے ہیں روزِ قیامت میں

اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ قَمَرِ السَّاعَةِ وَفُتِحَ لَهُ

اے اللہ صلوٰۃ وسلام نازل فرما سیّدنا محمد پر اور آپ کی آل پر جو قیامت کے ماہتاب ہیں اور کھولا گیا ہے ان کے لیے

الْكَرَامَةُ وَالنَّبِيِّ الْمُغِيْثِ وَالْفَصِيْحِ وَذِي الْخَيْرَاتِ الرَّاسِخِ وَاٰمَنَ اُمَّتَهٗ عَنِ

باب اکرام اور فریاد رس نبی اور فصیح اللسان۔ پائیدار خیرات والے اور جنہوں نے اپنی اُمّت کو بے خوف کر دیا ہے

الْمَسْخِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدِنِ الْاَخَصِّ مِنَ الْعِبَادِ

مسخ سے۔ اے اللہ صلوٰۃ وسلام نازل فرما سیّدنا محمد پر اور آپ کی آل پر جو مخصوص ترین ہیں عباد سے

وَالْهَادِيْ اِلٰى سَبِيْلِ الرَّشَادِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا

اور رہنما ہیں طرف بھلائی کی راہوں کے۔ اے اللہ صلوٰۃ وسلام نازل فرما سیّدنا محمد پر اور آپ کی آل پر

مُحَمَّدٍ رَّبِيْعِ الْبِلَادِ وَمَعْدِنِ الزُّهَّادِ وَالْعُبَّادِ وَمَوْطِنِ التُّقٰى وَالزُّهْدِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ

جو محبوب بہار ہیں بلاد کی اور سرچشمہ ہیں زاہدین وعابدین کا اور محل اقامت وسکونت ہیں تقوائے و زہد کا۔ اے اللہ صلوٰۃ وسلام

عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدِنِ الرَّسُوْلِ تَكَلَّمَ مَعَهُ الْحَنِيْذُ وَوَلّٰى بِحُكْمِهٖ

نازل فرما سیّدنا محمد پر اور آپ کی آل پر وہ رسول کہ جن سے کلام کیا بھنے ہوئے گوشت نے اور بدل گیا ان کے حکم سے نبیذ

اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدِنِ الْمَبْعُوْثِ بِاَكْرَمِ الصَّوَابِرِ

اے اللہ صلوٰۃ وسلام نازل فرما سیّدنا محمد پر اور آپ کی آل پر جو مبعوث ہوئے ساتھ بزرگ ترین صبروں کے

وَالنَّجْمِ الطَّاهِرِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدِنِ الْبَحْرِ الزَّاخِرِ

اور روشن ستارے کے۔ اے اللہ صلوٰۃ وسلام نازل فرما سیّدنا محمد پر اور آپ کی آل پر جو محبوب ٹھاٹھیں مارتا سمندر

وَهُوَ اَسْرَعُ النَّاسِ خُرُوْجًا اِذَا بُعْثِرُوْا اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى

ہیں اور وہ سب سے پہلے نکلنے والے ہیں قبر انور سے جب لوگ اٹھائیں گے۔ اے اللہ صلوٰۃ وسلام نازل فرما سیّدنا محمد پر اور

اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدِنِ النَّبِيِّ الْاَعَزِّ الْمُعِزِّ وَصَنَادِيْدِ الْقُرَيْشِ الْفَائِضِ الْبَاسِطِ الرَّابِطِ

آپ کی آل پر جو نبی عزیز تر ہیں اور عزت دینے والے اور قریش کے سردار۔ صاحب فیض۔ فراخی پیدا کرنے والے ربط وتعلق پیدا

الْوَاعِظِ الْحَافِظِ اَللّٰهُمَّ اِنَّا نَسْئَلُكَ الْفَيْضَ وَالْبَسْطَ وَالرَّبْطَ وَالْحِفْظَ وَالْوَعْظَ فِيْ

کرنے والے نصیحت گر اور محافظ۔ اے اللہ ہم طلب کرتے ہیں تجھ سے فیض اور بسط وربط اور حفاظت وموعظت

سَبِيْلِ اللّٰهِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدِنِ الشَّمْسِ

اللہ تعالیٰ کی راہ میں۔ اے اللہ صلوٰۃ وسلام نازل فرما سیّدنا محمد پر اور آپ کی آل پر جو آفتاب تاباں ہیں

الطَّالِعِ وَالنَّبِيِّ الْمُتَوَاضِعِ الْمُبَلِّغِ الْبَلِيْغِ الْعَارِفِ الْمَرْفُوْعِ اِلَى الْخَلَّاقِ اَللّٰهُمَّ

اور صاحب تواضع نبی اور بلیغ مبلغ احکام اور بلند مرتبت صاحب عرفان بارگاہ خلاق عالم میں۔ اے اللہ

صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدِنِ الْمَعْشُوْقِ اَللّٰهُمَّ اَشْهَدُ

صلوٰۃ وسلام نازل فرما سیّدنا محمد پر اور آپ کی آل پر کہ جو ذات اقدس محبوب ہیں خالق وخلائق کے۔ اے اللہ گواہ

بِفَرْشِ شَادِ التَّقِيِّ بِعَرْشِ عَادِ الشَّقِيِّ بِفَرَاشِ الْاَوْحَادِ الْمُهِيِّ بِخَرْشِ عِبَادِ

ہیں ساتھ مضبوط فرش متقی کے۔ ساتھ عرش عاد شقی کے۔ ساتھ بچھونے یکتا نیل گایوں کے۔ ساتھ شب بیدار پاکیزہ بندوں

النَّقِيِّ بِقَرْشِ خَدَادِ الْفَمِيِّ بِقُرَيْشِ اَزْدَادِ الْقَوِيِّ بِهَوْشِ عِدَادِ الْبَهِيِّ

کے ساتھ انقطاع لمبے پھٹن منہ والے کے۔ ساتھ قریش قوی جماعت والوں کے۔ ساتھ کثیر تعداد والی جماعت حسینوں کے

بِلَوَارِشِ عِمَادِ الْاَمَانِيِّ بِمَرْعَشِ بَادِ الْحُبِّيِّ بِبَرْشِ كَارِ الْمَحْبُوْبِيِّ بِاَرْشِ

ساتھ درازی آرزوؤں کے ستونوں کے۔ ساتھ بادحبی کے مرعش کے۔ ساتھ رنگ برنگے مرکب محبوبی کے اور ساتھ تاوان

فَسَادِ الْغُيُوْرِيِّ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ كَمَا

فساد غیر کے۔ اے اللہ صلوٰۃ وسلام نازل فرما سیّدنا محمد پر اور سیّدنا محمد کی آل پر جیسے کہ

سَبَقَ اِلَيْنَا بِرَحْمَتِكَ وَاَتٰى بِهَلْ اَتٰكَ وَالدَّاعِيْ بِبَصِيْرَةٍ اِلٰى سَبِيْلِكَ اَللّٰهُمَّ

سبقت لے گئے طرف ہمارے ساتھ تیری رحمت کے اور لائے سورۂ ہل اتیٰ کو اور جو بلانے والے ہیں ساتھ بصیرت کے طرف تیری راہ کے

صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓی اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدِ الَّذِیْ نَصَحَ بِخَلْقِكَ وَ

اے اللہ صلوٰۃ وسلام نازل فرما سیّدنا محمد پر اور آپ کی آل پر جنھوں نے خلوص و ہمدردی فرمائی تیری مخلوق کے ساتھ اور

قَامَ بِحَقِّكَ وَالصَّادِعِ بِاَمْرِكَ وَالْمَشْغُوْلِ بِذِكْرِكَ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی

قیام فرمایا تیرے حق کے ساتھ اور قوت سے ظاہر کیا تیرے امر کو اور مشغول ہیں تیرے ذکر کے ساتھ۔ اے اللہ صلوٰۃ وسلام نازل فرما

سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓی اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدِ الْمُوَاظِبِ عَلٰی شُكْرِكَ وَاَكْرَمِ الْخَلْقِ

سیّدنا محمد پر اور آپ کی آل پر جو ہمیشہ تیرا شکر ادا کرنے والے ہیں اور تمام مخلوق سے مکرم ہیں

عِنْدَكَ وَاَعْظَمِ الْخَلْقِ لَدَیْكَ وَحُجَّتِكَ فِیْٓ اَرْضِكَ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی

نزدیک تیرے۔ اور عظیم تر ہیں تمام مخلوق سے تیری بارگاہ میں۔ اور تیری مجسم دلیل ہیں روئے زمین پر۔ اے اللہ صلوٰۃ وسلام نازل

سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓی اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدِ الَّذِیْ جَعَلْتَهٗ وَاسِطَةً بَیْنَكَ وَبَیْنَ خَلْقِكَ

فرما سیّدنا محمد پر اور آپ کی آل پر جن کو واسطہ بنایا ہے تو نے اپنے اور اپنی مخلوق کے درمیان

اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓی اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدِ الَّذِیْ جَلّٰی بِمَبْعَثِهِ

اے اللہ صلوٰۃ وسلام نازل فرما سیّدنا محمد پر اور آپ کی آل پر جنھوں نے روشن فرما دیا اپنی بعثت سے

الظُّلَمَ وَكَشَفَ عَنْ اُمَّتِهِ الْغَمَّ وَاَمَرَ بِوُجُوْبِ اِحْتِرَامِ الْحَرَمِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَ

تاریکیوں کو اور دور فرما دیا اُمّت سے غم و اندوہ کو اور حکم دیا احترام حرم کے وجوب ولزوم کا۔ اے اللہ صلوٰۃ و

سَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓی اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدِ الْوَفِیِّ بِالْعُهُوْدِ وَالذِّمَمِ وَالْمُجْتَبٰی

سلام نازل فرما سیّدنا محمد پر اور آپ کی آل پر جو نبھانے والے ہیں عہود اور ذمہ داریوں کو اور چنے ہوئے ہیں

بِخَیْرِ الْاُمَمِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓی اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدِ الرَّسُوْلِ

ساتھ خیر امم کی (زعوت کے)۔ اے اللہ صلوٰۃ وسلام نازل فرما سیّدنا محمد پر اور آپ کی آل پر جو محبوب رسول ہیں

اِلَی الْعَرَبِ وَالْعَجَمِ وَاُوْتِیَ بِجَوَامِعِ الْكَلِمِ وَسَبَقَتْ اُمَّتُهٗ بِخَیْرِ الْاُمَمِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ

طرف عرب و عجم کے اور عطا کئے گئے ہیں جامع کلمات۔ اور سبقت لے گئی ہے اُمّت ان کی خیر امم کے لقب کے ساتھ۔ اے اللہ

وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓی اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدِ الشَّافِی السَّقَمِ وَالْفَصِیْحِ الْكَلَامِ

صلوٰۃ وسلام نازل فرما سیّدنا محمد پر اور آپ کی آل پر جو بیماریوں میں شفا دینے والے ہیں اور فصیح کلام والے

وَالْفَقِیْهِ الْعَلَّامِ وَالْمُتَوَّجِ بِالْغَمَامِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی

اور بہت زیادہ علم والے فقیہ اور بادلوں کے تاج سجانے والے ہیں۔ اے اللہ صلوٰۃ وسلام نازل فرما سیّدنا محمد پر اور آپ

اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ بَدْرِ التَّمَامِ وَكَرِیْمِ الْبَسَّامِ وَعَدْلِ الْقَسَّامِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ

کی آل پر جو ماہ تمام اور بہت بزرگ۔ تبسم فرمانے والے اور بہت عدل کے ساتھ تقسیم فرمانے والے۔ اے اللہ صلوٰۃ وسلام

عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓی اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ ذِی الْجُوْدِ وَالْاِكْرَامِ وَذِی الْعَفْوِ الْاَنْعَامِ

نازل فرما سیّدنا محمد پر اور آپ کی آل پر جو مالک جودو اکرام ہیں اور عفو عام والے ہیں۔

اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓی اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ شَفِیْعِ الْمُلْكِ وَالْاَنَامِ

اے اللہ صلوٰۃ وسلام نازل فرما سیّدنا محمد پر اور آپ کی آل پر جو شفیع ہیں ملک اور مخلوقات کے

وَالْمُبَشَّرِ بِالْمَقَامِ وَالْمُطَهَّرِ مِنَ الْاٰثَامِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓی

اور بشارت یافتہ ہیں مقام محمود کی اور مکمل طور پر پاک ہیں گناہوں سے۔ اے اللہ صلوٰۃ وسلام نازل فرما سیّدنا محمد پر اور آپ

اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ ذِی الْكَرَمِ الْعَمِیْمِ وَالْخُلُقِ الْعَظِیْمِ وَالْقَلْبِ السَّلِیْمِ وَذِی الْعَطَآءِ

کی آل پر جو مالک ہیں کرم عام اور خلق عظیم اور قلب سلیم اور عظیم ترین جزا کے

الْجَسِیْمِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓی اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ ذِی الْعَفْوِ عَنِ

اے اللہ صلوٰۃ وسلام نازل فرما سیّدنا محمد پر اور آپ کی آل پر جو کمینوں سے عفو و

اللَّئِیْمِ وَذِی الْمَسْلَكِ الْمُسْتَقِیْمِ وَالْعِزِّ الْمُقِیْمِ وَرَسُوْلِ الْمَلِكِ الْقَدِیْمِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ

درگزر کرنے والے ہیں درست اور راست راستے والے۔ پائیدار عزت والے اور ملک قدیم کے رسول ہیں۔ اے اللہ صلوٰۃ

وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓی اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ خَطِیْبِهِمْ اِذَا نْصَتُوْا اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَ

وسلام نازل فرما سیّدنا محمد پر اور آپ کی آل پر جو محبوب خطیب خلائق ہوں گے جبکہ وہ بولنے سے قاصر ہوں گے۔ اے

سَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓی اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ مَنْ شُبِّهَ بِالنَّجْمِ اِذَا هَوٰی وَمَنْ لَّمْ یَضِلَّ

اللہ صلوٰۃ وسلام نازل فرما سیّدنا محمد پر اور آپ کی آل پر کہ جس محبوب کو تشبیہ دی گئی ہے ساتھ نجم کے جبکہ وہ معراج سے لوٹے اور جو

وَمَا غَوٰی وَلَمْ یَنْطِقْ عَنِ الْهَوٰی وَمَنْ نَّطَقَ بِوَحْیٍ یُّوْحٰی وَمَا یَنْطِقُ عَنِ الْهَوٰی

کہ نہ گمراہ ہوئے اور نہ بھٹکے اور نہ کلام کیا خواہش نفس سے بلکہ نطق کیا ساتھ اس کے جو ان کی طرف نازل کی جاتی ہے اور نہیں بولتے تھے خواہش نفس سے

اِنْ هُوَ اِلَّا وَحْیٌ يُّوْحٰى اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ

نہیں وہ مگر وحی جوان پر نازل کی جاتی ہے۔ اے اللہ صلوٰۃ وسلام نازل فرما سیدنا محمد پر اور آپ کی آل اطہار پر

مَّنْ عَلَّمَهٗ شَدِيْدُ الْقُوٰى وَمَنْ دَنٰى فَتَدَلّٰى فَكَانَ قَابَ قَوْسَيْنِ اَوْ اَدْنٰى اَللّٰهُمَّ

جن کو تعلیم دی بہت قوت والے نے اور جو قریب ہوئے پس مزید قریب ہوئے یہاں تک ہوگئے مانند قوس کے دوسروں کے

صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ مَّنْ اَوْحٰٓى اِلَيْهِ رَبُّهٗ مَآ اَوْحٰى

اے اللہ صلوٰۃ وسلام نازل فرما سیدنا محمد پر اور آپ کی آل پر جس محبوب کی طرف وحی کی ان کے رب نے جو وحی کرنی تھی

اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ مَّنْ صَدَّقَ فُؤَادُهٗ مَا

اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل فرما سیدنا محمد پر اور آپ کی آل پر کہ تصدیق کی ان کے دل انور نے جو

رَاٰى وَكَسَّرَ اللَّاتَ وَالْعُزّٰى اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ

دیکھا آپ نے آنکھوں سے اور ٹکڑے ٹکڑے کرایا آپ نے لات وعزیٰ کو۔ اے اللہ صلوٰۃ وسلام نازل فرما سیدنا محمد پر اور سیدنا محمد کی آل پر

مَّنْ اَبٰى قِسْمَةً ضِيْزٰى وَمَنْ لَّمْ يُؤْثِرِ الْحَيٰوةَ الدُّنْيَا اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا

جنہوں نے انکار فرمایا غیر منصفانہ تقسیم سے اور جنہوں نے نہ ترجیح دی دنیوی زندگی کو اخروی پر۔ اے اللہ صلوٰۃ وسلام نازل فرما سیدنا

مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ مَّنْ بَلَّغْتَهٗ غَايَةَ الْغِنٰى وَمَنْ وَّعَدْتَّهٗ اَنْ يُّرْضٰى اَللّٰهُمَّ

محمد پر اور آپ کی آل پر جنہیں پہنچایا تو نے انتہائے استغنا تک اور جنہیں وعدہ دیا راضی کرنے کا۔ اے اللہ

صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ مَّنْ اَعْرَضَ عَمَّنْ تَوَلّٰى وَجَزَيْتَهٗ

صلوٰۃ و سلام نازل فرما سیدنا محمد پر اور آپ کی آل پر جنہوں نے درگزر فرمائی پیٹھ پھیرنے والوں سے اور جنہیں تو نے

بِالْحُسْنٰى اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ مَّنْ اَمَرْتَهٗ فَاقْتَدٰى

جنت دی جزا میں۔ اے اللہ صلوٰۃ وسلام نازل فرما سیدنا محمد پر اور آپ کی آل پر جنہیں تو نے حکم دیا پس انہوں نے تعمیل کی

وَكَانَ فُؤَادُهٗ اَوْفٰى وَمَنْ وَّفٰى وَمَنْ سَعٰى اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى

اور جن کا دل اقدس بہت وسیع وکشادہ تھا اور جنہوں نے وفا کی اور سعی بلیغ فرمائی۔ اے اللہ صلوٰۃ وسلام نازل فرما سیدنا محمد پر اور آپ

اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ مَّنْ سَعْيُهٗ سَوْفَ يُرٰى وَيُجْزٰى جَزَآءَ الْاَوْفٰى وَمَنْ اِلٰى رَبِّهِ الْمُنْتَهٰى

کی آل پر جن کی سعی ضرور دیکھی جائے گی اور جنہیں کامل ترین جزا دی جائے گی اور جن کا اپنے رب کی طرف ہی منتہیٰ ہے

اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ مَّنْ رَّبُّهٗ اَغْنٰى وَ

اے اللہ صلوٰۃ وسلام نازل فرما سیدنا محمد پر اور آپ کی آل پر جنہیں ان کے رب نے غنا بخشا اور

اَقْنٰى وَرَبُّهٗ اَضْحَكَ وَاَبْكٰى اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى اٰلِ

راضی کیا ان کا رب ہی ہنسانے اور رلانے والا ہے۔ اے اللہ صلوٰۃ وسلام نازل فرما سیدنا محمد پر اور آپ کی

سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ مَّنْ رَّبُّهٗ اَمَاتَ وَاَحْيٰى وَرَبُّهٗ بِالنَّشْاَةِ الْاُخْرٰى اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى

آل پر کہ جن کا رب ہی مارنے والا اور زندہ کرنے والا اور دوسری نشاۃ بخشنے والا ہے۔ اے اللہ صلوٰۃ وسلام نازل فرما

سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ مَّنْ رَّبُّهٗ رَبُّ الشِّعْرٰى وَرَبُّهٗ خَلَقَ الذَّكَرَ وَالْاُنْثٰى


حَكِيْمٌ لَّا تَجُوْرُ وَمَنِيْعٌ لَّا تُقْهَرُ وَوَكِيْلٌ لَّا تَخْفِرُ وَغَالِبٌ لَّا

حکیم ہے جور نہیں کرتا۔ مستحکم ہے مقہور نہیں ہوتا اور کارساز ہے ذمہ داری میں کوتاہی نہیں کرتا۔ غالب ہے

تُغْلَبُ وَوِتْرٌ لَّا تَسْتَاْمِرُ وَفَرْدٌ لَّا تَسْتَشِيْرُ وَوَهَّابٌ لَّا تَمَلُّ

مغلوب نہیں اور یگانہ ہے رائے نہیں لیتا اور یکتا ہے مشورہ نہیں لیتا اور بہت ہبہ کرنے والا ہے رنجیدہ نہیں ہوتا

وَسَرِيْعٌ لَّا تَذْهَلُ وَحَلِيْمٌ لَّا تَعْجَلُ وَجَوَادٌ لَّا تَبْخَلُ وَعَزِيْزٌ

اور صاحب سرعت ہے بھولتا نہیں اور صاحب حلم ہے جلد بازی نہیں کرتا اور صاحب جود ہے بخل نہیں کرتا صاحب عزت ہے

لَّا تُذَلُّ وَقَآئِمٌ لَّا تَنَامُ وَحَافِظٌ لَّا تَغْفُلُ وَمُحْتَجِبٌ لَّا تُرٰى

مغلوب نہیں ہوتا۔ قائم ہے نہیں سوتا اور محافظ ہے غافل نہیں ہوتا اور بوجہ کمال ظہور نگاہوں سے اوجھل ہے نہیں دیکھا جا سکتا

وَدَآئِمٌ لَّا تَفْنٰى وَبَاقٍ لَّا تَبْلٰى وَوَاحِدٌ لَّا تُشَبَّهُ وَمُقْتَدِرٌ لَّا

اور دائم ہے فنا پذیر نہیں اور باقی ہے بوسیدہ نہیں ہوتا اور اکیلا ہے کسی کے مشابہ نہیں اور صاحب اقتدار ہے جس

تُنَازَعُ وَمَلِكٌ لَّا تَزُوْلُ يَا كَرِيْمُ الْجَوَادُ الْمُكْرِمُ يَا جَبَّارُ الْمُتَجَبِّرُ

سے نزاع نہیں کیا جا سکتا اور بادشاہ ہے جس کی بادشاہی کو زوال نہیں۔ اے کریم۔ جواد۔ مکرم اے جبار۔ متجبر۔

الْمُتَكَبِّرُ يَا جَلِيْلُ الْمُتَجَلِّلُ الْمُتَجَبِّلُ يَا عَزِيْزُ الْمُعِزُّ الْمُتَعَزِّزُ يَا

متکبر۔ اے جلیل۔ جلال کو پوری طرح ظاہر کرنے والے۔ اے بہت جمال والے۔ اے عزیز۔ اے عزت دینے والے عزت کاملہ کا

مَنْ يُّنَادِيْكَ مِنْ كُلِّ فَجٍّ عَمِيْقٍ يَا ظَاهِرُ الظُّهُوْرُ الْمُظْهِرُ يَا

مظاہرہ کرنے والے۔ اے کہ جسے پکارتے ہیں ہر گہرے راستہ سے۔ اے ظاہر۔ سراسر ظہور۔ ظاہر کرنے والے۔ اے

طَاهِرُ الطُّهُوْرُ الْمُطَهِّرُ الْمُتَطَهِّرُ يَا قَاهِرُ الْمُقْتَدِرُ يَا عَزِيْزُ الْمُعِزُّ

طاہر سراسر طہور۔ پاک کرنے والے اور پاکیزگی کاملہ والے۔ اے قاہر۔ صاحب اقتدار۔ اے عزیز۔ اے عزت دینے والے

الْمُتَعَزِّزُ يَا مَنْ يُّنَادِيْكَ مِنْ كُلِّ فَجٍّ عَمِيْقٍ وَمِنْ شَوَاهِقِ

اے عزت کاملہ والے۔ اے کہ جس کو پکارتے ہیں (مخلوق) ہر گہرے راستہ سے اور پہاڑوں کی بلند

الْجِبَالِ وَاَقْعَارِ الْبِحَارِ وَاَوْكَارِ الطُّيُوْرِ بِاَلْسِنَةٍ شَتّٰى وَ

چوٹیوں اور سمندروں کی گہرائیوں اور پرندوں کے گھونسلوں سے مختلف زبانوں اور بولیوں کے

لُغَاتٍ مُّخْتَلِفَةٍ وَّحَوَآئِجَ اُخْرٰى يَا مَنْ لَّا يُشْغِلُهٗ شَاْنٌ عَنْ

ساتھ اور اور مختلف حاجات میں۔ اے کہ جسے نہیں مشغول کرتی ایک حالت

شَاْنٍ يَا مَنْ لَّا يُشْغِلُكَ شَيْءٌ عَنْ شَيْءٍ اَنْتَ الَّذِيْ لَا تُغَيِّرُكَ

دوسری سے۔ اے کہ جسے نہیں مشغول کرتی کوئی شئی دوسری سے تو ہی ہے جس کو نہیں متغیر کرتے

الْاَزْمِنَةُ وَلَا تُحِيْطُ بِكَ الْاَمْكِنَةُ وَلَا تَصِفُكَ الْاَلْسِنَةُ وَلَا

زمانے اور نہیں محیط ہو سکتے مکان اور نہ تیری توصیف کر سکتی ہیں زبانیں اور نہ تجھے

تأخذك نوم ولا سنة ولا يشبهك شيء وكيف لا تكون كذلك

اپنی لپیٹ میں لیتی ہے نیند اور نہ ہی اونگھ اور نہیں مشابہ تیرے کوئی شئی اور کیونکر تو ایسے نہ ہو جبکہ

وأنت خالق كل شيء وكل شيء هالك إلا وجهك الكريم

تو ہر شئی کا خالق ہے اور ہر شئی ہلاک ہونے والی ہے سوائے تیری ذات کریم کے پاکیزہ

سبوح ذكرك قدوس أمرك واحد حقك نافذ قضائك

ہے ذکر تیرا مقدس ہے امر تیرا واحد ہے حق تیرا نافذ ہے قضاء تیری

وصل على محمد وعلى آل محمد ويسر لي من أمري ما

وصلوٰۃ بھیج سیّدنا محمد پر اور آپ کی آل پر اور آسان فرما میرے لیے میرے امرے

أرجو منك يا الله يا الله يا الله واصرف عني ما أخاف عنه

جس کی میں امید رکھتا ہوں تجھ سے یا اللہ یا اللہ یا اللہ اور دور فرما مجھ سے جس سے میں خوف کھاتا ہوں

يا الله يا الله يا الله ويسر لي من أمري ما أخاف عسرته يا

یا اللہ یا اللہ یا اللہ اور آسان فرما میرے لیے میرے امر سے جس کی تنگی سے میں ڈرتا ہوں یا

الله يا الله يا الله وفرج عني ما أخاف ضيقته يا الله يا الله

اللہ یا اللہ یا اللہ۔ اور دور فرما مجھ سے جس کی تنگی سے میں خوف کھاتا ہوں یا اللہ یا اللہ

يا الله وسهل لي ما أخاف حزونته يا الله اللهم صفنا

یا اللہ۔ اور آسان فرما میرے لیے جس کی سختی سے میں ڈرتا ہوں یا اللہ۔ اے اللہ مصفیٰ فرما

بصفائه واجعلنا من أخلائه وصدورنا في صدور ديوان

ہمیں بطفیل ان کے صفا و خلوص کے اور بنا ہمیں ان کے دوستوں سے اور ہمارے سینوں کو داخل فرما ان کے اولیاء کے

أوليائه من بعده صلوة وسلاما دائمين بدوام عطائه

دیوان کے سینوں میں ان کے بعد صلوٰۃ وسلام نازل ہو ان پر جو دائم ہو ان کے دوام عطا کے مطابق

صلى الله عليه وسلم اللهم إني أسئلك ولا أسئل من غيرك

صلی اللہ علیہ وسلم۔ اے اللہ میں تجھ سے سوال کرتا ہوں اور نہیں سوال کرتا تیرے غیر سے

وأرغب إليك ولا أرغب إلى غيرك وأسئلك يا أمان الخائفين

اور تیری طرف رغبت کرتا ہوں اور نہیں رغبت رکھتا تیرے سوا کی طرف اور میں سوال کرتا ہوں تجھ سے اے خوفزدگان کی

وجار المستجيرين أنت الفتاح إلى الخيرات ومقيل العثرات

امان اور پناہ پکڑنے والوں کی پناہ۔ تو ہی ہے کھولنے والا دروازہ طرف خیرات کے اور درگزر کرنے والا لغزشوں سے

وماحي السيئات وكاتب الحسنات ورافع الدرجات ومانع

اور مٹانے والا گناہوں کا اور لکھوانے والا نیکیوں کا اور بلند کرنے والا درجات کا اور روکنے والا

البليات ودافع الآفات اللهم صل على سيدنا محمد الذي

مصائب کا اور دور کرنے والا آفات کا۔ اے اللہ صلوٰۃ نازل فرما سیّدنا محمد پر کہ

شهد برسالته الملك الغفار اللهم صل على سيدنا محمد

شہادت دی ان کی رسالت کی ملک غفار نے۔ اے اللہ صلوٰۃ نازل فرما سیّدنا محمد پر

الإنسان لعيون الممالك والروح لدوائر المدد والمسالك

جو پتلی ہیں ممالک کی آنکھوں کے لیے اور روح ہیں واسطے مدد کے دائروں اور راستوں کے لیے

اللهم صل وسلم على سيدنا محمد ظلك الممدود لكل

اے اللہ صلوٰۃ وسلام نازل فرما سیّدنا محمد پر جو کہ تیرا ظل ممدود ہیں

مقرب وفيئك المسعود لكل محبب اللهم صل وسلم على

واسطے ہر مقرب کے اور سایۂ سعادت ہیں واسطے ہر محبوب کے۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل فرما

سيدنا محمد وعلى آل سيدنا محمد مطلع الأنوار الإلهي

سیّدنا محمد پر اور آپ کی آل اطہار پر جو انوار الٰہیہ کے مطیع ہیں

ومخزن العلوم الوحدة الرباني اللهم صل وسلم على

اور وحدت ربانیہ کے علوم کے خزانہ ہیں۔ اے اللہ صلوٰۃ وسلام نازل فرما

سيدنا محمد وعلى آل سيدنا محمد قبلة التجلي الذاتي و

سیّدنا محمد پر اور آپ کی آل اطہار پر جو قبلہ ہیں تجلی ذاتی کا اور

وَمَظْهَرِ اَسْرَارِ الصِّفَاتِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ
مظہر ہیں اسرار صفاتی کا۔ اے اللہ صلوٰۃ وسلام نازل فرما سیدنا محمد پر
وَّعَلٰٓى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ ٍالْحَائِزِ لِعِلْمِ مَا كَانَ وَمَا يَكُوْنُ اَللّٰهُمَّ
اور آپ کی آل پر جو محبوب جامع ہیں ماکان و مایکون کے علوم کے۔ اے اللہ
صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ مَجْلَى الْاِسْمِ
صلوٰۃ و سلام نازل فرما سیدنا محمد پر اور آپ کی آل پر جو جلوہ گاہ ہیں پوشیدہ
الْاَعْظَمِ الْمَكْنُوْنِ وَحَقِيْقَةِ الْعَرْشِ الْمَخْزُوْنِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَ
اسم اعظم کی اور حقیقت ہیں مخزون و محفوظ عرش کی۔ اے اللہ صلوٰۃ و
سَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ عَيْنِ الرَّحْمَةِ
سلام نازل فرما سیدنا محمد پر اور آپ کی آل پر جو عین رحمت ہیں
وَسِرِّ الْحِكْمَةِ وَبَابِ الْحَضْرَةِ وَمَقْصُوْدِ النَّظْرَةِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ
اور راز حکمت ہیں اور بارگاہ خداوندی کا دروازہ ہیں اور مقصود نظر ہیں۔ اے اللہ صلوٰۃ
وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ طِبِّ الْاَرْوَاحِ وَ
و سلام نازل فرما سیدنا محمد پر اور آپ کی آل پر جو روحوں کے طبیب ہیں اور
قُوَّةِ الْاَشْبَاحِ وَالصَّلَاحِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ
اجسام کے لیے قوت اور بہتری کا سامان ہیں۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل فرما سیدنا محمد پر
وَّعَلٰٓى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ مُرْوِى الظَّمَا وَمُذْهِبِ الْعَمٰى مَنْ
اور آپ کی آل اطہار پر کہ سیراب کرنے والے ہیں پیاس کے اور دور کرنے والے ہیں اندھے پن کو جو کہ
هُوَ الْحِمٰى اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى اٰلِ سَيِّدِنَا
سراپا حمایت ونگرانی ہیں۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل فرما سیدنا محمد پر اور آپ کی آل
مُحَمَّدٍ مُفِيْضِ النِّتَاجِ وَالنُّوْرِ السِّرَاجِ الثَّجَّاجِ وَمُتَلَاطِمِ الْاَمْوَاجِ
پر جو فیض دینے والے ہیں نتائج کا اور روشن چراغ ہیں۔ زور سے بہتا دریا ہیں جس کی موجیں باہم متلاطم ہیں

اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ نُوْرِ الْبَصَآئِرِ
اے اللہ صلوٰۃ وسلام نازل فرما سیدنا محمد پر اور آپ کی آل پر جو مجسم نور ہیں بصیرتوں کیلئے
وَمَدَدِ الدَّوَآئِرِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى اٰلِ سَيِّدِنَا
اور مدد ہیں دائروں کی۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل فرما سیدنا محمد پر۔ اور آپ کی آل
مُحَمَّدٍ مَطْلُوْبِ الْحَضَآئِرِ وَالرَّسُوْلِ الطَّاهِرِ وَالنَّبِيِّ الْفَاخِرِ اَللّٰهُمَّ
پر جو مطلوب ہیں قدسی بارگاہوں کے۔ صاحب طہارت رسول اور صاحب فخر نبی ہیں۔ اے اللہ
صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ مُبِيْدِ الْمَنَاكِرِ وَمُشَيِّدِ
صلوٰۃ و سلام نازل فرما سیدنا محمد پر اور آپ کی آل پر جو تباہ کرنے والے ہیں برائیوں کے اور پختہ کرنیوالے
الْاَوَامِرِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ
اللہ تعالیٰ کے احکام کے۔ اے اللہ صلوٰۃ وسلام نازل فرما سیدنا محمد پر اور آپ کی آل اطہار پر
حَبِيْبِ الْكُلِّ وَالْمُطَّلِعِ عَلَى الْغُيُوْبِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى
جو آقا ہر ایک کے حبیب ہیں اور غیوب پر مطلع ہیں۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل فرما
سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ حِجَابِ كُلِّ عَارٍ وَازْدِيَادِ مَحَبَّةٍ
سیدنا محمد پر اور سیدنا محمد کی آل پر جو حجاب و رکاوٹ ہیں ہر عار کے آگے اور موجب ہیں محبت کی
اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ سِرِّ الْعَدَدِ
ترقی کے۔ اے اللہ صلوٰۃ وسلام نازل فرما سیدنا محمد پر اور آپ کی آل پر جو آقا راز مخفی ہیں اعداد کا
وَمُمِدِّ الْمَدَدِ مَنْ لَّا يُسَاوِيْهِ اَحَدٌ اَللّٰهُمَّ اِنِّيْٓ اَسْئَلُكَ بِاَنِّيْٓ اَشْهَدُ
اور موجب و باعث ہیں مدد کا جن سے کوئی بھی مساوی نہیں ہو سکتا۔ اے اللہ بیشک میں تجھ سے سوال کرتا ہوں بطفیل میری
اَنَّكَ اَنْتَ اللّٰهُ لَآ اِلٰهَ اِلَّآ اَنْتَ وَاَشْهَدُ اَنَّ مُحَمَّدًا عَبْدُكَ وَرَسُوْلُكَ
اس شہادت کے کہ تو ہی اللہ ہے۔ نہیں معبود برحق مگر وہی اور اس گواہی کے کہ محمد تیرے عبد اور رسول
وَمَحْبُوْبُكَ وَالْاَوْلِيَآءُ وَالصُّلَحَآءُ بِمَحَبَّتِكَ اَللّٰهُمَّ اِنِّيْٓ اَسْئَلُكَ
اور محبوب ہیں اور تمام اولیاء وصلحاء بھی یہی شہادت دیتے ہیں بسبب تیری محبت کے۔ اے اللہ بیشک میں سوال

بِاَنَّ لَكَ الْحَمْدُ لَآ اِلٰهَ اِلَّآ اَنْتَ وَحْدَكَ لَا شَرِيْكَ لَكَ الْحَنَّانُ
کرتا ہوں تجھ سے بطفیل اس کے کہ تیرے لیے ہی حمد ہے نہیں معبود برحق مگر تو اکیلا نہیں کوئی شریک تیرا بہت مہربان
الْمَنَّانُ بَدِيْعُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ وَمَا بَيْنَهُمَا سُبْحَانَ رَبِّيَ الْعَظِيْمِ
بہت صاحب احسان۔ از سر نو پیدا کرنے والا آسمانوں اور زمین کا اور جو ان کے درمیان ہے۔ پاک ہے میرا رب عظیم
وَبِحَمْدِهٖ سُبْحَانَهٗ وَتَعَالٰى سُبْحَانَ رَبِّيَ الْاَعْلَى الْوَهَّابُ اَللّٰهُمَّ فَاطِرَ
اور حمد ہے اس کی۔ پاک ہے وہ اور بلند شان۔ پاک ہے میرا رب اعلیٰ جو بہت عطا کرنے والا ہے ۔ اے اللہ پیدا کرنے والے
السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ عَالِمَ الْغَيْبِ وَالشَّهَادَةِ رَبَّ كُلِّ شَيْءٍ وَّمَلِيْكَهٗ وَ
آسمانوں اور زمین کے۔ جاننے والے غیب و شہادت کے۔ رب ہر شئی کا اور بادشاہ اور
اَشْهَدُ اَنْ لَّآ اِلٰهَ اِلَّآ اَنْتَ وَحْدَكَ لَا شَرِيْكَ لَكَ اَللّٰهُمَّ اِنِّيْ اَصْبَحْتُ
میں گواہی دیتا ہوں کہ نہیں معبود برحق مگر تو اکیلا نہیں شریک واسطے تیرے ۔ اے اللہ بے شک صبح کی میں نے
وَاُشْهِدُكَ وَاُشْهِدُ حَمَلَةَ عَرْشِكَ وَمَلٰٓئِكَتَكَ وَجَمِيْعَ خَلْقِكَ بِاَنَّكَ
جبکہ گواہ بناتا ہوں تجھے اور گواہ بناتا ہوں تیرے حاملین عرش اور تمام ملائکہ کو اور تمام مخلوق کو ساتھ اس کے
لَآ اِلٰهَ اِلَّآ اَنْتَ وَاَنَّ مُحَمَّدًا عَبْدُكَ وَرَسُوْلُكَ وَاَصْبَحْنَا وَاَصْبَحَ
کہ نہیں معبود برحق مگر تو اور بیشک محمد تیرے عبد خاص اور رسول ہیں ۔ اور صبح کی ہم نے اور صبح کی
الْمُلْكُ لِلّٰهِ وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَحْدَهٗ لَا شَرِيْكَ لَهٗ لَهُ الْمُلْكُ
ملک نے واسطے اللہ تعالیٰ کے اور سب تعریفیں اللہ کے لیے ہیں۔ نہیں معبود برحق مگر اللہ وحدہ لاشریک ہے۔ اسی کیلئے
وَلَهُ الْحَمْدُ وَهُوَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ اَصْبَحْنَا وَاَصْبَحَ الْمُلْكُ لِلّٰهِ وَ
ملک ہے اور اسی کے لیے حمد ہے اور وہ ہر شئی پر قدیر ہے ۔ صبح کی ہم نے اور صبح کی ملک نے واسطے اللہ کے
الْعِزَّةُ وَالْعَظَمَةُ وَالْكِبْرِيَآءُ وَالْجَبَرُوْتُ وَالسُّلْطَانُ وَالْبُرْهَانُ
اور عزت و عظمت اور کبریاء و تسلط اور غلبہ و برہان
لِلّٰهِ وَالْاٰلَآءُ وَالنَّعْمَآءُ لِلّٰهِ وَالْخَلْقُ وَاللَّيْلُ وَالنَّهَارُ وَالْاَمْرُ لِلّٰهِ وَمَا
واسطے اللہ تعالیٰ کے اور تمام نعمتیں ظاہری اور باطنی اللہ تعالیٰ کے لیے ہیں اور خلق و امر اور شب و روز اللہ کیلئے ہیں اور جو

سَكَنَ فِيْهِمَا كُلُّهٗ لِلّٰهِ الْوَاحِدِ الْقَهَّارِ اَصْبَحْنَا عَلٰى فِطْرَةِ الْاِسْلَامِ
ان میں سکون پذیر ہے وہ سبھی اللہ واحد قہار کے لیے ہیں۔ صبح کی ہم نے فطرت اسلام پر
وَكَلِمَةِ الْاِخْلَاصِ وَعَلٰى دِيْنِ نَبِيِّنَا مُحَمَّدٍ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَ
اور کلمہ اخلاص پر اور اپنے نبی محمد کے دین پر صلی اللہ علیہ وسلم اور
عَلٰى مِلَّةِ اَبِيْنَآ اِبْرَاهِيْمَ حَنِيْفًا مُّسْلِمًا وَّمَا كَانَ مِنَ الْمُشْرِكِيْنَ اَلْحَمْدُ
اپنے باپ حضرت ابراہیم کی ملت پر جو حق کی طرف راغب اور سراپا تسلیم و رضا تھے اور نہیں تھے مشرکین سے تمام تعریفیں
لِلّٰهِ عَلٰى حُسْنِ الصَّبَاحِ وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ عَلٰى حُسْنِ الْمَسَآءِ وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ عَلٰى
اللہ کے لیے ہیں صبح کی حسن و خوبی پر اور تمام تعریفیں اللہ کے لیے ہیں شام کے حسن و خوبی پر اور حمد ہے اللہ کیلئے
حُسْنِ الْمَبِيْتِ اَللّٰهُمَّ لَكَ الْحَمْدُ حَمْدًا دَآئِمًا مَعَ دَوَامِكَ وَلَكَ
رات گزرنے کے حسن و خوبی پر۔ اے اللہ تیرے ہی لیے ہے حمد جو دائم ہو ساتھ تیرے دوام کے۔ اور تیرے ہی لیے
الْحَمْدُ حَمْدًا خَالِدًا مَعَ خُلُوْدِكَ وَلَكَ الْحَمْدُ حَمْدًا لَا مُنْتَهٰى لَهٗ دُوْنَ
ہے حمد جو ہمیشہ ہو تیرے خلود کے ساتھ۔ اور تیرے ہی لیے ہے حمد کہ نہیں منتہا اس کے لیے بغیر
مَشِيَّتِكَ وَلَكَ الْحَمْدُ حَمْدًا عِنْدَ كُلِّ طَرْفَةِ عَيْنٍ وَّتَنَفُّسِ كُلِّ
تیری مشیت کے اور تیرے ہی لیے ہے حمد ہر دفعہ آنکھ جھپکنے پہ اور ہر سانس کی
نَفْسٍ اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ حَمْدًا دَآئِمًا عَدَدَ الْقَطَرَاتِ وَالنَّبَاتَاتِ وَالْحَجَرِ
آمد و رفت پر اللہ تعالیٰ کے لیے ہے حمد دائمی مطابق تعداد قطرات اور نباتات اور ہر حجر
وَالشَّجَرِ وَالْاَوْرَاقِ اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ كَفَاهُ وَالصَّلٰوةُ عَلٰى نَبِيِّهٖ مُحَمَّدٍ
و شجر کے اور تمام پتوں کے۔ تمام تعریفیں اللہ تعالیٰ کے لیے ہیں اور وہی کافی ہے اور صلوٰۃ نازل ہو اس کے نبی محمد پر
صَلَّى اللّٰهُ تَعَالٰى عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِلٰهِيْ بِرَحْمَتِكَ اَرْجُوْ فَلَا تَكِلْنِيْٓ اِلٰى
صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم ۔ اے میرے الٰہ میں تیری رحمت کے ساتھ امیدوار ہوں پس مجھے نہ
نَفْسِيْ وَلَآ اِلٰى غَيْرِكَ طَرْفَةَ عَيْنٍ وَّلَآ اَقَلَّ مِنْ ذٰلِكَ وَاَصْلِحْ
سونپ میرے نفس کی طرف اور نہ طرف اپنے ماسوا کے آنکھ جھپکنے کی دیر اور نہ ہی اس سے کم۔ اور درست فرما

لِی شَأْنِی کُلَّہٗ بِلَا اِلٰہَ اِلَّا اَنْتَ وَحْدَکَ لَا شَرِیْکَ لَکَ وَتُبْ عَلَیَّ وَ

میرے لیے میرے تمام حالات بطفیل اس کے کہ نہیں معبود برحق مگر تو اکیلا نہیں شریک تیرے لیے اور نظر رحمت فرما مجھ پر اور

اغْفِرْ لِیْ وَارْحَمْنِیْ وَاَنْتَ خَیْرُ الرَّاحِمِیْنَ اَللّٰھُمَّ لَکَ الْحَمْدُ وَ

مغفرت فرما اور رحم فرما اور تو بہتر ہے تمام رحم کرنے والوں سے۔ اے اللہ تیرے لیے ہی حمد ہے اور

اِلَیْکَ الْمُشْتَکٰی وَاَنْتَ الْمُسْتَعَانُ وَلَا حَوْلَ وَلَا قُوَّۃَ اِلَّا بِکَ یَا لَطِیْفُ

طرف تیرے ہی جاتے شکایت ہے اور تو معاونت طلب کیے جانے کے لائق ہے اور نہیں طاقت اور نہ قوت مگر ساتھ تیرے اے

اُلْطُفْ بِیْ وَبِوَالِدَیَّ فِیْ جَمِیْعِ الْاَحْوَالِ کَمَا تُحِبُّ وَتَرْضٰی یَا

لطیف لطف فرما مجھ پر اور میرے والدین پر تمام احوال میں جیسے کہ تجھے محبوب اور پسند ہے۔ اے

عَلِیْمُ یَا قَدِیْرُ وَاغْفِرْ لِیْ وَلِوَالِدَیَّ اِنَّکَ عَلٰی کُلِّ شَیْءٍ قَدِیْرٌ اَللّٰھُمَّ

علیم۔ اے قدیر اور بخش مجھے اور میرے والدین کو بیشک تو ہر شئ پر کامل دسترس والا ہے۔ اے اللہ

صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓی اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ ذِی الْوَجْہِ

صلوٰۃ وسلام نازل فرما سیدنا محمد پر اور آپ کی آل پر جو چاند سے حسین چہرے

الْاَقْمَرِ وَاللَّوْنِ الْاَزْھَرِ وَالرِّیْحِ الْاَعْطَرِ وَالسَّیِّدِ الْاَکْبَرِ وَحَبِیْبِکَ

والے ہیں اور بہت چمک دار رنگت والے۔ انتہائی معطر خوشبو والے اور بہت بڑے سردار اور تیرے انتہائی

الْاَفْخَرِ وَخَلِیْلِکَ الْاَطْھَرِ اَللّٰھُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّ

قابل فخر حبیب اور حد درجہ پاکیزہ خلیل۔ اے اللہ صلوٰۃ وسلام نازل فرما سیدنا محمد پر اور

عَلٰی اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ مَنْ بِہٖ تُقْبَلُ الْاَعْمَالُ وَبِہٖ تُصْلَحُ الْاَحْوَالُ

آپ کی آل اطہار پر جن کے طفیل اعمال خیر قبول ہوتے ہیں اور احوال کی اصلاح ہوتی ہے

وَبِہٖ یَحْسُنُ خِتَامُ الْاٰجَالِ اَللّٰھُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی

اور جن کے طفیل اچھا ہوتا ہے خاتمہ مقدرہ عمروں کا۔ اے اللہ صلوٰۃ وسلام نازل فرما سیدنا محمد پر اور آپ کی

اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ مِیْزَابِ حَضْرَتِکَ الْعِنْدِیَّۃِ وَسَقْفِ کَعْبَۃِ کَمَالَاتِکَ

آل اطہار پر جو تیری بارگاہ قرب کا میزاب رحمت ہیں اور کمالات ربانیہ کے کعبہ چھت ہیں

الرَّبَّانِیَّۃِ وَحَجَرِ بَیْتِکَ الرَّحْمَانِیَّۃِ وَرُکْنِ الْیَمَانِیْ لِاَسْرَارِکَ الْفَرْدَانِیَّۃِ

اور بیت رحمانیت کا حجر اسود ہیں اور تیرے اسرار فردانیہ کا رکن یمانی ہیں

اَللّٰھُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓی اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ حِجْرِ اَمْنِکَ

اے اللہ صلوٰۃ وسلام نازل فرما سیدنا محمد پر اور آپ کی آل اطہار پر جو تیرے امن کا قلعہ ہیں

الَّذِیْ مَنْ دَخَلَہٗ اٰمَنَ مِنْ سَطْوَتِکَ الرَّھْبُوْتِیَّۃِ اَللّٰھُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ

کہ جو اس میں داخل ہو گیا تیری سطوت اور ہیبت سے امن پا گیا۔ اے اللہ صلوٰۃ وسلام

عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓی اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ مَقَامِ خُلَّتِکَ الَّذِیْ مَنْ

نازل فرما سیدنا محمد پر اور آپ کی آل پر جو تیری خلت کے مقام ابراہیم ہیں کہ جو اس میں

غَابَ فِیْہِ لَمْ تُدْرِکْ حَقِیْقَتَہُ الْعَوَالِمُ الْخَلْقِیَّۃُ اَللّٰھُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ

غائب ہوا اس کی حقیقت کا ادراک نہیں کر سکتی مخلوق جہان۔ اے اللہ صلوٰۃ وسلام نازل فرما

عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓی اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ الْمُلْتَزَمِ الْتِزَامِکَ الَّذِیْ مَنْ

سیدنا محمد پر اور آپ کی آل پر جو تیری بارگاہ کو لازم پکڑنے کے لیے مقام ملتزم ہیں کہ جس

تَمَسَّکَ بِہٖ اَدْرَکَ الْفَرَآئِضَ الرَّغْبُوْتِیَّۃَ اَللّٰھُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی

نے ان کا سہارا لیا تو پا لیا مرغوب فرائض اور حصص کو۔ اے اللہ صلوٰۃ وسلام نازل فرما

سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓی اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ مَآءِ زَمْزَمِکَ الَّذِیْ مَنْ شَرِبَ

سیدنا محمد پر اور آپ کی اولاد امجاد پر جو تیرا ماء زمزم ہیں کہ جس نے ان کے چشمہ

مِنْ اِفَاضَتِہٖ اِسْتَکْمَلَ الْاُنْسِیَّۃَ اَللّٰھُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا

فیض سے پیا کامل کر لیا انس و محبت کو۔ اے اللہ صلوٰۃ وسلام نازل فرما سیدنا

مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓی اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ رُکْنِکَ الْمُشَیَّدِ وَخَلِیْفَتِکَ الْمُؤَیَّدِ اَللّٰھُمَّ

محمد پر اور آپ کی آل پر جو تیرے مضبوط رکن ہیں اور تائید و توفیق یافتہ خلیفہ۔ اے اللہ

صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓی اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ بَیْتِکَ

صلوٰۃ وسلام نازل فرما سیدنا محمد پر اور آپ کی آل اطہار پر جو تیرا بیت حرام ہیں

الواسع لتجليك وعرشك الحامل لتوليك وكرسيك

جو گنجائش رکھتے ہیں تیری تجلی کی۔ اور تیرا عرش عظیم ہیں جو حامل ہیں تیرے اقتدار و تصرف کے اور تیری وسیع

القادر لتدليك اللهم صل وسلم على سيدنا محمد و

کرسی ہیں جو قادر ہیں تیرے نزول وجلال کیلئے۔ اے اللہ صلوٰۃ وسلام نازل فرما سیدنا محمد پر اور

على ال سيدنا محمد باطن ديوان قدسك الاعلى وظاهر ديوان

آپ کی آل پر جو حقیقت باطنہ ہیں تیرے مقدس دیوان اعلیٰ کی اور ظاہر ہیں تیری کبریائی کے

كبريائك الاولى اللهم صل وسلم على سيدنا محمد وعلى ال سيدنا

دیوان اولیٰ کے۔ اے اللہ صلوٰۃ وسلام نازل فرما سیدنا محمد پر اور آپ کی آل پر

محمد السابغ بك منك والاخذ له عنك والقائم لك فيك و

جو کمال وسعت والے ہیں ساتھ تیری طرف سے اور حاصل کرنیوالے ہیں اپنے لیے ہر کمال تجھ سے اور قائم ہیں تیرے لیے تیری خاطر

الطالع لاعلى مراقيك اللهم صل وسلم على سيدنا محمد وعلى

اور چڑھنے والے ہیں تیری انتہائی بلندیوں تک۔ اے اللہ صلوٰۃ وسلام نازل فرما سیدنا محمد پر اور آپ کی

ال سيدنا محمد الداخل في اعلى مجاليك والخارج لمعاليك اللهم

آل پر جو محبوب داخل ہونے والے ہیں تیری بلند ترین جلوہ گاہوں میں اور نکلنے والے ہیں تیرے اعلیٰ مقامات کی طرف۔ اے

صل وسلم على سيدنا محمد وعلى ال سيدنا محمد الغائب في تعاليك

اللہ صلوٰۃ وسلام نازل فرما سیدنا محمد پر اور آپ کی آل پر جو مستغرق ہونیوالے ہیں تیری بلندیوں میں

ومغناطيس ظهور مباديك اللهم صل وسلم على سيدنا محمد

اور مقناطیس ہیں تیری پہلی مخلوقات کے ظہور کا۔ اے اللہ صلوٰۃ وسلام نازل فرما سیدنا محمد پر

وعلى ال سيدنا محمد يعسوب بطون تناهي العظمة يا مليك

اور آپ کی آل پر جو آقا امیر ورئیس ہیں تیری انتہائی عظمت کے بطون کے اے شہنشاہ

اللهم صل وسلم على سيدنا محمد وعلى ال سيدنا محمد احمدك

اے اللہ صلوٰۃ وسلام نازل فرما سیدنا محمد پر اور آپ کی آل پر جو تیرے ایسے احمد ہیں

المحمود لتوليك ومحمدك المقصود لتمليك اللهم صل وسلم

کہ حمد کئے ہوئے ہیں تیری دوستی کی وجہ سے اور تیرے محمد ہیں جو مقصود ہیں تیری بزم آرائی سے۔ اے اللہ صلوٰۃ وسلام

على سيدنا محمد وعلى ال سيدنا محمد المعصوم من الادناس

نازل فرما سیدنا محمد پر اور آپ کی آل اطہار پر جو آقا معصوم ہیں گناہوں کی میل وکچیل سے

والمحفوظ من ملاحظة الارجاس اللهم احفظني واحفظ

اور محفوظ ہیں پلیدیوں کی طرف آنکھ اٹھا کر دیکھنے سے بھی۔ اے اللہ مجھے محفوظ فرما اور میری اولاد کو بھی

اولادي مما لا ترضاه ومن غلبة الاعداء ومن التذلل على

اپنے ناپسندیدہ اعمال سے اور دشمنوں کے غلبہ سے اور دنیا اور اہل دنیا کے

باب الدنيا واهلها اللهم يدك فوق كل يد وقوتك اعز

دروازے پر ذلیل وخوار ہونے سے۔ اے اللہ تیرا دست قدرت ہر ہاتھ پر غالب ہے۔ اور تیری قوت

من كل قوة وسلطانك اجد وامنع من كل ذي سلطان

ہر قوت پر غالب ہے۔ اور تیری سلطنت زیادہ سخت اور زیادہ محفوظ ہے ہر سلطنت والے سے۔

وادرء بك في نحور اعدائي واستعين بك واعوذ بك من

اور تجھے مدمقابل بناتا ہوں اعداء کے سینوں کے اور توفیق طلب کرتا ہوں۔ اور تیری پناہ طلب کرتا ہوں

شرورهم والجا اليك فيما اشفقت عليه منهم فصل على

ان کے شرور سے اور تیرا سہارا لیتا ہوں ان امور میں جن میں ان سے خوفزدہ ہوں پس صلوٰۃ نازل فرما

محمد النبي الامي واله وسلم اللهم احفظ عن جميع

سیدنا محمد نبی امی پر اور آپ کی آل پر اور سلام نازل فرما۔ اے اللہ ہمیں محفوظ فرما تمام دشمنوں سے

اعدائنا من بين ايدينا ومن خلفنا وعن ايماننا وعن شمائلنا

آگے سے۔ پیچھے سے اور دائیں سے۔ اور بائیں سے

ابدا ما ابقيتنا واحفظ ديننا ودنيانا بما حفظت به الذكر حيث

ہمیشہ کے لیے جب تک ہمیں باقی رکھے اور محفوظ فرما ہمارے دین کو اور دنیا کو جس طرح کہ تو نے محفوظ فرمایا قرآن مجید کو جبکہ

قُلْتَ اِنَّا نَحْنُ نَزَّلْنَا الذِّكْرَ وَاِنَّا لَهٗ لَحٰفِظُوْنَ ۝ وَبِمَا حَفِظْتَ بِهٖ
فرمایا "بیشک ہم نے نازل کیا قرآن کو اور ہم ہی اس کے محافظ ہیں" اور جس طرح تو نے محفوظ فرمایا
كِتَابَكَ الْعَزِيْزَ الَّذِيْ لَا يَاْتِيْهِ الْبَاطِلُ مِنْۢ بَيْنِ يَدَيْهِ وَلَا مِنْ خَلْفِهٖ
اپنی کتاب عزیز کو کہ "جسے نہیں پیش آسکتا باطل سامنے سے اور نہ ہی پیچھے سے جو
تَنْزِيْلٌ مِّنْ حَكِيْمٍ حَمِيْدٍ ۝ وَبِمَا حَفِظْتَ بِهٖ عَبْدَكَ الَّذِيْ فَهَّمْتَهٗ
اتارا ہوا ہے حکمت والے لائق حمد و ثنا کی طرف سے اور جس طرح تو نے محفوظ فرمایا۔ اپنے عبد کو جنہیں فہم و دانش سے نوازا
وَسَخَّرْتَ لَهُ الشَّيَاطِيْنَ حَيْثُ قُلْتَ وَكُنَّا لَهُمْ حٰفِظِيْنَ وَبِمَا
اور مسخر فرمایا ان کے لیے شیاطین کو جس مقام پر فرمایا "اور تھے ہم ان کے لیے محافظ" اور جس طرح تو نے
حَفِظْتَ بِهٖ عَبْدَكَ وَنَبِيَّكَ مُحَمَّدًا صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ حَيْثُ
محفوظ فرمایا اپنے عبد خاص اور نبی مکرم محمد صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم کو جس مقام پر فرمایا
قُلْتَ فَاللّٰهُ خَيْرٌ حٰفِظًا وَّهُوَ اَرْحَمُ الرّٰحِمِيْنَ وَبِمَا حَفِظْتَ بِهِ
پس اللہ تعالیٰ بہترین محافظ ہے اور وہ بہت مہربان ہے بلسبت تمام رحم کرنے والوں کے اور جس طرح تو نے محفوظ فرمایا
السَّمَآءَ مِنْ كُلِّ شَيْطٰنٍ مَّارِدٍ وَبِمَا حَفِظْتَ بِهِ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ
آسمانوں کو ہر شیطان سرکش سے اور محفوظ فرمایا تمام آسمانوں اور زمینوں کو
حَيْثُ قُلْتَ وَلَا يَئُوْدُهٗ حِفْظُهُمَا وَهُوَ الْعَلِيُّ الْعَظِيْمُ ۝ وَبِمَا حَفِظْتَ
جس مقام پر فرمایا "اور نہیں تھکا سکتی اسے ان کی حفاظت اور وہی بلند شان عظمت والا ہے" اور جس طرح محفوظ فرمایا
بِهِ السَّقْفَ الْمَحْفُوْظَ حَيْثُ قُلْتَ وَجَعَلْنَا السَّمَآءَ سَقْفًا مَّحْفُوْظًا
محفوظ چھت کو جس مقام پر فرمایا تو نے "اور بنایا ہم نے آسمان کو محفوظ چھت" اور
وَبِمَا حَفِظْتَ بِهِ الْقُرْاٰنَ حَيْثُ قُلْتَ بَلْ هُوَ قُرْاٰنٌ مَّجِيْدٌ فِيْ لَوْحٍ
جس طرح تو نے محفوظ فرمایا قرآن مجید کو جہاں پر فرمایا "بلکہ وہ قرآن مجید ہے لوح محفوظ میں"
مَّحْفُوْظٍ ۝ وَبِمَا حَفِظْتَ بِهٖ عِبَادَكَ حَيْثُ قُلْتَ وَهُوَ الْقَاهِرُ فَوْقَ
اور جس قدرت سے محفوظ فرمایا اپنے بندگان خاص کو جہاں پر فرمایا "وہی ہے غالب اپنے بندوں پر

عِبَادِهٖ وَيُرْسِلُ عَلَيْكُمْ حَفَظَةً ۝ وَحَيْثُ قُلْتَ لَهٗ مُعَقِّبٰتٌ مِّنْۢ بَيْنِ
اور بھیجتا ہے تم پر محافظ ملائکہ" اور جس مقام پر فرمایا تو نے "اس کے بلکہ میں ہیں حفاظت کرنے والے ملائکہ
يَدَيْهِ وَمِنْ خَلْفِهٖ يَحْفَظُوْنَهٗ مِنْ اَمْرِ اللّٰهِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ
ان کے آگے سے اور پیچھے سے جو حفاظت کرتے ہیں اللہ کے امر و اذن سے۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل
عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ مُّمِدِّ جَمِيْعِ النَّاسِ وَسِرِّ
فرما سیدنا محمد پر اور آپ کی آل پر جو سب انسانوں کے مدد و معاون ہیں اور راز مخفی ہیں
الْاَسَاسِ وَالنُّوْرِ الْغَطَّاسِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ
اساس (کائنات) کا اور نور ہیں۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل فرما سیدنا محمد پر
وَّعَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ خَيْرِ مَنْ دَعَآ اِلٰى جَنَابِكَ وَاَدْخَلَ الْخَوَاصَّ
اور آپ کی آل اطہار پر جو بہتر و برتر ہیں تمام داعیان بارگاہ عزت سے اور جنہوں نے داخل کیا خواص کو
مِنْ بَابِكَ وَصَارَ مِنْ جَارِكَ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى
تیرے دروازہ سے اور وہ ہوگئے تیرے پڑوسیوں سے۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل فرما سیدنا محمد پر اور آپ کی
اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ سَيِّدِ الْاَشْرَافِ الظِّرَافِ وَسَنَدِ السَّادَاتِ الْعِفَافِ
آل اطہار پر جو سردار ہیں اشراف اور اہل ظرافت کے اور سند و سہارا ہیں پاکباز سادات کے
اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ اَكْرَمِ مَنْ
اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل فرما سیدنا محمد پر اور آپ کی آل پر جو مکرم ترین ہیں انصاف تمام
قَامَ بِالْاِنْصَافِ وَالْمَوْصُوْفِ فِيْ سُوْرَةِ الْاَعْرَافِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَ
کرنے والوں سے اور جن کے اوصاف بیان کیے گئے ہیں سورۃ اعراف میں۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام
سَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ مُّمِدِّ الْقَادَاتِ وَغَيْثِ
نازل فرما سیدنا محمد پر اور آپ کی آل پر جو اہل قیادت کے مددگار ہیں اور آقاؤں
السَّادَاتِ وَغَوْثِ اَهْلِ الْعَظَمَاتِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا
کے لیے باران رحمت اور اہل عظمت کے فریاد رس ہیں۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل فرما سیدنا

مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ سِرِّ عِنَايَتِكَ وَنُوْرِ رِعَايَتِكَ وَمَظْهَرِ هِدَايَتِكَ
محمد پر اور آپ کی آل پر جو تیرے سرِ عنایت اور نورِ حفظ و نگہبانی اور مظہر ہدایت ہیں

اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ بَابِ
اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل فرما سیدنا محمد پر اور آپ کی آل پر جو دروازہ ہیں

حَضَرَاتِكَ وَمَقْصُوْدِ نَظَرَاتِكَ وَمَطْلُوْبِ تَجَلِّيَاتِكَ اَللّٰهُمَّ صَلِّ
تیری بارگاہوں کا اور مقصود ہیں تیری نگاہوں کا اور مطلوب ہیں تیری تجلیوں کے۔ اے اللہ صلوٰۃ

وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدِنِ الْقَائِمِ بِاَوَامِرِكَ
و سلام نازل فرما سیدنا محمد پر اور آپ کی آل پر جو قائم کرنے والے ہیں تیرے بلند شان

الْعَلِيَّةِ وَالسَّاعِيْ فِيْ مَرْضَاتِكَ الْبَهِيَّةِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى
احکام کو اور سعی کرنے والے ہیں تیری پر بہار پسندوں میں۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل فرما

سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدِنِ النَّاصِرِ لِدِيْنِكَ بِكَ وَالْعَاضِدِ
سیدنا محمد پر اور آپ کی آل پر جو ناصر ہیں تیرے دین کے ساتھ تیری توفیق کے اور تقویت دینے

لِشَرِيْعَتِكَ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا
والے ہیں تیری شریعت کے۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل فرما سیدنا محمد پر اور آپ کی آل

مُحَمَّدٍ حَبِيْبِكَ الرَّاضِيْ لِرِضَائِكَ وَالْغَاضِبِ لِغَضَبِكَ اَللّٰهُمَّ صَلِّ
پر جو حبیب تیری رضا پر راضی اور تیری ناراضگی کی وجہ سے ناراض ہونے والے ہیں۔ اے اللہ صلوٰۃ

وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدِنِ الدَّالِّ عَلٰى جَنَابِكَ
و سلام نازل فرما سیدنا محمد پر اور آپ کی آل پر جو رہنمائی کرنے والے ہیں تیری بارگاہ کی طرف

وَالدَّاعِيْ اِلٰى رِحَابِكَ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ
اور دعوت دینے والے ہیں تیری کشادہ و وسیع جناب کی طرف۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل فرما سیدنا محمد پر اور آپ کی

سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ عَيْنِ بَابِكَ وَحَبِيْبِ اَحْبَابِكَ وَاَنِيْسِ طُلَّابِكَ وَ
سیدنا محمد پر جو بذات خود تیرے حریم ناز کا باب ہیں اور حبیب احباب اور مونس طلاب ہیں اور

خَلِيْلِ بَابِكَ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا
خلیل ہیں تیرے در کے۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل فرما سیدنا محمد پر اور آپ کی آل

مُحَمَّدٍ مُصْطَفَاكَ لِعُلَاكَ وَمُجْتَبَاكَ لِسَنَاكَ وَمُنْتَقَاكَ لِرِضَاكَ
پر جو تیرے منتخب ہیں واسطے بلندیوں کے اور چنے ہوئے ہیں واسطے انوار کے اور مغز و خلاصہ ہیں واسطے تیری رضا کے۔

اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ
اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل فرما سیدنا محمد پر اور آپ کی آل اطہار پر

سِرِّ الْقُرْبِ وَبَابِ الْحُبِّ اَللّٰهُمَّ اِنِّيْ اَسْئَلُكَ حُبَّكَ وَحُبَّ مَنْ
جو راز محقق ہیں تیرے قرب کے اور دروازہ ہیں واسطے تیری محبت کے۔ اے اللہ میں طلب کرتا ہوں تجھ سے تیری محبت

يُّحِبُّكَ وَالْعَمَلَ الَّذِيْ يُبَلِّغُنِيْ اِلٰى حُبِّكَ اَللّٰهُمَّ اجْعَلْ حُبَّكَ اَحَبَّ
کو اور تیرے محبوں کی محبت اور ایسا عمل جو تیری محبت تک پہنچائے۔ اے اللہ بنا دے اپنی محبت محبوب تر

اِلَيَّ مِنْ نَّفْسِيْ وَاَهْلِيْ وَمِنَ الْمَآءِ الْبَارِدِ اَللّٰهُمَّ ارْزُقْنِيْ حُبَّكَ
طرف میرے میری جان سے اور اہل اور ٹھنڈے پانی سے (واسطے پیاسے کے) اے اللہ مجھے نصیب فرما اپنی محبت

وَحُبَّ مَنْ يَّنْفَعُنِيْ حُبُّهٗ عِنْدَكَ اَللّٰهُمَّ فَكَمَا رَزَقْتَنِيْ مِمَّا اُحِبُّ
اور محبت ان کی جن کی محبت مجھے نفع دے تیرے ہاں۔ اے اللہ جیسے تو نے عطا فرمائی پسندیدہ روزی ایسے

فَاجْعَلْهُ قُوَّةً لِّيْ فِيْمَا تُحِبُّ اَللّٰهُمَّ وَمَا زَوَيْتَ عَنِّيْ مِمَّآ اُحِبُّ فَاجْعَلْهُ
بنا اس کو میرے لیے ذریعے قوت کا اپنے پسندیدہ امور میں۔ اے اللہ اور جو تو نے سمیٹ لیا مجھ سے میرے پسندیدہ امور سے

لِيْ فَرَاغًا فِيْمَا تُحِبُّ يَا مُقَلِّبَ الْقُلُوْبِ ثَبِّتْ قَلْبِيْ عَلٰى دِيْنِكَ اَللّٰهُمَّ
پس بنا اس کو میرے لیے ذریعہ فراغت کا اپنے پسندیدہ امور کے لیے۔ اے دلوں میں انقلاب لانے والے ثابت رکھ میرے دل کو

ارْزُقْنَا حُبَّكَ وَحُبَّ مَنْ يُّحِبُّكَ وَحُبَّ عَمَلٍ تُحِبُّهٗ اَنْتَ وَاَوْصِلْنَا
اپنے دین پر۔ اے اللہ ہمیں نصیب فرما اپنی محبت اپنے محبوں کی محبت اور اپنے پسندیدہ امور کی محبت اور پہنچا ہمیں مقاصد

اِلٰى مَقَاصِدِنَا فِي الدُّنْيَا وَالْاٰخِرَةِ وَتَوِّجْنِيْ يَا عَظِيْمُ يَا مُعِزُّ تَاجَ
تک دنیا و آخرت میں اور مجھے پہنا اے عظیم۔ اے عزت بخشنے والے تاج

مهابة كبرياء جلال ملكوت عز عظمة ولا يحزنك قولهم ان العزة
اس ہیبت و کبریاء اور جلال ملکوت اور عزت و عظمت کا" اور نہ غمزدہ کریں آپ کو ان کی باتیں۔ بیشک عزت اللہ کے
لله والبسنى يا جليل يا كبير خلعة اجلال اكمال اقبال فلما رأينه
لیے ہے" اور پہنا مجھے اے جلیل۔ اے کبیر خلعت اس جلالت و کمال اور نیکبختی کی" پس جب دیکھا ان عورتوں نے
اكبرنه وقطعن ايديهن وقلن حاش لله والق يا عزيز يا ودود
انہیں بہت بڑا جانا انہیں اور اپنے ہاتھ کاٹ ڈالے اور پکار اٹھیں پناہ بخدا" اور ڈال اے عزیز۔ اے ودود
على محبة منك حتى تنقاد وتخضع لى قلوب عبادك بالمحبة و
مجھ پر محبت اپنی طرف سے حتیٰ کہ مطیع و فرمانبردار ہو جائیں میرے لیے تیرے بندوں کے دل ساتھ محبت
المعزة والمودة من تعطيف تاليف يحبونهم كحب الله والذين
وعزت اور مودت کے بسبب اس عنایت و الفت کے" محبت رکھتے ہیں ان سے مانند اللہ کی محبت کے اور ایمان
امنوا اشد حبا لله و اظهر على يا ظاهر يا باطن اثار اسرار
والے زیادہ محبت رکھتے ہیں اللہ تعالیٰ سے" اور ظاہر فرما مجھ پر۔ اے ظاہر۔ اے باطن۔ آثار ان اسرار و انوار
انوار يحبهم ويحبونه اذلة على المؤمنين اعزة على الكافرين
کے۔ اللہ ان سے محبت رکھتا ہے اور وہ اللہ تعالیٰ سے محبت رکھتے ہیں۔ مومنین پر نرم ہیں کفار پر سخت اور غالب
يجاهدون فى سبيل الله ووجهه اللهم يا صمد نور وجهى
جہاد کرتے ہیں اللہ کی راہ اور اس کی ذات میں۔ اے اللہ اے بے نیاز منور فرما میرے چہرہ کو
بصفاء جمال انس اشراق فان حاجوك فقل اسلمت وجهى
ساتھ اس صفائی اور حسن و جمال اور انس و اشراق کے" پس اگر وہ جھگڑا کریں ساتھ تمہارے تو فرما دیجیے میں نے
لله وحملنى يا جميل يا بديع السموت والارض يا ذا الجلال
جھکا دیا اپنے چہرہ کو اللہ تعالیٰ کے لیے" اور جمیل بنا مجھے اے جمیل۔ اے موجد آسمانوں اور زمینوں کے۔ اے جلال و اکرام والے
والاكرام بفصاحة براعة بلاغة واحلل عقدة من لسانى يفقهوا
ساتھ اس فصاحت اور عمدہ بیانی اور بلاغت کے" اور کھول دے بندش میری زبان سے" تاکہ سمجھ سکیں

قولى وبرافة رحمة رقة تلين جلودهم وقلوبهم الى ذكر الله
میرے قول کو" اور ساتھ اس رافت اور رحمت کے اور رقت قلبی کے" نرم ہوتی ہیں کھالیں ان کی اور دل ان کے طرف ذکر خداوند تعالیٰ کے
وقلد يا شديد البطش يا جبار بسيف الهيبة والشدة والقوة والمنعة
اور حمائل کر مجھے اے سخت گرفت والے۔ اے جبار ساتھ اس شمشیر ہیبت و شدت اور قوت و طاقت کے جو تیار شدہ
من باس جبروت عزة وما النصر الا من عند الله وادم على
ہے اس شدید جبروت اور غلبہ (کے فولاد) سے" اور نہیں مدد مگر اللہ تعالیٰ کے پاس سے اور دائم رکھ
يا باسط يا فتاح بهجة مسرة رب اشرح لى صدرى ويسر لى امرى
مجھ پر اے کشادگی عطا کرنے والے۔ اے بندشیں دور کرنے والے اس بہجت و مسرت کو" اے رب میرے کشادہ فرما میرے سینہ کو اور
وبلطائف عواطف الم نشرح لك صدرك وباشائر بشائر يومئذ
آسان فرما میرے امور کو" اور ان عنایات اور مہربانیوں کو" کیا ہم نے کشادہ نہیں کر دیا تمہارے سینہ کو اور ان اشارات و بشارات کے" اس دن
يفرح المؤمنون بنصر الله وانزل اللهم يا لطيف يا رءوف فى
خوش ہوں گے مومن اللہ کی نصرت کے ساتھ" اور نازل فرما اے اللہ۔ اے لطیف۔ اے رؤف میرے
قلبى الايمان والاطمينان والسكينة والوقار لاكون من الذين
دل میں ایمان و اطمینان اور سکینت و وقار کو تاکہ میں ہو جاؤں ان لوگوں سے جو ایمان
امنوا وتطمئن قلوبهم بذكر الله وافرغ على يا صبور يا شكور صبر
لائے اور مطمئن ہوتے ہیں دل ان کے ساتھ ذکر خداوند تعالیٰ کے اور انڈیل مجھ پر اے صبور۔ اے شکور صبر ان
الذين يدعون بثبات يقين كم من فئة قليلة غلبت فئة
کا جو جہاد کرتے ہیں ساتھ ثابت قدمی اور یقین کے" کتنے قلیل ترین جماعتیں غالب آئیں کثیر التعداد جماعتوں
كثيرة باذن الله اللهم صل وسلم على سيدنا محمد وعلى ال
پر اللہ تعالیٰ کے اذن سے۔" اے اللہ صلوٰۃ وسلام نازل فرما سیدنا محمد پر اور آپ کی
سيدنا محمد طب الافئدة وممد المائدة اللهم صل وسلم على
آل پر جو دلوں کی دوا ہیں اور مسلسل پہنچنے والی غذا ہیں۔ اے اللہ صلوٰۃ وسلام نازل فرما

سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ ظِلِّ الْاَنْوَارِ الْعَلِيَّةِ وَفَيْءِ
سیدنا محمد پر اور آپ کی آل اطہار پر جو عکس ہیں انوار عالیہ کا۔ اور پرتو ہیں
النَّيِّرَاتِ الْبَهِيَّةِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ
روشن و نورانی اجرام کا۔ اے اللہ صلوٰۃ وسلام نازل فرما سیدنا محمد پر اور آپ کی
سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ شَمْسِ الْحَقَائِقِ وَقَمَرِ الرَّقَائِقِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ
آل اطہار پر جو آفتاب حقائق ہیں اور ماہتاب لطائف ہیں۔ اے اللہ صلوٰۃ وسلام نازل فرما
عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ الرَّاقِيْ فِيْ اَعْلَى الْمَرَاتِبِ
سیدنا محمد پر اور آپ کی آل پر جو چڑھنے والے ہیں اعلیٰ مراتب کی طرف۔
اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ الْبَرْقِ
اے اللہ صلوٰۃ وسلام نازل فرما سیدنا محمد پر اور آپ کی آل پر جو (مانند) اچکنے
الْخَاطِفِ وَالرَّعْدِ الْقَاصِفِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ
والی بجلی اور الکھیڑ پھینکنے والی گرج کے ہیں (اعداء دین کیلئے) اے اللہ صلوٰۃ وسلام نازل فرما سیدنا محمد پر
وَّعَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ سَيِّدِ كُلِّ عَارِفٍ وَّمُمِدِّ كُلِّ غَارِفٍ اَللّٰهُمَّ صَلِّ
اور آپ کی آل اطہار پر جو سردار ہیں ہر صاحب عرفان کے اور بھر دینے والے ہیں ہتھیلی پر سائل کی۔ اے اللہ
وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ حَبِيْبِنَا وَسِرِّ
صلوٰۃ وسلام نازل فرما سیدنا محمد پر اور آپ کی آل پر جو ہمارے حبیب۔ ہمارے عقول
عُقُوْلِنَا وَشَارِحِ صُدُوْرِنَا وَقُرَّةِ اَعْيُنِنَا وَثَمَرَةِ فُؤَادِنَا وَسِرَاجِنَا
کے راز مخفی۔ اور ہمارے سینوں کو کھولنے والے۔ ہماری آنکھوں کی ٹھنڈک اور ہمارے دلوں کے ثمر اور روشن
اَللّٰهُمَّ اشْرَحْ صُدُوْرَنَا بِشَرْحِ صَدْرِهٖ وَقُرَّةَ اَعْيُنِنَا بِعَيْنِ قُرَّتِهٖ وَ
چراغ ہیں۔ اے اللہ کشادہ فرما ہمارے سینوں کو بطفیل ان کے شرح صدر کے۔ ہماری آنکھوں کو ٹھنڈک دے بطفیل ان کے قرۃ عین کے
ثَمَرَةَ فُؤَادِنَا بِقَلْبِ ثَمَرَتِهٖ وَسِرَاجَنَا بِسِرَاجِ مُنِيْرِهٖ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَ
اور ہمارے دلوں کو بار آور فرما بطفیل ان کے دل اقدس کی بار آوری کے اور ہمارے چراغ روشن فرما بطفیل ان کے سراج منیر کے صلی اللہ علیہ و

سَلَّمَ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدِنِ اللَّبِيْبِ
وسلم۔ اے اللہ صلوٰۃ وسلام نازل فرما سیدنا محمد پر اور آپ کی آل پر جو اعلیٰ درجے کے دانا و زیرک
الْاَعْلٰى وَالطَّبِيْبِ الْاَعْلٰى وَالْحَبِيْبِ الْاَوْلٰى اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى
اعلیٰ درجے کے طبیب اور سب سے مقدم حبیب ہیں۔ اے اللہ صلوٰۃ وسلام نازل فرما
سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ سَعْدِ الْعٰلَمِيْنَ وَسَيِّدِ الْخَلْقِ
سیدنا محمد پر اور آپ کی آل اطہار پر جو سب جہانوں کی سعادت مجسم ہیں اور سردار ہیں
اَجْمَعِيْنَ ط اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا
تمام مخلوق کے۔ اے اللہ صلوٰۃ وسلام نازل فرما سیدنا محمد پر اور آپ کی آل
مُحَمَّدٍ رُوْحِ الْوَسِيْلَةِ الْعُظْمٰى وَكَثِيْبِ تَجَلِّى الْمُنْيَةِ الْاَسْنٰى
پر جو محبوب وسیلہ عظمیٰ کی روح ہیں اور بلند ٹیلہ (طور) ہیں واسطے بلند شان تمنا و آرزو کی تجلی کے لیے
وَحِجَابِ حِجَابِ صَوْنِ الْاَحْمٰى اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا
اور حجاب ومانع ہیں محفوظ ترین حفظ ونگہبان کا۔ اے اللہ صلوٰۃ وسلام نازل فرما سیدنا محمد
مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ بُرْقُعِ جَمَالِ الْوَجْهِ الْمُقَدَّسِ وَقَابِ
پر اور آپ کی آل اطہار پر جو برقع ہیں ذات مقدسہ کے جمال مطلق کا اور وتر ہیں جلال
جَلَالِ الْعَظَمَةِ الْاَقْدَسِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ
وعظمت مقدسہ (کے دائرہ) کا۔ اے اللہ صلوٰۃ وسلام نازل فرما سیدنا محمد پر
وَّعَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ اُسِّ جِدَارِ عَوَالِمِ الْمُلْكِ وَالْمَلَكُوْتِ اَللّٰهُمَّ
اور آپ کی آل پر جو محبوب بنیاد و اساس ہیں ملک وملکوت کے جہانوں کی دیوار کیلئے اے اللہ
صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ اَصْلِ مَدَارِ
صلوٰۃ وسلام نازل فرما سیدنا محمد پر اور آپ کی آل پر جو اصل و مدار ہیں
مَبْنَى الْجَبَرُوْتِ وَالرَّحَمُوْتِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا
شان جبروت اور شان رحمت کے دار و مدار کی۔ اے اللہ صلوٰۃ وسلام نازل فرما سیدنا محمد

مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ نُقْطَةِ حَضْرَةِ اللَّاهُوْتِ وَسِرِّ خَلْقِ

پر اور آپ کی آل اطہار پر جو مرکزی نقطہ ہیں دائرۂ لاہوت کا اور راز سربستہ ہیں عالم اجسام

النَّاسُوْتِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى اٰلِ سَيِّدِنَا

کی تخلیق کا۔ اے اللہ صلوٰۃ وسلام نازل فرما سیدنا محمد پر اور آپ کی آل اطہار

مُحَمَّدٍ قُوَّةِ قُوَّةِ الْبَهَمُوْتِ اَمِيْنِ الرَّغَبُوْتِ وَالرَّهَبُوْتِ اَللّٰهُمَّ

پر جو آقا قوت وتوانائی ہیں کہ اس کی ہمسری نہیں ہو سکتی امین ہیں اللہ کی طرف رغبتوں کے اور اس سے خشیتوں کے۔ اے اللہ

صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ مَّا وَقَفَ

صلوٰۃ وسلام نازل فرما سیدنا محمد پر اور سیدنا محمد کی آل پر جب تک ٹھہرے

بِبَابِهٖ وَاقِفٌ وَمَا عَكَفَ عَلٰى جَنَابِهٖ عَاكِفٌ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ

ان کے در اقدس پر کوئی بھی ٹھہرنے والا۔ اور ڈیرہ لگائے ان کی بارگاہ میں کوئی سر جھکانے والا۔ اے اللہ صلوٰۃ وسلام نازل فرما

عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ مَّا لَاذَ بِهٖ خَائِفٌ وَّمَا طَمِعَ

سیدنا محمد پر اور سیدنا محمد کی آل پر جب تک پناہ حاصل کرتے رہیں ساتھ ان کے خوفزدگان اور جب

فِيْ فَضْلِهٖ عَارِفٌ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى اٰلِ

امیدوار رہیں ان کے جود وفضل سے اہل عرفان۔ اے اللہ صلوٰۃ وسلام نازل فرما سیدنا محمد پر اور آپ کی آل

سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ مَّا طَلَبَ لِسَبِيْلِهٖ عَارِفٌ وَّمَآ اَعْذَبَ لِشَرْعِهٖ

پر جب تک طلب کرے ان کی راہ کو کوئی عارف۔ اور جب تک میٹھا سمجھے ان کی شریعت کو کوئی

اِلْفٌ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ

الفت رکھنے والا۔ اے اللہ صلوٰۃ وسلام نازل فرما سیدنا محمد پر اور آپ کی آل اطہار پر

مَّطْلُوْبِ الْخُصُوْصِ وَبَحْرِ النُّصُوْصِ ؕ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا

جو مطلوب ہیں خصوصیات کے اور سمندر ہیں دلائل ظاہرہ کے۔ اے اللہ صلوٰۃ وسلام نازل فرما سیدنا

مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ جَوْهَرِ الْفُصُوْصِ وَعَيْنِ كُلِّ مَنْ هُوَ فِيْ

محمد پر اور آپ کی آل پر جو کہ نگینوں والا جوہر ہیں اور عین ہیں ہر اس ذات کا جو بارگاہ

الْحَضْرَةِ مَنْصُوْصٌ ؕ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى اٰلِ

خداوندی میں منصوص ومخصوص ہے۔ اے اللہ صلوٰۃ وسلام نازل فرما سیدنا محمد پر اور آپ کی آل

سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ هُمَامِ اَكَابِرِ الْعُظَمَآءِ وَالْمُقَرَّبِيْنَ ؕ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَ

اطہار پر جو بلند ہمت ہیں تمام اکابر۔ عظماء اور مقربین سے۔ اے اللہ صلوٰۃ و

سَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ صَافِي الْاَعْيَانِ

سلام نازل فرما سیدنا محمد پر اور آپ کی آل پر جو ان تمام موجودات سے خالص ترین

مِنْ حَضْرَةِ الْمَنَّانِ ؕ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّ

جو بارگاہ منان سے ہیں۔ اے اللہ صلوٰۃ وسلام نازل فرما سیدنا محمد پر اور

عَلٰٓى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ مُرَقِّي الْاَكَابِرِ اِلٰى طُلُوْعِ الْمَنَابِرِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ

سیدنا محمد کی آل پر جو ترقی دینے والے ہیں اکابرین کو منبروں پر جلوہ گری کی طرف۔ اے اللہ صلوٰۃ

وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ اَشْرَفِ الْخَلَآئِقِ

وسلام نازل فرما سیدنا محمد پر اور سیدنا محمد کی آل پر جو بزرگ تر ہیں ساری مخلوقات سے اور

وَبَحْرِ الرَّآئِقِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى اٰلِ

خوش منظر سمندر ہیں۔ اے اللہ صلوٰۃ وسلام نازل فرما سیدنا محمد پر اور آپ کی

سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ الْبَرْقِ اللَّامِعِ وَالنُّوْرِ السَّاطِعِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ

آل اطہار پر جو چمکتی بجلی اور بلند شان نور ہیں۔ اے اللہ صلوٰۃ

وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ مَّحْبُوْبِ

وسلام نازل فرما سیدنا محمد پر اور آپ کی آل اطہار پر جو محبوب ہیں

الْحَضَرَاتِ الْاِلٰهِيَّةِ وَيَعْسُوْبِ الْحَضَرَاتِ الرَّبَّانِيَّةِ اَللّٰهُمَّ

حضرات الٰہیہ کے اور رئیس مقدم ہیں حضرات ربانیہ کے۔ اے اللہ

صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ مَّطْلُوْبِ

صلوٰۃ وسلام نازل فرما سیدنا محمد پر اور آپ کی آل پر جو مطلوب ہیں

النظرات الحقية وعين المياه الصافية وحيات القلوب الجلية

حقانی نگاہوں کے اور چشمہ ہیں صاف ستھرے پانیوں کے اور روشن و واضح قلوب کی زندگانی ہیں

وشمس الانوار البارقة واضاء الارواح النورية اللهم

چمکتے انوار کا آفتاب اور ارواح نورانیہ کی ضیاء ہیں۔ اے اللہ

صل وسلم على سيدنا محمد وعلى ال سيدنا محمد رئيس

صلوٰۃ و سلام نازل فرما سیدنا محمد پر اور سیدنا محمد کی آل پر جو رئیس ہیں

ديوان الكبرياء وفريد الاجلياء اللهم صل وسلم على

دیوان کبریاء کے اور یکتا ہیں روشن و نورانی لوگوں میں سے۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل فرما

سيدنا محمد وعلى ال سيدنا محمد امام اهل بساط القرب

سیدنا محمد پر اور آپ کی آل امجاد پر جو بساط قرب والوں کے امام

وذي الجمال المحبوب لاهل الحب اللهم صل وسلم على

اور محبوب جمال والے ہیں واسطے اہل محبت کے۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل فرما

سيدنا محمد وعلى ال سيدنا محمد جبل قاف عظمة التجليات

سیدنا محمد پر اور آپ کی آل اطہار پر جو تجلیات عظیمہ کے کوہ قاف ہیں

وبحر محيط اسرار الصفات اللهم صل وسلم على سيدنا

اور اسرار صفات کے بحر محیط ہیں۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل فرما سیدنا

محمد وعلى ال سيدنا محمد جمال حضراتك وجميل

محمد پر اور سیدنا محمد کی آل پر جو تیری بارگاہ کا جمال ہیں اور تمام مخلوقات سے جمیل ترین

مصنوعاتك ومراٰة ذاتك ومجلى صفاتك اللهم صل و

تیری ذات کا آئینہ اور تیری صفات کی جلوہ گاہ ہیں۔ اے اللہ صلوٰۃ و

سلم على سيدنا محمد وعلى ال سيدنا محمد قبلة تجلياتك

سلام نازل فرما سیدنا محمد پر اور آپ کی آل پر جو محبوب قبلہ ہیں تیری تجلیات کا

ووجهة عظماتك ومنحة هباتك اللهم صل وسلم على

اور دلیل ہیں تیری عظمتوں کے لیے اور عظیم عطیہ ہیں تیرے عطیات میں سے۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل فرما

سيدنا محمد وعلى ال سيدنا محمد عظيم مملكتك وانسان

سیدنا محمد پر اور آپ کی آل اطہار پر جو تیری مملکت میں معظم ترین ہیں اور مخلوقات کی

عين مكوناتك وفريد جليل مخلوقاتك اللهم صل و

آنکھ کی پتلی اور تمام مخلوق میں سے یکتا و بزرگتر ہیں۔ اے اللہ صلوٰۃ و

سلم على سيدنا محمد وعلى ال سيدنا محمد المصفى

سلام نازل فرما سیدنا محمد پر اور آپ کی آل پر جو خالص ہیں بذات خود

المصطفى والموفي ذي الوفا اللهم صل وسلم على سيدنا محمد

چنے ہوئے ہیں مخلوق میں سے۔ کامل وفاوالے ہیں۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل فرما سیدنا محمد پر

وعلى ال سيدنا محمد المنقى المنتقى والمرقى المرتقى والحبيب

اور سیدنا محمد کی آل پر جو مطہر ہیں اور نکھارے ہوئے۔ بلندی تک پہنچائے ہوئے بلند مرتبت ہیں اور

المجتبى اللهم صل وسلم على سيدنا محمد وعلى ال سيدنا محمد

چنے ہوئے حبیب ہیں۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل فرما سیدنا محمد پر اور آپ کی آل پر

وسيلة ادم والخليل وواسطة موسى ونوح الجليل وممد

جو وسیلہ ہیں حضرت آدم اور حضرت خلیل کے اور واسطہ ہیں حضرت موسیٰ اور حضرت نوح بزرگتر کے اور فیض رساں

عيسى وداود خليفتك الجميل اللهم صل وسلم على سيدنا

ہیں عیسیٰ روح اللہ اور داؤد کے جو تیرے صاحب جمال خلیفہ ہیں۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل فرما سیدنا

محمد وعلى ال سيدنا محمد الفياض على كل نبي ورسول

محمد پر اور آپ کی آل اطہار پر جو فیوض کی بارش برسانے والے ہیں (ہر نبی اور ہر رسول پر

اللهم صل وسلم على سيدنا محمد وعلى ال سيدنا محمد

اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل فرما سیدنا محمد پر اور آپ کی آل اطہار پر

الْمَوَاهِبِ الْوَهْبِيِّ لِكُلِّ وَلِيٍّ فَاضِلٍ وَّمَفْضُوْلٍ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَ

جو خداداد مواہب وعطیات ہیں واسطے ہر ولی کے فاضل ہو یا مفضول ۔ اے اللہ صلوٰۃ و

سَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ خَزَانَةِ عَطَاءِ

سلام نازل فرما سیدنا محمد پر اور آپ کی آل اطہار پر جو بزرگ ملائکہ کی عطاء کا خزانہ

الْمَلٰٓئِكَةِ الْكِرَامِ وَوَلِيِّ خَزَانَتِكَ لِكُلِّ الْكَائِنَاتِ بِلَا كَلَامٍ

ہیں اور تیرے خزانہ کے متولی ہیں واسطے ساری کائنات کے بلا کلام ۔

اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ

اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل فرما سیدنا محمد پر اور آپ کی آل اطہار پر

حَبِيْبِنَا الصَّافِىْ وَطَبِيْبِنَا الشَّافِىْ وَخَلِيْلِنَا الْوَافِىْ اَللّٰهُمَّ صَلِّ

جو ہمارے خالص حبیب ہیں اور شافی طبیب اور صاحب وفا خلیل ہیں۔ اے اللہ صلوٰۃ

وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ مَوْعِدِنَا الْمُوَافِىْ

و سلام نازل فرما سیدنا محمد پر اور آپ کی آل پر جو ہمارے مقام ہیں وعدہ وفائی کے

وَخِلِّنَا الشَّافِىْ وَغِيَاثِنَا الْكَافِىْ وَالْمُعَافِىْ اَللّٰهُ الْكَافِىْ وَقَصَدْتُّ

اور خلیل شافی ہیں اور فریادرس کفایت فرما ہیں اور عفو ودرگزر والے ہیں۔ اللہ ہی کافی ہے اور میں نے قصد کیا ہے

الْكَافِىْ وَوَجَدْتُّ الْكَافِىْ وَلِكُلِّ الْكَافِىْ وَكَفَانِى الْكَافِىْ وَنِعْمَ

کافی کا اور پا لیا ہے کافی کو اور سبھی کے لیے کافی ہے اور کفایت کی مجھے کافی نے اور وہ اچھا

الْكَافِىْ وَهُوَ الْكَافِىْ وَلِلّٰهِ الْحَمْدُ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا

کفایت کرنے والا ہے اور وہی کافی ہے اور اللہ تعالیٰ ہی کے لیے حمد ہے۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل فرما سیدنا

مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ بَاطِنِ الْعُلُوْمِ الْقُرْاٰنِيَّةِ وَظَاهِرِ

محمد پر اور آپ کی آل اطہار پر جو علوم قرآن کے باطن اور حقیقت ہیں اور انوار ذات

الْاَنْوَارِ الْوَجْهِيَّةِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى

جل و علیٰ کے ظاہر ہیں۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل فرما سیدنا محمد پر اور آپ

اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ كَثِيْبِ الزِّيَادَاتِ فِى الْجِنَانِ وَغَوْثِ حَضْرَةِ

کی آل پر جو بلند چوٹی ہیں جنات میں ترقیوں کے لیے اور فریاد رس ہیں

الْوَسِيْلَةِ وَالْاِحْسَانِ وَالْفَآئِضِ نُوْرُهٗ عَلٰى جَمِيْعِ الْخُلَّانِ اَللّٰهُمَّ

وسیلہ و احسان والی بارگاہ میں اور جاری و ساری ہے نور ان کا تمام دوستوں پر۔ اے اللہ

صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدِكَ الْمَحْمُوْدِ

صلوٰۃ و سلام نازل فرما سیدنا محمد پر اور آپ کی آل پر جو تیرے محمود محمد ہیں

وَصَفِيِّكَ الْمَحْفُوْدِ وَعَيْشِكَ الْمَجْدُوْدِ يَا وَهَّابُ يَا رَزَّاقُ يَا

اور مخدوم مخلص دوست اور تیرا نصیب والا عیش ہیں اے وہاب ۔ اے رزاق اے

شَرِيْفُ يَا غَنِىُّ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى اٰلِ

شریف ۔ اے غنی ۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل فرما سیدنا محمد پر اور آپ

سَيِّدِنَا مُحَمَّدِنِ الَّذِىْ مَنْ تَجَلّٰى عَلٰى قَلْبِهٖ صَارَ بَحْرَ الْاَنْوَارِ اَللّٰهُمَّ

کی آل پر کہ ان کا عکس و پرتو جس کے دل پر پڑ گیا وہ انوار کا سمندر بن گیا ۔ اے اللہ

صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدِنِ الَّذِىْ مَنْ

صلوٰۃ و سلام نازل فرما سیدنا محمد پر اور آپ کی آل پر کہ ان کا

تَجَلّٰى لِقَلْبِهٖ نَالَ سِرَّ الْاَخْيَارِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ

جلوہ جس کے دل پر پڑ گیا اس نے اخیار کے اسرار نہانی کو پا لیا۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل فرما سیدنا محمد پر

وَّعَلٰٓى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ قُوَّةِ الْاَرْوَاحِ وَالْاَشْبَاحِ وَقُوَّةِ دَوَآئِرِ

اور آپ کی آل اطہار پر جو مجسم قوت ہیں ارواح و اجسام کی اور توانائی ہیں

النَّتَاجِ وَالْفَلَاحِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى اٰلِ

نتیجہ خیزی اور کامیابی کے دائروں کی۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل فرما سیدنا محمد پر اور آپ

سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ سِرِّ مَقَامِ النَّجَاحِ وَالصَّلَاحِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ

کی آل پر جو راز سربستہ ہیں کامیابی اور درستگی کے مقام کا۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل فرما

عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ مَحْمُوْدِكَ فِیْ كُلِّ حَضْرَةِ

سیدنا محمد پر اور آپ کی آل اطہار پر جو تیرے محمود ہیں حضرات

الْهَیَّةِ وَّمَقْصُوْدِكَ فِیْ كُلِّ نَظْرَةٍ رَحِیْمِیَّةٍ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ

الٰہیہ میں اور تیرے مقصود ہیں ہر رحیمی نگاہ میں۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل فرما

عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ الْعِلْمِ الَّذِیْ بِفُؤَادِهٖ

سیدنا محمد پر اور آپ کی آل اطہار پر جو محبوب مجسم علم ہیں واسطے ان کے دل اقدس

مَحْتُوْمٌ وَّعَنْ سِوَاهُ عَنِ الْغَیْرِ مَخْتُوْمٌ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا

سے قوی ربط و تعلق والوں کے۔ اور ان کے ماسوا دوسروں سے مخفی اور سربمہر ہے۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل فرما سیدنا

مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدِنِ الْمُتَخَلِّقِ بِاَخْلَاقِكَ الرَّبَّانِیَّةِ وَالْمُتَّصِفِ

محمد پر اور آپ کی آل اطہار پر جو متخلق ہیں تیرے اخلاق ربانیہ کے ساتھ اور متصف ہیں

بِاَوْصَافِكَ السَّنِیَّةِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی

تیرے اوصاف عالیمقدار کے ساتھ۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل فرما سیدنا محمد پر اور آپ

اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدِنِ الْفَانِیْ فِیْكَ فِیْ كُلِّ الْاَوْقَاتِ وَالْبَاقِیْ بِكَ

کی آل اطہار پر جو محبوب تجھ میں فانی ہیں تمام اوقات میں اور تیرے ساتھ ہی باقی ہیں

فِیْ جَمِیْعِ الْحَالَاتِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِ

تمام احوال میں۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل فرما سیدنا محمد پر اور آپ

سَیِّدِنَا مُحَمَّدِنِ السَّامِعِ مِنْكَ فِیْ جَمِیْعِ الْمُخَاطَبَاتِ وَالنَّاظِرِ لَكَ

کی آل پر جو تجھی سے سننے والے ہیں تمام تر مخاطبات میں اور تیری ذات کی طرف دیکھنے والے ہیں

فِیْ سَائِرِ النَّظَرَاتِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی

تمام نظروں میں۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل فرما سیدنا محمد پر اور آپ

اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدِنِ النَّاطِقِ بِسِرِّ الْوَحْدَانِیَّةِ وَالْمُشَاهِدِ لِكَمَالِ

کی آل اطہار پر جو محبوب ناطق ہیں ساتھ سر وحدانیت کے اور مشاہدہ کرنے والے ہیں کمال

الْاَحَدِیَّةِ اَللّٰهُمَّ اَحْرِقْ مِنْ لَهِیْبِ ذَبِیْبِ حَبِیْبِ الذِّكْرِ

احدیت کا۔ اے اللہ روشن کر دے شعلہ آتش شوق کا واسطے شیریں حبیب کے جس کا ذکر محبوب ہے واسطے فکر کے

لِلْفِكْرِ وَالْفِكْرُ لِلْهَجْرِ وَالْهَجْرُ لِلْوَصْلِ وَالْوَصْلُ لِوَصْلِ الْاَصْلِ

اور فکر واسطے ہجر کے اور ہجرت واسطے وصل کے اور وصل واسطے اصل کے وصل کے

وَاَعْطِنِیْ اِعْتِدَالَ عَطَاءِ الْعَطَاءِ لِانْفِصَالِ فَنَاءِ الْفَنَاءِ وَاسْتِقْبَالِ

اور عطا فرما مجھے میانہ روی عطاء العطاء کی واسطے جدا ہونے فناء الفناء کے اور استقبال کرنے

فَنَاءِ الْبَقَاءِ وَاضْمِحْلَالِ بَقَاءِ الْفَنَاءِ وَاتِّصَالِ بَقَاءِ الْبَقَاءِ لِظِلَالِ

فناء البقاء کا اور ضعف و ناتوانی بقاء الفناء کی اور اتصال و وصول بقاء البقاء کا واسطے عکس و پرتو فگن

عَلَاءِ الْعَلَا اِلٰی قَابَ قَوْسَیْنِ اَوْ اَدْنٰی اَللّٰهُمَّ اَنْتَ اَنْتَ الْاَوَّلُ

ہونے علاء العلاء کے قاب قوسین او ادنیٰ تک۔ اے اللہ تو ہی تو ہی اول ہے

وَاَنْتَ اَنْتَ الْاَوْسَطُ وَاَنْتَ اَنْتَ الْاٰخِرُ وَاَنْتَ اَنْتَ الْاَوَّلُ الْاٰخِرُ

اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى عَزِيْزٍ صَلٰوةً تُعِزُّنَا بِهَا بِعَزِيْزِ اِعْزَازِ تَعَزُّزِ

کی مانند۔ اے اللہ درود و سلام ہو عزیز نبی پر جس درود کے طفیل عزت بخشے ہمیں اپنے پیارے اعزاز اور عزت کے

عِزَّتِكَ وَاللّٰهُ عَزِيْزٌ ذُو انْتِقَامٍ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى فَاضِلٍ

غلبہ کے ساتھ" اور اللہ عزیز ہے انتقام لینے والا ہے۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل فرما صاحب فضیلت نبی پر

صَلٰوةً تُفَضِّلُنَا بِهَا بِفَضْلِكَ الْكَامِلِ وَلُطْفِكَ الْكَامِلِ وَوَصْلِكَ

جس صلوٰۃ کی بدولت ہمیں فضیلت بخشے اپنے فضل کامل اور لطف کامل اور وصل دائم کے ساتھ

الحاصل ذلك فضل الله يؤتيه من يشآء والله ذو الفضل

وہ اللہ کا فضل ہے عطا کرتا ہے جس کو چاہے اور اللہ فضل عظیم کا مالک

العظيم ط اللهم صل وسلم على مفضل صلوة تفضلنا بها

ہے " اے اللہ صلواۃ و سلام نازل فرما مفضل نبی پر جس صلواۃ کے طفیل فضیلت بخشے

بتواتر متصل مفضل فضل الذين يبتغون فضلا من الله

ہمیں ساتھ متواتر و مسلسل اور مزید فضل کے " جو طلب کرتے ہیں اللہ تعالیٰ کے فضل

ورضوانا ط اللهم صل وسلم على فاتح صلوة تفتح لنا بها

اور رضامندی کو۔ اے اللہ صلواۃ و سلام ہو نقطۂ آغاز نبوت پر جس صلواۃ کے طفیل منکشف کرے ہم پر

مفاتيح الغيب لخزآئن السر المكنون فى مكنون السر من سر

غیب کی چابیاں مخفی رازوں والے خزائن کی جو سر مکنون ہیں تیرے

سرك فى جنان المعارف وبفتح انا فتحنا لك فتحا مبينا ليغفر

سر الاسرار میں سے معارف کے سینوں میں اور بطفیل اس فتح کے " بیشک ہم نے فتح دی ہے آپ کیلئے فتح مبین

لك الله ما تقدم من ذنبك وما تاخر ويتم نعمته عليك

تاکہ بخشے آپ کے طفیل اللہ تعالیٰ جو پہلے گزرے آپ کی امت کے قصور اور جو بعد میں ہوں گے اور کامل کرے اپنی نعمت تم

ويهديك صراطا مستقيما ط اللهم صل وسلم على مفتاح

پر اور تمہیں گامزن کرے صراط مستقیم پر۔ اے اللہ صلواۃ و سلام نازل فرما ہر خیر کی مفتاح پر

صلوة تفتح لنا بها بهجة مسرة ميسرة مفرحة مفتحة وهو الفتاح

جس صلواۃ کے طفیل کھولے ہمارے لیے بہجت اس مسرت میسرہ کی جو موجب فرحت اور کشائش ہے وہی ہے کھولنے والا اسرار کا

العليم اللهم صل وسلم على مفتاح الرحمة صلوة تفتح لنا بها ابواب

جاننے والا حقائق کا۔ اے اللہ صلواۃ و سلام ہو مفتاح رحمت پر جس درود کے طفیل کھولے ہمارے لیے دروازے

اسرار الغيب بلطآئف عواطف وعنده مفاتح الغيب لا يعلمها

اسرار غیب کے ان عنایت کے لطائف کے ساتھ " اور اسی کے پاس ہیں خزانے غیب کے نہیں جانتا انہیں بتقاضائے ذات

الا هو ط اللهم صل وسلم على مفتاح الجنة صلوة تفتح لنا بها

مگر وہی۔ اے اللہ صلواۃ و سلام نازل فرما مفتاح جنت پر جس صلواۃ کے طفیل کھولے ہمارے لیے خزینے

مفاتيح كنوز حقآئق الاشيآء كما هى بفتوح فتحنا عليهم ابواب

حقائق اشیاء کے خزانوں کے جیسے کہ وہ فی الواقع ہیں ساتھ اس کشائش کے " کھول دئے ہم نے ان پر دروازے

كل شىء اللهم صل وسلم على علم الايمان صلوة تعلمنا بها

ہر شئ کے " اے اللہ صلواۃ و سلام نازل فرما ایمان کے پرچم پر جس صلواۃ کے طفیل ممتاز کرے ہمیں (ان)

بعلامات الايمان والاسلام ليزدادوا ايمانا مع ايمانهم ط

علامات ایمان و اسلام کے ساتھ " تاکہ زائد ہو جائیں از روئے ایمان کے ساتھ ایمان کے "

اللهم صل وسلم على علم اليقين صلوة تيقننا بها بعلامات

اے اللہ صلواۃ و سلام ہو یقین کے پرچم پر جس صلواۃ کے طفیل ہمیں عطا کرے یقین علماء کے

علم اليقين العلمآء وعين يقين الخلفآء وحق يقين الانبيآء

علم الیقین اور خلفاء کے عین الیقین اور انبیاء کرام کے حق الیقین کی علامات کے ساتھ

وبعلم كلا لو تعلمون علم اليقين ط اللهم صل وسلم على

اور ساتھ اس علم کے " ہرگز نہیں اگر جانو تم علم الیقین کے طور پر "۔ اے اللہ صلواۃ و سلام نازل فرما خیرات

دليل الخيرات صلوة تدللنا بها بدلآئل الخيرات وشوارق

کے رہبر و رہنما پر جس صلواۃ کے طفیل ہماری رہنمائی فرمائے ساتھ دلائل خیرات اور روشن انوار کے اور

الانوار وتخيرنا بها بخير خيار الاخيار الابرار فاستبقوا الخيرات ط

فضیلت دے ہمیں اپنے اخیار و ابرار والی خیر و بھلائی کے ساتھ " پس سبقت لے جاؤ خیرات کی طرف

اللهم صل وسلم على مصحح الحسنات صلوة تصحح لنا بها

اے اللہ صلواۃ و سلام نازل فرما امور حسنہ کی درستگی فرمانے والے پر جس صلواۃ کے طفیل درست فرمائے ہمارے لیے

بصحاح فصاح فراح صراح قراح معادن ذخآئر سرآئر

درستگی، کشادگی۔ فرحت خالصہ صریحہ کے ساتھ (ان) اسرار کے ذخائر کی کانوں کو

إِنَّ الْحَسَنَاتِ يُذْهِبْنَ السَّيِّئَاتِ ط اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى
بیشک نیکیاں لے جاتی ہیں برائیوں کو۔ اے اللہ صلوٰۃ وسلام نازل فرما
مُقِيْلِ الْعَثَرَاتِ صَلٰوةً تُقِيْلُ بِهَا عَثَرَاتِنَا كُلَّهَا إِنَّ اللّٰهَ
لغزشات سے درگزر فرمانے والے پر جس صلوٰۃ کی بدولت ہماری تمام لغزشوں سے درگزر فرمائے۔ بیشک اللہ
يَغْفِرُ الذُّنُوْبَ جَمِيْعًا ط اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى صَفُوْحٍ
بخشتا ہے تمامتر ذنوب کو۔ اے اللہ صلوٰۃ وسلام نازل فرما لغزشات سے اعراض فرمانے
عَنِ الزَّلَّاتِ صَلٰوةً تَصْفَحُ بِهَا عَنْ زَلَّتِنَا الْغَيْرِيَّةِ بِفَضْلِ
والے پر جس صلوٰۃ کے طفیل اعراض فرمائے ہماری غیریت والی لغزش سے ساتھ اس فضل کے
ثُمَّ بَدَّلْنَا مَكَانَ السَّيِّئَةِ الْحَسَنَةَ حَتّٰى عَفَوْا ط اَللّٰهُمَّ صَلِّ
(پھر بدل دی ہم نے برائی کی جگہ نیکی یہاں تک انہوں نے درگزر کی)۔ اے اللہ صلوٰۃ و
وَسَلِّمْ عَلٰى صَاحِبِ الشَّفَاعَةِ صَلٰوةً تَشْفَعُ بِهَا فِيْنَا عِنْدَ اللّٰهِ مَنْ
سلام ہو صاحب شفاعت پر جس صلوٰۃ کے طفیل شفاعت کرے ہمارے حق میں اللہ کے ہاں
ذَا الَّذِيْ يَشْفَعُ عِنْدَهٗ إِلَّا بِإِذْنِهٖ ط اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى صَاحِبِ
کون ہے جو شفاعت کرے اس کے ہاں مگر ساتھ اس کی اجازت کے۔ اے اللہ صلوٰۃ وسلام نازل فرما صاحب مقام
الْمَقَامِ صَلٰوةً تُعْطِيْ لَنَا بِهَا دَرَجَةَ الْخَائِفِيْنَ فِيْ مَقَامِ الْعُلٰى وَأَمَّا
محمود پر جس صلوٰۃ کے طفیل عطا کرے ہمیں ارباب خوف کا درجہ مقام اعلیٰ میں " اور لیکن
مَنْ خَافَ مَقَامَ رَبِّهٖ وَنَهَى النَّفْسَ عَنِ الْهَوٰى فَإِنَّ الْجَنَّةَ هِيَ
جو خوفزدہ ہو گیا اپنے رب کے حضور قیام سے اور روکا اپنے نفس کو خواہشات سے تو یقیناً جنت ہی اس کا
الْمَأْوٰى اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى صَاحِبِ الْقَدَمِ صَلٰوةً تُثَبِّتُ
ٹھکانا ہے"۔ اے اللہ صلوٰۃ وسلام نازل فرما صاحب قدم ثابت پر جس صلوٰۃ کے طفیل ثابت رکھے
بِهَا أَقْدَامَنَا عَلٰى طَاعَتِكَ وَامْتِثَالِ أَوَامِرِكَ يُثَبِّتُ اللّٰهُ الَّذِيْنَ
ہمارے قدموں کو اپنی اطاعت پر اور احکام کی تعمیل پر۔ ثابت قدم رکھتا ہے اللہ تعالیٰ ایمان والوں کو

اٰمَنُوْا بِالْقَوْلِ الثَّابِتِ ط اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى مَخْصُوْصٍ بِالْعِزِّ
ساتھ پائیدار قول کے " اے اللہ صلوٰۃ وسلام فرما عزت واعزاز کے ساتھ مخصوص نبی
صَلٰوةً تُعِزُّنَا بِهَا بِإِعْزَازِ الْقُرْبِ وَالرِّفْعَةِ وَالرَّفِيْعَةِ وَبِإِعْزَازِ
پر جس صلوٰۃ کے طفیل اعزاز بخشے ہمیں قرب اور رفعت رفیعہ کے ساتھ اور ساتھ اعزاز قرب
الْقُرْبِ وَالذِّلَّةِ وَالذَّلِيْعَةِ بِأَنَّكَ تُعِزُّ مَنْ تَشَاءُ وَتُذِلُّ مَنْ تَشَاءُ
اور تواضع و انکساری کے بسبب اس کے " کہ تو عزت دیتا ہے جسے چاہے اور نگونسار کرتا ہے جسے چاہے
بِيَدِكَ الْخَيْرُ إِنَّكَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ ط اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى
تیرے ہی ہاتھ میں ہے خیر بیشک تو ہر چیز پر کامل دسترس والا ہے۔ اے اللہ درود وسلام ہو مجد کے ساتھ
مَخْصُوْصٍ بِالْمَجْدِ صَلٰوةً تُمَجِّدُنَا بِهَا وَبِتَمْجِيْدِ تَعْظِيْمِ عَظَمَةِ كِبْرِيَائِهٖ
مخصوص ذات اقدس پر جس صلوٰۃ کی بدولت ہمیں بزرگی بخشے اور بطفیل تمجید و تعظیم اور عظمت کبریائی کے
تَعَالٰى إِنَّهٗ حَمِيْدٌ مَّجِيْدٌ ط اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى مَخْصُوْصٍ بِالشَّرَفِ
بیشک وہی لائق حمد وثنا بزرگی والا ہے۔ اے اللہ صلوٰۃ وسلام نازل فرما شرف سے مخصوص ذات پر جس صلوٰۃ کے
صَلٰوةً تُشَرِّفُنَا بِهَا بِشَرَافَةِ الْإِلْهَامَاتِ الْقُدْسِيَّاتِ وَالْمُلْهِمَاتِ الْمُقَدَّسَةِ
طفیل ہمیں مشرف فرمائے الہامات قدسیہ اور ملہمات مقدسہ کے شرف کے ساتھ
فَأَوْحٰى إِلٰى عَبْدِهٖ مَا أَوْحٰى ط اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى صَاحِبِ
پس وحی کی طرف اپنے عبد خاص کے جو وحی کی" اے اللہ صلوٰۃ وسلام نازل فرما صاحب
الْوَسِيْلَةِ صَلٰوةً تُوَصِّلُنَا بِهَا إِلٰى مَعَارِفِ الرَّبَّانِيِّ وَسِرِّ الْبِرِّيِّ
الوسیلہ پر کہ جس کی بدولت واصل فرمائے ہمیں معارف ربانیہ اور اسرار احسانیہ تک
بِوَسِيْلَةِ وَكِيْلَةٍ وَابْتَغُوْا إِلَيْهِ الْوَسِيْلَةَ ط اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ
اس وسیلہ ووکالت کے" اور طلب کرو طرف اس کے وسیلہ " اے اللہ صلوٰۃ وسلام نازل فرما
عَلٰى صَاحِبِ السَّيْفِ صَلٰوةً تُقَلِّدُنَا بِهَا بِسَيْفِ الْهَيْبَةِ وَالشِّدَّةِ
صاحب سیف پر جس صلوٰۃ کے طفیل حائل کرے ہمارے گلے میں ہیبت وشدت اور قوت کی

وَالْقُوَّةِ وَالْمَنَعَةِ مِنْ بَأْسِ الْجَبَرُوْتِ بِنُصْرَةٍ وَمَا النَّصْرُ اِلَّا مِنْ

اور جبروت کی شدت سے بچاؤ کی "تلوار ساتھ اس نصرت کے" اور نہیں مدد مگر صرف

عِنْدِ اللّٰهِ ط اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى صَاحِبِ الْفَضِيْلَةِ صَلٰوةً

اللہ تعالیٰ کے پاس سے۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل ہو صاحب فضیلت پر جس صلوٰۃ کے طفیل

تُفَضِّلُنَا بِهَا بِمَا يُقَرِّبُنَا اِلَيْكَ بِفَضْلِ فَضِيْلَةٍ ذٰلِكَ فَضْلُ اللّٰهِ يُؤْتِيْهِ

فضیلت بخشے ہمیں اپنی بارگاہ کے قریب کرنے والے امور کے ساتھ بوسیلہ اس فضل و فضیلت کے۔ وہ اللہ تعالیٰ کا فضل ہے

مَنْ يَّشَآءُ ط وَاللّٰهُ ذُو الْفَضْلِ الْعَظِيْمِ ط اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى

ہے عطا کرتا جس کو چاہے اور اللہ فضل عظیم والا ہے۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل فرما

صَاحِبِ الْاِزَارِ صَلٰوةً تُؤَزِّرُنَا بِهَا اِزَارَ الْفَقْرِ اَلْفَقْرُ فَخْرِيْ وَالْفَقْرُ

تہمد والے نبی پر جس صلوٰۃ کے طفیل ہمیں اوڑھائے فقر کی (یہ) چادر "فقر میرا فخر ہے اور فقر مجھ

مِنِّيْ وَلِبَاسُ التَّقْوٰى ذٰلِكَ خَيْرٌ ط اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى صَاحِبِ

سے ہے اور لباس تقویٰ ہی بہتر ہے" اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل فرما حجت و برہان والے

الْحُجَّةِ صَلٰوةً تُبَلِّجُ بِهَا حُجَّتَنَا وَتُفَلِّجُ بِهَا صُدُوْرَنَا وَتُفَرِّجُ بِهَا اٰمَالَنَا

نبی پر جس صلوٰۃ کے طفیل ہماری دلیل کو روشن بنائے اور ہمارے سینے کشادہ فرمائے اور ہماری آرزوؤں میں کشائش پیدا

لِئَلَّا يَكُوْنَ لِلنَّاسِ عَلَيْكُمْ حُجَّةٌ ط اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى صَاحِبِ

کرے تاکہ نہ ہو واسطے لوگوں کے تمہارے اوپر حجت۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل فرما صاحب تسلط نبی پر

السُّلْطَانِ صَلٰوةً تُبَيِّنُ بِهَا بُرْهَانَنَا وَتُشَدِّدُ بِهَا بُنْيَانَنَا وَتُيَقِّنُنَا

جس صلوٰۃ کے طفیل ہماری برہان کو واضح کرے اور ہماری بنیاد کو مستحکم فرمائے اور کامل و راسخ فرمائے

بِهَا اِيْقَانَنَا بِسُلْطٰنٍ مُّبِيْنٍ ط اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى صَاحِبِ

ساتھ اس کے ہمارے یقین کو ساتھ واضح غلبہ و تصرف کے۔ اے اللہ درود و سلام ہو چادر اوڑھنے والے نبی پر

الرِّدَآءِ صَلٰوةً تُسِيْلُ عَلَيْنَا بِهَا كُنُفَ سَتْرِ حِجَابِ نَظَافَةٍ مَلَاحَةٍ وَ

جس درود کے طفیل لٹکائے ہم پر جوانب و اطراف (اس) نظافت و ملاحت والے ستر و حجاب کے

ثِيَابَكَ فَطَهِّرْ ط اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى صَاحِبِ الدَّرَجَةِ الرَّفِيْعَةِ

اور اپنے کپڑے پس پاک رکھو" اے اللہ درود و سلام ہو بلند تر درجہ والے نبی پر

صَلٰوةً تَرْفَعُنَا بِهَا مِنْ حَضِيْضِ التَّدَنُّسِ اِلَى الدَّرَجَةِ الرَّفِيْعَةِ

جس درود کے طفیل بلند فرمائے ہمیں آلودگی کی پستیوں سے طرف (اس) بلند و بالا درجہ کے

الْعُلٰى اَلَّذِيْنَ لَهُمُ الدَّرَجَاتُ الْعُلٰى اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى

"وہ لوگ کہ جن کے لیے ہیں بلند تر درجات" اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل فرما

صَاحِبِ التَّاجِ صَلٰوةً تُتَوِّجُنَا بِهَا بِتَاجِ مَهَابَةِ كِبْرِيَآءِ جَلَالِ

صاحب تاج پر جس صلوٰۃ کے طفیل پہنائے ہمیں تاج (اس) مہابت و کبریائی جلال و شہنشاہی

مَلَكُوْتِ عِزِّ عَظَمَةِ اللّٰهِ اِنَّ الْعِزَّةَ لِلّٰهِ جَمِيْعًا اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ

اور عزت و عظمت الہیہ کا "بیشک عزت و غلبہ تمام تر اللہ ہی کے لیے ہے" اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل فرما

عَلٰى صَاحِبِ الْمِغْفَرِ صَلٰوةً تُلْبِسُنَا بِهَا خِلْعَةَ اِكْلِيْلِ اِقْبَالِ اِجْمَالِ

خود والے نبی پر کہ پہنائے ہمیں اس صلوٰۃ کے طفیل خلعت "تاج پوشی۔ اقبال مندی جمال و جلال سے

اِجْلَالِ وَصْلِ جَنَّتِكَ وَلِبَاسُهُمْ فِيْهَا حَرِيْرٌ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ

اتصاف اور جنت تک رسائی کی" اور لباس ان کا جنت میں ریشم ہے" اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل فرما

عَلٰى صَاحِبِ اللِّوَآءِ صَلٰوةً تَحْشُرُنَا بِهَا اَفْضَلَ الْفُضَلَآءِ مَعَ الْعُطَآءِ

لواء (حمد) والے نبی پر جس صلوٰۃ کے طفیل ہمارا حشر فرمائے افضل ترین احوال میں مع قابل ستائش عطا کے

الْاَحْمَدِ تَحْتَ لِوَآءِ الْحَمْدِ لَهُ الْمُلْكُ وَلَهُ الْحَمْدُ اَللّٰهُمَّ صَلِّ

نیچے لواء الحمد کے" اسی کے لیے ہے ملک اور اسی کے لیے ہے حمد" اے اللہ صلوٰۃ و

وَسَلِّمْ عَلٰى صَاحِبِ الْمِعْرَاجِ صَلٰوةً تُسَيِّرُنَا بِهَا بِسَيْرِ سِرِّ اَسْرَارِ

سلام نازل فرما صاحب معراج پر جس صلوٰۃ کے طفیل سیر کرائے ہمیں (ان) اسرار و اسرار کے

سَرَائِرِ سَرَآئِرِ سُبْحَانَ الَّذِيْٓ اَسْرٰى بِعَبْدِهٖ لَيْلًا مِّنَ الْمَسْجِدِ الْحَرَامِ

کے سر اور سرار کی" پاک ہے وہ ذات اقدس جس نے سیر کرائی اپنے عبد خاص کو رات کے وقت مسجد حرام سے

اِلَى الْمَسْجِدِ الْاَقْصٰى ؕ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى صَاحِبِ الْقَضِيْبِ

مسجد اقصیٰ تک " اے اللہ صلواۃ و سلام نازل فرما صاحب عصا نبی پر ایسی

صَلٰوةً تَقْطَعُ بِهَا عَنَّا حُجُبَ الْكِبَارِ الْاَنَانِيَّةِ وَعُجُبَ الْكَدَارِ الْغَيْرِيَّةِ

صلواۃ کہ قطع کرے بطفیل اس کے ہم سے حجابات "تکبر و انانیت اور فخر و ناز غیریت کے میل کچیل کا

بِقَضِيْبِ الْعَيْنِيَّةِ اَلَا اِنَّ حِزْبَ اللّٰهِ هُمُ الْغَالِبُوْنَ ؕ اَللّٰهُمَّ صَلِّ

ساتھ عینیت کے عصا کے " آگاہ رہو بیشک اللہ تعالیٰ کی جماعت ہی غالب ہے۔" اے اللہ صلواۃ

وَسَلِّمْ عَلٰى صَاحِبِ الْبُرَاقِ صَلٰوةً تَرْفَعُنَا بِهَا اِلٰى طُرُقِ

و سلام نازل فرما صاحب براق پر جس صلواۃ کے طفیل بلند فرمائے ہمیں اپنی بارگاہ

بُحْبُوْحَةِ حَضْرَةِ اَحَدِيَّتِكَ كَبَرْقِ الْبُرُوْقِ الْبُرَاقِ فَفِرُّوْا اِلَى

احدیت کے وسطی راہوں کی طرف مانند براق کی روشن بجلی کے ۔ پس بھاگو طرف

اللّٰهِ ؕ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى صَاحِبِ الْخَاتَمِ صَلٰوةً تَخْتِمُ

اللہ کے۔ اے اللہ صلواۃ و سلام نازل فرما صاحب خاتم پر جس صلواۃ کے طفیل پر لگائے

بِهَا فِيْ صُدُوْرِنَا بِخَتْمِ مُحَمَّدٍ رَّسُوْلِ اللّٰهِ ؕ وَخِتَامُهٗ مِسْكٌ ؕ وَ

ہمارے دلوں میں ساتھ نقش ۔ محمد رسول اللہ ﷺ کے اور اس کا آخری گھونٹ مانند کستوری کے خوشبودار

فِيْ ذٰلِكَ فَلْيَتَنَافَسِ الْمُتَنَافِسُوْنَ ؕ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى

ہے اور اس میں ہی چاہیئے کہ رغبت کریں رغبت کرنے والے ۔ اے اللہ صلواۃ و سلام نازل فرما

صَاحِبِ الْعَلَامَةِ صَلٰوةً تُعَلِّمُنَا بِهَا بِعَلَامَاتِ سَبْحَاتِ

امتیازی علامت والے نبی پر کر ممتاز کرے ہمیں بطفیل اس صلواۃ کے ساتھ

اٰثَارِ اَسْرَارِ اَنْوَارِ النُّبُوَّةِ اَلَّذِيْنَ اٰتَيْنٰهُمُ الْكِتٰبَ وَالْحُكْمَ وَالنُّبُوَّةَ ؕ

انوار و اسرار نبوت کے آثار کے علامات و نشانات کے "جنہیں ہم نے دی ہے کتاب اور حکومت و نبوت"

اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى صَاحِبِ الْبُرْهَانِ صَلٰوةً تُحْرِزُنَا بِهَا

اے اللہ صلواۃ و سلام نازل فرما صاحب برہان پر جس صلواۃ کے طفیل محفوظ فرمائے ہمیں ساتھ اس

بِحِمَايَةِ كِفَايَةِ وِقَايَةِ حَقِيْقَةِ بُرْهَانِ حِرْزِ اَمَانٍ يٰاَيُّهَا النَّاسُ

حمایت و کفایت اور وقایت اور حقیقت برہان اور حصار امان کے " اے لوگو

قَدْ جَآءَكُمْ بُرْهَانٌ مِّنْ رَّبِّكُمْ ؕ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى صَاحِبِ

تحقیق آیا تمہارے پاس عظیم برہان تمہارے رب کی طرف سے" اے اللہ صلواۃ و سلام نازل فرما صاحب بیان

الْبَيَانِ صَلٰوةً تُبَيِّنُنَا بِهَا عَلَيْنَا مُعْضِلَاتِ حَرَفَاتِ عَوِيْصَاتِ

پر جس صلواۃ کے طفیل واضح کردے ہم پر مشکل حروف اور لاینحل عقد سے

الْقُرْاٰنِ لَوْ اَنْزَلْنَا هٰذَا الْقُرْاٰنَ عَلٰى جَبَلٍ لَّرَاَيْتَهٗ خَاشِعًا مُّتَصَدِّعًا

قرآن کے " اگر ہم اتارتے اس قرآن کو کسی پہاڑ پر تو البتہ دیکھتے تم اس کو خشوع کرنیوالا پھٹنے والا

مِّنْ خَشْيَةِ اللّٰهِ ؕ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى فَصِيْحِ اللِّسَانِ صَلٰوةً

خشیت الٰہیہ سے " اے اللہ صلواۃ و سلام نازل فرما فصیح اللسان نبی پر جس صلواۃ کے طفیل منکشف

تَفْصَحُ لَنَا بِهَا بِالْفَصَاحَةِ وَالْبَرَاعَةِ وَالْبَلَاغَةِ رَبِّ اشْرَحْ لِيْ صَدْرِيْ

کردے ہم پر فصاحت اور عمدگی اور بلاغت کو " اے رب میرے کشادہ فرما میرے لیے

وَيَسِّرْ لِيْ اَمْرِيْ وَاحْلُلْ عُقْدَةً مِّنْ لِّسَانِيْ يَفْقَهُوْا قَوْلِيْ ؕ اَللّٰهُمَّ

میرا سینہ اور آسان فرما میرا معاملہ اور کھول دے میری زبان کا عقدہ ۔ تاکہ میری بات سمجھ سکیں " اے اللہ

صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى مُطَهِّرِ الْجَنَانِ صَلٰوةً تُطَهِّرُنَا بِهَا جَنَانَنَا بِطَهَارَةِ

درود و سلام ہو دلوں کو پاک کرنے والے نبی پر جس درود کے طفیل پاک فرمائے ہمارے دلوں کو ایسی طہارت

الزَّكِيَّةِ الرَّضِيَّةِ الْمَرْضِيَّةِ بِاَنَّهُمْ اُنَاسٌ يَّتَطَهَّرُوْنَ ؕ اَللّٰهُمَّ

و تزکیہ کے ساتھ جو پسندیدہ و مقبول ہو" بسبب اس کے کہ وہ لوگ طہارت میں کوشش کرنے والے ہیں" اے اللہ

صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى رَءُوْفٍ صَلٰوةً تَعْطِفُ لَنَا بِهَا بِرَاْفَةٍ رَحْمَةٍ رِقَّةٍ ثُمَّ

صلواۃ و سلام نازل ہو رؤف نبی پر جس صلواۃ کے طفیل عنایت فرمائے ہمیں رأفت ۔ رحمت اور رقت " پھر

تَلِيْنُ جُلُوْدُهُمْ وَقُلُوْبُهُمْ اِلٰى ذِكْرِ اللّٰهِ وَاِنَّ اللّٰهَ بِالنَّاسِ لَرَءُوْفٌ

نرم ہوتے ہیں اعضاء اور قلوب ان کے ذکر الٰہی کی طرف اور بے شک اللہ تعالیٰ لوگوں کے ساتھ البتہ رؤف

رَحِيْمٌ ط اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى رَحِيْمٍ صَلٰوةً تَرْحَمُنَا بِهَا بِمَغْفِرَتِكَ

ورحیم ہے ۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل فرما رحیم نبی پر جس صلوٰۃ کے طفیل ہم پر رحم فرمائے ساتھ اپنی

وَرَحْمَتِكَ وَفَضْلِكَ فَاِنَّكَ غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ ط اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ

مغفرت ورحمت اور فضل کے پس بے شک تو غفور رحیم ہے ۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل فرما

عَلٰى اُذُنِ خَيْرٍ صَلٰوةً تُسْمِعُنَا بِهَا كَلِمَاتِ الْحَقِّ وَالْيَقِيْنِ وَيَقُوْلُوْنَ

خیر کے (سننے والے) مجسم قوت سامعہ پر جس صلوٰۃ کے طفیل ہمیں سنوائے کلمات حق اور یقین کے ۔ اور کہتے ہیں

هُوَ اُذُنٌ ط قُلْ اُذُنُ خَيْرٍ لَّكُمْ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى صَحِيْحِ الْاِسْلَامِ

کہ وہ (محمد صلی اللہ علیہ وسلم) سراسر کان ہیں ۔ فرما دیجئے سراسر کان ہیں خیر کے تمہارے لیے ۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل فرما صحیح اسلام والی حق

صَلٰوةً تُسْلِمُنَا بِهَا مِنْ جَمِيْعِ الْفِتَنِ وَالْاَسْقَامِ وَالْاٰفَاتِ وَ

پر جس صلوٰۃ کے طفیل ہمیں سلامت رکھے تمام فتنوں ۔ بیماریوں آفات اور

الْعَاهَاتِ وَاللّٰهُ يَدْعُوْا اِلٰى دَارِ السَّلَامِ ط اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ

عیوب و نقائص سے" اور اللہ تعالیٰ بلاتا ہے طرف سلامتی والے گھر یعنی جنت کے ۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل فرما

عَلٰى سَيِّدِ الْكَوْنَيْنِ صَلٰوةً تُغْمِسُنَا بِهَا فِيْ بِحَارِ اَنْوَارِكَ وَاسْقِنَا

سید کونین پر جس صلوٰۃ کے طفیل ہمیں غوطہ دے اپنے انوار کے سمندروں میں اور پلائے ہمیں

مِنْ شَرَابِ مَحَبَّتِكَ بِسِيَادَةِ سَيِّدًا وَّحَصُوْرًا وَّنَبِيًّا مِّنَ الصّٰلِحِيْنَ

اپنی محبت کا شراب بطفیل سیادت سید کے اور عورتوں سے دور رہنے والے اور نبی صالح (حضرت یحییٰ) کے

اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى عَيْنِ النَّعِيْمِ صَلٰوةً تُنَعِّمُنَا بِهَا بِنَعْمَائِهِ

اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل فرما نعمتوں کے سرچشمہ پر جس صلوٰۃ کے طفیل ہمیں مشرف فرمائے ان کی عام نعمتوں

الشَّامِلَةِ وَالْاٰلَاءِ الْكَامِلَةِ بِتَنْعِيْمِ تَكْرِيْمٍ تَعْمِيْمٍ ثُمَّ لَتُسْئَلُنَّ يَوْمَئِذٍ

اور کامل انعامات سے ساتھ اس نعمت رسانی ۔ کرم بخش عمومی کے" پھر تم ضرور بالضرور سوال کئے جاؤ گے اس دن

عَنِ النَّعِيْمِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى عَيْنِ الْغُرِّ صَلٰوةً تَقُوْدُنَا بِهَا

نعمتوں کے متعلق" اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل فرما مجسمہ نورانیت پر جس صلوٰۃ کے طفیل تیری طرف قیادت کرے

اِلَيْكَ قَائِدُ الْغُرِّ الْمُحَجَّلِيْنَ بِغُرِّ نُوْرٍ وَّاَلْقَيْتُ عَلَيْكَ مَحَبَّةً

ہماری روشن جبینوں اور نورانی اعضاء والوں کے قائد ساتھ اس واضح نور کے" اور ڈال دی ہے میں نے تجھ پر

مِّنِّيْ وَلِتُصْنَعَ عَلٰى عَيْنِيْ ط اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَعْدِ اللّٰهِ

محبت اپنی طرف سے اور تاکہ تجھے بنایا جائے میری نگاہوں کے سامنے" اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل فرما اللہ تعالیٰ کی مجسم سعادت

صَلٰوةً تُسْعِدُنَا بِهَا بِالسَّعَادَةِ وَالْكَرَامَةِ وَالْمَغْفِرَةِ ط وَاَمَّا الَّذِيْنَ

پر جس صلوٰۃ کے طفیل ہمیں سعادت مند کرے ساتھ سعادت کرامت اور مغفرت کے" لیکن جو سعادت مند

سُعِدُوْا فَفِي الْجَنَّةِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى خَطِيْبِ الْاُمَمِ صَلٰوةً

ہیں پس وہ جنت میں ہیں" اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل فرما تمام اُمتوں کے خطیب پر

تُنْجِيْنَا بِهَا مِنَ الشَّدَآئِدِ وَالْاَهْوَالِ وَالْهِبَاطِ وَالْمِيَاطِ وَ

جس صلوٰۃ کے طفیل ہمیں نجات عطا فرمائے شدائد اور ہولناکیوں سے اور پستیوں اور نیستیوں سے" اور

شَدَدْنَا مُلْكَهٗ وَاٰتَيْنٰهُ الْحِكْمَةَ وَفَصْلَ الْخِطَابِ ط اَللّٰهُمَّ

مضبوط کر دیا ہم نے ان کا ملک اور دی ہم نے ان کو حکمت اور واضح خطاب ۔ اے اللہ

صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى عَلَمِ الْهُدٰى صَلٰوةً تُعَلِّمُنَا بِهَا بِهِدَايَةِ الْهِجَاجِ

صلوٰۃ و سلام نازل فرما ہدایت کے علم مجسم پر جس صلوٰۃ کے طفیل سکھلائے ہمیں تیز چال رہبری

وَوِلَايَةِ الْوَهَّاجِ وَرِعَايَةِ الرَّهَاجِ وَعِنَايَةِ الْعَجَاجِ وَ

اور بہت روشن اور تیزی سے بھڑکنے والی محبت فتنہ وفساد سے نگہداشت اور ادنیٰ لوگوں پر عنایت

اِنَّكَ لَتَهْدِيْٓ اِلٰى صِرَاطٍ مُّسْتَقِيْمٍ ط اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى

بیشک آپ ہدایت دیتے ہو صراط مستقیم کی طرف ۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل فرما

كَاشِفِ الْكُرَبِ صَلٰوةً تَكْشِفُ بِهَا عَنَّا كُرُبَاتِ زَلْزَلَةِ

غم و اندوہ دور کرنے والے نبی پر جس صلوٰۃ کے طفیل دور کرے ہم سے اندوہ زلزلہ شوق

الشَّوْقِ وَوَلُوْلَةِ الذَّوْقِ وَاِنْ يَّمْسَسْكَ اللّٰهُ بِضُرٍّ فَلَا كَاشِفَ

کے اور ولولہ ذوق کے" اور اگر پہنچائے تجھے اللہ تعالیٰ کوئی نقصان تو نہیں دور کرنے والا اس کو

لَهٗ اِلَّا هُوَ ط اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى رَافِعِ الرُّتَبِ صَلٰوةً تَرْفَعُ

مگر وہی ۔ اے اللہ صلواۃ وسلام نازل فرما مراتب کے بلند کرنے والے نبی پر جس صلواۃ کے طفیل

بِهَا مَرْتَبَتَنَا مِنْ مَّرَاتِبِ عُبُوْدِيَّةِ الْكَثْرَةِ مِنَ الْخَلْقِ اِلٰى

بلند فرمائے ہمارے مرتبہ کو کثرت مخلوق کے مراتب عبودیت سے

مَعْبُوْدِيَّةِ الْوَحْدَةِ فِى الْحَقِّ بِاِشَارَةِ بِشَارَةِ نَرْفَعُ دَرَجَاتٍ

طرف معبودیت وحدت کے حق تعالیٰ میں ساتھ اس اشارہ و بشارت کے "ہم بلند کرتے ہیں درجات

مَّنْ نَّشَآءُ ط وَفَوْقَ كُلِّ ذِىْ عِلْمٍ عَلِيْمٌ ۝ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى

جس کے بلند کرنا چاہیں اور ہر صاحب علم سے اوپر علم والا ہے۔ اے اللہ صلواۃ وسلام نازل فرما

عِزِّ الْعَرَبِ صَلٰوةً تُعِزُّنَا بِهَا بِرُوْحِ الْعَرَبِ الْاَكْرَمِ وَبِرُوْحِ

عرب کے سرمایۂ عزت پر جس صلواۃ کے طفیل ہمیں عزت بخشے ساتھ عرب کی مکرم روح کے اور عجم کی

الْعَجَمِ الْاَعْظَمِ وَبِسَيِّدِ الْعَرَبِ وَالْعَجَمِ ط وَاللّٰهُ عَزِيْزٌ ذُو

عظیم تر روح کے بطفیل سید عرب و عجم کے " اور اللہ عزیز انتقام لینے

انْتِقَامٍ ۝ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى صَاحِبِ الْفَرَجِ صَلٰوةً تُفَرِّجُ

والا ہے۔ اے اللہ صلواۃ وسلام نازل فرما کشائش و فراخی عطا کرنے والے پر جس صلواۃ کے

بِهَا هُمُوْمَنَا كُلَّهَا مِنْ بِدَايَةِ الْفُرُوْجِ الْفُلُوْجِ اِلٰى

طفیل دور کرے ہم سے تمامتر ہموم کشائش و کشادگی کی ابتداء سے لے کر عروج

نِهَايَةِ الْعُرُوْجِ الْوُلُوْجِ مَا لَهَا مِنْ فُرُوْجٍ ط اَللّٰهُمَّ صَلِّ

اور وصول کی انتہاء تک وہ نہیں ہیں ان کے لیے سوراخ اور دراڑیں۔ اے اللہ صلواۃ و

وَسَلِّمْ عَلٰى رَفِيْعِ الدَّرَجِ صَلٰوةً تَرْفَعُنَا بِهَا عِنْدَكَ اَعْلَى

سلام نازل فرما رفیع الدرجات پر جس صلواۃ کے طفیل بلند فرمائے ہمیں اپنے ہاں

الدَّرَجَاتِ وَتُقَرِّبُ بِهَا دَرَجَاتِنَا لَدَى الْعَرْشِ بِالرِّفْعَةِ

اعلیٰ درجات پر۔ اور قریب کرے ہمارے درجات عرش اعظم کے نزدیک ساتھ

وَالْعِزَّةِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى كَرِيْمِ الْمَخْرَجِ صَلٰوةً تُكَرِّمُنَا

رفعت اور عزت کے۔ اے اللہ صلواۃ وسلام نازل فرما برتر مقام ظہور والے پر جس صلواۃ کے طفیل

بِهَا مِنْ خُرُوْجِ فَنَآءِ السِّفْلِيِّ الْاَزَلِيِّ اِلٰى بَقَآءِ الْعُلْوِيِّ الْاَبَدِيِّ

ہمیں عطا کرے فناء سفلی ازلی سے نکل کر بقاء علوی ابدی تک رسائی کا شرف

يٰۤاَيُّهَا الْاِنْسَانُ مَا غَرَّكَ بِرَبِّكَ الْكَرِيْمِ ط اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ

اے انسان کس نے مغرور کیا تجھے ساتھ اپنے رب کریم کے۔ اے اللہ صلواۃ وسلام نازل

عَلٰى ذِى الْقِبْلَتَيْنِ صَلٰوةً تُقَبِّلُنَا بِهَا مِنْ قِبْلَةِ الْقِبْلَتَيْنِ وَكَعْبَتِهَا

فرما دو قبلہ والے نبی پر جس صلواۃ کے طفیل قبول کرے ہمیں دونوں قبلوں کے قبلہ سے اور دونوں کا

الْقِبْلَتَيْنِ وَاجْعَلْهَا لَنَا نُوْرًا وَّسُرُوْرًا مِّنْ اَقْصٰى اِلٰى قِبْلَةٍ تَرْضٰهَا

کعبہ سے اور بنادے اس کو ہمارے لیے نور و سرور اقصیٰ سے اس قبلہ تک جو تجھے پسند ہے

فَوَلِّ وَجْهَكَ شَطْرَ الْمَسْجِدِ الْحَرَامِ ط اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى رَسُوْلِ

پس پھیر لو اپنے منہ کو مسجد حرام کی جانب ۔ اے اللہ صلواۃ و سلام نازل فرما رسول الثقلین

الثَّقَلَيْنِ صَلٰوةً تُخَفِّفُنَا بِهَا ثِقَالَةَ الدَّارَيْنِ وَشَقَاوَةَ الْكَوْنَيْنِ

پر جس صلواۃ کے طفیل خفیف کرے ہم سے بوجھ ثقلین کا اور شقاوت کونین کی ۔

يٰمَعْشَرَ الْجِنِّ وَالْاِنْسِ اِنِ اسْتَطَعْتُمْ اَنْ تَنْفُذُوْا مِنْ اَقْطَارِ السَّمٰوٰتِ

اے گروہ جنوں اور انسانوں کے اگر استطاعت رکھتے ہو کہ نکل سکو آسمانوں اور زمین

وَالْاَرْضِ فَانْفُذُوْا لَا تَنْفُذُوْنَ اِلَّا بِسُلْطٰنٍ ط اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ

کے اطراف سے تو نکل جاؤ۔ نہیں نکل سکو گے مگر ساتھ غلبہ و تسلط کے (جو تم میں نہیں ہے) اے اللہ درود و سلام

عَلٰى صَاحِبِ الْفُرْقَانِ صَلٰوةً تُفَرِّقُنَا بِهَا فِيْمَا بَيْنَ فَنَآءِ اَنَانِيَّةِ

ہو صاحب فرقان پر جس صلواۃ کے طفیل جدا کرے ہمیں طبیعت انسانیہ کی فناء

الطَّبِيْعَةِ الْاِنْسَانِيَّةِ وَبَقَآءِ شُهُوْدِ الْوَحْدَانِيَّةِ الْاُلُوْهِيَّةِ الْاَحَدِيَّةِ

انانیت اور شہود وحدانیت حدیہ کی بقاء کے درمیان (پھنس کر رہنے) سے

تبارك الذی نزل الفرقان علی عبده ط اللهم صل وسلم

با برکت ہے جس نے نازل کیا فرقان اپنے عبد خاص پر ۔ اے اللہ درود و سلام ہو

علی صاحب الکوثر صلوة تسقینا بها من شراب حوض

صاحب کوثر پر جس صلوٰۃ کے طفیل ہمیں پلائے حوض کوثر کے شراب سے

الکوثر شربة هنیئا مریئا لا نظماء بعدها ابد الابد کما

ایسا شربت خوشگوار کہ نہ پیاسے ہوں اس کے بعد کبھی بھی ۔ جیسے کہ

ظهر من وحدة الحال الی کثرة المقال انا اعطینك الکوثر

ظاہر ہوا حال کی وحدت سے قال کی کثرت تک ۔ بے شک ہم نے عطا کیا آپ کو کوثر

فصل لربك وانحر ان شانئك هو الابتر ط اللهم صل

پس نماز پڑھو اپنے رب کے لیے اور قربانی دو ۔ بیشک تمہارا دشمن بے نام ونشان ہے ۔ اے اللہ صلوٰۃ

وسلم علی سیدنا محمد وعلی ال سیدنا محمد صلوة تحل

وسلام ہو سیدنا محمدؐ اور آپ کی آل پر جس درود کے طفیل کھول دے تمام

بها العقد وروحا تفك بها الکرب وترحما تزال بها العطب

عقدے اور راحت ہو کر کھولے بطفیل اس کے کربتیں اور رحمت ہو کہ زائل کی جائیں بطفیل اس کے ہلاکتیں

وتکریما تقضی بها الارب یا رب یا الله یا حی یا قیوم یا

اور تکریم ہو کہ پوری کی جائیں بطفیل اس کے حاجتیں ۔ یا رب ۔ یا اللہ یا حیّ ۔ یا قیوم ۔ یا ذا الجلال

ذا الجلال والاکرام ط نسئلك من فضائل لطفك ومن

والاکرام ۔ سوال کرتے ہیں تجھ سے تیرے لطف و کرم کے فضائل کا اور

غرائب فضلك یا کریم یا رحیم ط اللهم انا عبد اضعف امته

انوکھے فضل کا یا کریم یا رحیم ۔ اے اللہ میں وہ عبد ہوں جو ان کی تمام امت سے

انت ولینا ومولنا خذ بیدینا من الضلالة تهدینا وتوصلنا

ضعیف تر ہوں تو ہی ہمارا ناصر و مددگار ہے ۔ دستگیری فرما ہماری گمرہی سے ۔ ہدایت دے اور واصل فرما

الی ذاتك فاجعل کل صلاتنا وسلامنا فی الدنیا والاخرة

اپنی ذات تک ۔ پس بنا دے ہماری تمام صلوٰۃ اور سلاموں کو دنیا میں ہوں یا آخرت میں

مکفرة لجمیع الخطیات رافعة لجمیع الدرجات مکفلة لجمیع

کفارہ واسطے ہماری تمام خطاؤں کے اور بلندی کرنے والے ہمارے تمام درجات کے، کفالت کرنے والے

الحسنات والخیرات محصلة بکمال حبك وذکرك بخلوص

واسطے تمام حسنات اور خیرات کے، مہیا کرنے والے ہمارے تیری کامل محبت اور ذکر کے بسبب خلوص سر کے

السر فی الظاهر والباطن بکمال الایمان ونتائجه بجمیع

ظاہر و باطن میں بمع کمال ایمان اور اس کے نتائج کے بمع تمام برکات

البرکات والکمالات حفیظة بجمیع العفو والعافیة وکمال

اور کمالات کے ۔ محافظ ہو ساتھ کامل عفو و عافیت کے اور کمال علم کے

العلم وبتوفیق کمال العمل به بحسن الطاعات والعبادات

اور ساتھ عمل کامل کی توفیق کے ساتھ حسن طاعات اور عبادات کے

حصینة عن کل کرب وهم وغم وعن جمیع الافات و

محفوظ رکھنے والے ہوں ہر کرب اور غم واندوہ سے اور تمام آفات و نقائص سے

العاهات والوسوات والبلیات وعن جمیع لعب و

اور وساوس و بلیات سے ۔ اور تمام لہو و لعب سے اور تیرے

لهو وعن جمیع غیر مرضیاتك وغیر مرضیات رسولك

تمام ناپسندیدہ امور سے اور تیرے رسول کے ناپسندیدہ امور سے

اللهم اجعل کل صلوتنا وسلامنا وسیلة وشفیعة و

اے اللہ بنا دے ہماری تمام صلوات اور تسلیمات کو وسیلہ اور شفیع اور

هادیة بجمیع الحالات فی جمیع الازمان بالقوة الکاملة

رہنما تمام حالات اور تمام زمانوں میں ساتھ کامل قوت کے

وَبِالْعِزَّةِ الشَّامِلَةِ عَلَى الصِّرَاطِ الْمُسْتَقِيْمِ صِرَاطَ الَّذِيْنَ اَنْعَمْتَ

اور محیط عزت وغلبہ کے واسطے صراط مستقیم کے راہ ان لوگوں کی جن پر تو نے انعام کیا

عَلَيْهِمْ مِّنَ النَّبِيّٖنَ وَالصِّدِّيْقِيْنَ وَالشُّهَدَآءِ وَالصّٰلِحِيْنَ وَ

یعنی انبیاء و صدیقین اور شہداء و صالحین کی اور

حَسُنَ اُولٰٓئِكَ رَفِيْقًا ط ذٰلِكَ الْفَضْلُ مِنَ اللّٰهِ ط وَكَفٰى بِاللّٰهِ

اچھے ہیں وہ از روئے رفیق ہونے کے۔ وہ عظیم فضل ہے اللہ تعالیٰ کی طرف سے اور اللہ کافی ہے

عَلِيْمًا ط رَبَّنَا تَقَبَّلْ مِنَّا اِنَّكَ اَنْتَ السَّمِيْعُ الْعَلِيْمُ جَمِيْعَ دَعَوَاتِنَا

از روئے علیم ہونے کے۔ اے رب ہمارے ہم سے قبول فرما۔ بیشک تو ہی سننے والا ہے ہماری تمام دعاؤں

وَنِيَّاتِنَا وَحَاجَاتِنَا بِالْخَيْرِ بِعِزَّةِ لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَبِحُرْمَةِ مُحَمَّدٍ

اور نیات و حاجات جو خیر سے متلبس ہیں بطفیل لا الہ الا اللہ کی عزت اور بطفیل محمد

رَّسُوْلِ اللّٰهِ ط بِرَحْمَتِكَ يَآ اَرْحَمَ الرّٰحِمِيْنَ ط وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ

رسول اللہ کی حرمت سے اور ساتھ اپنی رحمت کے اے ارحم الراحمین۔ اور تمام تعریفیں اللہ رب العالمین

الْعٰلَمِيْنَ ط اَللّٰهُمَّ اَنْتَ اللّٰهُ لَآ اِلٰهَ اِلَّآ اَنْتَ سُبْحَانَكَ وَحْدَكَ

کے لیے ہیں۔ اے اللہ تو ہی اللہ ہے۔ نہیں معبود برحق مگر تو۔ تو پاک ہے۔ یگانہ ہے

لَا شَرِيْكَ لَكَ خَالِقُ كُلِّ شَيْءٍ وَّاِنَّكَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ ط مُحَوِّلَ

نہیں کوئی شریک تیرے لیے۔ ہر چیز کا خالق ہے اور بیشک تو ہر چیز پر کامل دسترس والا ہے۔ ہر حال

كُلِّ حَالٍ يَا مُحَوِّلَ الْحَالِ حَوِّلْ حَالَنَآ اِلٰٓى اَحْسَنِ الْحَالِ بِحَقِّ

کو بدلنے والا ہے۔ اے ہر حالت کو بدل دینے والے بدل دے ہماری حالت کو اچھی حالت میں بطفیل

اَفْضَلِ الْمَقَالِ بِجَمِيْعِ مَرَاتِبِهٖ مَالِكَ الْمُلْكِ ذُو الْجَلَالِ وَالْاِكْرَامِ ط

افضل ترین کلام کے اپنے تمام مراتب میں، تو مالک ملک ہے، جلال و اکرام کا مالک ہے

يَا اَللّٰهُ كَيْفَ اَقُوْلُ فِيْ وَصْفِكَ وَمَآ اَقُوْلُ وَمَآ اَنَا فِيْ وَصْفِكَ

اے اللہ کیسے کہوں میں تیری توصیف میں اور کیا کہوں اور میری کیا حیثیت ہے تیرا وصف کرنے کی

وَقَالَ اَفْصَحُ الْفُصَحَآءِ وَاَبْلَغُ الْبُلَغَآءِ مَوْلٰنَا وَهَادِيْنَا

حالانکہ فرمایا سب فصحاء سے فصیح تر اور سب بلغاء سے بلیغ تر جو ہمارے مولیٰ اور ہادی برحق ہیں

بِفَضْلِكَ الْعَظِيْمِ سُبْحَانَكَ لَآ اُحْصِيْ ثَنَآءً عَلَيْكَ اَنْتَ كَمَآ اَثْنَيْتَ

تیرے عظیم فضل سے کہ تو پاک ہے میں نہیں احاطہ کر سکتا تیری ثناء کا۔ تو لائق ہے اسی ثناء کا جو

عَلٰى نَفْسِكَ وَقَالَ مَلٰٓئِكَتُكَ سُبْحٰنَكَ لَا عِلْمَ لَنَآ اِلَّا مَا عَلَّمْتَنَا اِنَّكَ

جو تو نے خود کی ہے اپنی ذات کی۔ اور کہا تیرے ملائکہ نے تو پاک ہے نہیں ہے ہمیں علم مگر وہی جو تو نے

اَنْتَ الْعَلِيْمُ الْحَكِيْمُ ط سُبْحَانَكَ سُبْحَانَ الَّذِيْ فِي السَّمَآءِ عَرْشُهٗ

بتلایا بے شک تو ہی علیم و حکیم ہے۔ پاک ہے تو۔ پاک ہے وہ کہ آسمان میں ہے عرش اس کا

سُبْحَانَ الَّذِيْ فِي الْاَرْضِ مُلْكُهٗ وَقُدْرَتُهٗ سُبْحَانَ الَّذِيْ فِي الْبَرِّ

پاک ہے وہ کہ زمین میں ہے۔ اس کا ملک اور ظہور قدرت۔ پاک ہے وہ کہ خشکی میں ہے

سَبِيْلُهٗ سُبْحَانَ الَّذِيْ فِي الْهَوٰى رُوْحُهٗ سُبْحَانَ الَّذِيْ فِي النَّارِ

راہ اس کی۔ پاک ہے وہ کہ ہوا میں ہے روح اس کی۔ پاک ہے وہ کہ آگ میں ہے

سُلْطَانُهٗ سُبْحَانَ الَّذِيْ فِي الْاَرْحَامِ عِلْمُهٗ سُبْحَانَ الَّذِيْ فِي

تسلط اس کا۔ پاک ہے وہ کہ ارحام میں ہے علم اس کا۔ پاک ہے وہ کہ قبروں

الْقُبُوْرِ قَضَآءُهٗ سُبْحَانَ الَّذِيْ رَفَعَ السَّمَآءَ بِلَا عَمَدٍ سُبْحَانَ

ہے قضاء اس کی۔ پاک ہے وہ جس نے بلند کیا آسمان کو بغیر ستونوں کے۔ پاک ہے وہ جس

الَّذِيْ وَضَعَ الْاَرْضَ سُبْحَانَ الَّذِيْ لَا مَلْجَاَ وَلَا مَنْجَا اِلَّآ اِلَيْهِ اِنَّ

نے پستی میں رکھا زمین کو۔ پاک ہے وہ کہ نہیں جائے پناہ اور نہ جائے نجات مگر طرف اس کی

اللّٰهَ عَزَّ وَجَلَّ وَاحِدٌ فِيْ مُلْكِهٖ خَالِقُ الْعَالَمِ بِاَسْرَارِهِ الْعُلْوِيِّ

بیشک اللہ تعالیٰ یکتا ہے اپنے ملک میں۔ خالق ہے ساتھ اپنے اسرار کے تمام تر عالم کا علوی ہو یا

وَالسِّفْلِيِّ وَالْعَرْشِ وَالْكُرْسِيِّ وَالسَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ وَمَا بَيْنَهُمَا وَ

سفلی اور عرش و کرسی اور آسمانوں اور زمینوں اور جو کچھ ان کے بیان ہے اور

مَافِيهَا جَمِيعُ الْخَلَائِقِ مَقْهُورُونَ بِقُدْرَتِهِ وَلَا تَتَحَرَّكُ ذَرَّةٌ اِلَّا

اور جو کچھ ان میں ہے ۔ تمام مخلوقات مغلوب ہیں اس کی قدرت سے اور نہیں حرکت کرتا کوئی ذرہ مگر

بِاِذْنِهِ لَيْسَ مَعَهُ مُدَبِّرٌ فِي الْخَلْقِ وَلَا شَرِيكٌ فِي الْمُلْكِ حَيٌّ قَيُّومٌ

اس کے اذن سے ۔ نہیں اس کے ساتھ شریک کوئی مدبر تخلیق میں اور نہ کوئی شریک ہے اس کا ملک میں زندہ

لَا تَأْخُذُهُ سِنَةٌ وَّلَا نَوْمٌ عَالِمُ الْغَيْبِ وَالشَّهَادَةِ لَا يَخْفٰى عَلَيْهِ

وپائندہ ہے نہ اس کو اونگھ اپنی لپیٹ میں لیتی اور نہ نیند ۔ تمام غیوب وشہادت کا عالم ہے ۔ نہیں مخفی اس پر

شَيْءٌ فِي الْاَرْضِ وَلَا فِي السَّمَآءِ يَعْلَمُ مَا فِي الْبَرِّ وَالْبَحْرِ وَمَا تَسْقُطُ

کوئی شئی زمین میں اور نہ آسمان میں جانتا ہے جو خشکی اور تری میں ہے اور نہیں گرتا کوئی

مِنْ وَّرَقَةٍ اِلَّا يَعْلَمُهَا وَلَا حَبَّةٍ فِي ظُلُمَاتِ الْاَرْضِ وَلَا رَطْبٍ

پتہ مگر اس کو جانتا ہے اور نہ کوئی دانا زمین کی تاریک گہرائیوں میں اور نہیں کوئی تر چیز

وَّلَا يَابِسٍ اِلَّا فِي كِتَابٍ مُّبِينٍ ؕ اَحَاطَ بِكُلِّ شَيْءٍ عِلْمًا وَّاَحْصٰى كُلَّ

اور نہ خشک مگر لوح محفوظ میں (مذکور) ہے ۔ اس نے احاطہ کیا ہوا ہے ہر شئی کا ازروئے علم کے اور احاطہ کر

شَيْءٍ عَدَدًا ؕ فَعَّالٌ لِّمَا يُرِيدُ قَادِرٌ عَلٰى مَا يَشَآءُ لَهُ الْمُلْكُ وَالْغِنٰى

رکھا ہے ہر شئی کا ازروئے عدد وشمار کے ۔ کرنے والا ہے جو چاہے ۔ صاحب قدرت ہے ہر اس شئی پر جس کو چاہے ۔ اسی کے

وَلَهُ الْعِزَّةُ وَالْعَظَمَةُ وَالْبَقَآءُ وَلَهُ الْحَمْدُ وَالثَّنَآءُ وَلَهُ الْاَسْمَآءُ

لیے ملک ہے اور بے نیازی اور اسی کے لیے عزت وعظمت ہے اور بقاء ودوام ۔ اور وہ ہے مستحق حمد وثناء کا ۔ اور اسی کیلئے ہیں

الْحُسْنٰى لَا دَافِعَ لِمَا قَضٰى وَلَا مَانِعَ لِمَآ اَعْطٰى يَفْعَلُ فِي مُلْكِهِ مَا

حسین اسماء نہیں کوئی دور کرنے والا اس کی قضاء کو اور نہیں روکنے والا اس کی عطا کو ۔ کرتا ہے اپنے ملک میں جس کا ارادہ

يُرِيدُ وَيَحْكُمُ فِي خَلْقِهِ مَا يَشَآءُ لَا يَرْجُو ثَوَابًا وَّلَا يَخَافُ عِقَابًا لَيْسَ

کرے ۔ اور حکم دیتا ہے اپنی مخلوق میں جو چاہے ۔ نہ ثواب کی امید رکھتا ہے اور نہ عقاب کا اندیشہ نہ

عَلَيْهِ حَقٌّ وَّلَا عَلَيْهِ حُكْمٌ فَكُلُّ نِعْمَةٍ مِّنْهُ فَضْلٌ وَّكُلُّ نِقْمَةٍ مِّنْهُ

اس پر کسی کا حق ہے (بحسب الذات) اور نہ اس پر کسی کا حکم ونافذ ہے ۔ اس کی طرف سے ہر نعمت اس کا فضل ہے اور ہر

عَدْلٌ لَّا يُسْئَلُ عَمَّا يَفْعَلُ وَهُمْ يُسْئَلُونَ مَوْجُودٌ قَبْلَ الْخَلْقِ لَيْسَ

انتقامی کارروائی سراسر عدل ہے ۔ وہ نہیں پوچھا جا سکتا جو بھی کرے اور مخلوق پوچھی جاتی ہے ۔ وہ موجود ہے مخلوق سے قبل ۔ اس کے

لَهُ قَبْلٌ وَّلَا بَعْدٌ وَّلَا فَوْقٌ وَّلَا تَحْتٌ وَّلَا يَمِينٌ وَّلَا شِمَالٌ وَّلَا اَمَامٌ

لیے قبل نہیں اور نہ اس کے لیے بعد ہے ۔ نہ اوپر ۔ نہ نیچے ۔ نہ دائیں اور نہ بائیں اور نہ آگے اور نہ

وَّلَا خَلْفٌ وَّلَا كُلٌّ وَّلَا بَعْضٌ وَلَا يُقَالُ مَتٰى كَانَ وَلَا اَيْنَ كَانَ وَلَا

پیچھے اور نہ وہ کل ہے اور نہ بعض ۔ اور نہیں کہا جا سکتا کب تھا ؟ اور نہ کہاں تھا ؟ اور نہ

كَيْفَ كَانَ كَوَّنَ الْاَكْوَانَ وَدَبَّرَ الزَّمَانَ لَا يَتَقَيَّدُ بِالزَّمَانِ وَلَا

کیسے تھا ؟ اس نے ہی سب موجودات کو موجود کیا اور زمانوں کی تدبیر کی وہ نہ زمانہ سے مقید ہے اور نہ

يَخْتَصُّ بِالْمَكَانِ وَلَا يَلْحَقُهُ وَهْمٌ وَّلَا يُكَيِّفُهُ عَقْلٌ وَّلَا يَنْحَصِرُ

زمان سے مختص ہے ۔ نہ اس کو وہم لاحق ہو سکتا ہے اور نہ عقل اس کی کیفیت بیان کر سکتا ہے اور نہ ذہن

فِي الذِّهْنِ وَلَا يَتَمَثَّلُ فِي النَّفْسِ وَلَا يَتَصَوَّرُ فِي الْوَهْمِ وَلَا يَتَكَيَّفُ

میں محصور ہو سکتا ہے اور نہ نفس میں متمثل اور نہ وہم میں اس کا تصور آ سکتا ہے اور نہ عقل میں اس

فِي الْعَقْلِ وَلَا تَلْحَقُهُ الْاَوْهَامُ وَالْاَفْكَارُ جَلَّ عَنِ الشَّبِيهِ وَالنَّظِيرِ

کی کیفیت اور نہ ہی اوہام وافکار کی اس تک رسائی ہو سکتی ہے ۔ وہ بالاتر ہے شبیہ ونظیر سے

لَيْسَ كَمِثْلِهِ شَيْءٌ وَّهُوَ السَّمِيعُ الْبَصِيرُ ؕ يَا اَللّٰهُ اَنْتَ اللّٰهُ وَاِسْمُكَ

نہیں اس کی مانند کوئی شئی وہی سننے جاننے والا ہے ۔ اے اللہ تو ہی اللہ ہے اور ذات تیری

اَعْظَمُ مِنْ دَرْكِ جَمِيعِ الْاَبْصَارِ وَكَفٰى مِنَّا مِنْ حَيْثُ عِلْمِنَا بِوُسْعِ

عظیم تر ہے تمام ابصار کے ادراک سے ۔ اور کافی ہے ہم سے ازروئے ہمارے محدود علم کے

اِمْكَانِنَا فِي وَصْفِكَ بِنُوْرِ السِّرِّيِّ حَالًا وَّفِعْلًا بِكُلِّ قَوْلٍ وَّسُكُوتٍ

اپنی وسعت وامکان کے مطابق تیری توصیف کرنا نور سری کے ساتھ ازروئے حال وفعل کے اور ساتھ ہر قول کے اور سکوت

الْفِعْلِيِّ وَالْحَالِيِّ كَمَا عَلَّمْتَنَآ اَسْمَآئَكَ الْحُسْنٰى وَاٰيَاتِكَ الْعُظْمٰى

فعلی اور حالی کے جیسے کہ تو نے سکھلائے ہیں اپنے اسماء حسنی اور آیات عظمی

بَلْ اٰيَةً كَرِيْمَةً اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ ۙ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۙ

بلکہ ایک ہی آیت کریمہ الحمد للہ یعنی تمام تعریفات اللہ کے لیے ہیں جو پروردگار عالمین ہے رحمٰن رحیم ہے

مٰلِكِ يَوْمِ الدِّيْنِ ؕ بَلْ كَفٰى مِنَّا فِىْ وَصْفِكَ الْعَظِيْمِ مَحْضُ كَلِمَةِ

قیامت کے دن کا مالک ہے۔ بلکہ کافی ہے ہماری طرف سے تیرے وصف عظیم میں محض یہ کلمہ

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ بَلْ مَحْضُ اِسْمِ اللّٰهِ يَا اَللّٰهُ يَا اَللّٰهُ اَنْتَ تَعْلَمُ

الحمد للہ " بلکہ محض نام اللہ کا یا اللہ۔ یا اللہ۔ یا اللہ۔ تو ہی جانتا ہے اپنے اسماء کا کمال

كَمَالَ حَقِيْقَةِ اَسْمَآئِكَ بِالْغَيْبِ وَالشَّهَادَةِ فَتَقَبَّلْ مِنَّا بِكَمَالِ نَعْتِكَ

حقیقت غیب اور شہادت میں۔ پس قبول فرما ہم سے ساتھ اپنی نعت کامل اور

وَتَوْحِيْدِكَ بِاِتْمَامِ ثَنَآئِكَ بِوَصْفِكَ وَتَعْرِيْفِكَ بِاَسْمَآئِكَ

توحید کے ساتھ کامل کرنے ثناء و توصیف کے اور تعریف کرنے کے ساتھ تیرے اسماء عظیم

الْاَعْظَمِ كَلِمَةً وَّاحِدَةً اَنْ نَّشْهَدَ اَنْ لَّآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَحْدَهٗ لَا شَرِيْكَ

کے ایک ہی کلمہ کہ ہم شہادت دیتے ہیں کہ نہیں معبود برحق مگر اللہ "وحدہ لا شریک لہ

لَهٗ وَنَشْهَدُ اَنَّ مُحَمَّدًا عَبْدُهٗ وَرَسُوْلُهٗ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى

اور شہادت دیتے ہیں کہ محمد تیرے عبد خاص اور رسول برحق ہیں۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل فرما

سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدِنِ النَّبِيِّ الْاُمِّيِّ الَّذِىْ لَوْلَاهُ لَمَا

سیّدنا محمد پر اور آپ کی آل پر وہ نبی امّی کہ اگر وہ موجود نہ ہوتے تو نہ

خُلِقَ الْجِنُّ وَالْاِنْسُ وَالْمَلٰٓئِكَةُ وَالسَّمٰوٰتُ وَالْاَرَضُوْنَ اَللّٰهُمَّ

پیدا کئے جاتے جن و انسان اور نہ ملائکہ اور نہ ہی آسمان اور زمینیں۔ اے اللہ

صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدِنِ الَّذِىْ

صلوٰۃ و سلام نازل فرما سیّدنا محمد پر اور آپ کی آل امجاد پر جو محبوب

كَانَ نَبِيًّا وَّاٰدَمُ بَيْنَ الْمَآءِ وَالْحَمَاِ الْمَسْنُوْنِ ؕ اَللّٰهُمَّ صَلِّ

اس وقت نبی تھے جبکہ آدم علیہ السلام ابھی پانی اور سیاہ مٹی کے درمیان تھے۔ اے اللہ صلوٰۃ و

وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدِنِ الَّذِىْ يَكُوْنُ

سلام نازل فرما سیّدنا محمد پر اور آپ کی آل پر وہ محبوب کہ ہوں گے

يَوْمَ الْقِيٰمَةِ تَحْتَ لِوَآئِهِ الْاَنْبِيَآءُ وَالْمُرْسَلُوْنَ ؕ اَللّٰهُمَّ صَلِّ

تمام انبیاء و مرسلین قیامت کے دن ان کے لواء حمد کے پیچھے۔ اے اللہ صلوٰۃ

وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدِنِ الَّذِىْ نَالَ

و سلام نازل فرما سیّدنا محمد پر اور آپ کی آل پر جس محبوب نے

مَنْزِلَةً يَّغْبِطُهٗ بِهَا الْاَوَّلُوْنَ وَالْاٰخِرُوْنَ ؕ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ

پائی وہ منزلت عظیم کہ رشک کریں گے اس کی وجہ سے ان سے سب اوّلین و آخرین۔ اے اللہ صلوٰۃ

عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدِنِ الَّذِىْ صَارَتْ

وسلام نازل فرما سیّدنا محمد پر اور آپ کی آل پر کہ جس محبوب کی بدولت ہو

بِهٖ اُمَّتُهٗ خَيْرَ الْاُمَمِ وَفَازَ فَوْزًا عَظِيْمًا مِّنْهَا الْمُتَّقُوْنَ ؕ

گئی ان کی اُمّت خیر امم اور عظیم کامیابی حاصل کی اس اُمّت میں سے متقین نے

فَلَا تَعْلَمُ نَفْسٌ مَّآ اُخْفِىَ لَهُمْ مِّنْ قُرَّةِ اَعْيُنٍ جَزَآءً

پس نہیں جانتا کوئی نفس جو ان کے لیے پوشیدہ رکھا گیا ہے آنکھوں کی ٹھنڈک سے بطور ان

بِمَا كَانُوْا يَعْمَلُوْنَ فَصَلَوَاتُ اللّٰهِ وَسَلَامُهٗ عَلَيْهِ

کی جزائے اعمال کے۔ پس اللہ تعالےٰ کی صلوات و تسلیمات ہوں ان پر

كُلَّمَا ذَكَرَهُ الذَّاكِرُوْنَ وَكُلَّمَا غَفَلَ عَنْ ذِكْرِهِ الْغَافِلُوْنَ ؕ وَعَلٰٓى اٰلِهٖ

جب بھی ذکر کریں اس کا ذکر کرنے والے اور جب کبھی غافل ہوں اس کے ذکر سے غافل لوگ اور آپ کی آل

وَاَصْحَابِهِ الَّذِيْنَ رَضِىَ اللّٰهُ عَنْهُمْ وَرَضُوْا عَنْهُ وَاَعَدَّ لَهُمْ جَنّٰتٍ

اور اصحاب پر جن سے اللہ تعالیٰ راضی ہوا اور وہ اس سے راضی ہوئے۔ اور اس نے ان کے لیے وہ جنتیں تیار فرمائی

تَجْرِىْ مِنْ تَحْتِهَا الْاَنْهٰرُ هُمْ فِيْهَا خٰلِدُوْنَ ؕ اَللّٰهُمَّ تَقَبَّلْ مِنَّا

ہیں جن کے (اشجار کے) نیچے نہریں جاری ہیں۔ اور وہ ان جنات میں ہمیشہ رہنے والے ہیں۔ اے اللہ قبول فرما

هٰذِهِ الصَّلَوٰاتُ الْمُبَارَكَاتُ عَلٰى حَبِيْبِكَ مُحَمَّدٍ الْوَسِيْمِ عَلَيْهِ صَلَوٰاتُكَ

ہم سے اپنے حبیب محمد سراپا حسن پر بھیجی ہوئی یہ مبارک صلوات ۔ ان پر تیری صلوات و

وَسَلَامُكَ عَدَدَ مَا خَلَقْتَ مَا دَامَ وَجْهُكَ الْكَرِيْمُ وَارْزُقْنَا

تسلیمات ہوں مطابق تعداد تیری مخلوقات کے (اور دائم ہوں) جس طرح تیری ذات کریم دائم ہے ۔ اور عطا فرما ہمیں

رُؤْيَتَهٗ فِي النَّوْمِ وَالْيَقْظَةِ فِي الْيَوْمِ وَالصَّرِيْمِ ؕ وَشَفَاعَتَهٗ يَوْمَ

ان کا دیدار نیند اور بیداری میں ۔ دن میں اور رات میں اور ان کی شفاعت جس دن

لَا يَنْفَعُ مَالٌ وَّلَا بَنُوْنَ اِلَّا مَنْ اَتَى اللّٰهَ بِقَلْبٍ سَلِيْمٍ ؕ وَاقْبُرْنَا

نہ نفع دے گا مال اور نہ ہی اولاد مگر جو حاضر ہوا بارگاہ الٰہی میں قلب سلیم کے ساتھ ۔ اور ہمیں قبر نصیب فرما

فِي الْمَدِيْنَةِ الطَّيِّبَةِ عِنْدَ الْمُهَاجِرِيْنَ وَالْاَنْصَارِ الْمُبَشَّرِيْنَ بِالْفَوْزِ

مدینہ طیبہ میں مہاجرین وانصار کے پہلو میں جنہیں بشارت دی گئی ہے عظیم کامیابی

الْعَظِيْمِ ؕ وَوَفِّقْنَا لِلْمُجَاهَدَةِ فِيْكَ وَالتَّزْكِيَةِ وَالْاَعْمَالِ

کی ۔ اور ہمیں توفیق عطا فرما اپنی ذات کے لیے مجاہدہ و ریاضت اور تزکیہ کی نیز اعمال

الصَّالِحَةِ وَالتَّوْبَةِ وَالْاِسْتِغْفَارِ وَاكْشِفْ عَنْ قُلُوْبِنَا غِطَاءَ

صالحہ اور توبہ و استغفار کی ۔ اور دور فرما ہمارے قلوب پر سے غفلت کے

الْغَفْلَةِ وَاجْعَلْهَا مَطَالِعَ الْاَنْوَارِ وَمَعَادِنَ الْاَسْرَارِ وَاَرِنَا

پردے اور انہیں بنادے مطالع انوار اور معادن اسرار اور دکھلا ہمیں

وَجْهَكَ فِي الدَّارَيْنِ كَالْاَوْلِيَاءِ الْكِبَارِ ؕ اِنَّمَا اَمْرُهٗ اِذَا اَرَادَ

اپنی ذات اقدس دارین میں مانند اولیاء کبار کے ۔ بے شک امر اس کا یہ ہے جب ارادہ

شَيْئًا اَنْ يَّقُوْلَ لَهٗ كُنْ فَيَكُوْنُ ؕ اَللّٰهُمَّ اجْعَلْ صَلٰوتَنَا

فرمائے کسی چیز کا کہ فرمائے اسے ہو جا تو وہ ہو جاتی ہے ۔ اے اللہ بنادے ہماری صلوات کو

بِاَفْضَلِ صَلٰوةٍ وَّسَلَامَنَا بِاَحْسَنِ سَلَامٍ وَّدُعَائَنَا بِاَكْمَلِ

افضل ترین صلوات ۔ اور سلاموں کو حسین ترین سلام اور ہماری دعا کو کامل

دُعَاءٍ وَاقِعَةٍ لِّجَمِيْعِ اَوْقَاتِنَا كَمَا اَمَرْتَنَا بِالصَّلٰوةِ وَالسَّلَامِ

ترین دعا جو محیط ہوں ہمارے تمام اوقات کو جیسے کہ تو نے ہمیں حکم دیا ان پر صلواۃ وسلام

عَلَيْهِ وَاجْعَلْ كُلَّ صَلٰوتِنَا وَسَلَامِنَا وَاقِعًا بِعَدَدِ كُلِّ

کا ۔ اور بنادے ہمارے تمام صلوات وتسلیمات کو اپنی مخلوقات کے اعداد سے اس

خَلْقِكَ اَلْفَ اَلْفِ مَرَّةٍ فِيْ كُلِّ اٰنٍ بِقَدْرِ كُلِّ مَعْلُوْمٍ لَّكَ

لاکھ گنا ہر لحظہ وہر آن میں مطابق تعداد اپنے جملہ معلومات کے ہمیشہ

اِلٰى اَبَدِ الْاٰبِدِيْنَ كَمَا يَنْبَغِيْ عَلَيْهِ مِنْكَ وَمِنْ جَمِيْعِ الْمُؤْمِنِيْنَ

ہمیشہ تک جیسے کہ لائق ہے تیری طرف سے ان پر اور تمام اہل ایمان کی طرف سے

بِرَحْمَتِكَ يَا اَرْحَمَ الرّٰحِمِيْنَ ؕ يَا اَللّٰهُ تَقَبَّلْ مِنَّا جَمِيْعَ صَلٰوتِنَا

برحمتک یا ارحم الراحمین ۔ اے اللہ قبول فرما ہم سے ہماری تمام صلوات اور

وَسَلَامِنَا وَجَمِيْعَ دَعَوَاتِنَا وَنِيَّاتِ خَيْرِنَا فَاقْضِ لَنَا وَاَعْطِنَا

تسلیمات اور تمام دعوات اور اچھی نیات پس پوری فرما ہمارے لیے اور عطا فرما ہمیں

جَمِيْعَ حَاجَاتِنَا بِالْخَيْرِ بِرَحْمَتِكَ وَكَرَمِكَ وَنُصْرَتِكَ وَحِفْظِكَ

ہماری تمام حاجات خیر ساتھ اپنی رحمت و کرم نوازی اور نصرت و حفاظت کے اور

وَاَمْنِكَ وَعِزَّتِكَ وَعَظَمَتِكَ وَفَضْلِكَ يَا اَرْحَمَ الرّٰحِمِيْنَ ؕ

امن و عزت اور عظمت و فضل کے ساتھ اے ارحم الراحمین ۔

وَيَا خَيْرَ النّٰصِرِيْنَ وَيَا خَيْرَ الْحٰفِظِيْنَ يَا غِيَاثَ الْمُسْتَغِيْثِيْنَ

اے بہترین مددگار ۔ اے بہترین محافظ ۔ اے فریادیوں کے فریادرس

يَا اَللّٰهُ لَا تَذَرْنَا وَلَا تَكِلْنَا اِلٰى اَنْفُسِنَا طَرْفَةَ عَيْنٍ وَّاكْلَئْنَا

اے اللہ ہمیں نہ چھوڑ اور نہ سونپ ہمارے نفوس کی طرف پلک جھپکنے کی دیر بھی اور ہماری حفاظت

كَلَائَةَ الْوَلِيْدِ سُبْحَانَ الْمَلِكِ الْقُدُّوْسِ رَبُّنَا وَرَبُّ الْمَلٰٓئِكَةِ

فرما جیسے (ماں باپ) بچوں کی حفاظت کرتے ہیں ۔ پاک ہے شہنشاہ ۔ بہت پاکیزہ ۔ ہمارا رب ہے اور تمام ملائکہ کا

وَالرُّوحِ يَا بُدُّوحُ يَا سُبُّوحُ يَا قُدُّوسُ اَقْسَمْتُ عَلَيْكُمْ يَا بَاسِطَ

بالعموم اور روح امین کا بالخصوص۔ یا بدوح ۔ یا سبوح ۔ یا قدوس میں تجھے قسم دیتا ہوں

بِالسَّبْعِ الْهَوِيَّةِ وَبِالسَّبْعِ الْاَرْضِيَّةِ شَمُوخٌ اَشْمَخَتْ طَائِشٌ

اے پھیلانے والے سات آسمانوں کے اور سات طبقات ارضیہ کے جو اتنے بلند ہیں کہ بلندی کی انتہا کو پہنچے

طَاشَتْ يَا ذَا النَّوَالِ وَالنِّعَمِ يَا وَدُوْدُ اَبْسُطِ النِّعْمَةَ وَزَيِّلِ

ہوئے ہیں اور اتنے پست ہیں کہ نیستی کی حد کو پہنچے ہوئے ہیں۔ اے جود و عطا اور نعمتوں والے۔ اے ودود اپنی

النِّقْمَةَ يَا حَنَّانُ يَا مَنَّانُ يَا اَللّٰهُ يَا اَللّٰهُ يَا اَللّٰهُ اِسْتَجِبْ

نعمت عام فرما اور عذاب و عقاب دور فرما۔ یا حنان ۔ یا منان ۔ یا اللہ ۔ یا اللہ ۔ یا اللہ میری

دَعْوَتِيْ اَللّٰهُمَّ اَجِرْنِيْ فِيْ مُصِيْبَتِيْ وَاخْلُفْنِيْ خَيْرًا

دعا قبول فرما۔ اے اللہ مجھے اجر عطا کر میری مصیبت میں اور مجھے بہتر بدل عطا

مِّنْهَا اَللّٰهُمَّ عِنْدَكَ اَحْتَسِبُ مُصِيْبَتِيْ وَاَجِرْنِيْ فِيْهَا

فرما۔ اے اللہ میں تجھ سے اپنی مصیبت پر ثواب کا طلبگار ہوں مجھے اس کا اجر عطا فرما

وَاَبْدِلْنِيْ مِنْهَا خَيْرًا سُبْحَانَ اللّٰهِ وَبِحَمْدِهٖ سُبْحَانَ

اور اس کا بہتر بدل عطا کر۔ پاکیزگی ہے اللہ کے لیے اور اسی کے لیے حمد ہے۔ پاک ہے

اللّٰهِ الْعَلِيِّ الْعَظِيْمِ وَبِحَمْدِهٖ اَسْتَغْفِرُ اللّٰهَ رَبِّيْ مِنْ كُلِّ

اللہ بلند شان عظمت والا اور اس کے لیے حمد ہے۔ میں مغفرت طلب کرتا ہوں اپنے رب سے

ذَنْبٍ وَّاَتُوْبُ اِلَيْهِ اَللّٰهُمَّ اجْعَلْ كُلَّ صَلٰوتِنَا وَ

ہر گناہ کے اور اس کی بارگاہ میں توبہ کرتا ہوں۔ اے اللہ بنا دے ہماری تمام صلوات و

سَلَامِنَا وَدُعَآئِنَا بِاَفْضَلِ صَلٰوةٍ وَّاَحْسَنِ سَلَامٍ وَّاَكْمَلِ

تسلیمات اور دعاؤں کو افضل صلوات اور حسین ترین تسلیمات اور کامل ترین

دُعَآءٍ وَّاقِعَةٍ لِّجَمِيْعِ اَوْقَاتِنَا وَحَالَاتِنَا كَمَا اَمَرْتَنَا فِيْ

دعوات جو محیط ہوں ہمارے تمام اوقات و حالات کو جیسے کہ تو نے ہمیں امر فرمایا

كُلِّ وَقْتٍ بِالصَّلٰوةِ وَالسَّلَامِ عَلَيْهِ بِرَحْمَتِكَ يَا اَرْحَمَ

ہر وقت ان پر صلواۃ و سلام کا برحمتک یا ارحم الراحمین

الرّٰحِمِيْنَ ط يَا اَللّٰهُ يَا مُجِيْبُ صَلِّ وَسَلِّمْ وَبَارِكْ عَلٰى

اے اللہ اے قبول کرنے والے صلواۃ و سلام اور برکت عطا فرما

سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ صَلٰوةً اَحَدُ اٰثَارِهَا الْمُتَرَتِّبَةِ عَلَيْهَا اَنْ تُعْطِيَ

سیدنا محمد کو ایسی صلواۃ کہ اس کے آثار مترتبہ میں سے ایک یہ ہو کہ عطا کرے

سُؤَالَ مَنْ تَوَسَّلَ بِاسْمِهِ الْمُبَارَكِ اِلٰى حَضْرَتِكَ وَسَلَامًا

مطلوب پر اس شخص کو جو وسیلہ پکڑے ان کے اسم مبارک کا تیری بارگاہ میں۔ اور ایسی سلام

مِنْ فُرُوْعِهِ الْمُنْشَعِبَةِ اَنْ تُسَلِّمَ مَنْ سَاَلَكَ مُتَوَسِّلًا بِهٖ مِنْ

کہ جس پر متفرع امور میں سے یہ بھی ہو کہ تو سلامت رکھے ان کے توسل سے سوال کرنے والے کو

اَهْلِ الْاِبْتِلَآءِ مِمَّا يَخَافُ وَمِنْ سَآئِرِ الْاٰفَاتِ وَالْعَاهَاتِ وَ

اہل ابتلاء کو خوفناک امر سے اور جملہ آفات و بلیات سے اور

مُبَارَكَةً مِّنْ لَّوَازِمِهَا الْبَيِّنَةِ اَنْ تَجْعَلَ فِيْ رِزْقِ الْمُتَوَسِّلِ بِهٖ

ایسی برکت کہ جس کے لوازم بینہ سے یہ ہو کہ ان کے ساتھ توسل کرتے ہوئے اپنی بارگاہ کی طرف

اِلٰى حَضْرَتِكَ بَرَكَةً عَامَّةً تَامَّةً اَللّٰهُمَّ يَا اَللّٰهُ يَا رَحْمٰنُ يَا رَحِيْمُ

راغب کے رزق میں عام و تام برکت عطا فرمائے۔ اللھم ۔ یا اللہ ۔ یا رحمن ۔ یا رحیم

يَا شَافِيْ صَلِّ وَسَلِّمْ وَبَارِكْ عَلٰى خَلِيْلِكَ وَصَفِيِّكَ وَحَبِيْبِكَ

یا شافی صلواۃ و سلام اور برکت نازل فرما اپنے خلیل و صفی اور حبیب پر

وَنَجِيِّكَ مُحَمَّدٍ حَمِدَ اللّٰهَ وَحَمِدَهُ اللّٰهُ وَشَهِدَ اللّٰهَ وَشَهِدَهٗ

اور ہمکلام محمد پر جنہوں نے اللہ کی حمد کی اور اللہ نے ان کی حمد کی۔ انہوں نے اللہ کو دیکھا اور اللہ نے کما حقہ

اللّٰهُ لَا يَحْمَدُ اللّٰهَ اِلَّا هُوَ وَلَا يَشْهَدُهٗ اِلَّا اللّٰهُ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ

انہیں دیکھا نہیں حمد کر سکتے اللہ تعالیٰ کی کما حقہ مگر وہی اور نہیں دیکھ سکتا انہیں کما حقہ مگر اللہ تعالیٰ۔ اے اللہ صلواۃ و سلام

وبارك عليه وعلى من استفاض منه الوجود والشهود

اور برکت نازل فرما آپ پر اور ان پر جنہوں نے آپ سے وجود و شہود کا فیض پایا

على حسب استعداده اللهم يا الله يا رحمن يا رحيم

اپنی اپنی استعداد کے مطابق۔ اللھم یا اللہ۔ یا رحمٰن۔ یا رحیم

يا شافي صل على محمد وعلى اله وصحبه وازواجه

یا شافی صلوٰۃ کاملہ نازل فرما محمد کریم پر اور آپ کے آل و اصحاب اور ازواج وعوات

واتباعه اجمعين وسلم وبارك عليه وعليهم واشفني

اور تمام متبعین پر اور سلامتی و برکت نازل فرما آپ پر اور ان سب پر اور مجھے شفائے کامل

شفاء كاملا عاجلا بحرمته امين يا رب العلمين ؕ

فی الفور عطا فرما بطفیل ان کی حرمت و عزت کے آمین یا رب العالمین۔

اللهم صل وسلم وبارك عليه صلوة وسلاما وبركة

اے اللہ صلوٰۃ و سلام اور برکت نازل فرما آپ پر جو صلوٰۃ و سلام اور برکت

كلها ناشية من محض فضلك وحبك وعلى اله

تمامتر سرزد ہو تیرے فضل خالص اور حب خاص سے اور آپ کے

واصحابه واتباعه اجمعين ؕ اللهم يا الله يا رحمن

اہل و اصحاب اور تمام اتباع پر۔ اللھم یا اللہ یا رحمٰن

يا رحيم يا شافي صل على سيدنا محمد صلى الله تعالى

یا رحیم۔ یا شافی صلوٰۃ کاملہ نازل فرما سیدنا محمد پر۔ صلوٰۃ بھیجے اللہ تعالےٰ

عليه وعلى اله وصحبه وسلم وسلم على سيدنا

آپ پر اور آپ کے اہل و اصحاب پر اور سلام بھیجے اور سلام بھیج ہمارے آقا

محمد صلى الله تعالى عليه وعلى اله وصحبه وسلم وبارك

محمد پر صلی اللہ علیہ و علیٰ آلہ و صحبہ و سلم۔ اور برکت نازل فرما

على سيدنا محمد صلى الله تعالى عليه وعلى اله وصحبه وسلم

سیدنا محمد پر صلی اللہ تعالیٰ علیہ و علیٰ آلہ و صحبہ وسلم

اللهم صل على سيدنا محمد وعلى ال سيدنا محمد صلوة

اے اللہ صلوٰۃ کاملہ نازل فرما سیدنا محمد پر اور سیدنا محمد کی آل پر جو صلوٰۃ کو

شاملة لجميع الصلوات وسلم على سيدنا محمد سلاما

شامل ہو تمام صلوات کو اور سلامتی نازل فرما سیدنا محمد پر ایسی سلامتی جو اپنے جلو میں

متضمنا لجميع التسليمات وبارك على سيدنا محمد بركة

لیے ہوئے ہو تمام سلامتیوں کو اور برکت نازل فرما سیدنا محمد پر ایسی برکت

حاوية لجميع البركات اللهم صل وسلم وبارك على

جو محیط ہو تمام برکات کو۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام اور برکت نازل فرما

سيدنا محمد حبيبك صلوة وسلاما وبركة ناشية من

اپنے حبیب سیدنا محمد پر ایسی صلوٰۃ و سلامتی اور برکت جو سرزد ہو

علمك القديم وفضلك العظيم متضمنة لدقائق

تیرے علم قدیم اور فضل عظیم سے سمیٹے ہوئے ہو تیری وسیع اور عام

رحمتك العامة الواسعة واسرار لطفك

رحمت کے دقائق کو اور تیرے محیط اور کامل لطف کے

الشامل الكامل اللهم صل وسلم وبارك على

اسرار کو۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام اور برکت نازل فرما

سيدنا محمد من هو اهل للصلوت والتسليمات

سیدنا محمد پر جو لائق ہیں صلوات و تسلیمات اور

والبركات قبل كل احد وبعد كل احد ومع كل احد

برکات کے ہر ایک سے پہلے بھی اور ہر ایک کے بعد بھی اور ہر ایک کے ساتھ بھی

اَهْلِيَّةً كَامِلَةً تَامَّةً بِجِسْمِهٖ وَبِرُوْحِهٖ وَبِقَلْبِهٖ وَبِجَمِيْعِ
بطور کامل و مکمل اہلیت کے باعتبار اپنے جسم اقدس، روح انور اور قلب منیر کے اور تمام

لَطَآئِفِهٖ وَبِحَقَآئِقِهٖ اَللّٰهُمَّ اَنْتَ الْغَالِبُ عَلَى الْكُلِّ
لطائف و حقائق کے۔ اے اللہ تو ہی غالب ہے سب پر

اَللّٰهُمَّ اَنْتَ الْقَادِرُ عَلَى الْكُلِّ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى
اے اللہ تو ہی قادر ہے سب پر۔ اے اللہ صلوٰۃ نازل فرما

سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰۤى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰۤى اَصْحَابِ
سیدنا محمد پر اور آپ کی آل پر اور سیدنا محمد کے

سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰۤى اَزْوَاجِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى عِتْرَةِ
اصحاب پر اور سیدنا محمد کے ازواج پر اور سیدنا محمد کی

سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى كُلِّ مَنِ انْتَسَبَ اِلَيْهِ صُوْرَةً اَوْ مَعْنًى
عترت و اولاد پر اور جو بھی آپ کی طرف منسوب ہیں ازروئے صورت یا معنی کے

صَلَّى اللّٰهُ تَعَالٰى عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَبَارَكَ وَعَظَّمَ وَمَجَّدَ وَ
درود بھیجے اللہ تعالیٰ آپ اور سلام اور برکات اور انہیں عظمت و بزرگی اور

كَرَّمَ اَلْفَ اَلْفِ مَرَّةٍ بِعَدَدِ كُلِّ ذَرَّةٍ اَللّٰهُمَّ اَنْتَ تَعْلَمُ اَنِّيْ
اکرام عطا فرمائے ہر ہر ذرہ کی گنتی و شمار سے دس لاکھ گنا۔ اے اللہ تو جانتا ہے کہ میں

عَاجِزٌ عَنْ اِقَامَةِ اَسْبَابِ صِحَّتِيْ وَعَافِيَتِيْ اِلَّاۤ اَنِّيْ تَوَسَّلْتُ
عاجز ہوں اپنی صحت و عافیت کے اسباب مہیا کرنے سے مگر میں نے وسیلہ بنایا ہے

بِالصَّلٰوةِ وَالتَّسْلِيْمَاتِ عَلٰى مَنْ هُوَ لَهَا اَهْلٌ وَّلَا يُرَدُّ سُؤَالُ
اس ذات اقدس کی صلوات و تسلیمات کو جو ان کے کما حقہ اہل ہیں۔ اور رد نہیں کیا جاتا سوال

الْمُتَوَسِّلِ بِمُحَمَّدِ الْمُخْتَارِ صَلَّى اللّٰهُ تَعَالٰى عَلَيْهِ وَسَلَّمَ
توسل کرنے والوں کا ساتھ محمد مختار کے صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم

فَاَجِبْ سُؤَالِيْ وَاشْفِنِيْ وَقَوِّنِيْ وَصَحِّحْنِيْ وَاجْعَلْنِيْ طَوِيْلَ
لہٰذا میرا سوال پورا فرما اور مجھے شفا۔ قوت اور صحت عطا فرما اور مجھے بنا طویل عمر والا

الْعُمُرِ فِيْ مَحَبَّتِكَ وَالْاِسْتِقَامَةِ عَلٰى شَرِيْعَتِكَ اَللّٰهُمَّ
اپنی محبت میں اور شریعت پر ثابت قدمی میں۔ اے اللہ

صَلِّ وَسَلِّمْ وَبَارِكْ عَلَيْهِ اَللّٰهُمَّ يَا مَنْ لَّا خَالِقَ اِلَّاۤ اَنْتَ
صلوٰۃ و سلام اور برکت نازل فرما آپ پر۔ اے اللہ نہیں خالق سوائے تیرے

صَلَوٰتُكَ وَتَسْلِيْمَاتُكَ وَمُبَارَكَاتُكَ وَتَعْظِيْمَاتُكَ وَتَكْرِيْمَاتُكَ
تیری صلوات۔ تسلیمات۔ برکات اور تعظیمات و تکریمات اور

وَتَمْجِيْدَاتُكَ عَلٰى مُحَمَّدٍ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَللّٰهُمَّ
تمجیدات ہوں محمد پر صلی اللہ علیہ وسلم۔ اے اللہ

اِنِّيْۤ اَتَوَسَّلُ بِحَبِيْبِكَ الَّذِيْ هُوَ بِحَقِيْقَتِهٖ لَيْسَ سِوَاكَ
بیشک میں توسل کرتا ہوں تیرے حبیب کے ساتھ جو حقیقت میں تجھ سے جدا نہیں ہے

وَجَمِيْعُ الْاَشْيَآءِ وَاِنْ كَانَتْ شَرِيْفَةً بِحَقَآئِقِهَا فَهِيَ بِحَقَآئِقِهَا
اور دیگر تمام اشیاء اگرچہ فی حد ذاتہا شرف والی ہی ہیں مگر وہ اپنے حقائق کے لحاظ سے بھی

اَيْضًا سِوَاكَ كَمَاۤ اَنَّهَا بِصُوَرِهَا سِوَاكَ اَللّٰهُمَّ اِنَّ حَقِيْقَةَ
تیرے سوا ہیں جیسے کہ صورتوں کے لحاظ سے جدا ہیں۔ اے اللہ بیشک تیرے حبیب

حَبِيْبِكَ مُحَمَّدٍ صَلَّى اللّٰهُ تَعَالٰى عَلَيْهِ وَسَلَّمَ هِيَ الْوَحْدَةُ
محمد کی حقیقت۔ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم۔ ہی وحدت کبریٰ

الْكُبْرَى الذَّاتِيَّةُ الَّتِيْ لَا تَزِيْدُ عَلٰى ذَاتِكَ وَتَشْتَمِلُ
ذاتیہ ہے جو تیری ذات پر زائد نہیں ہے اور مشتمل ہے ان تمام کمالات پر بطور ظل و عکس

عَلٰى مَا فِيْ ذَاتِكَ فَمُحَمَّدٌ صَلَّى اللّٰهُ تَعَالٰى عَلَيْهِ وَسَلَّمَ
کے جو تیری ذات میں ہیں۔ پس محمد صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو تو نے

خَلَقْتَهٗ مِنْ ذَاتِكَ وَغَيْرُ مُحَمَّدٍ صَلَّى اللّٰهُ تَعَالٰى عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

پیدا فرمایا اپنے (فیض) ذات سے اور ان کے ماسوا کو پیدا فرمایا

خَلَقْتَهٗ مِنْ صِفَاتِكَ الزَّآئِدَةِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى مَنْ

اپنی صفات زائدہ (کے فیض) سے۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل فرما اس ذات

خَلَقْتَهٗ مِنْ ذَاتِكَ وَاشْفِنِىْ بِحُرْمَتِهٖ شِفَآءً تَامًّا

پر جسے تو اپنی ذات (کے فیض) سے پیدا فرمایا اور مجھے شفا عطا فرما بطفیل ان کی عزت وحرمت کے فوری

كَامِلًا عَاجِلًا بِعِزَّتِهٖ وَعَظَمَتِهٖ عِنْدَكَ وَعِنْدَ الْاَنْبِيَآءِ

اور کامل شفا بطفیل ان کی عزت و عظمت کے جو تیرے نزدیک اور تمام انبیاء و مرسلین کے

وَالْمُرْسَلِيْنَ وَعِنْدَ عِبَادِ اللّٰهِ الصَّالِحِيْنَ وَعِنْدَ مَلٰٓئِكَتِكَ

نزدیک ہے اور اللہ تعالےٰ کے تمام صالح بندوں اور مقرب فرشتوں اور

الْمُقَرَّبِيْنَ وَعِنْدَ كُلِّ مَلَكِ الْعَوَامِيْنَ وَمَلَكِ الْاَعْوَانِيْنَ

عام ملائکہ اور معاونین ملائکہ کے نزدیک ہے۔

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ اَعَزِّ النَّاسِ نَفَرًا اَللّٰهُمَّ

اے اللہ صلوٰۃ کاملہ نازل فرما سیدنا محمد پر جو سب انسانوں سے عزیز تر ہیں جماعت کے لحاظ سے

صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ الَّذِىْ تَقَلَّدَ مِنَ الْعِزِّ الْمَكِيْنِ

اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل فرما سیدنا محمد پر جنھوں پائیدار عزت کا ہار پہنا جو

بِاَحْسَنِ قِلَادَةِ التَّزْيِيْنِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا

حسین ترین زیبائش والا ہے۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل فرما سیدنا

مُحَمَّدِ الَّذِىْ خَفَقَ لَهُ الْعَرْشُ بِكَمَالِهٖ وَعَظَمَتِهٖ لَمَّا وَطِئَهٗ

محمد پر جن کے لیے جھوم اٹھا عرش اعظم اپنے کمال وعظمت کے باوجود جب آپ نے اس پر رکھے

بِاَقْدَامِهٖ وَاَعَزَّهٗ بِاُولِىْ عَزْمِهٖ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ

اپنے مبارک قدم اور اسے عزت بخشی اپنے اعلیٰ عزم کے ساتھ۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل فرما

عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ الَّذِىْ تَجَلّٰى بِنُوْرِ حُلَّةِ السِّيَادَةِ فَنَالَهَا

سیدنا محمد پر جو جلوہ گر ہوئے سیادت والی خلعت کے ساتھ پس اس کو حاصل کر لیا

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ الَّذِىْ تُوِّجَ بِتَاجِ الْعِزَّةِ

اے اللہ صلوٰۃ کاملہ نازل فرما سیدنا محمد پر جنھیں عزت کا تاج پہنایا گیا

فَاَدْرَكَ كَمَالَهَا اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ الَّذِىْ

پس آپ نے کمال عزت کا احاطہ فرما لیا۔ اے اللہ صلوٰۃ کاملہ نازل فرما سیدنا محمد پر جن کے

رَتَعَ فِىْ رِيَاضِ الْعِزِّ جَوَادُ عَزْمِهٖ اَللّٰهُمَّ وَبِجَهْدِكَ عَلٰى

اسپ عزمت عزت کے سبزہ زاروں میں چرا۔ اے اللہ تیرے لیے حمد ہے

مَا جَعَلْتَ حَبِيْبَكَ بِحَيْثُ لَوْلَا حَقِيْقَتُهٗ لَمَا تَحَقَّقَ الظُّهُوْرُ

اپنے حبیب کو اس مقام و مرتبہ میں بنانے پر کہ اگر ان کی حقیقت موجود نہ ہوتی تو ظہور کائنات نہ ہوتا

وَلَوْلَا ظِلُّهُ الْاَوَّلُ لَمَا ظَهَرَتِ الرُّبُوْبِيَّةُ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى

اور اگر ان کا ظل اول نہ ہوتا تو تیری ربوبیت کا ظہور نہ ہوتا۔ اے اللہ صلوٰۃ کاملہ نازل فرما

سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ الَّذِىْ سَلَكَ طَرِيْقَ الْعِزِّ وَالْبَسَالَةِ

سیدنا محمد پر جو عزت اور جوانمردی کی راہ پر چلے

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ صَاحِبِ الْمَقَامِ الْاَنْوَرِ

اے اللہ صلوٰۃ کاملہ نازل فرما سیدنا محمد پر جو نورانی مقام اور

وَالْوَجْهِ الْاَقْمَرِ وَصَاحِبِ الْجَبِيْنِ الْاَزْهَرِ وَصَاحِبِ

چاند جیسے نورانی چہرے والے ہیں اور روشن جبین کے مالک اور حوض کوثر

الْحَوْضِ وَالْكَوْثَرِ وَصَاحِبِ الْمِحْرَابِ وَالْمِنْبَرِ عَدَدَ نَبَاتِ

اور نہر کوثر والے ہیں اور صاحب محراب و منبر ہیں ایسی صلوٰۃ جو زمین

الْاَرْضِ وَاَوْرَاقِ الشَّجَرِ وَعَدَدَ الرَّمْلِ وَالْحَصَا وَالْمَدَرِ

کے پودوں اور درختوں کے پتوں کی گنتی کے مطابق اور ریت کے ذرات اور کنکریوں اور ڈھیلوں کی مقدار

وَعَدَدَ مَا يَطْلُعُ عَلَيْهِ الشَّمْسُ وَالْقَمَرُ اَللّٰهُمَّ اِنِّيْ اَسْئَلُكَ

ہو۔ اور ان تمام اشیاء کی گنتی کے مطابق جن پر سورج اور چاند طلوع ہوتے ہیں۔ اے اللہ بیشک میں سوال کرتا ہوں

التَّوْفِيْقَ بِمَحَابِّكَ مِنَ الْاَعْمَالِ وَصِدْقَ التَّوَكُّلِ عَلَيْكَ وَحُسْنَ

تجھ سے تیرے پسندیدہ اعمال کی توفیق کا۔ اور کامل توکل کا تیری ذات پر اور تیرے ساتھ

الظَّنِّ بِكَ اَللّٰهُمَّ اِنِّيْ اَسْئَلُكَ الْعَافِيَةَ وَاَسْئَلُكَ تَمَامَ

حسن ظن کا۔ اے اللہ میں تجھ سے عافیت کا سوال کرتا ہوں اور سوال کرتا ہوں کامل

الْوُضُوْءِ وَتَمَامَ الصَّلٰوةِ وَتَمَامَ رِضْوَانِكَ وَعَفْوِكَ وَمَغْفِرَتِكَ

وضوء۔ کامل نماز اور کامل رضا مندی اور عفو و مغفرت کا

اَللّٰهُمَّ اِنِّيْ اَسْئَلُكَ بِحَقِّ السَّآئِلِيْنَ عَلَيْكَ فَاِنَّ لِلسَّآئِلِ

اے اللہ میں تجھ سے سوال کرتا ہوں تیرے در کے سوالیوں کے طفیل کیونکہ تیرے سائل کا

عَلَيْكَ حَقًّا اَيُّمَا عَبْدٍ اَوْ اَمَةٍ مِّنْ اَهْلِ الْبَرِّ وَالْبَحْرِ تَقَبَّلْتَ

تجھ پر حق ہے (از روئے تیرے فضل کے) جس میں بندہ اور باندی کی خشکی یا تری میں رہنے والوں کی تو نے

دَعْوَتَهُمْ وَاسْتَجَبْتَ دُعَآئَهُمْ اَنْ تُشْرِكَنَا فِيْ صَالِحِ مَا يَدْعُوْنَكَ

دعوت قبول کی اور دعا مستجاب فرمائی ہیں ہمیں بھی ان کی نیک دعاؤں میں شریک فرما اور

فِيْهِ وَاَنْ تُشْرِكَهُمْ فِيْ صَالِحِ مَا نَدْعُوْكَ فِيْهِ وَاَنْ تُعَافِيَنَا

انہیں ہماری نیک دعاؤں میں حصہ دار بنا اور عافیت عطا فرما ہمیں بھی اور انہیں بھی

وَاِيَّاهُمْ وَاَنْ تَتَقَبَّلَ مِنَّا وَمِنْهُمْ وَاَنْ تَتَجَاوَزَ عَنَّا وَعَنْهُمْ

اور قبول فرما ہم سے بھی اور ان سے بھی اور درگزر فرما ہم سے بھی اور ان سے بھی

فَاِنَّنَا اٰمَنَّا بِمَآ اَنْزَلْتَ وَاتَّبَعْنَا الرَّسُوْلَ فَاكْتُبْنَا مَعَ الشّٰهِدِيْنَ

کیونکہ ہم ایمان لائے اس کتاب پر جو تو نے اُتاری اور تیرے رسول کی اتباع کی ہیں ہمیں اہل شہادت میں شمار فرما

اَللّٰهُمَّ اهْدِنِيْ بِالْهُدٰى وَنَقِّنِيْ بِالتَّقْوٰى وَاغْفِرْ لِيْ فِي

اے اللہ مجھے راہ دکھلا کامل ہدایت کے ساتھ اور پاک فرما کامل تقوٰی کے ساتھ اور میرے لیے مغفرت فرما

الْاٰخِرَةِ وَالْاُوْلٰى اَللّٰهُمَّ ابْسُطْ عَلَيْنَا مِنْ بَرَكَاتِكَ وَرَحْمَتِكَ

آخرت اور دُنیا میں۔ اے اللہ ہم پر پھیلا اور عام فرما اپنی برکات اور رحمتیں

وَفَضْلِكَ وَرِزْقِكَ اَللّٰهُمَّ اَنْتَ عَضُدِيْ وَنَصِيْرِيْ بِكَ

اور فضل و رزق کو۔ اے اللہ تو ہی میرا دست و بازو اور ناصر ہے۔ تیری توفیق

اَحُوْلُ وَبِكَ اَصُوْلُ وَبِكَ اُقَاتِلُ وَلَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِكَ

سے طاقت پاتا ہوں اور تیری توفیق سے ہی حملہ آور ہوتا ہوں اور تیری تقویت کے ساتھ قتال کرتا ہوں اور نہیں قوت و طاقت

اَللّٰهُمَّ حَبِّبْ اِلَيْنَا الْاِيْمَانَ وَزَيِّنْهُ فِيْ قُلُوْبِنَا وَكَرِّهْ اِلَيْنَا

مگر ساتھ تیرے۔ اے اللہ محبوب بنا دے ہمارے لیے ایمان کو اور اسے مزین فرما ہمارے قلوب میں اور ناپسندیدہ بنا ہمارے

الْكُفْرَ وَالْفُسُوْقَ وَالْعِصْيَانَ وَاجْعَلْنَا مِنَ الرَّاشِدِيْنَ وَتَوَفَّنَا

نزدیک کفر و فسق اور نافرمانبرداری کو اور ہمیں سیدھی راہ والوں سے بنا اور ہمیں وفات دینا حالت اسلام

مُسْلِمِيْنَ وَاَلْحِقْنَا بِالصّٰلِحِيْنَ غَيْرَ خَزَايَا وَلَا مَفْتُوْنِيْنَ ؕ

پر اور لاحق فرما صالحین کے ساتھ درآنحالیکہ نہ رسوا ہونے والے ہوں اور نہ فتنہ میں مبتلا

اَللّٰهُمَّ اِنِّيْ عَبْدُكَ وَابْنُ عَبْدِكَ وَابْنُ اَمَتِكَ نَاصِيَتِيْ

اے اللہ بیشک میں تیرا بندہ ہوں اور تیرے بندے کا بیٹا اور تیری باندی کا بیٹا۔ میری پیشانی

بِيَدِكَ مَاضٍ فِيَّ حُكْمُكَ عَدْلٌ فِيَّ قَضَآئُكَ اَللّٰهُمَّ لَا سَهْلَ

تیرے قبضہ قدرت میں ہے۔ مجھ پر تیرا حکم نافذ ہے اور میرے حق میں تیرا ہر فیصلہ سراسر عدل ہے۔ اے اللہ نہیں سہل

اِلَّا مَا جَعَلْتَهٗ سَهْلًا وَّاَنْتَ تَجْعَلُ الْحُزْنَ سَهْلًا اِذَا شِئْتَ

کوئی امر مگر جس کو تو سہل فرمائے اور تو ہی سخت کو نرم بناتا ہے جب چاہے

لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ الْحَلِيْمُ الْكَرِيْمُ سُبْحَانَ اللّٰهِ رَبِّ الْعَرْشِ الْعَظِيْمِ ؕ

نہیں معبود برحق مگر اللہ حلیم کریم۔ پاک ہے اللہ مالک عرش عظیم کا۔

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ اَللّٰهُمَّ ارْحَمْنِيْ بِتَرْكِ الْمَعَاصِيْ اَبَدًا

تمام تعریفیں اللہ رب العالمین کے لیے ہیں۔ اے اللہ مجھ پر رحم فرما معاصی کے ترک کرنے میں

مَّآ اَبْقَيْتَنِيْ وَارْحَمْنِيْ اَنْ اَتَكَلَّفَ مَالَا يَعْنِيْنِيْ وَارْزُقْنِيْ

ہمیشہ کے لیے جب تک مجھے باقی رکھے اور مجھ پر رحم فرما کہ میں تکلف کروں بے مقصد امور کا۔ اور مجھے نصیب

حُسْنَ النَّظَرِ فِيْمَا يُرْضِيْكَ عَنِّيْ اَللّٰهُمَّ اِنِّيْ اَتُوْبُ اِلَيْكَ

فرما حسن نظر ان امور میں جو تجھے راضی کردیں مجھ سے۔ اے اللہ بیشک میں توبہ کرتا ہوں تیری طرف

مِنَ الْمَعَاصِيْ لَآ اَرْجِعُ اِلَيْهَآ اَبَدًا اَللّٰهُمَّ مَغْفِرَتُكَ اَوْسَعُ

جملہ معاصی سے میں کبھی ادھر رجوع نہیں کروں گا۔ اے اللہ تیری مغفرت زیادہ وسیع ہے

مِنْ ذُنُوْبِيْ وَرَحْمَتُكَ اَرْجٰى عِنْدِيْ مِنْ عَمَلِيْ اَللّٰهُمَّ اِنَّكَ

میرے گناہوں سے اور تیری رحمت زیادہ امید کے لائق ہے میرے اعمال سے۔ اے اللہ تو درگزر

عَفُوٌّ تُحِبُّ الْعَفْوَ فَاعْفُ عَنَّا اَسْتَغْفِرُ اللّٰهَ الَّذِيْ لَآ اِلٰهَ

فرمانے والا ہے۔ عفو کو محبوب رکھتا ہے پس ہم سے درگزر فرما میں استغفار کرتا ہوں اللہ سے کہ نہیں کوئی معبود برحق

اِلَّا هُوَ الْحَيُّ الْقَيُّوْمُ وَاَتُوْبُ اِلَيْهِ رَبِّ اغْفِرْلِيْ وَتُبْ عَلَيَّ

مگر وہی حی قیوم اور توبہ کرتا ہوں طرف اس کے۔ اے اللہ مجھے بخش اور مجھ پر توجہ فرما

اِنَّكَ اَنْتَ التَّوَّابُ الرَّحِيْمُ ط اَللّٰهُمَّ اسْتُرْ عَوْرَاتِيْ وَاٰمِنْ رَوْعَاتِيْ

بیشک تو ہی توبہ قبول کرنے والا مہربان ہے۔ اے اللہ میرے عیوب کو چھپا۔ اور تسکین دے میری پریشانیوں کو

اَللّٰهُمَّ اَنْتَ اَحَقُّ مَنْ ذُكِرَ وَاَحَقُّ مَنْ عُبِدَ وَاَنْصَرُ مَنِ

اے اللہ تو ہی حقدار ہے ذکر کا اور حقدار ہے عبادت کا اور بہت مدد دینے والا ہے تمام مدد طلب

ابْتُغِيَ وَاَرْاَفُ مَنْ مَّلَكَ وَاَجْوَدُ مَنْ سُئِلَ وَاَوْسَعُ مَنْ اَعْطٰى

کئے ہوؤں سے اور زیادہ مہربان ہے سب مالکوں سے اور زیادہ جود و عطا والا ہے تمام سوال کئے ہوؤں سے اور وسیع تر عطا والا ہے سب عطا

اَللّٰهُمَّ اَسْتَغْفِرُكَ لِذَنْبِيْ وَاَسْئَلُكَ رَحْمَتَكَ اَللّٰهُمَّ

کرنے والوں سے۔ اے اللہ میں استغفار کرتا ہوں اپنے ذنوب سے اور سائل ہوں تیری رحمت کا۔ اے اللہ

اِقْضِ عَنَّا الدَّيْنَ وَاَغْنِنَا عَنِ الْفَقْرِ وَالْكُفْرِ وَالشَّرِّ وَالشَّرِيْرِ

ادا فرما ہمارا قرض اور بے نیاز کر فقر و کفر سے اور شر و شریروں سے۔

اَللّٰهُمَّ مُصَرِّفَ الْقُلُوْبِ صَرِّفْ قُلُوْبَنَا عَلٰى طَاعَتِكَ

اے اللہ اے دلوں میں متصرف ہمارے قلوب کو اپنی اطاعت کی طرف پھیر

بِرَحْمَتِكَ وَعَظَمَتِكَ وَعِزَّتِكَ اَللّٰهُمَّ اغْفِرْلِيْ ذُنُوْبِيْ هُوَ

ساتھ اپنی رحمت و عظمت اور عزت و غلبہ کے۔ اے اللہ میرے تمام گناہ معاف فرما وہ

ذَنْبٌ عَظِيْمٌ كَثِيْرٌ مِّنْ عَدَدِ الرَّمْلِ وَالنَّمْلِ وَالْحَجَرِ وَالْمَدَرِ

گناہ اگرچہ زیادہ عظیم و کثیر ہیں ریت کے ذرات۔ چیونٹیوں اور پتھروں۔ ڈھیلوں

وَالشَّجَرِ وَالدَّوَآبِّ وَغَيْرِ ذٰلِكَ مَا فِيْ عِلْمِ اللّٰهِ وَذُنُوْبِيْ كَثِيْرٌ

درختوں اور جانوروں وغیرہ کی تعداد سے جو اللہ ہی کے علم میں ہیں اور میرے گناہ زیادہ ہیں

مِّنْ ذَرَّةٍ ذَرَّةٍ وَّقَلِيْلٌ مِّنْ كَرَمٍ كَرَمِ اللّٰهِ اَللّٰهُمَّ اَلْحِقْنِيْ

ہر ہر ذرہ کائنات سے (لیکن) وہ قلیل ہیں اللہ تعالیٰ کے کرم و بخشش اور مغفرت سے۔ اے اللہ مجھے لاحق فرما

بِزُمْرَةٍ تَكُوْنُ رُءُوْسَآءُ الرُّوْحَانِيِّيْنَ تُهَنِّيْهِ وَعُظَمَآءُ الْمُقَرَّبِيْنَ

اس جماعت کے ساتھ کہ روحانیوں کے رؤساء انہیں مبارکباد دیں اور مقربین میں سے عظماء انہیں ہدیے

تُحَيِّيْهِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى اٰلِ سَيِّدِنَا

پیش کریں۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل فرما سیدنا محمد پر اور آپ کی آل

مُحَمَّدِنِ الَّذِيْ تَدَلّٰى لَهٗ رَفْرَفٌ مِّنَ السُّنْدُسِ الْاَخْضَرِ وَمُكَلَّلًا

پر جس محبوب کے لیے اتری رفرف سبز ریشم سے جو مرصع تھی

بِاللُّؤْلُؤِ وَالْيَاقُوْتِ وَالْجَوْهَرِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا

موتیوں اور یاقوت و جواہر کے ساتھ۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل فرما سیدنا

مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدِنِ الَّذِي انْتَصَبَ عَلَى الْعَرْشِ لِوَآؤُهٗ وَ

محمد پر اور سیدنا محمد کی آل پر جن کا پرچم نصب ہوا عرش اعظم پر اور

جُذِبَتْ عَلَآئِقُهٗ بِارْتِفَاعِهٖ اِلٰى عَرْشِ مَوْلَاهُ اَللّٰهُمَّ صَلِّ

کھینچے گئے اس کے رسے اس کو عرش مولیٰ تک بلند کرنے کے لیے۔ اے اللہ صلوٰۃ

وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدِنِ الَّذِىْ اِرْتَفَعَ

وسلام نازل فرما سیدنا محمد پر اور سیدنا محمد کی آل پر جو فائز ہوئے

بِمَسْرَاهُ مَكَانًا عَلِيًّا ۝ وَجِزْعُ الشَّرَفِ يَتَسَاقَطُ عَلَيْهِ رُطَبًا جَنِيًّا ۝

اپنے اسرار کے ذریعے بلند ترین مکان پر اور شرف وبزرگی کے تناور درخت ان پر تازہ کھجوریں نثار کر رہے تھے

اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدِنِ

اے اللہ صلوٰۃ وسلام نازل فرما سیدنا محمد پر اور سیدنا محمد کی آل پر

الَّذِىْٓ اَعْطَى الرَّمْلَ رَهْطًا مِّنْ اَصْحَابِهٖ لِلْاَكْلِ فَصَارَ اَلْيَنَ مِنَ

کہ جس محبوب نے ریت دی اپنے صحابہ کی جماعت کو کھانے کیلیے تو وہ مکھن سے

الزُّبْدِ وَاَحْلٰى مِنَ الْعَسَلِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ

زیادہ نرم وملائم اور شہد سے شیریں تر ہوگئی۔ اے اللہ صلوٰۃ وسلام نازل فرما سیدنا محمد پر

وَّعَلٰٓى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدِنِ الَّذِىْ اِصْطَفَاهُ اللّٰهُ بِقُدْسِهٖ وَاَفْرَغَ

اور سیدنا محمد کی آل پر جنہیں اللہ نے چن لیا ان کے تقدس کی وجہ سے اور انہیں

اللّٰهُ عَلَيْهِ مَلَابِسَ اُنْسِهٖ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا

پہنائے اپنے انس ومحبت کے ملبوسات۔ اے اللہ صلوٰۃ وسلام نازل فرما سیدنا محمد

مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدِنِ الَّذِىْ تَلَاْلَاَتِ الْاَنْوَارُ الرَّبَّانِيَّةُ

پر اور آپ کی آل پر کہ جن کے اردگرد چمکے انوار ربانیہ

حَوَالَيْهِ لَمَّآ اَتْحَفَهُ اللّٰهُ بِالْقُرْبِ مِنْهُ وَاِلَيْهِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَ

جب اللہ تعالےٰ نے مشرف فرمایا اپنے ذات اور بارگاہ والا کے قرب سے۔ اے اللہ صلوٰۃ و

سَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدِنِ الَّذِىْ شَرَّفَهُ اللّٰهُ

سلام نازل فرما سیدنا محمد پر اور آپ کی آل پر جنہیں اللہ نے مشرف فرمایا تحفہ

بِالتَّحِيَّةِ وَحَيَّاهُ وَنَوَّرَ اللّٰهُ الْاَنْوَارَ بِنُوْرِ مُحَيَّاهُ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَ

کے ساتھ اور ہدیہ دیا۔ اور انوار کو منور فرمایا ان کے چہرہ انور کی ضیاء سے۔ اے اللہ صلوٰۃ و

سَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدِنِ الَّذِىْ فَازَ

سلام نازل فرما سیدنا محمد پر اور آپ کی آل پر جو فائز ہوئے

بِوَصْلٍ مُّسْتَتِرٍ عَنِ الْعُيُوْنِ وَاطَّلَعَ عَلٰى سِرٍّ لَّمْ يَهْجُسْ بِخَوَاطِرِ

ایسے وصل سے جو خلائق کی نظروں سے مخفی تھا اور مطلع ہوئے ایسے رازوں پر جن کا گزر نہیں ہوا تھا

الظُّنُوْنِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى

ظنون کے قلوب میں۔ اے اللہ صلوٰۃ وسلام نازل فرما سیدنا محمد پر اور آپ

اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدِنِ الَّذِىْ تَلَذَّذَ بِكَلَامِ الْمَلِكِ الْجَلِيْلِ وَرَاٰهُ بِعَيْنِ

کی آل پر جو محبوب لطف اندوز ہوئے ملک جلیل کی ہمکلامی سے اور دیدار کیا اس کا

رَاْسِهٖ بِغَيْرِ تَشْبِيْهٍ وَّلَا تَمْثِيْلٍ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا

چشم سر سے بغیر تشبیہ و تمثیل کے۔ اے اللہ صلوٰۃ وسلام نازل فرما سیدنا

مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدِنِ الَّذِىْ نَادَاهُ الْحَقُّ بِمِنَّةٍ اِلَيْهِ

محمد پر اور سیدنا محمد کی آل پر جنہیں بلایا حق تعالیٰ نے اپنے کرم سے اپنی طرف فرماتے

لَا تَخْلَعْ نَعْلَيْكَ لَمَّا هَمَّ بِخَلْعِ نَعْلَيْهِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا

ہوئے کہ نہ اتاریئے اپنے جوتے جبکہ آپ نے ان کے اتارنے کا ارادہ کیا تھا۔ اے اللہ صلوٰۃ وسلام نازل فرما سیدنا

مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدِنِ الَّذِىْ نَادَاهُ مَوْلَاهُ اَلْبِسْ نَعْلَيْكَ

محمد پر اور آپ کی آل پر جنہیں پکار کر کہا ان کے مولیٰ نے اپنے جوتے پہن لیجئے

وَطَاْ بِسَاطَ عَرْشِىْ بِنَعْلَيْكَ وَقَدَمَيْكَ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ

اور میرے بساط عرش کو اپنے جوتوں اور قدموں سے مشرف کرو۔ اے اللہ صلوٰۃ وسلام نازل فرما

عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدِنِ الَّذِىْ نَادَاهُ الْحَقُّ مَا

سیدنا محمد پر اور آپ کی آل پر جنہیں پکار کر فرمایا حق تعالیٰ نے میں نے

خَلَقْتُ الْعَرْشَ اِلَّا مِنْ اَجْلِكَ وَاَنَّهٗ مُشْتَاقٌ اِلٰى مَسِّ نَعْلِكَ

عرش کو صرف آپ کے لیے پیدا کیا ہے اور وہ مشتاق ہے تمہارے جوتوں سے مس ہونے کا

اللّٰھم صل وسلم علی سیدنا محمد وعلی اٰل سیدنا محمد
اے اللہ صلوٰۃ وسلام نازل فرما سیدنا محمد پر اور آپ کی آل پر
الذی ناداہ مولاہ یا اکرم رسلی خلقت الکل من
جنہیں پکار کر فرمایا ان کے مولیٰ نے اے میرے تمام رسل سے مکرم ترین میں نے سب کو پیدا کیا ہے تیرے
اجلك وخلقتك لاجلی اللّٰھم صل وسلم علی سیدنا
لیے اور تجھے پیدا کیا ہے اپنے لیے۔ اے اللہ صلوٰۃ وسلام نازل فرما سیدنا
محمد وعلی اٰل سیدنا محمد الذی ناداہ حور الخیام
محمد پر اور آپ کی آل پر جنہیں خیام جنان کی حوروں نے پکار کر عرض کیا
نحن ننتظر قدومك منذ سبعۃ الاف عام اللّٰھم رب
ہم منتظر ہیں جناب کی تشریف آوری کی سات ہزار سال سے۔ اے اللہ اے مالک
السمٰوٰت والارض عالم الغیب والشھادۃ انی اعھد الیك
آسمانوں اور زمینوں کے۔ عالم غیب و شہادت کے میں تیرے ساتھ عہد کرتا ہوں
فی ھٰذہ الحیٰوۃ الدنیا انی اشھد ان لا الٰہ الا انت وحدك
اپنی دنیوی زندگی میں کہ میں شہادت دیتا ہوں کہ نہیں معبود برحق مگر تو یگانہ
لا شریك لك وان محمدا عبدك ورسولك فانك ان
نہیں کوئی شریک تیرے لیے اور محمد تیرے عبد خاص اور رسول برحق ہیں پس تو اگر
تکلنی الی نفسی تقربنی من الشر وتباعدنی من الخیر و
سونپے مجھے میرے نفس کو تو وہ مجھے شر کے قریب کردے اور خیر سے دور کردے گا اور
انی لا اثق الا برحمتك ومغفرتك اللّٰھم صل وسلم
میں صرف اور صرف تیری رحمت ومغفرت پر بھروسہ رکھتا ہوں۔ اے اللہ صلوٰۃ وسلام نازل فرما
علی سیدنا محمد وعلی اٰل سیدنا محمد الذی جعلہ اللہ فخر
سیدنا محمد پر اور سیدنا محمد کی آل پر جنہیں بنایا اللہ تعالیٰ نے فخر الانبیاء

الانبیاء واشرف الانبیاء واکرم الانبیاء وافضل الانبیاء
اشرف الانبیاء اور اکرم الانبیاء۔ افضل الانبیاء
وشمس الانبیاء اللّٰھم صل وسلم علی سیدنا محمد و
اور شمس الانبیاء۔ اے اللہ صلوٰۃ وسلام نازل فرما سیدنا محمد پر
علی اٰل سیدنا محمد الذی قال لاصحابہ لی مع اللہ وقت
اور آپ کی آل پر جنہوں نے اپنے صحابہ کرام کو فرمایا۔ میرے لیے اللہ تعالیٰ کے ساتھ مخصوص وقت
لا یسعنی فیہ ملك مقرب ولا نبی مرسل وقال ایکم مثلی
ہوتا ہے۔ نہیں گنجائش رکھتا میری اس وقت میں کوئی مقرب فرشتہ اور نہ نبی مرسل اور آپ نے فرمایا تم میں سے کون میری مانند؟
انا ابیت عند ربی یطعمنی ویسقینی یا رب بحق محمد المصطفٰی
میں راتیں اللہ کے ہاں گزارتا ہوں وہ مجھے کھلاتا اور پلاتا ہے۔ اے میرے رب محمد مصطفیٰ کے صدقے
علیہ افضل الصلوٰۃ والسلام بعدد کل ذرۃ الف الف مرۃ
جن پر افضل ترین صلوات وتسلیمات ہوں ہر ہر ذرہ کائنات کی تعداد سے دس لاکھ گنا
اعطنی لذۃ النظر الی وجھك والشوق الی لقائك فی کل
مجھے عطا فرما اپنے دیدار ذات کی لذت اور اپنی ملاقات کا شوق جو ہر لمحہ
لمحۃ یزید ویضاعف بمحض فضلك واحسانك ما علی
بڑھے اور زائد ہوتا رہے اپنے خالص فضل واحسان کے طفیل جو مصطفیٰ
المصطفٰی یا رب اغفر وارحم الفقیر الوجل الضعیف
کریم پر ہے۔ اے میرے رب بخش اور رحم فرما محتاج، ترسناک اور کمزور پر
الذی لیس لہ الٰہ الا انت بحق محمد المصطفٰی صلی اللہ علیہ
جس کا کوئی نہیں ہے سوائے تیرے بحق محمد مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وسلم
وسلم الٰھی لا یعتمد قلبی وقلوب عبادك اذا سئل
اے میرے الٰہ میرا دل اور تمام بندوں کے دل اس پر اعتماد کے لیے تیار نہیں ہیں

شیءٌ باسم محمد علیه الصلوة والسلام کما ینبغی لکماله
کہ جب تجھ سے کوئی شئ نام محمد کے وسیلہ سے طلب کی جائے اور تو وہ عطا نہ کرے

منك وجمیع عبادك ولم تعطه الٰهی فانی العاصی المذنب
ان پر صلواۃ وسلام ہو تیری طرف سے اور تیرے تمام بندوں کی طرف سے جیسے کہ ان کے کمال کے لائق ہے اے میرے

اذا سئلك غفرانك ورضائك باسم محمد علیه الصلوة
الٰہ کہ ایسا گناہگار ہے کہ جس نے تجھ سے مغفرت اور رضامندی کا سوال کیا ہو بطفیل نام محمد کے علیہ الصلواۃ

والسلام ولم تغفره ولم ترض عنه الٰهی فانی الولایة
والسلام اور تو نے اسے بخشا نہ ہو اور اس سے راضی نہ ہوا ہو۔ اے میرے الٰہ وہ کہ جس کو ولایت

والعلم والعرفان اذا سألك سائل طالب باسم
اور علم و عرفان ہے کہ جب کسی سائل و طالب نے تجھ سے طلب کیا ہو بوسیلہ اسم

محمد علیه الصلوة والسلام وما وهبته فاسئلك
محمد علیہ الصلواۃ والسلام کے اور تو نے اس کو عطا نہ کیا ہو تو میں بھی سوال کرتا ہوں

یا الله باسم محمد صلی الله علیه وسلم وبذاته وجمیع
اے اللہ بطفیل اسم محمد کے صلی اللہ علیہ وسلم اور ان کے ذات اقدس کے اور تمام صفات

صفاته وبکمال فقره فاعطنی یا الله ما اسئلك واقض
کمال کے اور ان کے کمال فقر کے پس مجھے بھی عطا فرما اے اللہ جو تجھ سے مانگتا ہوں اور پورا فرما

حاجتی کلها ولا تکلنی الی نفسی طرفة عین ولا اقل من ذلك
میری تمام حاجات کو اور مجھے میرے نفس کے حوالے نہ فرما پلک جھپکنے کی دیر بلکہ اس سے بھی کم

واکلانی کلائة الولید بحق محمد صلی الله علیه وسلم الٰهی
اور میری حفاظت فرما مانند حفاظت کرنے (ماں باپ کے) اولاد کی بطفیل محمد صلی اللہ علیہ وسلم۔ اے میرے الٰہ

اذا سئل محب باسم محب محبا وله قوة اعطاء فلیعطه و
جب سوال کرے کوئی محب محب کے نام پر محبت سے اور اسے طاقت عطا کی بھی ہو تو وہ ضرور عطا کرتا ہے اور

محمد علیه الصلوة والسلام کما ینبغی لکماله منك وجمیع
محمد ان پر صلواۃ و سلام ہو۔ جیسے کہ ان کے کمال کے لائق ہے تیری طرف سے اور تیرے تمام

عبادك محبك وحبیبك ورسولك واسئلك باسمه فاعطنی
بندوں کی طرف سے ” تیرے محب بھی ہیں اور حبیب و رسول بھی اور میں تجھ سے سوال کرتا ہوں ان کے نام کے

یا الله ما اسئلك واقض حاجاتی کلها وهب لی ایمانا دائما
وسیلے سے پس عطا فرما مجھے اے اللہ جو میں مانگتا ہوں اور پوری فرما میری تمام حاجات اور مجھے عطا فرما دائمی ایمان

ویقینا صادقا لیس بعده الکفر بحق محمد صلی الله علیه
اور خالص یقین جس کے بعد کفر کا امکان نہ ہو بطفیل محمد صلی اللہ علیہ وسلم

وسلم الٰهی انت قلت بمحض فضلك واحسانك اذا
اے میرے الٰہ تو نے اپنے فضل اور احسان کامل سے فرمایا ہے

سئلك عبادی عنی فانی قریبٌ ط اجیب دعوة الداع اذا
جب سوال کریں تم سے میرے بندے میرے متعلق تو میں قریب ہوں۔ قبول کرتا ہوں دعا کرنے والوں کی دعا جب

دعان فانی عبدك الداعی الان الیك اهدنا الصراط
جب بھی مجھ سے دعا کریں۔ تو میں بھی تیرا بندہ ہوں جواب تیری بارگاہ میں دعا کرتا ہوں۔ ہمیں راہ راست پر چلا

المستقیم لا صراط الذین انعمت علیهم غیر المغضوب
راہ ان لوگوں کی جن پر تو نے انعام فرمایا نہ ان کی جن پر غضب کیا

علیهم ولا الضالین ط امین اللهم انت الٰهنا لیس لنا
گیا اور نہ بھٹکے ہوؤں کی آمین۔ اے اللہ تو ہی ہمارا معبود ہے نہیں ہمارے

احد الا انت وحبیبك وانا لك وانت لنا وانت وکیلنا
لیے کوئی بھی سوائے تیرے اور تیرے حبیب کے اور میں تیرا ہوں اور تو ہمارا ہے اور تو ہمارا کفایت فرمانے والا

کاف وکفی بالله وکیلا ط وکفی بالله نصیرا ط وکفی بالله
وکیل ہے اور کافی ہے اور بطور کارساز کے اور کافی ہے اللہ تعالیٰ بطور مددگار کے اور کافی ہے اللہ تعالیٰ

وَلِيًّا وَّكَفٰى بِاللّٰهِ عَلِيْمًا ط وَكَفٰى بِاللّٰهِ حَسِيْبًا ط وَكَفٰى بِاللّٰهِ شَهِيْدًا ط

نصرت و امداد دینے والا۔ مدد کافی ہے اللہ دائمی علم والا۔ اور کافی ہے اللہ تعالیٰ حساب لینے والا۔ اور کافی ہے اللہ بطور گواہ

اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ

اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل فرما سیّدنا محمد پر اور آپ کی آل امجاد پر

صَلٰوةً تَحْفَظُ بِهَآ اَشْخَاصَنَا وَتُسَهِّلُ بِهَآ اَعْتِبَاصَنَا وَتُدَاوِيْ بِهَآ

جس صلوٰۃ کے طفیل ہمارے اشخاص کو محفوظ رکھے اور ہماری دشواریوں کو آسان فرمائے اور ہمارے امراض

اَمْرَاضَنَا وَتُنْجِحُ بِهَآ اَغْرَاضَنَا وَتَعْدِلُ بِهَا تَفْرِيْطَنَا وَاِفْرَاطَنَا

کو دور فرمائے اور اغراض کو پورا فرمائے۔ اور ہمارے کوتاہیوں اور تجاوزات کو درست فرمائے

وَتُصَحِّحُ بِهَآ اَغْلَاطَنَا وَتُزَيِّنُ بِهَآ اَلْفَاظَنَا وَتُحْمِيْ بِهَآ اَلْحَاظَنَا

ہماری غلطیوں کی اصلاح فرمائے۔ ہمارے الفاظ کو مزین فرمادے اور ہماری نگاہوں پر کنٹرول فرمائے

وَتُزِيْحُ بِهَا رَوْعَنَا وَتَزِيْدُ بِهَا لَوْعَنَا وَتَمْنَحُ بِهَآ اِلَيْكَ رَيْعَنَا وَتَرْفَعُ

ہمارے خوف کو زائل کرے اور آتش شوق کو بڑھائے اور عطا کرے بطفیل اس کے اپنی طرف رغبت اور دور کرے بطفیل

بِهَا مِنْكَ زَيْغَنَا وَتَرْحَمُ بِهَا عَلٰٓى اَسْلَافِنَا وَتُبَارِكُ بِهَا فِيْٓ اَخْلَافِنَا وَ

اس کے ہماری کجی اور رحم کرے بطفیل اس کے ہمارے اسلاف پر اور برکت دے ہمارے اخلاف میں اور

تَفْتَحُ بِهَا عَوَائِقَنَا وَتُمِيْطُ بِهَا بَوَائِقَنَا وَتَشْهَدُ بِهَآ اِدْرَاكَنَا وَتَصُوْنُ

کھول دے ہماری رکاوٹیں اور دور فرمادے ہماری ہلاکتیں اور مضبوط کرے بطفیل اس کے ہمارے ادراک کو اور محفوظ فرمائے

بِهَآ اَسْلَاكَنَا وَتُرْوِيْ بِهَا غُلَلَنَا وَتَجْلُوْ بِهَا هُمُوْمَنَا وَتُفَرِّجُ بِهَا غُمُوْمَنَا

بطفیل اس کے ہمارے راستوں کو اور سیراب فرمادے ہماری پیاسوں کو اور دور فرمائے ہمارے غموں کو اور ہٹا دے ہمارے

وَتُؤَدِّيْ بِهَا دُيُوْنَنَا وَتُحَطُّ بِهَا شُجُوْنَنَا وَتُدَمِّرُ بِهَا عَلٰى عَدُوِّنَا وَتُعْطِيْ

غموم کو۔ اور ادا فرمائے ہمارے قرضوں کو اور مٹا دے اس کے طفیل ہمارے حزن و ملال کو اور ہلاکت مسلط کرے ہمارے

بِهَا سُلُوَّنَا وَتُطَيِّبُ بِهَآ اَفْوَاهَنَا وَتُكَثِّرُ بِهَآ اِنْتِبَاهَنَا وَتَقْهَرُ بِهَا

دشمنوں پر اور عطا کرے بطفیل اس کے ہمیں سکون۔ اور پاکیزہ بنائے ساتھ اس کے ہمارے منہ اور بڑھائے اس کی بدولت ہماری

شَيْطَانًا يُّغْوِيْنَا وَتَنْهَرُ بِهَا سُلْطَانًا يُّؤْذِيْنَا اَللّٰهُمَّ اجْعَلْ خَاتِمَتَنَا

بیداری اور مغلوب کرے اس کے طفیل شیطان کو جو ہمیں گمراہ کرتا ہے اور جھڑک دے اس سلطان کو جو ہمیں ایذا دیتا ہے۔ اے اللہ

خَيْرًا وَّلَا تُلْحِقْ بِنَا فِي الدَّارَيْنِ ضَيْرًا بِحُرْمَةِ حَبِيْبِكَ الْكَرِيْمِ وَاٰلِهٖ

ہمارا خاتمہ خیر پر فرما اور ہمیں دونوں جہان میں کوئی ضرر لاحق نہ فرما بطفیل عزت و حرمت اپنے حبیب کریم کے اور ان

وَاَصْحَابِهٖٓ اُولِي الْفَضْلِ الْجَسِيْمِ ط اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا

کی آل و اصحاب کے جو بہت بڑی فضیلت والے ہیں۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل فرما سیّدنا

مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ صَلٰوةً تُجِيْبُ بِهَا دُعَآئَنَا وَتَدْرَءُ بِهَا

محمد پر اور آپ کی آل پر جس صلوٰۃ کے طفیل تو ہماری دعا قبول فرمادے اور دور

عَنَّآ اَنَّنَا وَتَكْشِفُ بِهَا كُرُوْبَنَا وَتَشْرَحُ بِهَا قُلُوْبَنَا وَتُزِيْلُ بِهَا عَاهَاتِنَا

کرے ہم سے ہماری محنت و مشقت اور دور کرے ہمارے رنج و الم اور کھول دے ہمارے سینے اور زائل کرے ہمارے

وَتَقْضِيْ بِهَا حَاجَاتِنَا وَتُشْبِعُ بِهَا غَرَاثَتَنَا وَتَجْمَعُ بِهَآ اَنْبِثَاثَنَا وَ

نقائص اور پوری فرمائے ہماری حاجات اور سیر فرمائے ہمارے خالی پیٹ اور مجتمع فرمائے ہماری پراگندگی کو اور

تُضَاعِفُ بِهَآ اِبْتِهَاجَنَا وَتَسْتَقِيْمُ بِهَآ اِعْوِجَاجَنَا وَتَغْفِرُ بِهَا

بڑھا بطفیل اس کے ہماری خوشی کو اور سیدھا فرما ہماری کجی کو اور معاف فرما ہمارے گناہ

جُنَاحَنَا وَتُحَسِّنُ بِهَا غُدُوَّنَا وَرَوَاحَنَا وَتُعِزُّ بِهَا شُبَّانَنَا وَ

کو اور حسین بنا بطفیل اس کے ہماری صبحوں اور شاموں کو اور عزت دے بطفیل اس کے ہمارے جوانوں اور

اَشْيَاخَنَا وَتُطَهِّرُ بِهَآ اَوْسَاخَنَا وَتُنَوِّرُ بِهَآ اَرْوَاحَنَا وَاَجْسَادَنَا

بوڑھوں کو اور پاک فرما اس کے ذریعے ہماری میل و کچیل کو اور نورانی بنا ہمارے ارواح و اجسام کو

وَتُصْلِحُ بِهَا فَسَادَنَا فِيْ مَبْدَئِنَا وَمَعَادِنَا وَتَجْعَلُهَا مِنْ كُلِّ شَرٍّ

اور اصلاح فرما بسبب اس کے ہمارے بعد و معاد کے فساد کی اور اسے بنا دے ہر شر سے ہماری

مَّعَاذَنَا وَتُدِيْمُهَآ اَنِيْسَنَا وَمَلَاذَنَا وَتُضِيْئُ بِهَا قُبُوْرَنَا وَتُعِيْنُ

جائے پناہ اور ہمت رکھے اسے ہمارا انیس اور پناہ گاہ اور روشن فرمائے اس سے ہماری قبور کو اور اعانت

بِهَا فِیْ اُمُوْرِنَا وَتُنِیْرُ بِهَآ اَحْیَازَنَا وَتَسْتُرُ بِهَآ اَهْمَارَنَا وَ
فرمائے بسبب اس کے ہمارے امور میں اور منور فرمائے مکانوں کو۔ اور چھپائے بسبب اس کے ہمارے عیوب کو
تُثَقِّلُ بِهَا قُسْطَاسَنَا وَتَدْفَعُ بِهَآ اِفْلَاسَنَا وَتُبَدِّلُ بِهَا
اور بھاری فرمائے بطفیل اس کے ہمارے میزان کو اور دور فرمائے ہمارے افلاس کو اور تبدیل فرمائے اس کے ذریعے
بِالْاُنْسِ اِیْحَاشَنَا وَتَكْلَأُنَا بِهَا عَنْ اِیْجَاشِنَا اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ
ہماری وحشت کو انس کے ساتھ اور حفاظت فرمائے اس کے ذریعے ہماری خوفناک امور سے۔ اے اللہ صلوٰۃ وسلام
عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰۤی اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ صَلٰوةً تُنْجِیْنَا بِهَا مِنْ
نازل فرما سیدنا محمد پر اور سیدنا محمد کی آل پر جس صلوٰۃ کے طفیل ہمیں نجات دے شدت والے
وَّعِیْدِ تَعَبِ الْمُرُوْرِ عَلَی الصِّرَاطِ الشَّدِیْدِ بِالْمَوْفُوْرِ السُّرُوْرِ بِمَغْفِرَةِ
پل صراط پر سے گزرنے کی وعید و تھکان سے ساتھ وافر سرور کے بسبب مغفرت غفور شکور
الْغَفُوْرِ الشَّكُوْرِ لِلْمُنْتَظِرِ الْمُفَكِّرِ الْمُقَرِّرِ اِلَی الْفَضِیْلَةِ الشَّفَاعَةِ
کے واسطے فکر مند منتظر کے جو امتیاز پانے والے ہیں شفاعت کبریٰ کی فضیلت سے
الْكُبْرٰی وَعَلٰۤی اٰلِهٖ وَصَحْبِهٖ وَسَلِّمْ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا
اور آپ کی آل اور اصحاب پر اور سلام بھیج۔ اے اللہ صلوٰۃ وسلام نازل فرما سیدنا
مُحَمَّدٍ وَّعَلٰۤی اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ صَلٰوةً تُفَرِّجُ بِهَا عَنَّا هُمُوْمَ حَوَادِثِ
محمد پر اور سیدنا محمد کی آل پر جس صلوٰۃ کے طفیل دور فرمائے ہم سے اندوہ حوادث جو ہمارے
الْاِخْتِیَارِ وَتَمْحُوْ بِهَا عَنَّا ذُنُوْبَ وُجُوْدِنَا بِمَآءِ سَمَآءِ الْقُرْبَةِ حَیْثُ
سوء اختیار کی وجہ سے ہے اور مٹا دے ہم سے ہمارے وجود والے ذنوب قربت کے آسمان والے پانی سے جہاں پر
لَا حَیْثُ وَلَا بَیْنَ وَلَآ اَیْنَ وَلَا كَیْفَ وَلَا جِهَةَ وَلَا قَرَارَ وَتُغَیِّبُنَا
نہ مکان ہے نہ درمیان ہے نہ کہاں اور نہ کیسے ہے اور نہ ہی جہت ہے اور نہ قرار ہے اور غائب وفانی فرمائے
بِهَا فِیْ غَیَاهِبِ غُیُوْبِ اَنْوَارِ اَحَدِیَّتِكَ فَلَا نُشْعِرُ بِتَعَاقُبِ اللَّیْلِ
ہمیں اپنی احدیت کے انوار کے غیوب والی گہرائیوں میں پس ہم نہ محسوس کر سکیں شب و روز

وَالنَّهَارِ وَتُخَوِّلُنَا بِهَا سَمَاحَ رَیَّاحِ فُتُوْحِ حَقَآئِقِ بَدِیْعِ نَبِیِّكَ مُحَمَّدِنِ
کی گردش کو اور عطا فرمائے ہمیں سخاوت وفیاضی اپنے انوکھے نبی محمد مختار کے
الْمُخْتَارِ وَاَتْحِفْنَا بِهَآ اَسْرَارَ اَنْوَارِ زَیْتُوْنِیَّتِكَ فِیْ مِشْكٰوةِ
انکشافات حقائق کی اور تحفہ بخش بطفیل اس صلوٰۃ کے ان زیتونی اسرار و انوار کا جو محمدی
الزُّجَاجَةِ الْمُحَمَّدِیَّةِ فَتُضَاعِفُ اَنْوَارَنَا بِلَا امْتِرَآءٍ وَّلَا حَدٍّ وَّلَا
شیشہ کے طاق میں ہیں۔ پس دوبالا کرے ہمارے انوار کو بلا شک وشبہ اور بغیر حد و حصر کے
انْحِصَارٍ یَا رَبُّ یَآ اَللّٰهُ یَا حَیُّ یَا قَیُّوْمُ یَا ذَا الْجَلَالِ وَالْاِكْرَامِ یَا
یا رب۔ یا اللہ۔ یا حی۔ یا قیوم۔ یا ذوالجلال والاکرام۔ یا ارحم
اَرْحَمَ الرّٰحِمِیْنَ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ
الراحمین۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل فرما سیدنا محمد پر
وَّعَلٰۤی اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ صَلٰوةً تُثَبِّتُ بِهَا فِیْ قَلْبِی الْاِیْمَانَ
اور آپ کی آل پر کہ بطفیل اس صلوٰۃ کے پائیدار بنائے میرے دل میں ایمان کو
وَتُحَفِّظُنِی الْقُرْاٰنَ وَتُفَهِّمُنِیْ مِنْهُ الْاٰیَاتِ وَتَفْتَحُ لِیْ بِهَا
اور مجھے قرآن محفوظ کرائے اور اس کی آیات کا فہم عطا کرے اور منکشف فرمائے میرے
نُوْرَ الْجَنَّاتِ وَنُوْرَ النَّعِیْمِ وَنُوْرَ النَّظَرِ اِلٰی وَجْهِكَ الْكَرِیْمِ
لیے نور جنات۔ نور نعیم کو اور اپنی ذات کریمہ کے دیدار کا نور
وَعَلٰۤی اٰلِهٖ وَاَصْحَابِهٖ وَسَلِّمْ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی
اور آپ کی آل پر اور اصحاب پر اور سلام بھیج۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل فرما
سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰۤی اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ صَلٰوةً تَهَبُ لَنَا بِهَآ
سیدنا محمد پر اور سیدنا محمد کی آل پر کہ بطفیل اس صلوٰۃ کے عطا فرماتے ہیں
اَكْمَلَ الْمُرَادِ وَفَوْقَ الْمُرَادِ فِیْ دَارِ الدُّنْیَا وَدَارِ الْمَعَادِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ
کامل ترین مراد بلکہ اس سے بھی زائد دار دنیا میں بھی اور دار آخرت میں بھی۔ اے اللہ صلوٰۃ

وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ صَلٰوۃً تُنْجِیْنَا
وسلام نازل فرما سیدنا محمد پر اور آپ کی آل امجاد پر کہ بطفیل اس صلواۃ کے نجات دے ہمیں

بِهَا مِنْ جَمِیْعِ الْمِحَنِ وَالْاِحَنِ وَالْاَهْوَالِ وَالْبَلِیَّاتِ وَتُسَلِّمُنَا
تمام محنتوں مشقتوں اور ہولناکیوں اور بلیات سے اور سلامت رکھے

بِهَا مِنْ جَمِیْعِ الْفِتَنِ وَالْاَسْقَامِ وَالْاٰفَاتِ وَالْعَاهَاتِ وَتُطَهِّرُنَا
تمام فتنوں اور بیماریوں سے اور آفات و بلیات سے۔ اور پاک فرمائے ہمیں

بِهَا مِنْ جَمِیْعِ الْعُیُوْبِ وَالسَّیِّئَاتِ وَتَغْفِرُلَنَا بِهَا مِنْ جَمِیْعِ
تمام عیوب اور گناہوں سے اور بخشے ہمارے لیے تمام

الذُّنُوْبِ وَتَمْحَقُ بِهَا عَنَّا الْخَطِیَّاتِ وَتَقْضِیْ لَنَا بِهَا جَمِیْعَ
گناہ اور مٹا دے بطفیل اس کے ہماری تمام خطایئں اور پوری فرمائے ہماری تمام

مَا نَطْلُبُهٗ مِنَ الْحَاجَاتِ وَتَرْفَعُنَا بِهَا عِنْدَكَ اَعْلَی الدَّرَجَاتِ
مطلوبہ حاجات کو اور بلند فرمائے اس کے ذریعے اپنے ہاں ہمیں اعلےٰ درجات پر

وَتُبَلِّغُنَا بِهَآ اَقْصَی الْغَایَاتِ مِنْ جَمِیْعِ الْخَیْرَاتِ فِی الْحَیٰوۃِ
اور پہنچائے بسبب اس کے آخری حدود تک تمامتر خیرات سے دنیوی حیات میں

وَبَعْدَ الْمَمَاتِ ؕ یَا رَبُّ یَآ اَللّٰهُ یَا مُجِیْبَ الدَّعَوَاتِ اَللّٰهُمَّ
اور وفات کے بعد۔ یا رب۔ یا اللہ۔ اے قبول کرنے والے دعاؤں کے۔ اے اللہ

صَلِّ عَلَیْهِ وَعَلٰی اٰلِهٖ وَاَصْحَابِهٖ صَلٰوۃً تُنَوِّرُ بِهَا الْقُلُوْبَ
صلواۃ و سلام نازل فرما ان پر اور ان کی آل پر اور اصحاب پر کہ بطفیل اس کے منور فرمائے ہمارے قلوب

وَتَغْفِرُ بِهَا الذُّنُوْبَ وَتَسْتُرُ بِهَا الْعُیُوْبَ وَتَكْشِفُ الْكُرُوْبَ
اور بخشے ہمارے ذنوب اور ڈھانپے ہمارے عیوب اور دور فرمائے ہمارے اندوہ

وَتُفَرِّجُ الْهُمُوْمَ وَتُزِیْلُ الْغُمُوْمَ وَتَرْفَعُ الْبَلَآءَ وَتُزِیْلُ
اور کشائش بخشے غموم سے اور زائل فرمائے آلام اور دور فرمائے بلا کو اور زائل فرمائے

الشَّقَآءَ وَتُنَزِّلُ الشِّفَآءَ وَتُسَهِّلُ الْاُمُوْرَ وَتَشْرَحُ الصُّدُوْرَ
شقاوت اور نازل فرمائے شفاء اور آسان فرمائے تمام امور، اور کھول دے ہمارے سینے۔

وَتُوَسِّعُ الْقُبُوْرَ وَتُیَسِّرُ الْحِسَابَ وَتُعَلِّمُ الْكِتَابَ وَتُثَقِّلُ
اور وسیع فرمائے ہماری قبور اور آسان فرمائے حساب کو اور علم دے کتاب کا۔ اور بھاری فرمائے

الْمِیْزَانَ وَتُهَیِّئُ الْجِنَانَ وَتُعِدُّ اللِّقَآءَ وَتُتِمُّ النَّعْمَآءَ
میزان حسنات کو اور مہیا فرمائے جنتیں اور اہل بنائے اپنی لقاء کا اور مکمل فرمائے نعمتوں کو۔

اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ
اے اللہ صلواۃ و سلام نازل فرما سیدنا محمد پر اور آپ کی آل پر

صَلٰوۃً تُصْلِحُ بِهَا الْاَحْوَالَ وَتُفَرِّغُ الْبَالَ وَتُصَفِّی الْوَقْتَ
جس صلواۃ کے طفیل ہمارے احوال کی اصلاح فرمائے اور ہمیں فارغ البال بنائے اور ہمارے وقت

وَتُجَنِّبُ الْمَقْتَ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ
کو صفائی بخشے اور ناراضگی سے دور رکھے۔ اے اللہ صلواۃ و سلام نازل فرما سیدنا محمد پر

وَّعَلٰی اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ صَلٰوۃً تَعُمُّ بَرَكَاتُهَا وَتُحِیْطُ
اور آپ کی آل امجاد پر جس صلواۃ کی برکات عام ہوں۔ اور کرامات

كَرَامَاتُهَا وَتُشَیِّعُ اَنْوَارُهَا وَتَظْهَرُ اَسْرَارُهَا اَللّٰهُمَّ صَلِّ
و بزرگیاں محیط ہوں۔ اور انوار شائع ہوں اور اسرار ظاہر ہوں۔ اے اللہ صلواۃ

وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ صَلٰوۃً مُّوْجِبَةً
وسلام نازل فرما سیدنا محمد پر اور سیدنا محمد کی آل پر جو صلواۃ موجب ہو

لِّلسَّدَادِ وَبَاعِثَةً عَلَی الرَّشَادِ مَانِعَةً عَنِ الضَّلَالِ دَافِعَةً
مضبوطی اور پختگی کی اور باعث ہو راست روی کی۔ مانع ہو گمراہی و کجروی سے۔ دور کرنے والی

لِّلْاِخْتِلَالِ مُحَصِّلَةً لِّلْكَمَالِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا
خلل و انتشار کو اور موجود کرنے والی ہو کمال کی۔ اے اللہ صلواۃ وسلام نازل فرما سیدنا

مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ صَلٰوةً لَّا تَدَعُ خَيْرًا مِّنْ

محمدؐ پر اور آپ کی آل پر جو صلواۃ کہ نہ چھوڑے کسی خیر کو

خَيْرَاتِ الدُّنْيَا وَالْاٰخِرَةِ اِلَّا حَصَّلْتَهَا وَلَا تَتْرُكُ كَمَالًا

دُنیا و آخرت کی خیرات میں سے مگر ہمارے لیے موجود کردے۔ اور نہ چھوڑے کوئی کمال

مِّنْ كَمَالَاتِ الظَّاهِرِ وَالْبَاطِنِ اِلَّا اَتْمَمْتَهَا وَ اَكْمَلْتَهَا

ظاہری اور باطنی کمالات میں سے مگر ان کو ہمارے لیے کامل و مکمل کردے

اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى اٰلِ سَيِّدِنَا

اے اللہ صلواۃ و سلام نازل فرما سیدنا محمدؐ پر اور آپ کی آل پر

مُحَمَّدٍ صَلٰوةً دَآئِمَةً مُّتَّصِلَةً بَاقِيَةً غَيْرَ مُنْقَطِعَةٍ وَّاقِعَةً

ایسی صلواۃ جو دائم و مسلسل ہو باقی ہو ختم نہ ہونے والی ہو

بِلِسَانِ الْحَالِ وَالْقَالِ مُؤَدِّيَةً جَمِيْعَ الْحُقُوْقِ فِيْ جَمِيْعِ

زبان حال و مقال دونوں سے صادر ہونے والی ہو۔ ادا کرنے والی ہو محبوب کریم کے

الْاَحْوَالِ اَللّٰهُمَّ يَسِّرْ اُمُوْرَنَا كُلَّهَا فِي الدُّنْيَا وَالْاٰخِرَةِ

تمام حقوق کو تمام احوال میں۔ اے اللہ آسان فرما ہمارے تمام امور دینوی اور آخروی۔

هُوَ اللّٰهُ الَّذِيْ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ ۭ قُلْ اِنَّمَآ

وہ اللہ کہ نہیں معبود برحق مگر وہی۔ فرما دو میں صرف

اَدْعُوْ رَبِّيْ وَلَآ اُشْرِكُ بِهٖٓ اَحَدًا ○ قُلْ هُوَ

اپنے رب کی عبادت کرتا ہوں اور نہیں شریک ٹھہراتا اس کے ساتھ کسی کو۔ فرما دو وہ

اللّٰهُ اَحَدٌ ○ اَللّٰهُ الصَّمَدُ ○ لَمْ يَلِدْ ۙ وَلَمْ

اللہ یگانہ ہے۔ اللہ بے نیاز ہے نہ اس نے کسی کو جنا اور نہ

يُوْلَدْ ۙ وَلَمْ يَكُنْ لَّهٗ كُفُوًا اَحَدٌ ○

وہ جنا گیا اور نہیں اس کے لیے مثیل و مشابہ کوئی بھی۔

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

إِنَّ اللّٰهَ وَمَلٰٓئِكَتَهٗ يُصَلُّوْنَ عَلَى النَّبِيِّ يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا صَلُّوْا عَلَيْهِ وَسَلِّمُوْا تَسْلِيْمًا

اللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّبَارِكْ وَسَلِّمْ

الحمد للّٰہ والمنۃ

کہ دریں زمان سعادت اقتران بفضل

ایزد منّان تحفۂ عجائب و ہدیۂ غرائب الی اللہ

مقبول بارگاہ شاہ کونین حضرت محمد رسول اللہ

مُسمّٰی بہ

مجموعۂ صلوات الرسول

الجزء السابع عشر

فی شفاعتہ و وسیلتہ صلی اللہ علیہ وسلم

از تصنیف خادم مخلوق الملک السبحان خلیفہ حضرت شاہ جیلانی

حضرت خواجۂ خواجگان خواجہ محمد عبد الرحمٰن صاحب

ساکن چھوہر شریف ضلع ہری پور

صوبۂ سرحد پاکستان

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۝

اللہ کے نام سے شروع جو بہت مہربان رحمت والا

اَللّٰهُمَّ اِنِّیْٓ اَسْئَلُكَ بِشَفَاعَةِ بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۝ وَبِوَسِيْلَةِ

اے اللہ میں تجھ سے سوال کرتا بطفیل شفاعت بسم اللہ الرحمٰن الرحیم" کے اور بطفیل و توسل

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۝ وَبِفَضِيْلَةِ بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۝

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم " کے اور بطفیل فضیلت بسم اللہ الرحمٰن الرحیم کے "

وَبِجَلَالَةِ بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۝ وَبِكَفَالَةِ بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ

اور بطفیل جلالت " بسم اللہ الرحمٰن الرحیم " کے اور بطفیل کفالت ۔ بسم اللہ الرحمٰن

الرَّحِيْمِ ۝ اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ ۝ لا الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۝ مٰلِكِ يَوْمِ

الرحیم" کے تمام ثنائیں اللہ کے لیے ہیں جو پروردگار عالمین ہے جس کا انعام دنیا میں مومن و کافر کو شامل اور آخرت میں مومنین سے مختص ہے قیامت

الدِّيْنِ ۝ اِيَّاكَ نَعْبُدُ وَاِيَّاكَ نَسْتَعِيْنُ ۝ اِهْدِنَا الصِّرَاطَ الْمُسْتَقِيْمَ

دن میں ہر شئی کا مالک ہے (ظاہر میں بھی) اے (ان اوصاف والے) تیری ہی عبادت کرتے ہیں اور تجھی سے توفیق طلب کرتے ہیں ہم

صِرَاطَ الَّذِيْنَ اَنْعَمْتَ عَلَيْهِمْ ۝ لا غَيْرِ الْمَغْضُوْبِ عَلَيْهِمْ وَلَا

راہ راست پر چلا ۔ راہ ان کی جن پر تو نے انعام فرمایا نہ ان کی جن پر غضب کیا گیا اور نہ

الضَّآلِّيْنَ ۝ اٰمِيْنَ قَالَ اللّٰهُ تَعَالٰى مَنْ ذَا الَّذِیْ يَشْفَعُ عِنْدَهٗٓ اِلَّا

گمراہوں کی ۔ آمین فرمایا اللہ تعالےٰ نے کوئی نہیں جو شفاعت کرے اس کے ہاں مگر

بِاِذْنِهٖ ط وَقَالَ اللّٰهُ تَعَالٰى مَنْ يَّشْفَعْ شَفَاعَةً حَسَنَةً يَّكُنْ لَّهٗ

اس کے اذن سے اور فرمایا اللہ تعالےٰ نے "جو شخص اچھی شفاعت کرے گا تو اس کے لیے ہوگا

نَصِيْبٌ مِّنْهَا وَمَنْ يَّشْفَعْ شَفَاعَةً سَيِّئَةً يَّكُنْ لَّهٗ كِفْلٌ مِّنْهَا وَ

حصہ اس میں سے اور جو بری شفاعت کرے گا تو ہوگا اس کے لیے بھی حصہ اس سے ۔ اور

قَالَ اللّٰهُ تَعَالٰى وَاَنْذِرْ بِهِ الَّذِيْنَ يَخَافُوْنَ اَنْ يُّحْشَرُوْٓا اِلٰى رَبِّهِمْ

فرمایا اللہ تعالیٰ نے " اور ڈراؤ ساتھ اس کے انہیں جو خوف رکھتے ہیں اس سے کہ اٹھائے جائیں طرف اپنے رب

لَیْسَ لَهُمْ مِّنْ دُوْنِهٖ وَلِیٌّ وَّلَا شَفِیْعٌ وَقَالَ اللّٰهُ تَعَالٰی وَذَكِّرْ بِهٖٓ اَنْ

نہیں ہے ان کے لیے اللہ تعالیٰ کو چھوڑ کر کوئی ناصر اور نہ شفیع اور فرمایا اللہ تعالیٰ نے "اور نصیحت کرو ساتھ اس کے کہ

تُبْسَلَ نَفْسٌۢ بِمَا كَسَبَتْ لَیْسَ لَهَا مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ وَلِیٌّ وَّلَا شَفِیْعٌ وَ

ہلاک کیا جائے کوئی نفس بسبب اپنی کمائی کے۔ نہیں ہے اس کے لیے اللہ تعالیٰ کو چھوڑ کر کوئی مددگار اور نہ مالک شفاعت اور

قَالَ اللّٰهُ تَعَالٰی مَا مِنْ شَفِیْعٍ اِلَّا مِنْۢ بَعْدِ اِذْنِهٖ وَقَالَ اللّٰهُ تَعَالٰی

فرمایا اللہ تعالےٰ نے "نہیں ہے کوئی شفیع مگر اللہ تعالےٰ کے اذن سے" اور فرمایا اللہ تعالیٰ نے

وَلَا تَنْفَعُ الشَّفَاعَةُ عِنْدَهٗٓ اِلَّا لِمَنْ اَذِنَ لَهٗ وَقَالَ اللّٰهُ تَعَالٰی

"اور نہیں نفع دے گی شفاعت اس کے ہاں مگر جس کو اذن دے گا اس کا اور فرمایا اللہ تعالےٰ نے

یٰٓاَیُّهَا الَّذِیْنَ اٰمَنُوا اتَّقُوا اللّٰهَ وَابْتَغُوْٓا اِلَیْهِ الْوَسِیْلَةَ وَجَاهِدُوْا

"اے ایمان والو اللہ سے ڈرو اور طلب کرو طرف اس کے وسیلہ اور جہاد کرو

فِیْ سَبِیْلِهٖ لَعَلَّكُمْ تُفْلِحُوْنَ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدِنِ

اس کی راہ میں تاکہ تم فلاح پاؤ۔ اے اللہ صلوٰۃ کاملہ نازل فرما سیدنا محمد پر

الَّذِیْ جَعَلَهُ اللّٰهُ لِلْاَنَامِ شَفِیْعًا شَافِعًا مُّشَفَّعًا اَللّٰهُمَّ صَلِّ

جنہیں تو نے بنایا ہے مخلوقات کے لیے شفیع شافع اور مقبول الشفاعت۔ اے اللہ صلوٰۃ

عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدِنِ الَّذِیْ یُرْجٰی بِهٖ مَنْ اَطَاعَهٗ نَیْلَ الْخُلْدِ وَالشَّفَاعَةِ

کاملہ نازل فرما سیدنا محمد پر جن سے امید رکھتے ہیں تمام اطاعت گزار جنت خلد پانے کی اور شفاعت کی

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ خَیْرِ شَافِعٍ وَّشَفِیْعٍ وَّمُشَفَّعٍ اَللّٰهُمَّ

اے اللہ صلوٰۃ نازل فرما سیدنا محمد پر جو بہترین شافع۔ شفیع اور مقبول الشفاعت ہیں۔ اے اللہ

صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدِنِ الَّذِیْ قَالَ یَدْخُلُ الْجَنَّةَ بِشَفَاعَةِ رَجُلٍ

صلوٰۃ نازل فرما سیدنا محمد پر جنہوں نے فرمایا داخل ہوں گے جنت میں میری اُمت کے ایک مرد کی

مِّنْ اُمَّتِیْٓ اَكْثَرُ مِنْ بَنِیْ تَمِیْمٍ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدِنِ

شفاعت سے بنو تمیم سے زیادہ تعداد والے افراد۔ اے اللہ صلوٰۃ نازل فرما سیدنا محمد پر

الَّذِیْ قَالَ اِنَّ مِنْ اُمَّتِیْ مَنْ یَّشْفَعُ لِلْفِئَامِ وَمِنْهُمْ مَّنْ یَّشْفَعُ

جنہوں نے فرمایا بے شک میری اُمت میں ہیں ایسے افراد جو شفاعت کریں گے بڑے قبیلوں کیلئے اور بعض شفاعت کریں گے

لِلْقَبِیْلَةِ وَمِنْهُمْ مَّنْ یَّشْفَعُ لِلْعُصْبَةِ وَمِنْهُمْ مَّنْ یَّشْفَعُ لِلرَّجُلِ

چھوٹے قبیلوں کے لیے اور بعض شفاعت کریں گے جماعت کے لیے۔ اور بعض شفاعت کریں گے ایک ایک فرد کے لیے

حَتّٰی یَدْخُلَ الْجَنَّةَ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدِنِ الَّذِیْ قَالَ

تاکہ جنت میں داخل ہو جائے۔ اے اللہ صلوٰۃ نازل فرما سیدنا محمد پر جنہوں نے فرمایا کہ

یُصَفُّ اَهْلُ النَّارِ فَیَمُرُّ بِهِمُ الرَّجُلُ مِنْ اَهْلِ الْجَنَّةِ فَیَقُوْلُ

دوزخیوں کو قطار میں کھڑا کیا جائے گا تو ان کے پاس سے گزریگا ایک شخص اہل جنت سے تو دوزخ کے مستحقین میں سے

الرَّجُلُ مِنْهُمْ یَا فُلَانُ اَمَا تَعْرِفُنِیْ اَنَا الَّذِیْ سَقَیْتُكَ شَرْبَةً وَّ

ایک اسے کہے گا۔ اے فلاں کیا تو مجھے پہچانتا نہیں ہیں وہ ہوں جس نے تجھے پانی پلایا تھا اور

قَالَ بَعْضُهُمْ اَنَا الَّذِیْ وَهَبْتُ لَكَ وَضُوْٓءًا فَیَشْفَعُ لَهٗ فَیُدْخِلُهُ الْجَنَّةَ

بعض کہیں گے میں وہ ہوں جس نے تجھے وضو کا پانی پیش کیا تھا تو وہ اس کی شفاعت کرکے اسے جنت میں داخل کرائے گا

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدِنِ الَّذِیْ قَالَ اِنَّ اللّٰهَ عَزَّوَجَلَّ وَعَدَنِیْٓ اَنْ

اے اللہ صلوٰۃ کاملہ نازل فرما سیدنا محمد پر جنہوں نے فرمایا بیشک اللہ تعالیٰ نے وعدہ فرمایا ہے میرے ساتھ کہ

یُّدْخِلَ الْجَنَّةَ مِنْ اُمَّتِیْٓ اَرْبَعَمِائَةِ اَلْفٍ بِلَا حِسَابٍ فَقَالَ اَبُوْبَكْرٍ

داخل فرمائے گا جنت میں میری امت سے چار لاکھ افراد بغیر حساب کے پس عرض کیا ابوبکر صدیق نے

زِدْنَا یَا رَسُوْلَ اللّٰهِ فَقَالَ وَهٰكَذَا فَحَثَا بِكَفَّیْهِ فَجَمَعَهُمَا فَقَالَ اَبُوْبَكْرٍ

یارسول اللہ ہمیں زیادہ کی بشارت دیجئے آپ نے فرمایا اور اتنے مزید اور دونوں کف دست کو جمع فرمایا تو حضرت ابوبکر

زِدْنَا یَا رَسُوْلَ اللّٰهِ قَالَ وَهٰكَذَا فَقَالَ عُمَرُ دَعْنَا یَا اَبَا بَكْرٍ فَقَالَ

نے عرض کیا یا رسول اللہ ہمیں مزید کی بشارت دیں آپ نے فرمایا اور اتنے مزید۔ تو حضرت عمر نے کہا چھوڑیئے ہمیں اے ابوبکر تو انہوں

اَبُوْبَكْرٍ وَمَا عَلَیْكَ اَنْ یُّدْخِلَنَا اللّٰهُ كُلَّنَا الْجَنَّةَ فَقَالَ عُمَرُ اِنَّ

نے فرمایا۔ اور تم پر کیا گرانی ہے کہ ہم سب کو ہی اللہ تعالیٰ محض اپنے فضل سے جنت میں داخل کر دے۔ تو حضرت عمر نے فرمایا بے شک

اللهُ عَزَّ وَجَلَّ اِنْ شَآءَ اَنْ يُّدْخِلَ خَلْقَهُ الْجَنَّةَ بِكَفٍّ وَّاحِدٍ فَعَلَ

اللہ تعالیٰ اگر چاہے کہ ساری مخلوق کو ایک ہی کف دست سے جنت میں داخل کر دے تو وہ کر سکتا ہے

فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ صَدَقَ عُمَرُ اَللّٰهُمَّ صَلِّ

تو نبی صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم نے فرمایا عمر فاروق نے سچ کہا ہے ۔ اے اللہ صلوٰۃ

عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدِنِ الَّذِيْ قَالَ اِنَّ رَجُلَيْنِ

کاملہ نازل فرما سیدنا محمد پر اور آپ کی آل پر جس محبوب نے فرمایا کہ دوزخیوں میں سے

مِمَّنْ دَخَلَ النَّارَ اشْتَدَّ صِيَاحُهُمَا فَقَالَ الرَّبُّ تَعَالٰى اَخْرِجُوْهُمَا

دو شخصوں کا شور و غل زیادہ ہو جائے گا تو رب تعالیٰ فرمائے گا انہیں باہر نکالو پھر

فَقَالَ لَهُمَا لِاَيِّ شَيْءٍ اشْتَدَّ صِيَاحُكُمَا قَالَا فَعَلْنَا ذٰلِكَ لِتَرْحَمَنَا

دریافت فرمائے گا کس لیے تمہاری چیخ و پکار زیادہ ہو گئی ہے وہ کہیں گے ہم نے یہ اس لیے کیا ہے تاکہ تو ہم پر رحم فرمائے

قَالَ فَاِنَّ رَحْمَتِيْ لَكُمَا اَنْ تَنْطَلِقَا فَتُلْقِيَا اَنْفُسَكُمَا حَيْثُ كُنْتُمَا مِنَ

اللہ تعالیٰ فرمائے گا میری رحمت تمہارے لیے یہ ہے کہ تم دونوں جاکر اپنے آپ کو وہیں گرا دو جہاں پر پہلے موجود تھے

النَّارِ فَيُلْقِيْ اَحَدُهُمَا نَفْسَهٗ فَيَجْعَلُهَا اللهُ عَلَيْهِ بَرْدًا وَّسَلَامًا وَّيَقُوْمُ

تو ان میں سے ایک اپنے آپ کو گرا دے گا تو اللہ تعالیٰ جہنم کو اس پر ٹھنڈی اور سراسر سلامتی بنا دے گا ۔ اور دوسرا کھڑا

الْاٰخَرُ فَلَا يُلْقِيْ نَفْسَهٗ فَيَقُوْلُ لَهُ الرَّبُّ تَعَالٰى مَا مَنَعَكَ اَنْ تُلْقِيَ

رہے گا اپنے آپ کو نہیں پھینکے گا تو اللہ تعالیٰ اس سے دریافت فرمائے گا تجھے اپنا آپ گرانے میں کیا امر مانع ہوا جیسے کہ

نَفْسَكَ كَمَآ اَلْقٰى صَاحِبُكَ فَيَقُوْلُ رَبِّ اِنِّيْ لَاَرْجُوْ اَنْ لَّا تُعِيْدَنِيْ فِيْهَا

تیرے ساتھی نے اپنے کو گرا دیا تو وہ عرض کرے گا ۔ اے میرے رب بیشک میں البتہ امید رکھتا ہوں کہ تو مجھے اس میں نہیں لوٹائیگا

بَعْدَ مَآ اَخْرَجْتَنِيْ مِنْهَا فَيَقُوْلُ لَهُ الرَّبُّ لَكَ رَجَآئُكَ فَيَدْخُلَانِ

اس نے نکالنے کے بعد تو رب تعالیٰ فرمائے گا تیرے لیے ہے تیری امید و رجاء تو وہ دونوں جنت میں

جَمِيْعًا الْجَنَّةَ بِرَحْمَةِ اللهِ اَللّٰهُمَّ اِنَّا نَسْئَلُكَ رِضْوَانًا مِّنَ اللهِ

داخل ہو جائیں گے اللہ تعالیٰ کی رحمت سے ۔ اے اللہ بے شک ہم سوال کرتے ہیں تجھ سے تیری رضامندی کا

اَللّٰهُمَّ ارْضَ مِنَّا وَاَرْضِنَا مِنْكَ بِرِضَائِكَ يَا اَللهُ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى

اے اللہ تو ہم سے راضی ہو اور ہمیں اپنے سے راضی فرما اے اللہ ۔ اے اللہ صلوٰۃ کاملہ نازل

سَيِّدِنَا مُحَمَّدِنِ الْحَرْفِ الَّذِيْ مَدَادُهٗ مِنْ نُّوْرِ ذَاتِ اللهِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ

فرما سیدنا محمد پر کہ جن (کے نام نامی) ہر حرف کی روشنائی ذات الٰہیہ کے نور سے ہے ۔ اے اللہ صلوٰۃ

عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدِنِ الشَّكْلِ الَّذِيْ مَدَادُهٗ مِنْ كُنُوْزِ مَكْنُوْنِ سِرِّ اللهِ

نازل فرما سیدنا محمد پر کہ جن کی شکل مبارک کا مادہ تخلیق اسرار خداوندی کے مخفی خزائن سے ہے

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ هَمْزَةِ اَلِفِ الْبِدَايَاتِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ

اے اللہ صلوٰۃ نازل فرما سیدنا محمد پر جو ہمزہ ہیں ایجادات و بدایات کی الف کا ۔ اے اللہ صلوٰۃ

عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ بَآءِ بُرْهَانِ الدَّلَالَاتِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا

نازل فرما سیدنا محمد پر جو باء ہیں دلالات (خداوندی) کے برہان کی ۔ اے اللہ صلوٰۃ نازل فرما سیدنا

مُحَمَّدٍ تَآءِ تَكْوِيْنِ الْمُكَوَّنَاتِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ ثَآءِ

محمد پر جو تکوین کائنات کی تاء ہیں ۔ اے اللہ صلوٰۃ نازل فرما سیدنا محمد پر جو اعمال

ثَوَابِ الْاَعْمَالِ الصَّالِحَاتِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ جِيْمِ

صالحہ کے ثواب کی ثاء ہیں ۔ اے اللہ صلوٰۃ نازل فرما سیدنا محمد پر جو دونوں جنتیوں

جَنَا الْجَنَّتَيْنِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ حَآءِ حِمَايَةِ الدُّنْيَا

کے چنے ہوئے جید و عمدہ پھلوں کی جیم ہیں ۔ اے اللہ صلوٰۃ نازل فرما سیدنا محمد پر جو دینی و دنیوی حمایت کی

وَالدِّيْنِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ خَآءِ خِتَامِ الْخَيْرَاتِ اَللّٰهُمَّ

حاء ہیں ۔ اے اللہ صلوٰۃ نازل فرما سیدنا محمد پر جو خیرات کی خواتیم اور مہروں کی خاء ہیں ۔ اے اللہ

صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ دَالِ دَلِيْلِ النَّجَاتِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا

صلوٰۃ نازل فرما سیدنا محمد پر جو دلیل نجات کی دال ہیں ۔ اے اللہ صلوٰۃ نازل فرما سیدنا

مُحَمَّدٍ ذَالِ ذُرْوَيِ الْمَعَالِيْ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ رَآءِ رُوْحِ

محمد پر جو بلندیوں کے ذروں اور نہایت کی ذال ہیں ۔ اے اللہ صلوٰۃ نازل فرما سیدنا محمد پر جو شرف اعلیٰ کے روح

الشَّرَفِ الْعَالِیْ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ زَآءِ زَهْرَةِ السَّنَا اَللّٰهُمَّ
کی زاء ہیں۔ اے اللہ صلوٰۃ نازل فرما سیدنا محمد پر جو ضیاء کی زہرت اور رونق وبہار کی زاء ہیں۔ اے اللہ
صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ سِیْنِ سَحَآئِبِ الْغُفْرَانِ ط اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰی
صلوٰۃ نازل فرما سیدنا محمد پر جو مغفرت کے سحاب اور بادلوں کا سین ہیں۔ اے اللہ صلوٰۃ نازل فرما
سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ شِیْنِ شَمَآئِلِ النَّدَا لِلْاِیْمَانِ ط اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا
سیدنا محمد پر جو خدا و ایمان کے شمائل کی شین ہیں۔ اے اللہ صلوٰۃ نازل فرما سیدنا
مُحَمَّدٍ صَادِ صَلَاحِ الْاَخْیَارِ ط اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ ضَادِ
محمد پر جو پاک سیرت لوگوں کے صلاح وتقویٰ کی صاد ہیں۔ اے اللہ صلوٰۃ نازل فرما سیدنا محمد پر جو روز و
ضِیَآءِ اللَّیْلِ وَالنَّهَارِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ طَآءِ طِرَازِ
شب کی ضیاء ونورانیت کی ضاد ہیں۔ اے اللہ صلوٰۃ نازل فرما سیدنا محمد پر جو نور انور کے
النُّوْرِ الْاَسْنَا اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ ظَآءِ ظُهُوْرِ اٰیَاتِ الْعُلٰی
طراز و نقش کی طاء ہیں۔ اے اللہ صلوٰۃ نازل فرما سیدنا محمد پر جو بلند مرتبت آیات کے ظہور کی ظاء ہیں
اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ عَیْنِ عِرْفَانِ الْاَنَامِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ
اے اللہ صلوٰۃ نازل فرما سیدنا محمد پر جو مخلوق کے عرفان کی عین ہیں۔ اے اللہ صلوٰۃ
عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ غَیْنِ غَنِیْمَةِ الْفَلَاحِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا
نازل فرما سیدنا محمد پر جو فلاح وکامیابی کی غنیمت کی غین ہیں۔ اے اللہ صلوٰۃ نازل فرما سیدنا
مُحَمَّدٍ فَآءِ فَصَاحَةِ الْفُصَّاحِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ قَافِ
محمد پر جو فصحاء کی فصاحت کی فاء ہیں۔ اے اللہ صلوٰۃ نازل فرما سیدنا محمد پر جو انعام واحسان
قَلَآئِدِ الْاِمْتِنَانِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ مِیْمِ مَوَادِ الْاَسْرَارِ
کے قلائد اور ہاروں کی قاف ہیں۔ اے اللہ صلوٰۃ نازل فرما سیدنا محمد پر جو مواد اسرار و رموز کی میم ہیں۔
اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ نُوْنِ نَعِیْمِ الْاَبْرَارِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ
اے اللہ صلوٰۃ نازل فرما سیدنا محمد پر جو نعیم ابرار کی نون ہیں۔ اے اللہ صلوٰۃ نازل

عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّاوِ وِصَالِ الْاَحْبَابِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ
فرما سیدنا محمد پر جو وصال احباب کی واؤ ہیں۔ اے اللہ صلوٰۃ نازل فرما سیدنا محمد
هَآءِ الْهُدٰی مَنِ اهْتَدٰی اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ لَامِ اَلِفِ
جو ہدایت یافتہ لوگوں کی ہاء ہدایت ہیں۔ اے اللہ صلوٰۃ نازل فرما سیدنا محمد پر جو لام الف (لا)
الْاَسْبَابِ الْمُوْصِلَةِ اِلٰی مَعْرِفَةِ رَبِّ الْاَرْبَابِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا
ہیں الاسباب کی جو پہنچانے والے ہیں رب الارباب کی معرفت تک۔ اے اللہ صلوٰۃ نازل فرما سیدنا
مُحَمَّدٍ یَآءِ یَدِ الْاِنْعَامِ السَّامِیَةِ مِنْ ذِی الْجَلَالِ وَالْاِکْرَامِ اَللّٰهُمَّ
محمد پر جو یاء ہیں ذوالجلال والاکرام کے بلند مرتبت ید یعنی دست انعام کی۔ اے اللہ
صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ قُطْبِ دَآئِرَةِ الْوُجُوْدِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰی
صلوٰۃ نازل فرما سیدنا محمد پر جو دائرہ وجود کے قطب ومرکز ہیں۔ اے اللہ صلوٰۃ نازل فرما
سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ سَیِّدِ کُلِّ وَالِدٍ وَّمَوْلُوْدٍ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا
سیدنا محمد پر جو ہر والد و مولود کے سردار ہیں۔ اے اللہ صلوٰۃ نازل فرما سیدنا
مُحَمَّدٍ اِمَامِ الْعٰلَمِیْنَ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ قُدْوَةِ السَّابِقِیْنَ
محمد پر جو امام العالمین ہیں۔ اے اللہ صلوٰۃ نازل فرما سیدنا محمد پر جو سابقین ولاحقین
وَاللَّاحِقِیْنَ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ الدَّالِّ عَلٰی سَبِیْلِ النَّجَاةِ
کے مقتداء ہیں۔ اے اللہ صلوٰۃ نازل فرما سیدنا محمد پر جو راہ نجات کے رہبر ہیں
اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ الْمُوْصِلِ اِلٰی رِضَآءِ رَبِّ الْاَرْضِ
اے اللہ صلوٰۃ نازل فرما سیدنا محمد پر جو پہنچانے والے ہیں رب السموات والارض کی
وَالسَّمٰوٰتِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ صَلٰوةَ عَبْدٍ تُرْفَعُ بِهَا
رضامندی تک۔ اے اللہ صلوٰۃ نازل فرما سیدنا محمد پر صلوٰۃ عبد و غلام کی کہ اس کی بدولت
لَهُ الرُّتَبُ الْفَاخِرَةُ وَیَنْجُوْ بِهَا مِنْ مَّکَارِهِ الدُّنْیَا وَالْاٰخِرَةِ اَللّٰهُمَّ
اس کے لیے قابل فخر مراتب مہیا کئے جائیں اور وہ نجات پائے دنیا و آخرت کے شدائد سے۔ اے اللہ

اللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدِنِ الَّذِىْ وَافَتْهُ الْمَهَابَةُ وَالْجَلَالُ اَللّٰهُمَّ

اے اللہ صلواۃ نازل فرما سیدنا محمد پر جن کو کامل ہیبت وجلال نصیب ہوا۔ اے اللہ

صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدِنِ الَّذِىْ تَمَّ لَهُ الْمَحَاسِنُ وَالْجَمَالُ اَللّٰهُمَّ اِنِّىْ

صلواۃ نازل فرما سیدنا محمد پر جن کے لیے تام وکامل ہوئے محاسن وجمال۔ اے اللہ میں

اَتَوَسَّلُ اِلٰى ذَاتِكَ بِذَاتِكَ وَنِعْمَ الْمَسْئُوْلُ وَنِعْمَ الْوَسِيْلَةُ

وسیلہ پکڑتا تیری ذات کی طرف تیری ذات کے ساتھ اور خوبترین مسئول ہے تو اور خوبترین وسیلہ ہے

بِوَسِيْلَةِ خَيْرِ الْوَرٰى اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى مَنْ اَتَوَسَّلُ بِهٖ

وسیلہ خیر الورٰی کا۔ اے اللہ صلواۃ وسلام نازل فرما اس ذات والا پر کہ وسیلہ پکڑتا ہوں ان کا

صلوٰۃ و سلام نازل فرما سیدنا محمد پر اور آپ کی آل اطہار پر جس صلوٰۃ کے طفیل فنا کرے

بِهَا فِيْٓ اَفْعَالِكَ اَفْعَالَنَا اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّ

اپنے افعال میں ہمارے افعال کو۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل فرما سیدنا محمد پر اور

عَلٰٓى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ صَلٰوةً تُثَقِّلُ بِهَا مِيْزَانَنَا اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ

آپ کی آل پر جس صلوٰۃ کے طفیل ہمارے میزان حسنات کو بھاری فرمائے۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل

عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ صَلٰوةً تُثَبِّتُ بِهَا عَلَى

فرما سیدنا محمد پر اور آپ کی آل اطہار پر جس صلوٰۃ کے طفیل ثابت رکھے

الصِّرَاطِ اَقْدَامَنَا اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى اٰلِ

پل صراط پر ہمارے قدموں کو۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل فرما سیدنا محمد پر اور آپ

سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ صَلٰوةً تُدْخِلُنَا بِهَا جَنّٰتِ النَّعِيْمِ بِلَا حِسَابٍ اَللّٰهُمَّ

کی آل پر جس کے طفیل داخل فرمائے ہمیں جنات نعیم میں بغیر حساب کے۔ اے اللہ

صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ صَلٰوةً تُبِيْحُ

صلوٰۃ و سلام نازل فرما سیدنا محمد پر اور آپ کی آل پر جس صلوٰۃ کے طفیل ہم پر مباح فرمائے

لَنَا بِهَا النَّظَرَ اِلٰى وَجْهِكَ الْكَرِيْمِ مَعَ الْاَحْبَابِ اٰمِيْنَ اَللّٰهُمَّ صَلِّ

اپنے دیدار ذات کو بمع ہمارے احباب کے آمین۔ اے اللہ صلوٰۃ

وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ صَلٰوةً تَنْحَلُنَا بِهَا

و سلام نازل فرما سیدنا محمد پر اور آپ کی آل پر کہ جس کے طفیل ہمیں عطا فرمائے

حُبَّ اٰلِهٖ وَاَصْحَابِهٖ اَجْمَعِيْنَ اِلٰهَنَا فَاَعْطِنَا فَوْقَ مَا نُؤَمِّلُ

محبت آل رسول کی اور تمام اصحاب رسول کی۔ اے ہمارے الٰہ ہمیں عطا فرما زائد اس سے جس کی امید رکھتے

وَمَا لَا يَخْطُرُ بِبَالٍ يَّا مَنْ هُوَ وَاهِبٌ كَرِيْمٌ مُّجِيْبُ السُّؤَالِ فَاِنَّهٗ

اور جو نہیں کھٹکتا کسی کے دل میں اے کہ واہب و کریم ہے سوال پورا کرنے والا ہے تحقیق

لَا مَانِعَ لِمَآ اَعْطَيْتَ وَلَا مُعْطِيَ لِمَا مَنَعْتَ وَلَا رَآدَّ لِمَا قَضَيْتَ

نہیں روکنے والا تیری عطا کو اور نہیں کوئی عطا کرنے والا تیرے روکے ہوئے کو اور نہیں کوئی ماننے والا تیری قضا کو

وَلَا مُبَدِّلَ لِمَا حَكَمْتَ وَلَا هَادِيَ لِمَآ اَضْلَلْتَ وَلَا مُضِلَّ لِمَنْ

اور نہ تبدیل کرنے والا تیرے حکم کو۔ اور نہ ہدایت دینے والا تیرے گمراہ کردہ کو اور نہیں گمراہ کرنے والا تیرے

هَدَيْتَ فَاِنَّكَ تَقْضِيْ وَلَا يُقْضٰى عَلَيْكَ وَلَا يَنْفَعُ ذَا الْجَدِّ

ہدایت یافتہ کو۔ تو حکم نافذ کرتا ہے تجھ پر حکم نافذ نہیں کیا جا سکتا اور نہیں نفع دیتا کسی صاحب بخت واقبال کو

مِنْكَ الْجَدُّ وَلَا مُقْعِدَ لِمَنْ اَقَمْتَ وَلَا مُعَذِّبَ لِمَنْ رَّحِمْتَ وَلَا

تجھ سے اس کا بخت و اقبال۔ نہیں بٹھانے والا تیرے قائم کئے ہوئے کو اور نہیں کوئی عذاب دینے والا تیرے مرحوم کو اور نہیں

حِجَابَ لِمَنْ كَشَفْتَ لَهٗ وَلَا كُرُوْبَ ذَنْبٍ لِّمَنْ عَفَوْتَ وَعَصَمْتَ

کوئی محجوب رکھ سکتا تیرے بے پردہ کئے ہوئے کو۔ اور نہیں اندوہ گناہوں کے اس کے لیے جسے عفو فرمائے اور بچائے تو نے

وَقَدْ اَمَرْتَ وَنَهَيْتَ وَلَا قُوَّةَ لَنَا عَلَى الطَّاعَةِ فَقَوِّنَا وَبِحَوْلِكَ وَ

امر فرمایا اور نہی فرمائی اور قوت نہیں ہم میں اطاعت کی لہٰذا قوت بخش اور اپنی قدرت وطاقت

قُدْرَتِكَ عَنِ الْمَعْصِيَةِ جَنِّبْنَا نَتَقَرَّبُ اِلَيْكَ بِطَاعَتِكَ وَنَبْعُدُ

گناہوں سے دور رکھ تاکہ ہم قریب ہو سکیں تیرے بذریعہ اطاعت کے اور تیری

عَنْ مَعْصِيَتِكَ وَنَدْخُلُ فِيْ وَصْفِ هِدَايَةِ مُحَبَّتِكَ وَنَكُوْنُ

معصیت سے دور رہ سکیں اور داخل ہو جائیں تیری محبت میں تیری بیان کردہ راہ کے مطابق اور تیرے

بِاٰدَابِ عُبُوْدِيَّتِكَ قَآئِمِيْنَ وَبِجَلَالِ رُبُوْبِيَّتِكَ طَآئِعِيْنَ وَاجْعَلْ

آداب عبودیت پر قائم ہوں اور تیرے جلال ربوبیت کے لیے سرخم ہوں۔ ہماری زبانوں کو

اَلْسِنَتَنَا نَاطِقَةً بِذِكْرِكَ وَجَوَارِحَنَا قَآئِمَةً بِشُكْرِكَ وَنُفُوْسَنَا

اپنے ذکر کے ساتھ گویا کر اور ہمارے اعضاء کو اپنا شکر گزار۔ ہمارے نفوس کو

سَامِعَةً مُّطِيْعَةً لِّاَمْرِكَ وَاَجِرْنَا مِنْ مَّكْرِكَ وَلَا تُؤْمِنَّا مِنْهُ حَتّٰى

اپنے امر کا سننے اور ماننے والا بنا۔ اور ہمیں محفوظ رکھنا اپنی خفیہ تدبیر سے اور نہ ہمیں اس سے بےخوف کر دینا حتیٰ کہ

لَا نَبْرَحَ لِعَظِيْمِ عِزَّتِكَ مُذْعِنِيْنَ وَمِنْ سَطْوَةِ هَيْبَتِكَ خَآئِفِيْنَ

ہم ہمیشہ تیرے عظیم غلبہ کا یقین رکھیں اور تیری عظیم سطوت سے خوفزدہ رہیں

فَاِنَّهٗ لَا يَاْمَنُ مِنْ مَّكْرِ اللّٰهِ اِلَّا الْقَوْمُ الْخٰسِرُوْنَ ط اَللّٰهُمَّ صَلِّ

کیونکہ اللہ کی خفیہ تدبیر سے بےخوف نہیں ہوتی مگر اہل خسران قوم۔ اے اللہ صلوٰۃ

وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ صَلٰوةً اَنَالُ

وسلام نازل فرما سیّدنا محمد پر اور آپ کی آل پر جس صلوٰۃ کی برکت کے بطفیل پاؤں

بِبَرَكَتِهَا التَّسْلِيْمَ فِيْ جَمِيْعِ الْاَحْوَالِ وَاُدْرِكُ بِعَظَمَتِهَا الْاِخْلَاصَ فِيْ سَآئِرِ

سلامتی تمام احوال میں اور پاؤں اس کی عظمت کے طفیل اخلاص تمام

الْاَعْمَالِ وَتُصْلِحُ لِيْ بِحُرْمَتِهَا الْاَقْوَالَ وَالْاَفْعَالَ وَاحْفَظْنَا بِهَا مِنْ جَمِيْعِ

اعمال میں اور درست فرمائے تو اس کے طفیل میرے تمام اقوال و افعال اور محفوظ رکھے تمام

السَّيِّاٰتِ وَاعْصِمْنَا بِهَا مِنْ جَمِيْعِ الشَّهَوَاتِ وَاَعِذْنَا بِهَا مِنْ كُلِّ الْغَفَلَاتِ

برائیوں سے اور عصمت عطا کرے تمام خواہشات نفس سے اور پناہ دے تمام تر غفلتوں سے

اَللّٰهُمَّ صَلِّ صَلٰوةً كَامِلَةً وَّسَلِّمْ سَلَامًا تَآمًّا عَلٰى سَيِّدِنَا وَمَوْلٰنَا

اے اللہ صلوٰۃ کاملہ اور سلام تام نازل فرما سیّدنا و مولانا محمد پر

وَهَادِيْنَا وَمَهْدِيْنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِهٖ صَلٰوةً تُنْجِيْنَا بِهَا مِنْ جَمِيْعِ

جو ہمارے ہادی اور تیرے ہدایت یافتہ ہیں اور آپ کی آل پر جس صلوٰۃ کے طفیل ہمیں نجات دے تمام

الْاَهْوَالِ وَالْاٰفَاتِ وَتَشْفِيْنَا بِهَا مِنْ جَمِيْعِ الْاَسْقَامِ وَالْبَلِيَّاتِ وَ

ہولناکیوں اور آفتوں سے۔ اور شفا بخشے ہمیں تمام بیماریوں اور بلیات اور

تُبَاعِدُنَا بِهَا مِنِ اقْتِرَانِ الْاٰفَاتِ وَتُبَارِكُ لَنَا فِي الرِّزْقِ وَالنَّبَاتِ

دور فرمائے بطفیل اس کے آفات کے قرب سے اور برکت دے رزق اور حاصلات میں

وَتَقْضِيْ لَنَا بِهَا جَمِيْعَ الْحَاجَاتِ وَتُطَهِّرُنَا بِهَا مِنْ جَمِيْعِ السَّيِّاٰتِ وَتَسْتُرُ

اور پورا فرمائے ہمارے تمام حاجات کو اور پاک کرے ہمیں تمام سیئات سے اور ڈھانپ لے

لَنَا بِهَا مِنْ شُرُوْرِ الشَّهَوَاتِ وَتُعِيْذُنَا بِهَا مِنْ نَّفْسِ الْاَمَّارَةِ وَ

بطفیل اس کے ہماری بری خواہشات اور پناہ دے ہمیں بطفیل اس کے نفس امارہ اور

الشَّيَاطِيْنِ فِيْ كُلِّ سَاعَةٍ وَتُهَوِّنُ بِهَا عَلَيْنَا سَكَرَاتِ الْمَوْتِ وَ

شیاطین سے ہر ساعت میں اور سہل فرمائے ہم پر اس کے طفیل موت کی مدہوشیاں اور

الْغَمَرَاتِ وَتُنَوِّرُ لَنَا بِهَا اَنْوَارَ الْبَرَكَاتِ وَتَرْفَعُنَا بِهَا عِنْدَكَ اَعْلٰى

سختیاں۔ اور منور فرمائے ہمارے لیے برکات کے انوار اور بلند فرمائے اپنے ہاں اعلیٰ

الدَّرَجَاتِ وَتُبَلِّغُنَا بِهَا اَقْصَى الْغَايَاتِ مِنْ جَمِيْعِ الْخَيْرَاتِ فِي

درجات پر اور پہنچائے آخری حدود تک تمام تر خیرات میں

الْحَيٰوةِ وَبَعْدَ الْمَمَاتِ فِيْ كُلِّ لَمْحَةٍ بِعَدَدِ كُلِّ مَعْلُوْمٍ لَّكَ يَارَبِّ

دنیوی زندگی میں اور موت کے بعد ہر لمحہ مطابق تعداد اپنے جملہ معلومات اے یارب

يَا مُجِيْبُ اَجِبْنِيْ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ وَبَارِكْ عَلٰى مَنْ قَالَ فِيْ

یا مجیب قبول فرما مجھے۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام اور برکات نازل فرما اس ذات اقدس پر

حُضُوْرِهٖ تَعَالٰى لَبَّيْكَ وَسَعْدَيْكَ وَالْخَيْرُ فِيْ يَدَيْكَ وَالشَّرُّ لَيْسَ

جس نے کہا تیرے حضور میں۔ میں حاضر بارگاہ ہوں اور کمربستہ خدمت ہوں اور خیر تمام تر تیرے دست قدرت میں ہے اور

اِلَيْكَ وَالْمَهْدِىُّ مَنْ هَدَيْتَ وَعَبْدُكَ بَيْنَ يَدَيْكَ وَمِنْكَ وَاِلَيْكَ

شر تیری طرف منسوب نہیں ہے اور ہدایت یافتہ وہی جسے تو ہدایت دے اور تیرا عبد حاضر خدمت ہے اور تجھی سے ہے

لَامَنْجَا وَلَا مَلْجَاَ اِلَّا اِلَيْكَ تَبَارَكْتَ وَتَعَالَيْتَ سُبْحَانَكَ رَبَّ

تیری ہی طرف ۔ نہ جائے نجات ہے اور نہ جائے پناہ مگر طرف تیرے ۔ تو بابرکت ہے بلند شان والا ہے ۔ پاک ہے ۔ اے مالک

الْبَيْتِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ صَلٰوةَ الرِّضٰى وَ

کعبہ کے ۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل فرما سیّدنا محمد پر صلوٰۃ رضا اور

ارْضَ عَنْ اَصْحَابِهٖ رِضَآءَ الرِّضٰى اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا

راضی ہو ان کے اصحاب سے جیسے کہ حق ہے رضا کا ۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل فرما سیّدنا

مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ مَعَ الشَّمْسِ اِذَآ اَصْبَحَتْ وَاِذَا طَلَعَتْ

محمد پر اور آپ کی آل اطہار پر ہر وقت میں کہ جب صبح ہو اور جب سورج طلوع ہو

وَاِذَا زَالَتْ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى اٰلِ سَيِّدِنَا

اور جب ڈھلے ۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل فرما سیّدنا محمد پر اور آپ کی آل

مُحَمَّدٍ مَعَ الْاَرْضِ اِذَا زُلْزِلَتْ وَمَعَ السَّمَآءِ اِذَا انْفَطَرَتْ وَاِذَا كُشِطَتْ

پر اس وقت میں کہ زمین لرزے اور آسمان پھٹ جائے اور اس کی چھت زمین سے اٹھالی جائے

اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ مَعَ

اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل فرما سیّدنا محمد پر اور آپ کی آل اطہار پر ساتھ

الصُّوْرِ اِذَا نُفِخَتْ وَمَعَ الْجِبَالِ اِذَا سُيِّرَتْ وَمَعَ الْوُحُوْشِ اِذَا

صور اسرافیل کے جبکہ پھونکا جائے اور ساتھ پہاڑوں کے جب چلائے جائیں اور ساتھ جنگلی جانوروں

حُشِرَتْ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ

کے جب جمع کردئے جائیں ۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل فرما سیّدنا محمد پر اور آپ کی آل اطہار پر

مَعَ الشَّمْسِ اِذَا كُوِّرَتْ وَمَعَ الْقَمَرِ اِذَآ اَدْبَرَتْ وَمَعَ الْبِحَارِ اِذَا فُجِّرَتْ

ساتھ سورج کے جبکہ بے نور کردیا جائے اور ساتھ چاند کے جب اٹھا پھرے ۔ اور ساتھ سمندروں کے جب باہم ملادئے جائیں

اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ مَعَ السَّمَآءِ

اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل فرما سیّدنا محمد پر اور آپ کی آل پر ساتھ آسمان کے

اِذَا انْشَقَّتْ وَمَعَ الْقُبُوْرِ اِذَا بُعْثِرَتْ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا

جبکہ پھٹ جائے اور ساتھ قبور کے جب کھول جائیں ۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل فرما سیّدنا

مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ مَعَ الْاَرْضِ اِذَا دُكَّتْ وَمَعَ الصُّدُوْرِ اِذَا

محمد پر اور آپ کی آل پر ساتھ زمین کے جبکہ ریزہ ریزہ ہوجائے اور ساتھ سینوں کے جبکہ

حُصِّلَتْ وَمَعَ الدَّرَجَاتِ اِذَا رُفِعَتْ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا

ان کے الذ آشکارا کئے جائیں اور ساتھ درجات کے جب بلند کئے جائیں ۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل فرما سیّدنا

مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ مَعَ الْكُتُبِ اِذَا قُرِئَتْ وَمَعَ الْحَسَنَاتِ

محمد پر اور آپ کی آل اطہار پر ساتھ نامہائے اعمال کے جب پڑھے جائیں اور حسنات کے

اِذَا ظَهَرَتْ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ

جب ظاہر کی جائیں ۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل فرما سیّدنا محمد پر اور آپ کی آل پر

مَعَ السَّيِّئَاتِ اِذَآ اُبْدِلَتْ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى

ساتھ سیئات کے جبکہ نیکیوں سے بدلیں ۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل فرما سیّدنا محمد پر اور

اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ مَعَ النَّهَارِ اِذَا تَجَلّٰى وَمَعَ اللَّيْلِ اِذَا يَغْشٰى اَللّٰهُمَّ

آپ کی آل پر ساتھ دن کے جبکہ روشن ہو اور رات کے جبکہ چھا جائے ۔ اے اللہ

صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ مَعَ مَنْ اٰمَنَ وَ

صلوٰۃ و سلام نازل فرما سیّدنا محمد پر اور آپ کی آل پر ساتھ ہر ایمان والے اور

اتَّقٰى وَمَعَ كُلِّ مَنْ سَبَّحَ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى

متقی کے اور ہر تسبیح کہنے والے کے ۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل فرما سیّدنا محمد پر

اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ مَعَ كُلِّ مَنْ صَدَّقَ وَاهْتَدٰى اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ

اور آپ کی آل پر ساتھ ہر تصدیق کرنے والے اور ہدایت پانے کے ۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل فرما

عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ مَعَ النُّجُوْمِ وَكَوَاكِبِهَا

سیدنا محمد پر اور آپ کی آل پر ساتھ تمام نجوم و کواکب کے۔

اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ مَعَ

اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل فرما سیدنا محمد پر اور آپ کی آل پر ساتھ

الْكَوَاكِبِ اِذَا انْتَثَرَتْ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ

ستاروں کے جبکہ جھڑ پڑیں۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل فرما سیدنا محمد پر اور آپ

سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ مَعَ الْحَاجَاتِ اِذَا قُضِيَتْ وَمَعَ الْجَنَّةِ اِذَآ

کی آل اطہار پر ساتھ حاجات کے جبکہ پوری کی جائیں اور ساتھ جنت کے جب کہ

اُزْلِفَتْ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ

قریب لائی جائے۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل فرما سیدنا محمد پر اور آپ کی آل پر

اِذَا الشَّمْسُ طَلَعَتْ وَغَرَبَتْ وَاَضَاءَتْ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى

جب سورج طلوع ہو اور غروب ہو اور روشن ہو۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل

سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ اِذَا الْوَاقِعَةُ وَقَعَتْ وَاِذَا

فرما سیدنا محمد پر اور آپ کی آل پر جبکہ قیامت قائم ہو اور جب

الْاَرْضُ زَلَّتْ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا

زمین متزلزل ہو۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل فرما سیدنا محمد پر اور آپ کی آل

مُحَمَّدٍ اِذَا السَّمَآءُ انْفَطَرَتْ وَانْشَقَّتْ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى

پر جبکہ آسمان پھٹے اور ٹکڑے ہو جائے۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل فرما

سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ اِذَا النُّجُوْمُ انْكَدَرَتْ وَاِذَا

سیدنا محمد پر اور آپ کی آل پر جب ستارے بے نور ہو جائیں اور جب

الْجِبَالُ سُيِّرَتْ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ

پہاڑ (روئی کے گالوں کی مانند چلائے جائیں)۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل فرما سیدنا محمد پر اور آپ کی

سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ اِذَا الْبِحَارُ سُجِّرَتْ وَفُجِّرَتْ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى

آل پر جب کہ سمندر ابالے جائیں اور شیریں و کھاری باہم ملائے جائیں۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل فرما

سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ اِذَا الْعِشَارُ عُطِّلَتْ وَاِذَا

سیدنا محمد پر اور آپ کی آل اطہار پر جب کہ حمل تمام والی اونٹنیاں آوارہ کر دی جائیں

الصُّحُفُ نُشِرَتْ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ

اور صحف اعمال پھیلائے جائیں۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل فرما سیدنا محمد پر اور آپ کی

سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ اِذَا الْوُحُوْشُ حُشِرَتْ وَاِذَا الرُّسُلُ اُقِّتَتْ اَللّٰهُمَّ

آل اطہار پر جبکہ جنگلی جانور جمع کر دئیے جائیں اور رسولوں کیلئے جوابدہی کیلئے وقت معین کیا جائے

صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ اِذَا الْجَنَّةُ

اللہ صلوٰۃ و سلام نازل فرما سیدنا محمد پر اور آپ کی آل اطہار پر جبکہ جنت قریب لائی جائے

اُزْلِفَتْ وَالْجَحِيْمُ سُعِّرَتْ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّ

کے قریب لائی جائے اور جہنم بھڑکائی جائے۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل فرما سیدنا محمد پر اور

عَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ اِذَا الْقُبُوْرُ بُعْثِرَتْ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا

آپ کی آل پر جب قبریں الٹائی جائیں۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل فرما سیدنا

مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ اِذَا النَّهَارُ تَجَلّٰى وَاِذَا اللَّيْلُ يَغْشٰى اَللّٰهُمَّ

محمد پر اور آپ کی آل پر جبکہ دن روشن ہو اور رات گہری ہو۔ اے اللہ

صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ مَا جَنَّ الظَّلَامُ

صلوٰۃ و سلام نازل فرما سیدنا محمد پر اور آپ کی آل پر جبکہ تاریکی چھائے

وَكَفَّ صَوْبُ الْغَمَامِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ

اور رک جائے بادل کا برسنا۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل فرما سیدنا محمد پر اور آپ کی

سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ مَا نَاحَتْ مُطَوَّقَةٌ وَّسَارَتِ الْوُفُوْدُ مُغَرِّبَةً وَّمُشَرِّقَةً

آل پر جب تک محو ترنم ہو جنگلی کبوتری اور چلیں وفود مشرق و مغرب میں

اَللّٰھُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓی اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ مَا

اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل فرما سیّدنا محمد پر اور آپ کی آل پر جب تک

زُفَّتِ الْعُرُوْسُ وَجَرَی الْمِدَادُ فِی الطُّرُوْسِ اَللّٰھُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ

دلہنوں کا زفاف ہو اور جاری ہو سیاہی رسے تحریر، صحائف میں۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل

عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓی اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ مَا حَدَّثَ الرُّفَاقُ وَ

فرما سیّدنا محمد پر اور آپ کی آل پر جب تک رفقاء باہم گفتگو کریں اور

حَنَّ مُشْتَاقٌ اِلَی التَّلَاقِیْ اَللّٰھُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی

راغب ہوں ارباب شوق ملاقاتِ احباء کی طرف۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل فرما سیّدنا محمد پر اور

اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ مَا حَنَّتْ اِلَیْہِ الرَّکَآئِبُ وَسَاقَتْ اِلَیْہِ النَّجَآئِبُ

آپ کی آل پر جب تک شوق رکھیں ان کی طرف سواریاں اور چلیں طرف ان کی عمدہ اونٹنیاں۔

اَللّٰھُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓی اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ مَآ

اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل فرما سیّدنا محمد پر اور آپ کی آل اطہار پر جب تک

اَضَآءَتِ الشَّمْسُ وَمَا صُلِّیَتِ الصَّلَوٰتُ الْخَمْسُ اَللّٰھُمَّ صَلِّ وَ

سورج روشن ہو اور پانچوں نمازیں ادا کی جاتی ہیں۔ اے اللہ صلوٰۃ و

سَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓی اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ مَا ذَرَّ شَارِقٌ وَّوَقَبَ

سلام نازل فرما سیّدنا محمد پر اور آپ کی آل پر جب تک نکلے افق شرق سے نکلنے والا اور غروب

غَاسِقٌ وَانْھَمَرَ وَادِقٌ اَللّٰھُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی

ہو تاریکی پھیلانے والا اور برسے برسنے والا۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل فرما سیّدنا محمد پر اور

اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ مَا سَجَعَتِ الْحَمَآئِمُ وَحَمَتِ الْحَوَآئِمُ وَسَرَحَتِ

آپ کی آل پر جب تک کبوتر محو سجع رہیں اور چکر کھائیں چکر کھانے والے اور چریں

الْبَھَآئِمُ وَنَفَعَتِ التَّمَآئِمُ وَشُدَّتِ الْعَمَآئِمُ وَنَمَتِ النَّوَآئِمُ اَللّٰھُمَّ

چارپائے اور نفع دیں تعویذات اور باندھی جائیں دستاریں اور نشوونما پائیں اہل نمو۔ اے اللہ

صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓی اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ مَآ اَبْلَجَ الْاِصْبَاحُ

صلوٰۃ و سلام نازل فرما سیّدنا محمد پر اور آپ کی آل اطہار پر جب تک روشن ہوں صبحیں

وَھَبَّتِ الرِّیَاحُ وَدَبَّتِ الْاَشْبَاحُ وَتَعَاقَبَ الْغُدُوُّ وَالرَّوَاحُ وَتُقُلِّدَتِ

اور چلیں ہوائیں اور زمین پر رینگیں اجسام اور پیچھے بعد دیگرے آئے صبح اور شام اور حمائل کی جائیں

الصِّفَاحُ وَاعْتُقِلَتِ الرِّمَاحُ وَصَحَّتِ الْاَجْسَادُ وَالْاَرْوَاحُ اَللّٰھُمَّ

تلواریں۔ اور باندھے جائیں نیزے اور درست رہیں اجساد و ارواح۔ اے اللہ

صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓی اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ مَا دَارَتِ

صلوٰۃ و سلام نازل فرما سیّدنا محمد پر اور سیّدنا محمد کی آل پر جب تک

الْاَفْلَاکُ وَدَجَتِ الْاَحْلَاکُ وَسَبَّحَتِ الْاَمْلَاکُ اَللّٰھُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ

افلاک محو گردش رہیں اور تاریکیاں چھائی رہیں اور ملائکہ تسبیح کرتے ہیں۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل

عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓی اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ مَا تَاَلَّقَ بَرْقٌ وَّتَدَفَّقَ وَدْقٌ

فرما سیّدنا محمد پر اور آپ کی آل پر جب تک چمکتی رہے بجلی اور برسے بارش

وَمَا سَبَّحَ رَعْدٌ اَللّٰھُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓی اٰلِ سَیِّدِنَا

اور تسبیح کرے رعد۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل فرما سیّدنا محمد پر اور آپ کی آل

مُحَمَّدٍ مَآ اَزْعَجَتِ الرِّیَاحُ سَحَابًا رُکَامًا وَّذَاقَ کُلُّ ذِیْ رُوْحٍ حِمَامًا

پر جب تک اٹھائیں آندھیاں تہ بہ تہ بادلوں کو اور چکھے ہر ذی روح موت کو

وَاَوْصِلِ السَّلَامَ لِاَھْلِ السَّلَامِ فِیْ دَارِ السَّلَامِ تَحِیَّۃً وَّسَلَامًا اَللّٰھُمَّ

اور پہنچا سلام اس کے حقداروں کو دار السلام میں بطور تحیہ و سلام کے۔ اے اللہ

صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓی اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ مَآ اَوْمَضَ بَارِقٌ

صلوٰۃ و سلام نازل فرما سیّدنا محمد پر اور آپ کی آل پر جب تک چمکے چمکنے والا

وَنَطَقَ نَاطِقٌ اَللّٰھُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓی اٰلِ سَیِّدِنَا

اور کلام کرے کوئی صاحب نطق۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل فرما سیّدنا محمد پر اور آپ کی آل

مُحَمَّدٍ مَّا طَافَ بِالْبَيْتِ طَائِفٌ وَّوَقَفَ بِعَرَفَاتِ الْخَيْرِ وَاقِفٌ

پر ۔ جب تک طواف کرے کوئی طواف کرنے والا بیت اللہ کا اور وقوف کرے عرفات میں کوئی ٹھہرنے والا۔

اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ مَّا دَامَ

اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل فرما سیدنا محمد پر اور آپ کی آل پر جب تک آپ کا

ذِكْرُهٗ مَنْشُوْرًا وَّفَضْلُهٗ مَذْكُوْرًا اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ

ذکر عام رہے اور آپ کے فضل و شرف کے تذکرے رہیں۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل فرما سیدنا محمد پر

وَّعَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ مَّا طَارَ طَائِرٌ وَّسَارَ عَلٰى وَجْهِ الْاَرْضِ سَائِرٌ

اور آپ کی آل اطہار پر جب تک پر ماریں پر مارنے والے اور چلیں روئے زمین پر چلنے والے

اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ مَّا

اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل فرما سیدنا محمد پر اور آپ کی آل اطہار پر جب تک

غَنَّى الْهَزَارُ وَحَنَّ غَرِيْبٌ اِلَى الدِّيَارِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا

نغمہ سرا رہے مرغ ہزار داستان ۔ اور راغب ہو کوئی بھی مسافر وطن کی طرف۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل فرما سیدنا

مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ مَّا جَرٰى قَلَمٌ وَّذَكَرَ اللّٰهَ ذَاكِرٌ بِفَمٍ

محمد پر اور آپ کی آل اطہار پر جب تک چلے کوئی قلم اور ذکر کرے اللہ تعالیٰ کا کوئی بھی اہل ذکر اپنی زبان سے

اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ مَّا

اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل فرما سیدنا محمد پر اور آپ کی آل اطہار پر جب تک

تَعَاقَبَ الْمَلَوَانِ وَاخْتَلَفَ الْجَدِيْدَانِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى

یکے بعد دیگرے آتے رہیں لیل و نہار اور دن رات ۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل فرما

سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ مَّا اَوْرَقَتِ الْاَشْجَارُ وَرَقَةً

سیدنا محمد پر اور آپ کی آل اطہار پر جب تک برقرار رہے درختوں کا ایک بھی پتہ

وَاَطْرَقَتْ بِالْجُفُوْنِ حَدَقَةٌ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا

اور پلک جھپکے کوئی بھی آنکھ ۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل فرما سیدنا

مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ مَّا صَحِبَ الْمَرْءُ الْاَمَلَ وَحَلَّتِ

محمد پر اور آپ کی آل اطہار پر جب تک مصاحب ہو کوئی شخص آرزو کا اور پہنچے

الشَّمْسُ بِبُرْجِ الْحَمَلِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى

سورج برج حمل میں ۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل فرما سیدنا محمد پر اور

اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ مَّا دَارَ فِي الْاُفُقِ فَلَكٌ وَّسَجَدَ لِلّٰهِ مَلَكٌ اَللّٰهُمَّ صَلِّ

آپ کی آل پر جب تک گردش کرے افق میں فلک اور سجدہ کرے اللہ کے لیے کوئی نوری ملک ۔ اے اللہ صلوٰۃ

وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ مَّا اسْتَهَلَّتِ الشُّهُوْرُ وَ

و سلام نازل فرما سیدنا محمد پر اور آپ کی آل اطہار پر جب تک ماہ نو طلوع ہوتے رہیں اور

غَنَّتِ الْحُوْرُ فِي الْقُصُوْرِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى

حوریں جنتی محلات میں محو ترنم رہیں۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل فرما سیدنا محمد پر اور آپ

اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ مَّا اَزْهَرَتِ النُّجُوْمُ وَعَنَتِ الْوُجُوْهُ لِلْحَيِّ الْقَيُّوْمِ

کی آل اطہار پر جب تک ستارے روشن رہیں اور چہرے سجدہ ریز رہیں حی قیوم کے حضور۔

اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ مَّا دَامَ

اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل فرما سیدنا محمد پر اور آپ کی آل اطہار پر جب تک

سِتْرُكَ وَافِيٌ وَّمُلْكُكَ فِي الْوُجُوْدِ بَاقٍ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا

پردہ کفایت فرما رہے (عاصیوں پر) اور تیرا ملک موجود و باقی رہے۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل فرما سیدنا

مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ مَّا دَامَ جُوْدُكَ وَافِيٌ وَّلُطْفُكَ فِي الْاَنَامِ

محمد پر اور آپ کی آل اطہار پر جب تک تیرا جود محیط (خلق محتاج) رہے اور تیرا لطف مخلوق کو

كَافِيٌ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ

کفایت کرتا رہے۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل فرما سیدنا محمد پر اور آپ کی آل اطہار پر

مَا دَامَ خَيْرُكَ وَاقِنٌ وَّحُكْمُكَ فِي الْعِبَادِ نَافِذٌ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى

جب تک تیری خیرات برستی رہے اور تیرا حکم بندوں میں نافذ رہے۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل فرما

سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ مَا سَبَّحَ الْعَرْشُ بِاَلْسِنَةٍ وَّ
سیدنا محمد پر اور آپ کی آل اطہار پر جب تک عرش تسبیح خواہ رہے ہر قسم کی زبانوں اور
لُغَاتٍ وَّقَدَّسَ الذَّاتُ نَفْسَهٗ بِذَاتِهٖ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى
لغات کے ساتھ اور ذات باری تعالیٰ اپنی ذات کا تقدس خود بیان کرتی رہے۔ اے اللہ صلوٰۃ وسلام نازل فرما
سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ مَا قَامَ قَآئِمُ الظَّهِيْرَةِ وَاَلْبَسَ
سیدنا محمد پر اور آپ کی آل اطہار پر جب تک قائم رہے دوپہر کا آفتاب اور اوڑھے
الْمَرْءُ رِدَآءً مَآ اَسَرَّهٗ مِنْ سَرِيْرَةٍ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا
مرد چادر اپنے مخفی اسرار کی۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل فرما سیدنا
مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ مَآ اَلِفَتِ الطَّيْرُ اَوْكَارَهَا وَاَبْرَزَتِ
محمد پر اور آپ کی آل پر جب تک الفت رکھیں پرندے اپنے گھونسلوں سے اور ظاہر
الْقَوَافِيْ اَفْكَارَهَا اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى
کریں قافیوں کو ان کے افکار۔ اے اللہ صلوٰۃ وسلام نازل فرما سیدنا محمد پر اور آپ
اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ مَا وَسَقَ اللَّيْلُ سَوَادَهٗ وَقَدَحَ الْفَجْرُ زِنَادَهٗ
کی آل اطہار پر جب تک رات اپنی تاریکی کو پھیلائے اور فجر اپنے نور کا چقماق روشن کرے
اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ مَا
اے اللہ صلوٰۃ وسلام نازل فرما سیدنا محمد پر اور آپ کی آل پر جب تک
اقْتَنَصَ بَازِيُّ الْفَجْرِ غُرَابَ الظَّلَامِ وَابْتَسَمَتْ ثُغُوْرُ الْاَبَاطِحِ عَنْ
پیچھا کرے شہباز فجر ظلمت کے زاغ سیاہ کا۔ اور مسکراتی رہیں وادیوں کے کنارے پردوں سے پھوٹنے والے
اَزَاهِرِ الْاَكْمَامِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى اٰلِ
روشن خوشوں کے ساتھ۔ اے اللہ صلوٰۃ وسلام نازل فرما سیدنا محمد پر اور آپ کی
سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ صَلٰوةً تُرْضِيْهِ وَتَرْضٰى الْعَلِيَّ الْاَعْلٰى اَللّٰهُمَّ صَلِّ
آل پر ایسی صلوٰۃ جو انہیں راضی کر دے اور بلند تر شان والے اللہ بزرگ کو۔ اے اللہ صلوٰۃ

وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ عِنْدَ كُلِّ طَرْفَةِ عَيْنٍ
وسلام نازل فرما سیدنا محمد پر اور آپ کی آل پر ہر آنکھ کے جھپکتے وقت
اَوْ تَنَفُّسِ نَفْسٍ وَّعِنْدَ تَفَكُّرِ الْقَلْبِ اَوْ حَرَكَةِ النَّفْسِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ
اور ہر نفس کے تنفس کے وقت اور دل کے ہر تفکر کے وقت اور نفس کی ہر حرکت کے وقت۔ اے اللہ صلوٰۃ
وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ عِنْدَ كُلِّ حَرَكَةٍ وَّ
وسلام نازل فرما سیدنا محمد پر اور آپ کی آل اطہار پر وقت ہر حرکت اور
سُكُوْنٍ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ
سکون کے۔ اے اللہ صلوٰۃ وسلام نازل فرما سیدنا محمد پر اور آپ کی آل اطہار پر
صَلٰوةً اَجْرُهَا لَدَيْكَ غَيْرُ مَمْنُوْنٍ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ
جس صلوٰۃ کا اجر تیرے ہاں ختم نہ ہونے والا ہو۔ اے اللہ صلوٰۃ وسلام نازل فرما سیدنا محمد پر
وَّعَلٰٓى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ صَلٰوةً مُّؤَدِّيَةً لِّحَقِّكَ وَحَقِّهٖ وَصَلٰوةً صَلَّيْتَهَا
اور آپ کی آل اطہار پر جو صلوٰۃ ادا کرنے والی ہو تیرا حق اور ان کا حق اور ایسی صلوٰۃ جو تو نے
عَلٰٓى اَحَدٍ مِّنْ خَلْقِكَ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى
بھیجی کسی پر بھی مخلوق میں سے۔ اے اللہ صلوٰۃ وسلام نازل فرما سیدنا محمد پر اور آپ
اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ صَلٰوةً تُعَرِّفُنَا بِهَآ اِيَّاهُ يَوْمَ يَنْظُرُ الْمَرْءُ مَا قَدَّمَتْ
کی آل اطہار پر جس کے طفیل تو پہچان کرائے ہماری ان کو جس دن دیکھے ہر شخص جو
يَدَاهُ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ
اس نے آگے بھیجا۔ اے اللہ صلوٰۃ وسلام نازل فرما سیدنا محمد پر اور آپ کی آل اطہار پر
اَفْضَلَ صَلَوَاتِكَ وَصَلَوَاتِ الْقَآئِمَةِ بِذَاتِكَ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ
جو افضل ہو تیری تمام صلوات سے (جو بھیجی ہیں) اور جو صلوات قائم ہیں تیری ذات کے لیے۔ اے اللہ صلوٰۃ وسلام
عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ صَلٰوةً تَسْتَعْمِلُنَا بِهَا فِيْ
نازل فرما سیدنا محمد پر اور آپ کی آل اطہار پر جس صلوٰۃ کے طفیل ہمیں عمل پیرا بنائے

مَرْضَاتِكَ وَنَسْتَوْجِبُ بِهَا نُزُوْلَ رَحْمَتِكَ وَبَرَكَاتِكَ اَللّٰهُمَّ صَلِّ
اپنے پسندیدہ امور پر اور مستحق ہوں ہم تیری رحمت و برکات کے نزول کے۔ اے اللہ صلوٰۃ
وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰۤى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ اَكْمَلَ صَلٰوةٍ صَلَّيْتَ
و سلام نازل فرما سیدنا محمد پر اور آپ کی آل پر کامل ترین صلوٰۃ ان سے جو تو نے بھیجی ہیں
عَلَيْهِ وَاَفْضَلَ صَلٰوةٍ اَنْعَمْتَ بِهَا عَلَيْهِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى
ان پر اور افضل ترین صلوٰۃ جس کے ساتھ تو نے ان پر انعام فرمایا۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل فرما
سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰۤى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ اَشْمَلَ صَلٰوةٍ خَصَصْتَ بِهَا عُلَاهُ
سیدنا محمد پر اور آپ کی آل اطہار پر عام ترین صلوٰۃ جس کے ساتھ مختص فرمایا ان کی برتری کو
وَاَوْفَرَ صَلٰوةٍ كَرَّمْتَ بِهَا ذَاتَهٗ وَمَرْاٰهُ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا
اور وافر ترین صلوٰۃ کہ مکرم فرمایا ان کی ذات اقدس کو اور انکے منظر کو۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل فرما سیدنا
مُحَمَّدٍ وَّعَلٰۤى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ اَجْمَلَ صَلَوَاتِكَ الْاَقْدَسِيَّةِ وَاَعْظَمَ
محمد پر اور آپ کی آل اطہار پر اپنی صلوات مقدسہ میں سے جمیل ترین اور سرمدی
صَلَوَاتِكَ السَّرْمَدِيَّةِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰۤى
صلوات میں سے عظیم ترین صلوٰۃ۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل فرما سیدنا محمد پر اور آپ
اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ اَسْنٰى صَلَوَاتِكَ الشَّامِلَةِ وَاَعْلٰى صَلَوَاتِكَ الْكَامِلَةِ
کی آل پر اپنی محیط صلوات میں سے روشن تر اور صلوات کاملہ میں سے بزرگ تر صلوٰۃ
اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰۤى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ اَوْفٰى
اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل فرما سیدنا محمد پر اور آپ کی آل پر اپنی کامل
صَلَوَاتِكَ الْوَافِيَةِ وَاَسْنٰى صَلَوَاتِكَ الْعَلِيَّةِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ
صلوات میں سے اکمل اور بلند مرتبت صلوات میں سے بلندتر صلوٰۃ۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل
عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰۤى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ اَزْكٰى صَلَوَاتِكَ الزَّكِيَّةِ
فرما سیدنا محمد پر اور آپ کی آل اطہار پر اپنی پاکیزہ صلوات میں سے پاکیزہ تر اور

وَاَنْمٰى صَلَوَاتِكَ النَّامِيَةِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّ
بڑی صلوات میں فزوں تر صلوٰۃ۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل فرما سیدنا محمد پر اور
عَلٰۤى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ صَلٰوةً تُسْعِدُنَا بِهَا السَّعَادَةَ الْاَبَدِيَّةَ وَتُكْرِمُنَا
آپ کی آل اطہار پر جس صلوٰۃ کے طفیل تو ہمیں ابدی سعادت بخشے اور حسی و معنوی
بِهَا الْكَرَامَةَ الْحِسِّيَّةَ وَالْمَعْنَوِيَّةَ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا
بزرگی کے ساتھ مستحق اکرام ٹھہرائے۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل فرما سیدنا
مُحَمَّدٍ وَّعَلٰۤى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ صَلٰوةً تَعُوْدُ بَرَكَاتُهَا عَلَيْنَا وَتَرْحَمُ بِهَا
محمد پر اور آپ کی آل پر جس صلوٰۃ کی برکات ہماری طرف عائد ہوں اور جس کے طفیل رحم
اٰبَآءَنَا وَاُمَّهَاتِنَا اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰۤى اٰلِ
فرمائے ہمارے آباء و امہات پر۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل فرما سیدنا محمد پر اور آپ کی
سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ صَلٰوةً تُقَرِّبُنَا بِهَاۤ اِلَيْكَ وَتُرَغِّبُ بِهَا خَيْرَ مَا لَدَيْكَ
آل اطہار پر جس کے طفیل ہمیں اپنا مقرب بنائے اور راغب بنائے اپنے ہاں کی خیر کی طرف
اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰۤى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ صَلٰوةً
اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل فرما سیدنا محمد پر اور آپ کی آل پر جس کے طفیل
نَسْمُوْ بِهَا بَيْنَ الْعِبَادِ يَوْمَ الْمِيْعَادِ عَلٰى رُءُوْسِ الْاَشْهَادِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ
ہم سر بلند ہو جائیں تمام بندوں کے درمیان روز قیامت میں تمام شاہدین کے سامنے۔ اے اللہ صلوٰۃ
وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰۤى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ صَلٰوةً تَكُوْنُ لَنَا
و سلام نازل فرما سیدنا محمد پر اور آپ کی آل پر جو صلوٰۃ ہمارے لیے ناصر و مددگار ہو
مُعِيْنَةً نَاصِرَةً فِيْ مَوَاطِنِ الْاٰخِرَةِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا
آخرت کے مقامات و احوال میں۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل فرما سیدنا
مُحَمَّدٍ وَّعَلٰۤى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ صَلٰوةً تُحَقِّقُ لَنَا بِهَا طَاعَتَهٗ وَتُوْجِبُ
محمد پر اور آپ کی آل اطہار پر جس کے طفیل ہماری طاعت کو پائیدار بنائے اور ان کی شفاعت ہمارے

لَنَا بِهَا شَفَاعَتَهٗ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ

حق میں لازم فرما دے ۔ اے اللہ صلوٰۃ وسلام نازل فرما سیّدنا محمد پر اور آپ کی

سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ صَلٰوةً تَسْمُوْ وَتَدُوْمُ حَتّٰى تَقُوْمَ بَيْنَ يَدَىِ الْحَيِّ

آل پر جو صلوٰۃ ترقی پذیر اور دائم رہے تا آنکہ قائم ہو حی قیوم کے

الْقَيُّوْمِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا

حضور میں ۔ اے اللہ صلوٰۃ وسلام نازل فرما سیّدنا محمد پر اور آپ کی آل پر

مُحَمَّدٍ اَكْرَمَ صَلٰوةٍ وَّاَحْسَنَهَا وَاَعْظَمَ صَلٰوةٍ وَّاَزْيَنَهَا اَللّٰهُمَّ صَلِّ

بزرگتر ۔ حسین ترین اور عظیم ترین ۔ اور مزین ترین صلوٰۃ ۔ اے اللہ صلوٰۃ

وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ صَلٰوةً تَكُوْنُ نِعْمَةً

وسلام نازل فرما سیّدنا محمد پر اور آپ کی آل پر جو صلوٰۃ تیری طرف سے ان پر

مِّنْكَ عَلَيْهِ وَوُصْلَةً مِّنْكَ اِلَيْهِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا

نعمت ہو اور تیرے ان کے ساتھ وصل وربط (کی دلیل) ۔ اے اللہ صلوٰۃ وسلام نازل فرما سیّدنا

مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ صَلٰوةً مَّقْبُوْلَةً بِاٰلَائِكَ مَوْصُوْلَةً

محمد پر اور آپ کی آل پر جو صلوٰۃ مقبول ہو اور تیری نعمتوں کے ساتھ مربوط

اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ صَلٰوةً

اے اللہ صلوٰۃ وسلام نازل فرما سیّدنا محمد پر اور آپ کی آل پر جو صلوٰۃ

طَيِّبَةَ الشَّمِيْمِ مَحْفُوْفَةً بِالنَّعِيْمِ وَصَلٰوةً صَافِيَةَ الْمَشَارِعِ اَللّٰهُمَّ

پاکیزہ نسیم والی ہو اور نعمتوں سے ڈھکی ہوئی اور پاک وصاف گھاٹوں والی ۔ اے اللہ

صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ صَلٰوةً تُقَرِّبُنَا

صلوٰۃ وسلام نازل فرما سیّدنا محمد پر اور آپ کی آل پر جو صلوٰۃ ہمیں ان کے قریب

اِلَيْهِ زُلْفٰى وَّتُجَازِيْ بِهَا عَنْ كُلِّ وَاحِدَةٍ ضِعْفًا اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ

کرے مکمل قرب کے ساتھ ۔ اور تو جزاء دے ہمیں ہر ایک کے عوض کئی گنا ۔ اے اللہ صلوٰۃ وسلام نازل فرما

عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ صَلٰوةً تُشْهِدُنَا بِهَا اِيَّاهُ

سیّدنا محمد پر اور آپ کی آل پر جس صلوٰۃ کے طفیل تو ہمیں ان کا مشاہدہ کرائے

بِعَيْنِ الْعِيَانِ لَا بِالدَّلِيْلِ وَالْبُرْهَانِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى

سر کی آنکھ کے ساتھ نہ محض دلیل و برہان کے ساتھ ۔ اے اللہ صلوٰۃ وسلام نازل فرما

سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ صَلٰوةً تَسْتَوْدِعُهَا اِيَّاهُ وَاِيَّاكَ

سیّدنا محمد پر اور آپ کی آل اطہار پر جس صلوٰۃ کو ہم ودیعت رکھیں ان کے ہاں اور تیرے ہاں

وَلَا نَبْغِيْ بِهَا اِلَّا رِضَاهُ وَرِضَاكَ يَا اَللّٰهُ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى

اور نہ چاہیں اس سے مگر صرف ان کی اور تیری رضا یا اللہ ۔ اے اللہ صلوٰۃ وسلام نازل فرما

سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ مِلْءَ الدُّنْيَا وَمِلْءَ الْاٰخِرَةِ وَ

سیّدنا محمد پر اور آپ کی آل اطہار پر پوری دنیا کی مقدار اور آخرت کی مقدار اور

بَارِكْ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ مُحَمَّدٍ مِلْءَ الدُّنْيَا وَمِلْءَ الْاٰخِرَةِ وَارْحَمْ

برکت دے محمد اور آل محمد کو دنیا کی مقدار اور آخرت کی مقدار رحمت نازل فرما محمد پر اور

مُحَمَّدًا وَّاٰلَ مُحَمَّدٍ مِلْءَ الدُّنْيَا وَمِلْءَ الْاٰخِرَةِ وَاجْزِ مُحَمَّدًا وَّاٰلَ مُحَمَّدٍ

آل محمد پر دُنیا کی مقدار اور آخرت کی مقدار اور جزاء دے محمد کو اور آل محمد کو

مِلْءَ الدُّنْيَا وَمِلْءَ الْاٰخِرَةِ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا

دُنیا کی مقدار اور آخرت کی مقدار اور سلامتی بخش سیّدنا محمد کو اور آل محمد کو

مُحَمَّدٍ مِلْءَ الدُّنْيَا وَمِلْءَ الْاٰخِرَةِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ مِلْءَ اَرْضِكَ

دُنیا کی مقدار اور آخرت کی مقدار ۔ اے اللہ صلوٰۃ وسلام نازل فرما محمد کریم پر بمقدار وسعت

مِمَّا حَمَلَتْ وَاَقَلَّتْ مِنْ قُدْرَتِكَ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ مِلْءَ

ارض کے جو کچھ اٹھائے ہوئے ہے وہ اور مطابق تیری قدرت کے جو اسے اٹھائے ہوئے ہے ۔ اے اللہ صلوٰۃ نازل فرما محمد کریم

سَبْعِ بِحَارِكَ وَصَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ زِنَةَ سَبْعِ بِحَارِكَ مِمَّا حَمَلَتْ وَ

پر بمقدار ساتوں سمندروں کے اور صلوٰۃ نازل فرما محمد کریم پر ساتوں سمندروں کی مقدار جو انہوں نے اٹھایا ۔ اور

أَقَلَّتْ مِنْ قُدْرَتِكَ وَصَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ مُحَمَّدٍ مِلْاَ
تیری قدرت کے مطابق جس نے انہیں اٹھایا ہوا ہے اور صلوٰۃ نازل فرما محمد پر اور آل محمد پر
سَمٰوَاتِكَ وَصَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ مُحَمَّدٍ مِلْاَ اَرْضِكَ وَصَلِّ
تمام آسمانوں کی مقدار اور صلوٰۃ نازل فرما محمد اور آل محمد پر بمقدار اپنی زمین کے اور صلوٰۃ
عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ مُحَمَّدٍ مِلْاَ مَا اَنْتَ خَالِقُهٗ مِنْ يَّوْمِ خَلَقْتَ
نازل فرما محمد اور آل محمد پر بمقدار اپنی مخلوقات کے جنہیں تو نے روزِ اول سے
الدُّنْيَا اِلٰى يَوْمِ الْقِيٰمَةِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ مُحَمَّدٍ
قیامت تک پیدا کرنا ہے۔ اے اللہ صلوٰۃ نازل فرما محمد و آل محمد پر
مِلْاَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ وَمِلْاَ مَا بَيْنَهُمَا وَمِلْاَ مَا شِئْتَ مِنْ شَيْءٍ
تمام آسمانوں اور زمینوں کی مقدار اور ان کی درمیانی وسعت کی مقدار اور جو اس کے بعد
بَعْدُ وَصَلِّ عَلَيْهِ وَعَلٰى اٰلِهٖ مِلْاَ اللَّوْحِ وَالْفَضَاءِ وَمِثْلَ نُجُوْمِ السَّمَاءِ
پیدا کرنا چاہے اس کی مقدار اور صلوٰۃ نازل فرما آپ پر اور آل پر لوح اور فضاء کی مقدار اور آسمان کے نجوم کی مانند
اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلَيْهِ زِنَةَ عَرْشِكَ وَمَبْلَغَ رِضَاكَ وَمِدَادَ كَلِمَاتِكَ
اے اللہ صلوٰۃ نازل فرما ان پر اپنے عرش کی مقدار اور غایت رضا کے مطابق اور اپنے کلمات کی روشنائی کے مطابق
وَصَلِّ عَلَيْهِ وَعَلٰى اٰلِهٖ صَلٰوةً لَّا تُعَدُّ وَلَا تُحْصٰى وَصَلِّ اللّٰهُمَّ عَلَيْهِ
اور صلوٰۃ نازل فرما آپ پر اور آپ کی آل پر لاتعداد اور لامحدود اور صلوٰۃ نازل فرما ان پر اے اللہ
صَلٰوةً دَآئِمَةً مُّتَّصِلَةً تَتَوَالٰى وَتَدُوْمُ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ
جو دائم۔ مسلسل۔ پے درپے اور غیر منقطع ہو۔ اے اللہ صلوٰۃ نازل فرما محمد و آل
مُحَمَّدٍ صَلٰوةً دَآئِمَةً مَّقْبُوْلَةً تُؤَدِّيْ بِهَا عَنَّا حَقَّهُ الْعَظِيْمَ اَللّٰهُمَّ
محمد پر جو دائم و مقبول ہو جس کے طفیل تو ادا فرمائے ہم سے ان کا عظیم حق۔ اے اللہ
صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِهِ الْمُصْطَفَيْنَ مِنْ اَطْهَرِ جِبِلَّةٍ صَلٰوةً دَآئِمَةً عَلَى
صلوٰۃ نازل فرما محمد اور آل محمد پر جو منتخب کئے ہوئے ہیں پاکیزہ ترین جبلت سے ایسی صلوٰۃ جو دائم ہو

الْاَبَدِ غَيْرَ مُضْمَحِلَّةٍ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَعَلٰى اٰلِهٖ صَلٰوةً تَتَجَدَّدُ بِهَا حُبُوْرُهٗ وَ
ابد تک نہ ضعف پذیر ہو بالکل۔ صلوٰۃ ہو اللہ کی ان پر اور ان کی آل پر جس سے تازہ ہو زینت و آرائش ان
يُشَرَّفُ بِهَا فِي الْمِيْعَادِ بَعْثُهٗ وَنُشُوْرُهٗ فَصَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَعَلٰى اٰلِهِ الْاَنْجُمِ
کی اور شرف و فضل پائے اس سے ان کا بعث اور نشور یوم موعود میں۔ پس صلوٰۃ نازل فرمائے اللہ تعالیٰ ان پر اور ان کی
الطَّوَالِعِ صَلٰوةً تَجُوْدُ عَلَيْهِمْ اَجْوَدَ الْغُيُوْثِ الْهَوَامِعِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَ
روشن ستاروں جیسی آل پر جو صلوٰۃ ان پر فیضان فرمائے عمدہ ترین موسلا دھار بارش کا۔ صلوٰۃ نازل فرمائے اللہ
عَلٰى اٰلِهٖ فِيْ كُلِّ مَحْفِلٍ وَّمَقَامٍ وَاَفْضَلُ الصَّلٰوةِ وَالسَّلَامِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ
آپ پر اور آپ کی آل پر ہر محفل و مقام میں اور افضل ترین صلوٰۃ و سلام۔ رحمت کاملہ نازل فرمائے اللہ
وَعَلٰى اٰلِهٖ عَوْدًا وَّبَدْءًا صَلٰوةً تَكُوْنُ ذَخِيْرَةً وَّوِرْدًا صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَعَلٰى
ان پر اور ان کی آل پر انجام میں اور آغاز میں جو صلوٰۃ ذخیرہ ہو اور ورد وظیفہ۔ صلوٰۃ نازل فرمائے اللہ تعالیٰ ان
اٰلِهٖ صَلٰوةً تَامَّةً زَاكِيَةً وَّصَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَعَلٰى اٰلِهٖ صَلٰوةً تَتْبَعُهَا رَوْحٌ وَّ
پر اور ان کی آل پر صلوٰۃ کاملہ پاکیزہ اور صلوٰۃ بھیجے اللہ تعالیٰ آپ پر اور آپ کی آل پر جو مستلزم ہو راحت اور
رَيْحَانٌ وَّيَعْقُبُهَا مَغْفِرَةٌ وَّرِضْوَانٌ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَعَلٰى اٰلِهٖ وَاَصْحَابِهِ
مسرت کو اور جس کے پیچھے ہو مغفرت اور رضوان۔ صلوٰۃ بھیجے اللہ ان پر اور ان کی آل پر اور اصحاب پر
الَّذِيْنَ هَاجَرُوْا لِنُصْرَتِهٖ وَنَصَرُوْهُ فِيْ هِجْرَتِهٖ فَنِعْمَ الْمُهَاجِرُوْنَ وَنِعْمَ الْاَنْصَارُ
جنہوں نے ہجرت فرمائی صرف ان کی نصرت کے لیے اور مدد دی آپ کی ہجرت میں پس وہ بہت اچھے مہاجر ہیں اور بہت
صَلٰوةً نَامِيَةً دَآئِمَةً مَا سَجَعَتْ فِيْ اَيْكِهَا الْاَطْيَارُ وَهَمَعَتْ بِوَبْلِهَا الدِّيَمَةُ
اچھے انصار ہیں ایسی صلوٰۃ جو روز افزوں و دائم ہو جب تک چہکیں پرندے اپنے گھنے باغات میں اور زور سے برسیں موسلا دھار
الْمِدْرَارُ ضَاعَفَ اللّٰهُ عَلَيْهِ دَآئِمَ صَلَوَاتِهٖ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى
بارشیں اللہ کئی گنا بڑھائے ان پر اپنی دائمی صلوات کو۔ اے اللہ صلوٰۃ نازل فرما سیدنا محمد پر اور
اٰلِهِ الطَّيِّبِيْنَ الْكِرَامِ صَلٰوةً مَّوْصُوْلَةً دَآئِمَةَ الْاِتِّصَالِ بِدَوَامِ ذِي الْجَلَالِ وَ
آپ کی پاکیزہ اور بزرگ آل پر مسلسل۔ دائمی اتصال و تواتر والی صلوٰۃ

الْإِكْرَامِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ صَلٰوةً دَائِمَةَ الْإِتِّصَالِ وَالتَّوَالِي مُتَعَاقِبَةً
اللہ تعالیٰ آپ پر رحمت اور سلامتی بھیجے ، ایسی رحمت جو مسلسل ، پے در پے دنوں
بِتَعَاقُبِ الْأَيَّامِ وَاللَّيَالِي وَصَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ صَلٰوةً دَائِمَةً إِلٰى مُنْتَهَى
اور راتوں کے آگے پیچھے آنے کے ساتھ لگاتار ہو جو ابدالآباد تک دائم ہو
الْأَبَدِ بِلَا انْقِطَاعٍ وَّلَا نَفَادٍ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ النَّبِيِّ الْأُمِّيِّ وَ
بغیر انقطاع اور اختتام کے ۔ اے اللہ صلوٰۃ وسلام نازل فرما سیدنا محمد نبی امی پر اور
عَلٰى اٰلِهٖ وَسَلِّمْ صَلٰوةً لَا يُحْصٰى عَدَدٌ وَّلَا يُعَدُّ مَدَدٌ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ
آپ کی آل پر جس صلوٰۃ کے اعداد کا احاطہ نہیں ہو سکتا اور نہ اس کی وسعت کا شمار ۔ اے اللہ صلوٰۃ نازل فرمائے
صَلٰوةً تُكْرِمُ بِهَا مَثْوَاهُ وَتُبَلِّغُ بِهَا يَوْمَ الْقِيٰمَةِ مِنَ الشَّفَاعَةِ رِضَاهُ صَلَّى
کریم پر جس کی بدولت باعزت بنائے ان کا ٹھکانا اور پہنچائے قیامت کے دن شفاعت سے ان کی رضامندی تک
اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ صَلٰوةً مَّقْرُوْنَةً بِالْجَمَالِ وَالْحُسْنِ وَالْكَمَالِ وَالْخَيْرِ وَ
صلوٰۃ ہو ان پر اللہ تعالیٰ کی اور سلام جو مقرون ہو جمال و حسن اور کمال اور خیر و
الْإِفْضَالِ صَلَّى اللّٰهُ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِهِ الطَّيِّبِيْنَ وَذُرِّيَّتِهِ الْمُبَارَكِيْنَ
افضال کے ساتھ ۔ اللہ کی صلوٰۃ وسلام ہو سیدنا محمد پر اور آپ کی آل پر اور ذریت مبارکہ
وَصَحَابَتِهِ الْأَكْرَمِيْنَ وَأَزْوَاجِهِ أُمَّهَاتِ الْمُؤْمِنِيْنَ صَلٰوةً مَّوْصُوْلَةً
اور صحابہ کرام اور ازواج مطہرات امہات المومنین پر ایسی صلوٰۃ جو متصل و
تَتَرَدَّدُ إِلٰى يَوْمِ الدِّيْنِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ
مسلسل ہو قیامت تک ۔ اے اللہ صلوٰۃ وسلام نازل فرما سیدنا محمد پر اور آپ کی
سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ تَمْلَأُ الْأَرْضَ وَالسَّمَاءَ وَتَمْلَأُ سَوَابِغَ الْآلَاءِ وَالنَّعْمَاءِ اَللّٰهُمَّ
آل پر ایسی صلوٰۃ جو بھر دے زمین و آسمان کو اور جو تمام کامل و اکمل ظاہری و باطنی نعمتوں کی مقدار کے مطابق ہو ۔ اے
صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ صَلٰوةً تَمْلَأُ
اللہ صلوٰۃ وسلام نازل فرما سیدنا محمد پر اور آپ کی آل پر جو صلوٰۃ بھر دے

الْكَائِنَاتِ وَالْعُلْوِيَّاتِ وَالسُّفْلِيَّاتِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا
تمام کائنات کو اور سب عالم بالا اور عالم اسفل کی اشیاء کو ۔ اے اللہ صلوٰۃ وسلام نازل فرما سیدنا
مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ صَلٰوةً تَمْلَأُ أَرْكَانَ الْجِنَانِ وَحَافَّتَيِ
محمد پر اور آپ کی آل پر جو صلوٰۃ بھر دے جنت کے جملہ ارکان و اطراف کو اور
الصِّرَاطِ وَالْمِيْزَانِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا
پل صراط اور میزان کے دونوں پلڑوں کو ۔ اے اللہ صلوٰۃ وسلام نازل فرما سیدنا محمد پر اور آپ کی آل
مُحَمَّدٍ صَلٰوةً تَمْلَأُ الْفِرْدَوْسَ وَقِبَابَهُ وَجَنَّةَ النَّعِيْمِ وَأَبْوَابَهُ اَللّٰهُمَّ
پر جو صلوٰۃ بھر دے فردوس اعلیٰ کو اور اس کے قبہ جات کو اور جنت نعیم اور اس کے ابواب کو ۔ اے اللہ
صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ صَلٰوةً تَمْلَأُ الْغُرُفَاتِ
صلوٰۃ و سلام نازل فرما سیدنا محمد پر اور آپ کی آل اطہار پر جو صلوٰۃ بھر دے جنت کے بالاخانوں
وَالْقُصُوْرَ وَأَفْوَاهَ الْوِلْدَانِ وَالْحُوْرِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّ
اور تمام محلات کو اور ولدان اور حوروں کے مونہوں کو ۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل فرما سیدنا محمد پر اور
عَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ صَلٰوةً تَمْلَأُ الْكَوْثَرَ وَكَاسَاتِهِ وَتَمْلَأُ اللَّوْحَ الْمَحْفُوْظَ
آپ کی آل پر جو صلوٰۃ بھر دے حوض کوثر اور اس کے جاموں کو اور بھر دے لوح محفوظ
وَحَافَاتِهِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ
اور اس کے اطراف کو ۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل فرما سیدنا محمد پر اور آپ کی آل اطہار پر
صَلٰوةً تَمْلَأُ الْقَلَمَ الْمُنِيْرَ وَتَمْلَأُ لِسَانَ مُنْكَرٍ وَّنَكِيْرٍ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى
جو صلوٰۃ بھر دے روشن قلم قدرت کو اور بھر دے منکر و نکیر کی زبانوں کو ۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل فرما
سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ صَلٰوةً تَمْلَأُ الْحَوْضَ الْمَوْرُوْدَ وَأَنْهَارَ
سیدنا محمد پر اور آپ کی آل اطہار پر جو صلوٰۃ معمور کر دے حوض مورود کو اور
الْجَنَّةِ الَّتِيْ تَجْرِيْ عَلٰى غَيْرِ الْأُخْدُوْدِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ
جنتیں انہار کو جو چلتی ہیں بغیر رکاوٹ والے کناروں کے ۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل فرما سیدنا محمد پر

وعلى آل سيدنا محمد صلوة تملأ البحر المسجور والحجاب الأعظم

اور آپ کی آل اطہار پر جو صلوٰۃ معمور کردے اُبلتے سمندروں کو اور حجاب اعظم اور حجاب

والنور اللهم صل وسلم على سيدنا محمد وعلى آل سيدنا محمد

نور کو ۔ اے اللہ صلوٰۃ وسلام نازل فرما سیدنا محمد پر اور آپ کی آل اطہار پر

صلوة تملأ النيل والفرات وتملأ خزائن البركات والمراتب السنيات

جو صلوٰۃ بھر دے نیل و فرات کو اور بھر دے برکات والے خزائن کو اور اعلیٰ مراتب و درجات کو

اللهم صل وسلم على سيدنا محمد وعلى آل سيدنا محمد صلوة تملأ

اے اللہ صلوٰۃ وسلام نازل فرما سیدنا محمد پر اور آپ کی آل پر جو صلوٰۃ بھر دے

العرش وقوائمه والكرسي ودعائمه اللهم صل وسلم على سيدنا

عرش کو اور اس کے پایوں کو اور کرسی اور اس کے ستونوں کو ۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل فرما سیدنا

محمد وعلى آل سيدنا محمد صلوة تملأ السرر المرفوعة والأكواب

محمد پر اور آپ کی آل اطہار پر جو صلوٰۃ بھر دے بلند قدر جنتی تختوں کو اور رکھے ہوئے گلاسوں

الموضوعة وصلوة تملأ درجات أهل الجنة من الإنس والجنة

کو اور جو صلوٰۃ بھر دے تمام اہل جنت جن وانس کے تمام درجات کو

اللهم صل وسلم على سيدنا محمد وعلى آل سيدنا محمد صلوة

اے اللہ صلوٰۃ وسلام نازل فرما سیدنا محمد پر اور آپ کی آل اطہار پر جو صلوٰۃ

تملأ السرادقات وتحيط بالكائنات وصلوة تملأ الأستار والحجب

بھر دے جنتی سراپردوں کو اور احاطہ کرلیں کائنات کا اور جو صلوٰۃ بھر دے

وتملأ الدواوين والكتب اللهم صل وسلم على سيدنا محمد و

تمام پردوں اور حجابات کو اور بھر دے تمام دفاتر اور صحائف کو ۔ اے اللہ صلوٰۃ وسلام نازل فرما سیدنا محمد پر اور

على آل سيدنا محمد صلوة تملأ جوانب الطور والرق المنشور و

آپ کی آل اطہار پر جو صلوٰۃ معمور کردے طور کے اطراف کو اور وسیع و عریض سفید کاغذ کو اور

تملأ أركان البيت المعمور اللهم صل وسلم على سيدنا محمد

بھر دے بیت المعمور کے ارکان و اجزاء کو ۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل فرما سیدنا محمد پر

وعلى آل سيدنا محمد صلوة تملأ حجب النور والبهي وأوراق

اور آپ کی آل پر جو صلوٰۃ بھر دے نور اور بہار والے حجابات کو اور سدرۃ المنتہیٰ کے

سدرة المنتهى اللهم صل وسلم على سيدنا محمد وعلى آل

اوراق کو ۔ اے اللہ صلوٰۃ وسلام نازل فرما سیدنا محمد پر اور آپ کی

سيدنا محمد صلوة تملأ الملأ وتحل بالملأ الأعلى اللهم

آل پر جو صلوٰۃ معمور کردے ملاء کو اور نزول فرما ہو ملاء اعلیٰ میں ۔ اے اللہ

صل وسلم على سيدنا محمد وعلى آل سيدنا محمد صلوة

صلوٰۃ وسلام نازل فرما سیدنا محمد پر اور آپ کی آل اطہار پر جو صلوٰۃ

تملأ سباسب الفلوات وأقطار السموات وصلوة تملأ خزائن

بھر دے وسیع و ہموار بیابانوں کو ـــــ اور سموات کے اطراف کو اور جو صلوٰۃ بھر دے

الرحموت وذخائر الجبروت اللهم صل وسلم على سيدنا

رحمت کاملہ کے خزائن اور جبروت کے ذخائر کو ۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل فرما سیدنا

محمد وعلى آل سيدنا محمد صلوة تملأ أفواه العباد وأسباب

محمد پر اور آپ کی آل پر جو صلوٰۃ بھر دے تمام بندوں کے مونہوں کو اور ساتوں

السبع الشداد وصلوة تملأ الآذان من الإنس والجان اللهم

آسمانوں کے راستوں کو اور جو صلوٰۃ بھر دے جن وانس کے کانوں کو ۔ اے اللہ

صل وسلم على سيدنا محمد وعلى آل سيدنا محمد صلوة

صلوٰۃ وسلام نازل فرما سیدنا محمد پر اور آپ کی آل اطہار پر جو صلوٰۃ

تملأ ما فوق الأرض إلى ظهر الحوت والبهموت وصلوة تملأ

بھر دے زمین کے اوپر والے حصے سے لے کر حوت کی اور عظیم جانور تک کو اور جو صلوٰۃ بھر دے

اَقْطَارَ الْاَرْضِ بِالطُّوْلِ وَالْعَرْضِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا
زمین کے طولانی اور عرضی اطراف کو۔ اے اللہ صلوٰۃ وسلام نازل فرما سیدنا
مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ صَلٰوةً تَمْلَاُ مَظَاهِرَ الْمَلَكُوْتِ وَ
محمد پر اور آپ کی آل اطہار پر جو صلوٰۃ بھردے ملکوت کے مظاہر قدرت کو اور
صَلٰوةً تَمْلَاُ اَلْسِنَةَ الْوَرٰى وَمَآ اَظَلَّتِ الْخَضْرَاءُ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَ
جو صلوٰۃ بھردے مخلوقات کی زبانوں کو اور تمام مخلوق کو جو آسمان کے زیر سایہ ہے۔ اے اللہ صلوٰۃ و
سَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ صَلٰوةً تَمْلَاُ ثَوَابَ
سلام نازل فرما سیدنا محمد پر اور آپ کی آل اطہار پر جو صلوٰۃ معمور کردے نوافل و
النَّفْلِ وَالْفَرْضِ اِلٰى يَوْمِ الْعَرْضِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا
فرائض کے ثواب کو قیامت تک کے لیے۔ اے اللہ صلوٰۃ وسلام نازل فرما سیدنا
مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ صَلٰوةً تَمْلَاُ اَفْوَاهَ الْاَنَامِ مُنْذُ خُلِقَ
محمد پر اور آپ کی آل پر جو صلوٰۃ بھردے انام کے مونہوں کو جو تخلیق
اٰدَمُ اِلٰى يَوْمِ الْعَرْضِ عَلَى الْمَلِكِ الْعَلَّامِ ؕ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ
آدم سے لے کر ملک علام کے حضور پیش ہونے تک موجود ہوگی۔ اے اللہ صلوٰۃ وسلام
عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ صَلٰوةً تَمْلَاُ الْمِعْرَاجَ وَالْمَسْرٰى
نازل فرما سیدنا محمد پر اور آپ کی آل پر جو صلوٰۃ معمور کردے معراج کو اور محل اسراء کو
وَمَا حَوَتْهُ مِنَ الْفَضْلِ اُمَّ الْقُرٰى اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا
اور جس فضل و شرف کو حاوی ہے مکہ مکرمہ۔ اے اللہ صلوٰۃ وسلام نازل فرما سیدنا
مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ صَلٰوةً تَمْلَاُ سَيْحُوْنَ وَجَيْحُوْنَ وَمَا
محمد پر اور آپ کی آل اطہار پر جو صلوٰۃ بھردے سیحون و جیحون کو اور جو ہو چکا اور جو
كَانَ وَمَا يَكُوْنُ صَلٰوةً تَمْلَاُ ثَوَابَ كُلِّ عَمَلٍ بَآرٍّ مِّنَ الْفُجَّارِ وَ
قیامت تک ہونا ہے سب کو۔ جو صلوٰۃ معمور کردے ہر اچھے عمل کے ثواب کو اہل فجور کا ہو یا

الْاَخْيَارِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى اٰلِ سَيِّدِنَا
اہل خیر کا۔ اے اللہ صلوٰۃ وسلام نازل فرما سیدنا محمد پر اور آپ کی آل پر
مُحَمَّدٍ صَلٰوةً تَمْلَاُ ثَوَابَ كُلِّ حَسَنَةٍ مَّقْبُوْلَةٍ وَثَوَابَ كُلِّ رَحِمٍ
جو صلوٰۃ بھردے ہر مقبول عمل نیک کے ثواب کو اور ہر صلہ رحمی کے
مَّوْصُوْلَةٍ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى اٰلِ سَيِّدِنَا
ثواب کو۔ اے اللہ صلوٰۃ وسلام نازل فرما سیدنا محمد پر اور آپ کی آل
مُحَمَّدٍ صَلٰوةً تَمْلَاُ مَا بَيْنَ الْخَافِقَيْنِ وَتَعْمُرُ نَوَاحِيَ الدَّارَيْنِ وَ
پر جو صلوٰۃ بھردے شرق و غرب کے مابین کو اور معمور کردے دونوں جہان کے اطراف کو اور
صَلٰوةً تَمْلَاُ الْقَلَمَ وَمِدَادَهٗ وَاللَّيْلَ وَسَوَادَهٗ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ
جو صلوٰۃ بھردے قلم قدرت اور اس کی روشنائی کو اور رات اور اس کی سیاہی کو۔ اے اللہ صلوٰۃ وسلام
عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ صَلٰوةً تَسْتَغْرِقُ الْعُلُوْمَ وَ
نازل فرما سیدنا محمد پر اور آپ کی آل اطہار پر جو صلوٰۃ محیط ہو جملہ علوم و
الْمَعَارِفَ وَالْمِنَحَ وَاللَّطَآئِفَ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا
معارف کو اور عطیات و لطائف کو۔ اے اللہ صلوٰۃ وسلام نازل فرما سیدنا
مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ صَلٰوةً تَمْلَاُ النَّهَارَ وَضِيَآءَهٗ وَالنُّوْرَ
محمد پر اور آپ کی آل اطہار پر جو صلوٰۃ بھردے دن کو اور اس کی ضیاء کو اور نور
وَبَهَآئَهٗ وَصَلٰوةً تَمْلَاُ الْبَرَّ وَجَوَانِبَهٗ وَالْبَحْرَ وَغَوَارِبَهٗ اَللّٰهُمَّ صَلِّ
اور اس کی رونق و بہار کو اور تمام خشکی اور اس کی جوانب اور تری اور اس کے اطراف کو۔ اے اللہ صلوٰۃ
وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ صَلٰوةً تَمْلَاُ صَحَآئِفَ
وسلام نازل فرما سیدنا محمد پر اور آپ کی آل اطہار پر جو صلوٰۃ بھردے تمام صحائف
الْاَعْمَالِ الْمَاضِيْ مِنْهَا وَالْمُسْتَقْبَلَ وَالْحَالَ وَصَلٰوةً تَمْلَاُ بُيُوْتَ
اعمال کو ماضی کے ہوں یا مستقبل و حال کے۔ اور جو صلوٰۃ بھردے عنبتی موتیوں والے

الْقَصَبِ الَّتِيْ لَا صَخَبَ فِيْهَا وَلَا نَصَبَ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا

مکانوں کو جن میں نہ شوروغل ہوگا اور نہ تھکان وکوفت۔ اے اللہ صلوٰۃ وسلام نازل فرما سیدنا

مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ صَلٰوةً تَمْلَاُ جَوَانِحَ الْاَمْلَاكِ وَطَوَالِعَ

محمد پر اور آپ کی آل اطہار پر جو صلوٰۃ بھردے ملائکہ کے پروں کو اور افلاک کے

الْاَفْلَاكِ وَصَلٰوةً تَمْلَاُ مَجَامِعَ الْكَوْنَيْنِ وَخِيَامَ اَهْلِ عِلِّيِّيْنَ

ستاروں کو اور جو صلوٰۃ بھردے کونین کے مجموں کو اور علیین والوں کے خیموں کو

وسلام ہو سیدنا محمد پر جس صلواۃ کے طفیل تو ہم پر نظر رحمت فرمائے اے تواب۔ اے اللہ صلواۃ و

سَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ صَلٰوةً تَهَبُ لَنَا بِهَا رَحْمَةً مِّنْ لَّدُنْكَ اِنَّكَ اَنْتَ

سلام ہو سیدنا محمد پر جس صلواۃ کے طفیل تو ہمیں اپنی مخصوص رحمت بخشے بے شک تو ہی

الْوَهَّابُ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ صَلٰوةً تَسْمُوْ لَدَيْكَ

بخشنے والا ہے۔ اے اللہ صلواۃ و سلام ہو سیدنا محمد پر جو صلواۃ تیرے ہاں

وَتَرْتَفِعُ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ صَلٰوةً تَهَبُ بِهَا قُرَّةَ

بلند و بالا ہو۔ اے اللہ صلواۃ و سلام نازل فرما سیدنا محمد پر جس کے طفیل نہ ختم ہونے والی

عَيْنٍ لَّا تَنْقَطِعُ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ صَلٰوةً تُعِيْذُنَا بِهَا

آنکھوں کی ٹھنڈک عطا کرے۔ اے اللہ صلواۃ و سلام نازل فرما سیدنا محمد پر جس صلواۃ کے طفیل پناہ دے ہمیں

مِنَ الْجُبْنِ وَالْكَسَلِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ صَلٰوةً تُعِيْذُنَا

بزدلی اور سستی سے۔ اے اللہ صلواۃ و سلام نازل فرما سیدنا محمد پر جس کے طفیل پناہ دے

بِهَا مِنَ الْهَمِّ وَالْخَطَلِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ صَلٰوةً

تو ہمیں غم واندوہ اور بیہودگی سے۔ اے اللہ صلواۃ و سلام نازل فرما سیدنا محمد پر جس کے طفیل

تُعِيْذُنَا بِهَا مِنْ غَلَبَةِ الدَّيْنِ وَقَهْرِ الرِّجَالِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى

پناہ دے ہمیں قرض کے غلبہ اور لوگوں کے قہر سے۔ اے اللہ صلواۃ و سلام نازل فرما

سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ صَلٰوةً تُعِيْذُنَا بِهَا مِنْ فِتْنَةِ الْمَسِيْحِ الدَّجَّالِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ

سیدنا محمد پر جس کے طفیل تو پناہ دے ہمیں مسیح دجال کے فتنہ سے۔ اے اللہ صلواۃ

وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ صَلٰوةً تُعِيْذُنَا بِهَا مِنَ الْمَاْثَمِ وَالْمَغْرَمِ اَللّٰهُمَّ

و سلام نازل فرما سیدنا محمد پر جس صلواۃ کے طفیل تو پناہ دے ہمیں گناہ اور قرض سے۔ اے اللہ

صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ صَلٰوةً تُعِيْذُنَا بِهَا مِنْ فِتْنَةِ الْقَبْرِ وَعَذَابِ

صلواۃ و سلام نازل فرما سیدنا محمد پر جس صلواۃ کے طفیل تو پناہ دے ہمیں قبر کے فتنہ اور عذاب

جَهَنَّمَ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ صَلٰوةً تُعِيْذُنَا بِهَا مِنْ جُهْدِ

جہنم سے۔ اے اللہ صلواۃ و سلام ہو سیدنا محمد پر جس صلواۃ کے طفیل تو پناہ دے ہمیں

الْبَلَاۗءِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ صَلٰوةً تَكْسِرُ بِهَا عَنَّا مُدَّ

بلیات کی مشقت سے۔ اے اللہ صلواۃ و سلام نازل فرما سیدنا محمد پر جس کے طفیل قطع کردے ہم سے مہنگائی کے

الْغَلَاۗءِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ صَلٰوةً تُعِيْذُنَا بِهَا مِنْ دَعْوَى

پھیلاؤ کو۔ اے اللہ صلواۃ و سلام ہو سیدنا محمد پر جس صلواۃ کے طفیل بچائے ہمیں ہلاکت اور

الْوَيْلِ وَالثُّبُوْرِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ صَلٰوةً تُنْجِيْنَا

تباہی کو دعوت دینے سے۔ اے اللہ صلواۃ و سلام نازل فرما سیدنا محمد پر جس کے طفیل نجات دے

بِهَا مِنَ الْفَزَعِ الْاَكْبَرِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ صَلٰوةً تَغْفِرُ

ہمیں بڑی گھبراہٹ سے۔ اے اللہ صلواۃ و سلام نازل فرما سیدنا محمد پر جس کے طفیل ہمارے

لَنَا بِهَا ذُنُوْبَنَا مَا تَقَدَّمَ مِنْهَا وَمَا تَاَخَّرَ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى

گناہ بخش دے پہلے اور پچھلے۔ اے اللہ صلواۃ و سلام نازل فرما

سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ صَلٰوةً تُنَفِّسُ بِهَا كُرْبَتَنَا اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ

سیدنا محمد پر جس کے طفیل دور فرمائے میری شدت وسختی۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل فرما سیدنا محمد پر

صَلٰوةً تُؤَنِّسُ بِهَا وَحْشَتَنَا اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ صَلٰوةً

جس کے طفیل انس سے بدلے ہماری وحشت کو۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل فرما سیدنا محمد پر جس کے طفیل

تُسَدِّدُ لَنَا بِهَا اللِّسَانَ عَنِ الْفَحْشَآءِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ صَلٰوةً

بند رکھے ہماری زبان کو فحش گوئی سے۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل فرما سیدنا محمد پر جس صلوٰۃ کے

تُقَوِّيْ لَنَا بِهَا يَقِيْنَ الْجَنَانِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ صَلٰوةً

طفیل مضبوط فرمائے ہمارے قلبی یقین کو۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل فرما سیدنا محمد پر جس صلوٰۃ کے

تَشْفِيْ بِهَا مَرْضَانَا اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ صَلٰوةً تَجْعَلُ

طفیل شفا بخشے ہمارے مریضوں کو۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل فرما سیدنا محمد پر جس کے طفیل بدلہ

لَنَا بِهَا ثَارَنَا عَلٰى مَنْ عَادَانَا اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ صَلٰوةً

و انتقام ہمارا ہمارے اعداء سے۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل فرما سیدنا محمد پر جس کے

تَمْنَحُنَا بِهَا عِزًّا وَّاِكْرَامًا اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ صَلٰوةً تَجْعَلُنَا

طفیل عطا کرے ہمیں عزت واکرام۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل فرما سیدنا محمد پر جس کے طفیل بناوے

بِهَا مِنْ عِبَادِكَ الَّذِيْنَ اِذَا مَرُّوْا بِاللَّغْوِ مَرُّوْا كِرَامًا اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى

ہمیں اپنے ان بندوں سے جو بیہودگی کے پاس سے گزریں تو کریمانہ انداز میں گزرتے ہیں۔ اے اللہ صلوٰۃ وسلام نازل

سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ صَلٰوةً تَجْعَلُنَا بِهَا مِنْ عِبَادِكَ الَّذِيْنَ اِذَا خَاطَبَهُمُ الْجَاهِلُوْنَ

فرما سیدنا محمد پر جس کے طفیل بنائے ہمیں اپنے ان بندوں سے کہ جن سے جاہل مخاطب ہوں تو وہ

قَالُوْا سَلَامًا اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ صَلٰوةً تُعِيْذُنَا بِهَا مِنْ

کہتے ہیں تم پر سلام۔ اے اللہ صلوٰۃ وسلام نازل فرما سیدنا محمد پر کہ جس کے طفیل بچائے ہمیں

طُرُقِ الْمَهَالِكِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ صَلٰوةً تُعِيْذُنَا بِهَا

ہلاکتوں کی راہوں سے۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل فرما سیدنا محمد پر جس کے طفیل بچائے ہمیں

مِنْ سُوْٓءِ الْمَسَالِكِ وَمِنْهَاجِ الْمَهَالِكِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا

برے اور ہلاکتوں کے راستوں سے۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل فرما سیدنا

مُحَمَّدٍ صَلٰوةً تُعِيْذُنَا بِهَا مِنَ الذِّلَّةِ وَالْقِلَّةِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى

محمد پر جس صلوٰۃ کے طفیل ہمیں پناہ بخشے ذلت اور فقر سے۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل فرما

سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ صَلٰوةً تُعِيْذُنَا بِهَا مِنْ قَرِيْنِ السُّوْٓءِ وَصَاحِبِ الْغَفْلَةِ اَللّٰهُمَّ

سیدنا محمد پر جس صلوٰۃ کے طفیل پناہ بخشے ہمیں برے ساتھیوں اور اہل غفلت سے۔ اے اللہ

صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ صَلٰوةً تُعِيْذُنَا بِهَا مِنْ سُوْٓءِ الصَّنِيْعِ اَللّٰهُمَّ

صلوٰۃ و سلام نازل فرما سیدنا محمد پر جس کے طفیل ہمیں پناہ دے برے عمل سے۔ اے اللہ

صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ صَلٰوةً تُعِيْذُنَا بِهَا مِنَ الْجُوْعِ فَاِنَّهٗ بِئْسَ الضَّجِيْعُ

صلوٰۃ و سلام نازل فرما سیدنا محمد پر جس کے طفیل ہمیں پناہ دے بھوک سے کیونکہ وہ برا ساتھی ہے۔

اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ صَلٰوةً تُطَهِّرُ لَنَا بِهَا الْفُرُوْجَ مِنَ الزِّنَا

اے اللہ صلوٰۃ وسلام نازل فرما سیدنا محمد پر جس کے طفیل ہماری شرمگاہوں کو بدکاری سے محفوظ فرمائے

اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ صَلٰوةً تُنِيْلُنَا بِهَا الْهُدٰى وَالتُّقٰى وَ

اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل فرما سیدنا محمد پر جس کے طفیل ہمیں عطا کرے ہدایت وتقویٰ اور

الْعَفَافَ وَالْغِنٰى اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ صَلٰوةً تُطَهِّرُ بِهَا اَلْسِنَتَنَا

قناعت و غنا۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل فرما سیدنا محمد پر جس کے طفیل ہماری زبانوں کو پاک

مِنَ الْكَذِبِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ صَلٰوةً تُبَاعِدُ بِهَا بَيْنَنَا

فرمائے جھوٹ سے۔ اے اللہ صلوٰۃ وسلام نازل فرما سیدنا محمد پر جس کے طفیل دوری پیدا فرمائے ہمارے

وَبَيْنَ خَطَايَانَا كَمَا بَاعَدْتَّ بَيْنَ الْمَشْرِقِ وَالْمَغْرِبِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ

اور گناہوں کے درمیان جیسے تو نے دوری پیدا فرمائی مشرق ومغرب کے درمیان۔ اے اللہ صلوٰۃ وسلام نازل

عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ صَلٰوةً تُعِيْذُنَا بِهَا مِنْ ظُلْمَةِ الْقَبْرِ وَمِنْ فِتْنَتِهٖ اَللّٰهُمَّ

فرما سیدنا محمد پر جس کے طفیل ہمیں بچائے قبر کی ظلمت اور فتنہ سے۔ اے اللہ

صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ صَلٰوۃً تُعِیْذُنَا بِھَا مِنْ شَرِّ کُلِّ شَیْءٍ اَنْتَ اٰخِذٌ
صلواۃ و سلام نازل فرما سیّدنا محمد پر جس کے طفیل ہمیں پناہ دے ہراس چیز کے شر سے کہ تو جس کی
بِنَاصِیَتِہٖ اَللّٰھُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ صَلٰوۃً تُقَوِّیْنَا بِھَا عَلٰی طَاعَتِکَ
پیشانی سے پکڑنے والا ہے۔ اے اللہ صلواۃ و سلام نازل فرما سیّدنا محمد پر جس کے طفیل ہمیں تقویت بخشے اپنی طاعت پر
اَللّٰھُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ صَلٰوۃً تُدْخِلُنَا بِھَا فِیْ حِفْظِ عِنَایَتِکَ
اے اللہ صلواۃ و سلام نازل فرما سیّدنا محمد پر جس کے طفیل ہمیں داخل فرمائے اپنی حفاظت و عنایت میں۔
اَللّٰھُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ صَلٰوۃً تُعِزُّنَا بِھَا عِزًّا لَا ذُلَّ مَعَہٗ اَللّٰھُمَّ
اے اللہ صلواۃ و سلام نازل فرما سیّدنا محمد پر جس کے طفیل ہمیں ایسی عزت بخشے جس کے ساتھ ذلت نہ ہو۔ اے اللہ
صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ صَلٰوۃً تَرْزُقُنَا بِھَا بَسْطًا فِی الْاَنَامِ وَسَعَۃً اَللّٰھُمَّ
صلواۃ و سلام نازل فرما سیّدنا محمد پر جس کے طفیل ہمیں عطا کرے مخلوق میں وسعت و فراخی رزق ۔ اے اللہ
صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ صَلٰوۃً تَدْفَعُ بِھَا عَنَّا سُوْٓءَ الْبَلَاۤ اَللّٰھُمَّ صَلِّ وَ
صلواۃ و سلام نازل فرما سیّدنا محمد پر جس کے طفیل دور فرمائے ہم سے بری آزمائش ۔ اے اللہ صلواۃ و
سَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ صَلٰوۃً تَکْفِیْنَا بِھَا شَرَّ الْاَعْدَآءِ اَللّٰھُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی
سلام نازل فرما سیّدنا محمد پر جس کے طفیل کفایت فرمائے ہمیں شر اعداء سے۔ اے اللہ صلواۃ و سلام نازل فرما
سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ صَلٰوۃً تَدْفَعُ بِھَا عَنَّا مَشِیَّۃَ مَنْ رَّامَنَا بِمَشِیَّتِکَ اَللّٰھُمَّ صَلِّ
سیّدنا محمد پر جس کے طفیل دور کرے ہم سے برے ارادہ والے کو اپنی مشیت کے ساتھ۔ اے اللہ صلواۃ
وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ صَلٰوۃً تُخْرِجُنَا بِھَا مِنَ الدُّنْیَا اِلٰی سَعَۃِ رَحْمَتِکَ
و سلام نازل فرما سیّدنا محمد پر جس کے طفیل نکالے ہمیں دنیا سے اپنی فراخیٔ رحمت کی طرف
اَللّٰھُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ صَلٰوۃً تُنْجِیْنَا بِھَا مِنْ مُّضِلَّاتِ الْفِتَنِ
اے اللہ صلواۃ و سلام نازل فرما سیّدنا محمد پر جس کے طفیل نجات دے ہمیں گمراہ کن فتنوں سے۔
اَللّٰھُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ صَلٰوۃً تُنْقِذُنَا بِھَا مِنَ الْھَوَانِ فِی
اے اللہ صلواۃ و سلام نازل فرما سیّدنا محمد پر جس کے طفیل ہمیں بچائے ذلت و رسوائی سے

السِّرِّ وَالْعَلَنِ اَللّٰھُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ صَلٰوۃً تَرْزُقُنَا بِھَا حِفْظَ
خفیہ و علانیہ میں۔ اے اللہ صلواۃ و سلام نازل فرما سیّدنا محمد پر جس کے طفیل ہمیں نصیب فرمائے اپنی
کِتَابِکَ اَللّٰھُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ صَلٰوۃً تَقِیْنَا بِھَا شَرَّ عِقَابِکَ
کتاب کا حفظ۔ اے اللہ صلواۃ و سلام نازل فرما سیّدنا محمد پر جس کے طفیل ہمیں بچائے برے عقاب
وَاَلِیْمَ عَذَابِکَ اَللّٰھُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ صَلٰوۃً تَھْدِیْنَا بِھَا لِمَا
اور دردناک عذاب سے۔ اے اللہ صلواۃ و سلام نازل فرما سیّدنا محمد پر جس کے طفیل ہماری رہنمائی فرمائے
اخْتُلِفَ فِیْہِ مِنَ الْحَقِّ اَللّٰھُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ صَلٰوۃً تَقِیْنَا بِھَا
اس حق میں جس میں اختلاف پیدا کر دیا گیا ہے۔ اے اللہ صلواۃ و سلام نازل فرما سیّدنا محمد پر جس کے طفیل ہمیں بچائے
شَرَّ الْاَعْدَآءِ وَتَجْلِیْ بِھَا عَنَّا الصَّدَا اَللّٰھُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ صَلٰوۃً
اعداء کے شر سے اور دور فرمائے ہمارے قلوب سے زنگ کو۔ اے اللہ صلواۃ و سلام نازل فرما سیّدنا محمد پر جس کے طفیل
تَرْحَمُنَا بِھَا بِتَرْکِ الْمَعَاصِیْ اَبَدًا اَللّٰھُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ صَلٰوۃً
ہم پر رحم فرمائے ترک معاصی کی توفیق سے ہمیشہ کے لیے۔ اے اللہ صلواۃ و سلام نازل فرما سیّدنا محمد پر جس کے طفیل
تُعَجِّلُ لَنَا بِھَا عَافِیَتَکَ اَللّٰھُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ صَلٰوۃً تُعَرِّفُ
ہمیں جلد عافیت بخشے۔ اے اللہ صلواۃ و سلام نازل فرما سیّدنا محمد پر جس کے طفیل عرفان بخشے
بِھَا قُلُوْبَنَا مَعْرِفَتَکَ وَطَاعَتَکَ اَللّٰھُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ صَلٰوۃً
ہمارے قلوب کو اپنی معرفت و طاعت کا۔ اے اللہ صلواۃ و سلام نازل فرما سیّدنا محمد پر جس کے طفیل
تَخْتِمُ لَنَا بِھَا بِخَیْرِ اَعْمَالِنَا اَللّٰھُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ صَلٰوۃً تُذْھِبُ
ہمارا خاتمہ اچھے اعمال پر فرمائے۔ اے اللہ صلواۃ و سلام نازل فرما سیّدنا محمد پر جس کے طفیل دور فرمائے
بِھَا عَنَّا غَیْظَ قُلُوْبِنَا اَللّٰھُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ صَلٰوۃً تَکْفِیْنَا
ہم سے ہمارے دلوں کا غصہ۔ اے اللہ صلواۃ و سلام نازل فرما سیّدنا محمد پر جس کے طفیل کفایت فرمائے
بِھَا شَرَّ الْاَنَامِ اَللّٰھُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ صَلٰوۃً تَعْصِمُنَا بِھَا
ہمیں مخلوق کے شر سے۔ اے اللہ صلواۃ و سلام نازل فرما سیّدنا محمد پر جس کے طفیل بچائے ہمیں

مِنَ الْغَيِّ وَالْاٰثَامِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ صَلٰوةً تُذِيْقُنَا بِهَا

گمراہی اور گناہوں سے۔ اے اللہ صلوٰۃ وسلام نازل فرما سیدنا محمد پر جس کے طفیل ہمیں چکھائے

بَرْدَ عَفْوِكَ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ صَلٰوةً تَرْزُقُنَا بِهَا حُبَّكَ

اپنی عفو کی ٹھنڈک وسرور۔ اے اللہ صلوٰۃ وسلام نازل فرما سیدنا محمد پر جس کے طفیل ہمیں نصیب فرمائے

وَحُبَّ مَنْ يَّنْفَعُنَا حُبُّهٗ عِنْدَكَ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ

اپنی محبت اور ان تمام مقبولین کی محبت جو ہمیں تیری بارگاہ میں نفع دے۔ اے اللہ صلوٰۃ وسلام نازل فرما سیدنا محمد پر

صَلٰوةً تُعِيْذُنَا بِهَا عَنْ فِعْلِ كُلِّ مُبْتَدِعٍ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا

جس صلوٰۃ کے طفیل پناہ دے ہمیں ہر بدعتی کے افعال سے۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل فرما سیدنا

مُحَمَّدٍ صَلٰوةً تَرْزُقُنَا بِهَا نَعِيْمًا لَّا يَنْفَدُ وَقُرَّةَ عَيْنٍ لَّا تَنْقَطِعُ اَللّٰهُمَّ صَلِّ

محمد پر جس صلوٰۃ کے طفیل ہمیں نصیب فرمائے نہ ختم ہونے والی نعمتیں اور نہ منقطع ہونے والی آنکھوں کی ٹھنڈک۔ اے اللہ صلوٰۃ

وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ صَلٰوةً تَرْزُقُنَا بِهَا حُسْنَ الظَّنِّ فِيْمَا يُرْضِيْكَ اَللّٰهُمَّ

وسلام نازل فرما سیدنا محمد پر جس کے طفیل نصیب فرمائے ہمیں حسن ظن تجھے راضی کرنے والے امور میں۔ اے اللہ

صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ صَلٰوةً تُلْهِمُنَا بِهَا لِكُلِّ عَمَلٍ صَالِحٍ يَّنْفَعُنَا

صلوٰۃ و سلام نازل فرما سیدنا محمد پر جس کے طفیل ہمیں الہام فرمائے ایسے صالح اعمال کا جو تیرے ہاں

بَيْنَ يَدَيْكَ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ صَلٰوةً تُدْخِلُنَا بِهَا ظِلًّا

نفع دیں ہمیں۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل فرما سیدنا محمد پر جس کے طفیل ہمیں جگہ دے جنت کے گھنے

ظَلِيْلًا اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ صَلٰوةً تَسْتُرُنَا بِهَا سِتْرًا جَمِيْلًا اَللّٰهُمَّ

سایوں میں۔ اے اللہ صلوٰۃ وسلام نازل فرما سیدنا محمد پر جس کے طفیل ہم پر حسین پردہ ڈالے۔ اے اللہ

صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ صَلٰوةً تَحْمِيْنَا بِهَا مِنَ الْاَشْرَارِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ

صلوٰۃ و سلام نازل فرما سیدنا محمد پر جس صلوٰۃ کے طفیل ہمیں محفوظ فرمائے شریروں سے۔ اے اللہ صلوٰۃ وسلام نازل

عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ صَلٰوةً تَكْفِيْنَا بِهَا شَرَّ مَا يَاْتِيْ بِهِ اللَّيْلُ وَالنَّهَارُ اَللّٰهُمَّ صَلِّ

فرما سیدنا محمد پر جس کے طفیل کفایت فرمائے ہمیں شب و روز کے لائے ہوئے شرور سے۔ اے اللہ صلوٰۃ

وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ صَلٰوةً تُبَلِّغُنَا بِهَا الْمُنٰى اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا

وسلام نازل فرما سیدنا محمد پر جس صلوٰۃ کے طفیل ہمیں پہنچائے ہمارے مقاصد تک۔ اے اللہ صلوٰۃ وسلام نازل فرما

مُحَمَّدٍ صَلٰوةً تَرْزُقُنَا بِهَا الْقَصْدَ فِي الْفَقْرِ وَالْغِنٰى اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى

سیدنا محمد پر جس کے طفیل نصیب فرمائے ہمیں میانہ روی فقر و غنا میں۔ اے اللہ صلوٰۃ وسلام نازل فرما

سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ صَلٰوةً تُنِيْلُنَا بِهَا فِعْلَ الْخَيْرَاتِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا

سیدنا محمد پر جس صلوٰۃ کے طفیل ہمیں مہیا کرے نیک اعمال۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل فرما سیدنا

مُحَمَّدٍ صَلٰوةً تُعِيْذُنَا بِهَا مِنْ فِعْلِ السَّيِّئَاتِ وَالْمُنْكَرَاتِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ

محمد پر جس کے طفیل ہمیں پناہ دے برے اور ناپسندیدہ اعمال سے۔ اے اللہ صلوٰۃ وسلام نازل

عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ صَلٰوةً تُعِيْذُنَا بِهَا عَنِ الْحَمِيْمِ وَالْجَحِيْمِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ

فرما سیدنا محمد پر جس صلوٰۃ کے طفیل پناہ دے ہمیں اُبلتے پانی اور آتش دوزخ سے۔ اے اللہ صلوٰۃ وسلام

عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ صَلٰوةً تَرْزُقُنَا بِهَا النَّعِيْمَ وَالْعِزَّ الْمُسْتَدِيْمَ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ

نازل فرما سیدنا محمد پر جس کے طفیل ہمیں عطا فرمائے جنتی نعمتیں اور دائمی عزت۔ اے اللہ صلوٰۃ وسلام نازل

عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ صَلٰوةً تُشْبِعُ بِهَا مِنَّا جُوْعَاتِنَا اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا

فرما سیدنا محمد پر جس کے طفیل ہمیں سیر فرمائے ہر قسم کی بھوک سے۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل فرما سیدنا

مُحَمَّدٍ صَلٰوةً تُنَفِّسُ بِهَا عَنَّا كُرُبَاتِنَا اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ صَلٰوةً

محمد پر جس کے طفیل دور فرمائے ہماری شدتیں اور سختیاں۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل فرما سیدنا محمد پر جس کے طفیل

تُزِيْلُ بِهَا عَنَّا مَكْرَ الْمَاكِرِيْنَ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ صَلٰوةً تُزَيِّنُنَا

زائل کرے ہم سے اہل مکر کے مکر کو۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل فرما سیدنا محمد پر جس کے طفیل ہمیں مزین

بِهَا بِزِيْنَةِ الْمُتَّقِيْنَ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ صَلٰوةً تُعَلِّمُنَا بِهَا مَا

فرمائے متقین والی زینت کے ساتھ۔ اے اللہ صلوٰۃ وسلام نازل فرما سیدنا محمد پر جس کے طفیل سکھلائے وہ امور جن سے

جَهِلْنَا اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ صَلٰوةً تُلْهِمُنَا بِهَا مَا يَنْفَعُنَا وَ

ہم جاہل ہیں۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل فرما سیدنا محمد پر جس کے طفیل ہمیں الہام فرمائے نافع امور کا اور

تَدْفَعُ عَنَّا مَا يَضُرُّنَا اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ صَلٰوةً تُغِيْثُنَا بِهَا
دور فرمائے ہم سے مضر اشیاء کو۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل فرما سیدنا محمد پر جس کے طفیل ہمیں امداد دے

غَيْثًا نَافِعًا اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ صَلٰوةً تَمْنَحُنَا بِهَا عَفْوًا وَاسِعًا
مفید ترین امداد۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل فرما سیدنا محمد پر جس کے طفیل عطا فرمائے ہمیں وسیع عفو

اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ صَلٰوةً تَرْفَعُ لَنَا بِهَا الْاَعْمَالَ اَللّٰهُمَّ
اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل فرما سیدنا محمد پر جس کے طفیل بلند فرمائے ہمارے اعمال کو مقام قبولیت تک اے اللہ

صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ صَلٰوةً نَرْجُوْ بِهَا الشَّفَاعَةَ اِذَا انْقَطَعَتِ الْاٰمَالُ
صلوٰۃ و سلام نازل فرما سیدنا محمد پر جس صلوٰۃ کے طفیل امیدوار ہوں شفاعت کے جبکہ منقطع ہوجائیں گی امیدیں

اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ صَلٰوةً تَمْنَحُنَا بِهَا الْيُسْرَ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ
اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل فرما سیدنا محمد پر جس صلوٰۃ کے طفیل عطا فرمائے ہمیں آسانی۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام

عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ صَلٰوةً تَدْفَعُ بِهَا عَنَّا الْبَاْسَآءَ وَالضَّرَّآءَ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى
نازل فرما سیدنا محمد پر جس کے طفیل دور فرمائے ہم سے شدت وضرر کو۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل فرما

سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ صَلٰوةً تَحْفَظُنَا بِهَا مِنَ الْهَجَسِ وَالْهَوَسِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى
سیدنا محمد پر جس کے طفیل محفوظ فرمائے ہمیں برے خیالات اور خواہش نفس سے۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل فرما

سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ صَلٰوةً تُنَقِّيْ بِهَا عَنَّا خَطَايَانَا كَمَا تُنَقِّى الثَّوْبُ الْاَبْيَضُ مِنَ الدَّنَسِ
سیدنا محمد پر جس کے طفیل پاک کرے ہم سے ہماری خطائیں جیسے پاک کیا جاتا ہے سفید کپڑے کو میل سے

اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ صَلٰوةً تَرْزُقُنَا بِهَا الرِّضَا بِالْقُوْتِ اَللّٰهُمَّ
اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل فرما سیدنا محمد پر جس کے طفیل ہمیں نصیب فرمائے قلیل روزی پر رضامندی۔ اے اللہ

صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ صَلٰوةً تَرْزُقُنَا بِهَا الرِّضَا بِالْقَضَا وَبَرْدَ الْعَيْشِ بَعْدَ
صلوٰۃ و سلام نازل فرما سیدنا محمد پر جس کے طفیل ہمیں نصیب فرمائے اپنی قضا پر رضامندی اور موت کے بعد پر مسرت

الْمَوْتِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ صَلٰوةً تَرْزُقُنَا بِهَا الْقَنَاعَةَ اَللّٰهُمَّ
زندگی۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل فرما سیدنا محمد پر جس کے طفیل ہمیں قناعت نصیب فرمادے۔ اے اللہ

صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ صَلٰوةً تَرْحَمُنَا بِهَا فِيْمَنْ تَرْحَمُ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ
صلوٰۃ و سلام نازل فرما سیدنا محمد پر جس کے طفیل ہم پر رحم فرمائے مرحومین میں۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل

عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ صَلٰوةً تُبَلِّغُنَا بِهَا بَلَاغًا حَسَنًا اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا
فرما سیدنا محمد پر جس کے طفیل ہمیں مقصد تک پہنچائے اچھے انداز میں۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل فرما سیدنا

مُحَمَّدٍ صَلٰوةً تُنَوِّرُ بِهَا مِنَّا الْقُلُوْبَ سِرًّا وَّعَلَنًا اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا
محمد پر جس صلوٰۃ کے طفیل منور فرمائے ہمارے قلوب کو از روئے باطن وظاہر کے۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل فرما سیدنا

مُحَمَّدِ الَّذِيْ مَحَاهُ اللّٰهُ بِهٖ طُرُقَ الْاِلْتِبَاسِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ
محمد پر جس کے طفیل اللہ نے مٹا دیئے اشتباہ کے راستے۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل فرما سیدنا محمد پر

وَّعَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ الَّذِيْ نَجْلِبُ بِالصَّلٰوةِ عَلَيْهِ الْفَوَآئِدَ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ
اور آپ کی آل پر جن پر صلوٰۃ کے طفیل ہم فوائد حاصل کریں۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل فرما

عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ الَّذِيْ نَسْتَفَادُ بِالصَّلٰوةِ عَلَيْهِ جَمِيْلَ الْعَوَآئِدِ
سیدنا محمد پر اور آپ کی آل پر کہ جن پر صلوٰۃ کے ذریعے استفادہ کریں منافع جمیلہ کا۔

اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى مُشْطِهٖ فِى الْاَمْشَاطِ
اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل فرما سیدنا محمد پر اور آپ کی آل پر اور آپ کی کنگھی پر کنگھیوں میں

وَعَلٰى مُشَاطَتِهٖ فِى الْمُشَاطَاتِ وَتَسْرِيْحِهٖ فِى الْمُتَسَرِّحِيْنَ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ
اور آپ کے کنگھی میں رہنے والے بالوں پر ان بالوں میں اور بال چھڑانے پر بال چھڑانے والوں میں۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام

عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى مِرْاٰتِهٖ فِى الْمَرَآئِىْ وَكُحْلِهٖ فِى
نازل فرما سیدنا محمد پر اور آپ کی آل پر اور آپ کے آئینہ پر آئینوں میں اور سرمہ پر

الْاَكْحَالِ وَمُكْحُلَتِهٖ فِى الْمَكَاحِلِ اَللّٰهُمَّ اَنْتَ حَسَّنْتَ خَلْقِىْ فَحَسِّنْ خُلُقِىْ
سرموں میں اور سرمہ دانی پر سرمہ دانیوں میں۔ اے اللہ تو نے حسین بنایا میری صورت کو پس حسین بنا میری

وَحَرِّمْ وَجْهِىْ عَلَى النَّارِ اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِيْ سَوّٰى خَلْقِىْ وَاَحْسَنَ صُوْرَتِىْ
سیرت کو اور چہرے کو آگ پر حرام فرما۔ تمام حمدیں اللہ کے لیے ہیں جس نے موزوں بنایا میری تخلیق کو اور خوب تر بنایا میری صورت

وَزَانَ مِنِّیْ مَاشَانَ غَیْرِیْ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی
کو اور مزین کیا مجھ سے جو عیب ناک بنایا دوسروں میں۔ اے اللہ صلوٰۃ وسلام نازل فرما سیدنا محمد پر اور
اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی مِیْلِهٖ فِی الْاَمْیَالِ وَدُهْنِهٖ فِی الْاَدْهَانِ وَعَلٰی
آل محمد پر اور آپ کی سلائی پر سلائیوں میں اور تیل پر تیلوں میں اور
مُدْهَنِهٖ فِی الْمَدَاهِنِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی
تیل کے ظرف پر ظروف میں۔ اے اللہ صلوٰۃ وسلام نازل فرما سیدنا محمد پر اور
اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی مُسْعَطِهٖ وَعَلٰی هَرَاوَتِهٖ فِی الْهَرَاوٰی وَمِرْوَحَتِهٖ
آل محمد پر اور آپ کی ڈوبیہ پر۔ اور عصا پر عصاؤں میں اور آپ کے پنکھے پر
فِی الْمَرَاوِحِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ
پنکھوں میں۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل فرما سیدنا محمد پر اور آل محمد پر
وَّعَلٰی عِطْرِهٖ فِی الْمُعَطَّرِیْنَ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی
آپ کے عطر پر عطر والوں میں۔ اے اللہ صلوٰۃ وسلام نازل فرما سیدنا محمد پر اور
اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی تَارِیْخِهٖ فِی التَّوَارِیْخِ وَعَصْرِهٖ فِی الْاَعْصَارِ وَقَرْنِهٖ
آل محمد پر اور آپ کی تاریخ پر تاریخوں میں اور آپ کے زمانہ پر زمانوں میں اور آپ دور پر
فِی الْقُرُوْنِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی
ادوار میں۔ اے اللہ صلوٰۃ وسلام نازل فرما سیدنا محمد پر اور آپ کی آل پر اور
سَاعَتِهٖ فِی السَّاعَاتِ وَوَقْتِهٖ فِی الْاَوْقَاتِ وَعَامِهٖ فِی الْاَعْوَامِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ
آپ کی ساعت پر ساعتوں میں اور آپ کے وقت پر اوقات میں اور آپکے سال پر سالوں میں۔ اے اللہ صلوٰۃ
وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی شَهْرِهٖ فِی الْاَشْهُرِ وَعَلٰی شَهْرِهٖ
وسلام نازل فرما سیدنا محمد پر اور آپ کی آل پر اور آپ کے مہینہ پر مہینوں میں اور آپ کے
الرَّبِیْعِ الْاَوَّلِ وَیَوْمِهٖ یَوْمِ الْاِثْنَیْنِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّ
ربیع الاول کے مہینہ پر اور آپکے سوموار والے دن پر۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل فرما سیدنا محمد پر اور

عَلٰی اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اُسْبُوْعِهٖ فِی الْاَسَابِیْعِ وَعَشْرَتِهٖ فِی الْعَشَرَاتِ وَلَیْلِهٖ
آل محمد پر اور آپ کے ہفتہ پر ہفتوں میں آپ کے عشرہ پر عشروں میں اور آپ کی رات پر
فِی اللَّیَالِیْ وَیَوْمِهٖ فِی الْاَیَّامِ اَللّٰهُمَّ بِكَ اَمْسَیْنَا وَبِكَ نَحْیٰی وَبِكَ نَمُوْتُ
راتوں میں اور آپ کے دن پر دنوں میں۔ اے اللہ تیری توفیق سے وقت شام تک پہنچے اور تیری توفیق سے
وَاِلَیْكَ النُّشُوْرُ اَللّٰهُمَّ اَنْتَ خَلَقْتَ نَفْسِیْ وَاَنْتَ مُتَوَفِّیْهَا لَكَ مَمَاتُهَا
زندگی پاتے ہیں اور تیرے امر سے مریں گے اور تیری طرف ہی اٹھنا ہے۔ اے اللہ تو نے میرے نفس کو پیدا فرمایا اور تو ہی اس کو وفات
وَمَحْیَاهَا اِنْ اَحْیَیْتَهَا فَاحْفَظْهَا وَاِنْ اَمَتَّهَا فَاغْفِرْ لَهَا اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ
دینے والا ہے۔ تیرے ہاتھ میں ہے اس کی موت وحیات۔ اگر اسے زندہ رکھے تو محفوظ رکھنا اور موت دے تو بخشش عطا کرنا۔ اے اللہ میں
اَسْئَلُكَ الْعَافِیَةَ اَللّٰهُمَّ قِنِیْ عَذَابَكَ یَوْمَ تَبْعَثُ عِبَادَكَ اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ
تجھ سے عافیت کا سوال کرتا ہوں۔ اے اللہ مجھے اپنے عذاب سے بچا جس دن اٹھائے گا اپنے بندوں کو تمام حمدیں اللہ کیلئے ہیں
الَّذِیْ بِنِعْمَتِهٖ تَتِمُّ الصّٰلِحَاتُ اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ عَلٰی كُلِّ حَالٍ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَ
کہ جس کے انعام سے ہی نیکیاں تکمیل پاتی ہیں۔ اللہ کے لیے ہے حمد ہر حال میں۔ اے اللہ صلوٰۃ و
سَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی فَصْلِهٖ فِی الْفُصُوْلِ وَغَدَاتِهٖ
سلام نازل فرما سیدنا محمد پر اور آل محمد پر اور آپ کے موسم پر موسموں میں اور آپ کی صبح پر
فِی الْغَدَوَاتِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّ
صبحوں میں۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل فرما سیدنا محمد پر اور آپ کی آل پر اور
عَلٰی ظَهِیْرَتِهٖ فِی الظَّهَائِرِ وَاَصِیْلِهٖ فِی الْاٰصَالِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی
آپ کی دوپہر پر دوپہروں میں اور آپ کی شام پر شاموں میں۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل فرما
سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی بُقْعَتِهٖ فِی الْبِقَاعِ وَنَاحِیَتِهٖ فِی النَّوَاحِیْ
سیدنا محمد پر اور آل محمد پر اور آپ کے قطعہ زمین پر قطعات میں اور آپکے علاقہ پر علاقہ جات میں
وَاَرْضِهٖ فِی الْاَرَضِیْنَ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِ
اور آپ کی زمین پر زمینوں میں۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل فرما سیدنا محمد پر اور آل

سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى قَرْيَتِهٖ فِى الْقُرٰى وَوَطَنِهٖ فِى الْاَوْطَانِ وَمَوْلِدِهٖ فِى

محمد پر اور آپ کے شہر پر شہروں میں اور آپ کے وطن پر اوطان میں اور جائے ولادت پر

الْمَوَالِيْدِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى

مقامات ولادت میں۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل فرما سیدنا محمد پر اور آپ کی آل پر اور

مَكَانِهٖ فِى الْاَمْكِنَةِ وَمِصْرِهٖ فِى الْاَمْصَارِ وَمَدِيْنَتِهٖ فِى الْمَدَآئِنِ اَللّٰهُمَّ

آپ کے مکان پر مکانوں میں اور بلا پر بلاد میں اور آپ کے مدینہ پر جملہ شہروں میں۔ اے اللہ

صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى دَارِهٖ فِى الدُّوْرِ

صلوٰۃ و سلام نازل فرما سیدنا محمد پر اور آل محمد پر اور آپ کی حویلی پر حویلیوں میں

وَمَسْكَنِهٖ فِى الْمَسَاكِنِ وَمَطْلَعِهٖ فِى الْمَطَالِعِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا

اور آپ کے مسکن پر ساکن میں اور آپ کے بالاخانہ پر بالاخانوں میں۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل فرما سیدنا

مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى قَصْرِهٖ فِى الْقُصُوْرِ وَيَمِيْنِهٖ فِى الْاَيْمَانِ وَشِمَالِهٖ فِى الشَّمَآئِلِ

محمد پر اور آل سیدنا محمد پر اور آپ کے محل پر محلات میں اور دائیں ہاتھ پر دائیں ہاتھوں میں اور بائیں ہاتھ پر بائیں ہاتھوں میں

اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى فَوْقِهٖ وَ

اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل فرما سیدنا محمد پر اور آل محمد پر اور آپ کے اوپر والی جانب اور

تَحْتِهٖ وَقُدَّامِهٖ وَخَلْفِهٖ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى اٰلِ سَيِّدِنَا

نچلی اور اگلی اور پچھلی جانب پر۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل فرما سیدنا محمد پر اور آل محمد

مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى اَسَاسِهٖ فِى الْاُسُسِ وَبَيْتِهٖ فِى الْبُيُوْتِ وَبَيْتِ اَصْهَارِهٖ فِى

پر اور آپ کے مکان کی بنیاد پر بنیادوں میں اور مکان پر مکانات میں اور آپ کے دامادوں کے مکانوں پر

الْاَبْيَاتِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ

مکانات میں۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل فرما سیدنا محمد پر اور آل محمد پر

وَّعَلٰى حَآئِطِهٖ فِى الْحِيْطَانِ وَاُسْطُوَانَتِهٖ فِى الْاَسَاطِيْنِ وَسَقْفِهٖ فِى

اور آپ کی دیوار پر دیواروں میں اور ستون پر ستونوں میں اور مکان کی چھت پر

السُّقُوْفِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّ

چھتوں میں۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل فرما سیدنا محمد پر اور آل محمد پر اور

عَلٰى سَطْحِهٖ فِى السُّطُوْحِ وَسُلَّمِهٖ فِى السَّلَالِمِ وَمِرْقَاتِهٖ فِى الْمَرَاقِىْ

آپ کے مکان کی چھت پر چھتوں میں اور سیڑھی پر سیڑھیوں میں اور سیڑھی کے ہر درجہ پر درجات میں

اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى

اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل فرما سیدنا محمد پر اور آل محمد پر اور آپ کے

صُفَّتِهٖ فِى الصُّفَّاتِ وَحُجْرَتِهٖ فِى الْحُجُرَاتِ وَظُلَّتِهٖ فِى الظُّلَّاتِ اَللّٰهُمَّ

چھپر پر چھپروں میں اور حجرہ پر حجرات میں اور سایہ دار جگہ پر سایہ دار جگہوں میں۔ اے اللہ

صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى سَاحَتِهٖ

صلوٰۃ و سلام نازل فرما سیدنا محمد پر اور آل محمد پر اور آپ کے صحن پر

فِى السَّاحَاتِ وَسُدَّتِهٖ فِى السُّدَّاتِ وَسُرَادِقَتِهٖ فِى السُّرَادِقَاتِ

صحنوں میں اور چوکھٹ پر چوکھٹوں میں اور سرا پردہ پر سرا پردہ میں۔

اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى

اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل فرما سیدنا محمد پر اور آپ کی آل پر اور آپ کے

بَابِهٖ فِى الْاَبْوَابِ وَمِصْرَعِ بَابِهٖ فِى الْمَصَارِيْعِ وَاُسْكُفَّتِهٖ فِى الْاُسْكُفَّاتِ

دروازہ پر دروازوں میں اور دروازے کے کواڑ پر کواڑوں میں اور دہلیز پر دہلیزوں میں۔

اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى رِجْلِ

اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل فرما سیدنا محمد پر اور آل محمد پر اور آپ کے دروازے کے نچلے حصہ

بَابِهٖ فِى الْاَبْوَابِ وَمِزْلَاجِهٖ فِى الْمَزَالِيْجِ وَعِضَادَتِهٖ فِى الْعُضَادَاتِ

پر دروازوں میں اور دروازے کے چٹخنی پر چٹخنیوں میں اور دروازے کی جانبوں پر جوانب میں

اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى سِكَّتِهٖ

اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل فرما سیدنا محمد پر اور آل محمد پر اور آپ کے دروازے کی گلی پر

فِی السِّکَاکِ وَسِلْسِلَتِهٖ فِی السَّلَاسِلِ وَقُفْلِهٖ فِی الْاَقْفَالِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَ
بلبوں میں اور زنجیر پر زنجیروں میں اور تالہ پر تالوں میں ۔ اے اللہ صلوٰۃ و
سَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی مِفْتَاحِهٖ فِی الْمَفَاتِیْحِ
سلام نازل فرما سیّدنا محمد پر اور آل سیّدنا محمد پر اور آپ کی چابی پر چابیوں میں
وَطَرِیْقَتِهٖ فِی الطُّرُقِ وَزِقَاقِهٖ فِی الزِّقَاقِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا
اور آپ کے راستہ پر راستوں میں اور گلی پر گلیوں میں ۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل فرما سیّدنا
مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی سِکَّتِهٖ فِی السِّکَکِ وَخَوْخَتِهٖ فِی الْخَوْخَاتِ وَ
محمد پر اور آل محمد پر اور آپ کے کوچہ پر کوچوں میں اور کھڑکی پر کھڑکیوں میں اور
بِیْرِهٖ فِی الْاٰبَارِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی
کنوئیں پر کنوؤں میں ۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل فرما سیّدنا محمد پر اور آل محمد پر اور آپکے
مُغْتَسَلِهٖ فِی الْمُغْتَسَلَاتِ وَکَنِیْفِهٖ فِی الْکَنَائِفِ وَمَسِیْلِ مَآئِهٖ فِی الْمَسِیْلَاتِ
غسل خانہ پر غسل خانوں میں اور بیت الخلاء پر بیت الخلاؤں میں اور آپ کے پانی کی گزرگاہ پر اس کی گزرگاہوں میں
اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰنِیَتِهٖ فِی الْاَوَانِیْ
اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل فرما سیّدنا محمد پر اور آل محمد پر اور آپ کے برتن پر برتنوں میں
وَقُلَّتِهٖ فِی الْقِلَالِ وَجَرَّتِهٖ فِی الْجِرَارِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّ
اور آپ کے مٹکے پر مٹکوں میں اور گھڑے پر گھڑوں میں ۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل فرما سیّدنا محمد پر اور
عَلٰی اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی جَفْنَتِهٖ فِی الْجِفَانِ وَاِبْرِیْقِهٖ فِی الْاَبَارِیْقِ وَ
آل محمد پر اور آپ کے پیالے پر پیالوں میں اور لوٹے پر لوٹوں میں اور
اِدَاوَتِهٖ فِی الْاَدَاوِیْ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِ سَیِّدِنَا
چھوٹے مشکیزہ پر مشکیزوں میں ۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل فرما سیّدنا محمد و آل محمد
مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اُثْفِیَّتِهٖ فِی الْاُثْفِیَّاتِ وَقِدْرِهٖ فِی الْقُدُوْرِ وَمِجْمَرِهٖ فِی الْمَجَامِیْرِ
پر اور آپکے چولھے کے پتھروں پر ان پتھروں میں اور ہنڈیا پر ہنڈیوں میں اور عود سوز پر عود سوزوں میں

اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی بُرْمَتِهٖ فِی
اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل فرما سیّدنا محمد پر اور آل محمد پر اور آپ کی ہانڈی پر
الْبِرَامِ وَطِنْجِیْرِهٖ فِی الطَّنَاجِیْرِ وَتَنُّوْرِهٖ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ
ہانڈیوں میں اور دھات کی دیگچی پر دیگچیوں اور تنوروں میں ۔ اے اللہ صلوٰۃ وسلام نازل فرما سیّدنا محمد پر
وَّعَلٰی اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی طَابَقِهٖ فِی الطَّوَابِیْقِ وَطَسِّهٖ فِی الطِّسَاسِ وَمِرْکَنِهٖ
اور سیّدنا محمد کی آل پر اور آپ کے تھال پر تھالوں میں اور تاش پر تاشوں میں اور لگن پر
فِی الْمَرَاکِنِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی مِغْرَفَتِهٖ
لگنوں میں ۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل فرما سیّدنا محمد پر اور آپ کی آل پر اور آپکے چمچہ پر
فِی الْمَغَارِفِ وَمِلْعَقَتِهٖ فِی الْمَلَاعِقِ وَدَلْوِهٖ فِی الدِّلَاءِ اِلٰهِیْ هَدَیْتَنِیْ فَلَهَوْتُ
چمچوں میں اور چمچی پر چمچیوں میں اور آپکے ڈول پر ڈولوں میں ۔ اے میرے الٰہ تونے مجھے ہدایت دی پس میں غافل ہو
وَوَعَظْتَ فَقَسَوْتُ وَاَبْلَیْتَ الْجَمِیْلَ فَعَصَیْتُ ثُمَّ غَفَرْتَ فَعُدْتُّ وَاِذَا
گیا اور تو نے نصیحت فرمائی مگر میں سنگدل ہو گیا اور تو نے اچھائی کرکے آزمایا مگر میں نافرمانبردار ہو گیا پھر بھی تو نے بخشش فرمائی مگر
عَرَّفْتَنِیْهِ فَاسْتَغْفَرْتُ فَاَقَلْتَ فَعُدْتُّ فَسَتَرْتَ فَلَكَ الْحَمْدُ اَللّٰهُمَّ
میں عصیان کی طرف لوٹا اور جب تو احسان جتلائے تو میں مغفرت طلب کرتا ہوں تو گرفت سے باز رہے تو میں پھر برائی کی طرف لوٹتا ہوں تو
اَنْتَ الْمَلِكُ الْجَوَادُ الْبَارُّ الْغَفُوْرُ الرَّحِیْمُ لَآ اِلٰهَ اِلَّآ اَنْتَ الَّذِیْ قَدْ نُجِحَ
پھر بھی پردہ پوشی کرتا ہے پس تیرے لیے ہی حمد وثنا ہے ۔ اے اللہ تو ہی بادشاہ صاحب جود وصاحب احسان، بہت بخشنے والا مہربان ہے نہیں
حَاجَاتُ مَنْ تَوَجَّهَ اِلَیْكَ بِالصِّدْقِ وَالطَّاعَةِ وَبُدِّحَ قَلْبُهٗ وَشُرِحَ
معبود برحق مگر تو کہ تحقیق پوری کی گئیں حاجات ان کی جو متوجہ ہوئے تیری طرف صدق والطاعت کے ساتھ اور فراخ کیا گیا دل اس کا اور کشادہ کیا گیا
صَدْرُهٗ وَنُزِحَ حُزْنُهٗ وَنُزِحَ مَآءُ الْحَیٰوةِ مِنْ بِحَارِ قُدْرَتِكَ الَّتِیْ هِیَ
سینہ اس کا اور دور کیا گیا حزن اس کا اور کھینچا گیا آب حیات تیری قدرت کے سمندروں سے (اس کے لیے)
قَادِرَةٌ عَلٰی اِیْجَادٍ اِنْ اَرَدْتَّهٗ وَعَلٰی اِعْدَامٍ اِنْ شِئْتَهٗ اَللّٰهُمَّ اِنْ عَادَنِیْ
جو کہ قادر ہے ایجاد پر جب ارادہ کرے تو ایجاد کا اور معدوم کرنے پر اگر چاہے معدوم کرنا ۔ اے اللہ اگر عداوت رکھے مجھ

جنٍّ حاسدٍ او شیطانٍ مریدٍ یتمثل بمثالٍ بشریٍّ او حیوانیٍّ حیث دعوته

سے حاسد جن یا سرکش شیطان جو متشکل ہو شکل بشری یا حیوانی میں جہاں میں اس کو بلاؤں اور

وعیّنته لاهلاك عدوٍّ فاهلكه فانه خالف اهل الاسلام و ابتغی اللّٰهم

متعین کروں کسی دشمن کی ہلاکت کے لیے تو اس کو ہلاکت فرما کیونکہ اس نے اہل اسلام کی مخالفت اور بغاوت کی۔ اے اللہ

انت ولی الذین امنوا وناصرهم وبارّهم انی ممن امن بك وبمن امرت

تو اہل ایمان کا ولی و ناصر اور محسن ہے، میں ان میں سے ایک فرد ہوں جو تجھ پر ایمان لائے اور جن کے ساتھ ایمان لانے کا

بالایمان به انصرنی عند كل دهشةٍ وشدّةٍ واقلب وهمی وخیالی ان كان

تو نے حکم دیا میری مدد فرما ہر دہشت اور شدت کے وقت اور بدل دے میرے وہم و خیال کو اگر وہ موجب

نقصًا لهذا الداعی ولاهله واحبّائه واولاده الی خلافه یا بارًّا محمودًا

نقصان ہو اس دعا طلب اور اس کے اقرباء اور احباب و اولاد کے لیے دوسری جانب اے محسن محمود احسان والے از روئے

وجودًا ایًّا ما كان من وجودٍ عرضیًّا او جوهریًّا انت تامٌّ محمودٌ والقائل ناقصٌ

وجود کے جو وجود بھی ہو عرض یا جوہری تو کامل و محمود ہے اور قائل ناقص ہے

فتمّمه باضافة نورٍ به ساریًا فی عروقه وغیر مفضٍ لسیلان الدم وتبدّلها الی

لہذا تو اس کو بھی کامل فرما بسبب ملانے نور کے جو سرایت کرنے والا ہو اس کی رگوں میں اور دوران خون کیلئے مفرزنہ ہو اور نہ

فضولات البشریة اللّٰهم ان كنت متصوّر النور الاجمالی المعتدل فاجعله

زوائد بشریہ کی طرف ڈھلنے والا ہو۔ اے اللہ اگر تو اپنے نور اجمالی معتدل کو صورت و شکل دینے والا ہے تو اسے میرے

لی لذیذًا او متسوّقًا من غیر عارضٍ ولا بادٍ بشدّة اللمعات بل معدًّا لهذا ا

لیے لذیذ اور خوشگوار بنا بغیر کسی عارض کے اور نہ ظاہر ہونے والا شدید چمکوں کے ساتھ بلکہ استعداد پیدا کرنے والا

الداعی بالعضّ فی الوصول فاغب فی ذلك البار متلذّذًا بالجماع مع الصور

واسطے اس دعا گو کے چبانے کے ساتھ وصول میں پس غائب فرما اس نکوکار میں لذت اندوز ہوتے ہوئے بسبب

الغیبیة الحسنة الجمالیة والسعادة منزّهًا عن الشهوات البشریة المزیلة

اجتماع کے ساتھ غیبی حسین وجمیل اور سعادت مند صورتوں کے درآنحالیکہ منزہ ہو شہوات بشریہ سے جو زائل کرنے والی ہیں

للنطفة واجعلنی اذعانًا فی قومٍ من الملا الاعلی وجنده اخذ اتنه بارصانٍ

نطفہ کو اور بنا دے مجھے از روئے یقین کے ملاء اعلیٰ کی قوم اور لشکر میں درآنحالیکہ میں حاصل کرنے والا ہوں ساتھ کامل

تامٍّ من غیر فقد سرٍّ من اسرارك بحیث لا یصدر منی خلاف الاذعان ولا

استحکام کے بغیر گم کئے کسی راز کو تیرے رازوں سے اس انداز میں کہ نہ سرزد ہو مجھ سے خلاف یقین اور نہ ہی

جرمٌ فی فوائد هذا الاسم ومظاهره اللّٰهم اجعل الطبائع فی هذا الداعی

کوئی جرم اس اسم کے فوائد اور مظاہر میں۔ اے اللہ بنا دے طبائع کو اس دعا طلب میں

معتدلةً اخذةً لجنسها امثل اعتدالها من غیر تعدٍّ حتی لا یهلك

معتدل جو اپنے ہمجنس کو اخذ کریں کامل اعتدال کے ساتھ بغیر تجاوز کے یہاں تک کہ نہ ہلاک ہو

شخصی بغیظٍ زائدٍ او تكوّن مضغةٍ او افراط قوّةٍ من القوی الانسیة

میرا شخص زائد غیظ وغضب سے یا مضغہ کے بننے یا انسانی قوتوں میں سے کسی کے حد سے بڑھنے کی وجہ سے

اللّٰهم انت حافظی والملئكة الاربعة الموكّلة علی الكیفیات الاربعة

اے اللہ تو میرا محافظ ہے اور چار فرشتے جو موکل ہیں چار کیفیات پر

المتولّدة منها الاربعة الاخری تحت امرك ورضاك وسوادی وخیالی

جن سے پیدا ہونے والی ہیں چار کیفیات دوسری تیرے امر و رضا کے تحت اور میرے مجسمہ و خیال کے تحت

وكل امرٍ عرضیٍّ او جوهریٍّ لك اجعلها بارّةً فی عبدك هذا والداعی

اور اپنے ہر امر عرضی اور جوہری کو بنا دے موافق طبع اپنے اس عبد میں اور طالب حاجات میں

الیك یا فاطر الحقائق المتفرّد بالعظمة والجلال المنزّه عن الكفو الذی

اے پیدا کرنے والے حقائق کے جو متفرد ہے عظمت وجلال کے ساتھ اور منزہ ہے کفو و مثیل سے کہ

تقربه او تنظره او تتلذّذ به فلیس لاحدٍ ان یقدر علی مكانٍ وصفه

کوئی اس کے قریب ہو یا نظیر و مماثل ہو یا اس سے لذت گیر ہو پس نہیں ہے کسی کے لیے شایاں کہ قادر ہو اس کی حقہ توصیف

كما هو یا زاكی الطاهر من كل افةٍ بقدسه زكّنی وطهّرنی من كل لوثٍ

ہر اے پاکیزہ و طاہر ہر آفت سے بسبب اپنے تقدس کے مجھے پاک اور طاہر فرما ہر انسانی آلائش سے

اِنْسِیٍّ بِحَیْثُ یَکُوْنُ صُوْرَتِیْ وَشَخْصِیْ صُوْرَۃً اِنْسِیٍّ وَسِیَرِیْ سِیْرَۃً
اس انداز سے کہ میری صورت اور جسم انسانی ہو اور میری سیرت کو بنا دے

شَبِیْھَا بِالْعَقْلِ الْاَوَّلِ بِفَضْلِكَ یَا اَرْحَمَ الرّٰحِمِیْنَ ○ وَلَوْلَا فَضْلُكَ عَلَیْنَا
مشابہ عقل اول کی سیرت کے اپنے فضل سے اے ارحم الراحمین اور تیرا فضل ہم پر نہ ہو

لَمَا زَکَیْتُ اَبَدًا وَّلٰکِنْ تُزَکِّیْ مَنْ تَشَآءُ اَللّٰھُمَّ اَنْتَ الْقَادِرُ عَلٰی اَنْ تَجْعَلَنِیْ
تو ہیں کبھی پاک نہیں ہو سکتا لیکن تو ہی پاک کرتا ہے جسے چاہتا ہے۔ اے اللہ تو قادر ہے اس پر کہ بنائے مجھے

ھٰکَذَا فَاجْعَلْنِیْ مَحْفُوْظًا عَنْ اٰفَۃٍ اَرْضِیَّۃً کَانَتْ اَوْ سَمَاوِیَّۃً مَّانِعَۃً
اس طرح پس مجھے محفوظ فرما ہر آفت سے ارضی ہو یا سماوی ہو جو مانع ہو

بِعُبُوْرِ الْعَقْلِ وَالسَّیْرِ فِی الْقُدُسِیَّاتِ اَللّٰھُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا
عقل کے عبور اور سیر سے قدسیات میں۔ اے اللہ صلوٰۃ وسلام نازل فرما سیدنا

مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓی اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی ذِیْ رَحِمِہٖ فِیْ ذَوِی الْاَرْحَامِ وَذُرِّیَّتِہٖ
محمد و آل محمد پر اور آپ کے ذوی الارحام پر تمام ذوی الارحام میں اور آپ کی ذریت

فِی الذَّرَارِیْ اَللّٰھُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓی اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ
پر تمام ذریات میں۔ اے اللہ صلوٰۃ وسلام نازل فرما سیدنا محمد پر اور آل محمد پر

وَّعَلٰی مُرْضِعِہٖ فِی الْمَرَاضِعِ وَاَبِیْہِ فِی الْاٰبَآءِ وَجَدِّہٖ فِی الْاَجْدَادِ اَللّٰھُمَّ
اور آپ کو دودھ پلانے والی پر دودھ پلانے والیوں میں اور آپکے باپ پر آباء میں اور دادا پر اجداد میں

صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓی اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی جَدَّتِہٖ فِی الْجَدَّاتِ
اے اللہ صلوٰۃ وسلام نازل فرما سیدنا محمد پر اور آل محمد پر اور آپ کی دادی پر دادیوں میں

وَجَدِّہِ الْفَاسِدِ فِی الْاَجْدَادِ الْفَاسِدِیْنَ اَللّٰھُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ
اور نانے پر نانوں میں۔ اے اللہ صلوٰۃ وسلام نازل فرما سیدنا محمد پر

وَّعَلٰٓی اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی جَدَّتِہِ الْفَاسِدَۃِ فِی الْجَدَّاتِ الْفَاسِدَاتِ وَعَمِّہٖ
اور آل محمد پر اور آپ کی نانی پر نانیوں میں اور چچے پر

فِی الْاَعْمَامِ اَللّٰھُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓی اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّ
چچوں میں۔ اے اللہ صلوٰۃ وسلام نازل فرما سیدنا محمد پر اور آل محمد پر اور

عَلٰی زَوْجِ عَمِّہٖ فِیْ اَزْوَاجِ الْاَعْمَامِ وَعَمَّتِہٖ فِی الْعَمَّاتِ وَزَوْجِ عَمَّتِہٖ فِیْ
آپ کی چچی پر چچوں کی بیویوں میں۔ اور پھوپھی پر پھوپھیوں میں اور پھوپھی کے خاوند پر

اَزْوَاجِ الْعَمَّاتِ اَللّٰھُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓی اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ
پھوپھیاں کے خاوندوں میں۔ اے اللہ صلوٰۃ وسلام نازل فرما سیدنا محمد و آل محمد پر

وَّعَلٰٓی اَخِیْہِ فِی الْاِخْوَۃِ وَاُخْتِہٖ فِی الْاَخَوَاتِ وَخَالِہٖ فِی الْاَخْوَالِ اَللّٰھُمَّ
اور آپ کے بھائی پر بھائیوں میں اور آپ کی بہن پر بہنوں میں اور ماموں پر ماموؤں میں۔ اے اللہ

صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓی اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی خَالَتِہٖ فِی
صلوٰۃ وسلام نازل فرما سیدنا محمد و آل محمد پر اور آپ کی خالہ پر

الْخَالَاتِ وَوَلَدِہٖ فِی الْاَوْلَادِ وَابْنِہٖ فِی الْاَبْنَآءِ اَللّٰھُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی
خالاؤں میں اور آپ کی اولاد پر اولادوں میں اور آپکے ہر صاحبزادہ پر صاحبزادوں میں۔ اے اللہ صلوٰۃ وسلام نازل فرما

سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓی اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی مُتَبَنِّیْہِ فِی الْمُتَبَنِّیْنَ وَکَنَّتِہٖ فِی
سیدنا محمد و آل محمد پر اور آپ کے متبنّٰی پر متبناؤں میں اور آپ کی بہو پر

الْکَنَائِنِ وَبِنْتِہٖ فِی الْبَنَاتِ اَللّٰھُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی
بہوؤں میں اور ہر صاحبزادی پر صاحبزادیوں میں۔ اے اللہ صلوٰۃ وسلام نازل فرما سیدنا محمد پر اور

اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی خَتَنِہٖ فِی الْاَخْتَانِ وَسِبْطِہٖ فِی الْاَسْبَاطِ وَحَافِدَتِہٖ
سیدنا محمد کی آل پر اور آپ کے سسر پر سسروں میں اور ہر بیٹے پر بیٹوں میں اور پوتے

فِی الْحَافِدَاتِ اَللّٰھُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓی اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ
پر پوتوں میں۔ اے اللہ صلوٰۃ وسلام نازل فرما سیدنا محمد پر اور آل محمد پر

وَّعَلٰی زَوْجِہٖ فِی الْاَزْوَاجِ وَحَمَاتِہٖ فِی الْحَمَاتِ وَصِھْرِہٖ فِی الْاَصْھَارِ
اور آپ کی ہر بیوی پر بیویوں میں اور آپ کی ساس پر ساسوں میں اور آپکے داماد پر داماد وں میں

اللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى خَتَنَتِهٖ

اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل فرما سیّدنا محمد پر اور آل محمد پر اور آپ کی ساس پر

فِى الْخَتَنَاتِ وَسَلَفِهٖ فِى الْاَسْلَافِ وَصَاهِرَتِهٖ فِى الْمُصَاهِرَاتِ اَللّٰهُمَّ

ساسوں میں اور آپ کے ہم زلف پر ہم زلفوں میں اور آپ کے سسر بننے پر مصاہرت میں ۔ اے اللہ

صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى خَلِيْفَتِهٖ فِى الْخَلَآئِفِ

صلوٰۃ و سلام نازل فرما سیّدنا محمد و آل محمد پر اور آپ کے ہر خلیفہ پر خلفاء میں

وَصَحْبِهٖ فِى الْاَصْحَابِ وَخَادِمِهٖ فِى الْخَدَمِ اَللّٰهُمَّ اِنَّا نَتَوَسَّلُ بِكَ وَنَسْئَلُكَ

اور صحابی پر اصحاب میں اور ہر خادم پر خدام میں ۔ اے اللہ ہم تجھ سے وسیلہ پکڑتے ہیں اور تجھی سے سوال

وَنَتَوَجَّهُ اِلَيْكَ بِكِتَابِكَ الْعَزِيْزِ وَنَبِيِّكَ الْكَرِيْمِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ صَلَّى اللّٰهُ

کرتے ہیں اور توجہ کرتے ہیں تیری طرف بطفیل تیری کتاب عزیز اور تیرے نبی کریم سیّدنا محمد صلی اللہ

عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَبِشَرَفِهِ الْمَجِيْدِ وَبِاَبَوَيْهِ اِبْرَاهِيْمَ وَاِسْمٰعِيْلَ وَبِصَاحِبَيْهِ

علیہ وسلم کے اور بطفیل ان کے شرف و مجد کے اور بطفیل ان کے دونوں باپ ابراہیم و اسماعیل کے اور دونوں صحابیوں

اَبِىْ بَكْرٍ وَّعُمَرَ وَذِى النُّوْرَيْنِ عُثْمَانَ وَاٰلِهٖ فَاطِمَةَ وَعَلِيٍّ وَّوَلَدَيْهِمَا الْحَسَنِ

ابوبکر و عمر کے اور بطفیل ذی النورین عثمان اور آپ کی آل فاطمۃ و علی اور صاحبزادوں حسن

وَالْحُسَيْنِ وَعَمَّيْهِ حَمْزَةَ وَالْعَبَّاسِ وَزَوْجَتَيْهِ خَدِيْجَةَ وَعَآئِشَةَ اَللّٰهُمَّ

و حسین کے اور چچوں حمزۃ و عباس کے اور دونوں بیویوں خدیجہ و عائشہ کے ۔ اے اللہ

ارْحَمْ اَبَا بَكْرِنِ التَّقِيَّ وَعُمَرَ النَّقِيَّ وَعُثْمَانَ الزَّكِيَّ وَعَلِيَّ الْوَفِيَّ اَسَدَ اللّٰهِ

رحم فرما ابوبکر پرہیزگار، عمر پاکیزہ ۔ عثمان طاہر اور علی باوفا اسد اللہ مرتضٰے

الْمُرْتَضٰى وَفَاطِمَةَ الزَّهْرَآءِ وَخَدِيْجَةَ الْكُبْرٰى وَعَآئِشَةَ الصِّدِّيْقَةَ الْعُلْيَا

پر اور فاطمہ زہراء ۔ خدیجہ الکبریٰ اور عائشہ صدیقہ بلند شان پر

وَالْحَسَنَ الرِّضٰى وَالْحُسَيْنَ الشَّهِيْدَ الْمُجْتَبٰى وَالشُّهَدَآءَ الْكَرْبَلَا وَالسَّعْدَ

حسن مجسمہ رضا اور حسین شہید مجتبیٰ پر اور تمام شہداء کربلا پر اور سعد

وَالسَّعِيْدَ وَالطَّلْحَةَ وَالزُّبَيْرَ وَعَبْدَ الرَّحْمٰنِ بْنَ عَوْفٍ وَّاَبَا عُبَيْدَةَ بْنَ

و سعید اور طلحہ و زبیر اور عبد الرحمٰن بن عوف و ابو عبیدہ بن الجراح

الْجَرَّاحِ الْعَشَرَةَ الْمُبَشَّرِيْنَ وَسَآئِرَ الصَّحَابَةِ وَالتَّابِعِيْنَ وَالْخُلَفَآءَ الرَّاشِدِيْنَ

یعنی تمام عشرہ مبشرہ پر اور دیگر تمام صحابہ کرام و تابعین اور خلفاء راشدین پر

رِضْوَانُ اللّٰهِ تَعَالٰى عَلَيْهِمْ اَجْمَعِيْنَ ط اَللّٰهُمَّ اِنَّا نَسْئَلُكَ اَنْ تَغْفِرَ لَنَا وَلِوَالِدَيْنَا

رضوان اللہ تعالےٰ علیہم اجمعین ۔ اے اللہ ہم تجھ سے سوال کرتے ہیں کہ ہمیں بخش اور ہمارے والدین

وَلِمَشَآئِخِنَا وَلِاَسَاتِذَتِنَا وَلِجَمِيْعِ الْمُؤْمِنِيْنَ وَالْمُؤْمِنَاتِ الْاَحْيَآءِ مِنْهُمْ وَالْاَمْوَاتِ

کو اور مشائخ و اساتذہ کو اور تمام مومنین و مومنات زندہ اور فوت شدہ کو

اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى غُلَامِهٖ فِى الْغِلْمَةِ وَ

اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل فرما سیّدنا محمد و آل محمد پر اور آپ کے ہر غلام پر غلاموں میں

مَوَالِيْهِ فِى الْمَوَالِىْ وَشِيْعَتِهٖ فِى الْاَشْيَاعِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ

اور محبوں پر تمام محبوں میں اور جماعت پر جماعتوں میں ۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل فرما سیّدنا محمد پر

وَّعَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى نَصِيْرِهٖ فِى الْاَنْصَارِ وَمُهَاجِرِهٖ فِى الْمُهَاجِرِيْنَ وَ

اور آل محمد پر اور آپ کے مددگار پر مددگاروں میں اور ہر مہاجر پر مہاجرین میں اور

فَارِسِهٖ فِى الْفَوَارِسِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا

آپ کے ہر شاہسوار پر شاہسواروں میں ۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل فرما سیّدنا محمد پر اور آل

مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اَعْرَابِهٖ فِى الْاَعَارِيْبِ وَفَيْجِهٖ فِى الْفُيُوْجِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ

محمد پر اور آپ کے اعراب پر اعرابیوں میں اور آپکے ہرکارہ پر ہرکاروں میں ۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل

عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى سَفِيْرِهٖ فِى السُّفَرَآءِ وَرَسُوْلِهٖ فِى

فرما سیّدنا محمد و آل محمد پر اور آپ کے ہر سفیر پر سفیروں میں اور ایلچی پر

الرُّسُلِ اَللّٰهُمَّ اِنِّىْ اَسْئَلُكَ فِىْ سَفَرِنَا هٰذَا الْبِرَّ وَالتَّقْوٰى وَمِنَ الْعَمَلِ مَا

ایلچیوں میں ۔ اے اللہ میں سوال کرتا ہوں تجھ سے اپنے اس سفر میں نیکی اور تقویٰ کا اور تیرے ہاں

تَرْضٰى اَللّٰهُمَّ هَوِّنْ عَلَيْنَا سَفَرَنَا هٰذَا وَاطْوِ لَنَا الْبُعْدَ اَللّٰهُمَّ اَنْتَ الصَّاحِبُ
پسندیدہ عمل کا۔ اے اللہ آسان فرما ہم پر ہمارا یہ سفر اور لپیٹ دے ہمارے لیے اس کی دوری۔ اے اللہ تو ہی ساتھی ہے
فِى السَّفَرِ وَالْخَلِيْفَةُ فِى الْاَهْلِ اَللّٰهُمَّ اِنِّىْٓ اَعُوْذُ بِكَ مِنْ وَعْثَآءِ السَّفَرِ وَ
سفر میں اور نگران ہے اہل وعیال میں۔ اے اللہ میں تیری پناہ طلب کرتا ہوں سفر کی تھکان اور
كَاٰبَةِ الْمَنْظَرِ وَسُوْٓءِ الْمُنْقَلَبِ فِى الْمَالِ وَالْاَهْلِ وَالْوَلَدِ اَللّٰهُمَّ اطْوِ لَهُ
برے منظر سے اور بری بازگشت سے مال اور اہل و اولاد میں۔ اے اللہ سمیٹ اس کی
الْبُعْدَ وَهَوِّنْ عَلَيْهِ السَّفَرَ اَللّٰهُمَّ لَكَ الشَّرَفُ عَلٰى كُلِّ شَرَفٍ وَّلَكَ
دوری کو اور آسان فرما اس پر سفر کو۔ اے اللہ تیرے لیے ہی ہے بزرگی ہر شرف و بزرگی پر اور تیرے لیے
الْحَمْدُ عَلٰى كُلِّ حَالٍ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰىٓ اٰلِ
ہے حمد ہر حال میں۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل فرما سیّدنا محمد پر اور آل
سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰىٓ اَمَتِهٖ فِى الْاِمَآءِ وَعَبْدِهٖ فِى الْعَبِيْدِ وَكَاتِبِهٖ فِى
محمد پر اور آپ کی لونڈی پر لونڈیوں میں اور غلام پر غلاموں میں اور ہر کاتب پر
الْكُتَّابِ وَرَقِيْبِهٖ فِى الرُّقَبَآءِ وَحَارِسِهٖ فِى الْحُرَّاسِ وَنَقِيْبِهٖ فِى
کاتبوں میں اور آپ کے ہر نگران پر نگرانوں میں اور ہر پہرے دار پر پہرے داروں میں اور آپ کے مقرر کردہ ہر سردار پر
النُّقَبَآءِ وَمُؤَذِّنِهٖ فِى الْمُؤَذِّنِيْنَ وَخَطِيْبِهٖ فِى الْخُطَبَآءِ وَجَاسُوْسِهٖ فِى
ایسے سرداروں میں اور ہر مؤذن پر مؤذنوں میں اور ہر خطیب ہر خطیبوں میں اور آپ کے ہر جاسوس پر
الْجَوَاسِيْسِ وَاُمَّتِهٖ فِى الْاُمَمِ وَشَاعِرِهٖ فِى الشُّعَرَآءِ وَبَوَّابِهٖ فِى الْبَوَّابِيْنَ
جاسوسوں میں اور آپ کی اُمّت پر اُمتوں میں اور ہر شاعر پر شاعروں میں اور ہر دربان پر دربانوں میں
وَقَصَّادِهٖ فِى الْقَصَّادِيْنَ وَخَيَّاطِهٖ فِى الْخَيَّاطِيْنَ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى
اور ان کی طرف متوجہ ہونے والے پر متوجہ ہونے والوں میں اور ان کے درزی پر درزیوں میں۔ اے اللہ صلوٰۃ وسلام نازل
سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰىٓ اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى طَبَّاخِهٖ فِى الطَّبَّاخِيْنَ وَعَصَّارِهٖ فِى
فرما سیّدنا محمد و آل محمد پر اور آپ کے باورچی پر باورچیوں میں اور شیرہ نکالنے پر

الْعَصَّارِيْنَ وَرَاعِيْهِ فِى الرُّعَاتِ وَحَجَّامِهٖ فِى الْحَجَّامِيْنَ وَفَصَّادِهٖ فِى
شیرہ نکالنے والوں میں اور ہر چرواہے پر چرواہوں میں اور سینگیاں لگانے والے پر ایسے لوگوں میں اور رگزن پر
الْفَصَّادِيْنَ وَمُنَادِيْهِ فِى الْمُنَادِيْنَ وَصَبَّاغِهٖ فِى الصَّبَّاغِيْنَ وَسَمَّانِهٖ فِى
رگزنوں میں اور آپ کے منادی پر منادیوں میں اور رنگریز پر رنگریزوں میں اور گھی فروش پر
السَّمَّانِيْنَ وَلَبَّانِهٖ فِى اللَّبَّانِيْنَ وَحَدَّادِهٖ فِى الْحَدَّادِيْنَ وَصَيَّاغِهٖ فِى
گھی فروشوں میں اور دودھ فروش پر دودھ فروشوں میں اور آپ کے لوہار پر لوہاروں میں اور سنار پر
الصَّيَّاغِيْنَ وَعَطَّارِهٖ فِى الْعَطَّارِيْنَ وَحَلَّاقِهٖ فِى الْحَلَّاقِيْنَ وَحَطَّابِهٖ فِى
سناروں میں اور عطار پر عطاروں میں اور آپ کے حجام پر حجاموں میں اور آپ کے لکڑہارے پر
الْحَطَّابِيْنَ وَحَادِيْهِ فِى الْحُدَاةِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰىٓ
لکڑہاروں میں اور حدی خوان پر حدی خوانوں میں۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل فرما سیّدنا محمد و
اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى دِيْنِهٖ فِى الْاَدْيَانِ وَمِلَّتِهٖ فِى الْمِلَلِ وَمَذْهَبِهٖ فِى
آل محمد پر اور آپ کے دین پر ادیان میں اور ملت پر ملتوں میں اور مذہب پر
الْمَذَاهِبِ وَشَرِيْعَتِهٖ فِى الشَّرَآئِعِ وَطَرِيْقَتِهٖ فِى الطُّرُقِ وَحَقِيْقَتِهٖ فِى الْحَقَآئِقِ
مذاہب میں آپ کی شریعت پر شریعتوں میں اور آپ کی طریقت پر طریقوں میں اور حقیقت پر حقیقتوں میں
وَمَعْرِفَتِهٖ فِى الْمَعَارِفِ وَاَمْرِهٖ فِى الْاَوَامِرِ وَنَهْيِهٖ فِى النَّوَاهِىْ وَخَلْوَتِهٖ فِى
اور آپ کی معرفت پر معرفتوں میں۔ اور آپ کے امر پر اوامر میں اور منع پر مناہی میں اور خلوت پر
محمد پر اور آل محمد پر جو محبوب نہ غائب ہوئے تیری بارگاہ سے پلک جھپکنے کی دیر

وَلَمْ یَعْرِفْ غَیْرَكَ مِنَ الزَّمَانِ وَالْاَیْنِ اَللّٰہُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی
اور نہ جانا تیرے غیر کو زمان و مکان میں سے۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل فرما

سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓی اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ عَیْنِ الْمُتَوَصِّلِیْنَ اِلَیْكَ وَ
سیّدنا محمد و آل محمد پر جو محبوب چشم بینا ہیں تیری ذات تک واصل ہونے والوں کی اور

نُوْرِ بَھْجَۃِ اَسْرَارِ الْعَالَمِ بِکَشْفِ الْاَسْتَارِ مِنْ وَّصْفِكَ اَللّٰہُمَّ
اسرار عالم کی رونق کا نور ہیں بسبب کھولنے پردوں اور حجابات کے تیرے وصف و ثناء سے۔ اے اللہ

صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓی اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ الْغَفُوْرِ
صلوٰۃ وسلام نازل فرما سیّدنا محمد پر اور سیّدنا محمد کی آل پر جو بہت بخشنے والے

السَّتَّارِ وَمَظْھَرِكَ التَّامِّ وَعَیْنِ جُوْدِكَ الْعَامِّ وَنُوْرِكَ الْاَفْضَلِ
پردہ پوش اور تیرے مظہر کامل اور تیرا مجسم جود عام اور نور افضل ہیں۔

اَللّٰہُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓی اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ دَآئِمِ
اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل فرما سیّدنا محمد پر اور آپ کی آل پر جو محبوب دائمی

النُّوْرِ وَاضِحِ الظُّھُوْرِ وَحُجَّۃِ الْقَاطِعَۃِ وَذِی الْبَرَاھِیْنِ السَّاطِعَۃِ
نور والے اور واضح ظہور والے اور شکوک وشبہات کو قطع کرنے والا مجسم حجت اور غالب برہانوں والے ہیں

اَللّٰہُمَّ بِحُرْمَۃِ صَاحِبِ قَابَ قَوْسَیْنِ اَوْ اَدْنٰی اَنْ تُحَقِّقَنَا ذَاتًا
اے اللہ قاب قوسین او ادنیٰ کے مقام والے محبوب کے طفیل ہمیں ثابت و پائیدار بنا از روئے ذات

وَّصِفَاتًا وَّاَسْمَآءً وَّاَفْعَالًا وَّاٰثَارًا حَتّٰی لَا نَرٰی وَلَا نَسْمَعَ وَلَا نُحِسَّ
وصفات اور اسماء و افعال اور آثار کے تاکہ ہم نہ دیکھیں اور نہ سنیں اور نہ محسوس کریں

وَلَا نَجِدَ اِلَّآ اِیَّاكَ اِلٰھِیْ وَسَیِّدِیْ بِفَضْلِكَ وَرَحْمَتِكَ اَنْ تَجْعَلَ
اور نہ پائیں مگر تجھی کو۔ اے میرے الٰہ اور میرے آقا بطفیل اپنے فضل و رحمت کے بنادے

ھُوِیَّتَنَا عَیْنَ ھُوِیَّتِہٖ فِیْٓ اَوَآئِلِہٖ وَنِھَایَتِہٖ وَبُوْدِ خُلَّتِہٖ وَصَفَآءِ
ہمارے وجود و تشخص کو عین اپنے محبوب کے وجود و تشخص کا ابتداء و انتہاء میں بطفیل ان کی مودت و خلت کے اور صفاء

مَحَبَّتِہٖ وَفَوَاتِحِ اَنْوَارِ بَصِیْرَتِہٖ وَجَوَامِعِ اَسْرَارِ سَرِیْرَتِہٖ وَ
محبت کے اور ان کی بصیرت کے انوار کا شف اور سریرت و باطن کے اسرار جامعہ کے اور

رَحِیْمِ رُحَمَآئِہٖ وَنَعِیْمِ نِعَمَآئِہٖ اَللّٰہُمَّ اِنَّا نَسْئَلُكَ بِجَاہِ نَبِیِّكَ
تمام رحیموں سے رحیم تر اور تمام نعمتوں سے عظیم تر نعمت کے۔ اے اللہ ہم سوال کرتے ہیں تیرے نبی

وَرَسُوْلِكَ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ الْمَغْفِرَۃَ وَالرِّضٰی وَ
و رسول سیّدنا محمد صلی اللہ علیہ وسلم کے عزو جاہ کے طفیل مغفرت و رضا مندی اور

الْقَبُوْلَ قَبُوْلًا تَامًّا لَا تَکِلْنَا فِیْہِ اِلٰٓی اَنْفُسِنَا طَرْفَۃَ عَیْنٍ یَا نِعْمَ
قبولیت تامہ کا نہ سونپ ہمیں اس بارے میں ہمارے نفوس کی طرف پلک جھپکنے کی دیر۔ اے بہتر

الْمُجِیْبُ فَقَدْ دَخَلَ الدَّخِیْلُ یَا مَوْلَآئِیْ بِجَاہِ نَبِیِّكَ مُحَمَّدٍ صَلَّی
قبول فرمانے والے پس داخل ہو چکا وساوس ہم میں۔ اے میرے مولیٰ اپنے نبی محمد صلی اللہ علیہ

اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ اَنْ تَغْفِرَ لَنَا ذُنُوْبَنَا فَاِنَّ غُفْرَانَ ذُنُوْبِ الْخَلْقِ
وسلم کے طفیل ہمارے گناہ بخش کیونکہ تمام مخلوق اول و

بِاَجْمَعِھِمْ اَوَّلِھِمْ وَاٰخِرِھِمْ بَرِّھِمْ وَفَاجِرِھِمْ کَقَطْرَۃٍ فِیْ بَحْرِ
آخر۔ نیکوں اور فاجروں کے گناہوں کی بخشش مانند ایک قطرہ کے ہے تیرے

جُوْدِكَ الْوَاسِعِ الَّذِیْ لَا سَاحِلَ لَہٗ وَلَا غَایَۃَ لَہٗ فَقَدْ قُلْتَ وَقَوْلُكَ
وسیع جود کے سمندر میں جس کا کوئی ساحل اور کنارہ نہیں ہے۔ تحقیق تو نے فرمایا اور تیرا قول واضح

الحَقُّ المُبِينُ وَمَا أَرْسَلْنٰكَ إِلَّا رَحْمَةً لِّلْعٰلَمِينَ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

حق ہے " اور نہیں بھیجا ہم نے آپ کو مگر سراپا رحمت بنا کر عالمین کے لیے صلی اللہ علیہ وسلم

وَعَلٰى اٰلِهٖ وَصَحْبِهٖ اَجْمَعِيْنَ رَبِّ اِنِّيْ وَهَنَ الْعَظْمُ مِنِّيْ وَاشْتَعَلَ

و علی آلہ و صحبہ اجمعین ۔ اے میرے پروردگار میری ہر ہڈی کمزور ہو چکی اور سر مانند

الرَّاْسُ شَيْبًا وَّلَمْ اَكُنْ بِدُعَآئِكَ رَبِّ شَقِيًّا ○ رَبِّ اَنِّيْ مَسَّنِيَ الضُّرُّ

آتش سفید ہو چکا بڑھاپے کی وجہ سے اور نہیں رہا میں تجھ سے طلب دعا میں ناکام و بے مراد۔ اے میرے پروردگار مجھے سخت تکلیف پہنچی

وَاَنْتَ اَرْحَمُ الرّٰحِمِيْنَ ○ رَبِّ اِنِّيْ لِمَآ اَنْزَلْتَ اِلَيَّ مِنْ خَيْرٍ فَقِيْرٌ ○ يَا

اور تو سب سے زیادہ رحم فرمانے والا ہے۔ اے میرے رب بیشک میں تیری نازل کی ہوئی خیر کی طرف سے فقیر و محتاج ہوں۔ اے

عَوْنَ الضُّعَفَآءِ يَا عَظِيْمَ الرَّجَآءِ يَا مُنْقِذَ الْغَرْقٰى يَا مُنْجِيَ الْهَلْكٰى يَا

ناتوانوں کی عون سراسر۔ اے عظیم جائے امید و رجا۔ اے بچانے والے غرق ہونے والوں کے۔ اے نجات دہندہ اہل ہلاکت کے اے

نِعْمَ الْمَوْلٰى يَآ اَمَانَ الْخَآئِفِيْنَ اٰمِنِّيْ مِنْ شَرِّ الدُّنْيَا وَالْاٰخِرَةِ

بہترین مددگار۔ اے اہل خوف کی امان مجھے امن عطا فرما دنیا و آخرت کے شر سے

بِرَحْمَتِكَ يَآ اَرْحَمَ الرّٰحِمِيْنَ ط اَللّٰهُمَّ ارْزُقْنَا التَّوَكُّلَ عَلَيْكَ فِيْ

بطفیل اپنی رحمت کے۔ اے ارحم الراحمین ۔ اے اللہ ہمیں توکل نصیب فرما اپنی ذات پر

جَمِيْعِ الْاَحْوَالِ وَرُؤْيَةَ غَيْرِكَ بِعَيْنِ الْعَجْزِ وَاٰتِنَا فِي الدُّنْيَا

تمام احوال میں اور دیکھنا تیرے ماسوا کو عجز و ناتوانی کی آنکھ سے۔ اور عطا فرما ہمیں دنیا میں

حَسَنَةً وَّفِي الْاٰخِرَةِ حَسَنَةً وَّقِنَا عَذَابَ النَّارِ ط اَللّٰهُمَّ اَعْطِنَا

اچھائی اور آخرت میں بھی اچھائی و نیکی اور بچا ہمیں دوزخ کے عذاب سے۔ اے اللہ ہمیں عطا فرما

خَيْرَ هٰذَا الْيَوْمِ وَقِنَا شَرَّهٗ وَهٰكَذَا جَمِيْعَ اللَّيَالِيْ وَالْاَيَّامِ اٰمِيْنَ ط

اس دن کی خیر اور بچا ہمیں اس کے شر سے اور ایسے ہی تمام راتوں اور دنوں کے شر سے۔ آمین۔

اَللّٰهُمَّ قَوِّنَا عَلٰى اَنْفُسِنَا وَاَهْوِيَتِنَا وَشَيَاطِيْنِنَا وَاجْعَلْنَا فِيْ حِزْبِكَ

اے اللہ ہمیں قوت بخش اپنے نفوس اور ان کی خواہشات پر اور اپنے شیاطین پر اور بنا ہمیں اپنی جماعت میں

وَمِنْ حِزْبِكَ وَقَرِّبْ قُلُوْبَنَآ اِلَيْكَ قَبْلَ الْمَوْتِ وَارْزُقْنَا اللِّقَآءَ

اور اپنی جماعت سے اور قریب فرما ہمارے دلوں کو اپنی طرف موت سے قبل اور ہمیں نصیب فرما مخصوص ملاقات و دیدار

الْخَاصَّ قَبْلَ اللِّقَآءِ اٰمِيْنَ اَللّٰهُمَّ اَيْقِظْ قُلُوْبَنَا لَكَ وَنَبِّهْنَا عَنِ

موت والی ملاقات سے قبل آمین ۔ اے اللہ ہمارے قلوب کو بیداری بخش اپنی ذات کیلئے اور جگا ہمیں اپنی

الْغَفَلَاتِ عَنْكَ اَللّٰهُمَّ اهْدِ كُلَّ ضَآلٍّ وَّتُبْ عَلٰى كُلِّ عَاصٍ وَّصَبِّرْ

خصوصی توجہ سے غفلتوں کی نیند سے۔ اے اللہ ہدایت دے ہر گمراہ کو اور نظر رحمت فرما ہر عاصی پر اور صبر کی توفیق دے

عَلَى الْبَلَآءِ كُلَّ مُبْتَلًى وَّوَفِّقِ الشُّكْرَ كُلَّ مُعَافًى اٰمِيْنَ اَللّٰهُمَّ اجْعَلْنَا

بلیات پر ہر مبتلا کو۔ اور شکر کی توفیق دے ہر عافیت والے کو آمین۔ اے اللہ بنا ہمیں

الْمُسْلِمِيْنَ الْمُسَلِّمِيْنَ الْمُسْتَطْرِحِيْنَ بَيْنَ يَدَيْ قُدْرَتِكَ اَللّٰهُمَّ

اطاعت گزار۔ اہل تسلیم و رضا اور اپنے آپ کو گرانے والے تیری قدرت کے آگے۔ اے اللہ

رَضِّنِيْ بِقَضَآئِكَ وَصَبِّرْنِيْ عَلٰى بَلَآئِكَ وَاَوْزِعْنِيْ شُكْرَ

مجھے راضی فرما اپنی قضا پر۔ صبر کی توفیق دے اپنی بلیات پر اور نصیب فرما میرے اپنا

نَعْمَآئِكَ نَسْئَلُكَ تَمَامَ النِّعْمَةِ وَدَوَامَ الْعَافِيَةِ وَالثَّبَاتَ عَلَى

شکر نعمت۔ ہم تجھ سے سوال کرتے ہیں کامل نعمت، دائمی عافیت اور محبت پر ثابت

الْمَحَبَّةِ اَللّٰهُمَّ ارْزُقْنَا حُسْنَ مُعَامَلَتِكَ وَطَيِّبْ لَنَا خِدْمَتَكَ وَ

قدمی کا۔ اے اللہ ہمارے نصیب فرما حسن معاملہ اپنا۔ اور پسندیدہ ٹھہرا ہمارے لیے اپنی خدمت و عبادت

الْوُقُوْفَ عَلٰى بَابِكَ مَعَ جُمْلَةِ خَدَمِكَ اَللّٰهُمَّ ثَبِّتْ قُلُوْبَنَا وَ

اور اپنے در پر ٹھہرنا مع اپنے تمام خدام کے۔ اے اللہ ثابت رکھ ہمارے قلوب اور

جَوَارِحَنَا فِيْ ذٰلِكَ الْيَوْمِ وَاٰتِنَا فِي الدُّنْيَا حَسَنَةً وَّفِي الْاٰخِرَةِ حَسَنَةً

اعضاء کو اس دن میں اور عطا فرما ہمیں دنیا میں بھی اچھائی اور آخرت میں بھی اور

وَّقِنَا عَذَابَ النَّارِ ○ اَللّٰهُمَّ يَا حَآئِلًا بَيْنَ الْمَآءِ الْمَالِحِ وَالْعَذْبِ حُلْ

بچا ناعذاب دوزخ سے ۔ اے اللہ اے حجاب پیدا کرنے والے کھاری اور شیریں پانیوں کے درمیان حائل ہونا

بَيْنَنَا وَبَيْنَ سَخَطِكَ وَبَيْنَ الْمُنَازَعَةِ لَكَ فِيْ اَقْدَارِكَ وَحُلْ بَيْنَنَا

درمیان ہمارے اور اپنی ناراضگی کے اور درمیان نزاع کرنے کے تیرے ساتھ تیری تقدیرات میں اور حائل ہونا

وَبَيْنَ مَعَاصِيْكَ بِبَرْزَخٍ مِّنْ رَّحْمَتِكَ اَللّٰهُمَّ يَا خَالِقَ الْخَلْقِ وَ

درمیان ہمارے اور درمیان گناہوں کے اپنی رحمت کے برزخ کے ذریعے ۔ اے اللہ اے مخلوق کے خالق ،

يَا مُسَبِّبَ الْاَسْبَابِ خَلِّصْنَا مِنْ قَيْدِ الشِّرْكِ بِخَلْقِكَ وَاَسْبَابِكَ

اے مسبب الاسباب ہمیں خلاصی بخش شرک کی قید سے جو تیری مخلوق اور اسباب کے ذریعے وقوع پذیر ہوتا ہے

اَللّٰهُمَّ حَقِّقْ لِيْ هٰذَا وَثَبِّتْهُ وَثَبِّتْنِيْ عَلَيْهِ اِجْعَلْهُ مَوْهِبَةً لَّا

اے اللہ اسے میرے لیے محقق و ثابت فرما اور مجھے اس پر ثابت رکھ ۔ بنا اسے میرے لیے ہبہ نہ کہ

عَارِيَةً اِنَّكَ تَعْلَمُ اَنِّيْ اَقْتُلُ فِيْ حِبَالِ دِيْنِكَ وَاِرَادَتِكَ اَنِّيْ

عاریت (مانگی ہوئی شئی) بیشک تو جانتا ہے کہ میں قتل کرتا ہوں (اپنے نفس کو) تیرے دین اور ارادہ کے رسوں میں میں تیرے

خَادِمٌ لِّلْخَادِمِيْنَ لَكَ الزَّاهِدِيْنَ فِيْمَا سِوَاكَ طَلَبًا لِّمَرْضَاتِكَ

خادموں کا خادم ہوں جو بے نیاز ہیں تیرے ماسوا سے تیری رضا مندیوں کی طلب میں ۔

وَيْحَكَ يَا غَنِيَّ الدُّنْيَا لَا تَظُنَّ اَنْ اَشْكُرَ الْغَنِيَّ بِاَنْ نَّقُوْلَ الْحَمْدُ

افسوس ہے تیرے لیے اے دنیادار یہ گمان نہ کر کہ میں دنیادار کا شکر گزار ہوں گا بسبب اس کے کہ ہم کہتے ہیں سب تعریفیں

لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ اَللّٰهُمَّ اجْعَلْنَا زَاهِدِيْنَ فِيْمَا سِوَاكَ رَاغِبِيْنَ

اللہ رب العالمین کے لیے ہیں ۔ اے اللہ بنا دے ہمیں مستغنی اپنے ماسوا سے اور راغب

فِيْكَ فِيْ جَمِيْعِ الْاَحْوَالِ وَاٰتِنَا فِي الدُّنْيَا حَسَنَةً وَّفِي الْاٰخِرَةِ حَسَنَةً

اپنی ذات میں تمام احوال کے اندر عطا فرما ہمیں دنیا میں اچھائی اور آخرت میں ایمان

وَّقِنَا عَذَابَ النَّارِ اَللّٰهُمَّ ارْزُقْنَا تَحْقِيْقَ عُبُوْدِيَّتِكَ وَالصِّدْقَ

اور بچا ہمیں عذاب دوزخ سے ۔ اے اللہ ہمیں نصیب فرما اپنی حقیقی عبودیت ۔ اور صدق و اخلاص

فِيْ طَلَبِكَ اَللّٰهُمَّ اسْتَعْمِلْنِيْ فِيْمَا يُرْضِيْكَ سُبْحَانَ الصَّمَدِ الَّذِيْ

اپنی طلب میں ۔ اے اللہ مجھے عمل پیرا فرما اپنے موجب رضا امور میں ۔ پاک ہے بے نیاز جو

لَا يَاْكُلُ وَلَا يَشْرَبُ يَرْزُقُ وَلَا يُرْزَقُ يُطْعِمُ وَلَا يُطْعَمُ الصَّمَدُ

نہ کھاتا ہے اور نہ پیتا ہے جو رزق دیتا ہے مگر اسے رزق نہیں دیا جا سکتا ۔ جو کھلاتا ہے مگر کھلایا نہیں جا سکتا ۔ وہ

الَّذِيْ لَا جَوْفَ لَهٗ لَا يَاْكُلُ وَلَا يَشْرَبُ وَلَا يَنَامُ اَللّٰهُمَّ اجْعَلْنَا

بے نیاز کہ اس کا پیٹ ہی نہیں ۔ نہیں کھاتا اور نہ پیتا ہے اور نہ سوتا ہے ۔ اے اللہ ہمیں بنا دے

مُطْمَئِنِّيْنَ رَاضِيْنَ مُوَافِقِيْنَ مُسْلِمِيْنَ مُسْتَسْلِمِيْنَ اَللّٰهُمَّ اِنَّا

اصحاب اطمینان و رضا اور موافق و سازگار اور اطاعت گزار اور ارباب تسلیم ۔ اے اللہ ہم

نَعُوْذُ بِكَ مِنْ مُّشَاجَرَةِ مُخَاطَرَةِ الْغَيْرِيَّةِ مِنْ مُّشَاوَرَةِ مُوَامَرَةِ

پناہ طلب کرتے ہیں تجھ سے باہمی نزاع سے جو غیریت کی وجہ سے سوجھتا ہے ۔ اور اس مشاورت و صلاح

الْمُجَاوَرَةِ الْمُسْتَعَانَةِ اِلٰى مَصَالِحِ الْمُوَاعَدَةِ الْمُعَاضَدَةِ الْمُرَاجَعَةِ

کاری سے جس سے پناہ و استعانت طلب کی جاتی ہے طرف ان مصالح کے جن کا باہم عہد و پیمان اور تائید و تقویت کی گئی ہے جن کی طرف رجوع کیا

بِمُحَادَثَةِ الْمَخَافَةِ الْمُصَالَحَةِ الْمُصَاهَرَةِ الْمُسَاتَرَةِ الْمُشَاعَرَةِ

جاتا ہے بسبب پیدا ہونے خوف کے جن پر باہم صلح اور رشتہ و پیوند اور ستر و پردہ داری اور

الْوَصَالَةِ الْاِصَالَةِ اَللّٰهُمَّ قَرِّبْنَا عَلٰى مُجَاهَدَاتِ اَنْفُسِنَا وَارْزُقْنَا

وصل و اصالت کا شعور ہوتا ہے ۔ اے اللہ ہمیں ثابت قدم رکھ اپنے نفوس کے ساتھ جہاد پر اور ہمیں رزق

وَاهْدِنَا لِلنَّاسِ وَنَوِّرْ قُلُوْبَنَا وَاجْعَلْنَا نُوْرًا يَّسْتَضِيْءُ بِنَا النَّاسُ

دے اور ہادی بنا لوگوں کے لیے ہمارے قلوب کو منور فرما اور ہمیں نورانی بنا تاکہ لوگ ہم سے نور و ضیاء حاصل کریں

وَاسْقِنَا شَرَابَ اُنْسِكَ حَتّٰى نَرْتَوِيَ بِهٖ وَيَرْتَوِيْ بِنَا كُلُّ ظَمْاٰنٍ

اور ہمیں اپنا شراب انس و محبت پلا حتیٰ کہ ہم خود سیراب ہوں اور ہمارے ذریعے ہر پیاسا سیراب ہو سکے ۔

اَللّٰهُمَّ اِنِّيْ اَسْئَلُكَ التَّنْوِيْرَ وَالتَّيْسِيْرَ وَالْمَعُوْنَةَ وَالتَّقْرِيْرَ وَ

اے اللہ میں سوال کرتا ہوں تجھ سے نورانیت اور سہولت و اعانت کا اور تقریر و

الْحِفْظَ وَالْفَوْزَ وَالرِّعَايَةَ وَالسَّتْرَ وَالتَّكْمِيْلَ وَطِيْبَ اَمْرِهَا السَّارِيْ

حفظ کا کامیابی دینے اور نگہبانی فرمانے اور پردہ پوشی و تکمیل اور ان قلوب کے جاری و ساری امر کی پاکیزگی کا ۔

اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَسْئَلُكَ وَاَتَوَجَّهُ اِلَیْكَ بِمُحَمَّدٍ نَّبِیِّ الرَّحْمَةِ یَا مُحَمَّدُ

اے اللہ میں تجھ سے سوال کرتا ہوں اور تیری طرف توجہ کرتا ہوں تیرے نبی رحمت محمدؐ کے توسل سے۔ اے محمدؐ

اِنِّیْ تَوَجَّهْتُ بِكَ اِلٰی رَبِّیْ فِیْ حَاجَتِیْ هٰذِهٖ لِتُقْضٰی اَللّٰھُمَّ شَفِّعْهُ

میں نے توجہ کی آپکے توسل سے اپنے رب کی طرف اپنی اس حاجت میں تاکہ پوری کی جائے۔ اے اللہ انہیں میرا شفیع بنا۔

فِیَّ اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِیْ عَافَانِیْ مِمَّا ابْتَلَیْتَ بِهٖ وَفَضَّلَنِیْ عَلٰی

تمام تعریفیں اللہ کے لیے ہیں جس نے مجھے عافیت دی درپیش بلیات سے اور فضیلت دی مجھے

كَثِیْرٍ مِّمَّنْ خَلَقَ تَفْضِیْلًا اَللّٰھُمَّ اغْفِرْلِیْ وَارْحَمْنِیْ وَاجْبُرْنِیْ

بہتیری مخلوق پر کامل فضیلت۔ اے اللہ مجھے بخش اور مجھ پر رحم فرما اور میری کوتاہیاں دور فرما

وَارْزُقْنِیْ وَاهْدِنِیْ وَعَافِنِیْ اَللّٰھُمَّ اكْفِنِیْ بِحَلَالِكَ عَنْ

اور رزق دے۔ ہدایت عطا فرما اور عافیت بخش۔ اے اللہ میری کفایت فرما اپنے حلال کے ذریعے

حَرَامِكَ وَاَغْنِنِیْ بِفَضْلِكَ عَمَّنْ سِوَاكَ اَللّٰھُمَّ اقْذِفْ فِیْ

اپنے حرام سے اور مجھے اپنے فضل کے ساتھ غنی فرما اپنے ماسوا سے۔ اے اللہ میرے دل میں

قَلْبِیْ رَجَائَكَ وَاقْطَعْ رَجَائِیْ عَمَّنْ سِوَاكَ اَللّٰھُمَّ اكْفِنِیْ

اپنی امید و رجاء ڈال دے اور میری امید میں غیر سے منقطع فرما دے۔ اے اللہ میری کفایت فرما

مِنْ كُلِّ مُهِمٍّ مِّنْ حَیْثُ شِئْتَ وَمِنْ اَیْنَ شِئْتَ لِدِیْنِیْ

ہر غم و اندوہ میں ڈالنے والے امر سے جہاں سے اور جس طرح پر چاہے میرے دین کے لیے

وَلِمَآ اَهَمَّنِیْ وَلِمَنْ بَغٰی عَلَیَّ وَلِمَنْ حَسَدَنِیْ وَلِمَنْ

اور مجھے غم و اندوہ میں ڈالنے والے امور کے لیے اور مجھ پر بغاوت اور حسد کرنے والوں اور میرے ساتھ

كَادَنِیْ بِسُوْٓءٍ عِنْدَ الْمَوْتِ وَعِنْدَ الْمَسْئَلَةِ فِی الْقَبْرِ وَعِنْدَ

برا مکر کرنے والے کے لیے بوقت موت، قبر میں سوال کے وقت۔ میزان اعمال کے

الْمِیْزَانِ وَعِنْدَ الصِّرَاطِ وَعِنْدَ الْحِسَابِ وَعِنْدَ الْاٰخِرَةِ

پاس اور پل صراط کے پاس حساب کے وقت اور آخرت میں۔

اَللّٰھُمَّ لَا تَجْعَلْ لِفَاجِرٍ عِنْدِیْ نِعْمَةً اُكَافِیْهِ بِهَا فِی الدُّنْیَا

اے اللہ نہ بنانا کسی فاجر کے لیے میرے ہاں نعمت کہ مجھے بدلہ دینا پڑے اس کا دنیا

وَالْاٰخِرَةِ اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَسْئَلُكَ فَكَاكَ رَقَبَتِیْ مِنَ النَّارِ

و آخرت میں۔ اے اللہ میں سوال کرتا ہوں تجھ سے اپنی گردن کی خلاصی کا آتش دوزخ سے

وَمِنَ الْقَسْوَةِ وَالْعَیْلَةِ وَالذِّلَّةِ وَالْمَسْكَنَةِ وَالْكُفْرِ

سنگدلی۔ محتاجی اور ذلت و سکنت اور کفر

وَالْفُسُوْقِ وَالْكَبَآئِرِ وَالصَّغَآئِرِ وَالشِّقَاقِ وَالسُّمْعَةِ وَ

و فسق اور کبائر و صغائر اور بدبختی، شہرت اور

الرِّیَآءِ وَمِنَ الصَّمَمِ وَالْبُكْمِ وَضَلَعِ الدَّیْنِ اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَعُوْذُ

ریا کاری سے اور بہرہ پن۔ گونگا پن اور قرض کے دباؤ اور گرانباری سے۔ اے اللہ میں تیری پناہ طلب کرتا

بِكَ مِنْ غَلَبَةِ الدَّیْنِ وَغَلَبَةِ الْعَدُوِّ وَشَمَاتَةِ الْاَعْدَآءِ

ہوں قرض اور دشمن کے غلبہ سے اور دشمنوں کی شادمانی سے۔

اَللّٰھُمَّ اغْفِرْ خَطِیْئَتِیْ وَاِسْرَافِیْ فِیْٓ اَمْرِیْ وَمَآ اَنْتَ اَعْلَمُ

اے اللہ میری خطا معاف فرما اور امور میں حد سے تجاوز اور ہر امر جسے تو مجھ سے بہتر

بِهٖ مِنِّیْ فَاغْفِرْلِیْ جِدِّیْ وَهَزْلِیْ وَخَطَایَایَ وَعَمَدِیْ

جانتا ہے پس بخش میرے سنجیدگی اور مزاح کو اور خطا و عمد کو

وَكُلُّ ذٰلِكَ عِنْدِیْ اَللّٰھُمَّ اغْفِرْلِیْ مَا قَدَّمْتُ وَمَآ

اور ان میں سے ہر امر میرے اندر موجود ہے۔ اے اللہ مجھے بخش جو میں نے پہلے کیا اور جو

اَخَّرْتُ وَمَآ اَسْرَرْتُ وَمَآ اَعْلَنْتُ وَمَآ اَنْتَ اَعْلَمُ بِهٖ

بعد میں کرتا ہے اور جو چھپایا اور جو ظاہر کیا اور جسے تو مجھ سے بہتر

مِنِّیْ اَنْتَ الْمُقَدِّمُ وَاَنْتَ الْمُؤَخِّرُ اَللّٰھُمَّ اَصْلِحْ لِیْ

جانتا ہے تو ہی ہے مقدم کرنے والا اور تو ہی موخر کرنے والا ہے۔ اے اللہ میرے لیے اصلاح فرما

دِيْنِي الَّذِي هُوَ عِصْمَةُ أَمْرِي وَأَصْلِحْ لِي دُنْيَايَ الَّتِي

میرے دین کی جو میرے امور کی حفاظت کا ذریعہ ہے اور درست فرما میرے لیے میری دنیا جس میں

فِيْهَا مَعَاشِي وَأَصْلِحْ لِي آخِرَتِي الَّتِي إِلَيْهَا مَعَادِي وَ

میری گزران ہے اور درست فرما میرے لیے میری آخرت جس کی طرف میری بازگشت ہے اور

اجْعَلِ الْحَيٰوةَ زِيَادَةً لِّي فِي كُلِّ خَيْرٍ وَّاجْعَلِ الْمَوْتَ

بنا زندگی کو میری خیر و بھلائی میں اضافہ کا موجب۔ اور بنا میرے لیے موت کو

رَاحَةً لِّي مِنْ كُلِّ شَرٍّ اَللّٰهُمَّ انْفَعْنِي بِمَا عَلَّمْتَنِي

ہر شر سے راحت کا موجب۔ اے اللہ مجھے نفع دے ساتھ اس علم کے جو عطا کیا

وَعَلِّمْنِي مَا يَنْفَعُنِي وَزِدْنِي عِلْمًا ه اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ

اور سکھلا مجھے جو نفع دے اور میرے علم میں ترقی دے۔ حمد ہے اللہ کے لیے

عَلٰى كُلِّ حَالٍ وَّأَعُوْذُ بِاللّٰهِ مِنْ حَالِ أَهْلِ النَّارِ

ہر حال میں اور میں اللہ کی پناہ طلب کرتا ہوں اہل نار کے حال سے

وَأَعُوْذُ بِكَ مِنْ شَرِّ مَا عَاذَ بِهِ عَبْدُكَ وَنَبِيُّكَ

اور میں پناہ طلب کرتا ہوں ہر اس شئی کے شر سے جس سے پناہ طلب کی تیرے عبد خاص اور تیرے نبی نے۔

اَللّٰهُمَّ إِنِّيْ أَسْأَلُكَ الْجَنَّةَ وَمَا قَرَّبَ إِلَيْهَا مِنْ

اے اللہ میں سوال کرتا ہوں تجھ سے جنت کا اور جو قریب کرے اس کی طرف

قَوْلٍ وَّعَمَلٍ وَّأَسْأَلُكَ أَنْ تَجْعَلَ كُلَّ قَضَاءٍ قَضَيْتَهُ

قول و فعل سے۔ اور میں سوال کرتا ہوں تجھ سے کہ ہر قضاء جس کا فیصلہ میرے لیے کیا ہے

لِي خَيْرًا وَّأَسْأَلُكَ الْعَافِيَةَ فِي دِيْنِي وَدُنْيَايَ وَ

اسے سراسر خیر بنائے۔ اور میں تجھ سے سوال کرتا ہوں عافیت کا دین و دنیا اور

أَهْلِي وَمَالِي اَللّٰهُمَّ اسْتُرْ عَوْرَاتِي وَآمِنْ رَوْعَاتِي

اہل و مال میں۔ اے اللہ میرے عیوب پر پردہ ڈال۔ اور خوفناک امور سے امن عطا فرما

وَاحْفَظْنِي مِنْ بَيْنِ يَدَيَّ وَمِنْ خَلْفِي وَعَنْ يَّمِيْنِي وَعَنْ

اور مجھے محفوظ فرما آگے سے اور پیچھے سے اور دائیں و

شِمَالِي وَمِنْ فَوْقِي وَأَعُوْذُ بِعَظَمَتِكَ مِنْ أَنْ أُغْتَالَ مِنْ

بائیں سے اور اوپر (و نیچے) سے۔ اور میں تیری عظمت کے طفیل پناہ طلب کرتا ہوں

تَحْتِي وَأَعُوْذُ بِكَ مِنْ زَوَالِ نِعْمَتِكَ وَتَحَوُّلِ عَافِيَتِكَ

نیچے سے ہلاک کئے جانے سے۔ اور پناہ طلب کرتا ہوں تیری نعمت کے زوال سے اور عافیت کے

وَفُجَاءَةِ نِقْمَتِكَ وَجَمِيْعِ سَخَطِكَ اَللّٰهُمَّ ارْزُقْنِي

بدل جانے سے اور اچانک انتقام کا نشانہ بننے سے اور ہر قسم کی ناراضگی سے۔ اے اللہ مجھے حلال و پاکیزہ

رِزْقًا حَلَالًا طَيِّبًا عَلَى الدَّوَامِ وَاصِلًا مِّنْكَ إِلٰى

رزق عطا فرما ہمیشہ کے لیے جو پہنچنے والا ہو تجھ سے تیرے اس

عَبْدِكَ عَلٰى طَرِيْقَةِ الْخَاصِّ وَالْعَامِّ عَارِيًا مِّنَ

عبد تک مخصوص اور عام طریقہ پر در آنحالیکہ خالی ہو

الْكُلَفِ وَالْمِحَنِ خَالِيًا عَنْ بَوَائِقِ الدَّهْرِ وَ

تکلیف و محنت سے اور دور ہو زمانے کی ہلاکتوں اور

شَدَائِدِ الْفِتَنِ نَافِعًا فِي الدِّيْنِ وَالْبَدَنِ يَا مَنْ

فتنوں کی شدتوں سے نافع ہو دین میں اور بدن میں بھی اے کہ جس کا

فَضْلُهٗ عَظِيْمٌ وَلُطْفُهٗ عَمِيْمٌ وَإِحْسَانُهٗ قَدِيْمٌ

فضل عظیم ہے اور لطف عام ہے اور اس کا احسان قدیم ہے

وَنَفْسُهٗ كَرِيْمٌ وَرَسُوْلُهٗ رَحِيْمٌ وَهُوَ قَادِرٌ

اور اس کی ذات کریم ہے اور اس کا رسول رحیم ہے اور وہ قادر و

عَلِيْمٌ وَرَبٌّ حَلِيْمٌ أَسْأَلُكَ فَتْحَ بَابِ الْمُنَاجَاتِ

علیم اور رب حلیم ہے۔ میں تجھ سے سوال کرتا ہوں مناجات

فِیْ جَمِیْعِ الْعِبَادَاتِ وَالطَّاعَاتِ بِالْجَهْرِ وَالْخَفِیَّاتِ

دعا کا دروازہ کھولنے کا تمام عبادات وطاعات میں علانیہ میں اور اہم خفیہ

الْخَفِیَّاتِ اَللّٰهُ حَاضِرِیْ اَللّٰهُ نَاظِرِیْ اَللّٰهُ قَادِرِیْ اَللّٰهُ

امور میں ۔ اللہ میرے پاس حاضر ہے ۔ اللہ میرا ناظر ہے اللہ مجھ پر قادر ہے اللہ

مَعِیْ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰی وَحِیْدٍ صَلٰوةً

میرے ساتھ ہے ۔ اے اللہ صلواۃ کاملہ نازل فرما اپنے یکتا رسول پر جس صلواۃ کے طفیل

تُوَحِّدُنَا بِهَا وَتُحَیِّدُنَا بِهَا بِتَوْحِیْدِ

ہمیں یکتا بنا دے اور الگ تھلگ کردے بطفیل ان کی یکتا

وَحِیْدٍ وَحْدَانِیَّتِهٖ وَوَحْدَانِیَّتِهٖ

وحدانیت کی توحید اور وحدانیت

وَحْدَةِ اَحَدِیَّتِهٖ وَوَحْدِیَّةِ

اور حدت واحدیت کے اور وحدیت

وَّوَاحِدِیَّةِ وَاِلٰهُكُمْ اِلٰهٌ

وواحدیت کے اور الٰہ تمہارا الٰہ

وَّاحِدٌ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ

واحد ہے نہیں معبود برحق مگر وہی

الرَّحْمٰنُ الرَّحِیْمُ ۝

رحمٰن و رحیم ۔

قُلْ هُوَ اللّٰهُ اَحَدٌ ۝ اَللّٰهُ الصَّمَدُ ۝ لَمْ یَلِدْ ۙ وَلَمْ

فرما دیجیئے وہ اللہ ایک ہے ۔ اللہ بے نیاز ہے ، نہ اس نے کسی کو جنا اور نہ

یُوْلَدْ ۝ وَلَمْ یَكُنْ لَّهٗ كُفُوًا اَحَدٌ ۝

جنا گیا اور نہیں اس کا کوئی مثیل ومشابہ

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

إِنَّ اللّٰهَ وَمَلٰٓئِكَتَهٗ يُصَلُّوْنَ عَلَى النَّبِيِّ يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا صَلُّوْا عَلَيْهِ وَسَلِّمُوْا تَسْلِيْمًا

اللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی آلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّبَارِکْ وَسَلِّمْ

الحمد للہ والمنۃ

کہ دریں زمان سعادت اقتران بفضل

ایزد منّان تحفہ عجائب وہدیہ غرائب الی اللہ

مقبول بارگاہ شاہ کونین حضرت محمد رسول اللہ

مسمّٰی بہ

مجموعۂ صلوات الرسول

الجزء الحادی والعشرون ۲۱

فی عِلمِہٖ وعِلمِ غیبِہٖ صلی اللہ علیہ وسلم

از تصنیف خادم مخلوق الملک السبحان خلیفہ حضرت شاہ جیلانؒ

حضرت خواجۂ خواجگان خواجہ محمد عبد الرحمٰن صاحب

ساکن چھوہر شریف ضلع ہری پور
صوبۂ سرحد پاکستان

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ۝

اللہ کے نام سے شروع جو نہایت مہربان رحم والا

اَللّٰهُمَّ اِنِّيْٓ اَسْئَلُكَ بِعِلْمِ بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ۝ وَبِعُلُوْمِ بِسْمِ

اے اللہ بیشک میں تجھ سے سوال کرتا ہوں بسم اللہ الرحمن الرحیم کے علم کے طفیل اور بسم اللہ الرحمن

اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ۝ وَبِفُهُوْمِ بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ۝

الرحیم کے علوم کے طفیل اور بسم اللہ الرحمن الرحیم کے فہم اور دانشوں کے طفیل

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ۝ۙ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ۝ۙ مٰلِكِ يَوْمِ

تمامتر حمد وثنا اللہ کے ساتھ مختص ہے جو تمام جہانوں کا پالنے والا بہت مہربان رحم فرمانے والا جزا کے دن

الدِّيْنِ۝ؕ اِيَّاكَ نَعْبُدُ وَاِيَّاكَ نَسْتَعِيْنُ۝ؕ اِهْدِنَا الصِّرَاطَ

مالک ہے۔ تیری ہی عبادت کرتے ہیں اور تجھی سے توفیق طلب کرتے ہیں۔ ہمیں چلا راہ

الْمُسْتَقِيْمَ۝ۙ صِرَاطَ الَّذِيْنَ اَنْعَمْتَ عَلَيْهِمْ۝ۙ غَيْرِ الْمَغْضُوْبِ

راست پر۔ ان کی راہ پر جن پر تو نے انعام فرمایا نہ ان کی جن پر غضب کیا گیا

عَلَيْهِمْ وَلَا الضَّآلِّيْنَ۝ؑ سُبْحٰنَكَ لَا عِلْمَ لَنَآ اِلَّا مَا عَلَّمْتَنَا ؕ اِنَّكَ

اور نہ ہی گمراہوں کی۔ پاک ہے تو نہیں ہے کچھ بھی علم ہمیں مگر جس کی تو نے تعلیم دی۔ بیشک تو

اَنْتَ الْعَلِيْمُ الْحَكِيْمُ۝ اَللّٰهُمَّ عَلِّمْنِيْ عِلْمًا كَامِلًا نَافِعًا جَارِيًا

ہی دائمی علم و حکمت والا ہے۔ اے اللہ مجھے تعلیم دے علم کامل و نافع کی جو جاری ہو تیرے

مِّنْ عِلْمِكَ اللَّدُنِّيِّ وَالْاِلْهَامِيِّ ظَاهِرًا وَّبَاطِنًا اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى

علم لدنی و الہامی سے از روئے ظاہر و باطن کے۔ اے اللہ رحمت کاملہ نازل فرما

سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ صَاحِبِ الْعَقْلِ الْاَوَّلِ الْاَكْمَلِ وَالْعِلْمِ بِالْاَعْمَالِ

سیدنا محمد پر جو مالک ہیں عقل اول و اکمل اور اعمال کے

الْاَفْضَلِ وَصَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ مَدِيْنَةِ الْعِلْمِ وَمَرْكَزِ الْحِلْمِ

افضل علم کے اور رحمت کاملہ نازل فرما سیدنا محمد پر جو شہر علم اور مرکز حلم و بردباری

وَالْحِكَمِ وَرَسُوْلِ الْكَرَمِ وَشَفِيْعِ الْخَاصِّ وَالْعَامِّ اَللّٰهُمَّ صَلِّ

اور حکمتوں کے مرکز، مجسم کرم رسول اور خاص وعام کے شفیع ہیں۔ اے اللہ صلوٰۃ نازل

عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدِنِ الَّذِيْٓ اَخْبَرَ بِصِفَةِ مَوْتِ مَنْ يَّمُوْتُ مِنْ

فرما سیدنا محمد پر جنھوں نے خبر دی کیفیت موت کی اپنے صحابہ کرام میں سے فوت

اَصْحَابِهٖ وَمَنْ مَّاتَ وَصَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدِنِ الَّذِيْ نَعَى

ہونے والوں کی اور جو فوت ہو چکے تھے۔ اور رحمت کاملہ نازل فرما سیدنا محمد پر جنھوں نے

النَّجَاشِيَّ يَوْمَ وَفَاتِهٖ وَصَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدِنِ الَّذِيْٓ اَخْبَرَ

نجاشی کی خبر وفات دی جس دن وہ فوت ہوئے اور صلوٰۃ نازل فرما سیدنا محمد پر جنھوں نے حضرت

عَمَّارًا بِاَنْ تَقْتُلَهُ الْفِئَةُ الْبَاغِيَةُ فَمَاتَ فِيْ حَرْبِ عَلِيٍّ وَّ

عمار کو خبر دی کہ انھیں باغی جماعت قتل کرے گی تو ان کی وفات ہوئی حضرت علی رضی اللہ عنہ اور

مُعَاوِيَةَ وَصَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدِنِ الَّذِيْٓ اَخْبَرَ عَمَّارًا قَبْلَ

حضرت معاویہ کی جنگ (صفین) میں اور رحمت کاملہ نازل فرما سیدنا محمد پر جنھوں نے خبر دی حضرت عمار کو

حُلُوْلِ الْفِتَنِ اَنَّ اٰخِرَ زَادِهٖ مِنَ الدُّنْيَا شَرْبَةٌ مِّنَ اللَّبَنِ وَصَلِّ

فتنوں کے درپیش ہونے سے قبل کہ ان کا دنیا سے آخری زاد اور طعام دودھ کا ایک گھونٹ ہوگا۔ اور رحمت کاملہ

عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدِنِ الَّذِيْٓ اَخْبَرَ اُمَّ حَرَامٍ بِمَوْتِهَا عَلَى الشَّهَادَةِ

نازل فرما سیدنا محمد پر جنھوں نے خبر دی ام حرام کو موت شہادت کی

فَكَانَ مَآ اَخْبَرَهَا بِهٖ وَاَشَارَهَا وَصَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدِنِ الَّذِيْٓ

تو جس طرح آپ نے خبر دی اور اشارہ فرمایا اسی طرح ہوا۔ اور رحمت کاملہ نازل فرما سیدنا محمد پر جنھوں نے

اَخْبَرَ الزُّبَيْرَ وَهُوَ مُصَاهِرُهٗ اَنَّهٗ يُقَاتِلُ عَلِيًّا وَّيُحَاصِرُهٗ وَصَلِّ

خبر دی حضرت زبیرؓ کو جو کہ آپ کے قریبی رشتہ دار تھے کہ وہ حضرت علی رضی اللہ عنہ کے ساتھ حرب وقتال کریں گے اور صلوٰۃ نازل

عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدِنِ الَّذِيْٓ اَخْبَرَ اَنَّ عَآئِشَةَ تَنْفِرُ اِلٰى قِتَالِ عَلِيٍّ

فرما سیدنا محمد پر جنھوں نے خبر دی کہ حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کوچ کریں گی حضرت علی کے مقام جنگ کی طرف

وَتَسِيْرُ وَيَمُوْتُ حَوْلَهَا خَلْقٌ كَثِيْرٌ وَصَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدِنِ الَّذِيْٓ

اور روانہ ہوں گی اور ان کے گرد مرے گی بہت سی مخلوق۔ اور رحمت کاملہ نازل فرما سیدنا محمد پر جنھوں نے

اَخْبَرَ بَعْضَ صَحَابَتِهٖ بِعَلَامَةِ اُوَيْسٍ الْقَرَنِيِّ وَشَفَاعَتِهٖ وَصَلِّ

خبر دی اپنے بعض صحابہ کرام کو اویس قرنی کی علامت مخصوصہ اور شفاعت کے متعلق اور رحمت کاملہ نازل فرما

عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدِنِ الَّذِيْٓ اَخْبَرَ السَّيِّدَيْنِ اَنَّهٗ اَشْهَلُ الْعَيْنَيْنِ

سیدنا محمد پر جنھوں نے خبر دی حضرت عمر اور حضرت علی رضی اللہ عنہما کو کہ اویس سرخی مائل سیاہ آنکھوں والا

بَعِيْدُ مَا بَيْنَ الْمَنْكِبَيْنِ وَصَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدِنِ الَّذِيْٓ اَخْبَرَ

اور چوڑے کندھوں والا ہے اور رحمت کاملہ نازل فرما سیدنا محمد پر جنھوں نے خبر دی

اَنَّهٗ مُعْتَدِلُ الْقَامَةِ شَدِيْدُ الْاُدْمَةِ ذُوْ رَاْفَةٍ وَّرَحْمَةٍ يَّشْفَعُ

کہ وہ میانہ قد بہت گندم گوں، رحمت و رأفت والا ہے۔ شفاعت کرے گا۔

فِيْ كَثِيْرٍ مِّنْ هٰذِهِ الْاُمَّةِ وَصَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدِنِ الَّذِيْٓ اَخْبَرَ

اس اُمت کے بہت سے لوگوں کے حق میں اور رحمت نازل فرما سیدنا محمد پر جنھوں نے بتلایا

فِيْ صَرِيْحِ خَبَرِهٖ اَنَّهٗ ضَارِبٌ بِذَقَنِهٖ اِلٰى صَدْرِهٖ وَصَلِّ عَلٰى

صریح خبر میں کہ اویس کی ٹھوڑی سینہ کے ساتھ لگی ہوگی اور رحمت کاملہ نازل فرما

سَيِّدِنَا مُحَمَّدِنِ الَّذِيْٓ اَخْبَرَ فِيْ صَحِيْحِ اَقْوَالِهٖ اَنَّهٗ رَامٍ بِبَصَرِهٖ

سیدنا محمد پر جنھوں نے خبر دی اپنے صحیح اقوال میں کہ وہ اپنی نظر کو

اِلٰى مَوْضِعِ سُجُوْدِهٖ وَوَضَعَ يَمِيْنَهٗ عَلٰى شِمَالِهٖ وَصَلِّ عَلٰى

سجدہ گاہ میں مرکوز رکھنے والے اور اپنے دائیں ہاتھ کو بائیں پر رکھنے والے ہیں۔ اور رحمت کاملہ نازل فرما

سَيِّدِنَا مُحَمَّدِنِ الَّذِيْٓ اَخْبَرَ ابْنَ الزُّبَيْرِ جَهْرًا اَنَّهٗ يُقْتَلُ صَبْرًا

سیدنا محمد پر جنھوں نے خبر دی حضرت ابن زبیر کو علانیہ طور پر کہ وہ قتل کیے جائیں گے حبس ومحاصرہ کی حالت میں۔

وَصَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدِنِ الَّذِيْٓ اَخْبَرَ اَنَّهٗ مَنْ قَرَءَ وَالتِّيْنِ وَ

اور رحمت کاملہ نازل فرما سیدنا محمد پر جنھوں نے تبلایا کہ جس نے قراءت کی سورۂ والتین۔

الزيتون جلبت له رزقا ويسرا وصل على سيدنا محمد الذى اخبر
الزیتون کی تو کھینچ لائے گی اس کے لیے رزق اور سہولت اور رحمت کاملہ نازل فرما سیدنا محمد پر جنہوں نے خبر دی
معاذ ابن جبل وعرفه بالذى اخذ له الطعام من الغرفة وصل
معاذ بن جبل رضی اللہ عنہ کو اور انہیں پہچان کرائی اس کی جس کے لیے کھانا لیا گیا تھا بالاخانہ سے اور صلوٰۃ نازل فرما
على سيدنا محمد الذى اخبر عمار ابن ياسر بما اسر ابن ابى
سیدنا محمد پر جنہوں نے خبر دی عمار بن یاسر رضی اللہ عنہما کو جو خفیہ منصوبہ بنایا ابن ابی منافق نے
لاصحابه بتبوك وهو سائر وصل على سيدنا محمد الذى
آپ کے صحابہ کے لیے تبوک میں جبکہ آپ جا رہے تھے اور صلوٰۃ نازل فرما سیدنا محمد پر جنہوں نے
اخبر اصحابه فى حياته بنباح كلاب جوءب على بعض
خبر دی اپنے صحابہ کو اپنی ظاہری حیات طیبہ میں موءب میں کتوں کے بھونکنے کی بعض ازواج
ازواجه وصل على سيدنا محمد الذى اخبر ان قريشا والاحزاب
نبی پر اور رحمت کاملہ نازل فرما سیدنا محمد پر جنہوں نے بتلایا کہ قریش اور ان کے لشکر
لايعودون له بغزو ولا حراب وصل على سيدنا محمد الذى
کبھی آج کے بعد ان پر حملہ آور نہیں ہوں گے۔ اور صلوٰۃ نازل فرما سیدنا محمد پر جنہوں نے
اخبر فى خبره الكريم ان بين القائمتين من قوائم العرش
خبر دی اپنی حدیث کریم میں کہ عرش کے پایوں میں سے دو پایوں کے درمیان
خفقان الطائر المسرع الف عام بلا امتراء وصل على سيدنا
تیز پرواز پرندے کی ہزار سال کی پرواز ہے بلاشبہ ۔ اور رحمت کاملہ نازل فرما سیدنا
محمد الذى اخبر لعمر فى وصيته الاثيرة ان قاتله غلام
پر جنہوں نے بتلایا حضرت عمر رضی اللہ عنہ کو اپنی روشن وصیت میں کہ ان کو شہید کرنے والا
للمغيرة وصل على سيدنا محمد الذى اخبر المقداد ابن اسود
مغیرہ بن شعبہ کا غلام ہوگا اور صلوٰۃ نازل فرما سیدنا محمد پر جنہوں نے مقداد بن اسود کو خبر دی

بالذى اراد ان يشرب من شرابه الذى خبا عنده وتزود
اس کی جس نے ارادہ کیا تھا ان کے پانی سے پینے کا جو آپ نے محفوظ رکھا ہوا تھا اور زاد راہ بنایا ہوا تھا
وصل على سيدنا محمد الذى اخبر ابا هريرة جهرا انه يموت
اور رحمت کاملہ نازل فرما سیدنا محمد پر جنہوں نے خبر دی ابوہریرہ کو علانیہ کہ وہ فوت ہوں گے
بارض قفر وصل على سيدنا محمد الذى اخبر ابا ذر بعد الصلوة
ویران علاقہ میں اور صلوٰۃ نازل فرما سیدنا محمد پر جنہوں نے حضرت ابوذر کو خبر دی نماز کے بعد
انه يموت بارض فلاة وصل على سيدنا محمد الذى اخبر
کہ وہ وفات پائیں گے بے آب وگیاہ زمین میں اور رحمت کاملہ نازل فرما سیدنا محمد پر جنہوں نے بھی خبر دی
ابا ايوب بارض الروم حقا فكان يدعى بقبره هناك و
حضرت ابوایوب کو روم کے علاقہ میں شہید ہونے کی تو وہاں پر آپ کی قبر کے پاس دعا مانگی جاتی ہے اور
يستسقى وصل على سيدنا محمد الذى اخبر فاطمة بصريح
بارش طلب کی جاتی ہے۔ اور رحمت کاملہ نازل فرما سیدنا محمد پر جنہوں نے سیدہ فاطمہ رضی اللہ عنہا کو صریح
قوله بحضور اجله وصل على سيدنا محمد الذى اخبر فاطمة
انداز میں قرب وصال کی خبر دی اور صلوٰۃ نازل فرما سیدنا محمد پر جنہوں نے حضرت سیدہ فاطمہ کو خبر دی
بانها من اول اهل بيته به لحوقا فكان ما اخبر به من ذلك
کہ وہ اہل بیت رسول میں سے پہلی ہوں گی آپ کے ساتھ لاحق ہونے میں تو جیسے خبر دی ویسے ہی ہوا
تحقيقا وصل على سيدنا محمد الذى اخبر اصحابه بموت اهل
واقع میں اور صلوٰۃ نازل فرما سیدنا محمد پر جنہوں نے خبر دی اپنے صحابہ کرام کو
بئر معونة قبل ان يعرفوا ذلك ان يدركونه وصل على سيدنا
بئر معونہ والے حضرات کی شہادت کی قبل اس کے کہ وہ جانیں اپنے شہادت پانے کو اور صلوٰۃ نازل فرما سیدنا
محمد الذى اخبر عن اهل بئر معونة واعتجب انهم حملوا الى الجنة
محمد پر جنہوں نے خبر دی بئر معونہ کے شہداء کی اور تعجب فرمایا اس پر کہ انہیں اٹھا یا گیا جنت کی طرف

عَلٰى اَسِرَّةِ الذَّهَبِ وَصَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدِنِ الَّذِىْ اَخْبَرَ بِمَوْتِ ابْنِ

سونے کے تختوں پر اور رحمت کاملہ نازل فرما سیدنا محمد پر جنھوں نے عبد اللہ بن

رَوَاحَةَ الشَّهِيْدِ وَبِاَخْذِ رَايَتِهٖ خَالِدُ بْنُ وَلِيْدٍ وَصَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا

رواحہ رضی اللہ عنہ کی خبر شہادت دی اور پرچم کو خالد بن ولید کے ہاتھ میں لینے کی اور صلواۃ نازل فرما سیدنا

مُحَمَّدِنِ الَّذِىْ اَخْبَرَ اَنَّ اللّٰهَ اَوْحٰى اِلَيْهِ اَنَّ خَالِدًا اَخَذَ الرَّايَةَ مِنْ

محمد پر جنھوں نے بتلایا کہ اللہ تعالیٰ نے ان کو وحی کی ہے کہ خالد بن الولید رضی اللہ عنہ نے پرچم اپنے ہاتھ میں لے لیا

غَيْرِ اَمْرِهٖ فَفُتِحَ عَلَيْهِ وَصَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدِنِ الَّذِىْ اَخْبَرَ اَنَّ

بغیر آپ کے انھیں امیر بنائے کے پس اللہ نے ان کو فتح دی ہے۔ اور صلواۃ نازل فرما سیدنا محمد پر جنھوں نے بتلایا کہ

جَعْفَرًا يَّطِيْرُ فِى السَّمَآءِ بِجَنَاحَيْنِ مُضَرَّجَيْنِ بِالدِّمَآءِ وَصَلِّ

حضرت جعفر رضی اللہ عنہ آسمان میں محو پرواز ہیں دو خون آلود پروں کے ساتھ۔ اور صلواۃ نازل فرما

عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدِنِ الَّذِىْ اَخْبَرَ بِمَا اَخْفَى الْكُفَّارُ مِنَ الْكَلَامِ

سیدنا محمد پر جنھوں نے خبر دی کفار کی خفیہ گفتگو کے متعلق جو تھی آپ کے (غلاموں پر)

فِىْ فَتْحِهٖ عَلَيْهِ السَّلَامُ لِلشَّامِ وَصَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدِنِ الَّذِىْ

شام کے فتح ہو جانے کے (مژدہ سے) متعلق۔ اور صلواۃ نازل فرما سیدنا محمد پر جنھوں نے

اَخْبَرَ بِمَقَالَةِ ابْنِ سَلُوْلٍ قَبْلَ اَنْ يَّسْمَعَ مِنْهُ ذٰلِكَ الْقَوْلَ وَ

خبر دیدی ابن سلول کے قول کی قبل اس کے سننے کے اس سے۔ اور

صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدِنِ الَّذِىْ اَخْبَرَ اَصْحَابَهُ الْمُكَرَّمِيْنَ اَنَّ قِرْمَانَ

صلواۃ نازل فرما سیدنا محمد پر جنھوں نے خبر دی اپنے اصحاب کرام کو کہ قزمان

يَقْتُلُ نَفْسَهٗ بِالسِّكِّيْنِ وَصَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدِنِ الَّذِىْ اَخْبَرَ

اپنے آپ کو قتل کرے گا خنجر کے ساتھ۔ اور صلواۃ نازل فرما سیدنا محمد پر جنھوں نے خبر دی کہ

اَنَّ اَبَا مَظْعُوْنٍ فِىْ عَدَدِ الْاَمْوَاتِ فَمَا بَلَغَ مَنْزِلَهٗ حَتّٰى مَاتَ

ابو مظعون اموات کی گنتی و شمار میں ہے تو وہ اپنے گھر پر نہیں پہنچے تھے کہ فوت ہو گئے

وَصَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدِنِ الَّذِىْ اَخْبَرَ بِارْتِدَادِ اَشْعَثَ ابْنِ

اور صلواۃ کاملہ نازل فرما سیدنا محمد پر جنھوں نے خبر دی اشعث بن قیس کے مرتد ہو

قَيْسٍ وَّمَا اَلْقٰى اِلَيْهِ اللَّعِيْنُ الْاِبْلِيْسُ وَصَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا

جانے کی اور جو وسوسہ اسے ابلیس لعین نے ڈالا تھا۔ اور صلواۃ کاملہ نازل فرما سیدنا

مُحَمَّدِنِ الَّذِىْ اَخْبَرَ اَنَّ سَمُرَةَ يُحْرَقُ بِالنَّارِ فَمَاتَ فِيْهَا مِنْ

محمد پر جنھوں نے خبر دی کہ حضرت سمرہ آگ میں جل کر مریں گے تو وہ مرے اسی میں

غَيْرِ قَصْدٍ وَّلَا اخْتِيَارٍ وَصَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدِنِ الَّذِىْ

بغیر اپنے قصد و ارادہ کے۔ اور صلواۃ نازل فرما سیدنا محمد پر جنھوں نے

اَخْبَرَ اَنَّ ثَابِتَ بْنَ قَيْسٍ يُحْشَرُ مَعَ الشُّهَدَآءِ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ

خبر دی کہ ثابت بن قیس رضی اللہ عنہ شہداء کے ساتھ اُٹھائے جائیں گے قیامت کے دن

فَاسْتُشْهِدَ يَوْمَ الْيَمَامَةِ وَصَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدِنِ الَّذِىْ اَخْبَرَ اَنَّ

تو وہ شہید ہوئے جنگ یمامہ میں۔ اور صلواۃ نازل فرما سیدنا محمد پر جنھوں نے خبر دی کہ

ضِرْسَ بَعْضِ جُلَسَآئِهٖ فِى النَّارِ كَجَبَلِ اُحُدٍ فَكَفَرَ بَعْدَ ذٰلِكَ وَارْتَدَّ

کہ آپ کے بعض ہمنشینوں کی ڈاڑھ آتش دوزخ میں جبل احد کی مانند ہوگی تو وہ اس کے بعد کافر و مرتد ہو گیا

وَصَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدِنِ الَّذِىْ اَخْبَرَ اَنَّ الرِّيْحَ هَاجَتْ لِمَوْتِ

اور صلواۃ نازل فرما سیدنا محمد پر جنھوں نے خبر دی کہ یہ آندھی منافق کے مر جانے پر چلی

مُنَافِقٍ فَصَدَقَ خَبَرُهُ الصَّادِقُ وَصَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدِنِ الَّذِىْ

ہے تو آپ کی یہ خبر صادق سچی نکلی۔ اور صلواۃ نازل فرما سیدنا محمد پر جنھوں نے خبر دی

اَخْبَرَ الزُّبَيْرَ وَهُوَ فِى الدَّارِ اَنَّ قَاتِلَهٗ يَلِجُ فِى النَّارِ وَصَلِّ عَلٰى

حضرت زبیر رضی اللہ عنہ کو جبکہ وہ گھر میں موجود تھے کہ ان کا قاتل نار جہنم میں داخل ہوگا۔ اور صلواۃ نازل فرما

سَيِّدِنَا مُحَمَّدِنِ الَّذِىْ اَخْبَرَ حُذَيْفَةَ ابْنَ يَمَانٍ بِمَا يَكُوْنُ فِىْ اٰخِرِ

سیدنا محمد پر جنھوں نے بتلا دیا حضرت حذیفہ بن یمان رضی اللہ عنہ کو جو کچھ بعد والے زمانہ میں ہونے والا تھا

الزمان فكان وصلّ على سيّدنا محمّد الّذي اخبر عن الحسن
تو وہ اسی طرح ہوا۔ اور رحمت کاملہ نازل فرما سیدنا محمد پر جنھوں نے حضرت حسن رضی اللہ عنہ کے متعلق

بالتعيين انّ الله يصلح به بين فئتين عظيمتين من المسلمين
خصوصی خبر دی کہ اللہ تعالیٰ صلح کرادے گا ان کی بدولت اہل اسلام کے دو عظیم گروہوں میں

وصلّ على سيّدنا محمّد الّذي اخبر بقدوم العير قبل مجيء
اور صلوٰۃ نازل فرما سیدنا محمد پر جنھوں نے خبر دے دی قافلۂ قریش کی آمد کی خوشخبری سنانے والے کی

البشير وصلّ على سيّدنا محمّد الّذي اخبر يوم بدر بمصارع
آمد سے پہلے اور صلوٰۃ نازل فرما سیدنا محمد پر جنھوں نے خبر دی بدر کے میدان میں کفار کی

الكفّار فكانت حفر القرار لهم في النّار وصلّ على سيّدنا محمّد
قتل گاہوں کی تو وہ مقامات ہو گئے ان کے لیے دوزخ میں استقرار پانے والے گڑھے۔ اور صلوٰۃ نازل فرما سیدنا محمد پر

الّذي اخبر اصحابه الكبرى بفتح امّ القرى وصلّ على سيّدنا
جنھوں نے خبر دی اپنے بزرگ صحابہ کو مکہ مکرمہ کے فتح ہونے کی اور رحمت کاملہ نازل فرما سیدنا

محمّد الّذي اخبر حذيم بن يعلا بما اخبرته عنه الجنّ ليلا
محمد پر جنھوں نے خبر دی حذیم بن یعلیٰ کو جو کچھ تبلایا تھا اسے جن نے آپ کے متعلق رات کو۔

وصلّ على سيّدنا محمّد الّذي اخبر رافع بن عمير بما
اور صلوٰۃ نازل فرما سیدنا محمد پر جنھوں نے خبر دی رافع بن عمیر کو جو

راى في منامه فكان سبب اسلامه وصلّ على سيّدنا محمّد
دیکھا انھوں نے خواب میں اور ان کے اسلام لانے کا سبب بنا۔ اور صلوٰۃ نازل فرما سیدنا محمد پر

الّذي اخبر باسم وهيب بن السماع وقدومه عليه قبل
جنھوں نے خبر دے دی وہیب بن سماع کے نام کی اور اس کی آمد کی اس کے

وصوله اليه وصلّ على سيّدنا محمّد الّذي اخبر بالّذي
پہنچنے سے قبل۔ اور صلوٰۃ نازل فرما سیدنا محمد پر جنھوں نے خبر دی اس کافر کے متعلق جس نے

خبا نفسه من الكفّار يوم الجمعة ليراه حين يخطب ويسمعه
اپنے آپ کو جمعہ کے دن پوشیدہ رکھا تاکہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کو خطبہ دیتے وقت دیکھے اور سنے

وصلّ على سيّدنا محمّد الّذي اخبر بعض حفاة البوادي انّ
اور صلوٰۃ نازل فرما سیدنا محمد پر کہ جنھوں نے خبر دی بعض بادیہ نشین برہنہ پا کو کہ

ناقته ذاهبة ببطن الوادي وصلّ على سيّدنا محمّد الّذي اخبر
اس کی اونٹنی فلاں وادی کے درمیان میں جارہی ہے۔ اور رحمت کاملہ نازل فرما سیدنا محمد پر جنھوں نے اطلاع دیدی

بكتاب حاطب بن ابي بلتعة قبل ان يراه ويسمعه وصلّ
حاطب بن ابی بلتعہ کے خط کی قبل اس کے کہ اسے دیکھیں اور سنیں اور صلوٰۃ نازل فرما

على سيّدنا محمّد الّذي اخبر باشارة ابي لبابة حين حذّر
سیدنا محمد پر جنھوں نے خبر دی ابولبابہ کے اشارہ سے متعلق جبکہ انھوں نے ڈرایا تھا

اصحابه وصلّ على سيّدنا محمّد الّذي اخبر اصحابه
اپنے ساتھیوں کو۔ اور صلوٰۃ نازل فرما سیدنا محمد پر جنھوں نے خبر دی اپنے نیکوکار

الابرار بما بيّته الكفّار وصلّ على سيّدنا محمّد الّذي اخبر بايمان
اصحاب کو اس کی جو مشورہ کیا رات میں کفار نے اور صلوٰۃ نازل فرما سیدنا محمد پر جنھوں نے خبر دی

المنافقين قبل الحلف واليمين وصلّ على سيّدنا
منافقین کی قسموں کی ان کی یمین اور حلف سے پہلے۔ اور صلوٰۃ نازل فرما سیدنا

محمّد الّذي اخبر انّه سيقدم عليه رجل يتكلّم بلسان
محمد پر جنھوں نے خبر دی کہ عنقریب ان کے پاس آئے گا وہ مرد کہ جو شیطان کی زبان سے

شيطان فظهر من حينه واستبان وصلّ على سيّدنا محمّد
بولتا ہے تو وہ اسی وقت ظاہر ہوا اور نمودار ہو گیا اور صلوٰۃ نازل فرما سیدنا محمد پر

الّذي اخبر عليّا حين قدم عليه انّ الله يفتح له وعلى
جنھوں نے خبر دی حضرت علی رضی اللہ عنہ کو جب بارگاہ نبوی میں حاضر ہوئے کہ اللہ انہیں اور ان کے ہاتھوں پر

يَدَيْهِ وَصَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدِنِ الَّذِىْ رَاٰى سَرِيْرَ اَصْحَمَةَ بْنِ مَسِيْرَةِ

فتح دے گا اور رحمت کاملہ نازل فرما سیدنا محمد پر جنہوں نے دیکھی اصحمہ نجاشی کی میت کی چارپائی

شَهْرٍ بِنْ بُعْدِ قَاتِهٖ وَصَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدِنِ الَّذِىْ اَخْبَرَ عَمَّارًا

دو ماہ کی مسافت سے اپنی آنکھوں کے ساتھ۔ اور صلوٰۃ نازل فرما سیدنا محمد پر جنہوں نے خبر دی عمار کو

بِاَنْ تَقْتُلَهُ الْفِئَةُ الْبَاغِيَةُ فَمَاتَ فِىْ حَرْبِ عَلِىٍّ وَّمُعَاوِيَةَ

کہ انہیں باغی جماعت قتل کرے گی تو وہ شہید ہوئے حضرت علی و حضرت معاویہ کی جنگ صفین میں

وَصَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدِنِ الَّذِىْ اَخْبَرَ بِمَوْتِ اَبِىْ اَيُّوْبَ بِاَرْضِ

اور رحمت کاملہ نازل فرما سیدنا محمد پر جنہوں نے سچی خبر دی ابوایوب انصاری کے ارض روم میں

الرُّوْمِ حَقًّا فَكَانَ يُدْعٰى بِقَبْرِهٖ هُنَاكَ وَيُسْتَسْقٰى وَصَلِّ عَلٰى

وفات پانے کی تو وہاں ہی ان کی قبر پر دعا مانگی جاتی تھی اور بارش طلب کی جاتی تھی۔ اور رحمت کاملہ نازل فرما

سَيِّدِنَا مُحَمَّدِنِ الَّذِىْ اَخْبَرَ اَوَّلًا وَّاٰخِرًا بِمَوْتِ مَنْ يَّمُوْتُ مِنَ

سیدنا محمد پر جنہوں نے بتلا دیا اوّل سے آخر تک ان کی موت کے متعلق جو مرے گا

الْمُسْلِمِيْنَ كَافِرًا وَصَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدِنِ الَّذِىْ اَخْبَرَ اَنَّهٗ كُلَّمَا

اہل اسلام میں سے کافر ہو کر۔ اور رحمت کاملہ نازل فرما سیدنا محمد پر جنہوں نے خبر دی کہ انہوں نے جب بھی

سَاَلَ رَبَّهٗ اَعْطَاهُ وَبَلَّغَهٗ فِىْ ذٰلِكَ سُؤْلَهٗ وَرِضَاهُ وَصَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا

اپنے رب سے سوال کیا تو اس نے عطا فرمایا اور انہیں پہنچایا اپنے مطلوب و محبوب امر تک اور رحمت کاملہ نازل فرما سیدنا

مُحَمَّدِنِ الَّذِىْ اَخْبَرَ اَنَّهٗ كُلَّمَا سَاَلَ رَبَّهٗ بِمَا يَسْاَلُ الْمُحِبُّ عَنْ مَّحْبُوْبِهٖ بَلَّغَهُ

محمد پر جنہوں نے بتلایا کہ انہوں نے جب بھی اپنے رب تعالیٰ سے سوال کیا جو طلب کرتا ہے محب اپنے محبوب سے تو اللہ نے پہنچایا

اللّٰهُ فِىْ ذٰلِكَ غَايَةَ مَطْلُوْبِهٖ وَمَحْبُوْبِهٖ وَاَخْبَرَ قُرَيْشًا بِالَّذِىْ

انہیں اس معاملہ میں غایت مطلوب و مقصود تک۔ اور خبر دی قریش کو اس شخص کی کہ

شَرَدَ لَهٗ مِنْ عِيْرِهِمِ الْبَعِيْرُ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ

بھاگ گیا اس کا اونٹ قافلہ سے (شب معراج)۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل فرما سیدنا محمد پر

وَّعَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدِنِ الَّذِىْ اَخْبَرَ قُرَيْشًا اَنَّ الْقَافِلَةَ يَقْدُمُهُمْ

و آل محمد پر جنہوں نے خبر دی قریش کو کہ قافلہ آئے گا اس حال میں کہ سب سے پہلے

بَعِيْرٌ اَبْيَضُ وَفُلَانٌ عَلَيْهِ رَاكِبٌ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا

سفید اونٹ ہوگا اور فلاں شخص اس پر سوار ہوگا۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل فرما سیدنا

مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدِنِ الَّذِىْ اَخْبَرَ بِرُؤْيَا اَبَا بَكْرِ الصِّدِّيْقِ

محمد پر اور آپ کی آل پر جنہوں نے بتلایا ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ کو ان کا خواب

وَاَخْبَرَ اَبَا بَكْرٍ بِمَا اَوَّلَ الرَّاهِبُ رُؤْيَاهُ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى

اور بتلایا انہیں جو تعبیر کی تھی ان کے خواب کی راہب نے۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل فرما

سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدِنِ الَّذِىْ اَخْبَرَ اَبَا بَكْرٍ بِمَا

سیدنا محمد پر اور آپ کی آل پر جنہوں نے خبر دی ابوبکر صدیق کو جو انہیں

قَالَ لَهُ الْكَاهِنُ اِنَّ رُؤْيَاكَ اَضْغَاثُ اَحْلَامٍ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَ

کہا تھا کاہن نے کہ تیرا خواب بے حقیقت ہے۔ اے اللہ صلوٰۃ و

سَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدِنِ الَّذِىْ اَخْبَرَ

سلام نازل فرما سیدنا محمد پر اور آپ کی آل اطہار پر جنہوں نے خبر دی

الثَّقَفِىَّ وَالْاَنْصَارِىَّ بِالْمَرَامِ وَاَخْبَرَ بِالْحَوَادِثِ الَّتِىْ لَحِقَتْ

ثقفی اور انصاری کو ان کے مقصد کی اور خبر دی ان حادثات کی جو لاحق ہوں گے

بِاَهْلِ بَيْتِهِ الْعِظَامِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّ

آپ کے اہل بیت عظام کو۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل فرما سیدنا محمد پر اور

عَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدِنِ الَّذِىْ اَخْبَرَ اَنَّ هَلَاكَ اُمَّتِىْ عَلٰى يَدَىْ

آل محمد پر جنہوں نے خبر دی کہ میری اُمت کی ہلاکت قریش کے نوجوانوں کے

غِلْمَةٍ مِّنْ قُرَيْشٍ قَالَ اَبُوْ هُرَيْرَةَ اِنْ شِئْتَ اُسَمِّيْهِمْ بَنِىْ فُلَانٍ

ہاتھوں پر ہوگی اور فرمایا ابوہریرہ نے اگر میں چاہوں تو ان کا نام لے کر بتلا دوں کہ وہ فلاں

وَّ بَنِی فُلَانٍ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓی اٰلِ سَیِّدِنَا

فلاں کے بیٹے ہیں۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل فرما سیّدنا محمد پر اور آپ کی آل

مُحَمَّدِنِ الَّذِیٓ اَخْبَرَ بِاَنْ یُّفْتَحَ لِجَیْشٍ یَّکُوْنُ فِیْھِمْ وَاحِدٌ مِّنْ اَصْحَابِهٖ

پر جنہوں نے خبر دی کہ فتح دی جائے گی ہر اس لشکر اسلام کو جس میں ایک صحابی بھی ہو گا

وَاَخْبَرَ صَفِیَّةَ بِمَا رَاَتْ فِی الْمَنَامِ اَنَّ فِیْ حُجْرِھَا الْقَمَرَ اَللّٰهُمَّ

اور خبر دی حضرت صفیہ رضی اللہ عنہا کو جو اس نے خواب میں دیکھا کہ ان کی گود میں چاند ہے۔ اے اللہ

صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓی اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدِنِ الَّذِیٓ اَخْبَرَ اَنَّ

صلوٰۃ و سلام نازل فرما سیّدنا محمد پر اور آپ کی آل پر جنہوں نے خبر دی کہ

الْبَیْتَ الْحَرَامَ یُرْمٰی بِمَنْجَنِیْقٍ وَاَخْبَرَ ھٰٓؤُلَآءِ الْیَھُوْدَ اَنَّھُمْ طَرَحُوْا

بیت اللہ الحرام پر پتھر پھینکے جائیں گے منجنیق کے ساتھ اور یہود خیبر کو بتلایا کہ انہوں نے

فِی الشَّاةِ السَّمَّ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓی اٰلِ سَیِّدِنَا

اس بھنی ہوئی بکری میں زہر ملائی ہوئی ہے۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل فرما سیّدنا محمد پر اور آپ کی آل

مُحَمَّدِنِ الَّذِیٓ اَخْبَرَ بِاِمَارَةِ مُعَاوِیَةَ بْنِ سُفْیَانَ وَاَخْبَرَ الْیَھُوْدَ

پر جنہوں نے خبر دی حضرت معاویہ بن ابو سفیان کے امیر المسلمین بننے کی اور خبر دی ان یہودیوں کو

الَّتِیْ طَرَحُوا السَّمَّ فِی الشَّاةِ اَنَّ اَبَاکُمْ فُلَانٌ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ

جنہوں نے بکری کو زہر آلود کیا تھا کہ تمہارا باپ فلاں ہے۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل فرما

عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓی اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدِنِ الَّذِیٓ اَخْبَرَ اَنَّ الْمَقْتُوْلَ

سیّدنا محمد پر اور آپ کی آل اطہار پر جنہوں نے خبر دی کہ مقتول

فِی الْجَنَّةِ مَعَ الْقَاتِلِ یَعْنِیْ عِکْرِمَةَ بْنَ اَبِیْ جَهْلٍ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَ

جنت میں ہو گا اپنے قاتل کے ساتھ یعنی حضرت عکرمہ بن ابی جہل۔ اے اللہ صلوٰۃ و

سَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓی اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدِنِ الَّذِیٓ اَخْبَرَ اُمَّ سَلَمَةَ

سلام نازل فرما سیّدنا محمد پر اور آپ کی آل پر جنہوں نے خبر دی ام المؤمنین حضرت ام سلمہ رضی اللہ عنہا

حِیْنَ اَھْدٰی لِلنَّجَاشِیِّ اَوَاقِیَ مِنَ الْمِسْكِ اَنَّ النَّجَاشِیَّ یَمُوْتُ وَ

کو جب بطور ہدیہ نجاشی کی طرف کستوری کے کئی اوقیے بھیجے کہ نجاشی فوت ہو جائے گا اور

تُرَدُّ اِلَیْهِ الْھَدِیَّةُ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓی اٰلِ

یہ ہدیہ واپس کر دیا جائے گا۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل فرما سیّدنا محمد پر اور آپ

سَیِّدِنَا مُحَمَّدِنِ الَّذِیٓ اَخْبَرَ عَنْ قَتْلِ زَیْدٍ وَّابْنِ رَوَاحَةَ وَجَعْفَرٍ

کی آل پر جنہوں نے خبر دی دی حضرت زید۔ حضرت ابن رواحہ اور حضرت جعفر کے شہید ہو جانے

وَاَخْبَرَ عَنِ السَّاعَةِ الَّتِیْ قُتِلُوْا فِیْھَا قَبْلَ اِتْیَانِ الْخَبَرِ اَللّٰهُمَّ

کی۔ اور خبر دی اس گھڑی کی جس میں شہید کئے گئے ان کی خبر آنے سے قبل۔ اے اللہ

صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓی اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدِنِ الَّذِیٓ اَخْبَرَ

صلوٰۃ و سلام نازل فرما سیّدنا محمد پر اور آپ کی آل اطہار پر جنہوں نے خبر دی

حُذَیْفَةَ بِمَآ اَسَرَّ فِیْ نَفْسِهٖ مِنْ قَوْلِهٖ اَللّٰهُمَّ اَرِنِیْٓ اٰیَةً اَللّٰهُمَّ

حضرت حذیفہ کو اس قول کی جو انہوں نے چھپا رکھا تھا کہ اے اللہ مجھے آیت و نشانی دکھلا۔ اے اللہ

صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓی اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدِنِ الَّذِیٓ اَخْبَرَ

صلوٰۃ و سلام نازل فرما سیّدنا محمد پر اور آپ کی آل پر جنہوں نے خبر دی

تَمِیْمَ الدَّارِیَّ بِقِصَّتِهٖ وَاَخْبَرَ اَبَا قَتَادَةَ بِاَنْ تَکُوْنَ مُعْجِزَةً فِیْ بِیْضَآئِهٖ

تمیم داری کو انہیں پیش آنے والے واقعہ کی اور خبر دی حضرت ابو قتادہ کو کہ ان کے پاس موجود آپ کے وضو کے برتن کی وجہ سے معجزہ ظاہر ہو گا

اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓی اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدِنِ الَّذِیٓ

اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل فرما سیّدنا محمد پر اور آپ کی آل پر جنہوں نے خبر دی

اَخْبَرَ عُمَیْرًا بِقَتْلِهٖ عَصْمَآءَ بِنْتَ مَرْوَانَ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی

حضرت عمیر کو ان کے عصماء بنت مروان گستاخ نبی کے قتل کرنے کی۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل فرما

سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓی اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدِنِ الَّذِیٓ اَخْبَرَ اَنَّ مُنَافِقًا

سیّدنا محمد پر اور آپ کی آل پر جنہوں نے خبر دی کہ ایک منافق نے

قَالَ اِنَّ مُحَمَّدًا يَزْعَمُ اَنَّهٗ نَبِيٌّ يُّخْبِرُ عَنِ السَّمَآءِ وَلَا يَدْرِيْ اَيْنَ

کہا ہے کہ محمد کا دعویٰ نبی ہونے کا ہے جو آسمانی خبریں دیتا ہے حالانکہ انھیں معلوم نہیں کہ کہاں ہے

نَاقَتُهٗ عَلَى الْاَرْضِ الْاٰنَ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ

ان کی اونٹنی اس وقت زمین کے قطعات میں سے۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل فرما سیّدنا محمد پر

وَّعَلٰٓى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ نِ الَّذِيْٓ اَخْبَرَ بِالشَّهَادَةِ لِنُعْمَانَ بْنِ بَشِيْرٍ

اور آپ کی آل اطہار پر جنہوں نے خبر دی نعمان بن بشیر رضی اللہ عنہ کو شہادت کی

وَاَخْبَرَ فَضَالَةَ بِمَا زَادَ مِنْ قِبَلِهٖ لِطَوَافِ الْكَعْبَةِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَ

اور خبر دی فضالہ کو جو اس نے اپنی طرف سے اضافہ کیا تھا طواف کعبہ میں۔ اے اللہ صلوٰۃ و

سَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ نِ الَّذِيْٓ اَخْبَرَ مُعَاذَ بْنَ

سلام نازل فرما سیّدنا محمد پر اور آپ کی آل اطہار پر جنہوں نے خبر دی حضرت معاذ بن جبل

جَبَلٍ بِالْاَسِيْرِ وَاَخْبَرَ زَيْدَ بْنَ اَرْقَمَ بِالْعَمٰى اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى

رضی اللہ عنہ کو قیدی کی اور خبر دی حضرت زید بن ارقم کو نابینا ہونے کی۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل فرما

سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ نِ الَّذِيْٓ اَخْبَرَ بِالذَّهَبِ عَمَّهُ

سیّدنا محمد پر اور آپ کی آل پر جنہوں نے خبر دی اپنے چچے حضرت عباس رضی اللہ عنہ کو ان کے چھپائے

الْعَبَّاسَ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ

ہوئے سونے کی۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل فرما سیّدنا محمد پر اور آپ کی آل اطہار پر

الَّذِيْٓ اَخْبَرَ بِاَنْ يَّظْهَرَ فِيْ ثَقِيْفٍ كَذَّابٌ وَّمُبِيْرٌ وَاَخْبَرَ اَبَا اَيُّوْبَ

جنہوں نے خبر دی کہ ظاہر ہوگا قبیلہ ثقیف میں ایک کذاب (مختار) اور دوسرا ظالم (حجاج) اور خبر دی حضرت ابوایوب کو

بِالْاَسِيْرِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى اٰلِ سَيِّدِنَا

قیدی کی۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل فرما سیّدنا محمد پر اور آپ کی آل

مُحَمَّدِ نِ الَّذِيْٓ اَخْبَرَ سَعْدَ بْنَ اَبِيْ وَقَّاصٍ بِظُهُوْرِ الْاَعْمَالِ الصَّالِحَةِ

پر جنہوں نے خبر دی حضرت سعد بن ابی وقاص کو ان سے اعمال صالحہ کے ظاہر ہونے کی

مِنْهُ وَاِصَابَةِ نَفْعِهٖ قَوْمًا وَّضَرِّهٖ اٰخَرِيْنَ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ

اور ان کی طرف سے ایک قوم کو نفع پہنچنے کی اور دوسرے فریق کو نقصان و ضرر پہنچنے کی۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل

عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ نِ الَّذِيْٓ اَخْبَرَ بِقَتْلِ كِسْرٰى

فرما سیّدنا محمد پر و آل محمد پر جنہوں نے خبر دی کسریٰ (شاہ فارس) کے قتل ہو جانے کی

وَاَخْبَرَ بِمَآ اَسَرَّ اِلَيْهِ ابْنُ الزِّبَعْرٰى اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا

اور خبر دی اس کی جو ابن زبعریٰ نے بطور راز اسے کہا تھا۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل فرما سیّدنا

مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ نِ الَّذِيْٓ اَخْبَرَ بِالْقَتْلِ زُبَيْرَ بْنَ

محمد و آل محمد پر جنہوں نے خبر دی قتل ہو جانے کی حضرت زبیر بن

الْعَوَّامِ وَاَخْبَرَ بِالْمَرَامِ وَابِصَةَ بْنَ مَعْبَدٍ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ

العوام کو اور خبر دی وابصہ بن معبد کو ان کے قلبی مقصود کی۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل فرما

عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ نِ الَّذِيْٓ اَخْبَرَ عَنْ فَتْحِ

سیّدنا محمد پر اور آپ کی آل پر جس محبوب نے خبر دی جنگ

غَزْوَةِ الْاَحْزَابِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى اٰلِ

خندق میں فتح کی۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل فرما سیّدنا محمد و آل

سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ نِ الَّذِيْٓ اَخْبَرَ اَنَّ هٰذَا السَّحَابَ يُمْطِرُ وَادِيًا فِي الْيَمَنِ

محمد پر جنہوں نے خبر دی کہ یہ بادل بارش برسائے گا یمن کی ایک وادی میں

وَاَخْبَرَ بِاَنْ تُقْسَمَ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ كُنُوْزُ كِسْرٰى اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ

اور خبر دی کہ اللہ کی راہ میں تقسیم ہوں گے کسریٰ کے خزانے۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل

عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ نِ الَّذِيْٓ اَخْبَرَ اَنَّ اُمَّتِيْ

فرما سیّدنا محمد پر اور آپ کی آل پر جنہوں نے خبر دی کہ میری اُمت کے لیے

سَتَكُوْنُ لَهُمْ اَنْمَاطٌ يَغْدُوْ وَاحِدُهُمْ فِيْ حُلَّةٍ وَّيَرُوْحُ فِيْ اُخْرٰى

پردے تنے ہوں گے ان کے در و دیوار پر۔ ان میں ایک شخص صبح کرے گا ایک پوشاک میں اور شام کرے گا دوسری میں

وَتُوضَعُ بَيْنَ يَدَيْهِ صُحْفَةٌ وَتُرْفَعُ اُخْرٰى اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى

اور رکھا جائے گا اس کے سامنے ایک پیالہ اور اٹھایا جائے گا دوسرا۔ اے اللہ صلوٰۃ وسلام نازل فرما

سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدِنِ الَّذِىْٓ اَخْبَرَ بِالَّذِىْ غَلَّ خَرَزَ الْيَهُوْدِ

سیدنا محمد پر اور آپ کی آل پر جس محبوب نے خبر دی اس شخص کے متعلق جس نے بطور خیانت لے لیے تھے

بِخَيْبَرَ وَاَخْبَرَ بِمَا رَامَ الْاَعْرَابِيُّ لِقَتْلِ اَبُوْ سُفْيَانَ اَللّٰهُمَّ صَلِّ

خرز الیہود خیبر میں۔ اور خبر دی اعرابی کے ابوسفیان کو قتل کرنے کے عزم و ارادہ کی۔ اے اللہ صلوٰۃ و

وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدِنِ الَّذِىْٓ اَخْبَرَ بِالْقَتْلِ

سلام نازل فرما سیدنا محمد پر اور آپ کی آل پر جنہوں نے شہادت کی خبر دی عمار بن یاسر

عَمَّارِ بْنِ يَاسِرٍ وَاَخْبَرَ اَنَّ قَاتِلَ الْحُسَيْنِ شِمْرٌ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ

رضی اللہ عنہ کو اور بتلایا کہ حضرت حسین رضی اللہ عنہ کو شہید کرنے والا شمر ہے۔ اے اللہ صلوٰۃ وسلام نازل فرما

عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدِنِ الَّذِىْٓ اَخْبَرَ بِفَتْحِ مِصْرٍ

سیدنا محمد پر اور آپ کی آل پر جس محبوب نے مصر فتح ہونے کی خبر دی

وَاَخْبَرَ اَنَّ قُزْمَانَ فِى النَّارِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ

اور قزمان کے دوزخی ہونے کی۔ اے اللہ صلوٰۃ وسلام نازل فرما سیدنا محمد پر

وَّعَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدِنِ الَّذِىْٓ اَخْبَرَ بِحُدُوْثِ اَمْرٍ فِىْ خُزَاعَةَ

اور آپ کی آل پر جنہوں نے خبر دی بنی خزاعہ میں حادثہ رونما ہونے کی

وَاَخْبَرَ سُبَيْعًا اَنْ تَاْخُذَهُ الْاٰكِلَةُ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا

اور خبر دی سبیع کو کہ اسے آکلہ (اعضاء کا گوشت کھانے والی بیماری) گرفت میں لے گی۔ اے اللہ صلوٰۃ وسلام نازل فرما سیدنا

مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدِنِ الَّذِىْٓ اَخْبَرَ عَنْ وُقُوْعِ الْفِتْنَةِ خِلَالَ

محمد پر اور آپ کی آل پر جنہوں نے خبر دی فتنے کے واقع ہونے کی مدینہ منورہ کے

بُيُوْتِ الْمَدِيْنَةِ كَوَقْعِ الْمَطَرِ وَاَخْبَرَ عَنْ غُسْلِ الْمَلٰٓئِكَةِ حَنْظَلَةَ اَللّٰهُمَّ

گھروں میں مانند گرتے بارش کے قطرات کے اور خبر دی ملائکہ کے حضرت حنظلہ کو غسل دینے کی۔ اے اللہ

اپنے مخصوص روح کے ساتھ ہماری تقویت فرما۔ اے اللہ ہمیں اپنے مخفی علم سے سکھلا۔ اے اللہ

وَعَلٰی دِیْنِكَ الَّذِی ارْتَضَیْتَهٗ ثَبِّتْنَا اَللّٰهُمَّ وَاجْعَلْنَا مِمَّنْ

اور اس دین پر جس کو تو نے پسند فرمایا ہے ہمیں ثابت قدم رکھ۔ اے اللہ اور بنا ہمیں ان لوگوں سے

سَبَقَتْ لَهُمْ مِّنْكَ الْحُسْنٰی اَللّٰهُمَّ اَحْیِنَا فِی الدُّنْیَا مُؤْمِنِیْنَ

کہ سبقت لے گئی ان کے لیے تیری طرف سے نیک جزا۔ اے اللہ ہمیں زندہ رکھ دنیا میں حالت ایمان

طَآئِعِیْنَ اَللّٰهُمَّ تَوَفَّنَا مُسْلِمِیْنَ تَآئِبِیْنَ اَللّٰهُمَّ اجْعَلْنَا

وطاعت پر۔ اے اللہ ہمیں وفات دینا حالت اسلام اور توبہ پر۔ اے اللہ بنانا ہمیں

عِنْدَ السُّؤَالِ ثَابِتِیْنَ اَللّٰهُمَّ اجْعَلْنَا یَوْمَ الْفَزَعِ الْاَكْبَرِ

سوال کے وقت ثابت قدم۔ اے اللہ بنانا ہمیں بڑی گھبراہٹ کے دن

مِنَ الْاٰمِنِیْنَ اَللّٰهُمَّ اجْعَلْنَا مِمَّنْ یَّاْخُذُ الْكِتَابَ بِالْیَمِیْنِ

امن والوں سے۔ اے اللہ ہمیں بنانا ان لوگوں سے جو نامۂ اعمال پکڑیں گے دائیں ہاتھ سے

اَللّٰهُمَّ ثَبِّتْ اَقْدَامَنَا عَلَی الصِّرَاطِ الْمُسْتَقِیْمِ اَللّٰهُمَّ اَدْخِلْنَا

اے اللہ ثابت رکھنا ہمارے قدموں کو صراط مستقیم پر۔ اے اللہ ہمیں داخل

بِرَحْمَتِكَ وَكَرَمِكَ فِیْ جَنّٰتِ النَّعِیْمِ اَللّٰهُمَّ نَجِّنَا بِحِلْمِكَ وَعَفْوِكَ

فرما اپنی رحمت اور کرم کے ساتھ جنات نعیم میں۔ اے اللہ ہمیں نجات عطا فرما اپنے حلم اور عفو کے طفیل

مِنَ الْعَذَابِ الْاَلِیْمِ وَمِنْ كَرْبِ اللَّئِیْمِ فِی الدُّنْیَا وَالْاٰخِرَةِ اَللّٰهُمَّ

عذاب الیم اور قابل ملامت درد و کرب سے دنیا و آخرت میں۔ اے اللہ

إنّا أصبحنا لا نملك لأنفسنا دفعًا ولا رفعًا ولا ضرًّا ولا نفعًا
ہم نے صبح کی اس حال میں کہ نہیں مالک اپنے لیے دفاع کے اور ترقی کے اور نہ ضرر کے اور نہ نفع کے
فقرآء لا شيء لنا ضعفآء لا قوّة لنا وأصبح الخير كلّه بيدك
فقیر ہیں کوئی شئ ہماری نہیں ناتوان ہیں کوئی قوت ہم میں نہیں اور ہے خیر تمام تر تیرے دست قدرت میں
وأمر كلّ شيء راجع إليك اللّٰهمّ وفّقنا لما أمرتنا به اللّٰهمّ
اور ہر چیز کا معاملہ تیری طرف لوٹنے والا ہے۔ اے اللہ ہمیں توفیق دے اس کی جس کا امر فرمایا۔ اے اللہ
أعنّا على ما كلّفتنا اللّٰهمّ أغننا عن كلّ شيء بفضلك اللّٰهمّ
ہماری اعانت فرما اس پر جس کا مکلف ٹھہرایا۔ اے اللہ ہمیں غنی فرما ہر چیز سے اپنے فضل کے ساتھ۔ اے اللہ
اجبر ما فات منّا بكرمك وعنايتك اللّٰهمّ أيّدنا بالتوجّه إليك
پورا فرما جو فوت ہوا ہم سے ساتھ اپنے کرم وعنایت کے۔ اے اللہ ہمیں تقویت بخش اپنی طرف توجہ کی
بحولك وقوّتك وقدرتك ونصرتك بحرمة نبيّك صلّى الله
اپنی طاقت وقوت اور قدرت ونصرت کے ساتھ بطفیل حرمت نبی صلی اللہ
عليه وسلّم اللّٰهمّ وما قصرت همّتنا عنه يا ربّنا ورأيناه لم
علیہ وسلم کے۔ اے اللہ جس سے ہماری ہمت وطاقت قاصر ہے اے ہمارے رب اور ہم نے دیکھا کہ نہیں
تبلغه مسئلتنا من خير وعدتّه أحدًا من خلقك أو خير أنت
پہنچا اس تک ہمارا سوال یعنی وہ خیر اور بھلائی کہ جس کا وعدہ دیا تو نے مخلوق میں سے کسی کو اور وہ خیر کہ تو
معطيه أحدًا من عبادك فإنّا نرغب إليك فيه وأسئلك
عطا فرمائے گا اپنے بندوں میں سے کسی کو تو یقینًا ہم بھی رغبت رکھتے ہیں تیری طرف اسمیں۔ اور میں سوال کرتا ہوں
يا مقلّب القلوب قلّب قلوبنا بقلب قلب في الله اللّٰهمّ إنّي
تجھ سے اے دلوں کو تبدیل کرنے والے تبدیل فرما ہمارے قلوب کو ذات باری میں مستغرق قلب والی تبدیلی کی طرح۔ اے اللہ میں
أسئلك صحبة الخوف وغلبة الشوق وثبات العلم ودوام
تجھ سے سوال کرتا ہوں خوف وخشیت کی ہمراہی اور شوق کے غلبہ۔ علم کے ثبوت وتحقق اور دوام

الفكر اللّٰهمّ إنّي أسئلك سبيل أئمّة المتّقين بسم الله ومن
فکر کا۔ اے اللہ میں سوال کرتا ہوں تجھ سے متقی آئمہ کے راستہ کا، اللہ کے نام کے ساتھ اور
الله وعلى الله فليتوكّل المؤمنون حسبي الله آمنت بالله
اللہ سے اور اللہ پر ہی چاہیئے کہ توکل کریں اہل ایمان۔ کافی ہے مجھے اللہ۔ میں ایمان لایا اللہ کے ساتھ
رضيت بالله توكّلت على الله في كلّ الأمور مع الله اللّٰهمّ
راضی ہوا اللہ کے ساتھ۔ میں نے توکل کیا اللہ تعالیٰ پر تمام امور میں اللہ تعالیٰ کے ساتھ۔ اے اللہ
فوق كلّ شيء علوّ ارتفاعه فاجعلني عاليًا على كلّ شيء
ہر شئ سے اوپر ہے تیری رفعت وبرتری پس بنا مجھے بھی بلند مرتبت ہر شئے پر
حتّى الولاية القطبيّة والأوتاديّة ثمّ منها إلى العرفان في
حتیٰ کہ ولایت قطبیہ اور اوتادیہ پر پھر وہاں سے عرفان کے
المشاهدات المتنوّعة التي احتوت بين تلك العكسات
مختلف قسم کے مشاہدات پر جو سمٹے ہوئے ہیں ان عکسوں اور پرتووں کے درمیان
حتّى أعاينها مع العجائب في الهوآء والبدآئع في الأرض
حتیٰ کہ میں ان کا معائنہ کروں مع ہوا کے عجائبات کے اور زمین کے بدیع اور انوکھے امور کے
ولا تقصّر بي على علوّ دون علوّ أنت العالي المطلق اجعلني
اور مجھے بلند اور منحصر نہ فرمانا ایک قسم کی بلندی پر سوائے دوسری کے تو ہی علی الاطلاق بلند وبرتر ہے۔ بنادے مجھے
شبيهًا بالعلويّات حتّى العقل الأوّل من غير قصور في
مشابہ علویات کے ساتھ حتیٰ کہ عقل اول کے بغیر کسی قصور وکوتاہی کے سلسلہ میں
السلسلة مع بقآء القوّة في الإعادة والتكرار في ذلك من غير
بمع باقی رہنے قوت اعادہ وتکرار کے اس راستہ میں بغیر
توقّف وإهمال بل بطيّ زماني أو مكاني في الصعود والهبوط
توقف کے اور مہمل رکھنے کے بلکہ ساتھ سمٹنے زمان یا مکان کے اوپر جاتے اور نیچے اترتے میں

بخیالٍ صحیحٍ بل بفعلٍ لما انت قادرٌ علی تصعید الکثیف و
ساتھ خیال صحیح کے بلکہ ساتھ فعل کے کیونکہ تو نادر ہے کثیف کے اوپر لے جانے اور

تهبیط اللطیف یا علام الغیوب فلا یفوت شیءٌ من حفظہ
لطیف کے نیچے سے آنے پر اے سب غیوب کا علم کامل رکھنے والے جس کے حفظ سے کوئی شئی تجاوز نہیں کر سکتی

علمنی بتعلیماتٍ لدنیۃٍ مطابقۃٍ لما فی غیبک وسرک من
مجھے لدنی تعلیمات عطا کر جو مطابق ہیں تیرے علم غیب کے اور تیرے بھیدوں کے

موضوعاتک المطلقۃ واصطلاحاتٍ کلیۃٍ مربوطۃٍ بہا
اپنی وضع کردہ مطلقہ اشیاء میں اور اصطلاحات کلیہ میں کہ ربط دی گئی ہیں ان کے ساتھ

مثالاتٌ وجزئیاتٌ وشواهداتٌ تقررت فی اذهان عبادک
مثالیں اور جزئیات اور شواہدات جو قرار پذیر ہیں تیرے مخلص بندوں کے ذہنوں میں

المخلصین من الیقینیات الصادقۃ علیہا اولاً واخراً
یقینیات سے کہ صادق ہیں ان پر اول و آخر میں اس

من حیث انما هی فاجعلہا لهذا العبد الذلیل بالفعل
حیثیت سے کہ وہ (شواہدات وغیرہ) یقینیات صادقہ ہیں پس بنا اس عاجز بندے کے لیے عملی طور

ملکۃ الانصاف والاتصال بمقدمات اولیۃ ثم مشهورات
پر استعداد انصاف و اتصال کی ساتھ مقدمات اولیہ پھر مشہورات مسلمہ

مسلماتٍ بحیث تحصل لنا من غیر توقفٍ علی شرطٍ او علۃٍ
کے اس حیثیت سے کہ حاصل ہوں ہمیں کسی شرط اور علت پر توقف کے بغیر

بل اجعل جوهری ونفسی الناطقۃ منبع بحور العلوم الغیبیۃ
بلکہ بنا دے میرے جوہر اور نفس ناطقہ کو منبع علوم غیبیہ کے سمندروں کا

التی البستنا بہا وعلمتنا بتکییف المخارج بارشاد المرشدین
جو تو نے ہمیں مانند لباس کے محیط کئے اور تعلیم دی ہمیں مخارج کی کیفیات متعین کرنے کی بسبب مرشدین کی رہنمائی

للمسترشدین باطلاقک لہا حیث شئت ثم فهمنی ما فی ذاتک
کے واسطے طالبان رشد کے بسبب اطلاق فرمانے تیرے انہیں جہاں کہ چاہے۔ پھر سمجھا مجھے جو تیری ذات

من العلوم التی هی علوم غیبیۃ مطلقۃ لم تنتقش فی اللوح
علوم جو کہ علوم غیبیہ مطلقہ ہیں کہ نہیں نقش پذیر ہوئے لوح

المحفوظ محفوظاً فی قلب عبدک هذا وفی خزانۃ الحس
محفوظ میں محفوظ بناتے ہوئے اپنے اس بندے کے دل میں اور اس کے خزانۂ حس میں

متصرفاً تفصیلاً جزئیاً حیث شاء من غیر فائتٍ ولا منسی
تصرف کرتے ہوئے ان میں ہر ہر جزئی میں تفصیلی طور پر بغیر کسی کے فوت ہونے اور بھولنے کے

بحیث اذا کررت عادت واستحضرت حتی نسلکہا فی
اس حیثیت سے کہ جب تکرار کئے جائیں تو لوٹ آئیں اور مستحضر ہو جائیں حتی کہ جاری کریں ہم انہیں

طریقٍ شفیهۃٍ قلیلۃ الحروف کثیرۃ المعانی بحیث ندیرها
ایسے مختصر طریقہ پر جو قلیل حروف اور کثیر معانی والا ہو اس حیثیت سے کہ ہم پھیریں انہیں

من کل وضعٍ علی حرفٍ واحدٍ حتی یتم کل بیتٍ من الادبیۃ
ہر وضع و کیفیت سے حرف واحد پر حتی کہ تمام و کامل ہو جائے ہر بیت ازروئے ادبیت کے

الاولیۃ ثم الشرعیۃ الدینیۃ یا خالق الانطاق والکلمات فی
جو اول سے ازروئے مقصود کا پھر ازروئے شرع و دین کے اے پیدا کرنے والے نطق اور کلمات کے

المخارج والمفهومات مع رعایات القوانین فی القلوب
مخارج میں اور مفہومات کے بمع رعایت قوانین کے قلوب میں

کونها فی قلبی وارکزها فی نفسی موصلۃً الی تصدیقات ملکیۃ
موجود کر انہیں میرے قلب میں اور مرکوز کرا نہیں میرے نفس میں درآنحالیکہ واصل کرنے والے ہوں ملکی تصدیقات

وتصورات فلکیۃ وقضایا عرشیۃ وبدایع زبریۃ حتی
فلکی تصورات، عرش قضایا اور کتابی بدائع تک حتی کہ

اَسْتَغْنِیَ مِنْ غَیْرِكَ سِوٰی اِلْهَامِكَ ثُمَّ خَصِّصْنِیْ بِعُلُوْمٍ اَوْدَعْتَهَا
میں بے نیاز ہو جاؤں ماسوا سے سوائے تیرے الہام کے۔ پھر مجھے مختص فرما ان علوم کے ساتھ جو تو نے ودیعت فرمائے

فِیْ قَلْبِ خَیْرِ الْکَآئِنَاتِ وَاَبِ الْاَرْوَاحِ وَنَحْنُ مِنْ اُمَّتِهٖ وَاَوْفِقْنِیْ
ہیں سید کائنات اور مبدء الارواح کے قلب اقدس میں جبکہ ہم آپ کی اُمت سے ہیں اور مجھے توفیق دے

عَلٰی اِزَالَةِ مَوَانِعِ طُرُقِهَا وَحَوَادِثِ دُهُوْرِهَا وَجَوَالِبِ اَسْرَارِهَا
ان کے طرق میں موانع زائل کرنے اور حوادث دہر دور کرنے کی اور ان کے اسرار کھینچنے والوں پر کنٹرول کی۔

اِلٰهِیْ اَنْتَ الْقَادِرُ عَلٰۤی اَنْ تَجْعَلَنِیْ مِنَ الْمُعِدِّیْنَ لِذٰلِكَ
اے میرے الٰہ تو قادر ہے مجھے اس کی استعداد والوں سے بنانے پر

الْمُوَفَّقِیْنَ بِاَنْفَالَاتِ لَاهُوْتِكَ وَرَآءَ مُحَدِّدِ الْجِهَاتِ فَلَكِ
اور توفیق پانے والوں سے ساتھ اپنے لاہوتی عطیات کے جو محدد جہات فلک الافلاک کے

الْاَفْلَاكِ نَاظِرًا مُصَدِّقًا حِیْنَ التَّصَرُّفَاتِ بِتَصَرُّفَاتِكَ اِلٰی
پرے ہیں دیکھتے ہوئے اور تصدیق کرتے ہوئے تصرفات کے دوران ساتھ اپنے تصرفات کے طرف

تَفَکُّرَاتِكَ وَاجْعَلِ الْاَجْوَدَ النَّعَّالَةَ الْعَلَّامَةَ النَّطَّاقَةَ
اپنے تفکرات کے اور بنادے عمدہ گھوڑے نعل بند، امتیازی علامات والے، کمر بند والے کو

مُسَخَّرَةً لِفَقِیْرِكَ وَعَبْدِكَ الْحَقِیْرِ وَتَلَطَّفْ عَلَیَّ بِاَنْوَاعِ
مسخر واسطے اس اپنے فقیر اور عبد حقیر کے اور لطف و کرم فرما مجھ پر مختلف قسم کے

اِلْهَامَاتٍ وَخَوَارِقِ الْعَادَاتِ مَنَّاعَةً حَرَّاقَةً لِهُمُوْمِ اَعْدَآءِ
الہامات اور کرامات کے ساتھ جو روکنے، جلانے والے ہوں

الْاَخْلَاقِ وَالْمُتَوَجِّهِیْنَ اِلَیْكَ بِحُسْنِ النِّیَّاتِ کَسَّارَةً
اخلاق اور مخلص متوجہ الی اللہ لوگوں کے دشمنوں کے عزائم کو، ٹکڑے ٹکڑے کرنے والے ہوں

لِمُقَدِّمَاتِ الْمُتَغَلِّبِیْنَ فِی الْجَلَالِ بِالْقِیْلِ وَالْقَالِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ
واسطے مقدمات ان لوگوں کے جو غلبہ پانے والے ہوں جلال و رعب میں ساتھ قیل و قال کے۔ اے اللہ صلوٰۃ

عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰۤی اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدِنِ الَّذِیْ قَطَرْتَ فِیْ فِیْهِ
کامل نازل فرما سیدنا محمد و آل محمد پر جس محبوب کے منہ مبارک میں ٹپکا

قَطْرَةً مِّنْ بَحْرِ الْعِلْمِ الْاَزَلِیِّ وَاَعْطِ لَنَا عُلُوْمًا مِّنْ اِلْهَامِ عِلْمِ
ایک قطرہ علم ازلی کے سمندر سے اور عطا فرما ہمیں علوم علم ازل

الْاَزَلِ وَالْاَبَدِ نَعْلَمُ بِهَا عِلْمَ الْاَوَّلِیْنَ وَالْاٰخِرِیْنَ اَللّٰهُمَّ صَلِّ
و ابد کے الہام سے جن کے سبب معلوم کرلیں اولین و آخرین کا علم۔ اے اللہ رحمت کاملہ

عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰۤی اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدِنِ الَّذِیْ وَهَبَهُ اللّٰهُ رَقَآئِقَ
نازل فرما سیدنا محمد و آل محمد پر جس محبوب کو اللہ تعالیٰ نے ہبہ فرمائے

عُلُوْمِ الْاَزَلِ وَالْاَبَدِ وَعَلَّمَهُ اللّٰهُ دَقَآئِقَ فُهُوْمِ الْکَثْرَةِ وَ
علوم ازل و ابد کے اسرار اور تعلیم دی انہیں کثرت و

الْوَحْدَةِ وَاَعْطَاهُ اللّٰهُ تَعَالٰی عِلْمًا مِّنْ عُلُوْمٍ کُلِّهٖ وَقُدْرَةً مِّنْ
وحدت کے فہوم و اذہان کے دقائق کی اور عطا کیا انہیں اللہ تعالیٰ نے اپنے تمام علوم سے علم اور قدرت

عُلُوْمِ کُنْ فَیَکُوْنُ وَمِنْ عُلُوْمِ مَا کَانَ وَمَا یَکُوْنُ اِلٰهِیْ لَوْلَا
کن فیکون کے علوم سے اور ماکان و ما یکون کے علوم سے۔ اے میرے الٰہ اگر میں

جَهِلْتُ مِنْ اَمْرِیْ مَا شَکَوْتُ عَثَرَاتِیْ وَلَوْلَا نَسِیْتُ لَمَا ذَکَرْتُ
جاہل نہ ہوتا اپنے معاملے سے تو شکایت نہ کرتا اپنی لغزشوں کی اور اگر نہ بھولتا جو یاد کیے میں نے

مِنَ الْاَفْرَادِ مَا سَفَحْتُ مِنْ عَبَرَاتِیْ فَاَصْلِحْ مُشَتَّاتِ الْعَثَرَاتِ
افراد سے تو نہ بہاتا اپنے آنسو پس اصلاح فرما دے میری مختلف قسم کی لغزشات سے

بِمُرْسَلَاتِ الْعَبَرَاتِ وَهَبْ لِکَثِیْرِ السَّیِّئَاتِ وَلِقَلِیْلِ الْحَسَنَاتِ
بطفیل ان بہتے آنسوؤں کے اور بخش دے بہت گناہوں والے اور تھوڑی نیکیوں والے کو

اِلٰهِیْ اَخْرَسَتِ الْمَعَاصِیْ لِسَانِیْ فَمَا لِیْ مِنْ وَّسِیْلَةٍ مِّنْ عَمَلٍ
اے میرے الٰہ گونگا کر دیا ہے گناہوں نے میری زبان کو پس نہیں کوئی میرا وسیلہ عمل سے

وَلَا شَفِيعَ سِوَى الْأَمَلِ إِلٰهِي أَقْصَتْنِي الْحَسَنَاتُ مِنْ جُوْدِكَ
اور نہ کوئی شفیع سوائے آرزو وامل کے ۔ اے میرے الٰہ دور کر دیا مجھے نیکیوں نے تیرے جود و
وَكَرَمِكَ وَأَلْقَتْنِي السَّيِّئَاتُ بَيْنَ عَفْوِكَ وَمَغْفِرَتِكَ إِنَّ رَجَائِي
کرم سے اور پھینک دیا مجھے برائیوں نے تیری عفو اور مغفرت کے درمیان بے شک میری امید
لَا يَنْقَطِعُ عَنْكَ وَإِنْ عَصَيْتُكَ كَمَا أَنَّ خَوْفِي لَا يُزَايِلُنِي مِنْكَ
تجھ سے منقطع نہیں ہوگی اگرچہ میں تیری نافرمانی ہی کروں جیسے کہ میرا خوف تیری ذات سے مجھ سے زائل نہ ہوگا
وَإِنْ أَطَعْتُكَ إِلٰهِي لَا أَسْتَطِيعُ حَوْلًا عَنْ مَعْصِيَتِكَ إِلَّا
اگرچہ تیری اطاعت کروں ۔ اے میرے الٰہ میں طاقت نہیں رکھتا معصیت سے ہٹنے کی مگر
بِعِصْمَتِكَ وَلَا قُوَّةَ لِي عَلَى الطَّاعَةِ إِلَّا بِتَوْفِيقِكَ مَنْ هُوَ فِي
تیرے بچانے کے سبب ۔ اور نہیں قدرت مجھ میں طاعت پر مگر تیری توفیق سے ، جو تیرے
قَبْضَةِ قَهْرِكَ كَيْفَ لَا يَخَافُ وَمَنْ هُوَ دَائِرٌ فِي دَائِرَةِ لَذَّاتِكَ
قبضۂ قہر میں ہے وہ کیسے خوف نہ کھائے اور جو محو گردش ہے تیری لذات (دیدار) کے
أَيْنَ يَذْهَبُ إِلٰهِي أَنَا مَسْلُوبُ الْإِرَادَةِ عَارٍ عَنِ الْمَشِيئَةِ
دائرہ میں وہ کہاں جائے ۔ اے میرے الٰہ میں ارادہ سے خالی ، مشیت سے عاری ،
عَاجِزٌ عَنِ الْحَوْلِ وَالْقُوَّةِ تَعَاظَمْتَ عَلَى الْكُبَرَاءِ وَالْعُظَمَاءِ
طاقت وقوت سے عاجز ہوں ، تو عظیم تر ہے کبراء و عظماء پر
فَأَنْتَ الْعَظِيمُ الْكَبِيرُ وَتَكَرَّمْتَ عَلَى الْفُقَرَاءِ وَالْأَغْنِيَاءِ فَأَنْتَ
پس فقط تو ہی عظیم و کبیر ہے اور تو ہی نے جود و کرم فرمایا فقراء اور اغنیاء پر پس تو ہی
الْغَنِيُّ الْكَرِيمُ وَمَنَنْتَ عَلَى الْعُصَاةِ وَالطَّاغِينَ لِسَعَةِ رَحْمَتِكَ
غنی و کریم ہے اور احسان فرمایا تو نے عاصیوں اور سرکشوں پر اپنی وسیع رحمت کے سبب
فَأَنْتَ الرَّحْمٰنُ الرَّحِيمُ تَعْلَمُ سِرَّنَا وَجَهْرَنَا وَأَنْتَ أَعْلَمُ بِنَا
پس تو ہی رحمٰن و رحیم ہے تو جانتا ہے ہمارے خفیہ و علانیہ کو اور تو زیادہ جانتا ہے ہم کو

مِنَّا فَأَنْتَ الْعَلِيمُ لَا تَدْبِيرَ لِلْعَبْدِ مَعَ تَدْبِيرِكَ وَلَا إِرَادَةَ لَهُ
ہم سے پس فقط تو ہی علیم ہے ۔ نہیں تدبیر بندے کی تیری تدبیر کے ساتھ اور نہ ارادہ
مَعَ مَشِيَّتِكَ وَتَقْدِيرِكَ لَوْلَا وُجُودُكَ لَمَا كَانَتِ الْمَخْلُوقَاتُ
اس کے لیے تیری مشیت و تقدیر کے ساتھ ۔ اگر تیرا وجود نہ ہوتا تو مخلوقات موجود نہ ہوتی
وَلَوْلَا حِكْمَةُ صُنْعِكَ لَمَا عُرِفَتِ الْمَصْنُوعَاتُ خَلَقْتَ الْآدَمِيَّ
اور اگر تیری صنعت میں حکمت نہ ہوتی تو مصنوعات کا عرفان نہ ہوتا ۔ تو نے پیدا فرمایا آدمی کو
وَبَلَوْتَهُ بِالْحَسَنَاتِ وَالسَّيِّئَاتِ أَبْرَزْتَهُ فِي هٰذِهِ الدَّارِ
اور اسے آزمایا حسنات و سیئات کے ساتھ ۔ ظاہر کیا تو نے اسے اس جہان میں
لِمَعْرِفَتِكَ وَحَجَبْتَهُ عَنْ بَاطِنِ الْأَمْرِ بِظَاهِرِ الْمَرْئِيَّاتِ وَ
اپنی معرفت کے لیے اور حجاب میں رکھا اسے باطن امر سے ظاہری محسوس اشیاء کے ساتھ اور
كَشَفْتَ لِمَنْ شِئْتَ عَنْ سِرِّ سِرِّ التَّوْحِيدِ فَبِهٰذَا أَشْهَدُ
کشف فرمایا جس کے لیے چاہا توحید کے راز حقیقت کو تو اسی کی گواہی دے رہے ہیں
الْكَوْنُ وَالتَّكْوِينُ وَالْكَائِنَاتُ وَأَشْهَدْتَهُ بِهِ عِنْدَ حَضَرَاتِ
وجود ، ایجاد و خلق اور کائنات شاہد بنایا تو نے انہیں ساتھ اس امر کے اپنی بارگاہ ہائے
قُدْسِكَ بِلَطَائِفِ مَعَانِي سِرِّكَ الْبَاطِنِ فِي مَظَاهِرِ الْمَظَاهِرِ
مقدسہ میں اپنے مخفی راز کے لطیف معانی کے ساتھ مظاہر کے ظواہر میں ساتھ
بِأَنْوَاعِ تَجَلِّيَاتِ قُدْسِ وَحْدَتِكَ وَمَحَبَّتِكَ فِي حَضْرَةِ
مختلف قسم کی تجلیات کے اپنی مقدس وحدت اور محبت سے اپنی بارگاہ
وَحْدَتِكَ اَللّٰهُمَّ أَنْتَ الرَّحْمٰنُ وَأَنَا الْعَاصِي فَمَنْ يَدْعُو
وحدت میں ۔ اے اللہ تو رحمٰن ہے اور میں گناہگار ہوں تو کسے پکارے
الْعَاصِي إِلَّا الرَّحْمٰنَ يَا رَبِّ اَللّٰهُمَّ أَنْتَ الْبَصِيرُ وَأَنَا الْأَعْمٰى
عاصی سوائے رحمٰن کے اے رب ۔ اے اللہ تو دیکھنے والا ہے اور میں اندھا ہوں

فَمَنْ يَّدْعُ الْاَعْمٰى اِلَّا الْبَصِيْرَ يَا رَبِّ اَللّٰهُمَّ اَنْتَ الْحَافِظُ
توکسے پکارے اندھا سوائے بصیر کے اے رب۔ اے اللہ تو حافظ و نگہبان ہے
وَاَنَا الْمَحْفُوْظُ فَمَنْ يَّدْعُ الْمَحْفُوْظُ اِلَّا الْحَافِظَ يَا رَبِّ
اور میں محتاج حفاظت ہوں توکسے پکارے محتاج حفاظت سوائے محافظ کے اے رب
اَللّٰهُمَّ اَنْتَ الْفَتَّاحُ وَاَنَا الْمَفْتُوْحُ فَمَنْ يَّدْعُ الْمَفْتُوْحُ
اے اللہ تو فتح دینے والا ہے اور میں فتح کا طالب ہوں توکسے پکارے طلب گار فتح
اِلَّا الْفَتَّاحَ يَا رَبِّ وَبِحُرْمَةِ الْاَدْعِيَاتِ اِفْتَحْ لَنَا بَابَ
سوائے فتح بخشنے والے کے۔ اے رب تعالیٰ ان دعاؤں کے طفیل ہمارے لیے کھول دے اپنی
الْعِنَايَاتِ وَالْكَرَامَاتِ وَوَفِّقْنَا لِلطَّاعَاتِ
عنایات اور کرمنوازیوں کا دروازہ۔ اور ہمیں توفیق دے طاعات
وَالْعِبَادَاتِ وَاحْفَظْنَا مِنَ
و عبادات کی اور محفوظ رکھ ہمیں
الْاٰفَاتِ وَالْبَلِيَّاتِ اِلٰهِيْ اَنْتَ
آفات و بلیات سے۔ اے میرے اللہ تو ہی
الْوَاحِدُ فِيْ ذَاتِكَ وَصِفَاتِكَ
یگانہ ہے اپنی ذات وصفات میں
بِالْاُلُوْهِيَّتِكَ يَا وَاحِدُ يَا اَحَدُ ۝
ساتھ اپنی الوہیت کے۔ اے واحد۔ اے احد
قُلْ هُوَ اللّٰهُ اَحَدٌ ۝ اَللّٰهُ الصَّمَدُ ۝ لَمْ يَلِدْ ۙ وَلَمْ
فرما دیجئے وہ اللہ یگانہ ہے۔ اللہ بے نیاز ہے۔ نہ اس نے جنا۔ نہ وہ
يُوْلَدْ ۝ وَلَمْ يَكُنْ لَّهٗ كُفُوًا اَحَدٌ ۝ ع
جنا گیا۔ اور نہیں اس کا کوئی مشابہ و مماثل۔

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

إِنَّ اللّٰهَ وَمَلٰئِكَتَهُ يُصَلُّوْنَ عَلَى النَّبِيِّ يٰاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا صَلُّوْا عَلَيْهِ وَسَلِّمُوْا تَسْلِيْمًا

اللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّبَارِكْ وَسَلِّمْ

الحمد للہ الکریم والمنۃ

کہ درین زمان سعادت اقتران بفضل

ایزد منان تحفہ عجائب و ہدیہ غرائب الی اللہ

مقبول بارگاہ شاہ کونین حضرت محمد رسول اللہ

مسمّٰی بہ

مجموعۃ صلوات الرسول

الجزء الثانی والعشرون ۲۲

فی معجزاتہ و خوارقاتہ صلی اللہ علیہ وسلم

از تصنیف خادم مخلوق الملک السبحان خلیفہ حضرت شاہ جیلانی

حضرت خواجہ خواجگان خواجہ محمد عبد الرحمٰن صاحب

ساکن چھوہر شریف ضلع ہری پور

صوبہ سرحد پاکستان

بسم الله الرحمن الرحيم

إِنَّ اللّٰهَ وَمَلَائِكَتَهُ يُصَلُّونَ عَلَى النَّبِيِّ يَا أَيُّهَا الَّذِينَ آمَنُوا صَلُّوا عَلَيْهِ وَسَلِّمُوا تَسْلِيمًا

اللّٰهُمَّ صَلِّ عَلَى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَعَلَى آلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَبَارِكْ وَسَلِّمْ

الحمد لله

کہ دریں زمان بعنایت اقران فضل

ایزد منان تحفہ عجائب وہدیہ غرائب الی اللہ

مقبول بارگاہ شاہ کونین حضرت محمد رسول اللہ

مسمّٰی بہ

مجموعہ صلوات الرسول

الجزء الثاني والعشرون ٢٢

فی معجزاته وخوارقه ﷺ

از تصنیف خادم مخلوق الله السبحان خلیفہ حضرت شاہ جیلانی

حضرت خواجہ خواجگان خواجہ محمد عبدالرحمن صاحب

ساکن چھوہر شریف ضلع هری پور

صوبۂ سرحد پاکستان

فَمَنْ يَّدْعُ الْاَعْمٰى اِلَّا الْبَصِيْرَ يَا رَبُّ اَللّٰهُمَّ اَنْتَ الْحَافِظُ

تو کسے پکارے اندھا سوائے بصیر کے اے رب ۔ اے اللہ تو حافظ و نگہبان ہے

وَاَنَا الْمَحْفُوْظُ فَمَنْ يَّدْعُ الْمَحْفُوْظُ اِلَّا الْحَافِظَ يَا رَبُّ

اور میں محتاج حفاظت ہوں تو کسے پکارے محتاج حفاظت سوائے محافظ کے اے رب

اَللّٰهُمَّ اَنْتَ الْفَتَّاحُ وَاَنَا الْمَفْتُوْحُ فَمَنْ يَّدْعُ الْمَفْتُوْحُ

اے اللہ تو فتح دینے والا ہے اور میں فتح کا طالب ہوں تو کسے پکارے طلب گار فتح

اِلَّا الْفَتَّاحَ يَا رَبُّ وَبِحُرْمَةِ الْاَدْعِيَاتِ اِفْتَحْ لَنَا بَابَ

سوائے فتح بخشنے والے کے ۔ اے رب تعالیٰ ان دعاؤں کے طفیل ہمارے لیے کھول دے اپنی

الْعِنَايَاتِ وَالْكَرَامَاتِ وَوَفِّقْنَا لِلطَّاعَاتِ

عنایات اور کرمنوازیوں کا دروازہ ۔ اور ہمیں توفیق دے طاعات

وَالْعِبَادَاتِ وَاحْفَظْنَا مِنَ

و عبادات کی اور محفوظ رکھ ہمیں

الْاٰفَاتِ وَالْبَلِيَّاتِ اِلٰهِىْ اَنْتَ

آفات و بلیات سے ۔ اے میرے الٰہ تو ہی

الْوَاحِدُ فِىْ ذَاتِكَ وَصِفَاتِكَ

یگانہ ہے اپنی ذات وصفات میں

بِالْاُلُوْهِيَّتِكَ يَا وَاحِدُ يَا اَحَدُ ط

ساتھ اپنی الوہیت کے ۔ اے واحد ۔ اے احد

قُلْ هُوَ اللّٰهُ اَحَدٌ ○ اَللّٰهُ الصَّمَدُ ○ لَمْ يَلِدْ وَلَمْ

فرما دیجئے وہ اللہ یگانہ ہے ۔ اللہ بے نیاز ہے ۔ نہ اس نے جنا ۔ نہ وہ

يُوْلَدْ ○ وَلَمْ يَكُنْ لَّهٗ كُفُوًا اَحَدٌ ○

جنا گیا ۔ اور نہیں اس کا کوئی مشابہ و مماثل ۔

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ○

شروع کرتا ہوں اللہ کے نام سے جو بڑا مہربان اور نہایت رحم والا ہے

اَللّٰھُمَّ اِنِّیْٓ اَسْئَلُکَ بِقُدْرَۃِ بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ط وَبِبَرَکَۃِ

اے اللہ میں تجھ سے سوال کرتا ہوں بطفیل بسم اللہ الرحمٰن الرحیم کی قدرت کے اور بطفیل

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ط وَبِھَیْبَۃِ بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ط وَبِکَرَامَۃِ

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم کی برکت کے اور بطفیل بسم اللہ الرحمٰن الرحیم کی ہیبت کے اور بطفیل

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ط وَبِسِیَاسَۃِ بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ط

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم کی کرامت کے اور بطفیل بسم اللہ الرحمٰن الرحیم کی نگہبانی و نگرانی کے۔

اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ رَبِّ الْعٰلَمِیْنَ ○ لا اَلرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ○ لا مٰلِکِ یَوْمِ الدِّیْنِ ○

تمام ثنائیں اللہ کے لیے ہیں جو تمام جہانوں کا پالنے والا ہے بہت رحمت والا مہربان۔ روز جزاء کا مالک ہے۔

اِیَّاکَ نَعْبُدُ وَاِیَّاکَ نَسْتَعِیْنُ ○ ط اِھْدِنَا الصِّرَاطَ الْمُسْتَقِیْمَ ○ لا صِرَاطَ

ان صفات مختصہ والے تیری ہی عبادت کرتے ہیں اور تجھی سے توفیق طلب کرتے ہیں ہمیں راہ راست پر چلا راہ

الَّذِیْنَ اَنْعَمْتَ عَلَیْھِمْ لا غَیْرِ الْمَغْضُوْبِ عَلَیْھِمْ وَلَا الضَّآلِّیْنَ ○ اَللّٰھُمَّ

ان کی جن پر تو نے انعام فرمایا نہ ان کی جن پر غضب کیا گیا اور نہ گمراہوں کی۔ اے اللہ

صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓی اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدِ نِ الَّذِیْ خَتَمَ اللّٰہُ

رحمت کاملہ نازل فرما سیدنا محمد پر اور آپ کی آل پر جن کے دل انور پر اللہ تعالیٰ نے مہر لگائی

قَلْبَہٗ بِخَاتَمٍ مِّنْ نُّوْرٍ اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدِ نِ الَّذِی اسْتَشْفٰی

نورانی مہر کے ساتھ۔ اے اللہ رحمت کاملہ نازل فرما سیدنا محمد پر کہ شفا پائی

مِنْ فَضْلِ وَضُوْٓئِہٖ مَا یَزِیْدُ مِنَ الْفَیْنِ وَنَبَتَ تَحْتَ جَبِیْنِہٖ

آپ کے وضو کے بچے ہوئے پانی سے دو ہزار سے زائد حضرات نے اور اگا سبزہ ان کی جبین اقدس کے نیچے

الْکَلَآءُ وَلَانَ تَحْتَ قَدَمِہِ الْحَجَرُ الْجُلْمُوْدُ وَلَمَسَ بِکَفِّہٖ ضَرْعَ

اور موم ہو گیا آپ کے قدم اقدس کے نیچے سخت پتھر اور آپ نے چھوا اپنی ہتھیلی سے

شَاةِ أُمِّ مَعْبَدٍ فَعَادَ ضَرْعُهَا أَحْفَلَ مَا يَكُوْنُ وَأَجْوَدَ اَللّٰهُمَّ صَلِّ

اُمّ معبد کی بکری کے تھنوں کو تو ہو گئے بھرپور دودھ کے ساتھ اور بہت عمدہ تمام اوقات سے۔ اے اللہ رحمت کاملہ نازل

عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدِنِ الَّذِيْ رَوَّى أَلْفًا وَّنِصْفَ أَلْفٍ مِّنْ سَمَلٍ وَّرَوَّى

فرما سیدنا محمد پر جنہوں نے سیراب فرمایا پندرہ سو صحابی کو بچے کھچے قلیل پانی سے اور سیراب فرمایا

الرَّكْبَ بَعْدَ النَّهَلِ بِالْعَلَلِ وَخَاطَبَهُ الْبَعِيْرُ وَكَلَّمَهُ الذِّئْبُ وَطَرَازُ

سواروں کی جماعت کو پہلی بار پینے کے بعد دوسری بار پلا کر اور کلام کیا آپ کے ساتھ اونٹ نے اور گفتگو کی آپ سے بھیڑیئے نے اور

عَرْشِ الرَّحْمٰنِ بِلَا امْتِرَاءٍ وَتَحَرَّكَ بِهٖ جَبَلُ حِرَآءَ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى

عرش رحمٰن کے نقش و نگار نے بلاشک و شبہ اور جھومنے لگا آپ (کی تشریف آوری) کی وجہ سے کوہ حراء۔ اے اللہ رحمت کاملہ نازل فرما

سَيِّدِنَا مُحَمَّدِنِ الَّذِيْ لَمَّا شَرِبَ ابْنُ سِنَانٍ دَمَهٗ يَوْمَ أُحُدٍ لَّمْ تَعُدْ

سیدنا محمد پر کہ جب پیا مالک بن سنان خدری نے آپ کے زخم سے بہنے والے خون کو احد کے دن تو کبھی نہ لوٹی

عَلَيْهِ ضَرَارَتُهٗ بَعْدَ ذٰلِكَ وَكَلَّمَتْهُ الْحُمّٰى وَرَاٰهَا وَأَجَابَتْهُ لِمَآ

ان پر ان کی مضرت بیماری بعد ازاں اور کلام کیا آپ سے تپ نے اور آپ نے اس کو دیکھا اور اس نے قبول کیا جو

أَمَرَهَا بِهٖ وَنَهَاهَا وَأَخْبَرَتْهُ فَرَسُ النُّعْمَانِ الْبَلْقٰى أَنَّ مَنْ اٰمَنَ

آپ نے حکم فرمایا اور منع کیا اور عرض کی آپ کو نعمان کی چتلی گھوڑی نے کہ جو شخص بھی آپ پر ایمان

بِهٖ لَا يَضِلُّ وَلَا يَشْقٰى وَدَلَّ الذِّئْبُ عَلَيْهِ الرَّاعِيَ وَحَرَّكَهٗ لِلْقُدُوْمِ

لائے گا نہ گمراہ ہوگا اور نہ بدبخت رہے گا اور آپ کی طرف رہنمائی کی بھیڑیئے نے چرواہے کو اور آپ کی خدمت میں حاضر

عَلَيْهِ مِنْ مَّكَّةَ وَبَعَثَ اللّٰهُ إِلَيْهِ الْأَسَدَ بِالسَّلَامِ مَعَ سَفِيْنَةَ الْهُمَامِ

ہونے پر آمادہ کیا مکہ سے اور بھیجا اللہ تعالیٰ نے آپ کی طرف شیر کو ساتھ سلامتی کے بلند ہمت سفینہ رضی اللہ عنہ کے ساتھ

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدِنِ الَّذِيْ أَظْهَرَ

اے اللہ رحمت کاملہ نازل فرما سیدنا محمد پر اور آپ کی آل پر جس محبوب کے ذریعے ظاہر فرمائے

اللّٰهُ بِهٖ مِنَ الْمُعْجِزَاتِ وَالْكَرَامَاتِ وَالْخَوَارِقِ الْعَادَاتِ وَصَلِّ

اللہ تعالیٰ نے معجزات و کرامات اور خلاف معمول افعال و اعمال اور رحمت نازل فرما

عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدِنِ الَّذِيْ كَلَّمَتْهُ نَاقَتُهُ الْعَضْبَآءُ وَنُصِرَ بِرِيْحِ

سیدنا محمد پر جن سے کلام کیا ان کی اونٹنی عضباء نے اور جنہیں مدد دی گئی باد صبا کے

الصَّبَا وَصَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدِنِ الَّذِيْ كَلَّمَهُ الْحَجَرُ الْأَسْوَدُ وَأَقَرَّ

ساتھ۔ اور رحمت کاملہ نازل فرما سیدنا محمد پر جن سے حجر اسود نے کلام کیا اور آپ کی

بِرِسَالَتِهٖ وَوَحَّدَ وَصَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدِنِ الَّذِيْ كَلَّمَهُ جَبَلُ ثَبِيْرٍ

رسالت کا اقرار کیا اور توحید کا۔ اور رحمت کاملہ نازل فرما سیدنا محمد پر جن سے کلام کیا کوہ ثبیر اور

وَّحِرَآءُ وَصَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدِنِ الَّذِيْ رُمِيَتِ الْكُلْثُوْمُ فِيْ نَحْرِهَا

کوہ حراء نے اور رحمت کاملہ نازل فرما سیدنا محمد پر کہ چوٹ لگی کلثوم کو سینہ میں اور

وَبَصَقَ عَلَيْهَا فَبَرَاَتْ وَصَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدِنِ الَّذِيْ كَلَّمَتْهُ الشَّاةُ

آپ نے اس پر لعاب دہن ڈالا تو وہ تندرست ہو گئی اور صلوٰۃ نازل فرما سیدنا محمد پر جن سے کلام کیا

الْمَسْمُوْمَةُ وَسَمَّى اللّٰهُ أُمَّتَهٗ أُمَّةً مَّرْحُوْمَةً وَصَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا

زہر آلود بکری نے اور اللہ نے نام دیا آپ کی اُمت کو اُمت مرحومہ کا۔ اور رحمت کاملہ نازل فرما سیدنا

مُحَمَّدِنِ الَّذِيْ كَانَتِ الْوُحُوْشُ تَبْدَأُ نَاقَتَهٗ بِالْكَلَامِ وَتُخْبِرُهَا أَنَّهَا

محمد پر کہ جنگل جانور ابتداء کرتے تھے ان کی اونٹنی کے ساتھ کلام میں اور اسے خبر دیتے تھے کہ وہ

لَهٗ وَظَلَّلَتْهُ الْغَمَامُ يَوْمَ فَتْحِ مَكَّةَ تَلْتَمِسُ مِنْهُ الْأَمَانَ وَالْبَرَكَةَ وَ

آپ کی سواری بنے گی اور سایہ کیا آپ پر بادلوں نے فتح مکہ کے دن در آنحالیکہ طلب کرتے تھے آپ سے امان و برکت اور

كَانَ يُعْطِيْ عَطَآءَ مَنْ لَّا يَخْشٰى فَاقَةً وَصَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدِنِ

آپ عطیات دیتے تھے مانند ایسے شخص کے جسے فاقہ سے اندیشہ نہ ہو اور رحمت نازل فرما سیدنا محمد پر

الَّذِيْ رَجَفَ الْمِنْبَرُ تَحْتَ أَقْدَامِهٖ شَوْقًا لِكَلَامِهٖ وَإِعْلَامِهٖ وَبَثَّ

کہ جھومنے لگا منبر شریف آپ کے قدموں کے نیچے آپ کے کلام اور تعلیم کی شوق میں اور اظہار کیا آپ کے سامنے

لَهُ الْبَعِيْرُ أَشْوَاقَهٗ وَصَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدِنِ الَّذِيْ شَكٰى إِلَيْهِ الْبَعِيْرُ

اونٹ نے اپنے شوق و ذوق کا اور رحمت کاملہ نازل فرما سیدنا محمد پر جن کی بارگاہ میں اونٹ نے شکایت کی

وَاعْتَرَفَ بِكَثْرَةِ الْعَمَلِ وَقِلَّةِ الْعَلَفِ وَاسْتَأْذَنَتْهُ الشَّجَرَةُ اَنْ

اور اقرار کیا عمل کی کثرت اور چارہ کی قلت کا اور اذن طلب کیا ان سے درخت نے ان کی طرف

تَمِيْلَ نَحْوَهٗ وَتَنْظُرَهٗ وَشَهِدَ بِتَصْدِيْقِهٖ تَمْرُ الزَّادِ وَسَوِيْقُهٗ وَ

مائل ہونے اور انہیں دیکھنے کا۔ اور گواہی دی ان کی صداقت کی زادراہ والی کھجوروں اور ستوؤں نے اور

صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ الَّذِيْ شَهِدَ لَهٗ بِرِسَالَةِ الْمَلِكِ الْجَبَّارِ مَلَكُ

رحمت نازل فرما سیدنا محمد پر کہ جن کے ملک جبار کا رسول برحق ہونے کی گواہی دی رات کے موکل

اللَّيْلِ وَمَلَكُ النَّهَارِ وَكَلَّمَتْهُ صَخْرَةُ بَيْتِ الْمَقْدِسِ حِيْنَ صَعِدَ

فرشتے نے اور دن کے موکل فرشتہ نے اور کلام کیا ان سے بیت المقدس کے پتھر نے جبکہ آپ نے اس پر

عَلَيْهَا وَجَلَسَ وَصَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ الَّذِيْ نَادَاهُ اللّٰهُ بِاَحَبِّ

قدم رکھا اور تشریف فرما ہوئے اس پر اور رحمت نازل فرما سیدنا محمد پر جنہیں ندا دی اللہ تعالیٰ نے ان کے ہاں محبوب ترین

الْاَسْمَآءِ اِلَيْهِ وَمَا اسْتَقْبَلَهٗ حَجَرٌ وَّلَا مَدَرٌ وَّلَا شَجَرٌ اِلَّا سَلَّمَ عَلَيْهِ

نام کے ساتھ اور نہ سامنے آیا آپ کے کوئی پتھر اور ڈھیلا اور نہ درخت مگر آپ کو سلام پیش کیا

وَلَمَّا شَرَدَ لَهُ الْبَعِيْرُ وَانْتَظَرَهٗ حَبَسَتْهُ بِخِطَامِهِ الشَّجَرَةُ وَلَمَّا

اور جب بھاگ گیا آپ کا اونٹ اور آپ نے اس کا انتظار کیا تو اسے اس کی مہار کے ذریعے روک لیا درخت نے اور

وَضَعَ يَدَهٗ بِطَعَامِ الْجَفْنَةِ وَهُوَ قَلِيْلٌ كَانَ النَّاسُ يَتَعَاقَبُوْنَ

اور جب آپ نے اپنا ہاتھ مبارک رکھا پیالے والے قلیل طعام پر تو صحابہ کی جماعتیں یکے بعد دیگرے اس کو کھاتی رہیں

عَلَيْهِ اِلَى اللَّيْلِ وَصَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ الَّذِيْ لَمَّا اَتَتْهُ الْبَعِيْرُ

رات تک اور رحمت نازل فرما سیدنا محمد پر جن کی خدمت میں اونٹنی حاضر ہوئی

تَشْكُو الظَّمَا وَضُرَّهَا فَاَرْوَاهَا وَاَرْوَتْهُ مِنْ ثَدْيِهَا وَلَمْ تَكُنْ قَبْلَ

پیاس اور اس کے ضرر کی شکایت کرتے ہوئے تو آپ نے اس کو سیراب فرمایا اور اس نے آپ کو اپنے دودھ سے سیراب کیا اور اس سے

ذٰلِكَ لَهَا فِيْهِ قَطْرَةٌ وَاَشْبَعَ مِائَةً مِّنْ اَهْلِ الصُّفَّةِ مِنْ قَدَحٍ

قبل اس کے تھنوں میں دودھ کا ایک قطرہ بھی نہیں تھا اور سیر فرمایا اہل صفہ کے سو افراد کو ایک پیالہ

وَاحِدٍ اَوْ صَحِيْفَةٍ وَاَشْبَعَ اَرْبَعَمِائَةِ رَاكِبٍ اَوْ زَادَ مِنْ اَرْبَعَةِ اَمْدَادٍ

یا صحنک سے اور سیر فرمایا چار سو بلکہ ان سے بھی زائد سواروں کو چار سیر سے

وَاَشْبَعَ ثَمَانَ عِيَلَاتٍ مِّنْ كَتِفِ مَعْزٍ اَوْ شَاةٍ وَاَشْبَعَ جَيْشَهٗ بِصَاعٍ

اور سیر فرمایا آٹھ محتاجوں کو بکری کے شانے سے اور سیر فرمایا اپنے لشکر کو ایک صاع (چار سیر کا پیمانہ)

مِّنْ تَمْرٍ وَصَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ الَّذِيْ اَمَّنَ عَلٰى دُعَآئِهِ الْجِدَارُ

کھجوروں سے۔ اور رحمت نازل فرما سیدنا محمد پر جن کی دعا پر آمین کہی دیوار نے

وَحَآئِطُ الْبَيْتِ وَالدَّارِ وَتَفَلَ عَلٰى شَجَّةِ ابْنِ اُنَيْسَةَ فَكَانَ الْبُرْءُ

اور مکان کی چار دیواری اور حویلی نے اور آپ نے لعاب دہن ڈالا ابن انیسہ کے زخم پر تو ہو گئی تندرستی

اَنِيْسَهٗ وَتَفَلَ عَلٰى يَدِ ابْنِ عَقَالٍ وَاَسْرَعَ فَعَادَتْ اَحْسَنَ مَا كَانَتْ

غمخوار اس کی اور ابن عقال کے ہاتھ پر لعاب دہن ڈالا تو جلد ہی ہو گیا خوب تر

قَبْلَ اَنْ تُقَطَّعَ وَرَقٰى فِيْ بَطْنِ صَبِيٍّ تَغَشّٰى فَذَهَبَ دَآئُهٗ مِنَ الْحَشَا

کٹنے سے پہلے کی حالت سے بھی اور دم فرمایا بچے کے پیٹ پر جسے غشی طاری ہوتی تھی تو دور ہو گئی اس کی بیماری انتڑیوں

وَلَمَسَ سَوْطَ عَامِرٍ بِيَدِهِ الْيُمْنٰى فَكَانَ نُوْرُهٗ وَاضِحَ السَّنَا وَلَمَّا نَضَحَ

سے۔ اور چھوا عامر کی چھڑی کو دائیں ہاتھ سے تو ہو گیا اس کا نور واضح روشن والا۔ اور جب چھڑکا

فِيْ وَجْهِ زَيْنَبَ الْمَآءَ كَانَ يُرٰى وَجْهُهَا كَالْبَدْرِ فِي الظَّلْمَآءِ وَلَمَسَ

حضرت زینب کے چہرے پر پانی تو اس کا چہرہ چودھویں کے چاند کی طرح معلوم ہوتا تاریک رات میں اور چھوا

ضَرْعَ شَاةٍ عَجْفَآءَ فَدَرَّ لَبَنُهَا مِنْ حِيْنِهٖ وَوَفٰى وَصَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا

لاغر و ناتواں بکری کی شیردانی کو تو اسی وقت جاری ہو گیا اس سے دودھ اور بہت زیادہ ہو گیا۔ اور صلوٰۃ نازل فرما سیدنا

مُحَمَّدِ الَّذِيْ لَمَّا مَسَّ الْقِنْوَ بِبَنَانِهٖ اَثْمَرَ مِنْ عَامِهٖ فِيْ غَيْرِ اَوَانِهٖ

محمد پر کہ جنہوں نے چھوا کھجور کے خوشہ کو اپنی انگلیوں کے سروں سے تو وہ اسی سال پھلدار ہو گیا بغیر موسم کے

وَمَسَحَ عَلٰى رَاْسِ قَيْصَرٍ بِبَنَانِهٖ فَعَادَ اَطْوَلَ اَقْرَانِهٖ وَتَفَلَ عَلٰى

اور مسح فرمایا چھوٹے قد والے کے سر کو انگلیوں کے سروں سے تو ہو گیا اپنے ہمعصروں سے دراز تر اور لعاب دہن ڈالا

ذراع ابن حاطب فكان ما به من الحرق كأمس الذاهب و
ابن حاطب کی کلائی پر تو ان کی جلن ہو گئی مانند کل گذشتہ کے اور

صل على سيدنا محمد الذى مسح بيده رأس الاقرع فنبت من
رحمت کاملہ نازل فرما سیدنا محمد پر جنہوں نے مسح فرمایا اپنے ہاتھ مبارک سے گنجے کے سر کو تو اس کے بال اگ آئے

حينه شعره واسرع وحزن يعفور لموته وجزع ومات بعده
اور بہت جلدی اگے اور غمزدہ ہو گیا یعفور (آپ کا گدھا) آپ کے وصال کی وجہ سے اور بے صبر ہو گیا اور آپکے بعد

بثلاثة ايام او اربع وصل على سيدنا محمد الذى مسح بطن
تیسرے یا چوتھے دن مر گیا اور رحمت کاملہ نازل فرما سیدنا محمد پر جنہوں نے ہاتھ پھیرا

عقبة ابن فرقد فعاد ريحه اطيب من المسك واجود ومسح
عقبہ بن فرقد کے پیٹ پر تو اس کی مہک کستوری سے بھی زیادہ پاکیزہ اور عمدہ ہو گئی اور مجنوں بچے کے

راس صبى مجنون فكانه ما به لم يكن وزيد له ساعة فى النهار
سر پر ہاتھ پھیرا تو گویا وہ کبھی مجنون ہوا ہی نہیں تھا اور زیادہ کر دی گئی آپ کے لیے ایک ساعت دن میں۔

وكان الظل يدور معه حيث دار وكان اذا احدث فى مكان ونهض
اور سایہ (درختوں کا) ادھر ہی پھر جاتا تھا جدھر آپ پھرتے تھے اور جب کسی جگہ پر قضائے حاجت فرماتے اور فارغ ہو کر اٹھتے

تبلع ما يخرج منه الارض وتفجر منه الايمان واعطى قلب الاعيان
تو نگل جاتی زمین اسے جو برآمد ہوتا اور آپ سے ایمان وایقان کا چشمہ پھوٹا اور آپ کو قلب ماہیات کا معجزہ عطا کیا گیا۔

وصل على سيدنا محمد الذى ارحم الناس بالناس واستسقى عمر
اور رحمت کاملہ نازل فرما سیدنا محمد پر جو سب لوگوں پر سب سے زیادہ رحم کرنے والے ہیں اور باران رحمت طلب کی حضرت عمر نے

بعده بعمه العباس ودل الاسد بالتحقيق بعض اصحابه على الطريق
آپکے وصال کے بعد آپ کے چچے حضرت عباس کے ساتھ اور شیر نے رہنمائی کی آپ کے بعض صحابہ کو راستہ کی

وقيل فيه للكسرى فى النوم وهو فى غشاوة اخلع ما فى يدك
اور آپ کے متعلق کسریٰ کو خواب میں کہا گیا جبکہ وہ پردہ و حجاب میں تھا۔ چھوڑ دے جو تیرے قبضہ میں ہے

لصاحب الهراوة وخاطبه يعفور مبتديا لم يطأ اباى غير الانبياء
صاحب عصا (نبی اکرم) کے لیے اور کلام کیا آپ سے یعفور گدھے نے پہل کرتے ہوئے کہ میرے آباء پر تو سوار ہوئے مگر انبیاء

ولما قصر دون قامته الجدار ارتفعت عتباته له واستدار
اور جب کوتاہ ہو گئی آپ کے قد رعنا کے مقابل مکان کی دیوار تو بلند ہو گئی اس کی چوکھٹیں اور مڑ گئیں اور

وركب الفرس القطوف جهارا فعاد بعد بحرا لا يجارى وصل على
سواری فرمائی چھوٹے قدموں والے گھوڑے پر آہر ہو گیا وہ اس کے بعد دریا کی روانی والا جس کی برابری نہیں کی جا سکتی تھی۔ اور صلوٰۃ نازل

سيدنا محمد الذى نخس بعير جابر القطوف بعصاه فما
فرما سیدنا محمد پر جنہوں نے چھڑی سے چوکا دیا حضرت جابر کے کم رفتار اونٹ کو تو کوئی اونٹ

دناه بعير بعد ذلك ولا قصاه وقال لفرسه قف لا ركع فلم
اس کے قریب نہ پہنچ سکا اس کے بعد اور نہ اسے پیچھے چھوڑ سکا اور اپنے گھوڑے کو فرمایا رکے رہنا تاکہ میں نماز پڑھ لوں تو اس نے

تحرك حافرا ولم ترفع حتى ركع وشكى اليه البعير المصروع
اپنا سم بھی نہ ہلایا اور نہ اٹھایا حتی کہ آپ نماز سے فارغ ہو گئے اور شکایت کی آپ کی خدمت میں زمین پر گرے ہوئے اونٹ

ما به من البرد والجوع وصل على سيدنا محمد الذى لما
نے سردی اور بھوک کی اور رحمت نازل فرما سیدنا محمد پر کہ جب آپ

ركب حمار سعيد بن عبادة زال عنه قطافه وما اعتاده وكان
سوار ہوئے سعید بن عبادہ کے سست رفتار گدھے پر تو اس کی سستی اور سابقہ عادت جاتی رہی اور آپ

يوجه يعفورا الى اصحابه فيقرع الباب براسه وانيابه واذا
بھیجتے یعفور کو اپنے صحابہ کرام کی طرف تو وہ ان کا دروازہ کھٹکھٹاتا اپنے سر اور دانتوں سے اور جب

راه الداجن فى البيت برك واذا خرج لعب وتحرك واخبرته
دیکھتا آپ کو گھر کا پالتو جانور تو بیٹھ جاتا اور جب آپ تشریف لے جاتے تو کھیلتا اور دوڑتا بھاگتا اور خبر دی آپ کو

الشاة وهو سالك انما اخذت بغير اذن مالك ولما مس
(مذبوحہ مطبوخہ) بکری نے جبکہ آپ جا رہے تھے کہ وہ حاصل کی گئی ہے مالک کی اجازت کے بغیر اور جب ہاتھ پھیرا

جَابِرِ بْنِ سَمُرَةَ عَادَ رِيحُهُ أَجْوَدَ مِنَ الْمِسْكِ وَأَعْطَرَهُ وَصَلِّ عَلَى

جابر بن سمرہ پر تو ان کی مہک کستوری سے بھی عمدہ اور زیادہ خوشبو دار ہو گئی ۔ اور رحمت نازل فرما

سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ الَّذِي تَفَلَ فِي عَيْنِ عَلِيٍّ وَهِيَ رَمِدَةٌ فَكَأَنَّهَا لَمْ تَرْمَدْ

سیدنا محمد پر جنہوں نے لعاب دہن ڈالا حضرت علی کی آنکھ پر جو کہ بیمار تھی تو گویا وہ کبھی بیمار ہوئی ہی نہ تھی

وَسَلَتَ عَنْ جُرْحِ عَائِذٍ بِيَدِهِ وَلَمَسَ فَعَادَتْ لَهُ غُرَّةٌ كَغُرَّةِ

اور خون صاف کیا اپنے دست اقدس سے عائذ کے زخم جبین سے اور چھوا تو ہو گئی ان کی جبین میں سفیدی مانند

الْفَرَسِ وَتَفَلَ فِي أَثَرِ سَهْمٍ أَبِي قَتَادَةَ فَمَا أَحَسَّهُ بَعْدَ ذٰلِكَ وَلَا

گھوڑے کی سفیدی کے اور لعاب دہن ڈالا ابوقتادہ کے زخم پر تو نہ محسوس کیا انہوں نے درد اس کے بعد اور نہ

عَادَ لَهُ وَتَفَلَ فِي عَيْنِ فُدَيْكٍ وَهِيَ بَيْضَاءُ فَعَادَتْ أَحْسَنَ

لوٹا ۔ اور لعاب دہن ڈالا فدیک کی آنکھ پر جو بے نور ہو چکی تھی تو وہ ہو گئی دوسری سے بھی

عَيْنَيْهِ وَأَرْضَى وَتَفَلَ عَلَى سَاقِ ابْنِ الْحَكَمِ يَوْمَ خَنْدَقٍ

خوبصورت اور پسندیدہ تر اور لعاب دہن ڈالا ابن الحکم کی پنڈلی پر خندق کے دن

فَعَادَتْ أَجْوَدَ مَا كَانَتْ وَأَطْلَقَ وَكَانَ إِذَا اعْتَرَضَتْهُ شَجَرَةٌ فِي الْمَضِيقِ

تو وہ پہلے سے عمدہ اور چیکی ہو گئی اور جب تنگ راستہ میں درخت سامنے آتا تو وہ

تَنَحَّتْ لَهُ عَنِ الطَّرِيقِ وَصَلِّ عَلَى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ الَّذِي مَسَحَ عَيْنَ

آپ کی خاطر راہ سے ہٹ جاتا اور رحمت کاملہ نازل فرما سیدنا محمد پر جنہوں نے ہاتھ پھیرا

قَتَادَةَ بْنِ مِلْحَانَ مَرَّاتٍ فَكَانَ يَنْظُرُ فِي وَجْهِهِ كَالْمِرْآةِ وَزَوَّدَ

قتادہ بن ملحان کی آنکھ پر کئی مرتبہ تو ان کے چہرے میں آئینہ کی مانند اشیاء دیکھی جاتی تھیں اور زاد راہ

بَعْضَ أَصْحَابِهِ مَاءً حَسَنًا فَزَادَ لَهُمْ زُبْدًا طَاهِرًا وَلَبَنًا وَلَمَّا

کے طور پر دیا بعض صحابہ کو اچھا پانی تو زیادہ کیا اس نے انہیں پاکیزہ مکھن اور دودھ کے طور پر

أَرَادَ نَحْرَ بُدْنَاتِهِ وَابْتَدَأَ كُنَّ يَزْدَحِمْنَ عَلَيْهِ بِأَيِّهِنَّ يَبْدَأُ

اور جب ارادہ فرمایا اپنے اونٹ قربان کرنے کا اور آغاز کیا تو وہ آپ پر ازدحام کرتے تھے کہ اس کے ساتھ

وَكَانَ الْعُشْبُ يَنْبُتُ بَيْنَ يَدَيْ نَاقَتِهِ الْعَضْبَاءِ وَمَاتَتْ بِمَوْتِهِ

آغاز کیا جائے اور سبز گھاس اگتا تھا آپ کی اونٹنی عضباء کے آگے اور وہ مرگئی آپ کے وصال پر

حُزْنًا عَلَيْهِ وَكَرْبًا وَلَمَّا خَدِرَتْ سَاقُ ابْنِ عُمَرَ صَاحَ يَا مُحَمَّدُ

رنج و کرب کی وجہ سے اور جب سن ہو گئی حضرت عبد اللہ بن عمر کی پنڈلی تو پکارا انہوں نے یا محمدا

فَانْجَبَرَ وَكَانَ يَتْفُلُ فِي أَفْوَاهِ الْمَرَاضِعِ فَيُجْزِيهِمْ ذٰلِكَ إِلَى

تو وہ درست ہو گئی اور آپ لعاب دہن ڈالتے شیر خوار بچوں کے منہ میں تو کفایت کرتا انہیں آپ کا لعاب دہن

الْحُلُولِ فِي الْمَضَاجِعِ وَرَدَّ يَمِينَ مُعَوِّذٍ بَعْدَ الْقَطْعِ وَرَدَّ سَاقَ

خوابگاہوں میں اور آپ نے حضرت معوذ کے کٹے ہوئے ہاتھ کو اپنی جگہ درست کر دیا اور ابن الاکوع

ابْنِ الْأَكْوَعِ بَعْدَ الصَّدْعِ وَمَصَّ لِسَانَهُ الْحَسَنُ وَالْحُسَيْنُ عَلَنًا

کی پنڈلی کو زخمی ہونے کے بعد درست فرما دیا اور چوسا آپ کی زبان مبارک کو حضرت حسن و حسین نے علانیہ

فَلَمْ يَشْتَكِيَا عَطَشًا زَمَنًا وَصَلِّ عَلَى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ الَّذِي لَمَّا شَكَى

تو نہ شکایت کی پیاس کی عرصہ تک ۔ اور رحمت کاملہ نازل فرما سیدنا محمد پر کہ جب شکایت کی ان

إِلَيْهِ أَبُو طَالِبٍ الظَّمَا ضَرَبَ الْأَرْضَ بِعَقِبِهِ فَانْفَجَرَ الْمَاءُ وَ

سے جناب ابو طالب نے پیاس کی تو اپنی ایڑی زمین پر ماری پس پانی پھوٹ نکلا اور

كَانَ إِذَا مَشَى عَلَى الْقَتَادِ عَادَ تَحْتَ قَدَمِهِ كَالْمِهَادِ وَرَأَتْ

جب آپ چلتے کانٹوں پر تو ہو جاتے آپ کے قدموں کے نیچے ریشمی بچھونے کی مانند ۔ اور دیکھ لی

عَائِشَةُ الْإِبْرَةَ فِي ظُلْمَةِ اللَّيْلِ الْبَهِيمِ بِنُورِ وَجْهِهِ الْكَرِيمِ وَنَادَى

حضرت صدیقہ نے سوئی رات کی تاریکی میں آپ کے چہرۂ مکرم کے نور میں اور آواز دی

عَلَى أُمِّ أَيُّوبَ وَهِيَ مَكْسُورَةٌ فَقَامَتْ تَسْعَى إِلَيْهِ وَهِيَ مَجْبُورَةٌ

ام ایوب کو جب کہ اس کے پاؤں ٹوٹے ہوئے تھے تو کھڑی ہوئی دوڑتے ہوئے طرف آپ کے جبکہ تندرست ہو چکی تھی

وَصَلِّ عَلَى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ الَّذِي أَبْرَأَ بِشِقِّ خُبَيْبٍ بِالْمَسْحِ وَأَمَّنَ

اور رحمت کاملہ نازل فرما سیدنا محمد پر جنہوں نے تندرست فرما دیا حضرت خبیب کے پہلو کو ہاتھ پھیر کر اور امان دی

خَائِفَةً يَوْمَ الْفَتْحِ وَرَمٰى وُجُوْهَ قُرَيْشٍ بِالتُّرَابِ فَانْهَزَمُوْا
اپنے سے خوفزدہ لوگوں کو فتح مکہ کے دن اور قریش کے مونہوں پر مٹی پھینکی پس وہ بھاگ گئے
بَعْدَ ضَرْبِ الرِّقَابِ وَرَدَّ اللّٰهُ الرَّمْلَ تَحْتَ اَقْدَامِ اَصْحَابِهٖ
بعض کی گردنیں کٹانے کے بعد اور کر دیا اللہ تعالیٰ نے ریت کو آپ کے صحابہ کے قدموں کے نیچے
صَلْدًا بَعْدَ اَنْ كَانَتِ الْاَرْجُلُ لَا تَثْبُتُ عَلَيْهِ وَلَا تَهْتَدِیْ وَ
سخت پتھر کی مانند بعد اس کے اس پر قدم نہیں ٹھہرتے تھے اور نہ راہ چل سکتے تھے اور
سَكَبَ فَضْلَ وَضُوْئِهٖ فِیْ بِیْرِ قُبَا فَتَفَجَّرَ مَآئُهَا بَعْدَ النَّزْعِ وَ
پلٹا بچا ہوا وضو کا پانی بیر قبا میں تو اُبلنے لگا اس کا پانی اور
رَبَا وَصَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدِنِ الَّذِیْ كَانَ اِذَا وَضَعَ يَدَهٗ فِی الطَّعَامِ
بڑھنے لگا خالی ہو جانے کے بعد۔ اور رحمت کاملہ نازل فرما سیدنا محمد پر جو اپنے ہاتھ مبارک کو کھانے میں رکھتے
وَكَبَّرَ عَادَ اَكْثَرَ مَا كَانَ وَاَوْفَرَ وَحَنَّتْ اِلَيْهِ النُّوْقُ وَاِلَيْهِ الْحُدَاةُ
اور تکبیر کہتے تو وہ پہلے سے زائد اور وافر ہو جاتا اور شوق کا اظہار کیا آپ کی طرف اونٹنیوں نے اور آپ کی طرف حدی
تَسُوْقُ وَسَمِعَ تَسْبِيْحَ مَلٰٓئِكَةِ السَّمَآءِ بِالتَّحْقِيْقِ وَهُوَ بِوَادِ الْعَقِيْقِ
خوان چلاتے تھے اور سنی آپ نے آسمان کے فرشتوں کی تسبیح قطعی طور پر جب کہ وادی عقیق میں تھے
وَيُسْتَسْقٰى بِوَجْهِهِ الْغَمَامُ وَكَانَ يُسْتَشْفٰى بِلَمْسِهٖ مِنَ السَّقَامِ
اور بارش طلب کی جاتی تھی بادلوں سے آپ کے چہرۂ اقدس کے طفیل اور آپکے ہاتھ لگانے سے شفا حاصل کی جاتی تھی بیماریوں
وَالْاٰلَامِ وَكُلُّ دَآبَّةٍ رَكِبَهَا لَمْ تَهْرَمْ وَصَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدِنِ الَّذِیْ
سے اور دردوں سے اور جس سواری پر آپ سوار ہوتے وہ بوڑھی نہ ہوتی اور رحمت نازل فرما سیدنا محمد پر جنہوں نے
غَسَلَ قَدَمَيْهِ بِاَمْلَحِ الْمِيَاهِ فَعَادَ اَعْذَبَ مَا فِی الْاَرْضِ وَاَحْلَاهُ وَ
قدم مبارک دھوئے کھاری پانی سے تو وہ زمین کے شیریں تر پانیوں سے ہو گیا اور
كَانَ اِذَا مَسَحَ بِمِنْدِيْلٍ يَدَيْهِ لَمْ تَعْدُ النَّارُ عَلَيْهِ وَكَانَ الذُّبَابُ لَا يَقَعُ عَلٰى ثِيَابِهٖ
آپ جب اپنا ہاتھ مبارک دستر خوان سے پونچھتے تو آگ اس پر اثر انداز نہیں ہوتی تھی اور مکھی آپکے کپڑوں پر بھی نہیں

وَسَمِعَ وَجْبَةَ الْحَجَرِ حِيْنَ اُلْقِیَ فِی السَّقَرِ وَسَمِعَ عُوَآءَ الْكُفَّارِ وَهُمْ فِی الدَّرْكِ
بیٹھتی تھی اور سنا آپ نے پتھر کے گرنے کی آواز کو جو جہنم میں پھینکا گیا تھا اور سنی کفار کی چیخ و پکار جب کہ وہ جہنم
الْاَسْفَلِ مِنَ النَّارِ وَصَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدِنِ الَّذِیْ سَمِعَ الْيَهُوْدَ تُعَذَّبُ فِیْ
کے نچلے طبقہ میں تھے اور رحمت نازل فرما سیدنا محمد پر جنہوں نے یہود کے عذاب قبور کو سنا
قُبُوْرِهَا قَبْلَ يَوْمِ نُشُوْرِهَا وَسَمِعَ صَاحِبَ الْقَبْرِ يَقُوْلُ عُذِّبْتُ فِی الْغِيْبَةِ
ان کے اٹھنے سے پہلے اور قبر والوں کو کہتے سنا کہ میں غیبت اور پیشاب کی وجہ سے
وَالْبَوْلِ وَسَمِعَ حَرَكَةَ بَابِ الْجِنَانِ حِيْنَ حَرَّكَهُ الرِّضْوَانُ وَسَمِعَ كَلَامَ النَّارِ
عذاب دیا گیا ہوں اور سن لی جنتوں کے دروازے کی آواز جبکہ ہلایا اسے رضوان نے اور سنا آگ کے کلام
وَالْجَنَّةِ تَطْلُبُ كُلٌّ وَّاحِدٍ مِلْاَهَا مِنَ الْاِنْسِ وَالْجِنِّ وَصَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدِنِ
اور جنت کے کلام کو جن میں سے ہر ایک طلب کرتی تھی اپنا ہر کیا جانا جنوں اور انسانوں کے ساتھ اور رحمت نازل فرما سیدنا
الَّذِیْ خَلَقَ اللّٰهُ لَهٗ مَلٰٓئِكَةً يُصَلُّوْنَ عَلَيْهِ وَيُوَقِّرُوْنَهٗ فَاِذَا انْشَقَّتْ مِنْهُ
محمد پر جن پر تو نے صلوٰۃ بھیجنے کے لیے اور توقیر کیلئے ملائکہ پیدا فرمائے کہ جب زمین قبر آپ پر سے الگ ہوگی
الْاَرْضُ يَقِفُوْنَهٗ لِلْحَشْرِ وَيَقْدُمُوْنَهٗ وَجَعَلَ اللّٰهُ سَبْعِيْنَ اَلْفَ مَلَكٍ
تو کھڑا کریں گے آپ کو حشر کے لیے اور آگے چلیں گے اور اللہ تعالیٰ نے ستر ہزار فرشتے مقرر فرمائے
يَحُفُّوْنَ بِقَبْرِهٖ وَغَفَرَ اللّٰهُ لِمَنْ صَلّٰى عَلَيْهِ وَلَوْ مَرَّةً فِیْ عُمْرِهٖ لِقَوْلِهٖ عَزَّ
جو آپ کی قبر انور کا احاطے کئے رہتے ہیں اور اللہ بخشتا ہے اسے جو آپ پر درود بھیجے اگرچہ عمر میں ایک مرتبہ واسطے اس قول
وَجَلَّ اِظْهَارَ الْقَدْرِهٖ فِی الْعِبَادِ اِنَّ الَّذِیْ فَرَضَ عَلَيْكَ الْقُرْاٰنَ لَرَآدُّكَ اِلٰى
باری تعالیٰ کے آپ کی قدر و منزلت بندوں میں ظاہر کرنے کیلئے۔ بیشک جس ذات نے فرض کیا آپ پر قرآن آپ کو لوٹانے والا ہے
مَعَادٍ وَصَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدِنِ الَّذِیْ كَلَّمَهٗ جَبَلُ ثَبِيْرٍ وَّحِرَآءٍ وَلَمَّا رُمِيَتْ
مقام بازگشت کی طرف اور صلوٰۃ نازل فرما سیدنا محمد پر جن سے کلام کیا کوہ ثبیر و حراء نے اور جب چوٹ لگی
اُمُّ كُلْثُوْمٍ فِیْ نَحْرِهَا فَبَصَقَ عَلَيْهَا فَبَرَءَتْ وَكَلَّمَتْهُ الشَّاةُ الْمَسْمُوْمَةُ وَكَانَتْ
کلثوم کو سینہ میں تو آپ نے دم کیا پس وہ فوراً تندرست ہو گئی۔ اور کلام کیا آپ سے زہر آلود بکری نے اور

الوحوش تبدأ ناقته بالكلام تخبرها أنها له عليه الصلوة و
جنگلی جانور آپ کی اونٹنی کے ساتھ کلام میں پہل کرتے جبکہ اسے خبر دیتے تھے کہ وہ آنحضرت علیہ الصلواۃ و
السلام وصل على سيدنا محمد الذي ظللته الغمام يوم فتح مكة
السلام کی سواری ہوگی ۔ اور رحمت کاملہ نازل فرما سیدنا محمد پر جن پر سایہ کیا بادل نے فتح مکہ کے دن ان
تلتمس منه الأمان والبركة ورجف المنبر تحت أقدامه
سے التماس کرتے ہوئے امان و برکت کا اور جھوما منبر شریف آپ کے قدموں کے نیچے
شوقا لكلامه وإعلامه وبث له البعير أشواقه وكان يعطي
آپ کے کلام اور تعلیم کے شوق میں اور ظاہر کیا آپ سے اونٹ نے اپنے شوق و ذوق کو اور آپ عطا فرماتے
عطاء من لا يخشى فاقة وصل على سيدنا محمد الذي
تھے مانند اس شخص کے جو فاقہ سے اندیشہ نہ رکھتا ہو ۔ اور رحمت نازل فرما سیدنا محمد پر جن کی خدمت میں
شكى إليه البعير واعترف بكثرة العمل وقلة العلف و
اونٹ نے شکایت کی اور اعتراف کیا کام کی کثرت اور چارہ کی کمی کا اور اذن
استأذنته الشجرة أن تميل نحوه وتستره وشهد بتصديقه
طلب کیا ان سے درخت نے ان کی طرف مائل ہونے کا اور انہیں چھپانے کا اور گواہی دی آپ کی صداقت کی
تمر الزاد وسويقه وصل على سيدنا محمد الذي كلمته صخرة
زادراہ والی کھجوروں اور ستو نے اور رحمت کاملہ نازل فرما سیدنا محمد پر جن سے کلام کیا
بيت المقدس حين صعد عليها وجلس ولما شرد له البعير
بیت المقدس کے پتھر نے جب آپ اس پر چڑھے اور تشریف فرما ہوئے اور جب آپ کا اونٹ بھاگا
وانتظره حبسته بخطامه الشجرة ولما وضع يده بطعام
اور آپ نے اس کا انتظار کیا تو روکا اسے درخت نے اس کی مہار کے ساتھ اور جب رکھا اپنے ہاتھ مبارک کو پیالہ
الجفنة وهو قليل كان الناس يتعاقبون عليه إلى الليل و
کے قلیل طعام پر تو لوگ یکے بعد دیگرے کھانے کے لیے اس پر بیٹھتے رہے رات تک ۔ اور

صل على سيدنا محمد الذي لما أتته البعير تشكو الظمأ
رحمت نازل فرما سیدنا محمد پر جن کی بارگاہ میں اونٹنی آئی پیاس کی شکایت کرتے ہوئے
وضرها فأرواها وأروته من ثديها ولم تكن قبل ذلك لها
اور اس کے ضرر کی تو آپ نے اسے سیراب فرمایا اور اس نے آپ کو اپنے تھنوں سے جبکہ قبل ازیں ان
فيه قطرة وأشبع مائة من أهل الصفة من قدح واحد
میں قطرہ بھر دودھ نہیں تھا اور سیر فرمایا سو اہل الصفہ کو (دودھ کے) چھوٹے پیالے یا
أو صفحة وأشبع أربعمائة راكب أو زاد من أربعة أمداد
بڑے سے اور سیر فرمایا چار سو سواروں کو بلکہ زیادہ کو چار سیر سے ۔
وأشبع ثمان عيلات من كتف معز أو شاة وأشبع جيشه
اور سیر فرمایا آٹھ فقراء کو بکری کے شانہ سے اور سیر فرمایا اپنے لشکر کو
بصاع من تمر وصل على سيدنا محمد الذي أمن على دعائه
ایک صاع کھجوروں سے ۔ اور رحمت نازل فرما سیدنا محمد پر جن کی دعا پر آمین کہی
الجدار وحائط البيت والدار وتفل على شجة ابن أنيسة
دیوار نے اور مکان کی چاردیواری نے اور حویلی نے اور لعاب دہن ڈالا ابن انیسہ کے زخم
فكان البرء أنيسه وتفل على يد ابن عقال وأسرع فعادت
پر تو تندرستی اس کی مونس و غمخوار بن گئی ۔ اور لعاب دہن ڈالا ابن عقال کے ہاتھ پر اور سرعت سے چل دیے
أحسن ما كانت قبل أن تقطع ورقى بطن صبي تغشى فذهب
تو وہ اس سے بھی بہتر ہو گیا جس طرح کٹنے سے قبل تھا اور دم فرمایا بچے کے پیٹ پر جس کو غشی طاری ہوتی تھی تو دور ہوگئی
دائه من الحشا وصل على سيدنا محمد الذي لمس سوط عامر
اس کی بیماری انتڑیوں سے ۔ اور رحمت نازل فرما سیدنا محمد پر جنہوں نے چھوا عامر کی چھڑی کو
بيده اليمنى فكان نوره واضح السنا ولما مس القنو ببنانه
اپنے دائیں ہاتھ سے تو اس کا نور واضح روشنی والا ہوگیا اور جب کھجور کے خوشہ کو اپنی انگلیوں سے چھوا

أثمر من عامه من غير أوانه ولما نضح في وجه زينب الماء
تو وہ اسی سال پھلدار ہوگیا بغیر موسم کے۔ اور جب پانی کی کلی پھینکی حضرت زینب کے منہ پر
كان يرى وجهها كالبدر في الظلماء ولمس ضرع شاة عجفا
تو نظر آتا تھا ان کا چہرہ چودھویں کے چاند کی مانند تاریکی میں اور ہاتھ پھیرا لاغر بکری کے تھنوں پر تو
فدر لبنها من حينه ووفا وصل على سيدنا محمد الذي
اُتر آیا اس کا دودھ اسی وقت اور بہت زیادہ ہوگیا۔ اور صلوٰۃ نازل فرما سیدنا محمد پر جنہوں نے
تفل على ذراع ابن حاطب فكان ما به من الحرق كأمس
لعاب دہن ڈالا ابن حاطب کی کلائی پر تو اس کی جلن اور سوزش ہوگئی مانند کل گذشتہ کے۔
الذاهب ومسح على رأس قصير ببنانه فعاد أطول أقرانه
اور ہاتھ پھیرا کوتاہ قامت کے سر پر تو وہ ہوگیا دراز قامت اپنے ہمعصروں سے اور ہاتھ
ومسح بيده رأس الأقرع فنبت من حينه شعره وأسرع
پھیرا گنجے کے سر پر تو اُگ گئے اسی وقت بال اس کے اور جلد نمودار ہوگئے۔
ومسح بطن عتبة بن فرقد فعاد ريحه أطيب من المسك
اور ہاتھ پھیرا عتبہ بن فرقد کے پیٹ پر تو ہوگئی اس کی خوشبو کستوری سے بھی پاکیزہ اور
وأجود وصل على سيدنا محمد الذي لان الحجر تحت
عمدہ۔ اور رحمت نازل فرما سیدنا محمد پر جن کی کہنیوں کے نیچے پتھر
مرفقيه وكلمته عضباء وسلمت عليه ومسح رأس صبي
نرم ہوگیا اور کلام کیا آپ سے عضباء اونٹنی نے اور سلام پیش کیا اور ہاتھ پھیرا مجنون بچے کے
مجنون فكأنه ما به لم يكن وزيد له ساعة في النهار وكان
سر پر تو گویا اسے کبھی جنون لاحق ہی نہ ہوا تھا۔ اور زیادہ کی گئی آپ کے لیے ایک ساعت دن میں اور پھرتا
الظل يدور معه حيث دار وكان إذا أحدث في مكان ونهض
تھا سایہ آپ کے ساتھ جدھر بھی آپ پھرتے۔ اور جب کسی مکان میں قضائے حاجت فرماتے اور اُٹھتے تو نگل جاتی

تبلع ما يخرج منه الأرض وتفجر منه الإيمان وأعطى قلب
زمین اسے جو برآمد ہوتا اور چشمہ پھوٹا آپ سے ایمان کا اور عطا کیا گیا آپ کو معجزہ قلب
الأعيان وصل على سيدنا محمد الذي حزن يعفور لموته و
ماہیات کا۔ اور رحمت نازل فرما سیدنا محمد پر کہ غمگین اور بے صبر ہوا یعفور آپ کے وصال کی وجہ سے اور
جزع ومات بعده بثلاثة أيام أو أربع واستسقى عمر بعده
مرگیا آپ کے وصال شریف کے بعد تیسرے یا چوتھے دن اور باران رحمت طلب کی حضرت عمر نے آپ کے بعد
بعمه العباس ودل الأسد بالتحقيق بعض أصحابه على
آپ کے چچا حضرت عباس کے توسل سے اور رہنمائی کی قطعی طور پر شیر نے آپ کے صحابی کی
الطريق ولما بعث بعض أصحابه إلى الروم أصبح يتكلم
راستہ کی اور جب بھیجا آپ نے بعض صحابہ کو اہل روم کی طرف تو وہ ان کی زبان میں کلام
بلسان القوم وصل على سيدنا محمد الذي قيل فيه لكسرى
کرنے لگے۔ اور رحمت نازل فرما سیدنا محمد پر جن کے حق میں کسریٰ سے کہا گیا
في النوم وهو في غشاوة اخلع ما في يدك لصاحب الهراوة
نیند میں جبکہ وہ حجاب و پردہ میں تھا جو کچھ تیرے ہاتھ میں ہے وہ صاحب عصا کے لیے چھوڑ دے
وخاطبه يعفور مبتدئا لم يطأ آبائي غير الأنبياء ولما قصر
اور آپ سے کلام کیا یعفور نامی گدھے نے پہل کرتے ہوئے نہ سوار ہوا میرے آباء پر کوئی سوائے انبیاء کے اور جب کوتاہ
دون قامته الجدار ارتفعت عتباته له واستدار وركب الفرس
ہوگئی آپ کے قد رعنا کے مقابل مکان کی دیوار تو بلند ہوگئی اس کی چوکھٹیں آپ کے لیے اور مڑ گئیں اور سوار ہوئے کوتاہ گام
القطوف جهارا فعاد بعد بحرا لا يجارى وصل على سيدنا محمد
گھوڑے پر تو وہ اس کے بعد دریا کی روانی والا ہوگیا جس کی رفتار میں ہمسری نہیں کی جاسکتی تھی۔ اور رحمت نازل فرما سیدنا محمد پر
الذي نخس بعير جابر القطوف بعصاه فما دناه بعير بعد
جنہوں نے چھڑی سے چوکا دیا جابر کے سست رفتار اونٹ کو تو کوئی اونٹ اس کے قریب نہ ہوا بعد اس کے

ذٰلِكَ وَلَا قَصَاهُ وَقَالَ لِفَرَسِهٖ قِفْ لِأَرْكَعَ فَلَمْ تَتَحَرَّكْ حَافِرًا

اور نہ اس سے بڑھا اور فرمایا اپنے گھوڑے کو تو ٹھہر تا کہ میں نماز پڑھ لوں تو اس نے سم نہ ہلایا

وَلَمْ تَرْفَعْ حَتّٰى رَكَعَ وَلَمَّا رَكِبَ حِمَارَ سَعِيْدِ بْنِ عُبَادَةَ زَالَ

اور نہ اٹھایا تا آنکہ آپ نماز سے فارغ ہو لئے، اور جب سوار ہوئے سعید بن عبادہ کے گدھے پر تو زائل ہو گئی

عَنْهُ قِطَافُهٗ وَمَا اعْتَادَهٗ وَصَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدِنِ الَّذِيْ

اس کی سست رفتاری اور سابقہ عادت ۔ اور رحمت نازل فرما سیّدنا محمد پر جو

كَانَ يُوَجِّهُ يَعْفُوْرًا إِلٰى أَصْحَابِهٖ فَيَقْرَعُ الْبَابَ بِرَأْسِهٖ وَأَنْيَابِهٖ

بھیجتے تھے یعفور کو اپنے صحابہ کی طرف تو کھٹکھٹاتا تھا ان کے دروازے کو اپنے سر اور دانتوں سے

وَإِذَا رَاٰهُ الدَّاجِنُ فِي الْبَيْتِ بَرَكَ وَإِذَا خَرَجَ لَعِبَ وَتَحَرَّكَ

اور جب دیکھتا آپ کو پالتو جانور گھر میں تو بیٹھ جاتا اور جب آپ تشریف لے جاتے تو کھیلتا اور جنبش کرتا

وَأَخْبَرَتْهُ الشَّاةُ وَهُوَ سَالِكٌ أَنَّهَا أُخِذَتْ بِغَيْرِ إِذْنِ مَالِكٍ

اور خبر دی آپ کو بکری نے جب کہ آپ چل رہے تھے کہ اسے حاصل کیا گیا ہے مالک کی اجازت کے بغیر

وَشَكٰى إِلَيْهِ الْبَعِيْرُ الْمَصْرُوْعُ مِمَّا بِهٖ مِنَ الْبَرْدِ وَالْجُوْعِ وَصَلِّ

اور شکایت کی آپ کی بارگاہ میں گرے ہوئے اونٹ نے سردی اور بھوک کی ۔ اور رحمت نازل فرما

عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدِنِ الَّذِيْ لَمَّا مَسَّ خَدَّ جَابِرِ بْنِ سَمُرَةَ عَادَ

سیّدنا محمد پر جنہوں نے ہاتھ پھیرا جابر بن سمرہ کے رخسار پر تو ہو گئی

رِيْحُهٗ أَجْوَدَ مِنَ الْمِسْكِ وَأَعْطَرَهٗ وَتَفَلَ فِيْ عَيْنِ عَلِيٍّ وَ

اس کی مہک کستوری سے بھی پاکیزہ تر اور زیادہ معطر اور لعاب دہن ڈالا حضرت علی کی آنکھوں میں جو

هِيَ رَمِدَةٌ فَكَأَنَّهَا لَمْ تَرْمَدْ إِذًا أَبَدًا وَسَلَّتَ عَنْ جُرْحِ عَائِذٍ

کہ بیمار تھی تو گویا وہ کبھی بیمار ہوئی ہی نہ تھی اور پونچھا عائذ کے زخم سے خون

بِيَدِهٖ وَلَمَسَ فَعَادَتْ لَهٗ غُرَّةٌ كَغُرَّةِ الْفَرَسِ وَتَفَلَ فِيْ أَثَرِ

اپنے ہاتھ مبارک سے اور ہاتھ لگایا تو ہو گیا زخمی چہرہ سفید مانند گھوڑے کی سفیدی کے اور لعاب دہن ڈالا

سَهْمِ أَبِيْ قَتَادَةَ فَمَا أَحَسَّهٗ بَعْدَ ذٰلِكَ وَلَا عَادَ لَهٗ وَتَفَلَ

ابو قتادہ کے تیر والے زخم میں تو انہوں نے کبھی درد محسوس نہ کیا اور نہ لوٹا وہ درد ۔ اور لعاب دہن ڈالا

فِيْ عَيْنِ قُدَيْكٍ وَهِيَ بَيْضَاءُ فَعَادَتْ أَحْسَنَ عَيْنَيْهِ وَأَرْضٰى

قدیک کی آنکھ میں جبکہ وہ سفید ہو چکی تھی تو وہ ہو گئی دوسری سے بھی حسین اور پسندیدہ ۔

وَصَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدِنِ الَّذِيْ لَمَّا شَرِبَ ابْنُ الزُّبَيْرِ بَوْلَهٗ

اور رحمت نازل فرما سیّدنا محمد پر کہ جب پیا ابن الزبیر نے ان کا پیشاب

وَاحْتَفَلَ وَجَدَهٗ أَطْيَبَ مِنَ الْمِسْكِ وَأَحْلٰى مِنَ الْعَسَلِ وَأَعْطٰى

اور سیر ہو گئے تو پایا اسے کستوری سے بھی زیادہ خوشبودار اور شہد سے زیادہ شیریں اور عطا کیا

الْعَصَا لِعُكَاشَةَ الْقَانِعِ فَعَادَتْ فِيْ يَدِهٖ سَيْفًا قَاطِعًا وَمَسَحَ

قناعت پیشہ عکاشہ کو عصا (میدان بدر میں) تو وہ ان کے ہاتھ میں تیز دھار تلوار بن گیا اور ہاتھ پھیرا

رَأْسَ عُمَيْرِ بْنِ سَعْدٍ بِلَا ارْتِيَابٍ فَمَاتَ ابْنُ ثَمَانِيْنَ سَنَةً وَ

عمیر بن سعد کے سر پر بلا ریب تو وہ اسّی سال کی عمر میں فوت ہوئے اور

مَا شَابَ وَصَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدِنِ الَّذِيْ شَرِبَ الضَّرِيْرُ بَوْلَهٗ

ان کے بال سفید نہ ہوئے ۔ اور رحمت نازل فرما سیّدنا محمد پر جن کا پیشاب ایک نابینا نے پیا

وَاغْتَذٰى فَلَمْ يَشْكُ الضُّرَّ بَعْدَهٗ أَبَدًا وَأَنْهَلَ الْمُزْنَ بِدُعَائِهٖ

اور اسے غذا بنایا تو نہ شکایت کی اندھے پن کی اس کے بعد کبھی اور برسایا بادل آپ کی دعا سے

اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ عَدَدَ كُلِّ ثَمِيْنٍ وَّحَدِيْثٍ وَّاَبْرَاجٍ
آل محمد پر مطابق تعداد ہر قیمتی چیز اور نئی چیز کے اور تمام حسینوں کے

اللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا
اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل فرما سیدنا محمد پر اور آپ کی آل

مُحَمَّدٍ عَدَدَ مَا هَبَّتِ الرِّيَاحُ وَدَبَّتِ الْاَشْبَاحُ اللّٰهُمَّ
پر مطابق تعداد ہواؤں کے چلنے کے اور اشخاص و اجسام کے زمین پر چلنے کے ۔ اے اللہ

صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ
صلوٰۃ و سلام نازل فرما سیدنا محمد پر اور آل محمد پر

عَدَدَ مَا تَعَاقَبَ الْغُدُوُّ وَالرَّوَاحُ اللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى
مطابق تعداد یکے بعد دیگرے آنے والی صبحوں اور شاموں کے ۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل فرما

سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ عَدَدَ الصَّامِتِ وَ
سیدنا محمد پر اور آپ کی آل اطہار پر مطابق تعداد ہر خاموش اور

الصَّارِخِ وَالصُّرَاخِ اللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ
ہر چلانے والے کے اور اس کی ہر چیخ کے ۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل فرما سیدنا محمد پر

عَدَدَ الصَّلَاحِ وَالصُّفُوحِ اللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى
مطابق تعداد درستی و بہتری اور درگزر کے ۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل فرما

سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ كَمَا لَا نِهَايَةَ لِكَمَالِكَ
سیدنا محمد پر اور آل محمد پر اتنا قدر جتنا قدر نہیں انتہاء تیرے کمال کی

وَعَدَدِ كَمَالِكَ وَكَمَا لَا نِهَايَةَ لِكَمَالِهٖ وَعَدَدِ كَمَالِهٖ وَلِبَهَائِكَ
اور اعداد کمال کی اور جیسے کہ نہیں انتہاء محبوب کریم کے کمال کی اور اعداد کمال کی اور تیری نورانیت کی اور

وَعَدَدِ بَهَآئِكَ وَلِبَهَآئِهٖ وَعَدَدِ بَهَآئِهٖ وَلِجَمَالِكَ وَعَدَدِ
اور انوار کے اعداد کی اور ان کے نور وبہار کی اور ان کے اعداد کی اور تیرے جمال کی اور اعداد

جَمَالِكَ وَلِجَمَالِهٖ وَعَدَدِ جَمَالِهٖ وَلِجَلَالِكَ وَعَدَدِ جَلَالِكَ
پرتو ہائے جمال کی اور ان کے جمال اور اعداد جمال کی
اور تیرے جلال کی اور اعداد جلال کی

وَلِجَلَالِهٖ وَعَدَدِ جَلَالِهٖ وَلِصِفَاتِكَ وَعَدَدِ صِفَاتِكَ وَلِصِفَاتِهٖ
اور ان کے جلال کی اور عدد جلال کی اور تیری صفات کی
اور عدد صفات کی اور ان کی صفات کی

وَعَدَدِ صِفَاتِهٖ وَلِاَسْمَآئِكَ وَعَدَدِ اَسْمَآئِكَ وَلِاَسْمَآئِهٖ وَعَدَدِ
اور عدد صفات کی اور تیرے اسماء کی اور عدد اسماء کی
اور ان کے اسماء کی اور عدد

اَسْمَآئِهٖ وَلِحُسْنِكَ وَعَدَدِ حُسْنِكَ وَلِحُسْنِهٖ وَعَدَدِ حُسْنِهٖ وَ
اسماء کی اور تیرے حسن کی اور اعداد حسن کی
اور ان کے حسن کی اور اعداد حسن کی اور

لِعُلُوِّكَ وَعَدَدِ عُلُوِّكَ وَلِعُلُوِّهٖ وَعَدَدِ عُلُوِّهٖ وَلِتَعْظِيْمِكَ وَعَدَدِ
تیری برتری کی اور علو وبرتری کے اعداد کی اور ان کی برتری کی
اور علو وبرتری کے اعداد کی اور تیری تعظیم کی اور تیری

تَعْظِيْمِكَ وَلِتَعْظِيْمِهٖ وَعَدَدِ تَعْظِيْمِهٖ وَلِعِزَّتِكَ وَعَدَدِ عِزَّتِكَ وَ
تعظیم کے اعداد کی اور ان کی تعظیم کی اور ان کی تعظیم کے اعداد کی
اور تیری عزت کی اور تیری عزت کے اعداد کی اور

لِعِزَّتِهٖ وَعَدَدِ عِزَّتِهٖ وَلِاِحْسَانِكَ وَعَدَدِ اِحْسَانِكَ وَلِاِحْسَانِهٖ
ان کی عزت اور عددِ عزت کی اور تیرے احسان کی اور تیرے احسان کے اعداد کی
اور ان کے احسان

وَعَدَدِ اِحْسَانِهٖ وَلِرَحْمَتِكَ وَعَدَدِ رَحْمَتِكَ وَلِرَحْمَتِهٖ وَعَدَدِ
اور اعداد احسان کی۔ اور تیری رحمت اور عدد رحمت کی
اور ان کی رحمت اور عدد

رَحْمَتِهٖ وَلِجُوْدِكَ وَعَدَدِ جُوْدِكَ وَلِجُوْدِهٖ وَعَدَدِ جُوْدِهٖ وَلِعَفْوِكَ
رحمت کی اور تیرے جود اور اعداد جود کی
اور ان کے جود اور اعداد جود کی اور تیری عفو ودرگزر کی

وَلِعَفْوِهٖ وَعَدَدِ عَفْوِهٖ وَلِشَفَاعَتِكَ وَلِشَفَاعَتِهٖ وَعَدَدِ شَفَاعَتِهٖ
اور ان کے درگزر اور عدد عفو کی اور تیری شفاعت اور ان کی
شفاعت کی اور عدد شفاعت کی

وَلِعِلْمِكَ وَعَدَدِ مَآ اَحَاطَ بِهٖ عِلْمُكَ وَلِعِلْمِهٖ وَعَدَدِ مَآ اَحَاطَ بِهٖ
اور تیرے علم کی اور ان کے اعداد کی جنہیں تیرا علم محیط ہے اور ان کے علم کی
اور جنہیں ان کا علم محیط ہے اور

عِلْمُهٗ وَلِحِلْمِكَ وَعَدَدِ حِلْمِكَ وَحِلْمِهٖ وَعَدَدِ حِلْمِهٖ وَلِمُحِبِّكَ وَ
تیرے حلم کی اور عدد حلم کی اور عدد حلم کی اور ان کے حلم اور عدد حلم کی
اور تیرے محب کی اور

عَدَدِ مُحِبِّكَ لِرِضَاكَ وَلِمُحِبِّهٖ وَعَدَدِ مُحِبِّهٖ لِرِضَاهُ وَلِرَشَادِكَ وَعَدَدِ
اعداد محبین کے واسطے تیری رضا کے اور ان کے محبوں اور ان کی رضا کے محبوں کے اعداد کی
اور تیری راہ راست اور راہ راست

رَشَادِكَ وَلِرَشَادِهٖ وَعَدَدِ رَشَادِهٖ وَلِاِسْتِمْرَارِ وُجُوْدِكَ
کے اعداد کی اور ان کی راہ راست اور ان کی راہ راست کے اعداد کی
اور تیرے وجود کے استمرار و دوام اور اس کے

وَعَدَدِ اِسْتِمْرَارِ وُجُوْدِكَ وَلِدَيْمُوْمَةِ مُلْكِكَ وَعَدَدِ
اعداد استمرار اور تیرے ملک کے دوام و ابدیت
اور اس کے دوام وابدیت

دَيْمُوْمَةِ مُلْكِكَ وَلِدَوَامِ مُدَّتِكَ وَعَدَدِ دَوَامِ مُدَّتِكَ وَ
کے اعداد کی اور تیرے دوام مدت کی
اور دوام مدت کے اعداد کی اور

لِبَقَآءِ حَيَاتِكَ وَعَدَدِ بَقَآءِ حَيَاتِكَ وَلِذِكْرِكَ وَعَدَدِ ذِكْرِكَ
تیری بقاء حیات اور بقاء حیات کے اعداد کی
اور تیرے ذکر کی اور تیرے ذکر کے اعداد کی

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ حَمْدًا يُّوَافِيْ نِعَمَهٗ وَيُكَافِيْ مَزِيْدَهٗ عَدَدَ مَعْلُوْمَاتِكَ
تمام حمدیں اللہ تعالیٰ کے لیے ہیں ایسی حمدیں جو مطابق ہوں اس کی نعمتوں کے
اور بدلہ ہوں مزید نعمتوں کا تیری معلومات کی تعداد کے مطابق

وَمِدَادَ كَلِمَاتِكَ كُلَّمَا ذَكَرَكَ الذَّاكِرُوْنَ وَغَفَلَ عَنْ ذِكْرِكَ
اور تیرے کلمات کی سیاہی کے مطابق ہر بار کہ ذکر کریں تیرا ذکر کرنے والے
اور غافل ہوں تیرے

الْغَافِلُوْنَ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى
ذکر سے غافل لوگ۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل فرما
سیدنا محمد پر اور

اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ عَدَدَ الْاَمْيَالِ وَالْفَرَاسِخِ وَعَدَدَ كُلِّ حَامِدٍ
آل محمد پر مطابق تعداد میلوں اور فرسخوں کے
اور مطابق تعداد ہر حامد کے

حَمِدَ وَكُلِّ شَاهِدٍ شَهِدَ وَعَدَدَ كُلِّ بَلِيْدٍ وَّشَحِيْدٍ وَّجَدِيْدٍ وَّ
جس نے حمد کی اور ہر معائنہ ومشاہدہ کرنے والے کے جس نے مشاہدہ کیا اور مطابق تعداد ہر کند ذہن اور تیز فہم والے کے ہر جدید اور

لَذِيْذٍ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا
لذیذ کے۔ اے اللہ صلوٰۃ وسلام نازل فرما سیّدنا محمد پر اور آپ کی آل

مُحَمَّدٍ عَدَدَ كُلِّ مَخْلُوْطٍ وَّمُفْرَزٍ وَّحَفِيٍّ وَّمُبْرَزٍ وَّكُلِّ مَا
پر مطابق تعداد ہر مخلوط کے اور الگ کئے ہوئے کے اور شفیق اور شجاع و بہادر کے اور ہر اس شخص کے جو

صَلَّى الْخَمْسَ وَكُلِّ خَالِصٍ وَّمَغْشُوْشٍ وَّعَدَدَ الْاَفْرَادِ وَ
پانچوں نمازیں پڑھے اور ہر خالص اور کھوٹے کے اور مطابق تعداد افراد اور

الْحِصَصِ وَالْحِكَايَاتِ وَالْقِصَصِ وَالْجَوَاهِرِ وَالْاَعْرَاضِ
حصص کے اور حکایات و قصص کے اور جواہر و اعراض کے

وَالْمَطَالِبِ وَالْاَغْرَاضِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ
اور مطالب و اغراض کے۔ اے اللہ صلوٰۃ وسلام نازل فرما سیّدنا محمد پر

وَّعَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ عَدَدَ السَّوَادِقِ وَالْفُسْطَاطِ وَالْاِعْرَابِ
اور آل محمد پر مطابق تعداد سرا پردوں اور خیموں کے اور اعراب

وَالنُّقَاطِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ
اور نقطوں کے۔ اے اللہ صلوٰۃ وسلام نازل فرما سیّدنا محمد پر اور آپ

سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ عَدَدَ النُّقُوْشِ وَالْاَلْفَاظِ وَاللَّوَامِحِ وَ
کی آل پر مطابق تعداد نقوش کے اور الفاظ کے آنکھوں کی جھپک اور

الْاَلْحَاظِ وَالسَّنَابِلِ وَالزُّرُوْعِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى
کنکھیوں سے دیکھنے کے اور خوشوں اور کھیتوں کے۔ اے اللہ صلوٰۃ وسلام نازل فرما

سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ عَدَدَ الْاُصُوْلِ وَ
سیّدنا محمد پر اور آپ کی آل اطہار پر مطابق تعداد تمام اُصول اور

الْفُرُوْعِ وَعَدَدَ كُلِّ صَبِيٍّ وَّبَالِغٍ وَّكُلِّ صِبْغٍ وَّصَابِغٍ
فروع کے اور مطابق تعداد ہر بچے اور بالغ کے اور ہر رنگ کے اور رنگنے والے کے

وَّعَدَدَ الْعِظَامِ وَالْاَظْلَافِ وَعَدَدَ الْاَوْبَارِ وَالْاَصْوَافِ
اور مطابق تعداد ہڈیوں کے اور سموں کے اور اونٹوں کے بالوں اور بھیڑوں کی اون کی تاروں کے

اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا
اے اللہ صلوٰۃ وسلام نازل فرما سیّدنا محمد پر اور آپ کی آل

مُحَمَّدٍ عَدَدَ عَفْوِكَ وَغُفْرَانِكَ وَفَضْلِكَ وَاِحْسَانِكَ
پر مطابق تعداد تیری عفو و مغفرت کے اور فضل و احسان کے

وَعَدَدَ كُلِّ اِثْبَاتٍ وَّمَحْوٍ وَّعَمْدٍ وَّسَهْوٍ وَّعَدَدَ تَجَلِّيَاتِ
اور مطابق تعداد ہر ثبوت و تحقق اور نفی و عدم کے اور قصد کے ساتھ سرزد ہونے اور بھول کر سرزد ہونے اور ان کے

جَمَالِهٖ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ
جمال کی تجلیات کے مطابق۔ اے اللہ صلوٰۃ وسلام نازل فرما سیّدنا محمد پر اور آپ کی

سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ عَدَدَ مَا تَغْرُبُ عَلَيْهِ الشَّمْسُ وَمَا لَا
آل اطہار پر مطابق تعداد ان اشیاء کے جن پر غروب ہوتا ہے سورج اور جن پر

تَغْرُبُ عَلَيْهِ الشَّمْسُ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا
سورج غروب نہیں ہوتا۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل فرما سیدنا

مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ عَدَدَ الدَّقَائِقِ وَالدُّرُجِ
محمد پر اور آل محمد پر مطابق تعداد منٹوں کے اور راستوں کے

اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا
اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل فرما سیّدنا محمد پر اور آل محمد

مُحَمَّدٍ عَدَدَ تَحَلُّلِ الْمَنْسُوْجَاتِ وَالْهَوَاجِسِ وَالنِّيَّاتِ
پر مطابق تعداد ادھڑنے بُنی ہوئی اشیاء کے اور مطابق خیالات و نیات کے

وَمَا يَقَعُ فِي رُؤْيَا الْمَنَامَاتِ وَالْخَيَالِ مِنْ أَوَّلِ الْخَلْقِ
اور جو واقع ہوتا ہے خوابوں اور خیالوں میں ابتداء تخلیق سے
إِلَى آخِرِهِمْ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلَى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَعَلَى
انتہاء تک ۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل فرما سیدنا محمد پر اور
آلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ عَدَدَ مَضْغِ الْأَفْوَاهِ وَرَمْشِ الْأَبْصَارِ
آل محمد پر مطابق تعداد موہنوں کے چبانے اور آنکھوں کی پلکوں کے
عَدَدَ الْأَنْفَاسِ وَالْخَوَاطِرِ وَعَدَدَ تَرَادُفِ الْأَفْكَارِ وَعَدَدَ
اور مطابق تنفسات کے اعداد اور خطرات قلبیہ کے اور مطابق تعداد یکے بعد دیگرے آنے والے فکروں کے اور مطابق
الْأَجْسَامِ وَالْجَوَاهِرِ وَعَدَدَ تَعَاقُبِ الدَّلَائِلِ وَالْأَخْبَارِ
اجسام و جواہر کے اعداد کے اور مطابق تعداد یکے بعد دیگرے آنے والے دلائل اور خبروں کے
وَعَدَدَ الْأَفْوَاهِ وَالصُّدُورِ وَعَدَدَ الْأَصَابِعِ وَالْأَظْفَارِ
اور مطابق تعداد موہنوں اور سینوں کے مطابق تعداد انگلیوں کے اور ناخنوں کے
اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلَى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَعَلَى آلِ سَيِّدِنَا
اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل فرما سیدنا محمد پر اور آپ کی آل
مُحَمَّدٍ عَدَدَ الْحُرُوفِ وَالنُّقُوطِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ
پر مطابق تعداد حروف اور نقطوں کے ۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل
عَلَى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَعَلَى آلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ عَدَدَ تَعَاقُبِ
فرما سیدنا محمد پر اور آل محمد پر مطابق اعداد
الْوَسَاوِسِ وَالْأَوْهَامِ وَالشُّكُوكِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ
وسوسوں اور اوہام و تشکوک کے ۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل
عَلَى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَعَلَى آلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ عَدَدَ الظُّنُونِ وَ
فرما سیدنا محمد پر اور آل محمد پر مطابق تعداد گمانوں اور خیالوں کے

الْخَيَالِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلَى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَعَلَى آلِ سَيِّدِنَا
کے ۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل فرما سیدنا محمد پر اور آل محمد
مُحَمَّدٍ عَدَدَ الْأَشْبَاحِ وَالْأَرْوَاحِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلَى
پر مطابق تعداد اجسام اور ارواح کے ۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل فرما
سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَعَلَى آلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ عَدَدَ الْعُقُولِ وَالْعُلُومِ
سیدنا محمد پر اور آل محمد پر مطابق تعداد عقلوں اور علموں کے
اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلَى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَعَلَى آلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ
اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل فرما سیدنا محمد پر اور آل محمد پر
عَدَدَ الرُّءُوسِ وَالْوُجُوهِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلَى سَيِّدِنَا
مطابق تعداد سروں کے اور چہروں کے ۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل فرما سیدنا
مُحَمَّدٍ وَعَلَى آلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ عَدَدَ الْآذَانِ وَالْعُيُونِ اَللّٰهُمَّ
محمد پر اور آل محمد پر مطابق تعداد کانوں اور آنکھوں کے ۔ اے اللہ
صَلِّ وَسَلِّمْ عَلَى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَعَلَى آلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ عَدَدَ
صلوٰۃ و سلام نازل فرما سیدنا محمد پر اور آل محمد پر مطابق تعداد
الْأُنُوفِ وَالشِّفَاهِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلَى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَعَلَى
ناکوں اور ہونٹوں کے ۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل فرما سیدنا محمد پر اور
آلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ عَدَدَ الْأَيْدِي وَالْأَرْجُلِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ
آل محمد پر مطابق تعداد ہاتھوں اور پاؤں کے ۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل
عَلَى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَعَلَى آلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ عَدَدَ الْقُلُوبِ وَ
فرما سیدنا محمد پر اور آل محمد پر مطابق تعداد دلوں اور
الْأَضْلَاعِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلَى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَعَلَى آلِ سَيِّدِنَا
پسلیوں کے ۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل فرما سیدنا محمد پر اور آل

مُحَمَّدٍ عَدَدَ الْعِظَامِ وَ الْاَظْلَافِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَ سَلِّمْ عَلٰی

محمد پر مطابق تعداد ہڈیوں اور کھروں کے۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل فرما

سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّ عَلٰٓی اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ عَدَدَ الْاَصْوَافِ وَ

سیدنا محمد پر اور آل محمد پر مطابق تعداد اون کی تاروں کے

الْاَرْیَاشِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّ عَلٰٓی

اور پروں کے۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل فرما سیدنا محمد پر اور

اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ عَدَدَ الْعُشُوْرِ وَ الْاَوْبَارِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَ

آل محمد پر مطابق تعداد پرندوں کے شہپروں اور اونٹوں کے بالوں کے۔ اے اللہ صلوٰۃ و

سَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّ عَلٰٓی اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ عَدَدَ

سلام نازل فرما سیدنا محمد پر اور آل محمد پر مطابق تعداد

الْجُسُوْمِ وَ الْاَعْضَآءِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَ سَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا

اجسام اور اعضاء کے۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل فرما سیدنا

مُحَمَّدٍ وَّ عَلٰٓی اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ عَدَدَ الْبُطُوْنِ وَمَا حَوَتْ

محمد پر اور آل محمد پر مطابق تعداد پیٹوں کے اور وہ جن پر محیط ہیں

اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّ عَلٰٓی اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ

اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل فرما سیدنا محمد پر اور آل محمد پر

عَدَدَ الْعُرُوْقِ وَ الْمَسَامِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا

مطابق تعداد رگوں اور مساموں کے۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل فرما سیدنا

مُحَمَّدٍ وَّ عَلٰٓی اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ عَدَدَ الْاَلْسُنِ وَالْاَسْنَانِ

محمد پر اور آل محمد پر مطابق تعداد زبانوں اور دانتوں کے

اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّ عَلٰٓی اٰلِ سَیِّدِنَا

اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل فرما سیدنا محمد پر اور آل محمد

مُحَمَّدٍ عَدَدَ الْاَسْمَاعِ وَ الْاَبْصَارِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَ سَلِّمْ

پر مطابق تعداد کانوں اور آنکھوں کے۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل

عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّ عَلٰٓی اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ عَدَدَ

فرما سیدنا محمد پر اور آل محمد پر مطابق تعداد

الْحَبِّ وَ النَّوَاةِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَ سَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّ

ہر دانہ اور ہر گٹھلی کے۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل فرما سیدنا محمد پر

عَلٰٓی اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ عَدَدَ الْبُذُوْرِ وَ الزُّهُوْرِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ

اور آل محمد پر مطابق تعداد بیجوں اور پھولوں کے۔ اے اللہ صلوٰۃ

وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّ عَلٰٓی اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ عَدَدَ

و سلام نازل فرما سیدنا محمد پر اور آل محمد پر مطابق تعداد

الْفَوَاكِهِ وَ الثِّمَارِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ

میوہ جات اور پھلوں کے۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل فرما سیدنا محمد پر

وَّ عَلٰٓی اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ عَدَدَ الزُّلَفِ وَ الْمَعَادِنِ اَللّٰهُمَّ

اور آل محمد پر مطابق تعداد سیپیوں اور کانوں کے۔ اے اللہ

صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّ عَلٰٓی اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ عَدَدَ

صلوٰۃ و سلام نازل فرما سیدنا محمد پر اور آل محمد پر مطابق تعداد

مَكَايِيْلِ الْمِيَاهِ وَ مَثَاقِيْلِ الْجِبَالِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی

پانیوں کے پیمانوں اور پہاڑوں کی مقداروں کے۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل

سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّ عَلٰٓی اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ عَدَدَ مَا صَلّٰی عَلَيْهِ الْمُصَلُّوْنَ

فرما سیدنا محمد پر اور آل محمد پر مطابق تعداد ان کے جنہوں نے درود بھیجا ان پر

مِنْ اَهْلِ السَّمٰوٰتِ وَ الْاَرَضِيْنَ مِنْ اَوَّلِ الدَّهْرِ اِلٰٓی اٰخِرِهٖ

اہل آسمانوں اور ارضیوں سے ابتدائے زمانہ سے انتہاء تک

اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى اٰلِ سَيِّدِنَا
اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل فرما سیدنا محمد پر اور آپ کی آل اطہار
مُحَمَّدٍ عَدَدَ مَا صَلّٰى عَلَيْهِ الْمُصَلُّوْنَ فِىْ كُلِّ زَمَانٍ وَّاٰوَانٍ
پر مطابق تعداد ان کے جنہوں نے درود بھیجا ان پر زمانہ اور ہر آن میں
وَّوَقْتٍ وَّشَهْرٍ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى
اور ہر وقت اور ہر مہینہ میں۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل فرما سیدنا محمد پر اور
اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ عَدَدَ مَا صَلَّى الْمُصَلُّوْنَ فِىْ كُلِّ شَهْرٍ
آل محمد پر مطابق تعداد ان درودوں کے جو بھیجے صلوٰۃ بھیجنے والوں نے ہر مہینے
وَّجُمُعَةٍ وَّيَوْمٍ وَّلَيْلٍ وَّسَاعَةٍ مُقَرِّبِنَا رَسُوْلُ اِلٰى رَحْمَةِ
اور ہفتے اور ہر روز و شب اور ہر ساعت میں، ہمیں قریب کرنے والے رسول پر طرف
اللّٰهِ تَعَالٰى مِائَةَ اَلْفِ اَلْفِ صَلٰوةٍ وَّسَلَامٍ عَلٰى رَسُوْلِهِ
اللہ تعالیٰ کی رحمت کے کروڑوں درود و سلام ہوں، اللہ کے رسول مصطفےٰ پر
الْمُصْطَفٰى وَحَبِيْبِهِ الْمُجْتَبٰى صَلَّى اللّٰهُ تَعَالٰى عَلَيْهِ وَعَلٰى
اور حبیب مجتبےٰ پر صلوٰۃ و رحمت نازل فرمائے اللہ تعالیٰ ان پر اور ان کی
اٰلِهٖ وَاَهْلِ بَيْتِهٖ وَصَحْبِهٖ وَسَلَّمَ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى
آل پر اور اہل بیت و اصحاب پر اور سلامتی نازل فرمائے۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل فرما
سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ عَدَدَ مَا اَحَاطَ بِهٖ عِلْمُكَ
سیدنا محمد پر اور آل محمد پر مطابق ان اشیاء کے جن کا احاطہ کیا تیرے علم نے
وَجَرٰى بِهٖ قَلَمُكَ وَسَبَقَتْ بِهٖ مَشِيَّتُكَ وَصَلَّتْ عَلَيْهِ
اور جاری ہوا ان کے ساتھ تیرا قلم قدرت اور سابق ہوئی ساتھ ان کے تیری مشیت اور صلوٰۃ بھیجی ان پر
مَلٰٓئِكَتُكَ صَلٰوةً دَآئِمَةً بِدَوَامِكَ بَاقِيَةً بِفَضْلِكَ
تیرے ملائکہ نے ایسی صلوٰۃ جو دائم ہو تیرے دوام کے مطابق۔ باقی ہو تیرے فضل

فی خلقه واخلاقه ٧٧ الجزء السادس والعشرون

وَاِحْسَانِكَ اِلٰٓى اَبَدِ الْاَبَدِ اَبَدًا الَّا نِهَايَةَ لِاَبَدِيَّتِهٖ وَلَافَنَآءَ
و احسان کی بدولت ابدالآباد تک جس کی ابدیت کی انتہا نہیں ہے اور نہیں فنا و انصرام اس
لِدَيْمُوْمِيَّتِهٖ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى
کے دوام کے لیے۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل فرما سیدنا محمد پر اور
اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ عَدَدَ مَا اَحَاطَ بِهٖ عِلْمُكَ وَاَحْصَاهُ كِتَابُكَ
آل محمد پر مطابق تعداد ان کے جنہیں احاطہ کیا تیرے علم نے اور جمع کر رکھا ہے تیری کتاب محفوظ
وَشَهِدَتْ بِهٖ مَلٰٓئِكَتُكَ وَارْضَ عَنْ اَصْحَابِهٖ وَارْحَمْ اُمَّتَهٗ
نے اور گواہی دی ان کی تیرے ملائکہ نے اور راضی ہو ان کے اصحاب سے اور رحم فرما ان کی اُمت پر
اِنَّكَ حَمِيْدٌ مَّجِيْدٌ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدِنِ
بےشک تو لائق ستائش اور بزرگی والا ہے۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل فرما سیدنا محمد
النَّبِيِّ الْاُمِّيِّ وَاَزْوَاجِهٖ اُمَّهَاتِ الْمُؤْمِنِيْنَ وَذُرِّيَّتِهٖ وَاَهْلِ
نبی اُمّی پر اور ان کی ازواج پر جو مومنوں کی مائیں ہیں اور اولاد و ذرّیت اور اہل
بَيْتِهٖ صَلٰوةً وَّسَلَامًا لَّا يُحْصٰى عَدَدُهُمَا وَلَا يُقْطَعُ مَدَدُهُمَا
بیت پر ایسی صلوٰۃ و تسلیم کہ نہ شمار کیے جا سکیں اعداد ان کے۔ اور نہ ختم ہو کبھی تسلسل ان کا
اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ
اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل فرما سیدنا محمد پر اور آل محمد پر
كَمَا صَلَّيْتَ عَلٰى سَيِّدِنَا اِبْرَاهِيْمَ وَبَارِكْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ
جیسے کہ تو نے صلوٰۃ و رحمت نازل فرمائی سیدنا ابراہیم پر اور برکتیں نازل فرما سیدنا محمد پر
وَّعَلٰٓى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ كَمَا بَارَكْتَ عَلٰٓى اٰلِ اِبْرَاهِيْمَ فِى الْعٰلَمِيْنَ
اور آپ کی آل اطہار پر جیسے برکتیں نازل کیں سیدنا ابراہیم پر تمام جہانوں میں
اِنَّكَ حَمِيْدٌ مَّجِيْدٌ ط عَدَدَ خَلْقِكَ وَرِضَآءَ نَفْسِكَ وَزِنَةَ
بےشک تو ہمیشہ کے لیے لائق حمد اور بزرگی والا ہے، مطابق تعداد تیری مخلوق کے اور رضائے ذات کے اور مطابق

عَرْشِكَ وَمِدَادَ كَلِمٰتِكَ وَعَدَدَ مَا ذَكَرَكَ بِهٖ خَلْقُكَ فِيْ

عرش اعظم کی مقدار اور کلمات کی سیاہی کے اور مطابق تعداد ان اذکار کے جو کئے تیری تمام مخلوق نے

مَا مَضٰى وَعَدَدَ مَا هُمْ ذَاكِرُوْنَكَ بِهٖ فِيْ مَا بَقِيَ فِيْ كُلِّ سَنَةٍ

گزرے دور میں اور مطابق ان کے جو ذکر کریں گے بقیہ زمانہ میں ہر سال

وَّشَهْرٍ وَّجُمُعَةٍ وَّيَوْمٍ وَّلَيْلَةٍ وَّسَاعَةٍ مِّنَ السَّاعَاتِ وَشَمٍّ

اور ہر مہینہ اور ہر ہفتہ اور ہر روز وشب میں اور ہر ساعت میں ساعتوں میں سے اور ہر سونگھنے

وَّنَفَسٍ وَّطَرْفَةٍ وَّلَمْحَةٍ مِّنَ الْاَبَدِ اِلَى الْاَبَدِ وَاٰبَادِ الدُّنْيَا وَ

اور سانس لینے اور آنکھ جھپکنے اور نظر کرنے کی مقدار ازل سے ابد تک اور دنیا کے دوام اور

اٰبَادِ الْاٰخِرَةِ وَاَكْثَرَ مِنْ ذٰلِكَ لَا يَنْقَطِعُ اَوَّلُهٗ وَلَا يَنْفَدُ اٰخِرُهٗ

آخرت کے دوام تک اور اس سے بھی اکثر وزائد کہ نہ منقطع ہو اس کی ابتداء اور نہ اختتام پذیر ہو اس کا آخر

اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ

اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل فرما سیدنا محمد پر اور آل محمد پر

عَدَدَ مَا اَحَاطَ بِهٖ عِلْمُكَ وَاَحْصَاهُ كِتَابُكَ وَشَهِدَتْ بِهٖ

مطابق تعداد ان اشیاء کے جن کا احاطہ کیا تیرے علم نے اور جمع کیا انہیں تیری کتاب محفوظ نے اور گواہی دی اس کی

مَلٰٓئِكَتُكَ صَلٰوةً دَآئِمَةً تَدُوْمُ بِدَوَامِ مُلْكِ اللّٰهِ اَللّٰهُمَّ

تیرے ملائکہ نے ایسی صلوٰۃ جو دائم ہو مطابق دوام ملک الٰہی کے۔ اے اللہ

صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ صَلٰوةً

صلوٰۃ و سلام نازل فرما سیدنا محمد پر اور آل محمد پر ایسی صلوٰۃ

دَآئِمَةً عَلَى الْاَبَدِ غَيْرَ مُضْمَحِلَّةٍ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَعَلٰٓى اٰلِهٖ صَلٰوةً

جو دائم ہو ابد تک بغیر ضعف اور کمزوری وسستی کے۔ صلوٰۃ ورحمت نازل فرمائے اللہ تعالیٰ ان پر اور ان کی آل پر

يَتَجَدَّدُ بِهَا حُبُوْرُهٗ وَيُشَرَّفُ بِهَا فِي الْمِيْعَادِ بَعْثُهٗ وَنُشُوْرُهٗ

کہ تازہ ہو ساتھ اس کے حسن وجمال ان کا اور مشرف ٹھہرے اس کی بدولت محشر میں اٹھنا اور موجود ہونا ان کا

فَصَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَعَلٰٓى اٰلِهِ الْاَنْجُمِ الطَّوَالِعِ صَلٰوةً تَجُوْدُ عَلَيْهِمْ

پس صلوٰۃ ورحمت نازل فرمائے اللہ تعالیٰ ان پر اور ان کی چمکتے ستاروں جیسی آل پر ایسی صلوٰۃ کہ برسے ان پر

اَجْوَدَ الْغُيُوْثِ الْهَوَامِعِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَعَلٰٓى اٰلِهٖ فِيْ كُلِّ مَحْفِلٍ

مانند عمدہ ترین برسنے والی بارشوں کے۔ صلوٰۃ ورحمت نازل فرمائے اللہ تعالیٰ ان پر اور ان کی آل پر ہر محفل اور

وَّمَقَامٍ اَفْضَلَ الصَّلٰوةِ وَالسَّلَامِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَعَلٰٓى اٰلِهٖ

ہر مقام میں افضل ترین صلوٰۃ اور سلام۔ صلوٰۃ ورحمت نازل فرمائے اللہ تعالیٰ ان پر اور ان کی آل

عَوْدًا وَّبَدْءًا صَلٰوةً تَكُوْنُ ذَخِيْرَةً وَّوِرْدًا صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ

انتہاء و ابتداء میں ایسی صلوٰۃ جو ہو ذخیرہ اور گھاٹ۔ صلوٰۃ رحمت نازل فرمائے اللہ تعالیٰ ان پر

وَعَلٰٓى اٰلِهٖ صَلٰوةً تَآمَّةً زَاكِيَةً وَّصَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَعَلٰٓى اٰلِهٖ

اور ان کی آل پر کامل و پاکیزہ صلوٰۃ۔ اور صلوٰۃ ورحمت نازل فرمائے اللہ تعالیٰ ان پر اور ان کی آل پر

صَلٰوةً يَتْبَعُهَا رَوْحٌ وَّرَيْحَانٌ وَيَعْقُبُهَا مَغْفِرَةٌ وَّرِضْوَانٌ

ایسی صلوٰۃ کہ جس کے پیچھے ہو راحت اور جنتی نعمتیں اور پیچھے ہو اس کے مغفرت اور رضائے الٰہی

اَللّٰهُمَّ اَنْتَ وَفَّقْتَنِيْ وَعَلٰى بَابِكَ اَوْقَفْتَنِيْ وَجَعَلْتَنِيْ دَاعِيَ

اے اللہ تو نے مجھے توفیق دی اور اپنے در پر کھڑا کیا اور بنایا تو نے مجھے بلانے والا اپنے

عِبَادِكَ اِلَيْكَ وُدًّا اَللّٰهُمَّ بِفَضْلِكَ وَعَلَيْكَ وَحُزْنِيْ اِنْ

بندوں کا تیری طرف از روئے محبت کے۔ اے اللہ ساتھ اپنے فضل کے اور اے حزن و ملال میرے

اَوْصَلْتَهُمْ وَقَطَعْتَنِيْ وَيَا اَسَفِيْ اِنْ مَنَحْتَهُمْ وَحَرَمْتَنِيْ

اگر تو انہیں وصل بخشے اور مجھے الگ کر دے اور اے افسوس میرا اگر تو ان کو نوازے اور مجھے محروم کر دے

وَيَا نَدَمِيْ اِنْ قَبِلْتَهُمْ وَطَرَدْتَّنِيْ اِلٰهِيْ وَعِزَّتِكَ وَ

اور اے ندامت میری اگر انہیں قبول کرے اور مجھے دھتکار دے۔ اے میرے الٰہ قسم ہے تیری عزت و

جَلَالِكَ قَدْ عَلِمْتُ اَنِّيْ لَآ اَصْلُحُ لِخِدْمَتِكَ وَلَآ اَنَا اَهْلٌ

جلال کی میں نے جان لیا کہ میں لائق نہیں تیری خدمت وطاعت کے اور نہ قابل ہوں تیری

لخدماتك ولا انا محسوب من اهل ودادك لكثرة عيوبي
طاعات و عبادات کے اور نہ ہی میں شمار کیا جا سکتا ہوں تیری محبت والوں سے بسبب کثرت عیوب و نقائص کے

الخافية من عبادك لكني رايت من عادة المقصر الذي
جو پوشیدہ ہیں تیرے بندوں سے لیکن میں نے دیکھا کہ کوتاہی و تقصیر والوں کی عادات سے ہے جن کے لیے

لا حجة له والمفرط الذي لا عذر له والعبد الابق عن سيده
کوئی عذر اور بہانہ نہیں ہوتا اور کوتاہی و تفریط والے جن کے لیے کوئی عذر نہیں اور بھاگے ہوئے غلام اپنے مولا سے

اذا اراد المعاودة الى سيده واستدراك امره ويخاف غضبه
جب ارادہ کریں اپنے آقا کی طرف رجوع کا اور تلافی امر کا اور خوف زدہ ہوں آقا کے غضب سے

ويخشى طرده ياتي معه بذي جاه يتوجه له عنده الهي
اور ڈرتے ہوں اس کے دھتکارنے سے وہ لاتے ہیں اپنے ساتھ ایسے عزت وجاہ والے کو جو انہیں حاضر کرے آقا کے

وان اك مطرودا فهب لي لمن قبلته وان اك محروما فتصدق
پاس اے میرے الٰہ اگر میں دھتکارا ہوا ہوں تو مجھے ہبہ فرما اسے جس کو تو نے قبول فرمایا اور اگر میں محروم ہوں تو مجھے صدقہ

بي على من رحمته ولا تجعلني كالقوس الذي دفع السهم
فرما اس پر جو تیری رحمت سے مشرف ہے اور مجھے نہ بنا مانند کمان کے جس نے تیر کو پھینکا

فمر السهم ولم يبرح وكالابرة التي كست غيرها وهي عريانة
پس تیر گزر گیا (منزل مقصود پر پہنچ گیا) اور وہ وہیں رہ گئی۔ اور نہ مانند سوئی کے جس نے دوسروں کو پہنایا اور خود برہنہ رہی

وكالشمع التي اضاءت للناس باحراق نفسها الهي
اور نہ مانند شمع کے جس نے لوگوں کو روشنی مہیا کی اپنے آپ کو جلا کر۔ اے میرے الٰہ

من عادة الكريم اذا دعى الناس الى كرامته بوليمته انه
کریم و سخی کی عادت ہے کہ جب لوگوں کو بلائے اپنے جود و کرم کی طرف دعوت ولیمہ کے ساتھ تو اسے

يستحيي ان يرد طفيليا وسهر مسكينا وانت اكرم الاكرمين
آتی ہے اس سے کہ لوٹائے طفیلی کو اور جھڑک دے مسکین کو اور تو سب جود و کرم والوں سے بزرگ ترین ہے

لا اله الا انت جل ربي ارحم لي يا معين ولمن صبر يا من
نہیں معبود برحق مگر تو جلیل القدر ہے میرا رب رحم فرما میرے لیے اے مددگار اور واسطے اہل صبر کے۔ اے کہ

ينصر بنصره ضعفاء الله الهي ما احلمك على من عصاك
مدد فرماتا ہے اپنی مخصوص نصرت کے ساتھ ضعیفوں اور ناتوانوں کی۔ اے میرے الٰہ تو کتنا حلیم ہے نافرمانبرداروں کے حق میں

وما اقربك ممن دعاك وما اعطفك على من سئلك وما
اور تو کتنا ہی قریب ہے اپنے دعا کرنے والوں سے اور تو کتنا مہربان ہے اپنے سوال کرنے والوں پر اور تو کس قدر

ارافك بمن املك من ذا الذي سئلك فحرمته او الجا
رأفت و مہربانی والا ہے اپنے امیدواروں پر کون ہے جس نے تجھ سے سوال کیا پس تو نے اسے محروم رکھا یا تیری طرف

اليك فاهملته او تقرب منك فابعدته او هرب اليك
سہارا لیا پس تو نے اس کو بے یار و مددگار چھوڑا یا تیرا قرب حاصل کرنے کی کوشش کی پس تو نے اسے دور کیا یا تیری طرف

فترددته فلك الخلق والامر الهي غلقت الملوك ابوابها
بھاگا پس تو نے اس کو راندہ دیا پس تو ہی مالک ہے خلق اور امر کا۔ اے میرے الٰہ بادشاہوں نے اپنے دروازے بند کر لیے

وبابك مفتوح للسائلين الهي غارت النجوم ونامت
اور تیرا دروازہ کھلا ہے سوالیوں کے لیے۔ اے میرے الٰہ ستارے ڈوب چکے اور آنکھیں

العيون وانت الحي القيوم الذي لا تاخذه سنة ولا نوم
سو گئیں اور تو وہ حی و قیوم ہے کہ تجھے نہ اونگھ آتی ہے اور نہ ہی نیند

الهي فرشت الفرش وخلا كل حبيب بحبيبه وانت
الٰہی بچھونے بچھائے جا چکے ہیں اور ہر حبیب اپنے حبیب کے ساتھ خلوت میں ہے اور تو

حبيب المتهجدين وانيس المستوحشين الهي ان
حبیب ہے مجاہدہ و ریاضت والوں کا اور انیس ہے وحشت زدگان کا۔ الٰہی اگر

طردتني عن بابك فالى باب من التجي الهي ان قطعتني
تو نے راندہ دیا مجھے اپنے دروازے سے تو میں کس کے در کا سہارا لوں گا؟ الٰہی اگر تو مجھے اپنے سے الگ کرے

عَنْ جَنَابِكَ فَإِلٰى جَنَابِ مَنْ أَرْتَجِي إِلٰهِي إِنْ عَذَّبْتَنِي فَإِنِّي

تو میں کس کی بارگاہ سے امید رکھوں؟ الٰہی اگر تو مجھے عذاب دے تو یقیناً میں

مُسْتَحِقٌّ لِلْعَذَابِ وَالنِّقَمِ وَإِنْ عَفَوْتَ عَنِّي فَأَنْتَ أَهْلُ الْجُودِ وَ

مستحق ہوں عذاب و انتقام کا اور اگر معاف کرے تو تو جود و کرم

الْكَرَمِ يَا سَيِّدِي لَكَ أَخْلَصَ الْعَارِفُونَ وَبِفَضْلِكَ نَجَى

والا ہے۔ اے میرے آقا تیرے لیے مخلص ہیں اہل عرفان اور تیرے فضل سے ہی نجات پائی

الصَّالِحُونَ وَبِغُفْرَانِكَ أَنَابَ الْمُقَصِّرُونَ يَا جَمِيلَ الْعَفْوِ

صالحین نے اور تیری مغفرت کی طرف ہی رجوع کیا ارباب تقصیر نے۔ اے خوبتر عفو والے

أَذِقْنِي بَرْدَ عَفْوِكَ وَحَلَاوَةَ مَغْفِرَتِكَ وَإِنْ لَمْ أَكُنْ لِذٰلِكَ

مجھے چکھا اپنی عفو و درگزر کی ٹھنڈک اور مغفرت کی مٹھاس، اگرچہ اس کا سزاوار نہیں ہوں

أَهْلًا فَإِنَّكَ أَهْلُ التَّقْوٰى وَأَهْلُ الْمَغْفِرَةِ إِلٰهِي عَمَّ قِدَمُكَ

مگر تو تو تقویٰ کے لائق اور مغفرت کا مالک ہے۔ اے میرے الٰہ محیط ہے تیری شان قدیمی

حَدَثِي فَلَا أَنَا وَأَشْرَقَ سُلْطَانُ نُورِ وَجْهِكَ فَأَضَاءَ

میرے حدوث کو پس میں معدوم و نیست ہوں اور جگمگایا تیری ذات کا نور غالب پس اس نے روشن کر دیا

هَيْكَلَ بَشَرِيَّتِي وَلَا سِوَاكَ فَمَا دَامَ مِنِّي فَبِدَوَامِكَ وَمَا

میرے بشری ڈھانچے کو اور نہیں غیر تیرا موجود و متحقق پس جو باقی ہے مجھ سے تو وہ صرف تیرے دوام سے

فَنِيَ عَنِّي فَبِرُؤْيَتِي إِيَّايَ وَأَنْتَ الدَّائِمُ لَا إِلٰهَ إِلَّا أَنْتَ

ہے اور جو فنا ہوا مجھ سے تو بسبب میرے دیکھنے سے اپنے آپ کو اور تو ہی دائم ہے نہیں معبود برحق مگر تو

إِلٰهِي وَسَيِّدِي وَسَنَدِي أَيَّ بَابٍ أَقْصِدُ غَيْرَ بَابِكَ

اے میرے الٰہ اور میرے آقا اور میرے سہارے میں کس در کا قصد کروں سوائے تیرے در کے

يَا سُلْطَانَ السَّلَاطِينِ إِلٰهِي وَسَيِّدِي وَسَنَدِي أَيَّ

اے بادشاہوں کے بادشاہ۔ اے میرے الٰہ۔ میرے آقا اور میرے سہارے میں کس

جَنَابٍ أَتَوَجَّهُ إِلَيْهِ غَيْرَ جَنَابِكَ يَا أَرْحَمَ الرَّاحِمِينَ ط

بارگاہ کی طرف متوجہ ہو سکتا ہوں سوائے تیری بارگاہ کے اے ارحم الراحمین ہے۔

إِلٰهِي وَسَيِّدِي وَسَنَدِي أَيَّ أَعْتَابٍ أَتَشَرَّفُ بِهَا

اے میرے الٰہ۔ میرے آقا اور میرے سہارے کونسی چوکھٹ کے ساتھ شرف حاصل کروں

غَيْرَ أَعْتَابِكَ يَا سُرُورَ الْعَابِدِينَ ط إِلٰهِي وَسَيِّدِي وَ

سوائے تیری چوکھٹ کے اے عبادت گزاروں کے سرور۔ اے میرے الٰہ۔ میرے آقا اور

سَنَدِي أَنْتَ الْعَلِيُّ الْعَظِيمُ الَّذِي لَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ

میرے سہارے تو ہی بلند شان، دائمی عظمت والا ہے جس کے بغیر کوئی قوت و طاقت

إِلَّا بِكَ يَا غِيَاثَ الْمُسْتَغِيثِينَ إِلٰهِي وَسَيِّدِي وَسَنَدِي

نہیں۔ اے فریادیوں کے فریاد رس۔ اے میرے الٰہ۔ میرے آقا اور میرے سہارے

إِلٰى مَنْ أَقْصِدُ وَأَنْتَ الْمَقْصُودُ يَا رَبَّ الْأَرْبَابِ

میں کس کا قصد کروں جبکہ میرا مقصود صرف تو ہے اے رب الارباب

بِكَ أَسْتَغِيثُ فَأَغِثْنِي وَعَلَيْكَ تَوَكَّلْتُ فَاكْفِنِي

صرف تیری ہی مدد طلب کرتا ہوں پس میری امداد فرما اور میں نے تجھی پر توکل کیا پس مجھے کفایت فرما

يَا كَافِي اكْفِنِي الْمُهِمَّاتِ مِنْ أَمْرِ الدُّنْيَا وَالْآخِرَةِ

اے کفایت کرنے والے میری کفایت فرما تمام مہمات و مشکلات میں امور دنیا سے ہیں یا امور آخرت سے

وَيَا رَحْمٰنَ الدُّنْيَا وَرَحِيمَ الْآخِرَةِ وَيَا رَحِيمَهُمَا

اے دنیا میں مومن و کافر پر رحمت کرنے والے اور آخرت میں مومنین پر خصوصی رحمت والے اور اے دنیا و آخرت میں رحیم

وَأَنَا عَبْدُكَ بِبَابِكَ فَقِيرُكَ بِبَابِكَ سَائِلُكَ بِبَابِكَ

مہربان میں تیرا بندہ تیرے در پر حاضر ہوں۔ تیرا فقیر تیرے در پر ہے، تیرا سوالی تیرے در پر ہے

ذَلِيلُكَ بِبَابِكَ أَسِيرُكَ بِبَابِكَ مِسْكِينُكَ بِبَابِكَ

عبد ذلیل و عاجز در پر حاضر ہے۔ تیرا قیدی تیرے در پر ہے۔ تیرا مسکین تیرے در پر ہے

ضَعِيْفُكَ بِبَابِكَ ضَيْفُكَ بِبَابِكَ اَلظَّالِمُ بِبَابِكَ

تیرا بندۂ ضعیف تیرے در پر ہے۔ تیرا مہمان تیرے در پر ہے۔ بدکار تیرے در پر حاضر ہے

يَا غِيَاثَ الْمُسْتَغِيْثِيْنَ مَهْمُوْمُكَ بِبَابِكَ يَا كَاشِفَ

اے فریادیوں کے فریاد رس۔ تیرا غمزدہ تیرے در پر ہے۔ اے دور کرنے والے

كَرْبِ الْمَكْرُوْبِيْنَ عَاصِيْكَ بِبَابِكَ يَا طَالِبَ الْبَارِّيْنَ

دکھیوں کے دکھ۔ تیرا عاصی تیرے در پر ہے اے نکوکاروں کے طالب

اَلْمُقِرُّ بِبَابِكَ اَلْخَاطِئُ بِبَابِكَ يَا غَافِرَ الْمُذْنِبِيْنَ

اقراری مجرم تیرے در پر ہے۔ خطاکار تیرے در پر ہے اے گناہگاروں کو بخشنے والے

اَلْمُعْتَرِفُ بِبَابِكَ اَلظَّالِمُ بِبَابِكَ اَلْمُسِيْئُ بِبَابِكَ

اعتراف جرم کرنے والا تیرے در پر حاضر ہے۔ ظالم نفس تیرے در ہے۔ خطاکار تیرے در پر حاضر ہے

اَلْبَائِسُ بِبَابِكَ اَلْخَاشِعُ بِبَابِكَ يَا رَبَّ الْعٰلَمِيْنَ ۝

شدتوں اور سختیوں میں گھرا ہوا تیرے در پر ہے۔ خشوع کرنے والا تیرے در پر ہے اے رب العالمین

وَلَا تَدْعُ مَعَ اللّٰهِ اِلٰهًا اٰخَرَ ۘ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ ۟

نہ عبادت کر اللہ تعالیٰ کے ساتھ دوسرے کسی معبود کی۔ نہیں معبود برحق مگر وہی

كُلُّ شَيْءٍ هَالِكٌ اِلَّا وَجْهَهٗ ۘ لَهُ الْحُكْمُ

ہر شئی ہلاک ہونے والی ہے سوائے اس کی ذات کے اسی کیلئے ہے حکم

وَاِلَيْهِ تُرْجَعُوْنَ ۝

اور اسی کی طرف تم لوٹائے جاؤ گے

قُلْ هُوَ اللّٰهُ اَحَدٌ ۝ اَللّٰهُ الصَّمَدُ ۝ لَمْ يَلِدْ ۝ وَلَمْ

فرما دیجئے وہ اللہ یکتا ہے۔ اللہ بے نیاز ہے۔ نہ اس نے کسی کو جنا اور نہ

يُوْلَدْ ۝ وَلَمْ يَكُنْ لَّهٗ كُفُوًا اَحَدٌ ۝

وہ خود جنا گیا اور نہیں ہے اس کے لیے کوئی ہمسر اور مماثل

بسم الله الرحمن الرحیم

إن الله وملائكته يصلون على النبي يا أيها الذين آمنوا صلوا عليه وسلموا تسليما

اللهم صل على سيدنا محمد وعلى آل سيدنا محمد وبارك وسلم

الحمد للہ والمنۃ

کہ دریں زمان سعادت اقتران بفضل

ایزد منان تحفۂ عجائب و ہدیۂ غرائب الی اللہ

مقبول بارگاہ شاہ کونین حضرت محمد رسول اللہ

مسمّٰی بہ

مجموعۂ صلوات الرسول

الجزء السابع والعشرون ٢٧

فی قربہ و قربتہ صلی اللہ علیہ وسلم

از تصنیف خادم مخلوق الملک السبحان خلیفہ حضرت شاہ جیلان

حضرت خواجۂ خواجگان خواجہ محمد عبد الرحمن صاحب

ساکن چھوہر شریف ضلع ہری پور

صوبۂ سرحد پاکستان

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۝

اللہ کے نام سے شروع جو نہایت مہربان رحم والا

اَللّٰهُمَّ اِنِّيْٓ اَسْئَلُكَ بِقُرْبِ بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۝ وَ

اے اللہ میں تجھ سے سوال کرتا ہوں بطفیل بسم اللہ الرحمٰن کے قرب کے اور

بِقَرَابَةِ بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۝ وَبِوُصُلَةِ بِسْمِ اللّٰهِ

بطفیل بسم اللہ الرحمٰن الرحیم کی قرابت کے اور بطفیل بسم اللہ الرحمٰن

الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۝ اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ ۝ لا الرَّحْمٰنِ

الرحیم کے وصل واتصال کے۔ حمد تمام تر اللہ کے لیے ہے جو پرورش کرنے والا ہے تمام جہانوں کی، نہایت رحمت

الرَّحِيْمِ ۝ لا مٰلِكِ يَوْمِ الدِّيْنِ ۝ ط اِيَّاكَ نَعْبُدُ وَاِيَّاكَ نَسْتَعِيْنُ ۝ ط

والا مہربان ہے، روز جزاء کا مالک ہے۔ اے ان صفات کمال والے تیری ہی عبادت کرتے ہیں اور تجھی سے توفیق واستطاعت طلب کرتے ہیں

اِهْدِنَا الصِّرَاطَ الْمُسْتَقِيْمَ ۝ لا صِرَاطَ الَّذِيْنَ اَنْعَمْتَ

چلا ہمیں راہ راست پر راہ ان کی جن پر تو نے انعام

عَلَيْهِمْ ۝ لا غَيْرِ الْمَغْضُوْبِ عَلَيْهِمْ وَلَا الضَّآلِّيْنَ ۝ ع

فرمایا نہ ان کی جن پر غضب کیا گیا اور نہ گمراہوں کی۔

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ ۝ ط قَيُّوْمِ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرَضِيْنَ

تمام تر حمد اللہ رب العالمین کے لیے، جو برپا رکھنے والا ہے آسمانوں اور زمینوں کا

مُدَبِّرِ الْخَلَآئِقِ اَجْمَعِيْنَ مُنَوِّرِ بَصَآئِرِ الْعَارِفِيْنَ بِنُوْرِ

تدبیر اور انتظام فرمانے والا ہے، تمام مخلوقات کا روشن کرنے والا ہے عارفوں کی چشمائے بصیرت کو ساتھ

الْمَعْرِفَةِ وَالْيَقِيْنِ جَاذِبِ اَزِمَّةِ اَسْرَارِ الْمُحَقِّقِيْنَ بِجَذْبِ

معرفت ویقین کے نور کے، کھینچنے والا ہے اہل تحقیق کے اسرار کی لگاموں کو

الْقُرْبِ وَالتَّمْكِيْنِ ۝ فَاتِحِ اَقْفَالِ قُلُوْبِ الْمُوَحِّدِيْنَ

قرب کے اور جگہ مہیا کرنے والے جذب وکشش کے ساتھ، کھولنے والا ہے اہل توحید کے دلوں کے تالے

بمفاتیح حمد الشاکرین ۝ احمدہٗ حمدًا یفوق ویفضل

ساتھ شکر گزاروں کی حمد والی چابیوں کے، میں اس کی ایسی حمد کرتا ہوں جو فائق اور افضل

ویعلوا جلّہٗ وافضلہٗ واکملہٗ حمد الحامدین حمدًا

اور برتر ہو جلیل تر اور افضل اور اکمل حمدِ حامدین سے ایسی حمد کہ

یکون لنا فیہ رضًا وفوزًا وذخرًا وحفظًا وحرزًا عند

ہو ہمارے لیے اس میں رضامندی اور کامیابی اور ذخیرۂ ثواب اور سامان حفظ وامان ہو نزدیک

خالقی وخالق الاقالیم والاقطار والامطار والابصار

میرے خالق کے اور تمام ولایتوں اور جہات و جانبوں اور بارشوں اور آنکھوں

والافلاک والاملاک رب العلمین رب السمٰوٰت والارضین رب

اور آسمانوں اور فرشتوں کے خالق رب العالمین کے نزدیک جو پروردگار ہے آسمانوں اور زمینوں کا، پروردگار ہے

الاولین والاٰخرین رب الملٰئکۃ المقربین اجمعین الرحمٰن الرحیم

اولین و آخرین کا، رب ہے تمام مقرب ملائکہ کا، نہایت رحمت والا، مہربان ہے

الازلی القدیم السمیع العلیم الحلیم الکریم العلیم العظیم

ابتدا سے پاک، قدیم، سننے والا، جاننے والا، بردبار، صاحب جود و کرم، علیم، عظیم،

المقتدر الحلیم الذی دحی الاقالیم واختص موسٰی

صاحب اقتدار بردبار جس نے پھیلایا ولایتوں کو اور مخصوص ٹھہرایا حضرت موسیٰ

الکلیم بالتکلیم واختار محمدًا صلی اللہ علیہ

کلیم کو ساتھ ہمکلامی کے اور چن لیا محمد صلی اللہ علیہ وسلم

وسلم من بین سائر الانبیاء والمرسلین بالقلب

کو تمام انبیاء و مرسلین میں سے ساتھ رحیم دل کے۔

الرحیم واحی العظام وھی رمیمۃ وسمّٰی نفسہٗ

اور زندہ فرمایا ہڈیوں کو جبکہ وہ گلی سڑی ہیں اور اپنا نام رکھا ساتھ

باسمین الرحمٰن والرحیم فھما اسمان رحیمان

دو اسموں رحمان اور رحیم کے۔ پس وہ دونوں نام رحمت والے

کریمان شریفان جلیلان وھما شفاءٌ لکل ذلیلٍ و

کرامت و بزرگی والے اور شریف و جلیل ہیں اور وہ دونوں سراسر شفا ہیں واسطے ہر ذلیل

سقیمٍ ودواءٌ لکل علیلٍ والیمٍ وغناءٌ لکل فقیرٍ

اور بیمار کے اور دوا ہیں واسطے ہر بیمار اور درد مند کے اور سراسر غنا ہیں واسطے ہر فقیر کے

وعدیمٍ مالک یوم الدین ۝ الذی لیس لہٗ فی ملکہٖ

اور مفلس کے۔ مالک ہے روز جزاء کا جس کے لیے اس کے ملک میں

منازعٌ ولا قرینٌ ولا مشارکٌ ولا کفیلٌ ولا وزیرٌ ولا

کوئی جھگڑنے والا اور ساتھی اور حصہ دار نہیں اور نہ ضامن اور نہ ہاتھ بٹانے والا اور نہ

مناظرٌ ولا مدبرٌ مشیرٌ ولا ظھیرٌ ولا معینٌ بل کان قبل

نگران اور نہ مدبر اور صلاح کار اور نہ معاون و مددگار بلکہ وہ موجود تھا

وجود العلمین اجمعین لا الٰہ الا انت یا ذا الجلال و

تمام جہانوں کے موجود ہونے سے پہلے، نہیں کوئی معبود برحق مگر تو اے جلالت اور

الاکرام ۝ سبحٰنہٗ وتعالٰی قیومًا ابد الابدین ودھر

بزرگی کے مالک۔ وہ پاک ہے اور برتر، برپا رکھنے والا ہے (سب مخلوقات کو) ہمیشہ ہمیشہ کیلئے اور ہر زمانہ

الداھرین فھو احاطنی من جمیع الشیٰطین والسلاطین

اور ہر دور میں بغیر انتہاء کے پس اسی نے مجھے اپنی پناہ کے احاطے میں لیا ہے تمام شیاطین اور سلاطین سے

وعوّقنی عن جمیع الاقربین والابعدین وحجبنی

اور مجھے روکا ہے تمام قریب ترین اور بعید ترین سے اور مجھے حجاب و پردہ میں رکھا ہے

عن جمیع الاجناس المختلفین من الجن والانس

تمام مختلف اجناس سے یعنی تمام جنوں اور انسانوں سے۔

اَجْمَعِیْنَ وَوَجِّهْنِیْٓ اِلٰی جِهَاتِ الْمُتَّقِیْنَ ؕ اِیَّاکَ نَعْبُدُ وَاِیَّاکَ

اور مجھے متوجہ کیا ہے اہل تقویٰ کی جانبوں اور سمتوں کی طرف ۔ تیری ہی عبادت کرتے ہیں ہم اور تجھی سے

نَسْتَعِیْنُ ؕ یَا مَوْلٰنَا اِیَّاکَ نَعْبُدُ بِالْاِقْرَارِ وَنَعْتَرِفُ لَکَ بِالتَّقْصِیْرِ

توفیق و استطاعت طلب کرتے ہیں اے ہمارے مولیٰ تیری ہی عبادت کرتے ہیں ساتھ اقرار کے اور اعتراف کرتے ہیں

وَنُؤْمِنُ بِکَ وَنَتَوَکَّلُ عَلَیْکَ وَنَسْتَعِیْنُ بِکَ وَنَسْتَغْفِرُکَ وَنُخْجَلُ مِنْ

تیرے حضور کوتاہیوں کا اور تیرے ساتھ ایمان لاتے ہیں اور تجھ پر توکل کرتے ہیں اور تجھ سے مدد طلب کرتے ہیں اور مغفرت چاہتے ہیں اور ہم شرمندہ ہیں

جَمِیْعِ الذُّنُوْبِ وَنَتُوْبُ وَنَشْهَدُ اَنْ لَّآ اِلٰهَ اِلَّآ اَنْتَ وَحْدَکَ لَا شَرِیْکَ

تمام گناہوں سے اور توبہ کرتے ہیں اور گواہی دیتے ہیں کہ نہیں معبود برحق مگر تو اکیلا ، نہیں شریک تیرا

لَکَ وَلَا ضِدَّ لَکَ وَلَا شِبْهَ لَکَ وَلَا مِثْلَ لَکَ وَلَآ اِلٰهَ غَیْرُکَ

اور نہ مخالف اور نہ مشابہ اور نہ مماثل تیرا ۔ اور نہیں معبود برحق سوائے تیرے

سُبْحٰنَکَ لَآ اِلٰهَ اِلَّآ اَنْتَ الْحَقُّ الْمُبِیْنُ ؕ وَاَشْهَدُ اَنَّ مُحَمَّدًا عَبْدُکَ

تو پاک ہے نہیں معبود برحق مگر تو جو ہمیشہ قائم و ثابت ، آشکار ہے ، اور میں گواہی دیتا ہوں کہ محمد کریم تیرے عبد خاص

وَرَسُوْلُکَ الرَّسُوْلُ الصَّادِقُ الْاَمِیْنُ الْمَبْعُوْثُ اِلٰی کَآفَّةِ الْخَلْقِ

اور رسول ہیں جو صادق و امین رسول ہیں ، بھیجے ہوئے ہیں طرف ساری

اَجْمَعِیْنَ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ وَعَلٰٓی اٰلِهِ الطَّیِّبِیْنَ الطَّاهِرِیْنَ

مخلوقات کے صلوٰۃ و رحمت نازل فرمائے اللہ تعالیٰ ان پر اور ان کی آل پر جو طیب و طاہر ہیں

وَعَلٰٓی اَصْحَابِهِ السَّادَاتِ الْاَکْرَمِیْنَ وَعَلٰی جَمِیْعِ الْاَنْبِیَآءِ وَالْمُرْسَلِیْنَ

اور آپ کے اصحاب پر جو بزرگ سردار ہیں اور تمام انبیاء و مرسلین پر

وَاِیَّاکَ نَسْتَعِیْنُ بِکَ عَلٰی طَاعَتِکَ یَآ اَللّٰهُ وَعَلٰی کُلِّ

اور تجھی سے طلب کرتے ہیں توفیق تیری طاعت کی اے اللہ اور ہر حاجت پر

حَاجَةٍ وَّاَمْرٍ مِّنْ اُمُوْرِ الدِّیْنِ وَالدُّنْیَا اِهْدِنَا الصِّرَاطَ الْمُسْتَقِیْمَ

اور ہر امر کی امور دین سے ہو یا اور دنیا سے ، چلا ہمیں راہ راست پر

هُمْ اَهْلُ الْاِسْتِقَامَةِ وَالتَّقْوِیْمِ صِرَاطَ اَهْلِ الْاِخْلَاصِ وَالتَّسْلِیْمِ

(وہ راہ ہے ان کی) جو استقامت اور درستگی والے ہیں ، راستہ مخلصوں اور تسلیم و رضا والوں کا

صِرَاطَ الرَّاغِبِیْنَ اِلٰی جَنّٰتِ النَّعِیْمِ صِرَاطَ الْمُشْتَاقِیْنَ اِلٰی

راستہ اہل رغبت کا طرف جنات نعیم کے ، راستہ شوق رکھنے والوں کا طرف

وَجْهِکَ الْکَرِیْمِ صِرَاطَ الَّذِیْنَ اَنْعَمْتَ عَلَیْهِمْ مِّنَ النَّبِیّٖنَ وَ

تیری ذات کریم کے ۔ راستہ ان کا جن پر تو نے انعام فرمایا یعنی انبیاء و

الصِّدِّیْقِیْنَ وَالشُّهَدَآءِ وَالصّٰلِحِیْنَ وَحَسُنَ اُولٰٓئِکَ رَفِیْقًا ؕ

صدیقین اور شہداء و صالحین کا اور اچھے ہیں وہ بطور رفیق کے

ذٰلِکَ الْفَضْلُ مِنَ اللّٰهِ وَکَفٰی بِاللّٰهِ عَلِیْمًا ؕ نَسْئَلُکَ یَا رَبِّ اَنْ

وہ اللہ کا فضل ہے اور کافی ہے اللہ بطور علیم ہونے کے ، سوال کرتے ہیں تجھ سے اے رب کریم

تُنْعِمَ عَلَیَّ بِرِضَاکَ وَیَا مَالِکَ رِقَابِ الْعٰلَمِیْنَ اَجْمَعِیْنَ ؕ لَآ اِلٰهَ

کہ انعام فرمائے مجھ پر اپنی رضامندی والا ۔ اور اے مالک تمام جہان والوں کی گردنوں کے ، نہیں معبود برحق

اِلَّآ اَنْتَ سُبْحٰنَکَ اِنِّیْ کُنْتُ مِنَ الظّٰلِمِیْنَ ؕ اَللّٰهُمَّ اِنِّیْٓ اَسْئَلُکَ

مگر تو ، تو پاک ہے ۔ بیشک میں ہوں ظالموں سے ۔ اے اللہ میں سوال کرتا ہوں تجھ سے

اَنْ تَفْتَحَ لِیْ طَرِیْقَ مَعْرِفَةِ اِسْمِکَ الْاَعْظَمِ الْاَقْدَمِ الْقَدِیْمِ

کہ واضح فرمائے مجھ پر راستہ اپنے اسم اعظم کی معرفت کا جو اسم کہ عظیم ، سب سے مقدم ، قدیم

الْاَکْرَمِ الْکَرِیْمِ الْمَخْزُوْنِ الْمَکْنُوْنِ الْاَوَّلِ الْاٰخِرِ الظَّاهِرِ الْبَاطِنِ

کرامت والا ، بزرگتر ، خزانہ خاص میں محفوظ ، خلائق سے مستور ہے ، تو اول ، آخر ، ظاہر ، باطن ہے

الْفَرْدِ الْوِتْرِ الْحَیِّ الْقَیُّوْمِ وَتُوْصِلَنِیْ بِهٖٓ اِلٰی جَمِیْعِ مَطَالِبِیْ وَتُیَسِّرَ

یکتا ، یگانہ ، حی ، قیوم ہے ، اور پہنچائے تو مجھے بسبب اس کے میرے تمام مطالب تک اور آسان فرما

لِیْ بِهٖٓ اَسْبَابَ طَاعَتِکَ وَتُفَرِّجَنِیْ بِهٖ فِیْ سَعَةِ مُلْکِکَ الْاَکْبَرِ وَ

میرے لیے اپنی طاعت کے اسباب اور سیر کرائے مجھے بطفیل اس کے اپنے بڑے وسیع ملک اور

تُمَلِّكَنِيْ بِهٖ نَاصِيَةَ كُلِّ ذِيْ رُوْحٍ وَّنَاصِيَةَ كُلِّ شَيْءٍ بِيَدِكَ وَ
مالک بنا دے اس کی بدولت ہر ذی روح کی پیشانی کا اور ہر اس شئی کی پیشانی کا جو تیرے قبضے میں ہے اور
تُنْجِيَنِيْ بِهٖ مِنْ مُّوْجِبَاتِ غَضَبِكَ وَتُبَاعِدَنِيْ بِهٖ بَيْنِيْ وَبَيْنَ
نجات دے مجھے اپنے غضب کے اسباب موجبہ سے اور دوری پیدا فرمائے بطفیل اس کے میرے اور اپنے
مَعَاصِيْكَ يَا اَللّٰهُ اَدْرِكْنِيْ بِلُطْفِكَ يَا اَللّٰهُ نَجِّنَا مِمَّا نَخَافُ غَيْرِ
معاصی کے درمیان، اے اللہ میرا احاطہ فرما ساتھ اپنے لطف و کرم کے۔ اے اللہ ہمیں نجات دے ہر اس شئی سے جس
الْمَغْضُوْبِ عَلَيْهِمْ وَلَا الضَّآلِّيْنَ اٰمِيْنَ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا
سے ہم خوفزدہ ہیں۔ نہ وہ جن پر غضب کیا گیا اور نہ گمراہ آمین۔ اے اللہ صلوٰۃ و رحمت نازل فرما
مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ صَلٰوةَ الْمُخَاطَبِ بِقَوْلِهٖ تَعَالٰى
سیدنا محمد پر اور آپ کی آل پر صلوٰۃ ان کی جنہیں خطاب کیا گیا ساتھ اس قول باری تعالیٰ کے
كُلُّ مَنْ عَلَيْهَا فَانٍ وَّيَبْقٰى وَجْهُ رَبِّكَ ذُو الْجَلٰلِ وَالْاِكْرَامِ
ہر وہ جو روئے زمین پر ہے فنا پذیر ہے اور باقی رہے گا ذات تیرے رب کی جو جلال و اکرام والا ہے
اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدِنِ الَّذِيْ
اے اللہ صلوٰۃ نازل فرما سیدنا محمد پر اور آل محمد پر جس محبوب کو
خُصَّ بِالْقُرْبِ وَالْقَرَابَةِ فِي الْاِسْرَآءِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ
مخصوص ٹھہرایا گیا ساتھ قرب اور وصل کے شب اسراء میں۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل
عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدِنِ الَّذِيْ قَالَ يَقُوْلُ اللّٰهُ تَبَارَكَ وَتَعَالٰى مَنْ
فرما سیدنا محمد پر جنہوں نے فرمایا کہ اللہ تعالیٰ فرماتا ہے "جو شخص
جَآءَ بِالْحَسَنَةِ فَلَهٗ عَشْرُ اَمْثَالِهَا اَوْ اَزِيْدُ وَمَنْ جَآءَ بِالسَّيِّئَةِ
نیکی کرے تو اس کے لیے اس سے دس گنا ہے بلکہ اس سے بھی زائد اور جو برائی کرے
فَجَزَآءُ سَيِّئَةٍ سَيِّئَةٌ مِّثْلُهَا اَوْ اَغْفِرُ وَمَنْ تَقَرَّبَ مِنِّيْ شِبْرًا
تو برائی کی جزاء ہے اسی کی مثل برائی یا میں بخشش دونگا اور جس نے قریب ہونے کی کوشش کی مجھ سے ایک بالشت کی مقدار

تَقَرَّبْتُ مِنْهُ ذِرَاعًا وَّمَنْ تَقَرَّبَ مِنِّيْ ذِرَاعًا تَقَرَّبْتُ مِنْهُ بَاعًا
تو میں قریب ہوں گا اس کے ایک ہاتھ اور جو میرے قریب ہوگا ہاتھ بھر تو میں قریب ہوں گا اس کے ایک گز وہ یعنی دونوں ہاتھوں کے پھیلاؤ
وَمَنْ اَتَانِيْ يَمْشِيْ اَتَيْتُهٗ هَرْوَلَةً وَّمَنْ لَقِيَنِيْ بِقُرَابِ الْاَرْضِ
اور سینہ کی مقدار، اور جو آئے میرے پاس چلتا ہوا آؤں گا میں اس کے قریب دوڑتا ہوا اور جو مجھ سے ملاقات کرے گا روئے زمین کی مقدار
خَطِيْٓئَةً ثُمَّ لَا يُشْرِكُ بِيْ شَيْئًا لَقِيْتُهٗ بِمِثْلِهَا مَغْفِرَةً وَّاَعْطِنِيْ رُتْبَةً
گناہوں کے ساتھ پھر نہیں شریک ٹھہراتا ہوگا ساتھ میرے کسی کو تو میں ملاقات کرونگا اس کی اتنی ہی مقدار مغفرت کے ساتھ اور عطا فرما مجھے
بِقُرْبِ الْاَبْدَالِ وَالْاَوْتَادِ بِرَبِّ الْعِبَادِ وَصَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدِنِ الَّذِيْ
مرتبہ ابدال و اوتاد کے قرب والا ساتھ رب العباد کے اور صلوٰۃ رحمت نازل فرما سیدنا محمد پر جنہیں
خُصَّ بِالْقُرْبِ فِي الْاِسْرَآءِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدِنِ الَّذِيْ
مخصوص ٹھہرایا گیا شب اسراء میں ساتھ قرب خاص کے۔ اے اللہ صلوٰۃ رحمت نازل فرما سیدنا محمد پر جو سوار
رَكِبَ رَفْرَفَ الْعُلٰى طَلَبًا مِّنَ الْقُرْبِ لِلْمَوْلٰى اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا
ہوئے بلند و بالا رفرف پر قرب مولیٰ کی طلب میں۔ اے اللہ صلوٰۃ رحمت نازل فرما سیدنا
مُحَمَّدِنِ الَّذِيْ قَرُبَ اِلٰى قَابَ قَوْسَيْنِ اَوْ اَدْنٰى اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا
محمد پر جو قریب ہوئے کمان کے دو سروں کی مقدار بلکہ اس سے بھی قریب تر۔ اے اللہ صلوٰۃ و رحمت نازل فرما سیدنا
مُحَمَّدِنِ الَّذِيْ قَرَّبَهُ اللّٰهُ نَجِيًّا اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدِنِ الَّذِيْ
محمد پر جنہیں اللہ تعالیٰ اپنے قریب کیا ہمکلامی اور سرگوشی کی حالت میں۔ اے اللہ صلوٰۃ و رحمت نازل فرما سیدنا محمد پر جنہیں
اَجْلَسَهُ اللّٰهُ فِيْ مَجْلِسِ الْحُبِّ وَاَحَلَّهٗ مَحَلَّ الْقُرْبِ اَللّٰهُمَّ
اللہ تعالیٰ نے بٹھایا محبوبیت کی مسند پر اور اتارا انہیں اپنے مقام قرب میں۔ اے اللہ
صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدِنِ الَّذِيْ اَثْنَى اللّٰهُ عَلَيْهِ بِقَوْلِهٖ عِنْدَ اخْتِصَاصِهٖ
صلوٰۃ و رحمت نازل فرما سیدنا محمد پر جن پر اللہ تعالیٰ نے ثناء فرمائی ساتھ اس قول کے وقت مختص فرمانے ساتھ اپنے
بِقُرْبِهٖ اٰمَنَ الرَّسُوْلُ بِمَآ اُنْزِلَ اِلَيْهِ مِنْ رَّبِّهٖ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ
قرب کے ایمان لے آئے رسول صلی اللہ علیہ وسلم ساتھ اس کے جو ان پر نازل کیا گیا ان کے رب کی طرف سے۔ اے اللہ صلوٰۃ و رحمت نازل

عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدِ الْمُخَاطَبِ بِقَوْلِ الْعَلِیِّ الْعَظِیْمِ فَاسْتَمْسِكْ

فرما سیدنا محمد پر جو مخاطب ہیں اللہ علی وعظیم کے اس قول کے "پس چنگل مارو

بِالَّذِیْٓ اُوْحِیَ اِلَیْكَ اِنَّكَ عَلٰی صِرَاطٍ مُّسْتَقِیْمٍ اَللّٰهُمَّ صَلِّ

ساتھ اس کے جو وحی کیا گیا ہے آپ کی طرف، بیشک آپ صراط مستقیم پر ہو" اے اللہ صلوٰۃ ورحمت

عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ صَلٰوةً دَآئِمَةً بِدَوَامِ اِنْعَامِكَ وَاِكْرَامِكَ

نازل فرما سیدنا محمد پر ایسی صلوٰۃ جو دائم ہو تیرے ان پر انعام و اکرام کے دوام کے مطابق۔

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ صَلٰوةً بَاقِیَةً بِبَقَآءِ مُلْكِكَ

اے اللہ صلوٰۃ ورحمت نازل فرما سیدنا محمد پر جو صلوٰۃ باقی رہے تیرے بقاء ملک کے مطابق۔

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ صَلٰوةً دَآئِمَةً بِدَوَامِ قُدْرَتِكَ

اے اللہ صلوٰۃ ورحمت نازل فرما سیدنا محمد پر جو صلوٰۃ دائم ہو تیرے دوام قدرت کے مطابق۔

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ صَلٰوةً بَاقِیَةً بِبَقَآءِ مَشِیَّتِكَ

اے اللہ صلوٰۃ ورحمت نازل فرما سیدنا محمد پر جو صلوٰۃ باقی رہے تیری بقاء مشیت کے مطابق۔

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ صَلٰوةً دَآئِمَةً بِدَوَامِ عَرْشِكَ

اے اللہ صلوٰۃ ورحمت نازل فرما سیدنا محمد پر جو صلوٰۃ دائم ہو تیرے دوام عرش کے مطابق۔

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ صَلٰوةً بَاقِیَةً بِبَقَآءِ بَطْشِكَ

اے اللہ صلوٰۃ ورحمت نازل فرما سیدنا محمد پر جو صلوٰۃ باقی رہے تیری گرفت ومواخذہ کی بقاء تک

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ صَلٰوةً بَاقِیَةً بِبَقَآءِ مَغْفِرَتِكَ وَرَحْمَتِكَ

اے اللہ صلوٰۃ ورحمت نازل فرما سیدنا محمد پر جو صلوٰۃ باقی رہے تیری مغفرت و رحمت کی بقاء تک

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ صَلٰوةً دَآئِمَةً بِدَوَامِ عِزَّتِكَ وَعَظَمَتِكَ

اے اللہ صلوٰۃ ورحمت نازل فرما سیدنا محمد پر جو صلوٰۃ دائم ہو تیری عزت وعظمت کے دوام تک

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ صَلٰوةً بَاقِیَةً بِبَقَآءِ اَمْرِكَ وَنَهْیِكَ

اے اللہ صلوٰۃ ورحمت نازل فرما سیدنا محمد پر جو صلوٰۃ باقی رہے تیرے امر ونہی کی بقاء تک

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ صَلٰوةً دَآئِمَةً بِدَوَامِ رَاْفَتِكَ وَسَطْوَتِكَ

اے اللہ صلوٰۃ ورحمت نازل فرما سیدنا محمد پر جو صلوٰۃ دائم ہو تیری رأفت اور غلبہ کے دوام تک۔

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ صَلٰوةً دَآئِمَةً بِدَوَامِ اِعْلَآئِكَ وَكِبْرِیَآئِكَ

اے اللہ صلوٰۃ ورحمت نازل فرما سیدنا محمد پر جو دائم ہو تیری برتری اور کبریائی کے دوام کے مطابق

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ صَلٰوةً بَاقِیَةً بِبَقَآءِ بَقَآئِكَ وَفَنَآءِ

اے اللہ صلوٰۃ نازل فرما سیدنا محمد پر جو صلوٰۃ باقی رہے تیری بقاء البقاء کے مطابق اور فناء

فَنَآئِكَ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ صَلٰوةً دَآئِمَةً بِدَوَامِ

الفناء کے مطابق۔ اے اللہ صلوٰۃ نازل فرما سیدنا محمد پر جو صلوٰۃ دائم ہو تیرے جلال و

جَلَالِكَ وَجَمَالِكَ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ صَلٰوةً بَاقِیَةً

جمال کے دوام تک۔ اے اللہ صلوٰۃ نازل فرما سیدنا محمد پر جو صلوٰۃ باقی رہے

بِبَقَآءِ كَمَالِكَ وَوِصَالِكَ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ صَلٰوةً

تیرے کمال و وصال کی بقاء تک۔ اے اللہ صلوٰۃ نازل فرما سیدنا محمد پر جو صلوٰۃ

دَآئِمَةً بِدَوَامِ اِتِّبَاعِكَ وَارْتِفَاعِكَ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا

دائم ہو تیری اتباع واطاعت اور رفعت کے دوام تک۔ اے اللہ صلوٰۃ نازل فرما سیدنا

مُحَمَّدٍ صَلٰوةً بَاقِیَةً بِبَقَآءِ نَبِیْلِ اِعْطَآئِكَ وَجَمِیْلِ اِصْطِنَاعِكَ

محمد پر جو صلوٰۃ باقی رہے تیری عظیم عطاء اور تیرے احسان جمیل کی بقاء کے مطابق

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ صَلٰوةً دَآئِمَةً بِدَوَامِ كَرَامَتِكَ وَ

اے اللہ صلوٰۃ نازل فرما سیدنا محمد پر جو صلوٰۃ دائم ہو تیری بزرگی اور فضل ورحمت کے دوام

فَضْلِ رَحْمَتِكَ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ صَلٰوةً بَاقِیَةً بِبَقَآءِ

کے مطابق۔ اے اللہ صلوٰۃ نازل فرما سیدنا محمد پر جو صلوٰۃ باقی ہو تیری نعمت

نِعْمَتِكَ وَرَحْمَتِكَ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ صَلٰوةً دَآئِمَةً

اور رحمت کی بقاء کے مطابق۔ اے اللہ صلوٰۃ نازل فرما سیدنا محمد پر جو صلوٰۃ دائم ہو

بِدَوَامِ ذِكْرِكَ وَفِكْرِكَ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ صَلٰوةً

تیرے ذکر و فکر کے دوام کے مطابق ۔ اے اللہ صلواۃ نازل فرما سیدنا محمد پر جو صلواۃ

بَاقِيَةً بِبَقَاءِ شُكْرِكَ وَحُسْنِ عِبَادَتِكَ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى

باقی رہے تیرے شکر اور حسین عبادت کے باقی رہنے تک ۔ اے اللہ صلواۃ نازل فرما

سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ صَلٰوةً دَآئِمَةً بِدَوَامِ نَاسُوتِكَ وَجَبَرُوتِكَ

سیدنا محمد پر جو صلواۃ دائم ہو تیرے عالم اجسام اور صفات سلبیہ و قہریہ کے دوام تک

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ صَلٰوةً بَاقِيَةً بِبَقَاءِ مَلَكُوتِكَ

اے اللہ صلواۃ نازل فرما سیدنا محمد پر جو صلواۃ باقی رہے تیرے عالم روحانیت

وَهَاهُوتِكَ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ صَلٰوةً دَآئِمَةً بِدَوَامِ

اور عالم مجردات کی بقا تک ۔ اے اللہ صلواۃ نازل فرما سیدنا محمد پر جو صلواۃ دائم ہو

التَّكْوِيْنِ وَالتَّمْكِيْنِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ صَلٰوةً بَاقِيَةً

تخلیق اور تمکین کے دوام تک ۔ اے اللہ صلواۃ نازل فرما سیدنا محمد پر جو صلواۃ باقی رہے

بِبَقَآءِ اَهْلِ عِلِّيِّيْنَ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ صَلٰوةً دَآئِمَةً

اہل علیین کی بقا کے مطابق ۔ اے اللہ صلواۃ نازل فرما سیدنا محمد پر جو دائم ہو رحمٰن

بِدَوَامِ رِضْوَانِ الرَّحْمٰنِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ صَلٰوةً

کے دوام رضا تک ۔ اے اللہ صلواۃ نازل فرما سیدنا محمد پر جو صلواۃ

بَاقِيَةً بِبَقَاءِ رِضْوَانِ خَازِنِ الْجِنَانِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا

باقی رہے جنتوں کے نگران رضوان کی بقا تک ۔ اے اللہ صلواۃ نازل فرما سیدنا

مُحَمَّدٍ صَلٰوةً دَآئِمَةً بِدَوَامِ اللَّيْلِ وَالنَّهَارِ وَالْجَنَّةِ وَالنَّارِ

محمد پر جو صلواۃ ہو ساتھ دوام ہر شب و روز کے اور جنت و دوزخ کے

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ صَلٰوةً بَاقِيَةً بِبَقَآءِ سِتْرِ السَّتَّارِ

اے اللہ صلواۃ نازل فرما سیدنا محمد پر جو باقی رہے ستار کے ستر و پردہ دینے

